| رول2-اشخاص مجاز پیروی میں منجانب سرکار۔ | 389 |
| رول3- عرضی دعویٰ نالش منجانب یا برخلاف سرکار۔ | 389 |
| رول4- سرکاری ایجنٹ برائے وصولی حکم نامہ جات۔ | 390 |
| رول5- تقرر تاریخ برائے حاضری منجانب سرکار۔ | 390 |
| رول6- حاضری ایسے شخص کی جو مقدمہ کے مراتب ضروری کا جواب دے سکے۔ | 390 |
| رول7- توسیع مدت برائے استصواب از سرکار۔ | 390 |
| رول8- نالشات بنام عہدہ داران سرکار۔ | 391 |
| رول8-A- بعض صورتوں میں سرکار یا سرکاری ملازمین سے ضمانت نہیں لینی چاہیے۔ | 391 |
| رول8-B- تعریف سرکار اور سرکاری وکیل۔ | 391 |


## آرڈر XXVII-A (27۔اے)

## نالشات متعلق کسی حقیقی آئینی قانون کی توضیح کے بارے میں

## Suits Involving any Substantial Questions as to the Interpretation of Constitutional Law


| | |
|---|---|
| رول1- ایڈووکیٹ جنرل کے نام نوٹس۔ (Notice to the Advocate-General) | 393 |
| رول2-عدالت گورنمنٹ کو بطور فریق اضافہ کر سکتی ہے۔ | 393 |
| رول3-خرچہ | 394 |
| رول4-اس آرڈر کا اپیل پر اطلاق۔ (Application of Order to appeals) | 394 |


## آرڈر XXVIII (28)

## نالشات ازطرف اور بنام ملازمان فوج یا بحری یا ہوائی

## Suits by or against Military or Naval men or Airmen

Marfat.com

رول1- جس افسر یا سپاہی یا بحری سپاہی یا ہواباز کو چھٹی نہ مل سکے وہ دوسرے شخص کو نالش دائر کرنے یا جواب دہی کرنے کے لئے مقرر کرسکتا ہے۔ 395
رول2- شخص مذکور مقدمہ میں خود پیروی کرسکتا ہے یا کسی وکیل کو مقرر کرسکتا ہے۔ 396
رول3- تعمیل احکام شخص مذکور یا اس کے وکیل پر۔ 396

## آرڈر XXIX (29)

## نالشات از طرف اور بنام کارپوریشن

## Suits by or against Corporations

رول1- دستخط و تصدیق عرضی دعویٰ و بیان تحریری۔ 397
رول2- تعمیل احکام کارپوریشن۔(Service on Corporation) 397
رول3- کارپوریشن کے افسر اعلیٰ کو اصالتاً حاضر ہونے کا حکم۔ 397

## آرڈر XXX (30)

## نالشات از طرف یا بنام فرم اور ایسے اشخاص کے جو اپنے نام کے سوا کسی اور نام سے کاروبار کرتے ہوں

## Suits by or against Firms and Persons carrying on Business in names other than their own

رول1- فرم کے نام پر شرکاء کے نام نالش۔ (Suing of partners in name of firm) 398
رول2- اظہار نام شرکاء۔ (Disclosure of partner`s name) 399
رول3- تعمیل سمن۔(Service) 399
رول4- حق رجوع نالش بعد وفات شریک۔ (Right of suit on death of partner) 399
رول5- اطلاع کہ سمن کی تعمیل کس حیثیت سے مطلوب ہے۔ 400
رول6- شرکاء کی حاضری عدالت۔ (Appearance of partners in Court) 400
رول7- سوائے شرکاء کے کسی اور کی حاضری کی ضرورت نہیں ہے۔ 400
رول8- احتجاجی حاضری۔ (Appearance under protest) 400
رول9- نالشات مابین شرکاء۔ (Suits between co-partners) 401
رول10- نالش بنام ایسے شخص کے جو اپنے نام کے سوا کسی اور نام سے کاروبار کرتا ہو۔ 401

Marfat.com

## آرڈر XXXI (31)

## امانت داران، وصی اور منتظمین کی جانب سے اور ان کے خلاف مقدمات

## Suits by or against Trustees, Executors and Administrators


| | |
|---|---|
| رول 1- جائیداد امانتی میں وظیفہ داروں کی نمائندگی۔ | 402 |
| رول 2- تمام امانت داران، وصی اور منتظمین وغیرہ فریق بنائے جائیں گے۔ | 402 |
| رول 3- امین عورت کا شوہر فریق نہیں بن سکتا۔ | 402 |


## آرڈر XXXII (32)

## نالشات منجانب اور بنام اشخاص نابالغ دفاتر العقل

## Suits by or against Minors and Persons of unsound mind


| | |
|---|---|
| رول نمبر 1- نابالغ کی طرف سے رفیق نالش دائر کر سکتا ہے۔ | 403 |
| رول 2- اگر نالش بلاتوسط رفیق دائر کی جائے تو عرضی دعویٰ خارج کر دیا جائے گا۔ | 403 |
| رول 3- مدعاعلیہ نابالغ کا ولی عدالت کی طرف سے مقرر ہوگا۔ | 403 |
| رول 4- کون اشخاص رفیق یا ولی دوران مقدمہ مقرر ہو سکتے ہیں۔ | 404 |
| رول 5- نابالغ کا رفیق یا ولی اس کا قائم مقام ہوگا۔ | 405 |
| رول 6- زرڈگری منجاب رفیق یا ولی نابالغ کی طرف سے۔ | 405 |
| رول 7- معاہدہ یا صلح نامہ ازطرف رفیق یا ولی۔ | 406 |
| رول 8- رفیق کی دستبرداری۔ (Retirement of next friend) | 406 |
| رول 9- رفیق کی موقوفی۔ (Removal of next friend) | 406 |
| رول 10- التواء کارروائی اگر رفیق دستبردار یا موقوف ہو۔ | 407 |
| رول 11- ولی برائے نالش کی دستبرداری، موقوفی یا وفات۔ | 407 |
| رول 12- نابالغ مدعی کے بالغ ہونے یا سائل کی بلوغت حاصل کرنے پر طریق کار۔ | 708 |
| رول 13- جب نابالغ شریک مدعی بعد سن بلوغ کو پہنچنے کے نالش کرنا منظور کر دے | 408 |
| رول 14- نامعقول اور نامناسب نالش (Unreasonable or improper suit) | 409 |


Marfat.com

رول15- رول ہذا کا اطلاق اشخاص فاترالعقل پر۔ 409
رول16- بعض قوانین متاثر نہ ہوں گے(Certain Laws not to be effected) 409

## آرڈر XXXIII (33)

## مفلسوں کی طرف سے نالشات

## Suits by Paupers

رول1- نالشات بصیغہ مفلسی۔ (Suits may be instituted in froma pauperis) 410
رول2- مضمون درخواست۔ (Contents of application) 410
رول3- پیشی درخواست۔(Persentation of application) 411
رول4- سائل کا اظہار۔ (Examination of applicant) 411
رول5- نامنظور درخواست۔ (Rejection of application) 411
رول6- تاریخ واسطے ثبوت مفلسی سائل کی۔ 412
رول7- کارروائی بوقت سماعت درخواست۔ (Procedure at hearing) 412
رول8- طریقہ کار اگر درخواست منظور ہو جائے۔ 412
رول9- فسخ مفلسی۔(Dispaupering) 413
رول10- خرچہ اگر مدعی کامیاب ہو۔ (Costs where pauper succeeds) 413
رول11- اگر مدعی کامیاب نہ ہو۔ (Procedure where pauper fails) 413
رولA-11- طریق کار جب کہ مفلسی ساقط ہو جائے۔ 414
رول12- صوبائی گورنمنٹ کا حق نسبت کورٹ فیس کے۔ 414
رول13- صوبائی حکومت فریق مقدمہ سمجھی جائے گی۔ 414
رول14- وصولی رقم کورٹ فیس۔ (Recovery of amount of court-fees) 414
رول15- نامنظوری درخواست نالش مفلسانہ مابعد کی درخواستوں کیلئے رکاوٹ ہوگی۔ 414
رول16- خرچہ۔ (Costs) 415

## آرڈر XXXIV (34)

## نالشات متعلق رہن جائیداد غیر منقولہ

## Suits relating to Mortgages of immovable property

رول1- فریقین برائے نالش رہن بیع بالوفا نیلام انفکاک الرہن۔ 416
رول2- ڈگری ابتدائی نالش رہن بیع بالوفا میں۔ 416

Marfat.com

رول3- ڈگری قطعی نالش رہن بالوفا میں۔ (Final decree in forcelosured suit) 418
رول4- ڈگری ابتدائی نالش نیلام میں۔ (Preliminary decree in suit for sale) 419
رول5- ڈگری قطعی نالش نیلام۔ (Final decree in suit for sale) 420
رول6- وصولی بقیہ زرِ رہن کی نالش نیلام میں۔ 421
رول7- ڈگری ابتدائی نالش انفکاک رہن میں۔ 421
رول8- قطعی ڈگری انفکاک رہن کی نالش میں۔ (Final decree in nedemption suit) 422
رول8-A- وصولی بقایا زرِ رہن بحالت نالش زرِ رہن۔ 423
رول9- جہاں کوئی رقم بقایا نہ ہو یا جہاں مرتہن کو زیادہ رقم ادا کردی گئی ہو اس صورت میں ڈگری۔ 423
رول10- خرچہ مرتہن بعد صدور ڈگری۔ 424
رول11- ادائیگی سود۔(Payment of interest) 424
رول12- نیلام ایسی جائیداد کا جس پر رہن سابق کا بار ہو۔ 425
رول13- طریقہ صرف زرِ ثمن۔(Application of proceeds) 425
رول14- نیلام جائیداد مرہونہ کے واسطے نالش کی ضرورت ہے۔ 426
رول15- رہن بذریعہ حوالگی دستاویزات ملکیت اور دیگر مواخذے۔ 426


## آرڈر XXXV (35)

## مخالفانہ دعویٰ

## Interpleader


رول1- مخالفانہ دعویٰ میں عرضی دعویٰ۔(Plaint in interpleader suits) 427
رول2- شئی متدعویہ کی عدالت میں ادائیگی۔ 427
رول3- طریق کار اگر مدعا علیہ دعویٰ مذکور کا بدعی پر دعویٰ کرے۔ 427
رول4- کارروائی بوقت سماعت اول۔(Procedure at first hearing) 428
رول5- ایجنٹس اور آسامیان مخالفانہ نالش نہیں دائر کر سکتے۔ 428
رول 6- خرچہ مدعی۔ (Charge for plaintiff's costs) 428


## آرڈر XXXVI (36)

## خاص مقدمہ

## Special Case


رول1- عدالت کی رائے واسطے مقدمہ کے بیان کرنے کا اختیار۔ 430


Marfat.com

| | |
|---|---|
| رول 2۔مالیت جائیداد درج کرنا ضروری ہے۔ | 430 |
| رول 3۔اقرارنامہ مثل مقدمہ کے درج رجسٹر کیا جائے۔ | 431 |
| رول 4۔لویندگان اقرارنامہ تحت اختیار سماعت عدالت ہوں گے۔ | 431 |
| رول 5۔ سماعت انفصال مقدمہ۔ (Hearing and disposal of case) | 431 |


## آرڈر XXXVII (37)

## ضابطہ سرسری نسبت دستاویزات قابل بیع وشریٰ

## Summary Procedure on Negotiable Instruments


| | |
|---|---|
| رول 1۔ اس آرڈر کا اطلاق۔(Application of Order) | 432 |
| رول 2۔ نالشات سرسری بر بنیاد بل آف ایکسچینج وغیرہ۔ | 433 |
| رول 3۔ مدعاعلیہ کو حاضر ہونے اور جواب دہی کرنے کی اجازت نہیں چاہیے۔ | 434 |
| رول 4۔ اختیارات نسبت مسترد کرنے ڈگری کے۔ (Power to set aside decree) | 435 |
| رول 5۔ اختیار نسبت صدور حکم کے بل آف ایکسچینج وغیرہ اہل کار عدالت کی تحویل میں رکھا جائے۔ | 435 |
| رول 6۔ جو خرچہ بوجہ نہ سکارنے بل آف ایکسچینج کے عائد ہو۔ | 435 |
| رول 7۔دعویٰ میں ضابطہ(Procrdure in Gu..s) | 435 |


## آرڈر XXXVIII (38)

## گرفتاری وقرقی قبل فیصلہ

## Arrest and Attachment before Judgment

### گرفتاری قبل فیصلہ

### Arrest before Judgment


| | |
|---|---|
| رول 1۔مدعاعلیہ سے کس حال میں حاضری ضمانت طلب کی جائے۔ | 436 |
| رول 2۔ ضمانت۔(Security) | 437 |
| رول 3۔اگر ضامن اپنی بریت کے واسطے درخواست دے۔ | 437 |
| رول 4۔طریق کار جب کہ مدعا علیہ ضمانت مہیا کرنے یا تازہ ضامن پیش کرنے سے قاصر ہے۔ | 437 |


Marfat.com

## قرقی قبل فیصلہ

## Attachment before Judgment


رول5- کس صورت میں مدعا علیہ سے جائیداد پیش کرنے کی ضمانت طلب کی جائے گی۔ 438

رول6- قرقی جب وجہ نہ بیان کی گئی ہو یا ضمانت نہ داخل کی گئی ہو۔ 438

رول7- قرقی کا طریقہ حکم۔(Mode of making attachment) 439

رول8- تحقیقات دعویٰ جائیداد مقروقہ قبل از فیصلہ۔ 439

رول9- واگزاری قرقی ضمانت دینے پر یا دعویٰ خارج ہونے پر۔ 439

رول10- قرقی اشخاص غیر فریق کے حقوق میں مخل نہ ہوگی نہ مانع گزارنے درخواست نیلام کی ہوگی۔ 439

رول11- جو جائیداد قبل فیصلہ قرق ہو چکی ہو وہ پھر اجرائے ڈگری میں قرق نہ ہو سکے گی۔ 439

رول12- استثناء پیداوار زراعت کا۔ 439

رول13- عدالت خفیفہ غیر منقولہ جائیداد قرق نہ کرے گی۔ 439


## آرڈر XXXIX (39)

## احکام امتناعی عارضی واحکام درمیانی

## Temporary Injunctions and Interlocutory Orders

### احکام امتناعی عارضی

### Temporary Injunctions


رول1- کن صورتوں میں عارضی حکم امتناعی جاری ہو سکتا ہے۔ 440

رول2- مدعا علیہ کو مضرت یا مسلسل عہد شکنی سے باز رکھنے کا حکم امتناعی۔ 441

رول3- حکم امتناعی صادر کرنے سے پہلے عدالت فریق مخالف کو نوٹس دے گی۔ 442

رول4- حکم امتناعی فسخ، متبدل یا واپس لیا جا سکتا ہے۔ 442

رول4-A- مقررہ مدت کے بعد حکم امتناعی نافذ نہ رہیگا۔ 442

رول5- کارپوریشن پر حکم امتناعی کی اس کے افسران پر پابندی ہے۔ 443


### احکام درمیانی

### Interlocutory Orders


رول6- درمیانی نیلام کے حکم کا اختیار۔ (Power to order interim sale) 443


Marfat.com

| | |
|---|---|
| رول7- رکاوٹ،حفاظت،معائنہ جائیداد متنازعہ۔ | 443 |
| رول8- درخواست بعد مدعا علیہ کو نوٹس دیئے جانے کے دی جائے۔ | 444 |
| رول9- کس صورت میں فریق کو اراضی وغیرہ متنازعہ فیہ پر فوراً قبضہ دلایا جا سکتا ہے۔ | 444 |
| رول10- نقد یا دیگر شئے قابل حوالگی عدالت میں داخل کی جائے۔ | 445 |


## آرڈر XL (40)

## تقرر رسیور

## Appointment of Receiver


| | |
|---|---|
| رول1- تقرر رسیوران۔(Appointment of receivers) | 446 |
| رول2- معاوضہ۔(Remuneration) | 446 |
| رول3-فرائض۔(Duties) | 447 |
| رول4-رسیور کے فرائض کا نفاذ۔ (Enforcement of receiver`s duties) | 447 |
| رول5- کلکٹر کس صورت میں رسیور ہوگا۔ | 447 |


## آرڈر XLI (41)

## اپیل از ڈگریات ابتدائی

## Appeals from Original Decrees


| | |
|---|---|
| رول1- یادداشت اپیل کے ساتھ کون سی چیزیں داخل ہونی چاہئیں۔ | 448 |
| رول2- وجوہات اپیل۔(Grounds which may be taken in appeal) | 448 |
| رول3- نامنظوری یا ترمیم یادداشت میں۔ | 449 |
| رول4- کئی مدعیان یا مدعا علیہم میں ایک تمام ڈگری کو منسوخ کرا سکتا ہے جب کہ موجبات تمام کے لئے مشترکہ ہوں۔ | 449 |


## التواء اجرائے ڈگری اور لتواء کارروائی

## Stay of Proceedings and of Execution


| | |
|---|---|
| رول5-عدالت اپیل کی طرف سے التواء۔(Stay of Appellate Court) | 449 |
| رول6-اجرا کے لئے ضمانت اگر ڈگری کے حکم کے خلاف اپیل کی گئی ہو۔ | 451 |
| رول7-سرکار یا عہدہ دار سرکار سے ضمانت نہ لی جائے گی۔ | 451 |


Marfat.com

رول8-نفاذ اختیارات اپیل مصدرہ حکم اجرائے ڈگری میں۔ 451

## ادخال اپیل پر ضابطہ

## Procedure on Admission of Appeal


رول9-ادخال اپیل۔ (Registery of memorandum of appeal) 451

رول10- عدالت اپیل، اپیلانٹوں سے خرچہ اپیل کی ضمانت طلب کرے گی۔ 451

رول 11- اپیل بغیر عدالت ماتحت کو مطلع کئے خارج ہو سکتی ہے۔ 452

رول12- تاریخ سماعت اپیل۔ (Day for hearing appeal) 452

رول13- اس عدالت کو اطلاع جس کی ڈگری کی ناراضی سے اپیل دائر ہوئی ہو۔ 453

رول14- تشہیر اور تاریخ سماعت کے نوٹس کی تعمیل۔ 454

رول15-اطلاع نامہ کا مضمون۔(Contents of notice) 454


## طریقہ کار وقت سماعت

## Procedure on Hearing


رول16-شروع کرنے کا حق۔(Right to begin) 454

رول17-اخراج اپیل بعدم پیروی۔ 455

رول18-خارج کیا جانا اپیل کا اگر اطلاع نامہ اس وجہ سے جاری نہ ہوا ہو کہ اپیلانٹ نے خرچہ نہ داخل کیا ہو۔ 455

رول19-عدم پیروی کی بناء پر خارج کی گئی اپیل کی بحالی۔ 455

رول20-جو اشخاص نتیجہ اپیل سے غرض رکھتے ہوں، رسپانڈنٹ بنائے جا سکتے ہیں۔ 456

رول21- جس مسئول الیہ کے خلاف ڈگری یکطرفہ صادر کی گئی ہو اس کی درخواست پر اپیل کی دوبارہ سماعت۔ 456

رول22- سماعت کے بعد رسپانڈنٹ کی عذرداری مانند الگ اپیل کے سمجھی جائے گی۔ 456

رول23-واپس مقدمہ از طرف عدالت اپیل۔ 457

رول24- مثل پر شہادت کافی ہونے پر عدالت اپیل قطعی فیصلہ کر سکتی ہے۔ 458

رول25- کس حال میں عدالت اپیل تنقیحات مقرر کر کے اس عدالت میں بھیجے گی جس کی ڈگری کی ناراضی سے اپیل ہوئی ہو۔ 458

رول26- شہادت وتجاویز مثل میں شامل ہوں گی۔ 458


Marfat.com

| | |
|---|---|
| رول27- شہادت مزید عدالت اپیل میں۔ | 459 |
| رول28-مزید شہادت لینے کا طریقہ۔ (Mode of taking additional evidence) | 459 |
| رول29- نکات کی تعریف کی جائے اور تحریر کیے جائیں۔ | 459 |


## فیصلہ عدالت اپیل

## Judgment in Appeal


| | |
|---|---|
| رول30- فیصلہ سنانے کا وقت اور مقام۔ | 460 |
| رول31- فیصلے کے مضامین، تاریخ اور دستخط۔ | 460 |
| رول32- فیصلہ میں کیا ہدایت ہونی چاہیے۔ (What judgment may direct) | 460 |
| رول33-اختیارات عدالت اپیل۔ (Power of Court of Appeal) | 461 |
| رول34- مخالفت تحریری ہونی چاہیے۔ (Dissent to be recorded) | 461 |


## ڈگری بصیغہ اپیل

## Decree in Appeal


| | |
|---|---|
| رول35- فیصلہ سنانے کی تاریخ اور ڈگری کا مضمون۔ (Date and contents of decree) | 461 |
| رول36- فریقین کو تجویز اور ڈگری کی نقل مل سکتی ہے۔ | 462 |
| رول37- ڈگری کی نقل مصدقہ عدالت ابتدائی میں بھیجی جائے گی۔ | 462 |


## آرڈر XLII(42)

## اپیلٹ ڈگری سے اپیل

## Appeals from Appellate Decrees


| | |
|---|---|
| رول1-ضابطہ۔ (Procedure) | 462 |


## آرڈر XLIII(43)

## احکام کے خلاف اپیل

## Appeals from Orders


| | |
|---|---|
| رول1-احکام کے خلاف اپیل۔(Appeal from orders) | 463 |
| رول2-ضابطہ۔ (Procedure) | 464 |
| رول3-اپیل دائر کرنے سے پیشتر نوٹس دینا۔ | 464 |


Marfat.com

روَل4۔رول3 کا اطلاق۔(Application of rule 3) 465

## آرڈر XLIV(44)

## اپیل بصیغہ مفلسی

## Pauper Appeals

رول1۔ کون اشخاص اپیل مفلسانہ دائر کر سکتے ہیں۔(Who may appeal as pauper) 466
رول2۔ تحقیقات مفلسی سائیل کی۔ (Inquiry into pauperism) 466

## آرڈر XLV (45)

## اپیل با اجلاس سپریم کورٹ

## Appeals to the Supreme Court

رول1۔ ڈگری سے کیا مراد ہے۔("Decree" defined) 467
رول2۔ درخواست اس عدالت میں گزارنا چاہیے جس کی ڈگری کا اپیل ہو۔ 467
رول3۔ قیمت یا موزونیت کا سرٹیفکیٹ۔ (Certificate as to value of fitness) 467
رول4۔ نالشات کا باہم دگر ملایا جانا۔ (Consolidation of suits) 468
رول5۔ تنازع نسبت نالشات کے۔ 468
رول6۔ سرٹیفکیٹ نہ ملنے کا نتیجہ (آرڈر 4 بابت 1975ء منسوخ ہوا)۔ 468
رول7۔ درصورت عطائے سرٹیفکیٹ ضمانت دینا اور روپیہ داخل کرنا۔ 468
رول8۔ منظوری اپیل۔ 469
رول9۔ ضمانت کی منظوری منسوخ ہو سکتی ہے۔ 469
رولA-9۔ متوفی فریقین پر نوٹس کی تعمیل کے ترک کرنے کا اختیار۔ 470
رول10۔ ضمانت مزید داخل کرائی جا سکتی ہے۔ 470
رول11۔ عدم تعمیل کا نتیجہ۔ 470
رول12۔ زر فاضل اپیلانٹ کو واپس ملے گا۔ (Refund of balance deposit) 471
رول13۔ اختیارات عدالت دوران اپیل میں۔ 471
رول14۔ اگر ضمانت ناکافی ہو تو مزید ضمانت طلب کی جا سکتی ہے۔ 472
رول15۔ ضابطہ نسبت اجرائے احکام مصدرہ سپریم کورٹ۔ 472

Marfat.com

رول16-اپیل بناراضی احکام متعلقہ اجراء احکام سپریم کورٹ۔ 473

رول17-فیڈرل کورٹ میں اپیل: بروئے دفعہ 2 فیڈرل کورٹ ایکٹ XXI بابت 1951 منسوخ ہوا۔ 473

## آرڈر XLVI (46)

## استصواب رائے

## Reference

رول1-استصواب ہائی کورٹ سے۔ (Reference of question to High Court) 474

رول2- صدور ڈگری مشروط بہ فیصلہ ہائی کورٹ۔ 474

رول3- انفصال مقدمہ مطابق فیصلہ ہائی کورٹ۔ 474

رول4-خرچہ استصواب ہائی کورٹ۔ (Cost of reference to High Court) 475

رول5-عدالت استصواب کنندہ کی ڈگری تبدیل کرنے کا اختیار۔ 475

رول6-استصواب نسبت اختیارات سماعت عدالت خفیفہ۔ 475

رول7-استصواب از طرف عدالت ضلع۔ 475

## آرڈر XLVII (47)

## تجویز ثانی

## Review

رول1- تجویز ثانی کی درخواست۔(Application for review of judgment) 477

رول2-درخواست کس کو گزرے گی۔ 477

رول3-درخواست کا نمونہ۔(Form of application for review) 478

رول4- کب درخواست نامنظور ہوگی۔ (Application when rejected) 478

رول5-درخواست برائے نگرانی اس عدالت میں جو دو یا دو سے زیادہ ججوں پر مشتمل ہو۔ 479

رول6- درخواست جہاں مسترد کردی جائے۔ (Application where rejected) 479

رول7- حکم نامنظوری ناقابل اپیل ہے۔ منظوری درخواست کی نسبت اعتراضات۔ 479

رول8- اپنے جائز حصے کی مہلت منظور شدہ اور حکم نسبت سماعت مقرر کے۔ 480

رول9-بعض درخواستوں کی ممانعت۔(Bar of certain applications) 480

Marfat.com

## آرڈر XLVIII (48)

## متفرقات

## Miscellaneous

رول 1- تعمیل حکم نامہ بہ صرف فریق جاری کنندہ کے ہوگی۔ 481

رول 2- طریقہ تعمیل احکام ونوٹس۔(Orders and notice how served) 481

رول 3- نمونہ جات میں نمونوں کا استعمال۔ (Use of forms in appendices) 481

## آرڈر XLIX(49)

## قواعد خاص

## ہائی کورٹس

## High Courts

رول 1- تعمیل احکام ہائی کورٹس۔(Who may serve processes of High Court) 482

رول نمبر 2- ضمیمہ ہذا البعض رولز مجریہ ہائی کورٹ سے متعلق نہ ہوگا۔ 482

رول نمبر 3- رولز کا اطلاق۔(Application of rules) 482

## آرڈر L(50)

## صوبجاتی عدالت ہائے خفیفہ

## Provincial Small Cause Courts

رول 1- صوبجاتی عدالت ہائے خفیفہ۔(Provincial Small Cause Courts) 484

## آرڈر LI(51)

## پریذیڈنسی عدالت ہائے خفیفہ 484

## Presidency Small Cause Courts

## ضمیمہ جات 485

## APPENDICES


Marfat.com

# مجموعہ ضابطہ دیوانی

## CODE OF CIVIL PROCEDURE

## (V of 1908)

[21 مارچ 1908ء]

## ایکٹ بغرض اجتماع وترمیم ان قوانین کے جو ضابطہ عدالت ہائے دیوانی سے متعلق ہیں

**An Act to consolidate and amend the laws relating to the procedure of the Court Judicature.**

**تمہید (Preliminary):** ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قوانین جو ضابطہ عدالت ہائے دیوانی سے متعلق ہیں۔ جمع وترمیم کیے جائیں لہٰذا بذریعہ اس کے حسب ذیل حکم نافذ کیا جاتا ہے:۔

**اطلاق:** مجموعہ ضابطہ دیوانی سے مراد کوئی ایسا امر مانع نہ ہے جو مناسب انصاف کی فراہمی میں رکاوٹ ہو۔ اس میں مقرر کردہ ضوابط سے مراد ہے کہ انصاف کے عمل کو سہل بنایا جائے اور عدالت کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ مقدمہ کے حقائق کے مطابق مناسب نتیجہ اخذ کرنے کے اہل ہو۔

(این ایل آر 1981ء سول سپریم کورٹ 641)

قانون ثالثی، 1940ء کی دفعہ 4i کی وجہ سے مجموعہ ضابطہ دیوانی، 1908ء کے احکامات کا اطلاق ثالثین کے (arbitrators) روبرو کاروائی پر نہ ہوگا۔ مجموعہ ضابطہ دیوانی، 1908ء کے احکامات کا اطلاق عدالت کے روبرو تمام کاروائیوں میں ہوگا نہ کہ ثالث کے روبرو۔ (2001ء وائی ایل آر 758 (b))

**عائلی عدالت کے روبرو کاروائی:** مجموعہ ضابطہ دیوانی، 1908ء اور قانون شہادت 1984ء کے احکامات کا اطلاق عائلی عدالت کے روبرو کاروائی پر نہ ہوگا۔ (2001ء وائی ایل آر 1544 (اے))

**مجموعہ ضابطہ دیوانی، 1908ء کا اطلاق:** عائلی عدالت اپنا ضابطہ اختیار کرنے کی مجاز تھی۔ لہٰذا مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء کے احکامات کا اطلاق مغربی پاکستان فیملی کورٹس ایکٹ، 1964ء کے تحت کاروائی پر نہ ہوتا تھا۔ (1991ء سی ایل سی 81 ریفر (.ref) 2001ء ایم ایل ڈی 52 (ڈی))

**مجموعہ ضابطہ دیوانی، 1908ء کا اطلاق دستور پاکستان (1973) کے آرٹیکل 199 کے تحت**



Marfat.com

کارروائیوں پر نہیں ہوتا۔ (ایس اے ربانی (J)) کے مطابق مجموعہ ضابطہ دیوانی کا اطلاق آئین پاکستان، 1973ء کے آرٹیکل 199 کے تحت کاروائی پر بھی ہوتا ہے۔

(این ایل آر 2001ء سروس 133 (کے)=ایس بی ایل آر 2001ء کراچی 86=2001ء سی ایل سی 1800=2002ء سی ایل سی (سی ایس) 117)

مقدمہ: کھر انجینئرنگ کمپنی بنام حبیب بنک لمٹیڈ کے مطابق ضابطہ دیوانی، 1908ء کی شرائط ماسوائے ان شرائط کے جو بینکنگ کمپنیز (ریکوری آف لونز) انیسویں آرڈیننس، 1979ء کی دفعات 11 اور 12 کے تحت خارج کی گئی ہیں۔ ان کا اطلاق عدالت خصوصی کے تحت کی جانے والی کاروائی پر ہوگا۔ جس کے تحت غیر قطعی فیصلہ کے تحت اپیل کی ممانعت کی گئی ہے۔ (1986ء ایم ایل ڈی 2941)

ایس۔ اے قیوم بنام محمد ارشد ایڈووکیٹ کے مقدمہ کے مطابق مجموعہ ضابطہ دیوانی تمام اصولوں کا اطلاق کسی بھی رٹ کی کاروائی پر ہوگا۔ جبکہ سی۔ پی۔ سی کے بڑے اصولوں کی پیروی رٹ کی سماعت کے دائرہ اختیار کے لئے عمل میں آئے گی۔ (1986ء ایم ایل ڈی 1539)

مجموعہ ضابطہ دیوانی کی سکیم: مجموعہ ضابطہ دیوانی کی کل سکیم کا مقصد یہ ہے کہ کسی بھی شخص کو سماعت کے حق سے محروم نہ رکھا جائے جب مجموعہ میں تجویز کردہ سزائیں عائد نہ کردی جائیں۔

(پی ایل ڈی 1986ء پشاور 121)

دیوانی مقدمات کی کاروائی میں عدالتی اصطلاحات: اصطلاح ''مزید کاروائی'' اور ''مناسب کاروائی'' کا کوئی تذکرہ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں موجود نہیں۔ ایسی اصطلاحات عدالتوں نے اپنی سہولت کے لئے خود گھڑی ہیں اور ردل بدل کر استعمال کی جاتی ہیں اور ایک ہی معانی ہیں۔

(1990ء سی ایل سی 1473=پی ایل جے 1990ء لاہور 167 (ڈی بی))

قوانین پابندی کرایہ داری: رینٹ کنٹرولر کے روبرو پیش ہونے والے مقدمات میں کاروائی تحقیقات و چھان بین کی صورت میں کی جاتی ہے اور اس میں سی پی سی یا قانون شہادت کا اطلاق نہیں ہوتا۔

(1992ء ایس سی ایم آر 1152-این ایل آر 1992ء سول 4=پی ایل ڈی 1980ء لاہور 324=پی ایل جے 1980ء لاہور 225 مجموعہ ضابطہ دیوانی کا مقصد انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے فروغ دینا ہے نہ کہ یہ کہ فریقین کو انصاف مہیا کرنے میں رکاوٹ بنے۔ (1993ء ایم ایل ڈی 1324 (ڈی بی))

Marfat.com

**مجموعہ ضابطہ دیوانی، 1908ء کے احکامات کا اطلاق رینٹ کنٹرولر کے روبرو کاروائیوں پر نہ ہوگا۔** رینٹ کنٹرولر کے روبرو کاروائیوں کے ضابطہ کو باضابطہ بنانے والے وسیع اور مساوی اصولوں کو ہمیشہ انصاف اور منصفانہ برتاؤ کے مفاد کے لئے رجوع کیا جاسکتا ہے۔ (2001ء ایس سی ایم آر 577 (سی))

**فنی اصطلاحات سے گریز:** عدل وانصاف کے کسی بھی نظام میں ضابطہ لوگوں کے حقوق فراہم کرنے میں معاون ہوتا ہے نہ کہ رکاوٹ اور اس میں اس وقت تک فنی اصطلاحات کے استعمال سے گریز کرنا چاہیے جب تک ان کا اطلاق پبلک پالیسی کے لئے ضروری نہ ہو۔

(پی ایل ڈی 1980ء لاہور 626 = پی ایل جے 1980ء لاہور 576)

# تمہید

# (Preliminary)

## 1-Short title, commencement and extent.

**دفعہ 1- مختصر عنوان، اجراء اور وسعت:** (1) جائز ہے کہ اس ایکٹ کا نام مجموعہ ضابطہ دیوانی، 1908ء رکھا جائے۔

(2) یہ ایکٹ یکم جنوری، 1909ء سے نافذ ہوگا۔

(3) یہ تمام پاکستان پر قابل عمل ہوگا۔

## شرح

**مجموعہ ضابطہ دیوانی کا اطلاق:** مجموعہ ضابطہ دیوانی کا اطلاق اُن مقدمات پر نہ ہوتا تھا جو کہ سندھ رینٹڈ پیریمسز آرڈیننس، 1979ء کے تحت آتے ہوں۔ (2001ء سی ایل سی 438 (بی))

**دفعہ 2- تعریفات (Definitions):** اس ایکٹ میں اگر مضمون یا متن میں کوئی امر خلاف اس کے نہ ہو تو:-

(1) لفظ "مجموعہ" CODE میں قواعد داخل ہیں۔

(2) ڈگری (decree) کا مطلب ہے تجویز کا ایسا رسمی اظہار اس عدالت کی طرف سے جو فریقین کے چند یا تمام ان حقوق کا تعین کرتی ہے جو نالش میں موجود معاملات متنازعہ کی بابت ہوتے ہیں۔ ڈگری ابتدائی بھی ہوسکتی ہے اور قطعی بھی۔ اس میں عرضی دعویٰ کا رد کرنا۔ دفعہ 144 اور آرڈر نمبر 21 کے قواعد

Marfat.com

نمبر 98، 99، 101 اور 103، 106 میں شامل کسی معاملہ پر تجویز شامل ہے۔ مگر اس میں مندرجہ ذیل شامل نہ ہوں گے:۔

(اے) کوئی ایسا فیصلہ جس کی اپیل مثل اپیل حکم کے دائر کی جائے یا۔

(بی) کوئی حکم اخراج نالش (dismissal any order of) بسبب عدم پیروی۔

تشریح (Explanation): ڈگری ابتدائی اس وقت تک سمجھی جائے گی اور اخیر یا قطعی اس وقت سمجھی جائے گی جب کہ وہ مقدمہ کامل طور پر فیصل ہو جائے۔ یہ اس وقت قطعی (یعنی حتمی) ہوگی جب ایسا فیصلہ مقدمہ کو طے کر دے یہ جزواً ابتدائی (partly preliminary) اور جزواً قطعی (یعنی حتمی) (partly final) ہوسکتا ہے۔

## شرح

وسعت: عدالتیں اس وقت تک کسی بھی ڈگری کا اجراء نہیں کریں گے جب تک یہ نہ دیکھ لیا جائے کہ ڈگری مکمل طور پر جاری کی گئی ہے۔ لہٰذا جس ڈگری پر عمل درآمد نہ ہوا، اسے جاری نہیں کیا جانا چاہیے۔ (1986ء سی ایل سی 1301)

ڈگری جو کہ منظور ہونے کے باوجود نا قابل نفاذ ہو یا نافذ نہ کی گئی ہو تو وہ قانون کی نظر میں باطل اور نا قابل وجود ہوتی ہے۔

(پی ایل ڈی 1968ء ایس سی 342 اور پی ایل ڈی 1951ء
لاہور 32 ریفر 2001ء وائی ایل آر 689 (بی))

ڈگری (تعریف): فریقین کے درمیان امر متنازعہ زیر سماعت پر ان کے حقوق کا مکمل طور پر تعین کر کے حکم دیا جاتا ہے۔

''فیصلہ'' بابت خرچہ کا کلیم امر عالیہ کرنا عدالت نے ڈگری میں شامل کرنا (hold) کیا ہے۔

(پی ایل جے 1980ء سپریم کورٹ صفحہ 2)

ڈگری۔ فریقین مقدمہ کی تعریف: لفظ فریقین اور اس کا قانونی زبان میں استعمال۔''
ڈگری'' فریقین دعویٰ یا ان کے قانونی نمائندے وارثان مگر اس میں کوئی اجنبی شامل نہ ہو۔

(پی ایل جے 1986ء کراچی صفحہ نمبر 54)

Marfat.com

**ڈگری اور فیصلہ:** عدالت اصلاحات کے مطابق ڈگری پر فیصلہ فریقین کے درمیان امر متنازعہ کا مکمل طور پر تعین کر کے بمطابق ضروری ریکارڈ مقدمہ کے تحت ٹھوس موجبات (Grounds) پر مشتمل حکم کو ڈگری پر فیصلہ کہتے ہیں۔ (پی ایل جے 1987ء کوئٹہ صفحہ نمبر 92)

**ابتدائی ڈگری:** ابتدائی ڈگری اس ڈگری کو کہتے ہیں جس کی رو سے مقدمہ کا قطعی طور پر فیصلہ نہیں ہوتا اور دعوے کا مکمل فیصلہ کرنے کیلئے ابھی مزید سماعت درکار ہو۔ (اے ایل ڈی 1990ء 4441)۔

ابتدائی ڈگری کے لئے ضروری ہے کہ وہ لفظ ڈگری کے ان تمام کوائف کو پورا کرے جو دفعہ (2)2 میں دیے گئے ہیں۔ حتمی اور ابتدائی ڈگری میں فرق واضح طور پر اس امر میں ہے کہ اول الذکر دعویٰ کا تصفیہ مکمل طور پر کرتی ہی جب کہ موخر الذکر دعویٰ کا حتمی فیصلہ نہیں کرتی۔

(پی ایل ڈی 1983ء ایس سی (اے جے اینڈ کے) 162: 1988ء سی ایل سی 1214) (پی ایل ڈی 1983ء ایس سی (اے جے اینڈ کے) 162: پی ایل ڈی 1983ء کراچی۔527 پی ایل ڈی 1968ء کراچی۔10)

ایک ابتدائی ڈگری فریقین کے حقوق وفرائض کا تعین کرتی ہے جس میں دیگر معاملات کا تصفیہ ابھی ہونا ہوتا ہے جو بعدازاں کاروائی کی بناء پر کیا جاتا ہے۔ ابتدائی ڈگری میں عدالت فریقین کے حقوق کا تصفیہ کرتی ہے اور حتمی ڈگری صادر ہونے تک ایسے قدم اٹھاتی ہے تا کہ ان کا تصفیہ مکمل ہونے میں مدد مل سکے۔

(اے آئی آر 386؛ آل 1931ء اے آئی آر 1916ء پٹنہ 9:370ء آئی سی 19: 1019 آئی سی 922)

ابتدائی ڈگری مقدمہ کے قطعی فیصلہ تک پہنچنے میں معاون ثابت ہوتی ہے اور عدالت کی صوابدید پر منحصر ہوتی ہے۔ ابتدائی ڈگری کا جداگانہ وجود ہے اور وہ قطعی ڈگری میں ضم نہیں ہوتی۔ ابتدائی ڈگری عدالت امور متنازعہ کو سمجھنے کے لئے جاری کرتی ہے۔ بذات خود اصل معاملہ پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑتا۔ ایک ڈگری جزوی طور پر ابتدائی ڈگری اور جزوی طور پر قطعی ڈگری ہوسکتی ہے۔ (پی ایل ڈی 1983ء کراچی 527 (ڈی۔ بی))

مدعیہ نے مدعا علیہم کی بیدخلی از مکان کے لئے قبضہ کے حصول کا دعویٰ دائر کیا۔ جسے سول کورٹ نے خارج فرما دیا کہ مدعیہ مدعا علیہم کو کرایہ دار ثابت کرنے میں ناکام رہی ہے۔ اس آرڈر کو اپیل میں چیلنج کیا گیا جس پر ڈسٹرکٹ جج صاحب نے اپیل منظور فرماتے ہوئے دعویٰ اس حد تک ڈگری فرما دیا کہ مدعیہ پراپرٹی کی قانونی طور پر مالکہ ہے۔ اس لئے قبضہ کی حقدار ہے۔ اس حکم کو مدعا علیہم نے ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا مگر عدالت عالیہ نے بھی ڈسٹرکٹ جج صاحب کے حکم کو درست قرار دیتے ہوئے نگرانی خارج فرمادی۔

(پی ایل ڈی 2002ء پشاور 106)

**ابتدائی ڈگری۔ (اثر effect):** فریق مقدمہ ابتدائی ڈگری دعویٰ کو چیلنج نہیں کیا تو آخری

Marfat.com

ڈگری میں شامل ہوکر چیلنج نہیں کرسکتا۔عدالت (نے) اگرچہ ابتدائی ڈگری پاس (ڈی) ہے [illegible]
نہیں بلکہ اپیل میں چیلنج یا بدل سکتا ہے۔

(پی ایل جے 1984ء کراچی 388=پی ایل سی 1984ء 2850)

## ابتدائی ڈگری کا اجراء قابل اجراء نہ ہے:

(پی ایل جے 1986ء کراچی صفحہ نمبر 262+پی ایل جے 1986ء کراچی صفحہ نمبر 79)

**ابتدائی ڈگری۔ خلاف اپیل نہیں لی گئی:** اہم سوال پیدا ہوتا ہے کیا ابتدائی ڈگری کو اپیل کے ذریعہ چیلنج کیا جاتا۔ بینکنگ کمپنی (واپسی قرضہ جات) آرڈیننس، 1979ء میں ڈگری کی تعریف نہیں کی گئی بلکہ تعریف زیر دفعہ 2(2) ضابطہ دیوانی میں کی گئی ہے۔لہٰذا ابتدائی ڈگری پاس کی جا سکتی ہے اور ڈگری آرڈیننس کے تحت قابل اپیل ہے جس طرح نارمل ڈگری۔

(پی ایل جے 1988ء لاہور 355 (ڈی بی)=سی ایل سی 1988ء 1214)

**دوسری رثانوی اپیل ڈگری(Second appeal degree):** ڈگری شیٹ (decree sheet) میں امر واقعہ کا ذکر نہ کیا گیا۔رسپانڈنٹ (respondent) کا اعتراض یہ تھا کہ اپیل کو ماتحت عدالت اپیل کی طرف سے کورٹ فیس میں کمی کی وجہ سے برخاست کیا گیا تھا۔اوراس امر واقعہ کا ذکر عدالت اپیل کی طرف سے جاری کردہ ڈگری میں نہیں کیا گیا تھا۔ڈگری میں باضابطہ طور پر فیصلہ کا ذکر لازمی ہونا چاہیے۔یہ ڈگری بنی ہوتی ہے موثر اور قابل نفاذ ہونا چاہیے نہ کہ ججمنٹ (judgment) کو۔ جہاں ماتحت عدالت اپیل کی طرف سے تیار کردہ ڈگری میں کورٹ فیس کی کمی پوری کرنے کا ذکر نہ کیا گیا ہو تو ایسی صورت میں دوسری اپیل کو حالات کے تحت کورٹ فیس کے جمع نہ کرانے پر برخاست نہیں کیا جاسکتا۔

(2001ء وائی ایل آر 2356 (سی))

فریقین کے درمیان کسی تنازعہ امور متعلق جھگڑا اور عدالت مجاز کا مکمل طور پر حق تعین کرنا کو ڈگری کہتے ہیں۔مثلاً فیصلہ بابت خرچہ کاسٹ (cost) حکم دیا گیا ہو تو وہ ڈگری میں شامل ہوتا ہے۔

(پی ایل جے 1980ء سپریم کورٹ صفحہ 2)

**ضلعی عدالت:** ضلعی عدالت دیوانی عدالت کی ایک بڑی عدالت ہوتی ہے جس کا سربراہ ضلعی جج ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج ہوتا ہے۔ضلعی عدالت دیوانی عدالت میں شامل نہ ہے جس کی سربراہی سول جج کے ذمہ ہے اور ضلعی عدالت کے ماتحت ہوتی ہے۔

(پی ایل جے 1986ء لاہور 505)

Marfat.com

**ناجائز قابض کا منافع:** یہ ایسے منافع جات ہیں جس کا کوئی شخص حقدار ہوتا ہے لیکن مدعا علیہ اسے ایسا منافع حاصل کرنے سے روکے رکھتا ہے۔ چنانچہ ایسے منافع جات صرف ناجائز قابض جائیداد سے قابل وصولی ہوں گے۔ اگر مدعی متنازعہ جائیداد کا مالک ثابت نہ ہو تو وہ کسی ایسے منافع جات کا حقدار نہ ہوگا۔

(اے آئی آر 1957ء راجستھان 358=پی ایل ڈی 1993ء
کراچی 21=1992ء ایس سی ایم آر 94)

3- ''ڈگریدار'' (Decree holder) سے ہر وہ شخص مراد ہے جس کے حق (favour) میں کوئی ڈگری یا کوئی حکم اجراء صادر ہوا ہو۔

4- ''ضلع'' (District) کے لفظ سے عدالت دیوانی درجہ اعلیٰ مجاز سماعت ابتدائی کے علاقہ اختیار کی حدود اراضی مراد ہیں۔ (اس مجموعہ میں بعد ازیں عدالت ضلع کے نام سے موسوم ہے) اور لفظ ''ضلع'' میں عدالت ہائی کورٹ کے معمولی اختیارات سماعت ابتدائی صیغہ دیوانی کی حدود اراضی بھی شامل ہیں۔

5- عدالت ریاست غیر (Foreign Court) سے وہ عدالت مراد ہے جو پاکستان کی حدود Limits سے باہر ہو اور پاکستان کے اندر اختیار نہ رکھتی ہو اور نہ مرکزی حکومت نے انہیں قائم کیا ہو اگر نہ (مرکزی حکومت کی جانب سے) جاری کی گئی ہو۔

6- ''فیصلہ ریاست غیر'' (Foreign Judgement) سے عدالت ریاست غیر کا فیصلہ مراد ہے۔

## شرح

**غیر ملک فیصلے:** آزاد کشمیر کی عدالتوں کیلئے پاکستانی عدالتیں غیر ملکی عدالتیں ہیں۔ پاکستانی عدالتوں کا فیصلہ آزاد کشمیر میں غیر ملکی عدالت کا فیصلہ ہے۔ غیر ملک فیصلہ ڈگری عام طور پر قابل اجراء نہیں ہے لیکن غیر ملک فیصلے دعویٰ کی بنیاد کو بچانے کے لئے کامیاب بنائے جا سکتے ہیں۔ جہاں فیصلہ کسی عدالت مجاز سے نہ ہو یا فیصلہ میرٹ پر نہ ہو جو کہ فیصلہ فراڈ (fraud) اور تبدیلی عدل کے خلاف حاصل کیا گیا ہو۔

(پی ایل ڈی 1976ء آزاد جموں اینڈ کشمیر 9) (پی ایل جے 1976ء آزاد جموں اینڈ کشمیر صفحہ 1)

7- ''گورنمنٹ پلیڈر'' (Government Pleader) (وکیل سرکار) میں وہ

Marfat.com

عہدہ دار داخل ہے جسے صوبائی گورنمنٹ نے ان تمام خدمات یا ان میں سے کسی کی انجام دہی کے لیے مقرر کیا ہو جو صراحتاً" اس مجموعہ کی رو سے گورنمنٹ پلیڈر سے متعلق کی گئی ہیں اور وہ وکیل بھی شامل ہے جو وکیل سرکار کی ہدایت کے مطابق کام کرے۔

8- "جج" Judge سے عدالت دیوانی کا عہدہ دار اجلاس کنندہ مراد ہے۔

9- "فیصلہ" (Judgement) سے وہ بیان حاکم عدالت کا مراد ہے جس میں کسی ڈگری یا حکم کی وجوہات دی ہوں۔

10- "مدیون ڈگری" (Judgement Debtor) سے مراد وہ شخص ہے جس پر کوئی ڈگری یا حکم لائق تعمیل صادر ہوا ہو۔

11- قائم مقام قانونی (Legal representative) سے وہ شخص مراد ہے جو قانون میں کسی شخص متوفی کی جائیداد کا قائم مقام ہو اور اس لفظ میں وہ شخص داخل ہے جو متوفی کی جائیداد میں دست اندازی کرے اور جس صورت میں کوئی فریق بحیثیت قائم مقام مدعی یا مدعاعلیہ ہو تو وہ شخص بھی داخل ہے جس پر بعد وفات مدعی یا مدعا علیہ مذکور کے جائیداد غور کرے۔

## شرح

### قانونی نمائندہ (تعریف)

قانونی نمائندہ اور دوسرا قریبی رشتہ دار میں فرق۔

ایک شخص دوسرا قریبی رشتہ دار ہو سکتا ہے۔ تاہم وہ قانونی نمائندہ نہیں بن سکتا ہے۔ مگر قریبی رشتہ دار محض متوفی کی حصول جائیداد کے لیے کوئی نمائندہ بن سکتا ہے۔ اس وقت تک مقدمہ التوا زیر فیصلہ میں ہی رہے گا جب تک متوفی کا قانونی نمائندہ کو ریکارڈ پر نہ لایا جائے گا۔

(پی ایل جے 1974ء (لاہور) صفحہ 414 + پی ایل ڈی 1974ء لاہور۔ صفحہ 312)

متوفی مدعا علیہ کے قریبی رشتہ دار کی طرف سے قانونی نمائندہ کے بارے اعتراض ہے۔ ناقابل پیشی قیمت۔

Marfat.com

اعتراض کنندہ ہائیکورٹ کا موجودہ جج ہے جو ہر غلطی اپنی تصدیق شدہ جواب دعویٰ دس بیان لاتا ہے کہ متوفی مدعا علیہ کوئی جائیداد نہیں چھوڑ گیا ہے۔ جب کہ مدعی یہ بات ظاہر کرنے میں یا ریکارڈ پر لانے میں ناکام رہا کہ بوقت موت متوفی کسی جائیداد کا مالک تھا۔

ہائی کورٹ دعویٰ کو اصل شکل حالت میں لانے کی کوشش کرتے ہوئے اعتراض کنندہ کے اس بیان پر مکمل توجہ و غور کرتے ہیں کہ اس بات پر انحصار کرتا ہے کہ جب کہ متوفی اپنی جائیداد ہی نہ رکھتا ہے تو اعتراض کنندہ اگرچہ قریبی رشتہ دار بھی تو پھر کوئی قانونی نمائندہ نہیں ہے۔

(پی ایل جے 1974ء لاہور 414 + پی ایل جے 1974ء لاہور 312)

**دعویٰ مفلسی۔ قانونی نمائندہ موت مدعی:** قانونی وارثان کیا کارروائی دعویٰ جاری رکھ سکتے ہیں؟ سوال پیدا ہوتا ہے کہ قانونی وارث متوفی کی جائیداد کی نمائندگی کرتے ہیں جبکہ مدعی بذات خود سوائے مفلسی کچھ چھوڑ کر نہیں جاتا ہے۔ جائیداد کیس مفلسی متوفی کے وارثان میں قابل وارثت نہیں ہے۔

(پی ایل جے 1989ء لاہور 263+ پی ایل ڈی 1989ء لاہور 305)

**فیصلہ حکومت غیر:** پاکستان میں عدالتیں غیر ملکی عدالتیں ہیں جیسا کہ آزاد کشمیر کی عدالت۔ پاکستانی عدالت کا فیصلہ۔ غیر ملکی فیصلہ برائے آزاد کشمیر۔

ڈگری غیر ملکی عدالت عام طور پر قابل اجراء نہیں ہے۔ ملکی غیر ملکی فیصلے کامیاب تصور ہو سکتے ہیں اور دعویٰ کی بنیاد کو مضبوط بنانے کے لیے جہاں عدالت مجاز ایسا کوئی فیصلہ نہ کیا ہو۔ میرٹ وحقائق پر جب کہ فراڈ پر مبنی ہو جو کہ قدرتی انصاف کے خلاف ہو۔

(پی ایل جے 1976ء آزاد جموں کشمیر ہائی کورٹ نمبر 9)

**ڈگری اور مقصد:** فریقین مقدمہ کا امر متنازعہ کے متعلق تعین کر کے ان کے حقوق کے تحت مکمل طور پر مسئلہ کو ڈگری کہتے ہیں۔ فریقین مقدم کا مقصد فریقین دعویٰ یا فریقین وارثان، نمائندگان کیس دعویٰ میں اجنبی شامل نہ ہے۔ (پی ایل ڈی 1985ء کراچی 705)

-12 ''زرواصلات'' (Mesne profit) سے وہ منافع مراد ہے جو جائیداد کے ناجائز قابض فی الحقیقت جائیداد سے وصول کیا ہو یا معمولی کوشش سے وصول کر سکتا تھا، بمع سود اس منافع پر، لیکن اس میں وہ منافع نہیں ہے جو ان ترقیات (improvments) کے سبب سے ہوا ہو جو ناجائز

Marfat.com

قابض (wrongful possession) سے کی ہوں [illegible]

فریقین مقدمہ کی تعریف: فریقین دعویٰ کا قانونی ورثا اس میں کوئی اجنبی شخص شامل نہ ہو۔

(پی ایل جے 1986ء کراچی 54)

دعویٰ برائے دخلیابی و وصولی زرواصلات دائر کیا گیا لیکن حق ملکیت کے بارے میں استقرار حق کا مطالبہ شامل دعویٰ نہ کیا گیا۔ صفحہ مسل پر موجود دستاویزات سے یہ صاف ظاہر تھا کہ مدعی کو حق ملکیت ایک جائز و درست بیع نامہ کے ذریعہ عطا کیا گیا تھا اور یہ کہ اصل مالک (بائع) صحیح مالک تھا جس کے حقوق ملکیت کو اس کی زندگی میں کبھی چیلنج نہ کیا گیا۔ مدعی کو ان دستاویزات کی بنا پر مالک قرار دیا جا سکتا تھا اور وہ دعویٰ دخلیابی اور وصولی زرواصلات کی دادرسی حاصل کرنے کا حقدار تھا اور اسے استقرار حق کی دادرسی حاصل کرنے کا اس بنا پر پابند نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اراضی متدعویہ کے بارے میں اس کا حق ملکیت کبھی بھی شک و شبہ کا شکار نہ رہا تھا۔ (1997ء سی ایل سی 176)

13- ''جائیداد منقولہ'' (movable property) میں فصل ایستادہ داخل ہے۔

14- ''حکم'' (order) سے باضابطہ ظاہر کرنا کسی فیصلہ عدالت دیوانی کا مراد ہے جو از قسم ڈگری نہ ہو۔

15- ''پلیڈر'' (pleader) سے کوئی شخص مراد ہے جو کسی دوسرے شخص کی طرف سے عدالت میں حاضر ہونے اور سوال و جواب کرنے کا مستحق ہو اور اس میں ہائی کورٹ کا ایڈووکیٹ اور وکیل اور اٹارنی بھی شامل ہیں۔

16- ''مقررہ'' (prescribed) سے مقررہ از روئے قواعد مراد ہے۔

17- عہدہ دار سرکاری (public officer) سے مراد ہر وہ شخص ہے جو منجملہ اقسام مندرجہ ذیل کے کسی قسم میں داخل ہو یعنی:۔

(اے) ہر جج

(بی) ہر وہ شخص جو پاکستان کی ملازمت میں ہے۔

(سی) ہر کمیشن یافتہ گزٹ شدہ عہدہ دار پاکستان کی افواج بری یا بحری کا جب وہ مملکت کے زیر حکم خدمت انجام دیتا ہو۔

Marfat.com

(د) عدالت انصاف کا ہر ایک افسر جس کو باعتبار اپنے منصب کے کسی امر قانونی یا امر واقع کی تحقیقات کرنا یا اس کی کیفیت بیان کرنا یا کسی دستاویزات کا مرتب کرنا یا اپنے پاس رکھنا یا کسی جائیداد کا اہتمام لینا یا قبضہ سے علیحدہ کرنا یا کسی حکم نامہ عدالت کی تعمیل کرنا یا کسی کا حلف لینا یا ایک زبان سے دوسری زبان میں بتانا یا عدالت کے آداب کا انتظار رکھنا ضروری ہے۔ اور ہر شخص جس کو خدمات مذکورہ میں سے کسی خدمت کے انجام دینے کا اختیار بالخصوص عدالت انصاف سے عطا ہوا ہو۔

(ر) ہر شخص جو ایسا عہدہ رکھتا ہو جس کے اعتبار سے کسی شخص کو قید کرنے یا قید میں رکھنے کا اس کو اختیار ہو۔

(و) حکومت کا ہر عہدہ دار جس پر اس کے عہدہ کے اعتبار سے واجب ہے کہ جرائم کا انسداد کرے یا ان کے وقوع کی اطلاع دے یا مجرموں کو سزا دلوائے یا خلائق کی تندرستی یا سلامتی یا آرام کی حفاظت کرتا رہے۔

(ز) ہر عہدہ دار جس پر اس کے عہدہ کی رو سے واجب ہے کہ سرکار کی طرف سے کوئی مال لے یا حاصل کرے یا رکھے یا صرف کرے یا سرکار کی طرف سے کوئی پیمائش یا تشخیص یا کوئی معاہدہ کرے یا صفیہ مال کے کسی حکمنامہ کی تعمیل کرے یا زر کے متعلق اغراض سرکاری کی تحقیقات کرے یا کیفیت لکھے یا کوئی دستاویز جو اغراض حکومت متعلقہ زر سے علاقہ رکھتی ہو۔ مرتب یا تصدیق کرے یا اپنے پاس رکھے یا جو قانون سرکاری اغراض اجرت بذریعہ فیس یا کمیشن پاتا ہو۔

-18 "قواعد" Rules سے وہ قواعد و نقشے مراد ہیں جو ضمیمہ اول میں دیئے ہوئے ہیں یا جو دفعہ 122 یا 125 کے بموجب وضع کیے جائیں۔

-19 "حصص جماعت سند یافتہ" Share in a corporation میں اسٹاک اور ڈیبنچر اسٹاک اور ڈیبنچر اور بانڈز داخل ہیں اور۔

-20 "لفظ" دستخطی Signed میں سوائے بصورت تجویز یا ڈگری کے مہر شدہ داخل ہے۔

Marfat.com

## دفعہ 3 عدالت ہائے دیوانی۔

(Subodination of Courts)

اس مجموعہ کے اغراض کے واسطے عدالت ضلع عدالت ہائی کورٹ کے ماتحت ہے اور ہر وہ عدالت دیوانی جو عدالت ضلع سے کم درجہ رکھتی ہے اور ہر عدالت خفیفہ ہائی کورٹ عدالت ضلع دونوں کی ماتحت ہے۔

## شرح

### دیوانی اور لیبر کورٹ کے اختیارات۔

عدالت دیوانی کو مکمل طور پر اختیارات سماعت حاصل ہیں جو کہ بطور سپیشل کورٹ اختیارات نہ ہیں۔

جبکہ لیبر کورٹ انڈسٹریل ریلیشنز آرڈیننس 1969ء کے تحت معرض وجود میں آئی ہے جو عام اختیارات کی حامل کورٹ نہ ہے بلکہ سپیشل اختیارات والی عدالت ہے۔

(پی ایل جے 1982ء لاہور صفحہ 9)

### اختیارات عدالت دیوانی۔ اختیارات عدالت لیبر

دیوانی عدالت کو عام یا مکمل بنا کی سپیشل عدالت کو اختیارات ہیں۔ جبکہ لیبر کورٹ کا اجراء انڈسٹریل آرڈیننس ریلیشن کے تحت ہوا ہے۔ لہذا عام مکمل اختیارات کی حامل نہ ہے بلکہ لیبر کورٹ سپیشل کورٹ کی اختیارات ہے کہ نہیں۔

(پی ایل جے 1982ء لاہور صفحہ نمبر9)

### عائلی عدالتیں۔

عائلی عدالت ہائی کورٹ کے ماتحت نہ تھی۔ مغربی پاکستان قانون عائلی عدالت 1964ء کی دفعہ 17 مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء کے اطلاق کو عائلی عدالت کی کاروائی کے

Marfat.com

سلسلے میں مانع ہے اور ہائی کورٹ کے نظر ثانی کے اختیارات عائلی عدالت کے جاری کردہ احکامات پر وسعت پذیر نہیں ہوتا۔ (1968ء سی ایل سی 620)

لیبر کورٹ: انڈسٹریل ریلیشن آرڈیننس کے تحت قائم کردہ عدالت ایک عمومی دائرہ اختیار کی عدالت نہیں ہے بلکہ ایک خاص اختیارات کی عدالت ہے اور ہائی کورٹ کے ماتحت نہیں ہے۔

(پی ایل ڈی 1982ء لاہور 9)

دفعہ 4۔ مستثنیات (Savings): (1) جب تک کہ کوئی حکم صریح اس کی مخالفت میں موجود نہ ہو، کوئی قانون خاص یا مختص المقام جو بالفعل جاری ہے یا کوئی اختیار خاص عطا شدہ یا کوئی ضابطہ خاص مقررہ حسب دیگر قانون نافذ الوقت مجموعہ ہذا کے کسی مضمون سے محدود یا متاثر نہیں ہوگا۔

(2) بغیر اس کے کہ مضمون مندرجہ تحت ضمنی دفعہ (1) کی عمومیت میں کسی طرح کا فرق آئے جو زمیندار یا مالک اراضی کوئی چارہ جوئی کسی قانون نافذ الوقت کے بموجب وصولیابی زرلگان بابت کاشت کے اراضی مذکورہ کی پیداوار سے رکھتا ہو، وہ بھی مجموعہ ہذا کے کسی مضمون سے محدود یا متاثر نہ ہوگی۔

## شرح

ضابطہ دیوانی زیر دفعات 4، 115 کو آزاد جموں کشمیر رینٹ ریسٹرکشن آرڈیننس، 1980ء کی دفعات 11، 12 اور 18 کے ساتھ پڑھیں۔ (پی ایل ڈی 1983ء سپریم کورٹ (آزاد جموں کشمیر) 212)

**5-Application of the Code to Revenue Courts.**

دفعہ 5۔ مجموعہ ہذا کا عدالت ہائے مال پر اطلاق: (1) جہاں کسی عدالت ہائے مال (Revenue Courts) اس ضابطے کے امور طریق کار کے زیر عمل ہوں جن پر کوئی قابل اطلاق قانون اس بارے میں خاموش ہے۔ صریحاتی گورنمنٹ بذریعہ نوٹیفیکیشن سرکاری گزٹ میں اعلان کر سکتی ہے کہ ان ضابطے کے امور طریق کار کے کوئی حصے جن کا اطلاق ظاہرہ طور پر ان پر نہیں کیا گیا ہے، ان کا اطلاق ان عدالتوں پر نہیں ہوگا یا ان کا اطلاق صرف ایسی ترمیم کے ساتھ ہوگا جس کی صوبائی گورنمنٹ صراحت (Prescribe) کرے۔

(2) ''عدالت مال'' سے جس کا ذکر ضمنی دفعہ (1) میں ہے وہ عدالت مراد ہے جس کو کسی

Marfat.com

قانون کی رو سے نالشات و دیگر کاروائی ہائے متعلق لگان یا مال گزاری یا منافع اراضی مخصوص یا اجرائی کاشت کاری کی سماعت کا اختیار حاصل ہو لیکن اس میں وہ عدالت دیوانی داخل نہیں ہے جو اختیارات سماعت ابتدائی حسب مجموعہ ہذا بابت انفصال نالشات یا کاروائی ہائے مذکور مثل یا کاروائی ہائے قسم دیوانی حاصل ہوں۔

## شرح

**دعویٰ دستبردار حق:** دونوں عدالت ہائے ماتحت پر بنائے شہادت حالات پر متفق ہو گئیں۔ لہٰذا اختیارات نگرانی کے تحت ہائیکورٹ نے مداخلت کرنے سے انکار کر دیا۔ (ایم ایل ڈی 1986ء صفحہ 316)

**دفعہ 6- اختیارات نقدی (Pecuniary Jurisdiction):** سوائے اس کے کہ جب کہ اس کے خلاف صریح حکم ہو، اس مجموعہ کی کوئی عبارت کسی عدالت کو ایسی نالشات میں اختیار سماعت نہیں دے گی کہ جن میں شئے متنازعہ کی تعداد یا مالیت اس تعین سے (جب کہ کوئی تعین ہو) زیادہ ہو جس کی سماعت کا حسب معمول اسے اختیار ہے۔

## شرح

ضابطہ دیوانی دفعات 6-24 کو ہائیکورٹ رولز اینڈ آرڈرز والیم (Volume) نمبر 1 حصہ 13 کو شق نمبر کی 2-4(a) پڑھیں۔ (پی ایل جے 1984ء لاہور 59)

**عدالت کا ایوارڈ رول (award rule) بنانا پر اعتراض عدالت کے اختیار سماعت:** ایوارڈ جس کی مالیت 30 ہزار روپے تھی اُسے عدالت کا رول (rule) سول جج درجہ اول کی جانب سے رول بنایا گیا۔ ایوارڈ کی ڈگری پر ایک درخواست میں اعتراض اُٹھایا گیا جو کہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 12(2) کے تحت دائر کی گئی اور قانون ثالثی، 1940ء کی دفعات 20 اور 33 کے تحت دائر کی گئی جس میں یہ الزام لگایا گیا کہ یہ فریب کاری اور غلط بیانی کا نتیجہ ہے۔ درخواست کو سول جج درجہ سوئم کی جانب سے قبول کیا گیا جس کو 25 ہزار روپے کی مالیت تک اختیار حاصل تھا۔ قرار پایا چونکہ ریفرنس کے نفس مضمون کے ایوارڈ کی مالیت جو کہ سول جج درجہ اول کی طرف سے منظور کردہ پر تھی کی حد بندی سول جج درجہ سوئم کی حد بندی میں نہ آتی تھی اور اس معاملے میں اُس کا اختیار نہ تھا اور درخواست کا فیصلہ نہ کر سکتا تھا کیونکہ لفظ ''عدالت'' جو کہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 12(2) میں استعمال کیا گیا ہے، اُس کی تعبیر ایسی عدالت سے کی جانی چاہیے جس کو اس

Marfat.com

معاملہ میں اختیار حاصل ہے۔ (2001ء سی ایل سی 702 (اے))

**مالیاتی اختیار:** ماتحت عدالتوں کی متفقہ تجویز واقعات۔ سائل کی طرف سے دائر کردہ نالش کو ابتدائی عدالت تجویز نے برخاست کر دیا اور ماتحت عدالت اپیل نے اپیل کو برخاست کر دیا۔ اور سائل کی طرف سے ریوین درخواست کو ہائی کورٹ نے برخاست کر دیا۔

سائل کا اعتراض یہ تھا کہ نالش کی مالیاتی مالیت ابتدائی عدالت کے اختیار سے زائد تھی لہٰذا عدالت نالش کی سماعت کی مجاز نہ تھی۔ جواز۔ سائل اپنے مقدمہ عدالت تجویز اور ماتحت عدالت اپیل کے روبرو میرٹ پر ہار گیا اور اسی طرح ہائی کورٹ کے روبرو بھی ہار گیا۔ لہٰذا انھیں قائل کرنے کی اجازت نہ دی جاسکتی تھی اور مالیاتی اختیار کا عذر قائم کرنے کی اجازت نہ دی جاسکتی تھی۔ سپریم کورٹ نے ماتحت عدالتوں کی متفقہ تجویز واقعاتی میں مداخلت سے انکار کر دیا۔ اپیل کی اجازت سے انکار۔

(2001ء ایس سی ایم آر 1258 (بی))

**دعویٰ کا دائر کیا جانا۔ عدالت کا مالی اختیار۔ وست:** جہاں کسی نالش کے التواء کے دوران منشائے دعویٰ کی مالیت اُس عدالت کے مالی اختیار سے زائد ہو جو کہ سماعت کر رہی ہو تو ایسی عدالت کو مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ (6) کے تحت دعویٰ کی سماعت میں اُس کے مالی اختیار سے محروم نہ کیا جائے گا۔

(2001ء ایس سی ایم آر 1258 (اے))

**دفعہ 7- صوبہ جاتی عدالت ہائے خفیفہ (Provincial Small Cause Courts):** دفعات ذیل کا ان عدالتوں پر اطلاق نہ ہوگا جو ایکٹ عدالت ہائے مطالبات خفیفہ، 1887ء (Provincial Small Cause Court Act, 1887ء) کی رو سے قائم ہوئی ہوں یا ان عدالتوں پر جو عدالت خفیفہ اس ایکٹ کی رو سے قائم شدہ ہونے کی وجہ سے اختیارات رکھتی ہو یعنی:۔

(اے) مجموعہ ہذا کا اس قدر زیادہ حصہ جس کا اطلاق:۔

(i) ان نالشات سے متعلق ہے جو عدالت خفیفہ کی سماعت سے مستثنیٰ (exempted) کر دی گئی ہیں۔

(ii) باجرائے (execution) ڈگری مقدمات مذکور۔

(iii) باجرائے ڈگری جائیداد غیر منقولہ پر ہوتا ہے اور

Marfat.com

(بی) دفعات ذیل یعنی:۔

دفعہ 9۔

دفعات 92,91۔

دفعات 94،95 جہاں تک وہ احکام حسب ذیل کا اختیار (authorise) دیتے ہیں یا ان کا تعلق (relate) ہوتا ہے:۔

(i) احکام برائے قرقی ((attachment) جائیداد وغیر منقولہ۔

(ii) احکامات امتناعی (Injunctions)۔

(iii) غیر منقولہ جائیداد کے لئے ریسور کا تقرر، یا

(iv) احکام درمیانی جن کا ذکر دفعہ 94 کی شق (e) اور دفعات (96) تا (112) اور (115) میں ہے۔

دفعہ نمبر 8- بروئے آرڈیننس 1949 حذف ہوئی۔

Marfat.com

## Part-I

# SUITS IN GENERAL

# نالشات علی العموم

*Jurisdiction of the Courts and 'Res Judicata'*

## عدالتوں کا اختیار سماعت وامر تجویز شدہ

9. Courts to try all civil suits unless barred.

**دفعہ 9- سوائے نالشات ممنوع السماعت کے کل نالشات دیوانی قابل تجویز عدالت ہیں:** بہ اتباع احکام مندرجہ مجموعہ ہذا عدالتوں کے (ان شرائط کے تحت جو یہاں مندرجہ ہیں) سوا ان نالشات کے جو صریحاً یا مفہوماً (expressly or impliedly) ممنوع (barred) سماعت ہوں، تمام نالشات قسم دیوانی کی تجویز کا اختیار حاصل ہے۔

**تشریح *(Explanation)*:** جس نالش میں تنازعہ کسی جائیداد کے حق یا کسی عہدے کے حق نسبت ہو وہ دیوانی نوعیت (civil nature) کی نالش ہوتی ہے۔ باوجود اس کے اس حق کا انحصار ایسے اعتراضات پر مبنی ہو جو کسی مذہبی رسم ورواج (rites of ceremonies) کے فیصلے سے تعلق رکھتے ہیں۔

## شرح

**اطلاق اور وسعت (Applicability and Scope):** جہاں بنکنگ ٹربیونل کو حکومت نے بے اثر کر دیا ہو تو ایسی صورت میں ہائی کورٹ اس تجویز کے ساتھ نالش کو تسلیم کرے گی کہ جوں ہی بنکنگ ٹربیونل اپنا کار منصبی شروع کرے تو مدعی نالش کو ٹربیونل میں منتقل کرنے کی درخواست دے گا۔

(پی ایل ڈی 1987ء کراچی 81، پی ایل ڈی 1987ء کراچی 612)

عدالت کو اس فرض سے سبکدوش نہیں کر دیا جاتا کہ اُسے نالش کو سماعت کرنے کا اختیار حاصل ہے یا نہیں ہے حتیٰ کہ ایک تحریری بیان میں کوئی اعتراض نہ بھی اٹھایا گیا ہو۔ (این ایل آر 1987ء اے سی 612)

Presumption of jurisdiction of Civil Courts.

**دیوانی عدالتوں کے اختیار سماعت کا قیاس:** دیوانی عدالتوں کو ہر قسم کے دیوانی مقدمات کو تجویز و کارروائی کرنے کا اختیار حاصل ہے ماسوائے اُن مقدمات کے کہ جن کے واسطے معنوی یا صریح طور پر



Marfat.com

کوئی پابندی عائد کردی گئی ہو۔ 1991ء ایم ایل ڈی 2098 + 1989ء سی ایل سی 2252 + پی ایل جے 1987ء آزاد کشمیر 45- کیونکہ ایک مقدمہ باز جس کو وہ دیوانی قسم کا کوئی رنج پہنچا ہو وہ کسی قانون سے آزادانہ طور پر کسی عدالت میں مقدمہ یا نالش دائر کرسکتا جب اس کی سماعت کے لئے کوئی معنوی یا صریح پابندی عائد نہ کردی گئی ہو۔ 1992ء ایس سی ایم آر 1908 = این ایل آر 1992ء اے سی 429- تاہم ایک شخص جو کہ ایک خاص دادرسی طلب کرتا ہے اُسے عدالت کو اس بارے میں مطمئن کرنا ہوتا ہے کہ وہ قانون کی کسی شرط یا حکم کے تحت ایسی دادرسی طلب کرنے کا حقدار ہے۔ پی ایل ڈی 1998ء کراچی 59- لہٰذا اصل اختیار سماعت والی عدالت پابند ہوتی ہے کہ جواب دعویٰ کے مندرجات کو غور سے دیکھے اور یہ دیکھے کہ آیا نالش کو قانونی طور پر زیر کارروائی لانا ہے یا نہیں۔ 1984ء سی ایل سی 309 = این ایل آر 1984ء اے سی 160 ایس سی آزاد کشمیر۔ جب معاملہ سے متعلق کوئی خاص قانون موجود ہو لیکن مطلوبہ دادرسی اُس قانون کے دائرہ میں نہ ہو تو ایسی صورت میں دیوانی عدالت کو اس نالش کی سماعت کا اختیار حاصل ہوگا۔ 1986ء سی ایل سی 1301 = این ایل آر 1986ء اے سی 334- لہٰذا دیوانی عدالت کو اختیار سماعت موجود رہے گا حتیٰ کہ قانون کمپنیات، 1984ء کے تحت آنے والے کمپنی سے متعلق مقدمات کو ڈیل کرنے کا بھی اختیار حاصل ہے، اس حد تک کہ وہ معاملات خاص طور پر آرڈیننس کے تحت ڈیل نہ کئے جاتے ہوں یا کوئی بھی ایسا معاملہ جس کے سلسلہ میں کسی قسم کا کوئی خاص آرڈر کمپنیات کی طرف سے جاری کیا گیا ہو، جج بھی بیک وقت معاملہ کے ساتھ ڈیل کرسکتا ہے۔ (1992ء لا نوٹس 538 = 1992ء سی ایل سی 1658)

قانون کمپنیات (Companies Ordinance): قانون کمپنیات، 1984ء کے تحت دیوانی عدالت کا اختیار سماعت آرڈیننس کی خاص شق کے تحت ختم کردیا جاتا ہے۔ لہٰذا دیوانی عدالت کو مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 9 کے تحت اُس وقت تک کو اختیار سماعت حاصل نہ ہے جب تک ایسا اختیار سماعت وفاقی حکومت کی جانب سے نوٹیفکیشن کے ذریعے خاص طور پر تفویض نہ کیا گیا۔ (1999ء سی ایل سی 1795)

یہ بات سچ ہے کہ کمپنی ایکٹ کی دفعہ 24 کے تحت ایک سرٹیفکیٹ جو کہ ان کارپوریشن کے بارے میں ہو اور کہ رجسٹرار کی طرف سے جاری شدہ ہو، وہ واقعہ کے بارے میں ایک حتمی شہادت ہوتا ہے اور رجسٹریشن کے سلسلہ میں اور نظری معاملات میں اور اُن سے ہم پلہ معاملات میں تقاضہ جات کی تعمیل کی گئی ہے اور یہ کہ ایسوسی ایشن ایک کمپنی ہے جس ایکٹ کے تحت رجسٹر کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہ ہے کہ حتیٰ کہ ایک سرٹیفکیٹ فریب کاری سے حاصل کیا گیا ہو اُسے بھی منسوخ یا مسترد نہیں کیا جاسکتا۔

(پی ایل ڈی 1968ء ایس سی 381)

Marfat.com

جب قانون کے تحت دو قسم کی دادرسیاں میسر ہوں تو ایسی صورت میں ایک کو دوسری کو کمتر خیال کرتے ہوئے جاری نہیں رکھا جاسکتا۔ جہاں تاہم کوئی خاص دادرسی تجویز کی جائے تو ایسی صورت میں عمومی دادرسی برائے نالش کو ممنوع قرار دے دیا جاتا ہے۔ (1989ء سی ایل سی 1146)

پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کے ملازمین سول سرونٹس ایکٹ (نمبر 71 مجریہ 1973) کے تحت سرکاری ملازمین نہ ہیں تاہم ایسے ملازمین اپنی ترقی کے ضمن میں دیوانی عدالت سے دادرسی حاصل کر سکتے ہیں۔ (1989ء پی ایل سی (سی ایس) 256)

اراضی کی جانشینی کے بارے میں کوئی بھی تنازعہ جس کا تعلق متوفی کی اراضی سے اُسے صرف اور صرف دیوانی عدالت میں تصفیہ و فیصلہ کیا جاسکتا ہے کیونکہ ایسا معاملہ سٹلمنٹ اتھارٹی کے اختیار سماعت سے باہر ہوتا ہے۔ صرف دیوانی عدالتیں جو کہ عمومی اختیار سماعت کی عدالتیں ہوتی ہیں وہ جانشینی کے تنازعہ حتمی و قطعی فیصلہ کر سکتی ہیں۔ (پی ایل ڈی 1976ء ایس سی 729 ; 1990 اے ایل ڈی 452)

• اگر زیر بحث بٹوارے کی زمین کو مورخہ 2 نومبر، 1971ء کو سٹلمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جائز طور پر موثر و قابلِ نفاذ نہ بنایا گیا ہو تو وہ فریقین کے مابین فریقین کے طور پر ایسی دادرسی کے لئے سٹلمنٹ ڈیپارٹمنٹ تک رسائی حاصل نہیں کر سکتے یعنی 1976ء میں جب نالش دائر کی گئی تھی۔ ~~1994~~ء ایس سی ایم آر 83- تمام دادرسیاں سول عدالت میں جانے سے پہلے ختم ہو جانی چاہئیں۔ پی ایل ڈی 1970ء ایس سی 80 صفحہ 184; پی ایل ڈی 1979ء لاہور 679، 441، 1990ء سی ایل سی 551- جہاں حق موجود ہو وہاں دادرسی بھی موجود ہوتی ہے۔ (پی ایل ڈی 2002ء ایس سی 408)

**دیوانی عدالت کا اختیار:** عدالتیں خاص طور پر مذہبی امور بارے متنازعہ پر جھگڑا کی سماعت نہیں کرتی۔ چونکہ وہاں سوال حق پیدا نہیں ہوتا۔ دعویٰ کو ذریعہ جائیداد متعلق حقوق کا تعین کیا جاسکتا ہے۔ اگر مذہبی امور متعلق فیصلہ کرنا لازم ہو تو عدالت اپنی حدود اختیارات کے اندر متنازعہ امور کا تعین کر کے فیصلہ صادر کر دے۔ (پی ایل جے 1981ء لاہور 519+ پی ایل ڈی 1981ء لاہور 520)

**Jurisdiction of Civil Court. Transfer of land by Settlement Authority.**

**دیوانی عدالت کا اختیار۔ سیٹلمینٹ اتھارٹی کی طرف سے انتقال اراضی:** دیوانی عدالتیں مکمل اختیار رکھنے والی عدالتوں کے ناطے اختیار رکھتی ہیں کہ اس بات کا تعین کر سکیں کہ آیا اُن

Marfat.com

عدالتوں کی کارروائی اُن قوانین کے مطابق اور اختیار کے مطابق ہے یا نہیں جو کہ جائیداد متروکہ کے قوانین کے تحت مقرر کی گئی ہیں۔ (2001ء وائی ایل آر 2744(اے))

**Jurisdiction of Court, agreement between parties.**

عدالت کا اختیار۔فریقین کے مابین اقرارنامہ: فریقین اپنے اقرارنامہ یا راضی نامہ کے ذریعے عدالت کو اُس وقت اختیار تفویض نہیں کرسکتے جب یہ قانون میں موجود نہ ہو اور نہ ہی فریقین عدالت کو اس کے ذریعے اُس کے اختیار سے محروم کرسکتی ہیں۔ جب ایک سے زائد عدالتوں کو معاملہ میں دائرہ سماعت و اختیار ہو تو فریقین اپنے اقرارنامہ یا رضامندی سے اُن میں سے کسی ایک کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

(2001ء وائی ایل آر 846(اے))

**Apportionment of compensation. Jurisdiction of Civil Court.**

معاوضہ کی تقسیم ر تناسب۔ دیوانی عدالت کا اختیار: ڈپٹی کمشنر کو آرڈیننس کی دفعہ 28(iii) کے تحت اختیارات حاصل ہیں کہ وہ معاوضہ کے دعوے داروں میں معاوضہ کی تقسیم و بٹوارے کا فیصلہ کرسکے۔ایسے احکامات کے خلاف آرڈیننس کی دفعہ 36 کے تحت اپیل دائر کی جاسکتی ہے جس کا فیصلہ قطعی و حتمی ہوگا اور کسی بھی عدالت میں اس کے خلاف اعتراض نہ اُٹھایا جائے گا۔ دیوانی عدالت کو صرف اتنا اختیار حاصل ہے کہ وہ یہ دیکھ سکے کہ آیا احکامات آرڈیننس ہذا کی شرائط کے مطابق کیے گئے ہیں یا نہیں لیکن معاوضہ کی تقسیم کی بابت اختیار حاصل نہیں کرسکتی۔ (2001ء وائی ایل آر 2751(بی))

ضابطہ دیوانی کے تحت سول کو مکمل اختیارات حاصل ہیں۔

لیکن آزاد جموں کشمیر لینڈ ریفارمز ایکٹ، 1960ء کے تحت پیدا شدہ امر کی رو سے حقوق کا فیصلہ دیوانی عدالتوں کے اختیارات کو ختم کرتا ہے۔ (پی ایل جے 1979ء آزاد جموں کشمیر (AJK) (سپریم کورٹ) 56)

دوران کارروائی مقدمہ اختیارات سماعت کا سوال کس وقت اٹھایا جاسکتا ہے۔

بے دخلی مکان پر بنائے عدم ادائیگی کرایہ۔ وہ اراضی جہاں مکان بنایا گیا ہے وہ کاشتکاری مقصد کے لئے کرایہ پر نہ دیا گیا ہے۔ وہ زمین مزارعیت ایکٹ کے تحت نہ آتی ہے۔ دیوانی عدالت کو دعویٰ سماعت کرنے کا حق ہے۔ (پی ایل جے 1976ء پشاور 108+ پی ایل جے 1976ء پشاور 34)

مذہب بارے رسومات کا جھگڑا ہو جہاں کی جائیداد یا آفس کا جھگڑا نہ ہو وہاں دفعہ 9 قابل سماعت نہ ہے۔ جہاں خاص کر عبادت مثلاً نماز وغیرہ ہوتی مانع ہے۔ دعویٰ میں مدعا علیہ کو اپنی جگہ بطور قبضہ رکھنے

Marfat.com

سے روک دیا جاتا ہے۔ جہاں تک گزرنے کی تک ہیں۔

(پی ایل جے 1978ء لاہور 67+پی ایل جے 1978ء لاہور 113+این ایل آر 1978ء سول (civil)6)

**اختیارات سماعت عدالت دیوانی:** دیوانی عدالتوں کو جہاں خاص کر مذہبی نظریات ہوں وہاں پر دیوانی عدالت کو قطعاً حق حاصل نہ ہے۔ بذریعہ عدالت ہی دعویٰ کر کے حق کا تعین کرنا۔ اگر فریقین کے درمیان بابت مذہب تعین کرنا ضروری ہو تو عدالت اس صورت میں حقوق متعین کر سکتی ہے۔

(پی ایل جے 1981ء لاہور 519+پی ایل ڈی 1971ء لاہور 520)

**دعویٰ حرجانہ غلط بیان اخبار میں دینے پر عدالت کا اختیار:** دعویٰ دائر کیا جا سکتا ہے جہاں اخبار چھاپا جاتا ہے یا تقسیم ہوتا ہے۔

مزید کہا گیا ہے کہ صرف یہ ثابت کرنا ہی کافی ہے کہ اخبار فلاں مخصوص مقام پر تقسیم ہوتا یا دستیاب ہوتا ہے تو وہاں کی عدالت کو اختیارات حاصل ہیں کہ دعویٰ سماعت کرے کہ پبلشنگ کے خلاف ایکشن لایا جا سکتا ہے۔ (پی ایل جے 1981ء کراچی صفحہ 480)

**اخبار میں غلط بیان منسوب کرنے پر دعویٰ کی ادائیگی:** جہاں اخبار چھپتا ہے وہاں دعویٰ دائر کیا کر سکتا ہے، پر لیکن یہ کافی ہے کہ اخبار مخصوص جگہ پر فروخت یا دستیاب ہے تو عدالت کو اختیارات سماعت حاصل ہو جاتا ہے کہ غلط کام کرنے پر چھاپے۔ (پی ایل جے 1987ء کراچی صفحہ 480)

**Suit for damages and compensations.**

**ہرجانے اور معاوضہ کے لئے نالش:** مدعی صرف اُس وقت دادرسی کا حقدار ہوتا تھا جب وہ مال و اسباب کی سپلائی کو سپلائر کی طرف سے خاتمہ کو ثابت کر دے جو کہ اشیاء کی فروخت کے معاہدہ کی خلاف ورزی میں کیا جائے اور اس طرح مدعی نے اُس کی وجہ سے نقصان اٹھایا ہو۔ (2001ء، ائی ایل آر 2751 (ای))

**جائیداد میں حقوق ملکیت کا تعین کرنا:** اپیلانٹ (Appellant) نے جواب بے دخل کارروائی جو کہ مدعا علیہ نے ان کے خلاف کر رکھی تھی۔ عدالت میں مال میں، جائیداد متنازعہ میں مدعا علیہ کا حق ختم کر دیا گیا۔

لہٰذا جائیداد متنازعہ میں کسی کا حق پیدا کرنا عدالت مال کو اختیارات نہیں ہیں بلکہ عدالت دیوانی کو اختیارات حاصل ہیں۔ (پی ایل جے 1983ء سپریم کورٹ 223+1983 ایس سی آر ایم 525)

**دیوانی عدالت اختیارات ختم ہونا (Ouster):** ہائی کورٹ کے اختیارات ختم ہو جاتے ہیں

Marfat.com

اگر یہ ثابت ہو جائے کہ حکم بے بنیاد اور فراڈ پر مبنی ہو اور کسی تحریری قانون کی حدود سے باہر ہو۔ مزید کہا گیا کہ اگر حکم کی مجاز اتھارٹی سے فراڈ سے حاصل کیا گیا ہے تو دیوانی عدالت کو مداخلت کا اختیار حاصل ہے۔

(پی ایل جے 1983ء لاہور 236 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1983ء لاہور 294 (ڈی بی))

دیوانی عدالت کو اختیارات حاصل ہیں کہ وہ اس نقطہ کی وضاحت کرے اور حق پیدا کرے کہ فلاں عملدر قانونی یا غیر قانونی ہوا ہے اگر وہ زرعی اصلاحات کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ مزید کہا گیا ہے کہ لینڈ کمیشن مجاز ہے کہ زرعی اصلاحات متعلق تنازعات کا فیصلہ کرے اور وہ فیصلہ آخری ہوگا۔ اسے کوئی ڈگری ختم نہ کرے گی جب تک کمشنر منظور نہ کرے گا۔ (پی ایل جے 1982ء لاہور 269 + پی ایل ڈی 1982ء (بغداد الجدید) 12)

کارروائی اشتمال الاٹمنٹ آرڈر کو دیوانی عدالت میں چیلنج کیا گیا جس میں الاٹمنٹ بذریعہ فراڈ حاصل کرنے کا موقف اشتمال کا مسائل میں اختیار کیا گیا۔ نیز دیگر اعلیٰ عدالتوں ہائے اشتمال میں بھی یہی موقف بتلایا گیا۔ لہٰذا دعویٰ میں بتلایا گیا کہ فراڈ کا لازمی عنصر ہے، اس لئے دیوانی عدالت کے اختیارات کو ختم نہیں کیا جاتا ہے۔ (پی ایل جے 1983ء لاہور 230 + پی ایل ڈی 1983ء لاہور 256)

زیر دفعہ 4 کے تحت مزارع کو فروخت پر حق شفعہ حاصل ہے اور دیوانی عدالت کو اختیارات سماعت حاصل ہے۔ کہا گیا ہے کہ ڈیوانی کورٹ کو عام اختیارات حاصل ہیں! اس کے مزارع کے حقوق کے تحفظ کا اس عدالت کو اختیار حاصل ہے۔ (پی ایل جے 1984ء لاہور 120)

ریونیو ریکارڈ، درستی ریونیو ریکارڈ۔ اختیارات سماعت دیوانی عدالت یہ تسلیم شدہ بات ہے کہ مدعا علیہم سائل کے ذریعے ایماء پر متنازعہ زمین پر بطور مزارع ہیں۔ ریونیو ریکارڈ میں اندراج کی درستی پر بنائے دستاویز جو کہ بحق سائل عملدر نہ ہوا ہے اور اسے عدالت دیوانی میں چیلنج کیا گیا۔ لہٰذا ریسپانڈنٹس کا ریونیو عدالت میں دادرسی حاصل کرنا برائے درستی اندراج اور اس طرح دیوانی عدالت کو اختیارات نہ ہیں۔

(پی ایل جے 1983ء پشاور 48 + 1982ء سی ایل سی 3150)

دیوانی عدالت میں مدعی نے دعویٰ میں چیلنج کیا کہ نیو میر پور ٹاؤن الاٹمنٹ آف لینڈ ایکٹ، 1964ء کی طرف سے الاٹمنٹ جعلی سازشی فیز کوئی اختیارات حاصل نہ ہے۔ لہٰذا سول کورٹ کو اختیار ہے کہ اس امر کا فیصلہ کرے اور تعین کرے کہ مدعی کا منسوخی آرڈر اور دوسری الاٹمنٹ بحق مدعا علیہ کمیٹی کے حدود اختیارات میں ہے یا کہ نہیں۔ (پی ایل جے 1987ء کراچی 222)

دیوانی عدالت کو اختیارات: دفعہ 9 کے تحت دیوانی کورٹ کو عام اختیارات حاصل ہیں، انہی

Marfat.com

حد تک جس کی استثنٰی تحریری قانون مقرر کرے۔ (پی ایل جے 1987ء سپریم کورٹ (آزاد جموں کشمیر) 118)

**اختیارات کا خاتمہ اور اثر:** تمام نوعیت کے دعویٰ جات کی سماعت کا اختیار حاصل ہے، جب تک قانون ساز ادارہ اس حق کو سب پر ختم کردے۔ جب اختیارات ختم ہو جاتے ہیں تو دیوانی عدالت کوئی کارروائی کرنے کی مجاز نہ ہے۔ کیس بھر میں عدالت مجاز ہے کہ سپیشل تحریری قانون یا ٹریبونل اتھارٹی نے حکم اپنے اختیارات کی حدود کے اندر ہی کیا ہے۔ (پی ایل جے 1987ء آزاد جموں کشمیر 76)

اپیلانٹ (Appellant) کی طرف سے پیش کردہ سرٹیفکیٹ کو ریونیو اتھارٹی نے منظور نہ کیا۔ کہا گیا کہ اتھارٹی نے یہ ثابت نہیں کیا کہ اس کی کارروائی اختیارات سے بالاتر ہے کیونکہ اس نے سرٹیفکیٹ پر پیش نہیں کیا۔ (پی ایل جے 1987ء کراچی 22)

**Bar of jurisdication-Dispute as to legal status of parties.**

**اختیار کی پابندی / روک۔ فریقین کے قانونی معیار کی بابت تنازعہ:** قانون کرایہ داری پنجاب، 1887ء کی دفعہ (d) (3)77 کے احکامات کا اطلاق صرف اُس وقت ہوگا جب فریقین کے مابین کرایہ دار اور مالک مکان کا تعلق تسلیم کیا گیا ہو لیکن ان احکامات کا اطلاق ایسی صورت میں نہ ہوگا جب فریقین کے مابین اس تعلق کے بارے میں کوئی تنازعہ موجود ہو۔ (2001ء وائی ایل آر 2744 (بی))

**دعویٰ برائے حساب:** حساب کی ذمہ داری کو واضح طور پر ثابت کیا گیا۔ اس صورت میں دیوانی عدالت دعویٰ کی سماعت مجاز ہے۔ (پی ایل جے 1986ء کوئٹہ 101 + پی ایل ڈی 1986ء کوئٹہ 11)

**نوعیت دعویٰ پیش کرنے پر اختیارات:** دعویٰ میں پیش حالات مواد کے پیش نظر نوعیت دعویٰ کے امور تنازعہ کا تعین کرنے کا اختیارات حاصل ہے نہ کہ مدعا علیہ کی طرف سے صفائی، موقف کی روشنی میں۔ (پی ایل جے 1987ء سپریم کورٹ (آزاد جموں کشمیر) 118)

دعویٰ بائی لاز کراچی بار ایسوسی ایشن کی پاداش میں ختم تصور ہو جاتا ہے۔ چونکہ بائی لاز کسی تحریری قانون کے تحت نہ بنا ہے اور نہ کوئی قانونی حیثیت ہے۔ لہٰذا دعویٰ کسی بائی لاز کی شق یا رولز کی روشنی میں بار (Barréd) نہیں ہے۔ (پی ایل جے 1988ء کراچی 200 + 1988ء سی ایل سی 1724)

سپریم کورٹ میں اپیل اس بناء پر منظور ہوئی تا کہ اس نقطہ کی وضاحت ہو سکے کہ کیا سول کورٹ کو مزارعیت اور اس کی خلاف ورزی پر اختیارات سماعت ہیں؟ (1991ء ایس سی ایم آر 1944)

دیوانی کورٹ کو اختیار حاصل ہے کہ دعویٰ سماعت کر کے فیصلہ کرے۔ دعویٰ فیصلہ کو وہ شخص زیر

Marfat.com

بحث پر چیلنج نہیں کرسکتا جس کا بطور مزارع زیر دفعہ 30 متعلق نہ ہے اور [illegible]
ہے۔ (این ایل آر 1991ء (ریو) 794)

**دیوانی عدالتوں کے عام اختیارات:** انڈسٹریل ریلیشن آرڈیننس، 1969ء بطور [illegible] قانون کے تحت لیبر عدالتوں کا انعقاد کیا گیا ہے۔ اس لئے دیوانی عدالتوں کا اختیار ختم کر دیا گیا۔

ان مقدمات میں جہاں سول ملازم سروس ٹربیونل سے دادرسی حاصل نہیں کرسکتا ہے پھر وہ لیبر کورٹ سے حاصل کرسکتا ہے اگر وہ مزدور کی تعریف میں آتا ہے اور کسی انڈسٹری یا کمرشل ادارے میں ملازم ہوتا ہے۔ (1986ء ایس سی ایم آر 18+1991ء پی ایل سی 66)

**مزدور کی ملازمت سے معطلی:** دیوانی عدالت میں چارہ جوئی آرڈیننس کے تحت ملازمت پر بحال کیا جاسکتا ہے نہ کہ مالک مزدور کی متفقہ شرائط کے مطابق۔ لہٰذا دیوانی عدالت کو اختیار حاصل ہے کہ پڑتال کرے کہ معطلی ملازمت آرڈیننس کی شق کے تحت ہوئی ہے۔ (پی ایل جے 1984ء لاہور 100)

**دیوانی عدالتوں کے اختیارات کے بارے میں قیاس:** دیوانی نوعیت کے تمام مقدمات کی کارروائی کا اختیار دیوانی عدالتوں کو ہے ماسوائے ان مقدمات کے حق کے بارے میں مصنوعی یا صریح طور پر ممانعت کی گئی ہو۔ کیونکہ کوئی مقدمہ باز جو دیوانی طور پر ستم رسیدہ ہوا سے علیحدہ طور پر کسی اور عدالت میں مقدمہ دائر کرنے کا حق ہے، جب تک کہ اس کی سماعت کو صریحاً یا مصنوعی طور پر مانع قرار نہ دی گئی ہو۔

(1991ء ایم ایل ڈی 2098+1989ء سی ایل سی 2252+پی ایل جے 1987ء اے جے کے 45+پی ایل ڈی 1979ء کراچی 706+پی ایل ڈی 1958ء لاہور 458=پی ایل آر 1958ء (1) مغربی پاکستان 316+پی ایل ڈی 1960ء لاہور 325+پی ایل ڈی 1960ء پشاور 15=پی ایل آر 1960ء (2) ویسٹ پاکستان 184=پی ایل ڈی 1960ء لاہور 982=پی ایل آر 1961ء (1) مغربی پاکستان 238+پی ایل ڈی 1960ء ڈھاکہ 674=12 ڈی ایل آر 266+1992 ایس سی ایم آر 1908ء =این ایل آر 1992ء اے سی 429+اے آئی ار 1943ء کلکتہ (ڈی بی)+اے آئی آر 1945ء اودھ 93 (ڈی بی)+اے آئی اے 1941ء کلکتہ 167 (ڈی بی)+اے آئی آر 1934ء رنگون 376 (ایف بی)+اے آئی آر 1916ء مدراس 1119 (ڈی بی) وہ کارروائی جسے بطور کورم نان جوڈس چیلنج کیا جائے اس دفعہ کی مستثنیات میں شامل نہیں ہے۔ 1987ء سی ایل سی 2179)

**اپیل:** یہ دفعہ مقدمات کی کارروائی سے متعلق ہے نہ کہ اپیل ہے۔

(اے آئی آر 1957ء الہ آباد 257 (ڈی بی))

Marfat.com

**عدالتوں کا عمومی دائرہ سماعت:** دائرہ اختیار سے مراد وہ اختیار ہے جس کے تحت عدالت کسی مقدمہ کے فیصلہ کے لئے اس کی سماعت اور اس کے تعین کا اختیار رکھتی ہے۔ اس میں قانون وحقائق کی سماعت اور تعین کے اختیارات شامل ہیں۔ مختلف حالات کے تحت دائرہ سماعت مشروط ومحدود بھی ہوسکتا ہے۔ لیکن اس کا دارومدار نہ تو اس اختیار کے باقاعدہ استعمال پر ہوتا ہے اور نہ ہی فیصلہ کے درست صحیح ہونے پر جس میں کہ درست یا غلط فیصلہ کا اختیار ہوتا ہے۔ لہٰذا اس عدالت کے پاس دائرہ اختیار وسماعت ہوگا جسے اس کے سامنے پیش کردہ مقدمات کے سلسلے میں فیصلہ کرنے کا اختیار یا اتھارٹی دی گئی ہو۔

(پی ایل ڈی 1985ء کوئٹہ 121=1993ء سی ایل سی 2026)

دفعہ (9) دیوانی عدالت کو تمام نوعیت کے مقدمات کا اختیار دیتی ہے، ماسوائے ان مقدمات کے جن میں اس کے دائرہ اختیار کو کسی صریح یا مصنوعی قانون موضوعہ کے تحت خارج کر دیا گیا ہو۔ دیوانی عدالت حتمی دائرہ اختیار کی عدالت ہے اور ان مقدمات میں جہاں کوئی دیگر دادرسی تجویز کی گئی ہو وہاں دیوانی عدالت سے دادرسی حاصل کی جاسکتی ہے۔ (1993ء سی ایل سی 2026)

**حقوق جائیداد سے متعلق مقدمات:** کوئی بھی مقدمہ جس کا تعلق جائیداد کے حقوق سے ہو، وہ دیوانی مقدمہ کہلائے گا۔ (پی ایل ڈی 1978ء لاہور 113=پی ایل جے 1978ء لاہور 67)

**ایکوی جائیداد، ہندو جائیداد کی منتقلی کا فیصلہ:** دیوانی عدالت کا اختیار۔ کیا ہندو جائیداد بذریعہ سیٹلمینٹ اتھارٹی کا فیصلہ منتقلی اور قانونی حیثیت کو عدالت دیوانی میں زیر بحث نہیں لایا جاسکتا ہے؟

(1987ء ایس سی ایم آر 1036+1991ء ایم ایل ڈی 2072)

**دفعہ 10۔ التوائے مقدمہ (Stay of Suit):** کوئی عدالت کسی ایسے مقدمہ کی تجویز کارروائی شروع نہ کرے گی جس میں زیر تنقیح براہ راست اور دراصل وہی ہو جو کسی اور پہلے مرجوعہ کئے ہوئے ایسے مقدمہ میں جوانہی اشخاص کے درمیان ایسے اشخاص کے متنازعہ فیہ ہو جن کے ذریعہ سے اشخاص مذکور یا بعض ان میں سے دعویدار ہیں اور اسی استحقاق پر خصومت قائم کرتے ہیں۔ جہاں ایسی نالش اسی عدالت میں زیر غور ہے یا کسی دیگر عدالت میں جو پاکستان کی حدود کے باہر قائم ہو، دائر ہو یا فیڈرل حکومت کی جانب سے قائم یا جاری کی گئی ہو اور اسی نوعیت کے حدود اختیارات (Jurisdiction) رکھتی ہو یا سپریم کورٹ میں پیش ہو۔

Marfat.com

رسی سے باز رکھنا ہے۔

جہاں کوئی فریق کسی عدال
لئے کرے تو اسے عدالت کے
ہوگی اور اسے تمام بار کو ثابت کر
(پی ایل ڈی 1987ء کراچ
1987ء سول 365 = کے ایل
108+ پی ایل ڈی 1968ء ڈھا
148 (ڈی بی) + اے آئی آر

عدالت دیوانی اور عدالت خص

دفعہ (10) سی پی سی کا مقص

Marfat.com

آپس میں ایک دوسرے سے متصادم ہوں۔ خواہ یہ فیصلے عام عدالت کرے یا عدالت خصوصی کرے۔

(پی ایل ڈی 1987ء کراچی 102 + پی ایل جے 1987ء کراچی 215)

## اپیل:

لفظ مقدمہ میں وفاقی عدالت سے کی گئی اپیل بھی شامل ہے لیکن اس میں اپیل کی اجازت کی درخواست شامل نہ ہے۔ جب اپیل زیر غور ہو اور دو فریقین کے مابین ایک جیسی کاروائی کے لئے مقدمہ دائرہ کیا گیا ہو تو عدالت کے لئے بہتر ہے کہ وہ اپیل کے فیصلہ تک دیگر کاروائی کو ملتوی کر دے۔

(پی ایل ڈی 1955ء ڈھاکہ 96 = 5 ڈی ایل ار 175 = پی ایل آر 1953ء ڈھاکہ 209 + 21 مدراس 18 (ڈی بی + 1971ء ڈی ایل سی 31 + اے آئی آر 1931ء پی سی 263 + اے آئی آر 1931ء لاہور 65)

## عرضی دعویٰ کا مفہوم

دفعہ ہذا کا اطلاق صرف عرضی دعویٰ یا نالشات پر ہوتا ہے نہ کہ ان معاملات میں جو کہ دو کاروائیوں میں ایک عرضی دعویٰ نہ ہو۔ نالش میں اپیل بھی شامل ہے اور اصل مواد جو کہ نالش کی نوعیت کا ہو جیسا کہ پروبیٹ یا سرپرستی وغیرہ کی کاروائی وغیرہ۔

(اے آئی آر 1953ء حیدر آباد 55 + اے آئی آر 1953ء پنجاب 226 + اے آئی آر 1947ء کلکتہ 386 + اے آئی آر 1939ء سندھ 329 + آئی ایل آر 1940ء کراچی 15 (ڈی بی) (او بیٹر) + اے آئی آر 1916ء مدراس 732 + اے آئی آر 1931 کلکتہ 779 (ڈی بی) + 17 الہ آباد 106 = 22 انڈیا اپیل 44 (پی سی) + اے آئی آر 1946ء اودھ 83)

## دوسری نالش جو کہ بعد میں دائر کی جائے۔

جب پہلی نالش میں شہادت مکمل ہو جائے اور مقدمہ دلائل کے لئے تیار ہو اور جب اس پر مدعا علیہ نے متقابل نالش دائر کی ہو تو ابتدائی عدالت دونوں مقدمات کو یک جا

Marfat.com

دوسرے دعویٰ میں حکم امتناعی جاری ہو جانا چاہیے۔
(سی ایل سی 1986ء صفحہ 2511)

**دفعہ (10) کے خلاف ڈگری:**

اس دفعہ کے برعکس جاری کردہ ڈگری کالعدم قرار نہیں دی جا سکتی اور کاروائی کے عمل میں اس سے قطع نظر نہیں کیا جا سکتا کیونکہ دفعہ ہذا میں قاعدہ خالص اور سادہ نوعیت کا قاعدہ ہے اور صرف فریقین کی رضامندی سے ترک کیا جا سکتا ہے۔

(1990ء ایم ایل ڈی 1773 + کے ایل آر 1984ء سی سی 105 + این ایل آر 1984ء سی ایل جے 105 = پی ایل ڈی 1984ء کوئٹہ 43 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1961 ڈھاکہ 344 = پی ایل آر 1961ء ڈھاکہ 813 = 12 ڈی ایل آر 755 + اے آئی ایل 1919ء لاہور 294 = 1919ء پنجاب + ری تجز 22 + 1990ء ایم ایل ڈی 1773 + اے آئی آر 1937ء ناگ پور 132 + اے آئی آر 1938ء رنگون 130 (ایف بی) 1990ء ایم ایل ڈی 1773 + اے آئی آر 1937ء ناگ پور 132 = آئی ایل آر 1937ء ناگ پور 6)

مدعا علیہ کی درخواست پر آرمیٹر ثالث نے فریقین کے درمیان اقرار نامہ کے پیش نظر جو کہ جھگڑا کو ختم کرنے پر مشتمل ہے۔ تب عدالت ماتحت نے Stay کا حکم کر دیا مگر عدالت اپیل نے حکم ختم کر دیا۔ دونوں عدالت ہائے ماتحت کی قانونی حیثیت پر بنائے نقطہ کہ دونوں مقدمات میں جھگڑے کی شناخت کو ہی مماثلت ہیں۔

(سی ایل سی 1991ء - Note 251 صفحہ 195)

مقدمہ کا ریکارڈ جو کہ ثالث کی تقرری بابت تھا اسے طلب کرنے میں ناکام ہوا۔ عدالت ماتحت فریقین مقدمہ کو اجازت نہ دی تاکہ وہ دونوں مقدمات میں جھگڑے کی وضاحت / کو ثابت کر سکیں۔

لہٰذا عدالت ماتحت غیر قانونی بے قاعدگی کی مرتکب ہوئی ہے۔ کردہ ثالثی کاروائی کی پیروی نہ کی ہے۔ ناکردہ فیصلہ کرکے کہ کیا دعویٰ میں شناخت / مماثلت کی بناء پر Stay کر دے۔ لہٰذا زیر دفعہ 34 آربیٹریشن ایکٹ 1940ء کے تحت موثر عدالت ماتحت اپیل ہذا پر اس میں قابل مداخلت نہ تھی۔ ماتحت عدالت میں مقدمہ زیر سماعت کی کاروائی کا Stay اس بناء پر آربیٹریشن کاروائی / ثالثی کاروائی جو کہ قبل از وقت داخل تھی۔ لہٰذا زیر دفعہ

Marfat.com

کے جن کے ذریعہ سے مخاصمین حال یا بعض ان میں سے دعویدار ہیں' اور اسی استحقاق پر خصومت قائم کرتے ہیں۔ ایسی عدالت میں جو مجاز سماعت ہو ایسی مابعد نالش کی یا وہ نالش جس میں ایسا امر مابعد اٹھایا گیا ہو' اور اس کی سماعت ہوئی ہو اور ایسی مذکورہ عدالت کی طرف سے حتمی طور پر فیصلہ کر دیا گیا ہو۔

## تشریح 1

"مقدمہ سابق" F.ormer suit سے ایسا مقدمہ مراد ہے جو اس دوسرے مقدمہ کے پہلے طے پا چکا ہو عام اس سے کہ دائر اس کے پیشتر ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔

## تشریح 2

دفعہ ہذا کی اغراض کے لیے یہ امر کہ آیا فلاں عدالت مقدمہ کی تجویز کی مجاز Competence. ہے بلا لحاظ Irrespective کسی شرائط حق ارجاع اپیل عدالت مزکور کے طے کیا جائے گا۔

## تشریح 3

ضروری ہے کہ مقدمہ سابق میں امور متذکرہ صدر کو ایک فریق نے تسلیم کیا ہو یا دوسرے فریق نے صراحتا" اس سے انکار یا اقبال کیا ہو۔

## تشریح 4

ہر امر جو اس مقدمہ سابق میں جواب یا دعویٰ کی بنا قرار دیا جا سکتا تھا اور قرار دینا چاہیے تھا سمجھا جائے گا کہ وہ مقدمہ میں ایک امر صریحا" اور دراصل تنقیح طلب تھا۔

## تشریح 5

کوئی داد رسی Relief جو دعوے سے عرضی دعوے میں کی گئی ہو اور اگر وہ ڈگری میں صراحتا" منظور نہ کی گئی ہو' وہ اس دفعہ کی اغراض کے لیے نا منظور تصور ہوگی۔

## تشریح 6

Marfat.com

10 کا اصول اس وقت قابل توجہ محل تھا کہ متعلقہ دفعات کی دیگر شرائط تعلق مطمئن تھا۔ اگر چہ سائل یہ اقدام اٹھا سکتا تھا کہ جب وہ دعویٰ کا Stay کی استدعا کی تھی۔ لہٰذا دعویٰ عدالت ماتحت کو اس ہدایت کے ساتھ ریمانڈ کیا جاتا ہے کہ وہ درخواست مدعا عالیہ برائے Stay پہلے قانون کے مطابق فیصلہ کرے۔

(1991ء سی ایل سی Note 251 صفحہ 195)

عدالت کو از سر نو اس پر سماعت کا اختیار نہ ہے جو پہلے فیصلہ کر چکی ہے اور نہ ہی کسی قانونی شہادت کی ضرورت ہے۔ لہٰذا درخواست خارج کی جاتی ہے۔

(پی ایل جے 1981ء سپریم کورٹ 787 + پی ایل ڈی 1981ء سپریم کورٹ 349)

سپریم کورٹ میں زیر سماعت اپیل/نظر ثانی میں پارٹی بننے کی درخواست دی گئی۔ دعویٰ استقرار یہ پہلی بیوی اور بیٹا ڈگری کے ہو گیا جو کہ سپریم کورٹ اسی طرح پڑا ہوا ہے۔ دوسری بیوی کی طرف درخواست جو کہ پہلی بیوی اور خاوند کے درمیان ہے اور غلط فہمی کی وجہ سے از سر نو عدالت ماتحت میں سماعت ہو گئی کوئی درخواست نظر ثانی بھی زیر سماعت نہ رہے۔ لہٰذا دوسری بیوی کو پارٹی بننے کے لئے درخواست گزارنے کی مستحق نہ ہے، لہٰذا دوسری بیوی عرصہ تقریباً اٹھارہ سال سے مقدمہ بازی میں بھٹک رہی ہے۔ ان حالات میں پارٹی/فریق مقدمہ بننے کی درخواست بوجہ وقت گزرنے ختم کی جاتی ہے جس کا کوئی جواز ہی نہ بنتا ہے اور نہ ہی کسی قانونی شہادت کی ضرورت ہے۔ لہٰذا درخواست خارج کی جاتی ہے۔

(پی ایل جے 1987ء سپریم کورٹ 787 + پی ایل ڈی 1981ء سپریم کورٹ 349)

**دفعہ 11۔ رس جوڈیکیٹا (امر فیصلہ شدہ) (Resjudicata):** کوئی عدالت کسی ایسے مقدمہ کی سماعت یا تنسیخ کی تجویز نہ کرے گی جس میں وہ امر جو صریحاً اور دراصل تنقیح طلب ہو کسی سابق مقدمہ میں مابین فریقین حال یا ایسے فریقین جس مال میں کہ اشخاص بابت کسی حق عام یا کسی ذاتی حق کے جس کا دعویٰ وہ واسطے اپنے اور دیگر اشخاص کے بشرکت کرتے ہوں۔ دائر کریں تو تمام اشخاص جو اس حق میں غرض (Interested) رکھتے ہوں، اس دفعہ کے مطالب کے لئے اشخاص کے ذریعہ دعویدار سمجھے جائیں گے جنہوں نے ایسے تنازعہ کو رجوع کیا۔

## شرح

فریقین مقدمہ کو ایک مرتبہ سماعت کا حق حاصل ہے۔ عدالت کو از سر نو مقدمہ کو سماعت کرنے پر محتاط رہنا ضروری ہے جبکہ درخواست ہی میں پرواہی اور زائد ایماء ہو چکی ہے۔

(پی ایل جے 1983ء کراچی 97 + 1983ء سی ایل سی 489)

Marfat.com

کوئی بھی فیصلہ جو کہ دفعہ 372 کے تحت کارروائی میں کہا گیا ہو جو کہ قانون جانشینی / وراثت ہند کے تحت جانشینی کا سرٹیفیکیٹ عطا کرنے کے بارے میں ہو وہ کسی بھی فریق کارروائی کو ایسے معاملہ کو کسی بعد کی نالش میں اٹھانے سے مانع نہ ہوگا۔ سرٹیفیکیٹ جانشینی کی کارروائی کا فیصلہ امر فیصلہ شدہ کے طور پر نہ لیا جائے گا

-

(اے آئی آر 1999ء ایس سی ڈبلیو 1420 = اے آئی آر 1999ء ایس سی 1823 :
(1999ء) 4 ایس سی سی 243 ; اے آئی آر 1937 لاہور (2)196 اور اے آئی آر 1930ء پی سی 22 = پی ایل جے 2001 میگزین 372 ایس سی (انڈیا)(iii))

**امر فیصلہ شدہ (Resjudicata):** جہاں فریقین کو سماعت کا موقع نہ دیا گیا ہو اور نہ ہی شہادت قلمبند ہوئی ہو اس طرح حقوق کا تعین نہ ہوا اور نہ ہی کسی پر لاگو ہوتا ہے۔ لہٰذا (Resjudicata) مکمل حق حاصل ہے۔
(پی ایل جے 1982ء سپریم کورٹ صفحہ نمبر 22)

**Principles of res judicata - Applicability.**

**اصول امر فیصلہ شدہ کا اطلاق:** اصول امر فیصلہ شدہ کا اطلاق دائر کردہ مختلف / متفرق درخواستوں پر ہوگا جو کہ کسی زیر التواء نالش میں دائر کی گئی ہوں جبکہ وہی درخواستیں انہی شرائط پر پہلے ہی برخاست کر دی گئی ہوں۔
(2001ء ایم ایل ڈی 1462 (سی))

کیا اصول امر مانع مقدمہ (rejudicata) دوسری درخواست داخل کرنے پر مانع ہونا پیدا کرتا ہے۔ لہٰذا اصول مانع مقدمہ کا دعویٰ کے علاوہ دیگر کارروائی پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔
(پی ایل جے 1989ء سپریم کورٹ آزاد جموں کشمیر 32 + پی ایل ڈی 1989ء سپریم کورٹ آزاد جموں کشمیر 78)

مدعی کا دعویٰ اس بناء پر خارج کر دیا گیا کہ اس میں (Resjudicata) کا اصول لاگو ہو رہا تھا۔ کیونکہ اسی بنائے دعویٰ پر پہلے بھی مدعی کا کیس بروئے آرڈر 17 رول 3 ض و عدم ثبوت خارج فرمایا جا چکا تھا۔ اسی قسم کا دعویٰ دوبارہ دائر کرنے پر (Resjudicata) کے تحت خارج فرما دیا گیا تو مدعی نے ڈسٹرکٹ جج صاحب کے پاس اپیل دائر کر دی۔ وہاں سے بھی اپیل خارج ہوئی تو ہائی کورٹ میں نگرانی دائر کر دی جس پر عدالت عالیہ نے بھی نگرانی خارج کرتے ہوئے حکم صادر فرمایا کہ بے شک دعویٰ پہلے 17(3) ض د کے تحت خارج ہوا تھا لیکن اس کے خلاف کوئی مزید کارروائی نہ کی گئی جس کا مطلب یہ ہوا کہ معاملہ ایک دفعہ عدالت سے فیصلہ ہو چکا ہے۔ لہٰذا وہی فریق اسی بنائے دعویٰ پر دوبارہ دعویٰ نہیں کر سکتا۔

(پی ایل ڈی 2003ء لاہور 48)

Marfat.com

**اصول (Resjudicata) اور اطلاق:** دعویٰ استقرار یہ جس میں مدعی نے ملکیت "بابت کار" کا متنازعہ اور تصفیہ جو کہ بوقت دعویٰ اس کے پاس تھی۔ دوسرے دعویٰ میں جبکہ متنازع کار گاڑی بند ہوگئی۔ اس دعویٰ نقصان اور گاڑی کی قیمت کلیم کی گئی ہے۔ لہٰذا وجہ عنار بابت دوسرا دعویٰ بعد میں پیدا ہوئی ہے۔ اس لئے اس مقدمہ میں اصول Resjudicata لاگو نہیں ہوتا۔

(پی ایل جے 1984ء پشاور 43 + 1984ء سی ایل سی 1280 (ڈی بی))

زیر دفعہ 22 سندھ رینٹ (Premises) آرڈیننس، 1979ء جہاں کاروائی رینٹ (Restriction) آرڈیننس تحت فریقین کے درمیان آخری سطح تک مکمل ہو کہ فیصلہ ہو چکا ہے۔ لہٰذا بذریعہ دعویٰ یا رٹ پٹیشن (write petition) از سر نو جھگڑا کھڑا نہیں کر سکتا ہے جو کہ اصول (Resjudicata) کے تحت زائد معیاد منافی ہو گیا ہے۔

لہٰذا دعویٰ ہذٰ زیر دفعہ 22 سندھ رینٹ (Premises) آرڈیننس، 1979ء کے تحت کی زائد المعیاد (bassed) پر ہوگا۔ (پی ایل جے 1989ء کراچی 398 + 1989ء سی ایل سی 736)

قانون نالش دفعہ 10 کے تحت ایوارڈ کو رولز آف کورٹ سننے پر حاکم مجاز مرافع (Appellate Authoity) کا اعتراض تھا جو کہ پہلے ہی زیر دفعہ 10 کے تحت خارج ہو چکا تھا۔ اعتراض خارج ... حکم قابل اپیل تھا مگر حاکم مقتدر (authority) نے اسے چیلنج نہ کیا اس طرح وہ ہر پہلو سے آخری فیصلہ بن گیا۔ (1991ء سی ایل سی 1307)

سپریم کورٹ نے ابتدائی سماعت دوران اپیل منظور کی تا کہ اس بات پر غور کریں کیا امر مانع مقدمہ کے واقعات کے مطابق ہے اور سائل (petitioner) کی منظوری اپیل اور معیاد جس کا فیصلہ تضاد کے تحت دیا گیا ہے۔ (پی ایل ڈی 1991ء سپریم کورٹ 1109)

سائل (petitioner) نے ہندوؤ جائیداد پر بطور مخالفانہ فیصلہ کی بنیاد پر دعویٰ استقرار یہ کیا جو کہ زیر دفعہ 41 کسٹوڈین کے ریفرنس Reference تحت خارج ہو گیا۔ لہٰذا وہ فیصلہ عدالت دیوانی (Resjudicata) کے اصول کی روشنی میں سائل کے موجودہ دعویٰ کے خلاف اور آخری فیصلہ تصور کیا گیا۔

(پی ایل ڈی 1991ء سپریم کورٹ 1106)

مقامی باشندے اور مہاجر کے درمیان مشترکہ خسرہ کی تقسیم کے متعلق جھگڑا پیدا ہوتا ہے جس پر دونوں قابض ہیں۔ سپریم کورٹ نے بحق مدعا علیہ بحال کیا گیا سپریم کورٹ کا فیصلہ کا انحصار کہ کسی نوعیت کی کاروائی ہوگا۔ اطلاق امر مانع ہوتا ہے جو کہ پٹیشنر کی بناء پر ایک بار پھر وہ فیصلہ نئی وجہ کے تحت چیلنج کرنے

Marfat.com

سے باز رکھتا ہے۔ (1991ء سی ایل سی 1313)

ضابطہ دیوانی کی دفعہ 11 دعویٰ جس میں اطلاق ہوتا ہے جس میں دوسری عدالتی کاروائی شامل ہے، اگر متعلقہ شرائط موجود ہوں۔ سلیکشن کمیٹی کی کارروائی جو کہ محکمہ تعلیم سے متعلقہ ہے وہ زیر دفعہ 11 تحت عدالتی کاروائی کے زمرے میں نہ آتی ہے۔ (1991ء ایس سی ایم آر 2099)

دو دعویٰ جات میں سے ایک دعویٰ کا طرز طریقہ، طرز عمل دوسرے سے مختلف ہے۔ اگر دونوں دعویٰ جات میں اصل براہ راست سوال ایک ہی نوعیت کا متنازعہ فیہ ہے تو پہلے دعویٰ کا فیصلہ دوسرے دعویٰ میں امر مانع (resjudicata) کا اطلاق ہوتا ہے۔ (آئی ایل جے 1991ء 34 Comp' P 54)

وسعت، مقصد اور اصول: امر تجویز شدہ یعنی (Resjudicata) کے اصول کا اطلاق اس جگہ پر ہوتا ہے جہاں عدالت کے پاس کوئی سابق نالش یا کاروائی موجود ہو اور عدالت نے دو فریقین کے مابین فیصلہ دیا ہو۔ اصول امر تجویز شدہ کا مقصد جیسا کہ اس لفظ سے عیاں ہے کہ عدالتی فیصلہ کو حتمی فیصلہ تصور کیا جائے اور اگر امر فیصل شدہ کا معاملہ ہو تو اس کو دوبارہ فیصلہ کے لئے دوبارہ شروع نہیں کیا جاسکتا۔

(پی ایل ڈی 1992ء پشاور 18 + پی ایل ڈی 1993ء لاہور 390 + پی ایل ڈی 1977ء ایس سی 220 + پی ایل ڈی 1977ء ایس سی 392 + پی ایل ڈی 1983ء ایس سی (اے جے کے) 89)

جب کوئی مسئلہ ہائی کورٹ کی جانب سے حتمی طور پر فیصلہ شدہ ہو اور یہ فیصلہ رٹ جورسڈکشن کے تحت کیا گیا ہو تو ایسا معاملہ دیوانی عدالت میں از سر نو شروع نہیں کیا جاسکتا۔ اس سلسلے میں اصول امر تجویز شدہ یعنی (Resjudicata) کا اطلاق ہوگا۔ (1993ء سی ایل سی 1239)

**Dismissal of suit on point of res judicata.**

امر فیصلہ (تجویز) شدہ کے نکتہ پر نالش کی برخاستگی: زمینی جائیداد کے بارے میں مدعیان کی طرف سے دائر کردہ نالش کو ابتدائی عدالت کی جانب سے اس وجہ سے برخاست کر دیا گیا کہ یہ اصول امر فیصلہ شدہ کے تحت آتا تھا اور ماتحت عدالت اپیل نے ابتدائی عدالت کے فیصلہ کو برقرار رکھا۔ ابتدائی عدالت نے نالش کو امر فیصلہ شدہ کی بنیاد پر برخاست کیا تھا۔ حتیٰ کہ ابتدائی امر تنقیح طلب کو اس سلسلہ میں تشکیل دیے بغیر اور اختیار کی تشکیل کے بغیر ماتحت عدالتوں کی متفقہ ججمنٹ کو ہائی کورٹ نے مسترد کر دیا جو کہ ریوینل اختیار سماعت میں کیا گیا اور اختیار سماعت اور امر فیصلہ شدہ کے سلسلہ میں ابتدائی امور تنقیح تشکیل دینے کے بعد مقدمہ کو از سر نو فیصلہ کے لئے واپس بھیج دیا۔ (2001ء ایم ایل ڈی 1785)

آرڈر 11 قاعدہ 2 ضابطہ دیوانی کی ممانعت: اگر امر فیصلہ شدہ کی جانچ پڑتال کرتے

Marfat.com

ہوئے آرڈر 11 قاعدہ 2 کی بار منظر عام پر آ جائے تو عدالت جیوری کے فیصلہ کو امر فیصل شدہ ہونے کی وجہ سے ریکارڈ کرنے سے انکار ہی نہیں کر سکتی۔ (1990ء ایس سی ایم آر 751)

**امتناع نالش:** امتناع امر فیصلہ شدہ صرف نالش کے فیصلہ تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ یہ نالش کی تجویز تک وسعت پذیر ہے۔ (1989ء سی ایل سی 1718)

**امر فیصل شدہ کی بنیاد پر فیصلہ ڈگری:** امر فیصل شدہ بنیاد ججمنٹ پر ہوتی ہے نہ کہ ڈگری پر۔

(1988ء سی ایل سی 436)

**اعلیٰ عدالت کے فیصلے:** جب ہائی کورٹ کسی دستوری درخواست کو برخاست کر دے اور برخاستی کے بعد درخواست دہندگان ایک دیوانی نالش (دعویٰ) دائر کریں اور جس میں عدالت کی برخاستگی کو چیلنج کیا گیا ہو۔ پہلی نالش (دعویٰ) بیک وقت زیریں عدالتوں نے امر فیصل شدہ کی بنیاد پر برخاست کی تھی۔

(1993ء سی ایل سی 1239)

چونکہ ایک دفعہ کسی امر متنازعہ کو حل کر دیا جاتا ہے تو اس کی پابندی لازمی ہے، اسے نظر انداز نہ کیا جائے۔ (1980ء ایس سی ایم آر 469) اگر اس کی پابندی نہ کی جائے اور لوگوں کو اجازت دی جائے تو وہ ایک کے بعد ایک دعویٰ اس متنازعہ امور پر کرتے چلے جائیں گے اور معاشرہ مشکلات میں گھر جائے گا۔

(پی ایل ڈی 1977ء ایس سی 220: پی ایل ڈی 1965ء ایس سی 171:
1987ء سی ایل سی 1976 :1990ء سی ایل سی 19)

جب امر متنازعہ پہلے امر متنازعہ سے مختلف ہو تو دفعہ 11 کا اطلاق نہ ہوگا۔

(1990ء سی ایل سی 919)

**کارروائی کی مختلف وجوہات:** جب مدعا علیہ ادائیگی کی ذمہ داری کو قبول کرے مگر ساتھی مدعا علیہ قبول نہ کرے۔ مدعا علیہ نے ادائیگی کا چیک جاری کیا مگر چیک کیش نہ ہوا تو اس نے از سرے نو بنائے دعویٰ مدعا علیہ کے خلاف ہوگا اور اس سلسلے میں دفعہ 11 کا اطلاق نہ ہوگا۔ (1993ء ایم ایل ڈی 637)

مجموعہ کی دفعہ (11) اصول امر تجویز شدہ کی ایک جامع صورت نہیں ہے۔ البتہ دفعہ ہذا ان اصطلاحات کے تحت آنے والے دوسرے مقدمات کے لئے ایک جامع شئے ہے۔ اصول امر فیصل شدہ دفعہ ہذا کے زمرے میں نہ آئے تو اس اصول سے مدد حاصل کی جا سکتی ہے۔

(پی ایل ڈی 1993ء لاہور 339+ پی ایل ڈی 1962ء لاہور 106+ پی ایل ڈی 1967ء ڈھاکہ 384= 17 ڈی ایل آر 373 = پی ایل آر 1965ء ڈھاکہ 971 (ڈی بی)+اے آئی آر 1948ء لاہور 195 (ڈی بی)+اے آئی آر 1932ء پی سی 161 +اے آئی آر 1931ء پی سی 114+11 انڈیا

Marfat.com

اپیل 37 (پی سی)+اے آئی آر 1956ء ٹریبول کر 161 (ایف بی)+اے آئی آر 1953ء الہ آباد [illegible]
33+29 انڈیا اپیل 196 (پی سی)+پی ایل ڈی 1993ء لاہور 339+اے آئی آر 1954ء الہ آباد
801 (ڈی بی)+اے آئی آر 1928ء اودھ 359 = 3 لکھنو 487 (ڈی بی)+پی ایل ڈی 1966ء
کراچی 31 (ڈی بی)+پی ایل ڈی 1967ء ڈھاکہ 384 (ڈی بی)+اے آئی آر 1942ء الہ آباد
19 (ایف بی)۔

**Constructive resjudicata.**

تعبیری امر تجویز شدہ: حکومت کی طرف سے ترقی پانے والے افراد کی عارضی ترقی کا اعلان۔ ٹربیونل کے روبرو سابقہ کاروائی میں اسے پیش نہ کیا۔ لہٰذا اسے تعبیری امر تجویز شدہ اصول کے تحت سپریم کورٹ کے روبرو پیش کرنے سے روک دیا گیا۔ (پی ایل جے 2001ء میگزین 353 ایس سی (انڈیا) (iii)

ٹربیونل کے اس فیصلہ کے مطابق جس کی توثیق سپریم کورٹ نے کی، کی پیروی میں ایک سنیارٹی لسٹ (seniority list) تیار کی گئی اور اسے حتمی شکل دی گئی۔ مذکورہ لسٹ (list) کے خلاف بعد میں درخواست۔ یہ عذر کہ آسامیوں کو نہ تو بھرتی کے قواعد کے تحت آگے لایا جاسکتا ہے اور نہ ہی سنیارٹی قواعد (seniority rule) کے تحت اور نہ ہی کسی فریق کی طرف سے کسی ٹربیونل کے روبرو امر تنقیع طلب کے لئے پیش کیا جاسکتا ہے۔ مذکورہ عذر جو کہ سپریم کورٹ کے روبرو اپیل میں تعبیری امر تجویز کے اصولوں کے تحت منع کر دیا گیا۔

(پی ایل جے 2001ء ایس سی 353 (انڈیا) (ii)

مقدمہ کو فیصلہ کیلئے دوبارہ طلب کرنا: جب کوئی اپیل ٹربیونل کسی مقدمہ کو دوبارہ فیصلہ کے لئے ریمانڈ کرے تو موجود ڈگری یا حکم منسوخ تصور ہوگا اور اسے امر فیصل شدہ خیال نہیں کیا جائے گا۔

(پی ایل ڈی 1982ء ایس سی 326)

[1][12۔ مزید نالش کی ممانعت **(Bar to further suit)**: (1) جب مدعی کو قواعد کی رو سے کسی خاص بنائے دعویٰ کی بنیاد پر نئی نالش دائر کرنے (Institute) سے روک (Eprecluded) دیا گیا ہو تو اسے یہ حق (entitled) نہ ہوگا کہ کسی عدالت میں جس پر اس ضابطہ (دیوانی) کا اطلاق ہوتا ہے، اس بنائے دعویٰ کی بناء پر نالش دائر کر سکے۔

2۔ جب کوئی شخص عدالت کے فیصلہ' ڈگری یا حکم کے جواز پر فریب کے عذر، غلط بیانی یا عدم اختیار سماعت کی بناء پر (Challenges) اعتراض کرتا ہے تو اس کے لئے یہ چارہ کار ہے کہ اس عدالت میں درخواست دے جس نے آخری فیصلہ دیا ہو یا ڈگری یا حکم جاری کیا ہو نہ کہ وہ ایک علیحدہ نالش دائر کرے۔]

---

1 دفعہ 12 بروئے ضابطہ دیوانی (ترمیمی) آرڈیننس بابت 1980ء شامل کی۔

Marfat.com

# شرح

دفعہ 12 کا مقصد مزید دعویٰ کو روکنا ہے۔درخواست بے دخلی اور رینٹ کنٹرول کے فیصلہ کو چیلنج کیا گیا۔ لہٰذا دفعہ 12 کا نئے دعویٰ پر اطلاق ہوتا ہے۔آرڈیننس نمبر VI آف 1952ء کے تحت درخواست رینٹ کنٹرولر پر لاگو نہیں ہے۔ (پی ایل جے 1982ء لاہور۔صفحہ 435 + پی ایل ڈی 1982ء لاہور۔صفحہ 702)

**Applicability of S. 12(2) c.p.c.**

**مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ (2)12 کا اطلاق۔فریب کاری اور خرد برد:۔** مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ (2)12 کے احکامات کو نئی شہادت کی دریافت پر رجوع نہیں کیا جائے گا اور طویل مقدمہ بازی کے بعد بھی مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ (2)12 کے احکامات کا اطلاق صرف اس وقت ہوگا جب کسی نے فریب کاری یا خرد برد کی بنیاد پر ڈگری حاصل کی ہو یا کسی ایسی عدالت سے ڈگری حاصل کی ہو جس کو اختیار حاصل نہ ہو۔ (2001ء ایم ایل ڈی 366 (اے))

درخواست زیر دفعہ (2)12، موصول ہونے پر ضابطہ کار پر عمل کیا جانا ضروری ہے۔عدالت ایسی درخواست موصول ہونے پر پہلے یہ تعین کرے گی کہ آیا ایسی درخواست قابل سماعت ہے یا نہیں، نیز وہ اس امر کا تعین بھی کرے گی کہ آیا درخواست ہذا نیک نیتی سے دائر کی گئی ہے یا نہیں۔ جب عدالت یہ نتیجہ اخذ کرے کہ درخواست زیر دفعہ (2)12، ضابطہ دیوانی محض وقت حاصل کرنے کے لئے دائر کی گئی ہے اور اس میں درج کوائف فضول اور بے وزن تھے جس سے تاخیر ہونے کے علاوہ نظام عدل کو بھی دھچکا پہنچنے کا احتمال ہے تو اسے فوری طور پر خارج کر دینا چاہیے۔تاہم عدالت حقائق پر غور کر کے فریقین کو موقع فراہم کر سکتی ہے کہ وہ شہادت کی بناء پر اپنا موقف ثابت کرنے کی کوشش کریں کہ آیا وہ درست ہے یا غلط۔

(پی ایل ڈی 1988ء پشاور 1)

کوئی بھی شخص جو کہ حکم، فیصلہ یا ڈگری کو فراڈ، غلط بیانی یا دائرہ اختیار کے نہ ہونے کی بنیاد کو چیلنج کرنا چاہے تو وہ درخواست کی صورت میں اس عدالت میں چیلنج کر سکتا ہے۔جس عدالت نے ایسا فیصلہ، حکم یا ڈگری جاری کی ہو۔

(پی ایس ڈی 1991ء ایس سی 197 = 1990ء پی ایس سی 1252 + 1993ء ایس سی ایم آر 662 سی ایل سی 1530 + 1991ء ایم ایل ڈی 1291 + 1991ء ایم ایل ڈی 554)

دفعہ 12 کی ذیلی شق (2) جو ترمیم شدہ آرڈیننس، 1980ء کو ہوا ہے جس دعویٰ کا فیصلہ قبل از ترمیم ہوا ہو تو اس ترمیم کی زد میں نہ آتا ہے۔

Marfat.com

ترمیم میں لفظ ''دعویٰ Suit'' آتا ہے۔ تاہم ترمیم محض نئے دعویٰ داخل کرنے کو روکتی ہے۔
(پی ایل جے 1981ء لاہور 301 + پی ایل ڈی 1981ء لاہور 318 + پی ایل جے 1981ء کراچی 302)

درخواست زیر دفعہ 12(2) کے تحت دائر ہو چکی ہے۔ بعد ازاں دوسری درخواست کافی دیر بعد اگرچہ ضابطہ دیوانی کے تحت ہے مگر قابل پیشی نہ ہے۔ چونکہ اس طرح فریقین کے لئے آسانی نہیں ہوگی۔ نگرانی ابتدائی طور پر خارج کی جاتی ہے۔ (پی ایل جے 1981ء لاہور 472)

**ثالثی فیصلہ:** دفعہ 12(2) کے تحت درخواست برائے منسوخی فیصلہ ثالثی جسے کہ عدالت کا قاعدہ قرار دیا گیا ہو وہ اس وقت قابل قبول ہوگا یا جائز ہوگا جبکہ درخواست دہندہ کو اس بارے میں نوٹس نہ دیا گیا ہو۔ (این ایل آر 1993ء یوسی 30)

**Application under section 12(2), C.P.C. forum to file such application.**

**مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 12(2) کے تحت درخواست:** ایسی درخواست دائر کرنے کے لئے عدالت جہاں عدالت اپیل نے اپیل کا فیصلہ بذریعہ ججمنٹ (judgment) مورخہ 2 نومبر، 1987ء اور ہائی کورٹ کے روبرو دائر کردہ ریوین (revision) میرٹ پر فیصلہ کے بغیر مورخہ 17 جون، 1989ء کو واپس لے لی گئی ہو تو ایسے حالات میں ہائی کورٹ کو مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 12(2) کے تحت درخواست وصول کرنے اور اس کا فیصلہ کرنے کا کوئی اختیار حاصل نہ ہے۔ (2001ء ایس سی ایم آر 1062(ii))

**درخواست کا عدم پیروی کی بناء پر خارج ہونا:** ہائی کورٹ لاہور نے قرار دیا کہ عذرداری زیر دفعہ 12 (2) ض، د کی درخواست کے عدم پیروی خارج ہونے پر دی گئی، بحالی/ برآمدگی کی درخواست کے آرڈر پر اپیل نہیں کی جاسکتی تاہم بحالی/ برآمدگی دعویٰ کی درخواست اگر مسترد ہو جائے تو اس آرڈر کے خلاف اپیل دائر کی جاسکتی ہے۔ (پی ایل جے 2003ء لاہور 28)

**Application under S. 12(2). C.P.C...... Limitation.**

**مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 12(2) کے تحت معیاد وسماعت کی درخواست:** جہاں مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 12(2) کے حت درخواست دائر کرنے کے لئے کوئی مدت مقرر نہ کی گئی ہو تو ایسی صورت میں قانون معیاد سماعت، 1908ء کے آرٹیکل 181 کے احکامات عصبہ کے طور پر ایسی کاروائی میں رائج ہوں گے جس کے مطابق مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 12(2) کے تحت درخواست دائر کرنے کی زیادہ سے زیادہ تین سال کی مدت مقرر کی گئی ہے۔

(پی ایل ڈی 1974ء ایس سی 124 ریفر 2001ء ایس سی ایم آر 1062 (ایف))

Marfat.com

**ثالثی یا مصالحتی ڈگری: دفعہ 12 (2) ضابطہ دیوانی کا اطلاق مصالحتی یا ثالثی ڈگری پر بھی ہوگا۔**

(این ایل آر 1997ء سول (Civil) لاہور 74)

جب مصالحتی ڈگری کے خلاف کوئی درخواست برائے نگرانی دائر نہ کی جائے تو یہ حتمی صورت اختیار کر جاتی ہے اور اسے مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 12 (2) کے تحت چیلنج کیا جا سکتا ہے۔ ایک ایسی ڈگری جو فریقین کی رضامندی سے جاری ہوئی، رد نہیں کیا جا سکتی لیکن قابل اعتراض ڈگری جس کی بنیاد مصالحت پر نہ ہو، چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔

(پی ایل جے 1953ء ایس سی 1963 172ء ایم ایل ڈی 640 + پی ایل ڈی 1983ء
لاہور 278 = این ایل آر 1983ء سول 265 1984ء سی ایل سی 2499)

نئے دعویٰ پر پابندی اور اس پر اطلاق: فراڈ اور غلط نمائندگی پر کاروائی مقدمہ سے کافی عرصہ قبل کہا گیا ہے اور کسی لحاظ سے اس سے تعلق اور واسطہ نہ ہے۔ لہٰذا دفعہ (2)12 صرف دعویٰ کو روکتا ہے۔ درخواست پر روکنے کا جواز نہ ہے اور نہ ہی قانون کرایہ داری آرڈیننس، 1959ء کی زیر دفعات 13-15 آ تا ہے۔

(پی ایل جے 1983ء سپریم کورٹ 546 = 1983ء ایس سی ایم آر 1064)

**Suit for possession through pre-emption- Collector acting as Civil Court-- Provisions of S. 12(2) C.P.C.- Applicability.**

**حق شفعہ کے ذریعے قبضہ کی نالش۔ کلکٹر کا بطور دیوانی عدالت عمل کرنا۔ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ (2)12 کے احکامات کا اطلاق:** ایسی نالش کا فیصلہ کرایہ دار کی بنیاد پر کرتے ہوئے کلکٹر جو کہ دیوانی عدالت کے طور پر کام کر رہا تھا اسے مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ (2)12 کے تحت اس کے آرڈر کو دوبارہ کھوج لگائے اور دوبارہ طلب کرنے کا اختیار بھی تفویض کیا گیا ہے اگر اسے فریب کاری اور خورد برد کرنے کی بنیاد پر حاصل کیا گیا ہو۔

(2001ء ایس سی ایم آر 1761 (بی))

**یکطرفہ ڈگری کی قانونی حیثیت:** اس کو چیلنج کیا کہ ڈگری فراڈ سے حاصل کی گئی ہے۔ سائل پیروی کرنے کا حق دار ہے کہ ڈگری فراڈ سے حاصل کر رکھی ہے۔ لہٰذا پٹیشنر یک طرفہ ڈگری بابت تکمیل مختص پر بنائے اقرار نامہ پہلے، جائیداد کا متوفی نے دنیا میں کوئی وارث نہیں چھوڑا ہے۔ جائیداد بحق سرکار ضبط ہوگئی۔ رسپانڈنٹ مدیون نہ ہے اور نہ مدیون کا پیشرو ہے۔ لیکن وہ اپنے آپ کو متوفی کا وارث تصور کرتا ہے۔ لہٰذا درخواست منسوخی ڈگری گزارتا ہے کہ عدالت سے دھوکہ دہی سے حاصل کی گئی ہے۔ لہٰذا مسؤل علیہم درخواست زیر دفعہ (2)12 داخل کرنے کا حق دار اور مجاز ہے۔

(پی ایل جے 1984ء سپریم کورٹ 256 + 1984ء ایس سی ایم آر 586)

Marfat.com

درخواست برائے منسوخی ڈگری کہ فراڈ سے حاصل کی گئی ہے اس پر حکم صادر ہوا اس حکم کے خلاف اپیل کی گئی ہے۔لہٰذا حکم زیر دفعہ (2)12 کے خلاف اپیل دائر نہیں ہو سکتی ہے۔لہٰذا اس حکم کے خلاف اپیل کو بطور نگرانی تصور کیا جائے۔ (پی ایل جے 1983ء لاہور 166)

دھوکہ دہی سے ڈگری حاصل کو چیلنج کیا گیا۔مگر آدمی دعویٰ میں بطور فریق شامل نہیں ہے۔لہٰذا اس دعویٰ میں ڈگری بذریعہ دھوکہ دہی سے حاصل یا غلط بیان سے نہیں کی جا سکتی ہے۔

(پی ایل جے 1986ء کراچی 54)

فراڈ ڈگری کو چیلنج کیا گیا۔معیاد کا سوال پیدا ہوتا ہے۔درخواست زیر دفعہ (2)12 ضابطہ دیوانی کے تحت معیاد کا اطلاق ہوتا ہے۔ (پی ایل ڈی 1987ء کراچی 9.(DB) = 1987ء سی ایل سی 800)

**ڈگری کا مسترد کرنا۔فریب کاری اور خورد برد اور اختیار سماعت کی کمی کا عذر:**
درخواست دہندہ کی جانب سے مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ (2)12 کے تحت درخواست کو ہائی کورٹ نے اس بنیاد پر خارج کر دی کہ ڈگری کے جاری کرنے میں محض الفاظ ''فریب کاری' خورد برد اور اختیار سماعت کی کمی'' کافی نہ ہے۔ ججمنٹ (judgment) میں کسی قسم کی ایسی کمزوری یا کمی نہ پائی گئی کہ سپریم کورٹ کی مداخلت اس میں طلب کی جائے۔لہٰذا اپیل کی اجازت سے انکار کر دیا گیا۔ (2001ء ایس سی ایم آر 1316)

سپریم کورٹ کی طرف سے اپیل کی اجازت یہ دیکھنے کے لئے دے دی گئی کہ آیا وہ درخواست جو کہ درخواست گزار کی طرف سے دائر کی گئی تھی اس کا فیصلہ قانون کے عین مطابق اور فطری انصاف کے مطابق کیا گیا تھا کہ نہیں۔

(2001ء ایس سی ایم آر 1522 (اے))

**ڈگری کی قانونی حیثیت:** درخواست منجانب غیر متعلقہ آدمی اور اس کی قانونی حیثیت زیر دفعہ (2)12 کے تحت درخواست وہ شخص دینے کا مجاز ہے جس کے خلاف ڈگری فراڈ سے حاصل کی گئی ہے۔ درخواست دہندہ فریق مقدمہ نہ ہے۔لہٰذا ڈگری اس شخص پر لاگو نہ ہے۔اس لئے اس کی طرف سے درخواست قابل پیشی نہ ہے اور نہ دینے کا مجاز ہے۔ (پی ایل جے 1986ء کراچی 54))

**دفعہ گزار (اپیل گزار) Appellan:** سیکورٹی مہیا کرنے میں ناکام ہوا اور ڈگری اس کے صادر ہو گئی مگر اس نے وقت اختیار بڑھانے یا دیگر کوئی قدم نہ اٹھایا تا کہ یکطرفہ ڈگری کو منسوخ زیر دفعہ (2)12 کرایا جائے۔لہٰذا دفعہ گزار کا دفاع صفائی ختم ہو گئی اور زیر آرڈر 37 رول 4 تحت بھی کاروائی غیر موثر معمول ہے۔

(1990ء ایم ایل ڈی 1700)

**ڈگری کے خلاف اپیل:** رسپانڈنٹ نے ڈگری کے کسی حصہ کے خلاف بغیر دلائل کیے اپیل

Marfat.com

ڈگری کی امداد (سپورٹ) صرف نہیں کرسکتا لیکن ڈگری کے خلاف کوئی بھی کراس اعتراض لے سکتا ہے، جو کہ بذریعہ اپیل اور نوٹس بمعیاد ایک مہینہ کراس اعتراض داخل کرسکتا ہے۔

(پی ایل جے 1986ء کراچی 90 (ڈی بی))

ڈگری جو کہ دھوکہ دہی سے حاصل کی گئی تھی اور کیس غلط شہادت پر مشتمل تھا۔ فریقین کی شہادت بعد دعویٰ کا فیصلہ میرٹ پر ہوگیا۔ لہٰذا یہ ایک مسلمہ اور طے شدہ بات ہے کہ کسی دعویٰ میں ڈگری یا حکم کو منسوخ نہیں کیا جاسکتا ہے کہ یہ غلط شہادت دے کر حاصل کیا گیا ہے۔

(پی ایل جے 1988ء لاہور 515 + پی ایل ڈی 1988ء لاہور 398)

ایک جج صاحب نے یکطرفہ حکم صادر کیا۔ دوسرے جج صاحب کے پاس نظر ثانی کی گئی۔ سوال پیدا ہوا کیا وہ مجاز تھا۔ پہلا حکم ہائیکورٹ نہ صرف ریکارڈ کو نظر انداز کرنے اور ٹھوس حالات کے پیش نظر پر مشتمل تھا بلکہ بغیر اختیارات تھا۔ لہٰذا دوسرا جج صاحب واضح طور پر مطمئن پر مجاز تھا کہ وہ پہلا حکم کو واپس منسوخ کرے۔ مقدمہ کی کاروائی باقاعدہ کرکے درست اور انصاف پر مبنی حکم کرے جو کہ زیر دفعہ 12(2)۔115 زیر آرڈر 47 رول 5 ضابطہ دیوانی کیونکہ جج جنہوں نے حکم صادر کیا تھا وہ موجود نہ تھا۔

(پی ایل جے 1990ء سپریم کورٹ 42 + پی ایل ڈی 1990ء سپریم کورٹ 76)

**Award rule of Court- Objection to Jurisdiction of Court.**

عدالت کا ایوارڈ رول (Award rule) بنانے پر اعتراض: عدالت کا اختیار سماعت: ایوارڈ جس کی مالیت 30 ہزار روپے تھی، اسے عدالت درخواست میں اعتراض اٹھایا گیا جو کہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 12(2) کے تحت دائر کی گئی اور قانون ثالثی، 1940ء کی دفعات 20 اور 33 کے تحت دائر کی گئی جس میں یہ الزام لگایا گیا کہ یہ فریب کاری اور غلط بیانی کا نتیجہ ہے۔ درخواست کو سول جج درجہ سوئم کی جانب سے قبول کیا گیا جس کو 25 ہزار روپے کی مالیت تک اختیار حاصل تھا۔ قرار پایا چونکہ ریفرنس کے نفس مضمون کے ایوارڈ کی مالیت جو کہ سول جج درجہ اول کی طرف سے منظور کردہ تھی کی حد بندی سول جج درجہ سوئم کی حد بندی میں نہ آتی تھی اور اس معاملے میں اس کا اختیار نہ تھا اور درخواست کا فیصلہ نہ کرسکتا تھا کیونکہ لفظ ''عدالت'' جو کہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 12(2) میں استعمال کیا گیا ہے اس کی تعبیر ایسی عدالت سے کی جانی چاہیے جس کو اس معاملہ میں اختیار حاصل ہے۔ (2001ء سی ایل سی 702 (اے))

Marfat.com

## علاقہ غیر میں قانون کی توضیح

پٹیشنر کی درخواست زیر دفعہ (2) 12 ترمیمی آرڈیننس نمبر X 1980ء کے تحت خارج ہوگئی کیونکہ علاقہ غیر میں توسیع نہ تھا۔ اس لئے درخواست قابل پیش رفت نہ تھی۔

سپریم کورٹ میں اپیل منظور ہوئی کہ کیا آرٹیکل 247 آئین پاکستان حالات مقدمہ کے تحت قابل توجہ ہے۔

(ایس سی ایم آر 1991ء صفحہ 379)

تیسرے فریق کی طرف سے درخواست چیلنج کیا گیا کہ ڈگری فراڈ سے حاصل کی گئی ہے اس کی کیا قانونی حیثیت ہے۔ ایسی درخواست اس شخص کی طرف سے جو کہ دعویٰ میں فریق نہ تھا وہ درخواست قابل سماعت نہ ہے۔

(پی ایل ڈی 1985ء کراچی - صفحہ 705 + ایس سی ایم آر 1984ء صفحہ 586 + سی ایل سی 1991ء نوٹ 312 صفحہ نمبر 236)

## متفقہ ڈگری فریق۔ اس کا اطلاق

سائل کی درخواست جو کہ ہائیکورٹ میں پیش کی جس میں اس شق کی غلطی میں سائل نے انحصار کیا تھا۔ ہائیکورٹ نے درستگی نہ کی یا غلط کو درست کرنا چاہئے تھا یا ہائیکورٹ زیر دفعہ 153 ضابطہ دیوانی کے تحت اختیارات استعمال کرنے سے انکار کر دیا۔ ان تمام وجوہات کی وجہ سے مقدمہ اپیل سپریم کورٹ میں منظوری کے قابل تھا۔

(پی ایل ڈی 1988 سپریم کورٹ صفحہ 39 = پی ایس سی 1991 صفحہ 1384)

رینٹ کنٹرولر نے درخواست منظور کر لی۔ اسے کرایہ دار نے ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا۔ وہاں پر فریقین کے درمیان صلح ہوگئی اور کرایہ دار کو اجازت مل گئی وہ 91 / 3- 6 تک یا قبل از خالی کر دے۔ سائل نے 91 -2 - 21 کو زیر دفعہ (2) 12 درخواست گزاری کہ اس کے متوفی باپ نے متنازعہ گھر کو مالک جائیداد کے پیشرو سے مورخہ 22-4-86 کو خرید کی تھی۔ جس کا ریونیو محکمہ ریکارڈ انتقال درج ہوا مگر اسی دن اس کا والد فوت ہوگیا جس وقت متنازعہ جگہ خرید لی گئی تھی اور اس کو اس خرید کا 16-2-91 کو علم ہوا۔

محض بے دخلی حکم میں خلل پیدا کرنے اور عملدر نہ ہونے کے لئے ہے جو کہ

Marfat.com

فریقین کے درمیان صلح نامہ کی وجہ سے کیا گیا ہے۔لہٰذا کرایہ دار کو معقول وقت دیا گیا ہے کہ وہ متنازع جگہ کا قبضہ واپس کر دے اور انتقال بے ایمانی سے مل کر یا ملی بھگت سے اندراج کیا گیا ہے۔ سپریم کورٹ اپیل میرٹ کو تقسیم ہونے کی بناء پر ان حالات میں خارج کیا جاتا ہے۔

(1991ء ایس سی ایم آر 1988)

زیر دفعہ (2)12 ضابطہ دیوانی کا اطلاق اس طرح کی کارروائی پر جہاں کارروائی آرڈیننس، 1959ء بذریعہ اپیلانٹ سے عدالت عالیہ ہو تو زیر دفعہ (2)12 ضابطہ دیوانی کی کارروائی میں قابل اطلاق ہے، لیکن رینٹ کنٹرولر کے پاس تھی۔

(1985ء سی ایل سی صفحہ 130 + 1989ء ایس سی ایم آر صفحہ 1420+
1987ء ایس سی ایم آر صفحہ 2006+1991ء ایم ایل ڈی صفحہ 813)

زیر دفعہ 13 کے تحت حکم بے دخلی کرایہ دار صلح نامہ کی صورت میں ہوا۔ درخواست زیر دفعہ (2)12 ضابطہ دیوانی اس بناء پر کہ رینٹ کنٹرولر کے پاس دھوکہ دہی، فراڈ اور اس بناء پر درخواست کا اطلاق رینٹ کنٹرول کی بطور ضابطہ دیوانی کی شق کے تحت عدالت نہ ہے اور نہ ہی اس طرح کی کارروائی قابل پیش رفت ہے۔

(پی ایل ڈی 1970ء سپریم کورٹ صفحہ 1 + 1983ء ایس سی ایم آر +
1064+ 1991ء ایم ایل ڈی صفحہ 813)

**کرایہ دار کے غیر قانونی قبضہ کے نقصانات:** دفعہ ہذا کی شرائط سے کرایہ دار کی بے دخلی کے سلسلہ میں خواہ وہ غیر قانونی ہی کیوں نہ ہو، فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا۔ (1993ء سی ایل سی 288Note)

## 13. When foreign judgment not conclusive.

**دفعہ 13۔ فیصلہ غیر ممالک کب قطعی نہیں ہے:** فیصلہ ممالک غیر ایسے امر کی نسبت قطعی ہوگا جو صریحاً اس کی رو سے درمیان انہیں فریقین کے یا درمیان ان کے جن کے ذریعہ سے متخاصمین حال یا بعض ان میں سے دعویدار ہوں اور اسی استحقاق پر خصومت کرتے ہوں۔ فیصلہ ہو چکا ہو سوائے صورت ہائے مقصد ذیل یعنی:۔

(اے) اگر عدالت مجاز (Competent jurisdiction) نے اس کو نہ سنایا ہو۔

(بی) اگر وہ حسب روئداد مقدمہ نہ کی گئی ہو۔

(سی) اگر کارروائی مقدمہ سے ظاہرہ طور پر یہ ظاہر ہو کہ یہ کارروائی کسی بین الاقوامی قانون کے غلط نظریہ پر مبنی ہے یا پاکستان کے قانون کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا گیا ہو۔ ان حالات میں جہاں کہ یہ ایسا قانون قابل اطلاق ہے۔

Marfat.com

(ڈی) اگر وہ کارروائی جس میں حاصل کردہ فیصلہ خلاف فطرت انصاف (Natural Justice) ہے۔

(ای) اگر وہ تجویز فریب (fraud) سے حاصل کی گئی ہو۔

(ایف) اگر وہ مطالبہ ایسے دعویٰ کی بناء پر ہو جو کسی ایسے قانون کی خلاف ورزی (Breach) پر مبنی ہو جو پاکستان میں نافذ العمل ہے۔

## شرح

**غیر ملکی فیصلہ:** پاکستانی عدالتوں کو غیر ملکی فیصلہ کی درستی سے متعلق تحقیقات کرنے کی ضرورت نہ ہے۔ فیصلہ کی اسی طرح اپنی جگہ پر قانونی حیثیت ہے تاہم اس مقدمہ کو منظر عام پر اجاگر کرنے کی خاطر دفعہ 13 کی ایک یا زائد شقوں کا اطلاق ہو سکتا ہے۔

(پی ایل ڈی 1981ء کراچی صفحہ 197 (DB)+ پی ایل جے 1981ء کراچی صفحہ 254)

**عدالت کی تجویز یا فیصلہ:** مجموعہ کی دفعہ 2(6) کے تحت غیر ملکی عدالت کی تجویز یا فیصلہ (Judgment) کی تعریف ایسے کی گئی ہے کہ غیر ملکی فیصلہ وہ فیصلہ ہے جسے کسی غیر ملکی عدالت نے جاری کیا ہو اور غیر ملکی عدالت سے مراد وہ عدالت ہے جو پاکستان کی حدود سے باہر واقع ہو اور جس کو پاکستان میں کوئی اختیار حاصل نہ ہو اور نہ ہی وہ وفاقی حکومت کے زیر اثر قائم ہو اور نہ ہی وفاقی حکومت کے زیر اثر جاری ہو۔ لہٰذا انڈیا، انگلینڈ اور سیلون وغیرہ میں قائم کردہ عدالتیں غیر ملکی عدالتیں ہیں۔ انڈیا میں عدالتوں کی حالت ایک خاص نوعیت کی ہے لیکن برٹش انڈیا میں جاری کردہ ڈگری جو کہ آزادی سے پہلے جاری ہو لیکن آزادی کے بعد پاکستان میں واقع نہ ہو تو ایسی ڈگری جو 14 اگست، 1947ء کے بعد غیر ملکی ڈگری قرار دی جائے گی۔ لہٰذا آسام ہائی کورٹ کی جاری کردہ ڈگری پاکستان میں غیر ملکی ڈگری تصور ہوگی۔

(اے آئی آر 1933ء مدراس 511 (ڈی بی) پی ایل ڈی 1960ء کراچی 624= پی ایل آر 1960ء (1) مغربی پاکستان 399+21 کلکتہ 509 (ڈی بی)+ 32 مدراس 469 (ڈی بی) اے آئی آر 1950ء کلکتہ 12 (ڈی بی)+ اے آئی 1951ء شملہ 225= آئی ایل آر 1951ء پنجاب 111+ پی ایل ڈی 1959ء ڈھاکہ 1401)

**Foreign decree - Awarding of interest.**

**غیر ملکی ڈگری، مفاد کی عطائیگی:** اس امر دریافت طلب کی بابت کہ آیا وہ غیر ملکی ڈگری جو کہ مفاد کی عطائیگی کے لئے جاری کی گئی ہو، وہ پاکستان میں قابل نفاذ ہے۔ اس سلسلہ میں اتنا کہنا کافی ہے کہ پی ایل ڈی 2000ء ایس سی 225 میں، ججمنٹ (Judgment) کا موجودہ مقدمہ میں حالات و واقعات کے

Marfat.com

بارے میں کوئی اطلاق نہ ہے۔حتیٰ کہ بصورت دیگر ججمنٹ 30 جون، 2001ء سے موثر و قابل نفاذ ہے اور ایسی مدت تک غیر ملکی ڈگری سے اس عذر کے تحت انکار نہیں کیا جا سکتا کہ یہ مذکورہ بالا سپریم کورٹ کی ججمنٹ کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتی۔لہٰذا اپیل کو ابتداء میں خارج کر دیا گیا۔ (2001ء پی سی ٹی ایل آر 194 (بی))

**Agreement in restraint of legal proceedings.**

**قانونی کارروائی کی پابندی اقرار نامہ میں خصوصی اختیار سماعت کی شق** (clause): اگر مناسب قانون کی صریح و واضح چوائس (Choice) موجود نہ ہو تو ایسی صورت میں عدالت کے لئے اس تعین کا رستہ کھلا ہوتا ہے کہ آیا معاہدہ میں مناسب قانون کی کوئی معنوی یا نتیجہ خیز چوائس موجود ہے، اس جگہ پر چوائس کا کوئی سوال نہیں ابھرتا جہاں فریقین نے اپنا تنازعہ عدالت یا ثالث کو کسی خاص ملک میں پیش کرنے کا متفقہ اقرار کر لیا ہو۔ایسی صورت میں فریقین کے ارادے/نیت پر عمل درآمد کیا جاتا ہے۔

(پی ایل ڈی 1981ء کراچی 197 (ref.) 2001ء سی ایل سی 479 (اے))

**کمپنی کے خلاف غیر ملکی فیصلے:** مختلف لوگوں کے الحاق سے تشکیل دی گئی کمپنی کے سلسلہ میں کوئی فیصلہ ججمنٹ جو کسی افسر، کارندے یا ایجنٹ کے خلاف جاری کی جائے، وہ تمام کمپنی پر لاگو ہو گی۔دفعہ 13 کی شرائط میں کوئی چیز ایسی موجود نہیں جس میں بنکنگ کمپنیز ریکوری آف لونز آرڈی نینس، 1979ء کی شرائط خارج کرنے کا کوئی اثر موجود ہو جو کہ غیر ملکی ججمنٹ کے سلسلے میں ہو۔

(2 مدراس 400 (ڈی بی)+23 کیو بی ڈی 519 +1990 ایم ایل ڈی 1979)

**کلاز (بی):** دفعہ 13 کی کلاز (بی) کے تحت غیر ملکی فیصلہ (Judgment) کسی بھی ایسے معاملہ میں فیصلہ کن نہیں گردانی جائے گی جس مقدمہ کا فیصلہ میرٹ کے مطابق نہ ہوا ہو۔اسے صرف اس وقت امر فیصل شدہ خیال کیا جائے جب یہ مقدمہ میرٹ پر فیصلہ کیا گیا ہو۔

(پی ایل ڈی 1987ء کراچی 593 (ڈی بی)+اے آئی آر 1955ء اوڑیسا 136 (ڈی بی)
اے آئی آر 1951ء ساؤ 537 (ڈی بی)+24 بمبئی 36 (ڈی بی))

**کلاز (سی):** کسی بھی غیر ملکی ججمنٹ کو بظاہر یا بغور مطالعہ کے بعد استثنائی صورت میں قرار نہیں دیا جا سکتا۔اگر اس کا فیصلہ بین الاقوامی قانون کے اصولوں کے مطابق کیا گیا ہو۔

(پی ایل ڈی 1969ء کراچی 109=21 ڈی ایل آر مغربی پاکستان 129)

**کلاز (ڈی):** کسی بھی غیر ملکی ججمنٹ کو صرف اس وقت حتمی اور فیصلہ کن تصور کیا جائے گا جبکہ غیر ملکی عدالت نے اس سلسلے میں تمام انصاف کے تقاضے پورے کئے ہوں۔یہ کلاز فیصلہ کے انصاف کے بارے میں نہیں بلکہ ضابطہ کے بارے میں ہے۔

(اے آئی آر 1943ء بمبئی 21 (ڈی بی)=اے آئی آر 1918ء مدراس 274 ڈی بی)

Marfat.com

**کلاز (ای):** قانون میں کوئی بھی ججمنٹ یا حکم خواہ کسی بھی اعلیٰ ٹریبونل نے جاری کیا ہو یا کسی بااختیار طریقہ سے جاری کیا گیا ہو، کالعدم قرار دیا جائے گا۔ کیونکہ دھوکہ انتہائی باضابطہ معاملات کو بھی گندا کر دیتا ہے۔

(پی ایل ڈی 1954ء لاہور 745 = پی ایل آر 1955ء لاہور 111 (ڈی بی) = 1889ء پنجاب دی نمبر 2 صفحہ نمبر 2 = 7 مدراس 164 (ڈی بی)+10 کیو بی ڈی 295 + 17 کلکتہ 769 (ایف بی)

**کلاز (ایف):** جب کوئی غیر ملکی ججمنٹ مسلمان باپ کے بچوں کو کسی عیسائی ماں کی تحویل میں جو کہ کینیڈا کی رہائشی ہو، دے دے تو اس صورت میں قرار پایا گیا کہ ایسی ججمنٹ پاکستان میں لاگو نہ ہوگا کیونکہ یہ اسلامی قانون کے منافی ہے جو کہ ہیز افت کے ضمن میں پاکستان میں اطلاق پذیر ہے۔

(این ایل آر 1981ء سول 265 = پی ایل ڈی 1981ء پی سی کیو 110 (ڈی بی))

**14-Presumption as to foreign judgments.**

دفعہ 14- **غیر ملکی عدالت کے فیصلے کی نسبت قیاس:** جب کوئی دستاویز پیش کی جائے جس سے ظاہر ہوتا ہو کہ وہ نقل مصدقہ کسی غیر ملکی عدالت کے فیصلے کی ہے تو عدالت قیاس (presume) کرے گی کہ فیصلہ جس کی وہ نقل ہے، ایک عدالت مجاز کی طرف سے سنایا گیا ہے۔ الاّ جب کہ مثل سے اس کے خلاف نہ پایا جائے لیکن عدالت مذکور کے اختیار سماعت نہ ہونے کا ثبوت دینے سے ایسا قیاس رفع ہوسکتا ہے۔

# مقام ارجاع نالش

# PLACE OF SUING

**15-Court in which suits to be instituted.**

دفعہ 15۔ **عدالت جہاں نالش دائر ہوگی:** ہر نالش سب سے ادنیٰ درجہ (Lowest Grade) کی عدالت میں جو اس کی تجویز کرنے کی مجاز ہو، دائر کی جائے گی۔

## شرح

**وسعت اور مقصد:** مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ (15) کا مقصد اعلیٰ عدالتوں کو ادنیٰ مقدمات کی بھرمار سے روکنا ہے۔ دفعہ ہذا صرف ضابطہ کو باقاعدہ بناتا تھا نہ کہ دائرہ اختیار کو۔ دفعہ ہذا نالش دائر کرنے کے بنیادی اصول کو وضع کرتی ہے۔

(1990ء ایم ایل ڈی 773+ پی ایل ڈی 1983ء ایس سی (اے جے کے) 43=پی ایل جے

Marfat.com

1983 ایس سی (اے جے کے)6+پی ایل ڈی 1981 ء کراچی 210==پی ایل جے 1981ء کراچی 644(ایف بی) +اے آئی آر 1951ء مدراس 93(ایف بی)+اے آئی آر 1928ء لاہور 297=9لاہور 555)

**"دائر کیا جائے گا" دفعہ(15) میں لفظ "شیل (shall) "عدالتوں پر لازم نہیں ہے اور ہائی کورٹ کو کسی ایسے مقدمہ کی کارروائی کے اختیار سے محروم نہیں کرتا جو کہ کسی ادنیٰ کورٹ/عدالت جو کہ کم دائرہ اختیار رکھتی ہو قابل کارروائی ہو۔**

(پی ایل ڈی 1984ء کوئٹہ 92=پی ایل ڈی 1983ء ایس سی (اے جے کے)43=اے آئی آر 1925ء رنگون 278)

**مالیاتی اختیار۔ ماتحت عدالتوں کی متفقہ تجویز واقعاتی:** سائل کی طرف سے دائر کردہ نالش کو ابتدائی عدالت تجویز نے برخاست کر دیا اور ماتحت عدالت اپیل نے اپیل کو برخاست کر دیا اور سائل کی طرف سے ریوین (Revision) درخواست کو ہائی کورٹ نے برخاست کر دیا۔ سائل کا اعتراض یہ تھا کہ نالش کی مالیاتی مالیت ابتدائی عدالت کے اختیار سے زائد تھی لہٰذا عدالت نالش کی سماعت کی مجاز نہ تھی۔ سائل اپنا مقدمہ عدالت تجویز اور ماتحت عدالت اپیل کے روبرو میرٹ پر ہار گیا اور اسی طرح ہائی کورٹ کے روبرو بھی ہار گیا لہٰذا انہیں قائل کرنے کی اجازت نہ دی جا سکتی تھی اور نہ ہی مالیاتی اختیار کا عذر قائم کرنے کی اجازت دی جا سکتی تھی۔ سپریم کورٹ نے ماتحت عدالتوں کی متفقہ تجویز واقعاتی میں مداخلت سے انکار کر دیا۔ اپیل کی اجازت سے انکار۔ (2001ء ایس سی ایم آر 1258 (بی))

**مالیاتی دائرہ اختیار:** جب کسی عدالت کو دائرہ سماعت یا دائرہ اختیار روے دیا جائے اور اس کے بعد منشائے نالش کی قدر میں اضافہ عدالت کو اس کے دائر سماعت کے حق سے محروم نہیں کیا جا سکتا۔ عدالت کے مالیاتی دائرہ اختیار کو کسی بعد کی نالش کے ذریعے سابقہ فیصلہ کو چیلنج کرتے ہوئے مزید نہیں بڑھایا جا سکتا۔

(پی ایل ڈی 1954ء لاہور 655 =پی ایل آر 1954ء لاہور 776 (ڈی بی)+9ڈی ایل آر 686(پی سی)+8ڈی ایل آر 100+پی ایل جے 1986ء لاہور 256= 1986ء سی ایل سی 1451+اے آئی آر 1950ء پٹنہ 473=92پٹنہ 699(ڈی بی)۔

دعویٰ سب سے نچلی عدالت میں دائرہ کیا گیا۔ لہٰذا رول کا مقصد کہ نچلی عدالت دعویٰ سماعت کی مجاز ہے کیونکہ رول کی منشاء ضابطہ تحت عدالت میں فریقین کی رسائی ہو سکے۔ تاکہ اعلیٰ عدالتوں کے بوجہ رش کام سے بچ سکیں۔ تاہم (اعلیٰ) عدالتوں کو بھی اختیارات سماعت حاصل ہیں، مگر دعویٰ پر اثر نہیں پڑتا۔

(پی ایل جے 1983ء کراچی 361(ڈی

Marfat.com

**نالش کا دائر کیا جانا۔عدالت کا مالی اختیار وسعت:** جہاں کسی نالش کے التواء کے دوران منشائے نالش کی مالیت اس عدالت کے مالی اختیار سے زائد ہو جو کہ سماعت کر رہی ہو تو ایسی عدالت کو مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ (6) کے تحت نالش کی سماعت میں اس کے مالی اختیار سے محروم نہ کیا جائے گا۔

(2001ء ایس سی ایم آر 25 (اے))

**شفیعہ (Pre-emption):** حق شفعہ کے مقدمات جو کچھ بھی اُس کی مالیت ہو تو ایسی صورت میں عدالتوں کے اختیار سماعت کے مقصد کے تحت مالیت مالگزاری زمین کا 30 گنا ہوگا۔

(پی ایل ڈی 1960ء لاہور 1088 = پی ایل آر 1961 (ڈبلیو پی) 626 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1958ء آزاد کشمیر 27 (ڈی بی))

**بٹوارہ/تقسیم جائیداد (Partition):** بٹوارے کی نالشات میں جہاں مدعی کسی مشترکہ ملکیت میں دعویٰ کیا ہے۔ اگر نالش یہ ظاہر کرتی ہے کہ نالش کا اصل موضوع وعنوان محض مدعی کا حصہ مدعا علیہ سے علیحدہ کرنے کے لئے تھا۔ حصہ کی مالیت عدالت کا تعین نالش کے لئے کرے گی۔ پی ایل ڈی 1960ء ڈھاکہ 789 = ڈی ایل آر 329 (ایف بی) + پی ایل ڈی 1961ء ایس سی 349 = 13 ڈی ایل آر ایس سی 191 + 9 ڈی ایل آر 190۔ اگر نالش کا مقصد تمام کی تمام جائیداد کا بٹوارہ ہو تو ایسی صورت میں کل جائیداد کی مالیت کا تعین نالش کو سماعت کرنے والی عدالت کو ے گی۔ پی ایل ڈی 1960ء ڈھاکہ 565 = 12 ڈی ایل آر 329 = پی ایل آر 1961ء ڈھاکہ 59۔ ایک نالش برائے بٹوارہ میں جہاں مدعی کو قبضہ یا ملکیت سے بے دخل کر دیا جائے تو ایسی صورت میں سوٹ ویلیوایشن ایکٹ کی دفعہ (8) کا اطلاق ہوتا ہے اور کورٹ فیس کے مقاصد کے لئے دی گئی مالیت کو اختیار سماعت کی مالیت بھی ہونا چاہیئے۔ ایسے مقدمات میں مناسب طریقہ کار جس کی پیروی کی جاتی ہے جس جگہ پر دفعہ کا اطلاق ہوتا ہے، سب سے پہلے کورٹ فیس کی مالیت کا اندازہ لگایا جاتا ہے اور پھر اختیار سماعت کی مالیت کا اندازہ نہ کہ اس کے برعکس کیا جاتا ہے۔

(9 ڈی ایل آر 190 = پی ایل آر 1956ء ڈھاکہ 628)

**تعمیلی کارروائی (Execution proceedings):** دفعہ 115 کا اطلاق تعمیلی کارروائی پر نہیں ہوتا۔ لہٰذا جب کوئی درخواست برائے تعمیل ڈسٹرکٹ کورٹ میں دائر کی جاتی ہے تو ایسی صورت میں ڈسٹرکٹ کورٹ ڈگری تحریر کر سکتی ہے یا وہ ڈگری کو ماتحت عدالت کو منتقل کر سکتی ہے۔ جب تک عدالت ڈگری کو ماتحت عدالت کو منتقل نہ کر دے تو ایسی صورت میں کوئی بھی ڈگری ہولڈر ڈسٹرکٹ کورٹ کے علاوہ کسی دوسری عدالت میں تعمیل کے لئے درخواست دائر نہیں کر سکتا۔

(اے آئی آر 1963ء مانی پور 45)

Marfat.com

## دفعہ 16 نالش وہاں دائر ہوگی جہاں امر متنازعہ واقع ہو:

**(Suits to be instituted where Subject - Matter situate)**

بقید تعداد مالیت یا اور قیود کے جو کسی قانون کی رو سے مقرر ہوئی ہیں مقدمات از۔

(الف) واسطے حصول جائیداد و غیر منقولہ Immovable property بمعہ یا بغیر زر لگان Rent یا منافع Profits کے۔

(ب) واسطے تقسیم Partition جائیداد غیر منقولہ کے۔

(ح) جائیداد غیر منقولہ کے بیع یا نیلام یا انفاک رہن یا کسی اور بار کے رفع کرانے کے واسطے۔

(د) واسطے تصفیہ کرانے کسی حق یا مرافق کے جو جائیداد غیر منقولہ میں یا اس سے متعلق ہوں۔

(ر) جائیداد غیر منقولہ کو جو نقصان Wrong پہنچا ہو اس کی تلافی Compensation کے لیے۔

(و) واسطے پانے Recovery جائیداد منقولہ کے جو فی الواقع تحت حراست Distraint یا ترقی Attachment ہو۔

اس عدالت میں دائر کیے جائیں گے جس کے اختیار سماعت کے حدود ارضی کے اندر جائیداد واقع ہو، یا ان نالشوں کی صورت میں جن کا حوالہ شق (ح) میں دیا گیا' اس مقام پر جہاں سبب فعل کا ملایا جزوا" سرزد ہوا۔

مگر شرط یہ ہے کہ جو نالش واسطے داد رسی کے ایسی جائیداد غیر منقولہ کی نسبت کے یا معاوضہ نقصان ایسی جائیداد غیر منقولہ کے ہو جو مدعا علیہ کے قبضہ میں ہو یا مدعا علیہ کے لیے کسی اور کے قبضہ میں ہو اور خود مدعا علیہ کی تعمیل حکم سے اس تمام داد رسی کا حصول ممکن ہو تو جائز ہے کہ اس عدالت میں رجوع کی جائے جس کے علاقہ کی حدود ارضی کے اندر جائیداد واقع ہو۔ یا ان نالشوں کی صورت میں جن کا حوالہ شق (ح) میں دیا گیا' اس مقام پر جہاں سبب فعل کاملا" یا جزوا" سرزد ہوا ہو یا اس عدالت میں جہاں اس عدالت کو اختیار سماعت ہے جہاں کہ مدعا علیہ واقعتہ" یا رضاکارانہ طور پر رہتا ہو' یا کاروبار کرتا ہو'

Marfat.com

یا بذات خود نفع حاصل کرنے کے لئے کام کرتا ہو۔

تشریح (Explanation): اس دفعہ میں جائیداد (property) کے لفظ سے وہ جائیداد مراد ہے جو پاکستان میں واقع ہو۔

## شرح

دعویٰ فیصلہ اراضی۔ نصین ملتان واقع ہے۔

کیا ہائیکورٹ کراچی کو اختیارات سماعت دعویٰ حاصل ہیں؟

والی موقف کا پیدا ہوتا ہے کہ دعویٰ فیصلہ اراضی متنازعہ ملتان ضلع میں ہے جو کہ صوبہ پنجاب میں ہے۔ اسے ہائیکورٹ سندھ کو اختیارات سماعت حاصل نہ ہیں۔

(پی ایل جے 1990ء کراچی 355+ سی ایل سی 1990ء 991)

**17-Suits for immovable situate within jurisdication of different Court.**

دفعہ 17- نالش نسبت ایسی جائیداد غیر منقولہ کے جو مختلف عدالتوں کے علاقہ اختیار میں واقع ہو: اگر نالش واسطے دادرسی کے نسبت ایسی جائیداد غیر منقولہ کے یا معاوضہ نقصان ایسی جائیداد غیر منقولہ کے ہو جو متعدد عدالتوں کے علاقہ اختیار میں واقع ہو تو جائز ہے کہ نالش اس عدالت میں رجوع کی جائے جس کے علاقہ اختیار کے اندر اس جائیداد کا کوئی جزو واقع ہو۔

بشرطیکہ دعوے کے امر متنازعہ فیہ کی مالیت کے لئے کل مطالبہ ایسی عدالت کے اختیار سماعت میں ہو۔

## شرح

نظامت بحوالہ آرڈیننس ہائیکورٹ کو اختیارات سماعت: دعویٰ واپسی رقم اجرت۔ ہائیکورٹ کے اختیارات سماعت۔ اعتراضات۔ مدعا علیہم بذریعہ مقامی ایجنٹ پاکستان میں کاروبار کر رہا ہے۔ مدعی کو چھٹی، تقرری اور معاہدہ ملازمت بمقام کراچی ہوا۔ ٹیلیگرام جس کے ذریعہ وجہ تناؤ پیدا ہوئی جس میں برخاستگی ملازمت وہ بھی کراچی ہی موصول ہوا۔ اس لئے ہائی کورٹ سندھ بمقام کراچی کو دعویٰ سماعت کرنے کے اختیارات حاصل ہیں۔ (1991ء سی ایل سی 473)

دعویٰ دائر کی جگہ: مندرجہ بالا دفعات کے تحت ہائیکورٹ بطور اصل (original) اختیارات سماعت دعویٰ حاصل نہ ہیں۔ ہائیکورٹ کو اختیارات سماعت دعویٰ اندر حدود اختیارات وجہ تناؤ پیدا ہونے پر حاصل ہیں۔ صدر اختیارات کے تعین کرنے کا طریقہ کار وغیرہ شامل ہیں۔ (1991ء سی ایل سی 684)

زیر دفعات 16-17 کے تحت پابندی کو ختم کیا گیا۔ بذریعہ اصل ابتدائی اختیارات سماعت ہائیکورٹ

Marfat.com

مجاز ہے۔لہٰذا ہائی کورٹ کی اصل ابتدائی اختیار تک سماعت کی پاداش میں دعویٰ زائد مالیت ایک لاکھ کو مملت کرنے کی مجاز نہ ہے۔ (پی ایل ڈی 1964ء کراچی 11+پی ایل ڈی 1975ء کراچی 88+ 1988ء سی ایل سی 59)

**دعویٰ برائے واپسی قرضہ رقم اور علاقائی اختیارات سماعت عدالت:** حساب کتاب کے تعین واسطے درخواست گزار قرضہ لینے دینے کی استدعا پر اس جگہ ہوا جہاں متبادل دعویٰ واپسی رقم اس کے خلاف دائر ہوا تھا۔لہٰذا دعویٰ موزوں جگہ مقام پر دائر ہوا اور عدالت کو اختیارات سماعت دعویٰ حاصل ہیں۔

(1988ء سی ایل سی 969)

**18- Place of institution suits where local limits of jurisdiction of Courts are uncertain.**

**دفعہ 18۔مقام رجوع نالش جب کہ اختیارات کی حدود ارضی غیر یقینی ہوں:(1)** جب کہ دو یا زیادہ عدالتوں میں سے کسی مقامی اختیارات کی حدود میں کوئی غیر منقولہ جائیداد واقع ہے کہ غیر یقینی کی نسبت عذر کیا جاوے،ایسی عدالتوں میں سے کوئی ایک،اگر اس امر کی نسبت تسلی ہو جائے کہ معترضہ غیر یقینی کی وجوہات ہیں،اس امر کی نسبت بیان قلم بند کر کے مابعد اس جائیداد کی نسبت تحقیق و فیصلہ کرے گی اور اس ڈگری کا وہی اثر ہوگا گویا وہ جائیداد اس عدالت کے حدود اختیار میں واقع ہے:۔

مگر شرط یہ ہے کہ یہ نالش باعتبار نوعیت اور مالیت نالش کے ایسی ہو کہ عدالت اس کی سماعت کی مجاز ہو۔

(2) اگر کوئی بیان (statement) ضمنی دفعہ (1) کے بموجب قلمبند نہ کیا جائے اور اپیل (Appellate) یا نظر ثانی (revisional Court) ہو،اس میں یہ عذر کیا جائے کہ نالش جائیداد مذکورہ میں جو ڈگری یا حکم صادر ہوا وہ ایسی عدالت کی طرف سے صادر ہوا جسے جہاں جائیداد واقع ہے اس کی نسبت اختیار سماعت نہ تھا تو وہ عدالت اپیل یا نظر ثانی اس عذر کو نہ سنے گی اگر اس کی رائے میں بوقت رجوع نالش کوئی معقول وجہ شک کی نہ ہو نسبت اس کے کہ عدالت ماتحت جائیداد کی نسبت اختیار سماعت رکھتی تھی اور تاوقتیکہ اس سبب سے بے انصافی نہ ہوئی ہو۔

## شرح

**وسعت اور مقصد:** دفعہ ہذا کا اصل مقصد اس مشکل یا پریشانی سے بچانا یا گریز کرنا ہے جو کہ اختیار سماعت کی بابت ہو جو کہ عام طور پر اُس وقت رونما ہوتی ہے جب کسی جائیداد کی حدود کسی دریائی عمل کی وجہ سے تباہ ہو جاتی ہیں یا کسی اور وجہ سے تباہ ہو جائیں جس کی وجہ سے عدالت کے اختیار کا تعین مشکل ہو

Marfat.com

جائے کہ معاملہ کس عدالت کے اختیار میں ہے۔ دفعہ ہذا کے اصول کا اطلاق تعمیلی کارروائی پر نہیں ہوتا ہے خواہ یہ شرط کے طور پر اقرار کو تعمیلی ڈائن کے طور پر پابند نہ بھی کرتی ہو۔

اے آئی آر 1920 مدراس 505= 43 مدراس 135 (ڈی بی)۔

اعتراض: علاقائی اختیار سماعت کی کمی کے بارے میں اعتراض انصاف کی ناکامی کی عدم موجودگی کی صورت میں بہت معمولی نوعیت کا ہوتا ہے۔ (پی ایل ڈی 1961ء ڈھاکہ 616۔ لہٰذا اختیار سماعت کی بابت ایک اعتراض کو ابتدائی عدالت میں لایا جانا چاہیئے اور جب تک اس طرح نہ لایا جائے تو ابتدائی عدالت کی ڈگری کو اپیل میں مسترد نہیں کیا جا سکتا محض علاقائی اختیار سماعت کی غیر یقینی ہونے کی بنیاد پر۔ (اے آئی آر 1928ء پٹنہ 324۔ (ڈی بی))

**19- Suits for compensation for wrongs to persons or movables.**

دفعہ 19۔ نالشات معاوضہ بابت نقصان ذات یا جائیداد: ذات یا جائیداد منقولہ کو نقصان پہنچانے کے معاوضہ کی نالش میں، اگر وہ نقصان کسی عدالت کے علاقہ کی حدود ارضی (Jurisdiction) کے اندر پہنچا ہو اور مدعا علیہ دوسری عدالت کے علاقہ کی حدود ارضی کے اندر رہتا یا کاروبار کرتا یا منفعت کے لئے بذات خود کام کرتا ہو تو مدعی کو اختیار (option) ہے کہ اپنی مرضی کے مطابق دونوں عدالتوں میں جس میں چاہے نالش رجوع کرے۔

## تمثیلات (Illustrations)

(اے) زید نے جو کہ کراچی میں رہتا ہے عمر کو کوئٹہ میں پیٹا تو جائز ہے کہ عمر کوئٹہ یا کراچی میں جہاں چاہے زید کے خلاف نالش کرے۔

(بی) زید نے کہ کراچی میں رہتا ہے۔ ڈھاکہ میں بیانات ازالہ حیثیت عرفی (defamatory) نسبت عمرو کے شائع کئے تو جائز ہے کہ عمرو کراچی میں زید پر نالش کرے یا کوئٹہ میں۔

## شرح

وسعت و مقصد: دفعہ 19 کو مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ کی استثناء تصور نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بات درست ہے کہ دفعہ 19 کے احکامات کسی حد تک دفعہ 20 کے احکامات کے اوپر آتے ہیں لیکن دفعہ 19 دفعہ

Marfat.com

20 کی محض ایک توسیع ہے۔اس کو وضع کرنے کا مقصد صرف یہ دکھائی دیتا ہے کہ اُس صورت کو ختم کیا جائے جس میں لوگوں کے ساتھ کسی قسم کا عمل/فعل بجا کیا جاتا ہے یا منقولہ جائیداد وہ جگہ ہوتی ہے جہاں کارروائی کا موقف مجموعہ کی دفعہ 20(سی) کے معنی کے اندر ابھرتا ہے۔ (اے آئی آر 1961ء میسور 188)

کسی شخص یا جائیداد منقولہ کو نقصان/ضرر: دفعہ ھذا کا اطلاق کسی شخص یا کسی منقولہ جائیداد کو ضرر یا نقصان پہنچانے کی صورت میں ہوتا ہے۔8 مو(Moo) آئی اے 103+25 بمبئی 230- معاوضہ کی ایک ایسی نالش میں جس میں کسی شخص یا اس کی منقولہ جائیداد کو نقصان پہنچایا گیا ہو تو مدعی کی رہائش گاہ کو دفعہ 19 کے معنی کے اندر علاقائی اختیار سماعت کا تعین کرنے کے لئے زیر غور نہیں لایا جاسکتا۔ اسکے برعکس کسی شخص کو مدعا علیہ کے خلاف معاوضہ کا دعویٰ کرنے کا اختیار اس مقام تک محدود ہے جہاں ضرر پہنچایا گیا ہو یا وہ عدالت جس کے دائرہ اختیار میں وہ شخص رہائش پذیر ہو یا جس علاقہ میں وہ اپنا کاروبار کرتا ہوگا اور ذاتی طور پر فائدہ اٹھانے کے لئے کام کرتا ہوگا۔ (1999ء سی ایل سی 1722+این ایل آر 1991ء سول 759)

فائدہ حاصل کرنے کے لئے ذاتی طور پر کام کرنا: جہاں نقصان یا ہرجانے کی وصولی کے لئے ہائی کورٹ میں نالش دائر کی گئی ہو جو کہ فیٹل ایکسیڈنٹ ایکٹ، 1855 کی شرائط کے تحت متوفی کے وارثان کی طرف سے نالش دائر کی گئی ہو نہ تو کارروائی کا موقف سول ڈسٹرکٹ کراچی میں ہو نہ ہی مدعا علیہان ایسی علاقائی حدود کے اندر رہائش پذیر ہوں یا کام کاروبار کرتے ہوں تو ایسی صورت میں ہائی کورٹ کو کوئی علاقائی اختیار نہیں ہوتا۔

لہٰذا نالش کے عرضی دعویٰ کو مدعی کو واپس کر دیا گیا تاکہ وہ اُسے اُس عدالت میں پیش کرے جہاں اُس معاملہ میں عدالت کا اختیار سماعت موجود ہو۔ (1999ء سی ایل سی 1722)

علاقائی اختیار سماعت کی کمی: وہ عرضی دعویٰ جو کہ علاقائی اختیار سماعت سے متاثر ہو، اُسے مسترد نہیں کیا جاسکتا تھا، لیکن اسے مناسب عدالت کے روبرو واپس لوٹایا جاسکتا تھا۔ (1986ء سی ایل سی 1181)

دعویٰ تنسیخ نکاح پر بنائے (Jactitation) دائر ہوا جو بر بنائے کی اختیارات سماعت پر خارج ہوگیا۔ ایپلانٹ عدالت نے ریکارڈ کے مطابق میرٹ پر دعویٰ ڈگری کر دیا، اس بناء پر کہ دعویٰ غلط عدالت میں داخل ہوا تھا اور ایپلانٹ عدالت نے عدالت مجاز میں از سر نو سماعت کی ہدایت تحت ریمانڈ کیا جو قابل سماعت نہ ہے۔ ہائیکورٹ نے متبادل اختیارات سماعت کا رسوال تحت رٹ اختیارات کو موزوں طور پر ہی انکار کیا تھا۔ لہٰذا ابتدائی سماعت پر اپیل انکاری۔ (1988ء ایس سی ایم آر 1751)

دعویٰ ہرجانہ اور حادثہ عدالت کی حدود اختیارات سے باہر بمقام ''K'' پر حادثہ ہوا تھا اور مدعا علیہ

Marfat.com

جس کے خلاف دعویٰ ہوا تھا وہ بھی تسلیم شدہ بات ہے کہ عدالتی حدود اختیارات سے باہر کا باشندہ ہے اور جہاں بوقت دعویٰ دائر بمقام "K" پر موجود نہ تھا۔ لہٰذا عدالت کو بمقام "K" کے متعلق حدود اختیارات سماعت سے باہر ہے، اس لئے دعویٰ قابل سماعت نہ ہے۔

**دفعات 19 اور 20 کی شق قابل توجہ نہ ہیں:** قانون غیر ملکی تحت مدعا علیہ نے متوفی کے وارثان میں رقم تقسیم کرنے کے لئے جمع کرائی تھی چونکہ متوفی پاکستانی اور مسلمان ہے، اس لئے اس کے قانونی وراثان کے درمیان مسلم پرسنل لاء کے تحت رقم تقسیم کرنے کی ہدایت ہوئی۔ (1988ء ایم ایل ڈی 1311)

**20. Other suits to be instituted where defendents reside or cause of action arises.**

**دفعہ 20۔ دیگر نالش وہاں دائر ہونی چاہیے جہاں مدعا علیہ رہتا ہو یا جہاں بنائے مخاصمت پیدا ہو:** برعایت قیود (subject to limitation) متذکرہ صدر نالش اس عدالت میں رجوع کی جائے گی جس کے علاقہ اختیار کی حدود ارضی کے اندر:۔

(اے) مدعا علیہ یا اگر کوئی مدعا علیہم ہوں تو ان میں سے ہر ایک دائری دعویٰ کے وقت فی الواقع اور بلا ارادہ رہتا ہو یا کاروبار کرتا ہو یا حصول منفعت کے لئے بذات خود کوئی کام کرتا ہو۔ یا

(بی) اگر مدعا علیہم میں سے کوئی جہاں کہ ایک سے زیادہ ہوں، دائری دعویٰ کے وقت فی الواقعہ اور بلا ارادہ سکونت رکھتے ہوں یا کاروبار کرتے ہوں یا منفعت کے لئے بذات خود کوئی کام کرتے ہوں۔ بشرطیکہ اس صورت میں عدالت ایسی دائری کی اجازت دے یا وہ مدعا علیہم جو کہ حسب مذکورہ بالا سکونت نہ رکھتے ہوں یا کاروبار نہ کرتے ہوں یا منفعت کے لئے بذات خاص کام نہ کرتے ہوں، جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا، ایسی سکونت کے بارے میں تسلیم یا سکونت کریں یا

(سی) بناء دعوے کلیاً "یا جزواً" پیدا ہوئی ہو۔

**تشریح۔ I (Explanation):** جس حال میں کہ کوئی شخص سکونت مستقل ایک مقام پر رکھتا ہو اور دوسری جگہ سکونت عارضی بھی رکھتا ہو تو کسی بنائے دعویٰ کی نسبت جو اس کے چندروزہ رہنے کے مقام پر واقع ہو، یہ سمجھا جائے گا کہ وہ دونوں مقام پر سکونت رکھتا تھا۔

Marfat.com

**تشریح۔ II (*Explanation*)**: کسی جماعت رجسٹری شدہ (Corporation) کے کاروبار کا ہونا اس کے صدر دفتر یا پاکستان میں خاص دفتر ہونا سمجھا جائے گا یا نسبت کسی بنائے دعوے کے جو اس جگہ واقع ہو جہاں جماعت مذکور کا کوئی دفتر ماتحت ہو، اس دفتر میں کاروبار ہونا تصور کیا جائے گا۔

## تمثیلات (*Illustrations*)

(اے) زید ایک بیوپاری لاہور میں ہے۔ بکر کراچی کاروبار رکھتا ہے۔ بکر نے بتوسط اپنے ایجنٹ کے جو لاہور میں ہے زید سے مال خرید کیا اور زید کو لکھا کہ وہ مال پاکستان انٹرنیشنل ایئرویز کمپنی کے حوالہ کر دے، زید نے اس کے مطابق لاہور میں مال حوالہ کیا تو جائز ہے کہ زید قیمت مال کی بابت لاہور میں جہاں بنائے دعویٰ پیدا ہوئی ہے خواہ کراچی میں جہاں بکر کاروبار کرتا ہے، بکر پر نالش کرے۔

(بی) زید مری میں رہتا ہے اور عمر لاہور میں اور بکر کراچی میں یہ تینوں زید، عمر اور بکر بہاول پور میں یک جا ہوئے اور عمر اور بکر نے بالاشتراک (joint) ایک پرامیسری نوٹ جو عندالطلب واجب الادا تھا، لکھ کر زید کے حوالہ کیا تو جائز ہے کہ زید، عمر اور بکر پر بہاول پور میں نالش کرے جہاں بنائے دعویٰ پیدا ہوئے اور یہ بھی جائز ہے کہ زید ان پر مری میں نالش کرے جہاں عمر سکونت رکھتا ہے یا کراچی میں جہاں کہ بکر رہتا ہے مگر ان دونوں صورتوں میں اگر وہ مدعا علیہ جو سکونت نہیں رکھتا ہے، اعتراض کرے تو مقدمہ بلا اجازت عدالت میں چل نہ سکے۔

## شرح

مدعی دعویٰ دائر کرنے کا مستحق ہے جہاں وجہ عناد پیدا ہوا۔ دعویٰ کا فیصلہ بلا شہادت قلمبند کرنے پر کر سکتے ہیں۔

(1988ء ایم ایل ڈی 1551)

**Term "cause of action".**

**اصطلاح ''کارروائی کا سبب/موقف'' کی شرح وتشریح**: ''لفظ کارروائی کا سبب'' ہر اس واقعہ پر مشتمل ہوتا ہے اگر اس کی تردید کر دی جائے یہ مدعی کے لئے ججمنٹ کے حق کی سپورٹ کے لئے ثابت کرنا ضروری ہوتا ہے اور اگر یہ ثابت نہ کیا جائے تو ایسی صورت میں یہ مدعا علیہ کو ججمنٹ کا حق عطا کرتا ہے۔

(2001ء سی ایل سی 104 (اے))

Marfat.com

عائلی عدالت کا علاقائی اختیار سماعت۔ نابالغوں کے لئے نان ونفقہ الاؤنس کی نالش۔ دو مختلف رہائش گاہیں: مدعی طلاق کے بعد اپنے والدین کے گھر میں مقام "آئی" پر عارضی طور پر رہائش پذیر تھی اور اس کی بیٹیاں اس کی سرپرستی میں ہونے کی وجہ سے مقام "کے" پر عارضی طور پر رہائش پذیر تھیں جو کہ اپنی تعلیم کے سلسلہ میں وہاں رہ رہی تھیں۔ نالش نان ونفقہ کو مقام آئی پر دائر کیا گیا اور اسے مدعی کی حمایت میں ڈگری کر دیا گیا۔ ڈگری کے خلاف ماتحت عدالت اپیل میں دائر کردہ اپیل کو برخاست کر دیا گیا۔

جواز۔ مدعیہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 20 کے احکامات کے تحت اپنی مستقل رہائش کے مقام پر اور عارضی رہائش کے مقام پر کسی بھی جگہ نالش دائر کر سکتی تھی۔ نابالغاں کی عارضی رہائشی مقام کو ان کی ماں کا مستقل رہائشی مقام تصور کیا جائے گا۔ کارروائی کا سبب مدعیہ کی حمایت میں ان کی سرپرست کے طور پر مقام "آئی" کو تصور کیا جائے گا جہاں وہ مستقل طور پر رہائش پذیر تھی اور اس کی بیٹیوں کا رہائشی مقام "کے" عائلی عدالت کے مقام "آئی" پر اختیار سماعت کو نالش برائے نان ونفقہ کے سلسلہ میں متاثر نہ کرے گا۔ مدعیہ مقام "آئی" یا مقام "کے" میں سے کسی بھی مقام کو اختیار سماعت کے لئے طلب کر سکتی تھی اور دونوں عدالتیں ایک سا اختیار سماعت ہونے کی وجہ سے نالش کی سماعت کرنے کی مجاز تھیں۔ جہاں مدعیہ شادی تحلیل ہونے کے بعد مقام "آئی" پر رہائش پذیر ہو اور نابالغاں اس کی سرپرستی میں ہوں تو بنائے نالش مقام "آئی" پر ان کی حمایت میں ہوگی اور ان کی رہائش کا عمومی مقام قانون کے تحت مقام "آئی" ہوگا۔ نالش مقام "آئی" پر دائر کی گئی جو کہ عائلی عدالت کے علاقائی اختیار سماعت کے نقص سے دوچار نہ تھی۔ مدعا علیہ ججمنٹ اور ڈگری کو غیر قانونی ثابت کرنے میں کسی غلط تعبیر یا عدم تعبیر کے بارے میں وضاحت کرنے میں ناکام رہا یا ہائی کورٹ کے آئینی اختیار سماعت میں نتیجہ اخذ کرنے کے بارے میں غلط ثابت کرنے میں ناکام رہا۔

(پی ایل ڈی 2001ء لاہور 188 (بی))

عائلی عدالت کا علاقائی اختیار سماعت مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 20 کے تحت آتا تھا جہاں نالش کو فیملی کورٹس قواعد، 1965ء کے قاعدہ نمبر 5 کے تحت کسی غلط عدالت میں دائر کیا گیا ہو تو عرضی دعویٰ کو مدعی کو واپس لوٹا دیا جائے گا۔ (پی ایل ڈی 2001ء لاہور 188 (اے))

ادارے کا ہیڈ آفس بمقام "ایل" جس کے خلاف دعویٰ داخل ہو چکا تھا۔ ماتحت عدالت اپیل کا نظریہ کہ عدالت کو مقام "ایل" پر بھی اختیارات سماعت دعویٰ حاصل ہیں بے شک وجہ عناد مختلف مقامات پر پیدا ہوئی ہو، اس کے عدالت اختیارات استعمال کرنے میں غلطی پر نہ ہے۔ (1988ء سی ایل سی 1764)

ہائی کورٹ دفعہ 20 کی شق کا قابل اطلاق نہ ہے، جبکہ زیر دفعات 16، 17، 20 ضابطہ دیوانی کی

Marfat.com

پابندی کو ہٹا دیا گیا ہے تو ہائیکورٹ کی اصل اختیارات میں توسیع کر کے دعویٰ سماعت کرنے کے اختیارات دیئے گئے ہیں۔ (1989ء ایم ایل ڈی 1656)

**عدالت کے علاقائی اختیارات:** اگرچہ مدعا علیہم کاروبار بمقام ''ایل'' پر چلا رہے تھے لیکن ان میں سے ایک دفعہ ہی متنازعہ مال اپنا بتایا ہوا بمقام ''ایس'' پر فروخت کر رہا تھا۔ مدعی کا وجہ عناد ضائع ہوا۔ وجہ عناد کا حصہ واضح طور پر مدعی اندور صدر اختیارات عدالت قیام ''ایس'' کو حاصل ہو گیا۔ اس لئے دعویٰ بمقام ''ایس'' پر درست طور پر داخل کیا گیا ہے۔ (1989ء اے ایل ڈی 41(2))

ملٹری کا معاہدہ بمقام UP میں ہوا اور کام کا اجراء UP میں ہی ہوا، لیکن رول آف کورٹ بنانے واسطے کارروائی ہائیکورٹ دہلی میں داخل ہوئی۔ لہٰذا ہائیکورٹ دہلی کو اختیارات سماعت حاصل نہ ہیں۔

(1989ء ایم ایل ڈی 1277)

پی آئی اے (P.I.A) کے ملازم کو چھٹی پر برخاستگی ملازمت کے دوران (stay) عارضی رہائش بمقام ''K'' موصول ہوا، جاری ہوا جبکہ اس کی ایک نقل اس کے پتہ مقام ''L'' پر بھیج دی گئی۔ وجہ عناد کا حصہ بمقام ''L'' پر پیدا ہونا موزوں (deed) نہ ہے۔ ادارے کے خلاف دعویٰ بمقام ''K'' داخل کیا گیا جہاں ادارے کا اصل دفتر ہے۔ دعویٰ برخلاف برخاستگی ملازم بمقام ''L'' قابل سماعت نہ ہے۔

(پی ایل ڈی 1982ء پشاور 1 + 1983ء سی ایل سی 414 + پی ایل سی 1982ء (سروس) 1 + پی ایل سی 1989ء (سروس) 549)

**دعویٰ ہرجانہ:** وجہ عناد کا حصہ مقام ''ایم'' پیدا ہوا۔ لہٰذا دعویٰ قابل سماعت ہے۔ مدعی کو یہ اس کی مرضی پر اجازت دی گئی کہ وہ دعویٰ میں وجہ عناد کا حصہ پیدا ہوا داخل کر سکتا ہے۔ جس پر مدعی نے مقام ''M'' کا انتخاب کیا۔ جس پر کوئی اعتراض نہ ہوا۔ مدعا علیہ کے خلاف ڈگری صادر ہوئی، وہ ختم نہ ہوئی اور نہ دعویٰ ریمانڈ ہوا۔ (1987ء ایم ایل ڈی صفحہ 342)

**معاہدہ کو توڑا گیا اختیار سماعت:** رقم کی واپسی کی ذمہ داری، اس میں توسیع، عدالت کا اختیارات۔ جہاز میں سامان کی قیمت جس کا مدعی نے کلیم واپسی کا مطالبہ کیا، اسے مدعی نے بذریعہ ریکارڈ ثابت کیا۔ جہاز میں سامان بمقام ''K'' اور رقم واپس کا مکمل حکم ہوا لہٰذا عدالت بمقام ''K'' کو اختیارات سماعت دعویٰ حاصل ہیں۔ (1987ء سی ایل سی 1292)

وجہ عناد کا کیا مقصد ہے۔ وجہ عناد کا مطلب تمام حالات واقعات دعویٰ جو کہ مدعی نے ثابت کرنا درکار ہیں تا کہ وہ دادرسی کا مستحق بن سکے۔ (پی ایل ڈی 1987ء لاہور 91)

Marfat.com

**21- Objection to Jurisdiction.**

**دفعہ 21-عذر داری نسبت اختیار عدالت** :اگر کوئی عذر داری نسبت مقام نالش عدالت اپیل یا عدالت نظر ثانی پیش منظور نہ ہوگی تاوقتیکہ یہ عذر دار ابتدائی میں سب سے پہلے موقع اور ہر حالت میں بوقت یا قبل قرار داد امور تنقیح (Objection) کے پیش نہ کی گئی ہو اور تاوقتیکہ اسی سبب سے انصافی نہ ہوئی ہو۔

**اختیارات، عدالت پر اعتراض**: ضابطہ دیوانی اس شکل شرط پر قابل اطلاق نہ ہے۔ زیر دفعہ 21 کے منشاء فریقین کے درمیان جھگڑے میں فنی آرڈر تاخیری حربے کو ختم کرنا ہے۔ لہٰذا ضابطہ دیوانی قابل اطلاق ہے۔ (پی ایل جے 1973ء کوئٹہ 129+پی ایل ڈی 1973ء کوئٹہ 35)

اختیار سماعت کے بارے میں اعتراض عدالت ابتدائی سماعت میں اولین موقع پر لینا ضروری ہے۔ جو ڈگری ایسی عدالت نے پاس کی ہو جس کو کہ علاقائی اختیار سماعت حاصل نہ ہو، یہ قابل پابندی ہوگی اگر اولین موقع پر اختیار سماعت کا عذر نہ لیا گیا ہو۔ (1982ء ایس سی ایم آر 633+پی ایل ڈی 1985ء کوئٹہ 48)

علاقائی اختیار سماعت کے بارے میں کوئی عذر نہیں لیا گیا۔ دفعہ 21 ضابطہ دیوانی ایسا عذر اپیل یا نگرانی میں لینے سے ممانعت کرتی ہے جب تک کہ انصاف کی انجام دہی میں ناکامی نہ ہوئی ہو۔

(1994ء ایم ایل ڈی 1513)

اگر چہ مدعا علیہ نے ابتدائی عدالت (Trial Court) میں اختیار سماعت کو تسلیم کر لیا اور اس کو باقاعدہ ریکارڈ بھی کیا گیا۔ پہلی اپیل میں اختیار سماعت کا عذر نہیں لیا گیا، اس لئے مدعا علیہ کو دوسری اپیل میں اس قسم کا عذر حتمی مراحل میں اٹھانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ (1994ء سی ایل سی 1357)

**22- Power to transfer suits which may be instituted in more than the Courts.**

**دفعہ 22-ایسے مقدمات کو منتقل کرنے کا اختیار جو ایک سے زیادہ عدالتوں میں دائر ہو سکیں**: اگر کوئی مقدمہ جو دو یا زیادہ عدالتوں میں سے کسی ایک عدالت میں دائر ہو سکتا ہو ان میں سے کسی میں دائر کیا جائے تو کوئی مدعا علیہ دوسرے فریقوں کو اطلاع تحریری دے کر اور سب سے پہلے موقع اور جملہ صورتوں میں بوقت یا قبل قرار داد امور تنقیح طلب کے مقدمہ کو کسی عدالت میں منتقل کرنے کی درخواست دے سکتا ہے اور وہ عدالت جس میں یہ درخواست گزرے بعد غور کرنے عذر داری ہائے فریقین (اگر عذر داری کی جائے) یہ طے کر دے گی کہ مقدمہ کی سماعت ان متعدد عدالت ہائے مجاز میں سے کسی عدالت میں

Marfat.com

کی جائے۔

## دفعہ 23-کس عدالت میں درخواست گزرے گی :

(To What Court application lies)

(1) اگر چند عدالتیں جن کو اختیارات حاصل ہیں ایک ہی عدالت اپیل کے ما تحت ہوں تو درخواست دفعہ 22 کے بموجب عدالت اپیل میں گزرے گی۔

(2) اگر ایسی عدالتیں مختلف عدالت ہائے اپیل کی ماتحت ہوں لیکن ایک ہی ہائی کورٹ کے تابع ہوں تو درخواست ہائی کورٹ میں گزرے گی۔

(3) اگر ایسی عدالتیں مختلف ہائی کورٹوں کی تابع ہوں تو درخواست اس ہائی کورٹ میں گزرے گی جس کے علاقہ میں وہ عدالت واقع ہو جہاں کہ مقدمہ دائر کیا جائے۔

## دفعہ 24 - مقدمہ کو منتقل کرنے اور واپس لینے کا عام اختیار :

(General Power of Transfer and Withdrawl)

-1 ہائی کورٹ یا عدالت ضلع مجاز ہے کہ اہالی مقدمہ میں سے کسی کی درخواست پر فریق ہائے مقدمہ کو اطلاع دے کر اور جن فریقوں کو عرض و معرض کرنا ہو ان کا بیان سن کر یا خود اپنی مرضی سے بغیر ایسی اطلاع کے کسی نوبت پر۔

(الف) یکسی نالش ابتدائی یا اپیل یا دیگر کاروائی کو جو اس کے روبرو دائر ہو تجویز یا فیصلہ کے لئے کسی عدالت ماتحت کے پاس منتقل کر دے جو اس کی تجویز کر سکتی ہو یا اس کا فیصلہ کر دے۔

(ب) یا کسی نالش یا اپیل یا دیگر کاروائی کو جو کسی عدالت ماتحت واپس طلب کرے اور

(i) اس کی تجویز کا فیصلہ خود کرے یا۔

Marfat.com

(ii) اس کی تجویز یا فیصلہ کے لئے کسی عدالت ماتحت کے پاس منتقل کردے یا اس کا فیصلہ کردے یا۔

(iii) تجویز یا فیصلہ کے لئے اسی عدالت میں واپس بھیج دے جہاں سے وہ طلب کی گئی تھی۔

(2) اگر کوئی مقدمہ یا کاروائی ضمنی دفعہ (1) کے بموجب منتقل کی جائے یا واپس لی جائے تو برعایت ہدایات خاص درصورت حکم منتقل کے وہ عدالت جو بعد کو اس کی تجویز کرے خواہ اس کی تجویز از سر نو کرے گی یا اس مقام سے شروع کرے گی جہاں سے وہ منتقل کی گئی یا واپس لی گئی ہو۔

(3) اس دفعہ کے اغراض کے لئے اڈیشنل جج اور اسسٹنٹ جج کی عدالتیں عدالت ضلع کے ماتحت سمجھی جائیں گی۔

(4) اگر کوئی مقدمہ اس دفعہ کے بموجب کسی عدالت مطالبات خفیفہ (Court of Small Causes) سے منتقل کیا یا واپس لیا جائے تو عدالت مجوزہ مقدمہ مذکور کے اغراض واسطے اس مقدمہ کے نمبر مسلمہ عدالت مطالبات خفیفہ کے سمجھی جائے گی۔

## شرح

وسعت اور اطلاق (Scope and applicability): دفعہ 24 کا اطلاق صرف اُس جگہ پر ہوگا جہاں مقدمہ دفعہ 22 کے تحت نہ آتا ہو۔ جہاں موخر الذکر دفعہ کا اطلاق ہوگا تو ایسی صورت میں دفعہ 24 کے تحت دیئے گئے اختیارات کا اطلاق نہ ہوگا۔

(این ایل آر 1984 یوسی 562(1) + اے آئی آر 1953 الہ آباد 772)

ہائی کورٹ کسی بھی ایسی اپیل کو فیصلہ کے لئے منتقل کرنے کا اختیار رکھتی ہے جو کہ اس کے روبرو زیر التوا ہو اور کسی بھی موقع پر منتقل کرسکتی ہے اپنی ہی جانب سے اور حتیٰ کہ فریقین کو نوٹس دیئے بغیر بھی منتقل کر سکتی ہے کسی بھی ایسی عدالت کو منتقل کرسکتی ہے جو کہ اس کے ماتحت ہو بشرطیکہ وہ عدالت اس مقدمہ کے فیصلہ کا اختیار رکھتی ہوئے[1] اور ہائی کورٹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 151 کے تحت اور آئین پاکستان کے آرٹیکل 203 کے تحت مقدمات کو بھی منتقل کرسکتی ہے[2]۔ عدالت کو نالش واپس لینے کا اختیار حاصل ہے اور حکم امتناعی کا عبوری حکمنامہ جاری کرنے کا بھی اختیار حاصل ہے[3]۔ اور ایسا عبوری آرڈر ختم کرنے کا بھی اختیار حاصل ہے جو کہ ایسی عدالت کی طرف سے جاری کیا گیا ہو اور اُسی عدالت میں مقدمہ کو دوبارہ منتقل کرنے کا بھی

Marfat.com

اختیار حاصل ہے[۴]۔ مگر محض یہ امر واقعہ کہ کسی پہلی با قاعدہ اپیل کا فیصلہ اُن دو اپیلوں پر منحصر ہوتا ہے جو کہ ایڈیشنل ضلع جج کے روبرو زیر التواہوں تو یہ وجہ مقدمات کو ہائی کورٹ میں منتقل کرنے کی وجہ نہیں ہوسکتی[۵]۔

۱۔ پی ایل ڈی 1987ء لاہور 223= پی ایل جے 1987ء لاہور 206+ پی ایل ڈی 1985ء کوئٹہ 48-

۲۔ پی ایل جے 1996ء لاہور 1169-

۳۔ اے آئی آر 1945ء مدراس 69 (ایف بی) + اے آئی آر 1951ء مدراس 807 (ڈی بی)

۴۔ اے آئی آر 1945ء مدراس 69 (ایف بی)۔

۵۔ 1981ء سی ایل سی 134= پی ایل ڈی 1979ء لاہور 33+ پی ایل ڈی 1976ء لاہور 33-

**تبدیلی مقدمہ:** ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج کو تبدیلی مقدمہ کے اختیارات نہیں ہیں جب تک اسے یہ اختیارات با قاعدہ تفویض نہ کیے گئے ہوں۔ (پی ایل جے 1980ء لاہور 394)

کوڈ کی دفعہ 24 کا تعلق ایک عدالت سے دوسری عدالت کو مقدمات اور اپیلوں کی منتقلی کے اختیار سے ہے۔ یہ کسی ماتحت جج کو اپنی عدالت سے کسی دوسری عدالت کو مقدمہ منتقل کرنے کا مجاز نہیں کرتی ہے۔ بجز ڈسٹرکٹ جج یا ہائی کورٹ کے حکم کے تحت صرف جن کے پاس دفعہ مذکور کے تحت انتقال مقدمہ کا اختیار ہے۔ (پی ایل ڈی 1956ء ڈھاکہ 285)

درخواست برائے انتقال مقدمہ دائر کی گئی۔ ہائی کورٹ نے فریقین کی رضا مندی سے سائل کے مقدمہ کو تبدیل کر کے حکم دیا کہ اس کی سماعت مسئول علیہ کے مقدمہ کے ساتھ کی جائے اور دونوں میں تنقیحات یکجا کی جائیں اور ان کی سماعت یکجا کی جائے۔ (این ایل آر 1997ء سول (civil) 433)

**تبدیلی دعویٰ:** ہائیکورٹ ہدایت کرے کہ سب جج صاحب مدعا علیہ کی شہادت قلم بند کرے۔ موقف! کہ ہائیکورٹ کو اختیار نہیں ہے کہ فریقین کی شہادت قلمبند کرنے کی ہدایت کرے۔ مگر سپریم کورٹ نے اس موقف کو بحال نہ کیا۔ (پی ایل جے 1981ء سپریم کورٹ (آزاد جموں کشمیر) 36)

**کاروائی مقدمہ عدالت تحت میں زیر سماعت:** ڈسٹرکٹ جج صاحب ماتحت عدالت کو مقدمہ تبدیل کرنا۔ ہائیکورٹ اور ڈسٹرکٹ جج کو ماتحت عدالت مجاز کو مقدمات تبدیل کرنے کا اختیارات حاصل ہے تا کہ دعویٰ اپیل سماعت مجاز عدالت کر سکے۔ لیکن اس کے علاوہ دیگر کوئی مقصد نہیں ہے۔

(پی ایل جے 1983ء سپریم کورٹ (AJK) صفحہ 6+ پی ایل ڈی 1983ء سپریم کورٹ (AJK) 43)

Marfat.com

ہائی کورٹ اپنے طور پر کوئی وجہ بتائے بغیر مقدمہ منتقل کر سکتی ہے۔ (1988ء سی ایل سی 1914)

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج کو تبدیلی مقدمہ کے اختیارات نہیں ہیں جب تک اسے یہ اختیارات تفویض نہ کیے جائیں۔

(پی ایل جے 1980ء لاہور 394)

**دعویٰ دوسری عدالت میں تبدیل کرنا۔ اختیارات سماعت کی کمی کا اثر:** عام طور مقدمہ تبدیل واپسی کے اختیارات ہائیکورٹ، ڈسٹرکٹ جج کو حاصل ہیں تاکہ سماعت عدالت مجاز سماعت مقدمہ کرے۔ مگر یہ اختیارات ایسی عدالت کے لئے نہ ہوں گے جہاں دعویٰ زیر سماعت ہو اور اس عدالت کو اختیارات سماعت حاصل ہی نہ ہوں۔ (پی ایل جے 1984ء لاہور 29 + پی ایل ڈی 1984ء لاہور۔294)

لہٰذا ڈسٹرکٹ جج کے بطور انتظامیہ حکم فریقین دعویٰ مگر مدعا علیہ جس کے خلاف یکطرفہ کاروائی ہو چکی ہو تو باقاعدہ شامل ہے۔ تبدیلی دعویٰ ہونے سے اسے بھی نوٹس جانا ضروری ہے۔

(پی ایل جے 1983ء لاہور صفحہ 132 + سی ایل سی 1983ء صفحہ 286)

**درخواست تبدیلی دعویٰ:** ماتحت عدالتیں مختلف ہائیکورٹ کے ماتحت ہیں۔ درخواست تبدیلی دعویٰ کی مجاز عدالت (ہائیکورٹ) مثلاً دعویٰ ''مقامی عدالت'' اختیارات ہائیکورٹ پشاور کے علاقائی اختیارات میں واقعہ ہے، مگر سائل حدود اختیارات لاہور ہائیکورٹ میں درخواست داخل کرتا ہے۔ لہٰذا درخواست منتقلی مقدمہ ہائیکورٹ پشاور مجاز ہے۔

(پی ایل ڈی 1985ء لاہور 404 + پی ایل جے 1985ء لاہور 222)

**''عدالت مجاز کا مطلب'':** زیر دفعہ 24(1) تحت شق کا مقصد بمطابق مالیت دعویٰ اور علاقائی اختیارات سماعت مقدمہ حاصل ہوں۔ (پی ایل جے 1986ء لاہور 256 + 1986ء سی ایل سی 1451)

مدعی نے اپنے دعویٰ کو ایک عدالت دیوانی سے دوسری عدالت میں منتقلی کے لئے عدم اختیار کی وجہ بیان کی کہ مدعا علیہ کی درخواست پر عدالت نے قرار دیا کہ اختیار سماعت کے بارے میں تنقیح کو بطور ابتدائی تنقیح (preliminary issue) تصور کیا جائے۔ سماعت کرنے والی عدالت کی یہ رائے کہ اختیار سماعت کی تنقیح کو ابتدائی تصور کیا جائے گا۔ اس بناء پر یہ مفروضہ قائم نہیں کیا جا سکتا کہ ایسا فیصلہ کسی فریق کے حق یا مخالفت میں ہے۔ حتیٰ کہ کوئی بھی عبوری فیصلہ جو کہ ظاہری طور پر قانونی طریقہ پر دیا گیا ہو کسی فریق مقدمہ کو

---

1. بروئے ضابطہ دیوانی ایکٹ نمبر XII مجریہ 1994ء کے تحت ''پانچ ہزار'' کی جگہ شامل ہوا۔
2. لفظ ''سول'' ایکٹ نمبر 14 مجریہ 1994ء کے تحت حذف ہوا۔

Marfat.com

یہ حق نہیں دیتا کہ بظاہر غیر قانونی محسوس ہونے پر بھی مقدمہ منتقل کرا سکے۔ ڈسٹرکٹ جج نے منتقلی مقدمہ کا حکم دے کر اختیارات کے استعمال میں انتہائی بے ضابطگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ ڈسٹرکٹ جج کا حکم جو کہ مقدمہ کو ایک عدالت سے دوسری عدالت میں منتقل کرنے کے بارے میں تھا، منسوخ کر دیا گیا اور قرار دیا کہ دعویٰ کو دوبارہ اسی عدالت میں بھیجا جائے۔ جس کے پاس ٹرانسفر سے قبل زیر سماعت تھا۔

(1996ء سی ایل سی 1390)

درخواست منتقلی مقدمہ بابت جو کہ مختلف اختیارات سماعت جج ہوں، کی لاہور ہائیکورٹ اسٹیبلشمنٹ آف بینچ رولز، 1981ء کو پڑھیں ضابطہ دیوانی کی ضرورت نہ ہے۔ اگرچہ درخواست قابل منتقلی نہ ہے تاہم درخواست بغرض انصاف قابل غور ہے، فیصلہ کیا جائے۔

(این ایل آر 1989ء لاہور 238+ پی ایل ڈی 1990ء لاہور 19)

منتقلی مقدمہ کی انکاری پر نگرانی کی گئی لہٰذا بطور اختیارات نگرانی استعمال کرنے والا کیس نہ ہے۔

(پی ایل جے 1987ء لاہور 654)

دعویٰ منتقلی عورت کے لئے سہولت: عورت نے اپنے خاوند کے دعویٰ کے خلاف انتقال مقدمہ کی درخواست دی۔ لہٰذا چونکہ عورت ذات ہے، اس لئے مدعا علیہ مرد کی نسبت ٹھوس سہولت پوزیشن ہے۔ اس کے لئے سائلہ کو مسئول علیہ پر ترجیح دے گی۔

(پی ایل جے 1987ء لاہور 484+ پی ایل ڈی 1987ء لاہور-461)

سائلہ نے موقف اختیار کیا کہ وہ ایک پردہ نشین عورت ہے۔ وہ بمقام B پر پیروی کرنے سے قاصر ہے۔ اس کی جان کو خطرہ ہے اگر پیروی دعویٰ کے لئے گئی۔ جناب سے درخواست ہے کہ اگر دعویٰ منتقل نہ کیا گیا تو ناقابل نقصان ہوگا۔ ریسپانڈنٹ درخواست منتقلی کی پیروی کے لئے پیش نہ ہوا۔ اس لئے دعویٰ ''بمقام'' منتقل ہونے کا حکم ہوا۔

(لاءنوٹس 1986ء لاہور 6+ 1990ء سی ایل سی 896)

تبدیلی مقدمہ میں دونوں فریقین کی سہولت کو مدنظر رکھنا چاہیئے۔ (1987ء سی ایل سی 655)

البتہ عورت کی سہولت کا زیادہ خیال رکھنا ہوگا۔ (1987ء سی ایل سی 2408)

ایک خاتون عرضی گزار کی طرف سے اپنی عدم سہولت اور اپنے خرچے پر مقدمہ کسی دوسرے ضلع میں منتقل کرانے پر اصرار۔

(1990ء ایم ایل ڈی 2148)

کسی خاتون کا بطور مختار عام تقرر انتقال مقدمات کے لئے معقول وجہ نہیں ہے۔

Marfat.com

(پی ایل ڈی 1990ء لاہور 449)

**قانون مقدمہ کرایہ داری(Rent Restriction Laws): میں درخواست منتقلی متعلق**

عورت عدالت دیوانی کو اختیارات جس طرح زیر دفعہ 20 آرڈیننس، 1979ء میں ذکر ہے کہ نہ تو رینٹ کنٹرولر نہ ہی ایپلانٹ اتھارٹی ضابطہ دیوانی کے تحت ایک کنٹرولر سے دوسرے رینٹ کنٹرولر کو مقدمہ منتقل کرنے کے مجاز ہیں۔ آرڈیننس کی دفعہ 4(3) کا مفہوم گورنمنٹ نہ کہ ہائیکورٹ مجاز ہے کہ وہ ڈسٹرکٹ جج کو یا D/C کو اختیار دے کہ وہ ایک کنٹرولر سے دوسرے کنٹرولر کے پاس مقدمہ منتقل کرے۔

**کرایہ داری(Rent):** لہٰذا واقع طور پر عیاں رہے کہ ہائیکورٹ ہی زیر دفعہ 24 سی پی سی صرف مقدمہ منتقل کرنے کی مجاز ہے۔ اس لئے درخواست ابتدائی طور پر خارج کی جاتی ہے۔

(این ایل آر 1988ء سول(civil) 134=پی ایل جے 1988ء کراچی-252)

**منتقلی دعویٰ:** ہائیکورٹ نے عدالت بمقام ''L'' سے بمقام عدالت ''S'' کے پاس دعویٰ منتقل کر دیا جس میں مدعا علیہ ریسپانڈنٹس نے مختلف وجوہات پیش کیں۔ مداخلت کے لئے پٹیشنر نے ہائیکورٹ کے صوابدیدی اختیارات میں پیش نہ کر سکا، اس لئے پٹیشن اپیل خارج ہو گئی۔

(1991ء ایس سی ایم آر 1887)

**منتقلی اپیل:** ہائیکورٹ کے ریمانڈ سے قبل ہی عدالت اظہار کر چکی ہے۔ پیٹشنر نے ان حالات کے پیش نظر خطرہ محسوس کیا کہ وہ انصاف مہیا نہیں ہو سکتا۔ اس لئے اپیل دوسری عدالت کو منتقل کر دی گئی۔

(1991ء ایم ایل ڈی 984-)

**24.A- Appearance of Parties on Transfer of Suit.**

[1] **دفعہ 24-A مقدمہ کی تبدیلی وغیرہ پر فریقین کی حاضری:** (1) اگر تحت دفعہ 22 نالش منتقل کی جائے یا کوئی مقدمہ، اپیل یا دیگر کاروائی منتقل کی جائے یا واپس لی جائے تحت دفعہ 24 کی ضمنی دفعہ (1) کسی فریق کی درخواست پر، وہ عدالت جو منتقلی یا واپسی کا حکم دے گی، وہ فریقین کو ایک معینہ تاریخ دے گی کہ اس کے (یعنی عدالت کے) روبرو حاضر ہوں، اگر نالش، اپیل، یا دیگر کاروائی کی سماعت کی جاتی ہے یا خود اس عدالت کو اس کا فیصلہ کرنا ہے یا اس عدالت کے روبرو حاضر ہوں جہاں سے یہ مقدمہ منتقل کیا گیا ہے۔

---

[1] دفعہ 24-A مجموعہ ضابطہ دیوانی (ترمیمی) آرڈیننس نمبر XLIV مجریہ 1962ء کے تحت شامل ہوئی۔ مورخہ 7 جون، 1962ء

Marfat.com

(2) اگر کوئی نالش، اپیل یا دیگر کاروائی کسی ایک عدالت سے دوسری عدالت میں منتقل کی گئی ہو بصورت دیگر کسی فریق کی درخواست پر، متعلقہ فریقین اس عدالت میں حاضر ہوں گے جہاں سے کہ نالش، اپیل یا دیگر کاروائی منتقل کی جاتی ہے۔ اس روز جو کہ اس عدالت میں حاضر ہونے کے لئے پہلے سے مقرر کیا گیا تھا اور یہ عدالت اس کے بعد متعلقہ فریقین کو منتقل کا حکم سنائے گی اور ہدایت کرے گی کہ وہ (یعنی فریقین) اس عدالت میں حاضر ہوں، جہاں کہ نالش، اپیل یا دیگر کاروائی منتقل کی جاتی ہے۔ یا تو اسی روز یا کسی ایسی قریب ترین تاریخ (Earliest day) کو جو اس عدالت کے فیصلہ کے اعتبار سے جہاں سے کہ وہ عدالت واقع ہے، مناسب مدت ہو]۔

# شرح

**منتقلی دعویٰ اور فریقین کی حاضری:** دفعہ ہذا میں بتایا گیا ہے کہ جب مقدمہ کسی دوسری عدالت میں منتقل کیا جائے گا تو عدالت فریقین کو منتقلی کا حکم سنائے گی۔ یہ دفعہ فریقین دعویٰ کے لئے یہ ضروری قرار دیتی ہے کہ وہ آئندہ تاریخ متعلق معلوم کریں یا حاصل کریں کہ دعویٰ کس عدالت میں منتقل ہوا ہے۔ عدالت کو چاہیے کہ وہ فریقین کو اطلاع مہیا کرے تا کہ وہ متعلقہ عدالت میں رجوع کریں۔

(پی ایل جے 1987ء سپریم کورٹ 15 = این ایل آر 1987 ایس سی جے 113 = 1987ء پی ایس سی 69 = 1987ء ایس سی ایم آر 150)

ڈسٹرکٹ جج نے بوقت منتقلی مقدمہ فریقین کو ہدایت خاص طور پر حکم دیا گیا کہ وہ عدالت جہاں مقدمہ منتقل کیا گیا ہے وہاں پیش ہوں۔ ڈسٹرکٹ جج حکم کی موجودگی میں عدالت عدم موجودگی فریقن یکطرفہ کاروائی نہیں کر سکتی ہے۔ (این ایل آر 1990ء سول (civil) 563)

فریقین کو ایک انتظامی حکم کے ذریعے اس امر کا نوٹس دینا ضروری ہے کہ مقدمہ کو ایک عدالت سے دوسری عدالت میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ حتیٰ کہ کسی مدعا علیہ کے خلاف یکطرفہ کاروائی بھی نوٹس کے حق سے اس کو محروم نہیں کر سکتی۔ (1995ء منتقلی لاء ڈائجسٹ 484)

عدالت نے ایک سے دوسری عدالت دعویٰ منتقل کر دیا جس میں عدالت موصوف نے ایک حکم تحت فریقین کو دوسری عدالت (جس میں دعویٰ منتقل ہوا ہے) پیش ہونے کی ہدایت کی ہے۔ اس حکم کی موجودگی میں عدالت مدعا علیہ کے خلاف بوجہ عدم پیروی حاضری کوئی یکطرفہ کاروائی کرنے کی مجاز نہ ہے۔

(1987ء ایس سی ایم آر 150 + سی ایل سی 1991ء نوٹ صفحہ 5571)

Marfat.com

دفعہ 25- حذف کی گئی۔:(آرڈیننس نمبر 21 آف 1960)۔

## ارجاع نالشات

*Institution of Suits*

**26-Institution of suits.**

دفعہ 26- رجوع نالش: مقدمہ کی ابتداء عرضی دعوئے پیش کرنے سے ہوگی یا کسی اور طریق سے جیسا مقرر کر دیا جائے۔

## سمن وانکشاف مقدمہ

*Summons and Discovery*

**27-Summons to defendants.**

دفعہ 27- سمن بنام مدعا علیہ: جب نالش باضابطہ طور پر دائر کی جائے، سمن مدعا علیہ کے نام اس حکم سے جاری کیا جائے کہ وہ عدالت میں حاضر ہو کر دعویٰ کی جواب دہی کرے اور تعمیل اس سمن کی حسب طریقہ مقررہ کی جائے گی۔

**28-Service of summons where defendants reside in another Province.**

دفعہ 28- تعمیل سمن جب کہ مدعا علیہ کسی دوسرے صوبہ میں رہتا ہو:(1) سمن تعمیل کے واسطے کسی دوسرے صوبہ کی عدالت میں ایسے طریقہ پر ارسال کیا جائے جو بذریعہ قواعد مروجہ صوبہ مذکور مقرر کر دیا جائے۔

(2) جس عدالت میں سمن بھیجا جائے وہ اس کے وصول ہونے پر اسی طرح کاروائی کرے گی گویا خود اس نے سمن جاری کیا تھا۔ بعدازاں اس سمن کو مع اپنی کاروائی کے (اگر کوئی کاروائی کی گئی ہو) اس عدالت میں واپس کرے گی جس نے کہ دراصل اس کو جاری کیا ہو۔

## شرح

کیا دفعہ 22 قانون معیاد کا اطلاق اپیل پر ہوتا ہے؟ عدالت اپیل کو یہ صوابدیدی اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی فریق کو مقدمہ میں بطور اپیلانٹ یا مسئول علیہ شامل کرے یا تبدیل کر دے حتیٰ کہ اپیل کی مقررہ میعاد گزرنے کے بعد بھی ایسا ہو سکتا ہے۔ دفعہ 22 قانون میعاد کا اطلاق صرف دعویٰ پر ہوتا ہے، اپیل پر نہیں

Marfat.com

ہوتا۔ (1988ء سی ایل سی 1220)

**29-Service of foreign summonses.**

**دفعہ 29- تعمیل سمن مجریہ عدالت ہائے غیر:** جو سمن اور دیگر کاروائیاں کوئی عدالت دیوانی یا مال بیرون پاکستان جاری کرے، وہ پاکستان کی عدالتوں میں بھیجے جا سکتے ہیں اور ان کی تعمیل اسی طرح ہو سکتی ہے، گویا کہ ان کو خود ایسی عدالتوں نے جاری کیا تھا۔

بشرطیکہ وہ عدالتیں جنہوں نے وہ سمن اور دیگر کارروائیاں برائے تعمیل جاری کی ہیں، مرکزی حکومت یا اس صوبے کی صوبائی حکومت کے حکم سے مقرر ہوئی ہوں یا قائم ہوں جس میں کہ سمنوں اور دیگر کاروائیوں کی تعمیل ہوئی، ایسی گورنمنٹوں نے بذریعہ نوٹیفکیشن سرکاری گزٹ میں مشتہر کیا ہو کہ اس دفعہ کی شرائط کا اطلاق ایسی عدالت پر ہوگا۔

**30-Power to order discovery and the like.**

**دفعہ 30- دریافت اور معلومات کے لئے حکم کا اختیار:** پابندی ایسی شرائط وقیود (limitations) جو مقرر کر دی جائیں، عدالت کسی وقت خواہ اپنی مرضی سے کسی فریق کی درخواست:۔

(اے) ایسے احکام دے سکتی ہے جو ضروری ہوں یا مناسب نسبت جملہ امور متعلق حوالگی وجواب دہی بند سوالات (interrogatories) واقبال دستاویزات واقعات ودریافت ومعائینہ وپیشی وضبطی وواپسی دستاویزات یا دوسرے ضروری مقاصد کے ہوں جو ثبوت میں پیش ہو سکیں۔

(بی) اجرائے سمن کر سکتی ہے۔ بنام ایسے اشخاص کے جن کی حاضری خواہ ادائے شہادت کے لئے یا دستاویزات یا ضروری مقاصد مذکورہ پیش کرنے کے لئے مطلوبہ ہو۔

(سی) حکم دے سکتی ہے جو نسبت اس کے کوئی واقعہ بذریعہ حلفی بیان ثابت کیا جائے۔

**دفعہ 31- سمن بنام گواہ (Summons to witness):** احکام دفعات 29، 28، 27 ایسے سمنوں میں بھی متعلق ہوں گے جو ادائے شہادت یا پیشی یا دیگر ضروری مقاصد کے واسطے جاری کئے جائیں۔

**32-Penalty for default.**

**دفعہ 32- سزا بعلت خلاف ورزی:** عدالت اس شخص کو جس کے نام سمن دفعہ 30 کے بموجب جاری کیا جائے حاضر کرا سکتی ہے اور اس غرض کے لئے:۔

Marfat.com

(اے) اس کی گرفتاری کے واسطے وارنٹ جاری کرے۔

(بی) اس کی جائیداد کو قرق (attach) و نیلام کرے۔

(سی) اور اس پر جرمانہ جو [1][2 ہزار] روپیہ سے زیادہ نہ ہو، کرسکتی ہے۔

(ڈی) اس کو حاضری کے لئے ضمانت داخل کرنے کا حکم دے سکتی ہے اور خلاف ورزی کی صورت میں[2][xx] جیل (prison) میں بھیج سکتی ہے۔

# فیصلہ اور ڈگری

## *Judgment & Decree*

**33-Judgment and decree.**

دفعہ 33- فیصلہ ڈگری: بعد سماعت مقدمہ کے عدالت فیصلہ سنائے گی اور اس فیصلہ کی بناء پر ڈگری صادر ہوگی۔

## شرح

نقل حکم فیصلہ اور ڈگری کی مختلف تاریخ درج ہے۔ اس نوعیت کی ڈگری قانونی ضرورت تحت بحال نہیں ہوسکتی۔ (پی ایل جے 1973ء لاہور 240 (ڈی بی))

# سود

## *Interest*

دفعہ 34- سود (Interest): (1) جس حال میں کہ ڈگری روپیہ کی ادائیگی کی ہو تو عدالت ڈگری میں حکم سود کا بابت اس زر اصل کے جس کی ڈگری ہو اس شرح سے جو کہ عدالت مناسب (reasonable) تصور کرے، تاریخ نالش سے تاریخ ڈگری تک علاوہ اس سود کے جس کا کہ در اصل مذکور پر تاریخ وجوع نالش تک بابت کسی مدت ماقبل ارجاع نالش کے انفصال کیا جائے۔ مع سود خرید اس نے مجموعہ کے جس کا اس ہنج پر انفصال ہو اس شرع سے کہ عدالت مناسب تصور کرے۔ از ابتدائے تاریخ ڈگری لغایت یوم ادا یا لغایت کسی اور تاریخ ماقبل کے جو کہ عدالت مناسب سمجھے، صادر کرے۔

(2) جب ایسی ڈگری میں ذکر ادائے سود مزید کا زر مجموعی مذکور پر جن ابتدائے تاریخ ڈگری لغایت

---

1 بروئے ضابطہ دیوانی ایکٹ نمبر XII مجریہ 1994ء کے تحت "پانچ ہزار" کی جگہ شامل ہوا۔

2 لفظ "دی سول the civil" ایکٹ نمبر 14 مجریہ 1994ء کے تحت حذف ہوا۔

Marfat.com

یوم ادایا کسی اور تاریخ ماقبل کے کچھ نہ ہو تو اس سے سمجھا جائے گا کہ عدالت نے سود دلانے سے انکار کیا اور اس کے واسطے علیحدہ نالش دائر نہ ہو سکے گی۔

## شرح

ہر عدالت کی مرضی پر منحصر ہے جو کہ حالات مقدمہ اور عدالت ماتحت کی صوابدید ہے۔ اس میں اپیلانٹ عدالت کی مداخلت نہیں ہو سکتی۔ (پی ایل جے 1975ء کراچی 225 (ڈی بی))

**سود کی عطائیگی/حکم لوازمات/لازمی اجزا۔ عدالت کا صوابدیدی اختیار۔ نالش برائے ہرجانہ:** مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 34 کے تحت سود کی تجویز یا حکم جو کہ نالش دائر کرنے کی تاریخ سے رقم وصول کرنے کی تاریخ تک، جاری کیا گیا ہو وہ عدالت کے پاس صوابدیدی اختیار کے تحت ہوتا ہے اور استحقاق کے طور پر اُس کا دعویٰ نہیں کیا جا سکتا۔ اُس مدت کا سود/مفاد جو کہ نالش دائر کرنے سے قبل ہو تو صرف اس صورت میں دعویٰ کیا جا سکتا یا دیا جا سکتا ہے اگر اس کی اجازت متقل یا اصلی قانون کے تحت دی گئی ہو یا اس کی صراحت تحریری طور پر کی گئی ہو یا کسی ڈیمانڈ نوٹس کے تحت کی گئی ہو لیکن ایسا کوئی مفاد/سود مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 34 کے تحت نالش کی مدت سے قبل کسی ایسی ڈگری میں نہیں دیا جا سکتا جو کہ ہرجانے کی نالش میں متقل/اصلی قانون کی عدم موجودگی میں جاری کی گئی ہو یا کسی بھی صورت میں جس کی صراحت نہ کی گئی ہو۔ ہرجانے کی نالش میں ڈگری جو کہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 34 کے تحت بمعہ سود جاری کی گئی ہو تو ڈگری دار نالش کی تاریخ سے مفاد/سود کا حقدار ہوگا۔ (پی ایل ڈی 2003ء ایس سی 290 (اے))

**سود/مفاد کی عطائیگی۔ عدالت کا صوابدیدی اختیار:** اگر ڈگری دار و ڈگری کی رقم عدالت میں جمع کروانے کا نوٹس نہ دیا گیا ہو تو ایسی صورت میں ڈگری دار جائز طور پر سود کا مطالبہ کر سکتا ہے کیونکہ ڈگری کی رقم کا عدالت میں کسی نوٹس کے بغیر جمع کروانا مجموعہ ضابطہ دیوانی کے آرڈر نمبر 21 قاعدہ نمبر 1 کے تحت ڈگری دار کو رقم کی ادائیگی کے مترادف نہ ہے۔ (پی ایل ڈی 2003ء ایس سی 290 (بی))

**عدالت کے فیصلہ کی درستی:** عدالت کسی بھی مرحلہ پر مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 152 کے تحت ججمنٹ میں کسی بھی قسم کی کتابت یا حسابی غلطی کو درست کر سکتی ہے۔ سود کی عدم عطائیگی کسی غلطی یا بھول چوک کے ذمرے میں نہ آئے گی۔ (پی ایل ڈی 2003ء پشاور 66 (سی))

**34.A-Interst on public dues.**

[1] **دفعہ 34.A- سرکاری واجبات پر سود:** (1) جب عدالت کی یہ رائے ہو کہ دعویٰ اس نیت

---

1. بروئے ضابطہ دیوانی (ترمیمی) آرڈیننس X بابت 1980ء شامل کی گئی۔

Marfat.com

سے کیا گیا تھا کہ مدعی یا اس کی طرف سے سرکاری واجبات کی ادائیگی سے گریز (avoid) کیا جائے عدالت ایسا دعویٰ خارج کرتے وقت ایسے سرکاری واجبات اور سود کی ادائیگی کا بھی حکم دے گی جو مروجہ بینک شرح سے دو فیصد زیادہ ہو۔

(2) جب عدالت کی یہ رائے ہو کہ مدعی سے ایسے سرکاری واجبات کی وصولی غیر منصفانہ (unjustified) تھی تو عدالت مقدمہ کا تصفیہ کرتے ہوئے رقم وصول کردہ پر سود کی ادائیگی کا حکم دے گی جو مروجہ بینک شرح سے دو فیصد زائد ہوگی۔

توضیح:۔ اس دفعہ میں:۔

(اے) شرح بنک کے معانی بنک کی وہ شرح ہے جس کا تعین اور عوام میں اس سے آگاہی سٹیٹ بنک آف پاکستان ایکٹ بابت 1956ء (XXXIII بابت 1956ء) کے تحت کی جاتی ہے۔

(بی) سرکاری واجبات میں وہ واجبات شامل ہیں جو کسی ایسے بنک کے ہوں جو فیڈرل حکومت کی ملکیت ہو یا کسی کارپوریشن یا ادارہ کے ہوں جو فیڈرل حکومت، صوبائی حکومت، صوبائی حکومت یا مقامی اتھارٹی کی ملکیت ہو یا اس پر ان کا کنٹرول ہو۔

**34.B-Interest, etc., on dues of banking company.**

دفعہ 34-B- بینکنگ کمپنی کے واجبات پر سود وغیرہ: جب اور جہاں کوئی ڈگری اس رقم کی بازادائی (repayment) کے لئے جاری کی جاتی ہے جو بینکنگ کمپنی نے قرض دی تھی تو عدالت ڈگری دیتے وقت تاریخ ڈگری سے رقم کی ادائیگی کی تاریخ تک دین ڈگری پر سود یا رقم، جیسی کہ صورت ہو کی ادائیگی کا حکم دے گی:۔

(اے) وہ قرضہ جات جن پر سود واجب الادا ہوتا ہے ان پر معاہدہ کے مطابق یا سود کی مروجہ بینک شرح سے دو فیصد زائد یا دونوں میں سے جو زائد ہوگا، دیا جائے گا۔

(بی) وہ قرضہ جات جو بازاری بھاؤ (makeup in price) پٹہ (lease) بیع الاقساط (hire purchase) اور خدمتی محصول (service charges)، جیسی کہ صورت حال ہو کی بناء پر دیے جاتے ہیں یا بینکنگ کمپنی کے اس قسم کے قرضہ جات کی جدید ترین شرح پر مگر ان میں جو زیادہ ہو۔

(سی) وہ قرضہ جات جو نفع نقصان میں شمولیت (in profit and loss

Marfat.com

Participation کی بنیاد پر دیئے جاتے ہیں اور جن کی واپسی اس شرح سے ہوتی ہے جو کمپنی کے سالانہ شرح منافع سے کم نہیں ہوتی جسے گزشتہ چھ ماہ میں بینکنگ کمپنی نے ادا کیا ہو یا وہ معیادی امانتیں جن کو نفع و نقصان میں شمولیت کی بنیاد پر قبول کیا گیا ہو' جس طرح کہ عدالت حالات کے مطابق معقول تصور کرے۔ عدالت اس ضمن میں منافع کی اس حصہ داری کی تقسیم کے معاہدہ کو مدنظر رکھے گی جو کمپنی اور مدیوں ڈگری کے درمیان اس وقت ہوا تھا جب قرضہ کا معاہدہ کیا گیا۔

**توضیح:**

اس دفعہ میں شق (الف) کے الفاظ شرح بینک Bank Rate کے وہی معنی ہیں جو دفعہ 34 الف میں ہیں۔

دفعہ 34-B بروئے ضابطہ دیوانی (ترمیمی) آرڈیننس LXIII بابت 1981ء شامل کی گئی۔

# خرچہ
# COSTS

## دفعہ 35 خرچہ (Costs)

-1 یہ پابندی ان شرائط و قیود Conditions and limitations جو مقرر کی جائیں گی اور اس قانون کی شرائط کی پابندی سے جو فی الوقت نافذ ہو' خرچہ اور تمام نالشوں کے واقعہ ذیل (کے خرچے) عدالت کی صوابدید Discretion پر ہوں گے اور عدالت کو کلی اختیار ہے کہ یہ تعین کرے کہ کون خرچہ ادا کرے کس جائیداد سے اور کس حد تک ایسے خرچے وصول کروائے جائیں اور مذکورہ اغراض کے لئے ہدایات دینے کا کلی اختیار ہے۔ یہ حقیقیت کہ عدالت نالش کا اختیار سماعت نہیں رکھتی ان اختیارات کے استعمال میں مانع نہ ہوگا۔

Marfat.com

-2 اگر عدالت ہدایت کرے کہ بر بنائے نتیجہ خرچہ نہ لیا جائے تو وہ عدالت اس کے وجوہ تحریری بیان کرے گی۔

-3 عدالت خرچہ پر چھ روپے فیصد فی سال کے نرخ تک سود دلوا سکتی ہے اور ایسا سود خرچہ میں شامل کیا جائے گا اور اسی طرح قابل وصول ہوگا۔

## شرح

ڈگری رقم (نقصان) پر 6% سالانہ کے حساب دعویٰ دائری سے لے کر مکمل ادائیگی رقم دعویٰ تک حکم ہوا۔

(پی ایل جے 1975ء کراچی - 430 + پی ایل ڈی 1975ء کراچی - (DB) 391)

## دفعہ 35- الف خرچہ ہرجانہ بابت جھوٹے اور تنگ کرنے والے مطالبات و جواب دہی:

(Compensatory costs in respect of false or vexatious claims or defences)

(1) کسی نالش یا دیگر کاروائی میں (جس میں حکم نامہ اجراء کی کاروائی بھی شامل ہے) جو کہ اپیل نہ ہو۔ کوئی فریق جو دعوے پر اعتراض کرے یا بدیں وجہ جواب دہی کرے یا اس کے کسی حصے کی نسبت جواب دہی کرے کہ نالش جس فریق نے دائر کی ہے وہ عذر دار فریق کے علم کے مطابق جھوٹی یا محض تنگ کرنے کے لئے کی گئی ہے اور اگر مابعد' عذر دار کے خلاف ایسا مطالبہ یا جواب دہی رد کر دی جاوے دست برداری کر دی جاوے جزوا" یا کلا" واپس لے لی جاوے۔ اگر اعتراض سب سے پہلے موقع پر کیا گیا ہے اور عدالت کی ازروئے انصاف تسلی ہو جاتی ہے' اپنی وجوہات ایسے مطالبات جواب دہی کو جھوٹا اور ایذا رساں قرار دینے کے متعلق لکھ کر معترض کو اس فریق سے جس نے کہ ایسا جھوٹا دعویٰ دائر کیا تھا بطور ہرجانہ خرچہ دلانے کا حکم دے گی۔

(2 کوئی عدالت ایسے خرچے کی ادائیگی کا حکم نہیں دے گی جس کی رقم 25

Marfat.com

ہزار روپے سے زیادہ ہو اس کی مالی اختیارات سماعت Jurisdiction Pecuniary کی حد سے زیادہ نہ ہو اور وہ رقم ہوگی جو دونوں میں کم ہو۔

بشرطیکہ جہاں کوئی عدالت کا اختیار سماعت از قسم زر یا مال عدالت خفیفہ کی حدود میں اختیار کرے جو اسے پرونشل اسمال کازکورٹ ایکٹ LPM Provincial small cause court Act, 1887ء کے تحت حاصل ہوں نہ کہ وہ عدالت جو مذکورہ ایکٹ کی رو سے بنائی گئی ہو' دو سو پچاس روپے سے کم ہوں' ہائی کورٹ ایسی عدالت کو اختیار دے سکتی ہے کہ خرچہ کے بطور دلوانے تحت دفعہ ہذا کوئی رقم جو ڈھائی سو روپے سے زائد نہ ہو اور ان حدود سے ڈیڑھ سو روپوں سے متجاوز نہ ہو۔

مزید شرط یہ کہ ہائی کورٹ کسی عدالت یا اقسام عدالت ہائے کو رقم کا پابند کر سکتی ہے جو دفعہ ہذا کی رو سے خرچہ دلوانے کی مجاز ہیں۔

(3) کوئی شخص جس کے خلاف اس دفعہ کی رو سے ادائیگی خرچہ کا حکم ہوا ہے۔ اس جھوٹے دعوے یا جواب دہی کی نسبت فوجداری جرم سے بری الازمہ Exempted نہ ہوگی۔

(4) رقم ہرجانہ بابت جھوٹے دعوے یا جواب دہی کی جو اس دفعہ کے ماتحت فیصلے میں دلائی گئی ہو ایسے مطالبات کے ہرجانے یا ازالہ حیثیت عرفی کی نالش میں جو کہ مابعد دائر کی جاوے شمار کی جاوے۔

## شرح

سپیشل ہرجانہ کا حکم واضح طور پر ہے۔ اس حکم کو چیلنج نہیں کیا جاتا ہے کیونکہ خاص حالات تحت قانون آئین کی خلاف ورزی کی صورت میں کونسل کو کہا جاتا ہے۔

(پی ایل جے 1974ء کراچی - 271)

پٹیشنر نے ٹھوس حقائق مواد کورٹ پٹیشن میں مخفی رکھا اور ان کی نظر' علم میں ان کے خلاف کلیم غلط تھا لہٰذا رسپانڈنٹس کو ہرجانہ کا حکم دیا گیا۔

(ایم ایل ڈی 1989ء صفحہ 1818)

Marfat.com

اس آرڈیننس کے تحت مخصوص ہرجانہ (special costs) کے برعکس کوئی شق موجود نہ ہے [illegible] ہرجانہ [illegible] حد تک لیبر کورٹ کے فیصلہ اپیلانٹ ٹربیونل کو ختم، کالعدم کر دیا۔

(1989ء پی ایل سی 884)

عدالت اپیل کسی بھی صورت ہرجانہ خاص زیر دفعہ 35-A دلوانے کا اختیار نہیں رکھتی خواہ وہ اس نتیجہ پر ہی پہنچی ہو کہ اپیل بے بنیاد، بوگس، جھوٹے اور من گھڑت واقعات پر دائر کی گئی۔

(2002ء ایم ایل ڈی 1569 (اے))

Marfat.com

# PART 2
# حصہ دوم

## EXECUTION
## اجرائے ڈگری

### GENERAL
### عام

دفعہ 36 - احکام کا اطلاق (Application to orders)

احکام مجموعہ ہذا جو اجرائے ڈگری سے متعلق ہیں جہاں متعلق ہو سکیں' اجرائے احکام سے متعلق متصور ہوں گے۔

### شرح

**حکم اور ڈگری۔ اجراء**

ضابطہ دیوانی میں حکم اور ڈگری کا فرق بتلایا گیا ہے۔ یہاں ڈگری کے متعلق معاملہ ہے جب تک عارضی طور حکم نہ ہو ورنہ پہلی اپیل پر نہیں کرے گی۔

دوسری اپیل موجبات پر مبنی ہوگی جس طرح دفعہ 100 ضابطہ دیوانی میں ذکر ہے۔

مگر جہاں معاملہ ر جھگڑا ایک حکم متعلقہ ہے اس کے خلاف اپیل نہیں ہو سکے گی جب تک قابل اپیل حکم نہ ہوگا جس طرح دفعہ 104 اور آرڈر 43 رول نمبر 1 میں ذکر

Marfat.com

ہے۔ اس لئے کسی صورت میں دوسری اپیل نہیں ہوگی۔ اس طرح کے معاملہ جھگڑا جس کا ذکر ہو چکا ہے۔

(ایس سی ایم آر 1991ء صفحہ 4257)

## دفعہ 37 عدالت صادر کنندہ ڈگری کی تعریف۔

(Definition of Court which passed a decree)

فقرہ عدالت ڈگری صادر کنندہ یا اس قسم کے الفاظ میں اگر کوئی مضمون یا متن عبارت کے خلاف نہ ہوا۔ اجرائے ڈگری کے متعلق حسب ذیل شامل تصور ہوں گے:۔

(الف) جب ڈگری اجراء طلب بہ نفاذ اختیارات اپیل Appellate Jurisdiction صادر ہوتی ہو تو عدالت مرافعہ ابتدائی First instance مراد ہے۔اور۔

(ب) اگر عدالت مرافعہ ابتدائی کا وجود نہ رہے' یا اس کے جاری کرنے کا اختیار ساقط ہوگیا ہو تو وہ عدالت مراد ہے جو اس نالش کے دائر ہونے کی صورت میں جس نے ڈگری صادر کی ہو اس وقت جب کہ درخواست اجرائے ڈگری داخل ہوئی تھی۔ اس نالش کی سماعت کی مجاز ہوتی۔

### شرح

عام طور پر جس عدالت نے ڈگری جاری کی ہو اسے ہی اجراء ڈگری کے اختیارات حاصل ہیں۔

(پی ایل جے - 1983ء کراچی - صفحہ 449 + پی ایل ڈی - 1983ء کراچی - صفحہ 467)

Marfat.com

# COURTS BY WHICH DECREE MAY BE EXECUTED

# عدالتیں جو ڈگری جاری کر سکتی ہیں

## دفعہ 38 کون سی عدالت ڈگری کا اجرا کرے گی۔

(Courts by ehich decree may be executed)

ڈگری کا اجرا وہ عدالت کرے گی جس نے اسے صادر کیا ہو یا جس عدالت کے پاس اجراء کے لیے اسے بھیجا گیا ہو۔

**وسعت اور مقصد:**

دفعہ ہذا جس نفاذ کی طرف اشارہ کرتا ہے وہ نفاذ مجموعہ کے تحت تصور ہو گا نہ کہ کسی دیگر قانون کے تحت۔ دفعہ ہذا کے تحت جاری کردہ ڈگری کا نفاذ یا تعمیل ڈگری جاری کرنے والی عدالت یا اس عدالت کے ذریعے عمل میں آئے گا جس عدالت کو اس ڈگری کے نفاذ کے لیے بھیجا گیا ہو۔ مندرجہ بالا صراحت کردہ عدالتوں کے سوا کوئی اور عدالت عام قانون کے تحت ایسی ڈگری کا نفاذ نہیں کر سکتی۔

(اے آئی آر 1950ء مدراس 234 = آئی ایل آر 1950ء مدراس 692 (ڈی بی) 35 مدراس 588 + اے آئی آر 1922ء ناگ پور 189 + آے آئی آر 1935ء مدراس 849 (ڈی بی) = آے آئی آر 1955ء بمبئی 93 (ڈی بی) + آے آئی آر 1957ء پٹنہ 654 (ڈی بی) + اے آئی آر 1936ء پٹنہ 615 (ڈی بی))

Marfat.com

## کارروائی اجرائے ڈگری کے ڈگری کے دوران تنازعہ کو دوبارہ حرکت میں لانا

کسی بھی فریق کو یہ اجازت نہ ہوگی کہ وہ کسی بھی ایسے معاملہ کو جو طے پا چکا ہو یا جس کا تعین کیا جا چکا ہو اسے از سر نو کوئی دیگر شکل دیتے ہوئے دوبارہ شروع کر سکے۔

(1990ء سی ایل سی 110)

## ڈگری کی منتقلی:

ڈگری کی تعمیل کے لئے وہی عدالت مناسب خیال کی جاتی ہے جس نے ڈگری جاری کی ہو لیکن جب مدیون ڈگری کی منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد کے دائرہ اختیار میں نہ آتی ہو تو وہ اس عدالت کا دائرہ سماعت استعمال نہ کرے گی جس نے ایک درخواست کی سماعت میں ڈگری جاری کی ہو یا اس کو کسی اور عدالت کو بھیجا ہو۔

(پی ایل ڈی 1963ء ڈھاکہ 917 = 14 ڈی ایل آر 821)

## انتقال کنندہ عدالت کا انتقال کے بعد اختیار:

انتقال کنندہ عدالت کو اس کے اختیار تعمیل ڈگری سے محروم نہیں کیا جاتا ماسوائے اس حد تک کہ جس حد تک منتقل الیہ عدالت کو ڈگری کی تعمیل کا اختیار دیا گیا ہو۔ ملاحظہ ہو دفعات 42' 46 اور حکم 21 کے قواعد۔

10' 16' 22 اور 28- (اے آئی آر 1964 اڑیسہ 170)

## ناقابل تعمیل ڈگری:

اگر کوئی ڈگری قطعاً" ناقابل تعمیل ہو تو یہ واضح طور پر ایک نادرست ڈگری ہو گی۔ اور ایسی ڈگری کو ترک کر دیا جائے گا۔

(1990ء پی ایس سی 803 آزاد کشمیر)

Marfat.com

## ...گری فریقین پر واجب التعمیل ہوگی:

...گری کی تعمیل کے سلسلے میں عدالت کا دائرہ اختیار ڈگری میں درج شدہ ہدایات کے مطابق متعین و محدود کیا جائے گا لہٰذا اگر مصالحتی عدالت نے بیرون میعاد دعوئی میں ڈگری جاری کی ہو تو تعمیل عدالت ڈگری سے تجاوز نہیں کر سکتی اور نہ ہی اس کی تعمیل سے انکار کر سکتی ہے۔

(اے آئی آر 1954ء حیدر آباد 190 + اے آئی آر 1945ء الہ آباد 400 (ڈی بی) + اے آئی آر 1942ء پٹنہ 348 (ڈی بی) + اے آئی آر 1943ء ناگ پور 165 + اے آئی آر 1935ء بمبئی 95 (ڈی بی) + اے آئی آر 1933ء کلکتہ 85 (ڈی بی) + اے آئی آر 1934ء لاہور 438 = 15 لاہور 772 - 1971ء ایس سی ایم آر 594 - 1933ء کلکتہ 85 (ڈی بی) + اے آئی آر 1934ء لاہور 438 = 15 لاہور 772 - 1971ء ایس سی ایم آر 594)

## شرح

عدالت اجراء ڈگری کاروائی عدالت ماتحت پر غور کر سکتی ہے اور فیصلہ پر اثر انداز ہو سکتی ہے جتنی توجہ دے سکتی ہے۔ عدالت اجراء ڈگری کی پابند ہے۔ اس لیے ڈگری کے ذریعہ قانون سے بالاتر نہیں جاسکتی۔ مگر کسی اختیارات کی بنا پر اجرا ڈگری سے انکار کر سکتی ہے۔

(پی ایل جے 1975 - کوئٹہ - صفحہ 209 (ڈی بی)

## دفعہ 39 انتقال ڈگری

(Transfer of decree)

(1) جائز ہے کہ عدالت جس نے ڈگری صادر کی ہو ڈگری دار کی درخواست گزرنے پر ڈگری کو دوسری عدالت میں جاری ہونے کے لیے بھیج دے۔

(الف) اگر وہ شخص جس کے نام ڈگری صادر ہوئی ہو اس دوسری عدالت کے علاقہ کی حدود ارضی Local Limits کے اندر فی الواقع اور بالارادہ وہ

Marfat.com

سکونت رکھتا یا کوئی کاروبار کرتا یا منافع کے لئے بذات خود کوئی پیشہ کرتا ہو یا

(ب) اگر اس شخص کے پاس اس عدالت کے علاقہ کی حدود ارضی کے اندر جس نے ڈگری صادر کی ہو۔ اس قدر جائیداد نہ ہو جو ایصال رقم ڈگری کے لئے کافی نہ ہو بلکہ اس دوسری عدالت کے علاقہ کی حدود ارضی کے اندر جائیداد رکھتا ہو یا۔

(ج) اگر ڈگری میں حکم فروخت یا حوالہ کر دینے ایسی جائیداد و غیر منقولہ کا جو عدالت صادر کنندہ ڈگری کے اختیار حکومت کی حدود ارضی سے باہر واقع ہو یا۔

(د) اگر عدالت جس نے ڈگری صادر کی ہو کسی وجہ سے جو اسے لکھنی چاہیے۔ یہ مناسب سمجھے کہ ڈگری اس دوسری عدالت سے جاری کی جائے۔

(2) عدالت صادر کنندہ ڈگری کو اختیار ہے کہ اپنی مرضی سے ڈگری کو واسطے اجراء کے اپنی کسی عدالت ماتحت میں بھیج دے جو مجاز ہو۔

## شرح

درخواست اجراء ڈگری سول جج حیدر آباد نے اصل عدالت کو اس بناء پر واپس کر دی کہ عدالت کراچی کو اختیار سماعت ڈگری ہی حاصل نہ ہیں۔ نتیجتاً حکم ضبطی جائیداد کراچی عدالت جاری کیے جو نئی درخواست ڈگریدار نے گزاری۔ ان کے متبادل ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج نے اپیل منظور کر لی کہ درخواست اجراء قابل سماعت نہ ہے کیونکہ یہ زائدالمیعاد ہو چکی ہے۔ لہٰذا ڈگری اور دیگر کاغذات واپس کرنا عدالت حیدر آباد سے عدالت مجاز نے حکم صادر کیا تھا۔ عدالت اجراء کو مزید اختیارات سماعت حاصل نہ ہیں کہ درخواست کو منظور کر کے کارروائی کرے۔ جو کہ بعد ازاں ڈگریدار نے داخل پر کر کے اجراء کی تھی۔ مزید کہا گیا کہ عدالت حیدر آباد جس نے ڈگری دی ہے اس سوال کا فیصلہ کرنے کی مجاز ہے کہ دوسری عدالت ڈگری اجراء کر سکتی ہے۔ لہٰذا ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج کو درخواست بوجہ زائدالمیعاد ہونے پر خارج کرنے کے اختیارات حاصل نہ ہیں۔

(پی ایل جے 1986ء کراچی۔ 344 سی ایل سی 1986ء صفحہ 1657)

Marfat.com

**اطلاق:**

دفعہ ہذا کا اطلاق صرف اس وقت ہو گا جب انتقال کنندہ اور منتقل الیہ عدالتیں مجموعہ ضابطہ دیوانی کے احکامات کے تحت عمل کر رہی ہوں۔ اس سے یہ مراد ہے کہ اگر ڈگری غیر ملکی عدالت کو منتقل کر دی جائے جس کا مجموعہ ضابطہ دیوانی سے کوئی تعلق نہ ہو تو ایسا انتقال دفعہ ہذا کے تحت کیا گیا۔ انتقال نہیں کہلائے گا اور اس حیثیت سے یہ باطل اور غیر موثر کہلائے گی۔

(اے آئی آر 1963ء ایس سی 1180 + 34 کلکتہ 676 (ڈی بی) + اے آئی آر 1936ء پٹنہ 150 (ڈی بی) اے آئی آر 1963ء ایس سی 1180)

## دفعہ 40 ڈگری کا کسی دوسرے صوبہ میں منتقل ہونا

(Transfer of decree to Court in another Province)

اگر کوئی ڈگری اجراء کے واسطے کسی دوسرے صوبہ میں بھیجی جائے تو اس عدالت میں بھیجی جائے گی اور اس طریقہ سے جاری کی جائے گی۔ جو کہ اس صوبہ کے قواعد میں مقررہ اور نافذالوقت ہوں۔

## دفعہ 41 کاروائی اجراء کے نتیجہ کی تصدیق ہونی چاہیے

(Result of execution proceedings to be certified)

عدالت جس میں ڈگری اجراء کے لیے بھیجی جائے اس کے اجرا پا جانے کا حال عدالت صادر کنندہ ڈگری کو لکھ بھیجے گی یا اگر عدالت اول الذکر اس کا اجراء نہ کر سکے تو اس کے نہ جاری ہو سکنے کے حالات لکھ کر بھیجے گی۔

## دفعہ 42 اختیار عدالت نسبت اجرائے ڈگری منتقل شدہ

(Powers of Court in executing transferred decree)

(1) جس عدالت میں ڈگری اجراء کے لیے بھیجی جائے اس کو ڈگری مذکور کے

Marfat.com

اجراء میں وہی اختیارات حاصل ہوں گے کہ گویا خود اسی نے ڈگری صادر کی تھی اور وہ سب لوگ جو ڈگری کے اجراء میں عدول حکمی Disobeying کریں یا رکاوٹ Obstruction پیدا کریں۔ اسی طرح عدالت مذکورہ کے فیصلے سے سزا پانے کے لائق ہوں گے کہ گویا اسی عدالت نے ڈگری صادر کی تھی اور عدالت مذکور سے جو احکام اس ڈگری کے صادر کی تھی اور عدالت مذکور سے جو احکام اس ڈگری کے اجراء میں صادر ہوں انہی قواعد کے بموجب قابل اپیل ہوں گے کہ گویا اسی عدالت نے ڈگری صادر کی تھی۔

(2) ماقبل میں بیان کردہ شرائط کی عمومیت کو مجروح کیے بغیر، جس عدالت میں ڈگری اجراء کے لیے بھیجی جائے اس کو ڈگری مذکور کی بابت مندرجہ ذیل اختیارات ہوں گے یعنی:۔

(الف) اختیار تحت دفعہ 39 برائے انتقال ڈگری دیگر عدالت میں اگر ضروری ہو۔

(ب) اختیار تحت دفعہ 50 کی ضمنی دفعہ (1) اجرائے ڈگری کی اجازت دینا قائم مقام قانونی متوفی مدیون ڈگری کے خلاف کاروائی کرے گا۔

(ج) اختیار تحت دفعہ 52 اجرائے تصحیح سہو کارندہ Clerical mistake (کلرک) یا حسابی سہو۔

(د) اختیار تحت آرڈر اکیس واں کے قاعدہ 160 تفویض ڈگری کو تسلیم کرنے کے لئے۔

(ر) اختیار تحت آرڈر اکیس واں کے قاعدہ 50 ڈگری دار کو اجازت دینے کے لیے تاکہ وہ اس شخص کے خلاف چارہ جوئی کرے جو اب تک اس فرم کا شریک تسلیم نہیں کیا گیا ہے جس فرم کے خلاف اجراء ڈگری کی کاروائی ہو رہی ہے۔

(و) اختیار تحت آرڈر اکیس واں کے قاعدہ 53 کے ضمن قاعدہ (1) کے فقرہ (ب) برائے دیئے جانے نوٹس قرقی جو ڈگری کسی دیگر عدالت نے جاری کی ہو۔

Marfat.com

## دفعہ 43 ایسے مقامات یا برطانوی عدالتوں کی مصدرہ ڈگریوں کا اجراء جن پر یہ حصہ نفاذ پذیر نہیں ہے:

(Execution of decrees passed by British Courts in place to which this Part does not extend or in foreign territory)

اگر کسی ایسی عدالت دیوانی نے ڈگری صادر کی ہو جو پاکستان کے کسی علاقہ میں قائم ہو جہاں کہ احکام متعلقہ اجرائے ڈگری کا اطلاق نہ ہو اس کا اجرا اس علاقے کے اندر نہ ہو سکے جہاں سے وہ ڈگری صادر ہوئی ہو اس کا اجراء پاکستان میں کسی عدالت کے علاقہ سماعت میں ان احکام کے مطابق ہو سکے گا جس کی یہاں پر صراحت کی گئی ہے۔

## دفعہ 44 اجرائے ڈگریات جاری کردہ عدالت ہائے ریاست مشمولہ:

(Execution of decrees passed by Courts of Acceeding States)

حذف بذریعہ فیڈرل قوانین (ترامیم و اظہار) آرڈیننس xxvii بابت 1981ء

## دفعہ A - 44 اجرائے ڈگریات مجریہ عدالت ہائے قلمرو متحدہ یا دیگر متبادل ممالک:

(Execution of decrees passed by Courts in the United Kingdom and other reciprocating territory)

بروئے ضابطہ دیوانی ترمیمی ایکٹ مجریہ 1937ء شامل کیے گئے:۔

(1) ممالک متحدہ یا دیگر متبادل ممالک کی اعلیٰ عدالتوں کی مصدقہ نقل ڈگری کسی عدالت ضلع میں دائر کی جاوے۔ یہ ڈگری پاکستان میں بھی بعینہ ویسے اجراء کی جاوے گی جیسے اسے عدالت ضلع نے صادر کیا ہو۔

Marfat.com

(2) اس مصدقہ نقل ڈگری کے ہمراہ عدالت ہائے اعلیٰ کی طرف سے ایک سرٹیفکیٹ بھی شامل ہوگا۔ اگر کوئی ہو جس میں رقم ڈگری' اگر کسی حد تک وصول ہوئی ہو یا محسوب ہوتی ہو۔ شامل کیا جاوے گا اور وہ سرٹیفکیٹ اس دفعہ کے مقاصد کاروائی عمل کے مقاصد کے لیے حد وصولی رقم ڈگری یا محسوبیت کا ایک قطعی ثبوت سمجھا جاوے گا۔

(3) دفعہ 47 کی صراحتوں کا مقدمہ نقل ڈگری دائر کرنے اور عدالت ضلع کی اس کے اجراء کرنے والی پر اطلاق ہوگا۔ جس عدالت نے تحت دفعہ ہذا ڈگری کا اجراء کیا ہو اور عدالت ضلع ایسی ڈگری کی اجراء کرنے سے انکار کر دیں گی۔ اگر عدالت کے اطمینان کے مطابق یہ ثابت کر دیا جاوے کہ یہ ڈگری دفعہ نمبر 13 کی شق الف تا و کی مقرر کردہ مستثنیات Exception کی زد میں آتی ہے۔

تشریح:

1- عدالت ہائے اعلیٰ بہ تعلق قلمرو متحدہ United Kingdom کے معنی انگلینڈ کی ہائی کورٹیں' سکاٹ لینڈ کی سیشن کورٹ' ہائی کورٹ ناروں آئی لینڈ' عدالت چنسری ملک پلٹیائن لنکاسٹر' از عدالت چیری پلٹیائن ڈربن ہیں۔

تشریح

2- "متبادل ممالک Reciprocating territory کے معنی کوئی ملک یا مقبوضہ جو کہ قلمرو ممالک متحدہ میں کہیں واقعہ ہو۔ جسے مرکزی حکومت وقتاً" فوقتاً" بذریعہ نوٹی فیکیشن سرکاری گزٹ اس دفعہ کے مقاصد کے لیے متبادل ملک اور عدالت ہائے اعلیٰ اعلان کرے اور عدالت ہائے اعلیٰ کے معنے بہ تعلق ایسے مقبوضہ کے ایسی عدالتیں ہیں جو اسی نوٹی فیکیشن میں مقرر کی جاویں۔

تشریح:

3- ڈگری" بہ تعلق عدالت ہائے اعلیٰ کے معنی ہیں ایسی عدالت کی کوئی ڈگری یا

Marfat.com

فیصلہ جس کی رو سے ایک رقم نقدی قابل ادا ہو۔ مگر اس میں ایسی رقم قابل ادا نہ ہوگی جس کا تعلق ٹیکس ہائے یا دیگر رسوم اسی نوعیت کی یا جرمانہ یا تاوان شامل ہوں اور:۔

(الف)　یہ تعلق قلمرو ممالک متحدہ کی عدالت ہائے اعلیٰ میں فیصلے اور ڈگریات کسی عدالت کی مصدرہ ایسی ڈگریوں اور فیصلوں کے خلاف شامل ہوں گے لیکن۔

(ب)　کسی حالت میں بھی یہ فیصلہ ثالثی Arbitration خواہ وہ بطور ڈگری یا فیصلہ قابل نفاذ ہو شامل نہ ہوگا۔

## شرح

### ڈگری اور ایوارڈ میں فرق:

کوئی فیصلہ جو کہ کسی ایوارڈ تحت ہوا ہے وہ فیصلہ سے علیحدہ نہیں ہے۔ جس طرح ایک عدالت فریقین مقدمہ کی ساعت بعد فیصلہ کرتی ہے۔(پی ایل جے 1982 - کراچی (16

### ڈگری عدالت (UK) نے جاری کی۔

ڈگری رقم کی ہونی چاہیے جو کہ دفعہ A-44 کے تحت ہے۔ لیکن ادائیگی ٹیکس کی ڈگری نہیں تصور ہوتی ہے۔ مثلاً" ٹیکس' قیمت' ہرجانہ' جرمانے۔ ایسی ڈگری دفعہ A - 44 کے تحت قابل اجراء نہ ہے۔

(پی ایل جے 1985ء کراچی 348)

### دفعہ 45 غیر ممالک میں اجرائے ڈگری:

(Execution of decrees in foreign territory)

حذف بروئے فیڈرل قوانین (ترمیم و اظہار) آرڈیننس xxvii بابت 1981ء

Marfat.com

## دفعہ 46 حکم نامے: (Precepts)

1- اگر ڈگری دار عدالت صادرکنندہ ڈگری سے درخواست کرے تو عدالت مذکور اگر مناسب سمجھے گی ایک حکم نامہ کسی دوسری عدالت کے نام جاری کرے گی جو ڈگری مذکور اجراء کرنے کی مجاز ہو مشعراس کے کہ وہ عدالت جائیداد مملوکہ مدیون ڈگری کو جس کی تصریح حکم نامے میں ہو۔ قرق کرلے۔

2- وہ عدالت جس کے نام حکم نامہ بھیجا جائے قرقی کی کاروائی اس طریقہ پر کرے گی جو اجرائے ڈگری کی قرقی کے واسطے مقرر ہو۔

مگر حکم نامے کی رو سے قرقی دو مہینے سے زیادہ عرصہ تک قائم نہ رہے گی۔ الا اس حال میں کہ معیاد قرقی میں توسیع اس عدالت کے حکم سے کی جائے جس نے ڈگری صادر کی ہو یا قبل اختتام قرقی مذکور ڈگری عدالت قرقی کنندہ منتقل کی جائے اور ڈگری دار درخواست واسطے نیلام جائیداد مذکور کے گزاری ہو۔

## Questions to be determined by Court executing decrees

# تنازعات عدالت اجراء کنندہ ڈگری کو تصفیہ کرنے چاہئیں:

## دفعہ 47 تنازعات' عدالت اجراء کنندہ ڈگری کو تصفیہ کرنے چاہیں:

1- جب کہ امور نزاعی Questions مابین فریقین اس مقدمہ کے جس میں ڈگری صادر ہوئی ہو یا مابین ان قائم مقاموں کے اور جو ڈگری کے اجرا یا اس کے ایفا یا بیباقی سے تعلق رکھتے ہوں۔ اس عدالت کے حکم سے فیصل ہوں گے جو ڈگری کا اجراء کرے نہ کہ بذریعہ نالش جدا گانہ Separate suits کے۔

2- برعایت عذر داری نسبت معیاد سماعت یا اختیار عدالت کے عدالت مجاز ہے کہ کاروائی تحت دفعہ ہذا کو ایک مقدمہ خیال کرے یا مقدمہ کو کاروائی خیال

Marfat.com

کرے اور اگر ضرورت ہو زائد کورٹ فیس داخل کرنے کا حکم دے۔

3- اگر سوال پیدا ہو کہ فلاں شخص کسی فریق کا قائم مقام Representative ہے یا نہیں تو اس دفعہ کی اغراض کے لیے اس کا تصفیہ عدالت کرے گی۔

تشریح:

اس دفعہ کی اغراض کے واسطے اگر مدعی کی نالش خارج کر دی گئی ہو اور مدعا علیہ کے خلاف نالش خارج کر دی گئی ہو فریقین مقدمہ ہیں۔

## شرح

درخواست زیر دفعہ 46 اجرا ڈگری کے لیے نہ ہے بلکہ اجراء کے لیے ایک قدم ہے۔ جب تک درخواست اجرا زائد المعیاد نہیں ہے۔ ڈگری دار کو حق حاصل کردہ اجرا کے لیے درخواست گزارے۔

(پی ایل جے 1977ء کراچی - 485 + پی ایل ڈی 1977ء کراچی - 736)

یکطرفہ ڈگری بر خلاف نابالغ اور کمزور ضعیف ریسپانڈنٹ۔

عدالت کو حکم منسوخی ضرورت نہ ہے۔ ان حالات کو دعویٰ مدعی کو فیصلہ شدہ تصور نہ کرے بلکہ قانون تحت کاروائی کرے۔

(پی ایل جے 1974ء لاہور - 532)

اجراء ڈگری سے متعلقہ تمام امور بلکہ جائیداد ضبطی تک کے اختیارات شامل ہیں۔

(پی ایل جے 1980ء لاہور - 724)

دفعہ 73 کے تحت حکم قابل اپیل نہ ہے جس طرح زیر آرڈر 43 رول نمبر 1 ہے تاہم حکم زیر دفعہ 73 قابل اپیل ہوگا۔ صرف اس طرح کہ اگر ڈگری زیر دفعہ 47 تحت رہتا ہے۔

(پی ایل جے 1974ء لاہور - صفحہ 100 + پی ایل ڈی 1974ء لاہور - صفحہ 111)

Marfat.com

## فریقین کا موقف

دعویٰ میں متفقہ ڈگری۔ دعویٰ جس میں متفقہ ڈگری دفعہ 47 تحت زائد المیعاد ہو چکی ہے۔ اعتراضات کے جوابات۔

(پی ایل جے 1982ء کراچی - صفحہ 82)

## دعویٰ حق شفعہ اجرا ڈگری۔

ڈگریدار رقم شفع زدنیم جمع نہ کر سکا اندر معیاد۔ اثر

مدیون نے اعتراض کیا کہ ڈگریدار زرنیم جمع نہیں کر سکا۔

عدالت اجراء نے اس اعتراض کو خارج کر دیا۔ اس کے خلاف اپیل میں ڈسٹرکٹ جج نے دعویٰ خارج کر دیا۔ پھر پٹیشنر نے اس حکم کے خلاف نگرانی داخل کی اس بناء پر عدالت اجراء کو اختیار نہ تھا۔ ڈگری سے متعلق قانونی نقطہ جبکہ ڈگریدار رقم شفعہ زدنیم جمع نہیں کر سکا اور اسکا فیصلہ کرے۔ لہٰذا سوال پیدا ہوتا ہے کہ عدالت ڈگری کے اجرا کی مجاز ہے۔ مگر سول جج اس کا تعین کے لیے اجرا کاروائی کرنے کا مجاز نہ ہے۔

(پی ایل جے 1983ء لاہور -328 + سی ایل سی 1983ء لاہور - صفحہ 804)

## اجراء ڈگری۔ اعتراض :

جس شخص کے خلاف ڈگری ہونا متصور ہے اس کے خلاف کوئی امر مانع مخالفت نہ ہے مگر وہ اس موقف پر قائم ہے۔ عدالت کو بنیادی طور پر اختیارات کم ہونے پر کالِ اجراء ڈگری نہ ہے۔ لہٰذا عدالت اجراء ڈگری میں انکار کر سکتی ہے کہ اس کی قانونی حیثیت نہ ہے۔

(پی ایل جے 1984ء لاہور 436 + پی ایل ڈی 1984ء لاہور - 179)

## اجراء ڈگری :

تمام سوالات جو دوران اجراء پیدا ہوتے ہیں نہ صرف فریقین دعویٰ بلکہ دیگر ناراض فریق ہو مدعی، مدعاعلیہ کی طرف ہو۔ اسی عدالت اجراء فیصلہ کرے گی ہے۔

Marfat.com

(1990ء ایم ایل ڈی صفحہ 370)

جہاں ڈگری بذات خود واضح نہ ہو خاموش ہو تو عدالت اجراء ڈگری کو اختیار حاصل ہے کہ ریکارڈ دیکھ کر ڈگری کی شرائط کا خود تعین کرے۔ (1990ء ایم ایل ڈی 2333)

اجراء سے متعلقہ قانون دفعات 36 تا 47 اور آرڈر 21 ض د میں ہیں۔ دفعہ 47 کی شقیں ڈگری کی اجراء کے اختیار سماعت کی حد تک دفعہ 9 سے ملتی جلتی ہیں۔ ڈگری کا اجراء آرڈر 21 میں دیئے گئے طریقے کے مطابق کیا جانا چاہیے جو کہ ایک مکمل ضابطہ ہے۔ (پی ایل ڈی 1977ء کراچی 273 = پی ایل ڈی 1977 لاہور 418)

آرڈر 21 کی شقوں کو دفعہ 47 کے ساتھ ملا کر پڑھنا چاہیے۔ (پی ایل ڈی 1977ء کراچی 273)

**اجراء، ڈگری:** عدالت اجراء ڈگری کی حدود سے باہر نہیں جا سکتی اور نہ ہی فریقین کی ذمہ داریوں کا از سر نو تعین کر سکتی ہے۔ (2002ء ایم ایل ڈی)

**ڈگری برائے تکمیل مختص معاہدہ:** دفعہ 47 ضابطہ دیوانی 1908ء ہمراہ دفعہ 12 دادرسی مختص 1877ء عدالت عالیہ نے واضح کیا کہ ڈگری برائے تکمیل مختص معاہدہ از خود کسی قسم کا Title یا حقیقت بابت پراپرٹی متدعویہ منتقل نہیں کرتی بلکہ جب تک اجراء نہ گزاری جائے اور اس کے مطابق عملدرآمد نہ کروایا جائے تو ایسا قرار دینا غلط تصور ہوگا۔ لہٰذا ہائی کورٹ لاہور نے اس سلسلے میں دائر کی گئی پٹیشن کو خارج فرما دیا۔ (پی ایل ڈی 2003ء لاہور 102)

عدالت اجرا ڈگری کو واضح طور پر سخت رویہ سے ڈگری کی شرائط تحت کارروائی اجرا کرے جو کہ عدالت مجاز نے ڈگری جاری کی ہے۔ (1990ء ایم ایل ڈی صفحہ 1189)

دفعہ 47 کسی دادرسی کو ختم نہیں کرتی بلکہ یہ صرف ڈگری کے اجراء، ڈسچارج یا عملدرآمد کے معاملات کا رخ متعین کرتی ہے اور یہ کسی طرح بھی بیان کردہ معاملات کے علاوہ دیوانی عدالت کے اختیار کو متاثر نہیں کرتی۔ (پی ایل ڈی 1993ء پشاور 197)

**عدم ادائیگی جمع ڈگری رقم۔ دعویٰ کا خارج ہونا:** جب سے دعویٰ خارج ہوا تھا تو کوئی کارروائی اجراء نہیں ہو سکتی۔ دوسرا عدالت ایسا فعل نہیں کر سکتی جس سے کسی فریق کو نقصان پہنچ سکے۔ لہٰذا عدالت کو سب سے یہ معلوم ہو غلطی کو درست کرنا چاہیے جس عدالتی فعل سے کسی فریق کو نقصان پہنچتا ہے۔

(پی ایل جے 1988ء لاہور صفحہ 217+1988ء سی ایل سی 551)

عدالت اجراء ڈگری متعلقہ ڈگری پیچھے سیٹ نہیں کی جا سکتی ہے۔ اس سے بالاتر یا کم نہیں کر سکتی ہے۔ (1991ء سی ایل سی Note 325 صفحہ 248)

**دوران کارروائی اجراء ڈگری درخواست بابت ہم آہنگی ڈگری کے لئے دی گئی:** فریقین کی شہادت کو دونوں عدالت ماتحت تعین کرے یا تعین نہ کرنے کی مجاز ہیں۔ دستاویزات کی اصلیت بابت متنازعہ دوران اجراء ڈگری ایک دوسرے بیان فریقین دعویٰ جو کہ زیر سماعت ہے جس میں دستاویزات بارے موجودہ کارروائی میں عدالت شہادت فریقین اصل یا جعلی دستاویزات کے متعلق باز امر مانع ہو سکتی ہے لہٰذا عدالت ماتحت کا حکم غیر قانونی

Marfat.com

یا بے قاعدگی نہیں پائی جاتی ہے۔ لہذا نگرانی خارج۔

(ایم ایل ڈی - 1991ء صفحہ 170)

ڈگریدار نے درخواست غیر ضبطی متنازعہ کار کے لیے گزاری جو کہ عدالت اجرائے ڈگری نے ابتدائی طور پر خارج کر دی کیونکہ مدیوں کی ملکیت نہ ہے۔ اور ڈگریدار کو مقدمہ ریمانڈ از سر نو ساعت کر کے دونوں فریقین کو شہادت پیش کرنے کا موقع فراہم کرے تاکہ اپنے اپنے موقف کو ثابت کریں بعد میں قانون ریکارڈ کے مطابق فیصلہ کرے۔

(سی ایل سی 1991ء صفحہ 1751)

ڈگری راضی نامہ کی بناء پر جاری ہوئی۔ عدالت اجرا ڈگری نے درخواست اس بنا پر خارج کر دی کہ جائیداد اجرا کے متعلقہ نہ ہے۔ کیونکہ یہ جائیداد مختلف ہے۔ جس کا جائیداد راضی نامہ میں ذکر ہوا ہے۔

(ایس سی ایم 1991ء صفحہ 2012)

## Limit of time for decree

## معیاد اجرائے ڈگری

### دفعہ 48 ڈگری کا اجرا بعض صورتوں میں ممنوع ہے:

(Execution barred in certain cases)

1- اگر درخواست واسطے اجراء کسی ایسی ڈگری کے گزرے جو صدور حکم امتناعی Injuntion کی ڈگری نہ ہو تو اس کے بعد کوئی حکم نسبت اجراء اسی ڈگری کے کسی جدید درخواست پر صادر نہیں کیا جائے گا جو بعد گزر جانے مدت بارہ سال کے تاریخ ہائے مفصلہ ذیل سے گزاری جائے یعنی:۔

1- تاریخ ڈگری سے جس کا اجرا چاہا گیا یا۔

2- اگر ڈگری یا حکم مابعد میں یہ حکم کہ فلاں تعداد روپیہ کی کسی خاص تاریخ پر یا آئندہ تاریخ ہائے معینہ پر ادا کی جائے یا فلاں مال حوالہ کیا جائے تو قسط

Marfat.com

کے نہ ادا اور مال کے نہ حوالہ کرنے کی تاریخ سے جس کی بابت سائل وہ ڈگری جاری کرانا چاہتا ہو۔

3- اس دفعہ کی کسی عبارت سے متصور نہ ہوگا۔

(الف) یہ قیاس کرنا کہ عدالت اجرائے ڈگری کا حکم دینے سے ممنوع کی گئی ہے کسی ایسی درخواست پر جو بعد گزرنے میعاد چھ سال مذکور کے گزارنی چاہیے جس حال میں کہ مدیوں ڈگری نے کسی فریب یا جبر سے ڈگری کے اجراء کو کسی عرصہ میں جو درخواست کی تاریخ سے چھ برس قبل کے اندر ہو روکا ہو یا۔

(ب) لمیٹیشن ایکٹ 1908ء (Limitation Act 1908) کی پہلی جدول کا آرٹیکل 183 کے نفاذ کے اثر سے کسی طرح محدود یا متغیر نہ ہوگا۔

## شرح

عرصہ 12 سال کی معیاد اجرا ڈگری مگر ترمیم لا ریفارمز آرڈیننس 1972ء تحت 6 سال تک معیاد کم کرتا ہے۔ ترمیم ماضی پر اثر انداز نہیں ہے۔

(پی ایل جے 1980ء کراچی - 140)

### درخواست اجراء ڈگری۔ معیاد

دفعہ 48 نئی درخواست اجرا دینے کے لیے وقت مہیا کرتا ہے کیس پر معیاد پہلی درخواست کی معیاد کے لیے نہیں ہے بلکہ صرف قانون معیاد سے زائد قیمت کے لیے ہے جو کہ درخواست اجرا ڈگری قانون معیاد ایکٹ 1908ء کے تحت آتی ہے۔

(سی ایل سی 1987ء صفحہ نمبر2185)

### تبدیل شدہ بروئے لا ریفارمز آرڈیننس 1972ء (XII آف 1972)

سپریم کورٹ نے اپیل ابتدائی طور منظور (Leave to appeal) کرلی تاکہ اس

Marfat.com

قانونی نقطہ کا مطالعہ کے لیے ایک درخواست اجراء ڈگری سول عدالت کے ... ہے۔ وہ آرٹیکل نمبر 182 قانون معیاد ایکٹ 1908ء کے تحت آتی ہے ... اب جبکہ 182 کو حذف کر دیا گیا ہے اور یہ ترمیم دفعہ 48 ضابطہ دیوانی بذریعہ برو ریفارمز آرڈر 1972ء اثر انداز ہوتی ہے۔ جو کہ آرٹیکل 181 بطور Reidury ہے۔ لہذا قانون ... 1908ء یا زیر دفعہ 48 ضابطہ دیوانی لاگو ہوتا ہے۔

(پی ایل ڈی 1990ء سپریم کورٹ 78

زیر دفعہ 48 ضابطہ دیوانی کے تحت زیادہ سے زیادہ 6 سال تک کی معیاد ہے۔ ... معیاد کے گزرنے پر ڈگریدار درخواست اجراء ڈگری داخل نہیں کر سکتا ہے۔

(ایم ایل ڈی - 1990ء صفحہ 99

کیا درخواست اجراء ڈگری زائد المیعاد تھی؟

اس کا معقول وجہ نہ ریسپانڈنٹ نے کوئی درخواست اجراء ڈگری اس سے داخل کی گئی ہو۔ لہذا دفعہ 15 قانون میعاد زیر دفعہ 48 ضابطہ دیوانی سے سبقت دیتا ہے۔

(پی ایل جے 1990ء لاہور - 59

درخواست اجراء ڈگری کو سندھ ہائیکورٹ اطلاق۔ ایسی درخواست اجراء ڈگری آرٹیکل 183 قانون معیاد ایکٹ پر اطلاق کرتا ہے۔

(پی ایل ڈی - 1974ء کراچی - صفحہ 345 + سی ایل سی - 1991ء نوٹ 81 صفحہ 34

قانون ساز ادارے لیجسلیٹو کی منشا دفعہ 12 ضابطہ دیوانی کی ترمیم کرکے زیر دفعہ (2) کی توسیع کرتا ہے۔

(پی ایل ڈی 1991ء سپریم کورٹ - صفحہ 97

## Transferees & Legal Representatives

## منتقل الیہم و نمائندگان قانونی

Marfat.com

## ...ہ 49 منتقل الیہم : (Transferee)

ہر شخص جس کے نام ڈگری منتقل کی جائے' پابندی ان حقوق Equities کے (اگر ...ی ہوں) ڈگری کا مالک ہوگا جن کو مدیون ڈگری اصل ڈگریدار کے مقابلہ میں نافذ کرا ...سکتا ہے۔

## دفعہ 50 قانونی نمائندہ (Legal representative)

1- اگر مدیون ڈگری' ڈگری کی تعمیل کامل ہونے سے پہلے فوت ہو جائے تو ڈگری دار کو اختیار ہے کہ مدیون متوفی کے قانونی نمائندہ Legal representative پر ڈگری جاری ہونے کی درخواست عدالت صادر کنندہ ڈگری میں گزارے۔

2- اگر ڈگری بنام قائم مقام مذکور جاری کرائی جائے تو اس کی ذمہ داری صرف اسی قدر ہوگی جس قدر جائیداد شخص متوفی کی اس کے ہاتھ آئی اور ازراہ واجب اس پر کوئی تصرف از قسم انتقال وغیرہ نہ ہوا ہو اور واسطے دریافت مقدار ذمہ داری کے عدالت اجراء کنندہ ڈگری مجاز ہوگی کہ اپنی مرضی سے یا ڈگری دار کی درخواست گزارنے پر قائم مقام مذکور سے ایسے کاغذات جبراً داخل کرائے جو عدالت کو مناسب معلوم ہوں۔

## شرح

**وسعت:**

دفعہ ہذا ایسے مقدمات کو شامل کرنے کے لئے بہت وسیع ہے۔ جہاں مدیون ججمنٹ ڈگری جاری ہونے سے قبل وفات پا جائے مگر شرط یہ ہے کہ ڈگری اس کی وفات کے باوجود قابل جواز ہو۔

(اے آئی آر 1937ء پٹنہ 321)

دفعہ ہذا عام الفاظ میں بہت سے ایسے طریقوں کے بارے میں وضاحت کرتی ہے۔ جس کے تحت عدالت ڈگری کی تعمیل کے احکامات جاری کرنے کی مجاز ہے۔ دفعہ ہذا کے تحت ہر مقدمہ میں تعمیل کے لئے احکامات جاری کرنے کا وسیع اور لامحدود اختیار نہیں ہے۔ دائرہ اختیار کو صرف ان شرائط اور پابندیوں کے تحت استعمال کیا جا سکتا ہے جو کہ

Marfat.com

جدول کے قواعد کے تحت معرحہ ہیں۔

(اے آئی آر 1942ء کلکتہ 587 + اے آئی آر 1540 پٹنہ 567 = پی ایل ڈی 1981 ڈھاکہ 492 = اے آئی آر 1936ء الہ آباد 495 (ڈی بی)

## قائم مقام قانونی کے خلاف ڈگری کا اطلاق :

دفعہ ہذا ڈگری ہولڈر کے لئے اس بات کو حکمی بناتی ہے کہ وہ اس کا اطلاق ڈگری کی تعمیل کے لئے مرحوم کے قائم مقائم قانونی کے خلاف کر کے۔ لہٰذا دفعہ ہذا کے الفاظ "May Apply" یعنی جائز ہے کہ اطلاق پذیر ہو "Shall Apply" یعنی لازمی اطلاق پذیر ہوگا کے مترادف ہیں۔

(اے آئی آر 1936ء مدراس 205 (ڈی بی) اے آئی آر 1957ء راجستھان 154 (ڈی بی)

مرحوم مدیون ججمنٹ کے قائم مقامی قانونی کے خلاف ڈگری کی تعمیل کے لئے درخواست صرف اور صرف اس عدالت میں دائر کی جا سکتی ہے۔ جس نے ڈگری جاری کی ہو نہ کہ کسی اور عدالت میں۔

(پی ایل ڈی 1958ء ڈھاکہ 618؛ اے آئی آر 1926ء مدراس 411 (ڈی بی)

## مدیون ججمنٹ کے لئے تعمیل کی ضمانت :

ڈگری کی تعمیل مدیون ججمنٹ کے خلاف بطور اس کی ضمانت کے کی جائے گی لیکن یہ ضروری نہیں ہے کہ فیصلہ کن کاروائی برائے تعمیل کو ختم کر کے ضمانت کی کاروائی کی جائے۔

(1993ء سی ایل سی 255

مدیون کے خلاف وارنٹ ضبطی جاری ہونے سے قبل مرجاتا ہے۔ وہی وانٹ ا

Marfat.com

جعلی دستاویزات کے متعلق باز امر مانع ہوسکتی ہے لہٰذا عدالت ماتحت کا حکم غیر قانونی کے وارثان کے خلاف جاری نہیں ہوسکتے جب تک عدالت قانونی طور پر پہلے یہ تعین کرے کہ واقعہ ہی مدیون کے وارثان ہیں۔ان حالات میں حکم ضبطی منسوخ کیا جاتا ہے۔ (1985ء ایم ایل ڈی 555۔)

ابتدائی طور پر اپیل اس نقطہ کو غور کرنے کے لئے منظور ہوئی کہ کیا ہائیکورٹ نے اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے غلطی کی ہے جو درخواست 76-11-4 کو خارج ہوگئی تھی۔وہ درخواست نمبر لاء آف 1951ء تھی نہ کہ درخواست اجراء نمبر A-9 آف 1956ء تھی۔درخواست نمبر 3 حکم جو خلاف مدیون ہوا تھا کیا وہ پٹیشنر کے خلاف اجراء ہوسکتا ہے یا اس کے قانونی وارثان کے خلاف اور نہ انہیں نوٹ زیر دفعہ 50 اور زیر آرڈر 21 رول 22 دیا گیا ہے۔ (1991ء ایس سی ایم آر 932)

# ضابطہ اجراء

## *Procedure the execution*

### 51-Powers of Court to enforce execution.

**دفعہ 51-اختیار عدالت برائے نفاذ اجرائے ڈگری:** پابندی ایسی شرائط وقیود کے جو مقرر کردی جائیں،عدالت ڈگری دار کی درخواست پر ڈگری کا اجراء ذیل کے طریقوں پر کرسکتی ہے۔یعنی:۔

(اے) بذریعہ حوالگی (delivery) جائیداد کے جس کی ڈگری میں وضاحت ہو یا۔

(بی) بذریعہ قرقی (attachment) مع نیلام یا بغیر قرقی کسی جائیداد کے یا۔

(سی) بذریعہ گرفتاری وقید کسی شخص کے یا۔

(ڈی) بذریعہ تقرر ریسیور کے یا۔

(ای) کسی اور طریقہ پر جو دادرسی مطلوبہ کی نوعیت کے لحاظ سے ضروری سمجھا جائے۔

بشرطیکہ ا[xxx] اجرائے مدیون بذریعہ قید کو حکم نہ دیا جائے گا،تاوقتیکہ مدیون ڈگری کو اپنے عذرات کہ کیوں اسے قید نہ کیا جائے،کے پیش کرنے کا موقع نہ دیا جائے اور عدالت تسلی پر اپنی وجوہات تحریر کرے گی:۔

(اے) یہ کہ مدیون ڈگری نے ڈگری کی اجراء میں رکاوٹ اور تاخیر کی ہو۔

---

چند الفاظ بروئے ضابطہ دیوانی (ترمیمی) آرڈیننس X بابت 1980ء حذف ہوئے۔

Marfat.com

(i) یہ کہ وہ عدالت کی مقامی حدود اختیارات چھوڑ کر جانے والا ہے۔ یا
(ii) ڈگری کے صادر ہونے کے بعد اس نے بددیانتی سے اپنی جائیداد کو چھپا دیا ہے یا منتقل کر دیا ہے یا اس کا کوئی حصہ الگ کر دیا ہے یا اس جائیداد کے متعلق کوئی ایسی بدنیتی کی ہے یا۔

(بی) یہ کہ مدیون ڈگری اجراء ڈگری کی تاریخ سے اس رقم کی ادائیگی کے ذرائع رکھتا تھا یا رکھتا ہے یا اس کی ادائیگی کا معقول حصہ رکھتا ہے یا رکھتا تھا۔ اس کی ادائیگی سے انکار یا حیل انگاری کی یا کرتا ہے۔ یا

(سی) یہ کہ ڈگری اس قسم کی ہے جسے مدیون ڈگری اس کی ادائیگی کی مستحکم حیثیت رکھتا تھا۔

تشریح (Explanation): مدیون ڈگری کی ذرائع مندرجہ شق (بی) کو شمار کرتے وقت اس کی جائیداد میں سے قدر قطع نظر کیا جائے گا جو کہ برائے قانون رائج الوقت یا رواج یا کسی اور قانون کی رو سے اجراء سے ڈگری میں قرقی سے مستثنیٰ تھا۔

## شرح

زیر دفعہ 51 ضابطہ دیوانی کے تحت حکم مدیون نے اثاثہ رحصص بارے خاموش ہے۔ حکم میں کوئی وجہ نہ دی گئی ہے۔ یہ حکم مختم قابل منسوخی ہے۔ (پی ایل جے 1973ء کراچی صفحہ 147)

جائیداد کی فروخت کو مشتہر کرنے۔ ڈگری دار اور مدیون ڈگری کو نوٹس دینے کے بعد فروخت کی شرائط طے کی گئیں۔ فروخت کا حکم جائیداد پر چسپاں کیا گیا، عدالت کے نوٹس بورڈ اور پولیس سٹیشن پر لگایا گیا۔ اس کے علاوہ اخبار میں بھی شائع کیا گیا۔ قرار دیا گیا کہ نیلامی جائیداد محض فراڈ اور بے قاعدگی کی بناء پر منسوخ نہیں کی جاسکتی جب تک کہ سائل کو کوئی حقیقی ضرر نہ پہنچا ہو۔ (پی ایل ڈی 1983ء کراچی 112)

**مدیون کی گرفتاری کی قانونی حیثیت:** عدالت ماتحت نے مدیون کی گرفتاری کا حکم کیا۔ یہ حکم دوران کاروائی اجراء ہوا جس میں دفعہ 51 ضابطہ دیوانی کی حیثیت ضابطہ کاروائی مکمل نہ کی گئی تھی۔ لہٰذا یہ کاروائی قانون کے تحت نہ ہوئی ہے۔ البتہ ہائیکورٹ نے بااختیارات نگرانی اس غیر قانونی حکم کو منسوخ کر دیا اور مقدمہ دوبارہ از سر نو سماعت کے لئے عدالت ماتحت کو ریمانڈ بھیج دیا۔

عدالت ماتحت نے دوران کاروائی اجراء مدیون کی گرفتاری کا حکم دیا لیکن دفعہ 51 ضابطہ دیوانی کی

Marfat.com

کاروائی مکمل نہ کی گئی۔ ہائیکورٹ نے نگرانی میں غیر قانونی حکم کو منسوخ کر کے مقدمہ از سر نو سماعت کے لئے ریمانڈ (remand) کر دیا۔ (1987ء سی ایل سی 1227)

مدیون ڈگری کی گرفتاری اور قید کا حکم دفعہ 51 اور آرڈر 21 رول 37، 40 کی شرائط کے مطابق ہونا چاہیے۔ گرفتاری اور قید کا جو حکم ان شرائط کے برعکس ہو وہ غیر قانونی ہے جس کو منسوخ کیا جانا چاہیے۔

(پی ایل ڈی 1991ء اے جے کے 8)

دعویٰ ہمراہ پہنچانے سامان (delivery): قانونی کاروائی بعد کسٹم حکام نے سامان متنازعہ کو وارننگ تنسیخ تحت مدعی رپورٹر کے حوالے کر دیا۔ نمائندہ سرکار سامان بحوالہ مدعی کرنے پر کوئی اعتراض نہ کیا۔ مدعی اصلی (original) بل لینڈنگ سے دست بردار ہو گیا لہٰذا مدعی کا دعویٰ ان مندرجہ بالا شرائط تحت ختم ہوا۔ (1987ء ایم ایل ڈی صفحہ 2085)

اپیل: ایک ریسیور کی تقرری کی تعمیل میں ایک حکم نامہ[1] یا ریسیور کی تقرری کے اعتراض کی برخاستگی کا حکمنامہ واضع طور پر آرڈر نمبر 40 قاعدہ نمبر 1 کے تحت آتا ہے۔ اور اس طرح یہ حکمنامہ قابل اپیل ہوتا ہے[2] لیکن آرڈر نمبر 40 قاعدہ نمبر 1 کے تحت کسی ریسیور کی تقرری کے خلاف اُس کا نام ظاہر کئے بغیر اپیل دائر نہیں کی جا سکتی[3] یا کسی تقرری کے حکمنامہ کے خلاف جو کہ کسی ضمانت سے مشروط ہو اور ضمانت ادا نہ کی گئی ہو تو ایسی صورت میں اپیل دائر نہیں کی جا سکتی[4]۔

۱۔ اے آئی آر 1956ء مدراس 163 + اے آئی آر 1927ء لاہور 190 = 39 کلکتہ 1010 (ڈی بی)۔

۲۔ پی ایل ڈی 1960ء ڈھاکہ 144 + 12 ڈی ایل آر 92 (ڈی بی) + 13 سی ڈبلیو این 654 + 48 آئی سی 133 + 78 آئی سی 1031۔

۳۔ پی ایل ڈی 1955ء ڈھاکہ 72 = پی ایل آر 1953ء ڈھاکہ 134 = 5 ڈی ایل آر 142۔

۴۔ 12 اندرا کیس 745 (ڈی بی) (کلکتہ)

## 52-Enforcement of decree against legal representative.

دفعہ 52- نفاذ اجرائے ڈگری برخلاف قائم مقام قانونی: (1) اگر کسی فریق پر بحیثیت ہونے قائم مقام قانونی شخص متوفی (deceased) کے ڈگری ہوئی ہو اور ڈگری مذکور واسطے دلانے زر نقد کے جائیداد شخص متوفی سے ہو تو اجرائے ڈگری کا بذریعہ قرقی اور نیلام جائیداد مذکور کے ہو سکتا ہے۔

(2) اگر ایسی کوئی جائیداد مدیون ڈگری کے قبضہ میں باقی نہ رہے اور وہ حسب اطمینان عدالت یہ

Marfat.com

ثابت نہ کر سکے کہ اس نے اس جائیداد شخص متوفی کو جس کا اس کے قبضہ میں آنا ثابت ہو بجا صرف کیا
مدیون ڈگری پر ڈگری بابت اس قدر جائیداد کے جس کا اس کے جس کی نسبت وہ عدالت کا کہ اطمینان نہ
کر سکے اسی طریق سے جاری ہوسکتی ہے جیسے کہ ڈگری مذکور خود اسی کی ذات خاص پر ہوئی ہو۔

# شرح

وسعت: دفعہ ہذا عدالت کو اختیار دیتی ہے کہ وہ متوفی مدیون کے اثاثہ جات کی تعمیل کے لئے ہدایت جاری کر سکے۔ دفعہ ہذا ان معاملات میں محدود ہے۔ جس میں قرضدار متوفی کی جائیداد اس کے ورثا یا قانونی نمائندگان کو منتقل ہو چکی ہو[1]۔ قائم مقام قانونی کی وضاحت مجموعہ کی دفعہ (ii) میں کی گئی ہے۔ اگر کوئی شخص واقعی قائم مقام قانونی ہو اور ریکارڈ میں بھی یہ چیز موجود ہو تو وہ جائیداد کی نمائندگی کرنے کا مجاز ہوگا اور اس سلسلے کسی حکم کی عدم موجودگی اس صلاحیت سے مرحوم نہیں کر سکتی[2]۔

۱۔ اے آئی آر 1957ء آندھرا پردیش 47۔

۲۔ اے آئی آر 1956ء ٹریول کو 147+ آئی ایل آر 1955ء ٹریول کوچی (Trav-Co) 823 (ایف بی)

قائم مقام قانونی کی ذمہ داری: قائم مقام قانونی کی ذمہ داری صرف متوفی کی جائیداد تک محدود ہوتی ہے اور صرف ان جائیداد تک محدود جو اس کے حوالے کی گئی ہو اور جو فروخت نہ کی گئی ہو اور جب مرحوم نے کوئی جائیداد نہ چھوڑی ہو اور وارث یا کسی دیگر شخص نے وراثت میں کچھ حاصل نہ کیا ہو، ایسے شخص کو قائم مقام قانونی کا نام نہیں دیا جا سکتا۔ ایسے شخص کے خلاف دعویٰ دائرہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی ایسے قائم مقام کے خلاف ڈگری کی تعمیل کی جا سکتی ہے۔

(1986ء سی ایل سی 1952 + اے آئی آر 1914ء لاہور 144 (ڈی بی) +7 مدراس 255 (ڈی بی) + اے آئی آر 1932ء بمبئی 522= 1986ء سی ایل سی 1592)

اگر کوئی شخص جس کے خلاف کوئی کلیم ہو وہ دعویٰ دائر کرنے سے قبل فوت ہو جائے تو ایسے کلیم کی ادائیگی کے لئے ان افراد کے خلاف دعویٰ دائر کیا جا سکتا ہے جن کے پاس متوفی کی جائیداد یا جو اس کی نمائندگی کرتے ہوں۔ وارثان کے خلاف ڈگری متوفی کی اس جائیداد کی حد تک صادر ہوتی ہے جو ان کے ہاتھ آئے، وارثان کے خلاف متوفی کی جائیداد کی حد تک ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ بشرطیکہ اس جائیداد کو بے ضابطہ طریقہ سے استعمال یا منتقل نہ کر دیا گیا ہو۔

(پی ایل ڈی 1975ء لاہور 1205)

Marfat.com

معرافہ گزار را اپیل گزار کا پیشرو فوت ہو گیا۔ دعویٰ واپسی قرضہ اس کے وارثان کے خلاف کیا گیا۔ عدالت ماتحت نے بوقت ڈگری دعویٰ رقم ڈگری متعلق اپیل گزار کو کوئی ہدایت جاری نہ کی گئی کہ رقم ڈگری متوفی کے حصص میں سے جو کہ اپیل گذار کے متعلق ہے، اگر کوئی ہے تو ادائیگی اس میں سے ہوں گی۔ یعنی اپیل گزار کے جو متوفی کے ترکہ میں رقم ملی ہے۔ اپیل منظور ہو گئی اور ڈگری حسب ضابطہ بدل گئی۔

(1987ء ایم ایل ڈی صفحہ 1264)

**53-Liability of ancestral property.**

دفعہ 53- ذمہ داری جائیداد موروثی: واسطے اغراض دفعہ 50 و دفعہ 52 کے جو جائیداد کسی شخص کے بیٹے یا دیگر اولاد کے قبضہ میں اس طرح آئے کہ جائیداد مذکور پر ہندو قانون کی رو سے مورث متوفی کے حصہ کا بار ہو، جس کی نسبت کوئی ڈگری صادر ہوئی ہو تو سمجھا جائے گا کہ جائیداد مذکور ایسی جائیداد شخص متوفی کی ہے جو اس کے بیٹے یا اولاد کے قبضہ میں بحیثیت اس کے قائم مقام قانونی کے آئی ہے۔

## شرح

وسعت، اطلاق اور مقصد: دفعہ 53 الفاظ ''جائیداد مرحوم'' کی وضاحت کرتی ہے اور اصطلاح ''قائم مقام قانونی'' کے مفہوم کو توسیع بخشتی ہے۔ جیسا کہ دفعہ 2 کلاز (11)[1] میں واضح طور پر ہندو بیٹے یا دیگر اولاد کو مشترکہ جائیداد میں قائم مقام قانونی صراحت کیا گیا ہے جو کہ ہندو قانون کے تحت مرحوم آباؤ اجداد کے قرض کی تسلی کے لئے مقرر کیا گیا ہے[2]۔

۱۔ (اے آئی آر 1952ء ایس سی 170+ اے آئی آر 1939ء مدراس 867 (ڈی بی)+ اے آئی آر 1923ء پٹنہ لاء جرنل 451 (ڈی بی)=

۲۔ اے آئی آر 1962ء آندھرا پردیش 243 (ڈی بی))۔

**"Property in the hands of a son or other descendant."**

بیٹے یا دیگر خلف (descendant) کے قبضہ میں جائیداد: الفاظ ''بیٹے یا دیگر خلف (descendant) کے قبضہ میں جائیداد'' جو کہ ہندو قانون (Hindu Law) کے تحت مرحوم

Marfat.com

آباء و اجداد کے قرض کی ادائیگی کے لئے مستوجب قرار دی گئی ہے اور یہ الفاظ جائیداد کے سلسلہ میں توضیحی نوعیت کے الفاظ ہیں اور تعمیل کی صورت میں اختیار کئے جا سکتے ہیں۔ تاکہ قرضہ کی نوعیت کو محدود کرنے والے۔ (پی ایل ڈی 1947ء 259 = اے آئی آر 1048 پی سی)

ڈگری:

دفعہ ہذا کا اطلاق اس جگہ پر ہوتا ہے جب کوئی مرحوم کی جائیداد سے قرض وصول کرنے کے لئے حاصل کی جائے۔ ڈگری کے الفاظ دفعہ ہذا میں صرف زر ڈگری تک محدود نہیں ہیں جو کہ کسی کے آباء و اجداد کے خلاف جاری کی گئی ہو بلکہ اس میں جائیداد بھی شامل ہے۔ دفعہ ہذا کا اطلاق ہر اس معاملہ میں ہوگا جہاں ڈگری مخصوص کاروائی کی بجائے معاوضہ کے لئے جاری کی گئی ہو۔

(اے آئی آر 1924ء مدراس 571 (ڈی بی) پی ایل ڈی 1974ء پی سی 295 + اے آئی آر 1940 ناگ پور 278)

## دفعہ 54 تقسیم محال یا علیحدگی حصہ۔

## (Partition of estate or separation of shares)

اگر ڈگری بابت تقسیم کسی محال غیر منقسم کے Undivided estate کے ہو جس کی مالگذاری شخصیہ سرکاری میں دی جاتی ہو یا نسبت علیحدگی قبضہ حصہ محال مذکور کے ہو تو تقسیم محال یا علیحدگی حصہ معرفت صاحب کلکٹر یا کسی گزٹ شدہ ما تحت صاحب کلکٹر کے جن کو انہوں نے اس کام پر مقرر کیا ہو مطابق اس قانون کے (اگر کوئی ایسا قانون ہو) عمل میں آئے گی جو نسبت تقسیم یا علیحدہ کرنے دخل حصص محالات مذکور کے اس وقت نفاذ پذیر ہو۔

### شرح

وسعت' مقصد اور اطلاق:

دفعہ 54 کے وضع کرنے کا مقصد یہ ہے کہ حکومت کے مالیاتی مفادات کی سے حفاظت

Marfat.com

عدالت کی نسبت کلکٹر کے ذریعہ بہتر پیرائے میں کی جائے۔

(15 کلکتہ 198 (بی ڈی) اے آئی آر 1933 مدراس 259)

## دیوانی عدالت کی تقسیم جائیداد کے بارے میں ڈگری :

جب دیوانی عدالت مالیاتی زمین کی تقسیم کے بارے میں ڈگری جاری کرے تو اس سلسلے میں یہ تصور ہو گا کہ حکم 20 قاعدہ 18 کے تحت مقرر کردہ ضابطہ اختیار کیا گیا ہے۔ ایسی تقسیم مکمل ہونی چاہئے یعنی اس میں تمام وہ جائیداد شامل ہونی چاہئے جس میں دعوے دار دلچسپی رکھتا ہو۔

(اے آئی آر 1945ء اودھ 1 (ڈی بی) = 34 مدراس 269 + 7 کلکتہ 577 (ڈی بی) + 24 بمبئی 128 (ڈی بی)

## دعویٰ تقسیم

مشترکہ جائیداد کو بذریعہ دعویٰ تقسیم ہر ایک حصہ دار انفرادی طور پر الگ الگ حصہ لینے کا حقدار ہے۔ ابتدائی ڈگری بعد آخری ڈگری ہونے پر کوئی اعتراض رنجش نہ کی جا سکتی ہے۔

(ایم ایل ڈی - 1987ء صفحہ 1094)

## Arrest & Detention

# گرفتاری و قید

### دفعہ 55 گرفتاری اور نظربندی
### (Arrest and detention)

(1) مدیون کو ڈگری کی تعمیل میں کسی دن اور کسی وقت گرفتار کیا جا سکتا ہے اور جس قدر جلد قابل عمل ہو سکے گا اسے اس عدالت کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ (جو اسے

Marfat.com

جیل کے اندر نظر بندی کا حکم دے گی تاکہ وہ ایسے عرصے کے لئے جو ایک سال سے زائد نہ ہو۔ جیل میں قید بلا مشقت کاٹے) مگر شرط اول یہ ہے کہ اس دفعہ کے بموجب گرفتاری کرنے کی اغراض سے جائز نہیں ہے کہ غروب آفتاب کے بعد یا طلوع آفتاب سے پہلے کسی مکان سکونت میں داخل ہوا جائے۔

دوسری شرط یہ ہے کہ کوئی دروازہ بیرونی کسی مکان سکونت کا نہ توڑا جائے گا تاوقتیکہ مکان مذکور مدیون کے دخل میں نہ ہو اور وہ اس میں داخل ہونے سے روکے یا کسی طرح کی مزاحمت کرے۔ مگر جب عہدہ دار مجاز گرفتاری کسی مکان کے اندر باضابطہ پہنچ گیا ہو تو اسے اختیار ہے کہ کسی کمرہ کا دروازہ توڑ ڈالے جس میں کسی وجہ سے اس کو یقین ہو کہ مدیون ڈگری دستیاب ہو جائے گا۔

تیسری شرط یہ ہے کہ اگر وہ کمرہ کسی ایسی عورت کے واقعی قبضے میں موجود مدیون ڈگری نہ ہو اور جو حسب رواج ملک پر وہ کرتی ہو تو عہدہ دار گرفتاری عورت مذکورہ کو بتا دے گا کہ اس کو باہر نکل جانے کا اختیار ہے اور بعدم دینے مہلت معقول واسطے نکل جانے عورت مزکور کے اور نکلنے کے لیے اس کو ہر طرح کی سہولت مناسب دے کر عہدہ مذکور مجاز ہوگا کہ گرفتاری کے لیے کمرہ کے اندر جائے۔

چوتھی شرط یہ ہے کہ اگر وہ ڈگری جس کے اجراء میں کوئی مدیون ڈگری گرفتار ہوا' ہو بابت زر نقد کے ہو اور مدیون ڈگری اس کی رقم اور خرچہ گرفتاری کا عہدہ دار گرفتار کرنے والے کو ادا کر دے تو عہدہ دار مذکور اس کو فورا" رہا کر دے گا۔

(2) صوبجاتی گورنمنٹ اس امر کا اعلان مقامی گزٹ سرکاری میں کر سکتی ہے کہ فلاں شخص یا قسم اشخاص جن کی گرفتاری باعث خطرہ یا تکلیف عامہ خلائق ہو' اجرائے ڈگری میں گرفتار نہیں کیے جائیں گے سوائے اس کے ضابطہ مقررہ صوبجاتی گورنمنٹ مذکور ان گرفتاری میں ملحوظ رکھا جائے۔

(3) ایک مدیون ڈگری جسے ذیلی دفعہ (1) کے تحت نظر بند کیا گیا ہو محض ایسی قید کاٹنے کی بنا پر ڈگری کے تحت اپنی ذمہ داری سے بری نہ ہو جائے گا۔ مگر وہ اس ڈگری جس کی تعمیل میں وہ پہلے جیل میں نظر بند کیا گیا تھا دوبارہ گرفتار کیے جانے کا

Marfat.com

مستوجب نہ ہوگا۔

(تبدیل شدہ بروئے ضابطہ دیوانی (ترمیمی) آرڈیننس x بابت سال 1980ء)

اگرمدیون ڈگری ایسی درخواست دیوالیہ دینے کا ارادہ ظاہر کرے اور ضمانت حسب اطمینان عدالت دے اور وعدہ اس امر کا داخل کر دے کہ وہ ایک مہینہ کے اندر درخواست مذکور کو گزارے گا اور یہ کہ درخواست مذکور کی یا اس ڈگری کی کسی کاروائی میں کہ جس کے اجراء میں وہ گرفتار ہوا ہو جس وقت عدالت اسے طلب کرے گی حاضر ہوگا تو عدالت اس کو رہا کر دے گی اور اگر وہ ایسی درخواست نہ دے اور عدالت میں حاضر نہ ہو تو عدالت حکم دے سکتی ہے کہ ضمانت کا روپیہ وصول کیا جائے یا بعلت اجرائے ڈگری وہ جیل خانہ دیوانی میں قید جائے۔

## شرح

### ضمانتی - ذمہ داری - گارنٹی - تنسیخ:

لہٰذا مدیون نے بصورت ضمانت نامہ زیر دفعہ 55 ضابطہ دیوانی تحت لکھا ہوا ہو تو قانونی طور پر گارنٹی ضمانت ختم نہیں ہو سکتی محض تنسیخ کا نوٹس جاری کر کے درخواست دہندہ کی طرف سے ضمانت کی نوعیت مسلسل لگا تار گارنٹی نہیں ہوگی۔ اس لیے سیکورٹی مہیا کرنے کے حکم میں کوئی تبدیلی یا ضمانت نامہ اجرا کو ضمانت ختم خارج نہیں کیا جا سکے گا۔

(پی ایل جے 1983 - کراچی - صفحہ 53 = سی ایل سی 1983 - 366)

## دفعہ 56 -- زر ڈگری کی تعمیل میں عورت کی گرفتاری یا نظربندی کی ممانعت:

(Prohibition of arrest or detention of women in execution of decree for money)

ہر قانون کے اس حصہ میں کسی چیز کے بلا لحاظ عدالت ڈگری کی رقم کی ادائیگی کے لئے عورت کو گرفتار کرنے یا قید میں نظربند رکھنے کا حکم نہ دے گی۔

Marfat.com

دفعہ 57- زرخوراک (Subsistence allowance) حذف ... ضابطہ دیوانی (ترمیمی) آرڈیننس X بابت 1980ء۔

دفعہ 58- نظر بندی سے رہائی (Release from detention): تبدیل ... بروئے ضابطہ دیوانی (ترمیمی) آرڈیننس، 1980ء ہر وہ شخص جو ڈگری کی تعمیل میں جیل میں نظر بند کر دیا ہو وہ نظر بندی کا وقت گزرنے سے پیشتر رہا کر دیا جائے گا۔ اگر:۔

(اے) وہ رقم جو اس کی نظر بندی کے وارنٹ میں درج ہے وہ جیل کے افسر انچارج کو ادا کر دی جائے۔

(بی) اس کے خلاف جو ڈگری ہے وہ پورے طور پر ادا کر دی جائے۔

(سی) جس شخص کی درخواست پر وہ نظر بند کر دیا گیا تھا اب اگر وہ ایسی (رہائی کی) التجا کرے۔ بشرطیکہ وہ اس قسم کی نظری بندی سے عدالت کے حکم کے بغیر رہا نہ کیا جائے گا۔

## شرح

**Ad interim order- Effectiveness Violation of- Remedy.**

درمیانی حکم۔ موثر ہونا۔ خلاف ورزی۔ چارہ جوئی: درمیانی حکم جاری ہونے کے ساتھ ہی فوری طور پر موثر ہو جاتا ہے۔ اس حکم کو کسی حسب ضابطہ طریقے سے نافذ نہیں کیا جا سکتا۔ وہ فریق جس کے خلاف عارضی حکم امتناعی جاری کیا گیا ہو ایسے حکم کا علم ہونے پر اگر اس کی خلاف ورزی کرے تو اسے دیوانی جیل میں بھیجا جا سکتا ہے اور اس کی جائیداد قرق کر کے زیر دفعہ 94 اور آرڈر (3)(2)39 فروخت کی جا سکتی ہے۔ مدعا علیہم نے چونکہ عدالت کا حکم سٹیٹس کو کی خلاف ورزی کی تھی اس لیے ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جا سکتی ہے اور انہیں اس امر کی اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ اپنے غیر قانونی فعل سے مفاد حاصل کر کے اس سے مستقل طور پر فائدہ اٹھائیں اگرچہ سٹیٹس کو کا حکم بعد میں منسوخ کر دیا گیا تھا لیکن اس عرصے کے دوران وہ وجود میں تھا۔ اسے توڑنے والے شخص کے خلاف کارروائی کی جا سکتی تھی۔ حکم امتناعی کو بروئے کار لانا اور اس پر عملدرآمد کرانا اور کسی شخص کو حکم امتناعی کی خلاف ورزی پر سزا دینے کا حکم علیحدہ علیحدہ معاملات تھے۔ حکم پر عملدرآمد اور اس کا اجراء دفعہ 58 ضابطہ دیوانی کی رُو سے کیا جاتا ہے جب کہ اس خلاف ورزی کی سزا آرڈر 39، رول (3)2 ضابطہ دیوانی کی رو سے منضبط کیا جاتا ہے۔ چونکہ مدعا علیہم تمام تعمیر عدالت کے حکم سٹیٹس کو کی واضح طور پر خلاف ورزی کر کے کی گئی تھی اور یہ تعمیر دانستہ تھی اس لیے انہیں

Marfat.com

[وہ] تعمیر ہٹانی ہوگی اور اس پوزیشن کو بحال کرنا ہوگا جو سٹیٹس کو کا حکم جاری کرتے وقت موجود تھی۔ مدعا علیہم کی [نا]کامی کہ وہ 2 ماہ کے اندر اپنی تعمیر ہٹانے میں ناکام رہے انہیں دیوانی جیل میں ایک ماہ کے لیے بھیجے جانے کا [با]عث ہو سکتی ہے اور جائیداد متدعویہ کو قرق کر کے تعمیر منہدم کرائی جا سکتی ہے۔ (1995 ءسی ایل سی 2020)

**دفعہ 59- رہائی بوجہ بیماری (Release on ground of illness):** حذف ہوئی بروئے ضابطہ دیوانی (ترمیمی) آرڈیننس X بابت 1980ء۔

## Attachment

## قرقی

**60-Property liable to attachment and sale in execution decree.**

**دفعہ 60- جائیداد قابل قرقی و نیلام بعلت اجرائے ڈگری:** جو جائیداد کہ بعلت اجرائے ڈگری قابل قرقی اور نیلام کے ہے، تفصیل اس کی یہ ہے یعنی اراضیات یا مکانات یا دیگر عمارات اور اسباب اور زر نقد اور بینک نوٹ اور چیک یعنی رقعہ اور بل آف ایکسچینج اور ہنڈیات اور پرامیسری نوٹ اور نوٹ سرکاری اور تمسکات یا دیگر کفالت نامجات زر نقدہ اور قرضہ اور حصہ کسی جماعت سند یافتہ (corporation) کا اور سوا ان اشیاء کے جن کا ذکر آئندہ ہے تمام دیگر جائیداد منقولہ یا غیر منقولہ قابل فروخت جو مدیون ڈگری کی ہو یا جس پر یا جس کے منافع پر اس کو ایسا اختیار تصرف کا پہنچتا ہو کہ وہ اس کو اپنی منفعت کے لئے عمل میں لا سکے خواہ وہ اس کے نام سے ہو یا بطور اس کی امانت کے یا منجانب اس کے دوسرے شخص کے پاس ہو:۔

مگر شرط یہ ہے کہ اشیائے مندرجہ ذیل قابل قرقی یا نیلام کے نہ ہوں گے یعنی:۔

(اے) ضروری پوشاک اور پکانے کے برتن اور پلنگ اور بستر مدیون ڈگری اور اس کی زوجہ اور اطفال کے اور ایسے زیور جن کو کوئی عورت بمطابق اپنے رسوم مذہبی کے جدا نہ کر سکتی ہو۔

(بی) اہل حرفہ کے اوزار (tools of artisans) اور اگر مدیون ڈگری زراعت پیشہ ہو تو زراعت کے آلات اور ایسے مویشی اور تخم غلہ جو بدانست عدالت مدیون ڈگری کی وجہ معاش کے لئے ضروری ہوں اور اس قدر حصہ پیداوار زراعت یا کسی قسم خاص کی

Marfat.com

پیداوار اور زراعت کا ... کے بموجب قرقی و نیلام سے مستثنیٰ کر دیا گیا ہے۔

(سی) مکانات دیگر عمارات مع ان کے مال مصالحہ اور اراضی موقعہ کے اور اس اراضی کے جو ان سے بالکل متصل ہو اور ان کے استعمال کے لئے ضروری ہو، مملوکہ و مقبوضہ کاشتکار جو اس کے لئے تصرف میں ہو۔

(ڈی) بھی کھاتہ۔

(ای) محض حق رجوع نالش خسارہ۔

(ایف) ہر حق ذاتی خدمت کا۔

(جی) وظیفہ اور عطیات پنشن داران سرکاری یا وہ جو سروس فیملی پنشن فنڈ سے ملتے ہوں کی بابت اس بارے میں گزٹ سرکاری میں اشتہار منجانب مرکزی حکومت یا صوبائی حکومت شائع ہو گیا اور پنشن صیغہ پولیٹکل۔

(ایچ) مزدوری اور گھریلو ملازموں کی اجرت خواہ نقدی یا جنس میں قابل ادا ہو۔

(آئی) تنخواہ پہلے مبلغ ایک سو روپے کی حد تک اور مابعد نصف۔

مگر شرط یہ ہے کہ جہاں تنخواہ کسی ملازم سرکاری کی تنخواہ ہے یا ملازم ریلوے کی تنخواہ ہے۔ مقامی اتھارٹی کی ہے۔ اس کا کل یا کوئی حصہ خواہ مسلسل یا بار بار کل عرصہ چوبیس ماہ تک زیر قرقی رہا ہو وہ آئندہ مہینے تک قرقی سے مستثنیٰ ہوگا اور اگر ایسی قرقی صرف ایک اور ایک ہی ڈگری کی اجراء میں کی گئی ہو وہ قطعی طور اجراء ڈگری کی صورت میں قرقی سے مستثنیٰ ہوگی۔

(جے) تنخواہ اور الاؤنس ان لوگوں کے جن پر پاکستان آرمی ایکٹ 1952ء یا کمیشن افسر کے علاوہ دیگر اشخاص جن کو پاکستان نیوی آرڈیننس، 1961ء کا اطلاق ہوتا ہے۔

(کے) لازمی و دیگر رقوم جو کسی ایسے فنڈ (سرمایہ) میں جمع ہوں یا ایسے فنڈ سے حاصل کی جائیں جس سے ایکٹ متعلق پراویڈنٹ فنڈ مجریہ 1925ء بروقت متعلق ہو جہاں کہ رقوم مذکور ایکٹ مذکور کے ذریعہ سے غیر قابل قرقی قرار دی گئی ہوں۔

(ایل) کوئی الاؤنس جو کہ سرکاری ملازم یا ریلوے کمپنی یا لوکل اتھارٹی کے ملازم کے الاؤنس

Marfat.com

کا حصہ بنا ہو جسے مناسب (appropriate) حکومت بذریعہ سرکاری گزٹ نوٹیفکیشن سے بری قرار دے دے اور کوئی ایسی گزارہ رقم جو ایسے ملازم کو معطلی (suspension) کی حالت میں ملتی ہو۔

(ایم) امید وار وراثت بحالت پسماندگی یا دیگر حق یا استحقاق جو محض موقوف بوقوع امر دیگر یا بجز امکان ہو۔

(این) حق نان ونفقہ (maintenance) آئندہ کا۔

(او) وہ الاؤنس جو حکومت پاکستان کسی قانون کی رو سے قرقی و نیلام بعلت اجرائے ڈگری سے مستثنٰی کر دیا گیا ہو اور۔

(پی) اگر مدیون ڈگری مالگزاری سرکار ہو تو کوئی جائیداد منقولہ جو کسی قانون نافذ الوقت متعلق شخص مذکور کی رو سے ایسے نیلام سے مستثنٰی کر دی گئی ہو جو بغرض وصولی بقایا مالگزاری عمل میں آئے۔

## تشریح 1: (Explanation)

تفصیلات جن کا ذکر شق ہائے (جی) (ایچ) (آئی) (جے) (ایل) اور (او) میں کہا گیا ہے اور جو قرقی یا نیلامی سے مستثنٰی ہیں۔ خواہ قبل مابعد قابل ادائیگی ہوں اور سرکاری ملازم ریلوے کمپنی یا لوکل اتھارٹی کے ملازم کی تنخواہ کے علاوہ اور کسی ملازم کی تنخواہ اس کا قابل قرقی حصہ اس رو کے قرقی سے مستثنٰی ہے جب تک کہ وہ واقعی قابل ادائیگی ہو۔

## تشریح 2: (Explanation)۔

شق (ایچ) اور (آئی) میں لفظ تنخواہ کے معنی کل ماہواری واجبات یا خراج کوئی الاؤنس جو قرقی سے مستثنٰی زیر شق (ک) قرار دے گیا ہو۔ ایک شخص جو اپنی ملازمت کے دوران میں خواہ ملازمت پر قائم ہو یا رخصت پر ہونے پر وصول کرتا ہو۔

## تشریح 3: (Explanation)۔

شق (ایل) میں مناسب حکومت کے معنی:۔

Marfat.com

(i) بہ تعلق کسی شخص کے جس کی ملازمت مرکزی حکومت میں ہے یا کسی بڑی بندرگاہ کا ملازم ہو، مرکزی حکومت مراد ہے۔

(ii) حذف کیا گیا بروئے اے۔او 1919ء

(iii) بہ تعلق کسی دیگر سرکاری ملازم یا کسی ریلوے ملازم یا لوکل اتھارٹی کے ملازم کی صورت صوبجاتی حکومت۔

(2) اس دفعہ کی کسی عبارت سے یہ مفہوم نہ ہوگا کہ:۔

مکانات و دیگر عمارات (مع ان کے مال مصالحہ اور اراضی موقع کے اور اس اراضی کے جوان بالکل متصل ہو اور ان کے استعمال کے لئے ضروری ہو) ڈگری زرلگان کے اجراء میں جو اسی مکان یا عمارت یا آراضی موقع یا اراضی متصل کی نسبت ہو قرقی و نیلام سے مستثنیٰ ہیں۔

## شرح

وسعت اور اطلاق: دفعہ ہذا اس بارے میں وضاحت کرتی ہے کہ کونسی جائیداد ڈگری کی تعمیل میں قابل قرقی ہے اور قابل فروخت ہے اور کونسی اس سے مبرا ہے۔ یہ دفعہ قانون خصوصی اور قانون مقامی کو متاثر نہیں کرتی۔ جن کے تحت دفعہ ہذا کے تحت قابل قرقی جائیداد کو نا قابل قرقی قرار دیا گیا ہے۔

(اے آئی آر 1936ء پشاور 109 (ڈی بی) پی ایل ڈی 1969ء لاہور 461 (ڈی بی) + اے آئی آر 1954ء پنجاب 235 (ڈی بی))

ڈگری کی تعریف میں رہن کی ڈگری نہیں آتی۔

(اے آئی آر 1945ء لاہور 123: اے آئی آر 1924ء آل 328)

ایسی جائیداد جو شرطیہ فقرے کی رو سے مستثناء ہو اس کی نہ قرقی کی جا سکتی ہے اور نہ وہ بیچی جا سکتی ہے۔

(اے آئی آر 1944ء لاہور 29: اے آئی آر 1939ء لاہور 256)

قرقی کے خلاف عذرات عدالت اجراء کے روبرو زیر دفعہ 47 ضابطہ دیوانی اٹھائی جا سکتے ہیں۔

(اے آئی آر 1942ء لاہور 153)

اور یہ عذرات بیع کی توثیق کی تاریخ تک دائر کیے جا سکتے ہیں۔ (اے آئی آر 1939ء لاہور 405)

دفعہ 60 ضابطہ دیوانی ان جائیدادوں کو مخصوص کرتا ہے جو ڈگری کی اجراء کے سلسلے میں قرق نہیں

Marfat.com

جاسکتی اور اس کا شرطیہ فقرہ بعض جائیدادوں کو اور ان سے وابستہ مفادات کو اجرائے ڈگری کے سلسلے میں قرق کرنے سے روکتا ہے۔ (اے آئی آر 1945ء ناگپور: 71 اے آئی آر 1937ء لاہور 265)

زمیندار کا وہ مکان جو صرف زرعی مقاصد کیلئے استعمال ہوتا ہے وہ قرقی و نیلامی سے مستثنیٰ ہے۔ ...یون ایک بڑا جاگیردار ہے جس کی ضلع "A" میں زمین ہے۔ وہ اس کو منیجر اور ہاریوں کے ذریعے کاشت کرتا ہے۔ اس کا بنگلہ جو کہ ضلع "B" میں ہے اجرائے ڈگری کی کاروئی سے مستثنیٰ نہیں ہوسکتا۔

(پی ایل ڈی 1971ء کراچی 288)

جائیداد: جائیداد میں ہر وہ منفعت شامل ہے جو کوئی بھی شخص حاصل کرسکتا ہو۔ حق حاصل شدہ اور جائیداد سے منسلک دیگر فوائد بھی جائیداد کی تعریف میں شامل ہیں لیکن محسوس ہونے والی اشیاء جو قدرتی طور پر ناقابل تخمینہ ہیں جیسا کہ ہوا اور پانی اپنی اصلی حالت میں جائیداد میں شامل نہیں ہیں۔

((اے آئی آر 1950ء کلکتہ 174 (ڈی بی) + اے آئی آر 1942ء کلکتہ 92 (ڈی بی) + اے آئی آر 1925ء پی سی 18 = پی ایل ڈے 1975ء ایس سی (انڈیا) 261-13 الہ آباد 432 (ایف بی) مدراس 442 (ڈی بی) + 7 رنگ پور ایل آر 318 (ڈی بی) سالمنڈ جورسپروڈنس تیسرا ایڈیشن (صفحہ 169)

**کلاز (اے) آئندہ نان نفقہ کا حق:** آئندہ نان نفقہ کا حق غیر مشروط طور پر ادائیگی کی ذاتی ذمہ داری کو جنم دیتی ہے۔ جب رقم واجب الاداء ہو۔ ایسا حق ایک ذاتی نوعیت کا حق ہے اور ناقابل انتقال ہے اور یہی وجہ ہے کہ دفعہ (60) کے فقرہ شرطیہ کی کلاز (این) کے تحت ناقابل قرقی ہے۔ حتیٰ کہ نان نفقہ کے بقایا جات جو کہ فوجداری عدالت کے زیر دفعہ 488 سی آر پی سی منظور کرے وہ بھی ناقابل قرقی ہیں۔

(پی ایل ڈی 1975ء لاہور 135 اے آئی آر 1965ء پنجاب 70 + اے آئی آر 1935ء کلکتہ 578 (ڈی بی)

**ضبط جائیداد۔ ماہانہ تنخواہ کی اجازت:** دفعہ 60 ضابطہ دیوانی کا مقصد سرکاری ملازم کی تنخواہ کا 50% اسے مہیا کرنا بطور گزارہ الاونس تاکہ اپنے خاندان کا گزارہ کرسکے۔

(پی ایل جے 1982ء کراچی 1 = پی ایل ڈی 1982ء کراچی 293 (ڈی بی))

**بقایا جات کی وصولی کیلئے تنخواہ کی قرقی:** قرقی کا وارنٹ اس تاریخ کو جاری کیا گیا جبکہ تنخواہ دفتر کو موصول ہوئی اور نہ ہی تقسیم کیلئے تیار تھی۔ قرار دیا گیا کہ قرقی کا حکم غیر قانونی ہے۔

(پی ایل ڈی 1964ء کراچی 308)

Marfat.com

یکمشت ادائیگی: ماہانہ تنخواہ کی قرقی اور سرکاری ملازم کی بے جا برخاستگی (dismissal) عدالت کی ہدایت پر قابل ادائیگی رقم کی وصولی میں فرق ہے۔ دفعہ 60 ضابطہ دیوانی کا منشاء معلوم ہوتا ہے کہ 50 فیصد سرکاری ملازم کو گزارہ الاؤنس دیا جائے تاکہ وہ اپنے خاندان کی کفالت کر سکے۔ اس کا اطلاق حکومت سے وصول ہونے والی اس رقم کی یکمشت ادائیگی پر نہیں ہوتا جو سرکاری ملازم کو بے جا برخاستگی پر ان کو ملنی چاہئے۔ (پی ایل ڈی 1982ء کراچی 1429)

شراکت نامہ جائیداد کی ضبطی: بنک شراکت نامہ فرم کی جائیداد بطور گارنٹی رکھی ہے۔ اس کا موقف ہے کہ فرم کی جائیداد اس کے ایک ممبر، رکن کی ذمہ داری کی ادائیگی کے لئے جائیداد ضبط نہیں ہو سکتی ہے۔ متعلقہ فرم کے لئے ہے کہ وہ اس موقف پر کاروائی کرے۔ اس لئے یہ بنک کی طرف سے متاثر نہیں کر سکتی ہے۔ (ایم ایل ڈی 1989ء صفحہ 366)

دوران اجراء ڈگری میں معاملات بذریعہ شہادت حل طے ہو سکتے ہیں۔ فریقین مقدمہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ شہادت دے کہ امر متنازعہ کو حل کر سکتے ہیں۔ (1892ء اے سی 118 ریفرنس = سی ایل سی 1991ء 424)

**61-Partial exemption of agricultural produce.**

قاعدہ 61- جزوی استثناء زرعی پیدوار: صوبجاتی گورنمنٹ کو اختیار ہے کہ بصدور حکم عام یا خاص گزٹ سرکاری یہ اعلان کر دے کہ اس قدر حصہ پیداوار زراعت (agricultural produce) یا کسی قسم خاص پیداوار زراعت کو صوبجاتی گورنمنٹ موصوف کے نزدیک بغرض کاشت اراضی تا فصل آئندہ اور بغرض پرورش مدیون ڈگری اور اس کی اہل وعیال کے ضروری ہو درصورت جملہ کاشتکاران یا قسم خاص کاشتکاروں کے قرقی و نیلام اجرائے ڈگری سے مستثنیٰ کر دیا جائے۔

## شرح

وسعت: دفعہ ہذا میں مقرر کردہ چھوٹ استثناء برائے زرعی پیداوار صرف جزوی نوعیت کی ہے۔ دفعہ ہذا عام طور پر حکم 38 قاعدہ 2 احکامات کی طرف رجوع نہیں کرتی۔ جس کے تحت کاشتکار کے زیر قبضہ زمین کی پیداوار مکمل طور پر قرقی سے مستثنیٰ قرار دی گئی ہے۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ پیداوار مدعا علیہ کی ملکیت ہو اور یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ وہ اس کے اور اس کے خاندان کے لئے نان نفقہ کے کام آئے۔

(اے آئی آر 1962ء کیرالا 261 = اے آئی آر 1961ء ایس سی 589)

Marfat.com

## دفعہ 62 ضبطی اس جائیداد کی جو مکان سکونتی ہیں

(Seizure of property in dwelling-house)

1- کوئی شخص جو احکام مجموعہ ہذا کے مطابق ایسے حکمنامہ کی تعمیل میں معروف ہو جس میں مال منقولہ کے ضبط Seize کرنے کا حکم یا اختیار دیا گیا ہو۔ کسی مکان سکونت میں غروب آفتاب کے بعد اور طلوع آفتاب سے پہلے داخل نہ ہو سکے گا۔

2- کوئی بیرونی دروازہ کسی مکان سکونت کا نہ توڑا جائے گا تاوقتیکہ مکان مذکور مدیون ڈگری کے دخل میں نہ ہو اور وہ اس میں داخل ہونے سے روکے یا کسی طرح کی مزاحمت کرے۔ مگر جب تعمیل کنندہ کسی مکان سکونت کے اندر باضابطہ پہنچ جائے تو اس کو اختیار ہوگا کہ کسی کمرہ کا دروازہ جس میں مال مذکور کے موجود ہونے کے باور کرنے کی وجہ ہو توڑ ڈالے۔

3- اگر کوئی کمرہ کسی مکان سکونت میں ایسی عورت کے دخل واقعی میں ہو جو سب رواج ملک پردہ کرتی ہو تو تعمیل کنندہ حکمنامہ اس کو مطلع کرے گا اور اس (عورت) کو کافی موقعہ و وقت چلے جانے کا دے کر اور اس (عورت) کو مناسب سہولت چلے جانے کی دے کر شخص مذکور مجاز ہوگا کہ مال گرفتار کرنے کے لیے کمرہ کے اندر جائے۔ مگر مطابق ان احکام کے اس امر کی بھی ہر طرح سے احتیاط کرے کہ مال کمرہ سے خفیہ طور پر اٹھ نہ جائے۔

وسعت:

رہائشی مکان کے بیرونی دروازے کی رکاوٹ کو توڑ کر اندر داخل ہونا ممنوع ہے۔ کوئی بھی شخص دیوار سے جا کر دروازہ کھولے گا اور بیلف درویازے سے داخل ہوتے ہوئے اشیاء کو اپنے ضبط میں لے سکتا ہے۔

(اے آئی آر 1915ء مدراس 320 (ڈی بی)

## دفعہ 63 کئی عدالتوں کی اجراء ڈگریوں میں قرقی جائیداد:

(Property attached in execution of decrees of

Marfat.com

several Courts)

1- جب کہ جائیداد جو کسی عدالت کی حراست میں نہ ہو کئی عدالتوں کی ڈگریوں کے اجراء میں زیر قرقی ہو تو اس جائیداد کو لینا یا وصول کرنا اور اس کی نسبت ہر دعویٰ اور اس کی قرقی پر ہر اغراض کی بابت تجویز کرنا اس عدالت سے متعلق ہوگا جو ان عدالتوں میں سب سے اعلیٰ درجہ کی ہو' یا اگر ان کے درجہ میں کچھ فرق نہ ہو تو اس عدالت سے متعلق ہوگا جس کی ڈگری کی علت میں جائیداد پہلے قرق ہوئی ہو۔

2- اس دفعہ کے کسی مضمون سے وہ کاروائی محض اس لیے باطل Invalidate نہ سمجھی جائے گی جو کسی ایسی عدالت نے کی ہو جس نے ان میں سے کسی ایک کو ڈگری کا اجراء کیا ہو۔

## شرح

### وسعت' مقصد اور اطلاق :

دفعہ ہذا کا مقصد ان متنازعہ دعووں سے اجتناب برتنا ہے جو مختلف عدالتوں میں قرقی یا ویسی جائیداد کی فروخت سے جنم لیتے ہیں لیکن یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ اصطلاح "عدالت" جو دفعہ 63 میں استعمال کی گئی ہے۔ اس سے مراد وہ عدالت ہے جو کہ مجموعہ میں استعمال کی گئی ہے اور کواپریٹو سوسائٹی کار رجسٹرار (عدالت کی اقسام میں شامل نہ ہے اگرچہ اس کے احکامات برائے قرقی اتنے ہی پر زور و موثر ہیں جتنے کہ بااختیار دیوانی عدالت کے۔

(اے آئی آر 1946ء ناگ پور 170 + اے آئی آر 1957ء مدراس 159 + اے آئی آر 1921ء پٹنہ 140 = اے آئی آر 1965ء آسام اور ناگالینڈ 21 (ڈی بی)

### اپیل :

ماتحت عدالت کا حکم جو کہ تعمیل کی کاروائی جاری رکھنے سے انکاری کے سلسلہ میں تعمیل کے التوا کی بنیاد پر جاری کیا جائے تو وہ اعلیٰ عدالت میں زیر دفعہ 47 قرار نہ پائے گا در بطور ڈگری کے اپیل کے قابل ہوگا۔

(اے آئی آر 1917ء کلکتہ 182 (ڈی بی)

Marfat.com

## دفعہ 64 انتقال نجی جائیداد کا بعد از قرقی کالعدم ہوگا:

**(Private alienation of property after attachment to be void.)**

جب کوئی قرقی وقوع میں آئے تو خلاف قرقی مذکور انتقال خانگی یا حوالہ کرنا جائیداد مقروضہ یا اس کے کسی حق کا اور ادا کرنا مدیون ڈگری کو قرضہ یا منافع سرمایہ یا دیگر رقوم کا بمقابلہ ان تمام مطالبات کے جن کا ایفا اس قرقی کی رو سے ہو سکتا ہے باطل ہوگا۔

**تشریح:**

اس دفعہ کے اغراض کے لیے ایسے مطالبات جو کسی قرقی کی رو سے نافذالعمل ہو سکتے ہیں ان میں مطالبہ جات برائے تقسیم املاک حصہ رسدی Reliable distribution of assets بھی شامل ہوتے ہیں۔

### شرح

مدیون کے مرضی کے معاہدہ کی روشنی میں عدالت نے فروخت کو متاثر کیا مگر پرائیویٹ فروخت کبھی بند نہیں ہو سکتی ہے۔ مگر ایسی فروخت زیر دفعہ 64 کی منشا کے خلاف ہے اور قابل منسوخی ہے۔ بطور نمائندہ مدیون فروخت متاثر ہو سکتی ہے۔ یا وہ آدمی جو بطور مختار تصور نہیں کیا یا تصور نہیں ہوتا بصورت دیگر پرائیویٹ فروخت۔

(پی ایل جے - 1975ء لاہور 139)

جب جائیداد زیر ضبطی تھی تو فریقین کرایہ دار کو ترغیب دیتا ہے۔ کرایہ پر دینے سے دفعہ 64 کی خلاف ورزی برعکس ہے' تو راہن کے اقدام کرنے پر قابل واپسی رقم ہوگی تو کرایہ دار بطور کرایہ دار ہونے کی حیثیت راہن پر کلیم نہیں کر سکتا ہے۔

(اے آئی آر 1972ء سپریم کورٹ 637 + ایم ایل ڈی - 1989ء صفحہ 117)

جائیداد ضبط ہوگے بعد اس کی حوالگی سپردگی۔ ذاتی طور پر تبدیل بعد از ضبطی ختم ہوگی۔

(ایم ایل ڈی 1991ء صفحہ 1101)

Marfat.com

## مقصد اور وسعت:

دفعہ 64 کے احکامات سختی سے تعبیر کیے جانے چاہئیں۔ انھیں ان معاملات میں لاگو نہ کیا جائے جو دفعہ ہذا کے تحت زیر غور نہیں لائے گئے۔ لہٰذا کامیاب دعوے دار کی منتقلی جو کہ دعویٰ کے بعد حکم 21 قاعدہ کے تحت کی جائے تو دفعہ ہذا کے تحت ممنوع قرار نہیں دی جائے گی۔

## دفعہ 64 اور حکم 38 کے قاعدہ 10 میں فرق:

ڈگری کی تعمیل میں جائیداد کی قرقی کے بعد جائیداد کی منتقلی کے بارے میں معاملہ کرنا اس دفعہ کا اصل مقصد ہے۔ جبکہ حکم نمبر اڑتیس قاعدہ نمبر 10 قرقی کے بعد انتقال کے بارے میں فیصلہ یا معاملہ کرتا ہے۔ دفعہ 64 اور حکم اڑتیس قاعدہ 10 کے احکامات مختلف صورت حال کے بارے میں معاملہ کرتی ہیں۔ یہ عذر کہ دفعہ 64 میں وضع کردہ عام قاعدہ کو حکم اڑتیس قاعدہ 10 میں وضع کردہ خصوصی قاعدہ کے ساتھ پڑھا جائے تو یہ قابل جواز نہ ہے۔

(1992ء سی ایل سی 1323 (ڈی بی)

## انتقال کب ہوتا ہے:

دفعہ 64 یہ نہیں کہتی کہ اگر نجی انتقال قرقی کے دوران کیا جائے تو وہ قرض خوان کے تمام دعوؤں کے خلاف باطل ہوگا۔

یہ صرف ان دعوؤں میں باطل ہے۔ جو قرقی کے نفاذ کے تحت آئے ہوں اور قرق شدہ جائیداد پچھلی فروخت سے قطع نظر نیلام کی جا سکتی ہے= بالفاظ دیگر انتقال صرف اس وقت باطل ہے۔ جب یہ ڈگری ہولڈر کے مفاد کے برعکس ہو جس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ اس رقم تک موثر ہے۔ جس رقم کی زیادتی میں قرقی کی گئی ہو۔ لہٰذا ایک منتقل الیہ مدیون ڈگری سے قرقی کے بعد اور عدالت کی فروخت سے قبل مجاز ہے کہ وہ حکم 21 قاعدہ 89 کے تحت فروخت کو مسترد کرنے کی درخواست دے سکے۔

(1990ء سی ایل سی 579 + پی ایل ڈی 1961ء ڈھاکہ 303 = 12 ڈی ایل آر 723 + پی ایل ڈی 1959ء ڈھاکہ 402 = 11 ڈی ایل آر 90 + اے آئی آر 1939ء مدراس

Marfat.com

702 - 1990ء ایم ایل ڈی 2196 = پی ایل جے 1990ء کراچی 543 (ڈی بی) - 1990ء سی ایل سی 579 - پی ایل ڈی ڈھاکہ 303 = 12 ڈی ایل آر 723)

## Sale

## نیلام

**دفعہ 65- خریدار کا استحقاق: (Purchaser's title)**

اگر کوئی جائیداد غیر منقولہ اجرائے ڈگری میں نیلام کی جائے اور نیلام قطعی ہو جائے تو خریدار کا استحقاق جائیداد میں اس وقت سے سمجھا جائے گا جب کہ جائیداد نیلام ہوئی نہ کہ اس وقت سے جب کہ نیلام قطعی ہوا۔

**دفعہ 66 نالش بر خلاف خریدار اس بنا پر کہ خرید مدعی کے واسطے کی گئی مسموع نہ ہوگی:**

(Suit against purchaser not maintainable on ground of purchase being on behalf of plaintiff)

1- کوئی نالش خلاف کسی ایسے شخص کی سماعت نہ کی جائے جو کسی ایسی خرید کی رو سے جس کی تصدیق عدالت نے حسب طریقہ مقرر کی ہو' کسی حق کا دعویدار ہو اس بنا پر کہ خرید واسطے مدعی کے یا ایسے شخص کے کی گئی تھی جس کے ذریعہ سے مدعی دعویٰ کرتا ہے۔

2- کوئی عبارت اس دفعہ کی مانع Bar نالش حاصل کرنے اس حکم کی نہ ہوگی کہ نام خریدار سرٹیفکیٹ یافتہ مذکور کا سرٹیفکیٹ میں قریباً" یا بلا رضامندی اصل خریدار کے داخل کیا گیا' یا کسی شخص ثالث Arbitrator کے اس حق میں مخل نہ ہوگی جو اس کو جائیداد اور مذکور کی نسبت کاروائی کرنی چاہتا ہے' ہرچند کہ جائیداد خریدار سرٹیفکیٹ یافتہ کے ہاتھ بظاہر فروخت کی گئی ہو' اس بنا پر کہ شخص ثالث مذکور کو بخلاف خریدار اصل کے جائیداد مذکور میں کچھ دعویٰ ہے۔

Marfat.com

## مقصد وسعت اور اطلاق:

دفعہ ہذا سرٹیفکیٹ یافتہ خریدار کو نیلامی کے وقت دعویٰ یا اس بات سے تحفظ بخشتی ہے کہ اس نے وہ جائیداد اپنی جانب سے نہیں بلکہ مدعی کی جانب سے خرید کی ہے اور ان تمام خریداریوں کا خاتمہ کرتی ہے۔ جو عدالتی نیلامی میں ایک شخص دوسرے کے نام پر خریدتا ہو۔

یہ تیسرے فریق کے ساتھ فراڈ کو روکنے کے لئے مرتب کی گئی ہے جو کہ اصلی اور سرٹیفکیٹ یافتہ خریداروں کے گٹھ جوڑ کے نتیجہ میں سامنے آتا ہے۔ قانون سازی میں ان ارادہ کا عمل دخل کبھی نہیں رہا کہ کسی ایسی فریق کو تحفظ دیا جائے جو کہ بے نامی خریدار میں دلچسپی نہ لے۔

(پی ایل ڈی 1971ء ڈھاکہ 120 = 22 ڈی ایل آر 858 (ڈی بی) + اے آئی آر 1962ء اے پی 49 ڈی بی + 16 ڈی ایل آر 125 + اے آئی آر 1946ء الہ آباد 85 (ڈی بی) + اے آئی آر 1939ء رنگون 122 (ڈی بی) + اے آئی آر 1937ء مدراس 362 (ڈی بی) - 16 ڈی ایل آر 125 + اے آئی آر 1939ء ناگاپنڈ 274 (ڈی بی) + اے آئی آر 920ء پی سی 30 + اے آئی آر 915ء پی سی 81 - اے آئی آر 1934ء کلکتہ 568 = 61 کلکتہ 440 (ڈی بی) + 12 کلکتہ 204 (ڈی بی) 16 ڈی ایل آر 125۔

## سرٹیفکیٹ یافتہ خریدار یا اس کی طرف سے دعویٰ کرنے والے شخص کے خلاف نالش:

دفعہ ہذا کا اطلاق اس جگہ پر نہیں ہوتا جہاں اصلی مالکان اپنے حق کو تیسرے شخص کے خلاف دعویٰ کریں یعنی اس شخص کے خلاف جس نے ان کے بے نامی دار سے جائیداد خریدی ہو اور بے نامی دار اس بات پر ڈٹا ہو کہ وہ بے نامی دار نہیں ہے۔

(پی ایل ڈی 1971ء ڈھاکہ 120 = 22 ڈی ایل آر 358 (ڈی بی)

## دفعہ 67 اختیار صوبجاتی گورنمنٹ نسبت برائے قواعد متعلقہ نیلام اراضی بعلت اجرائے ڈگری زر نقد:

Marfat.com

(Power for Provincial Government to make rules as to sales of land in execution of decrees for payment of money)

1- صوبجاتی گورنمنٹ کو اختیار ہے کہ بذریعہ اعلان گزٹ سرکاری' قواعد خاص کسی مقامی علاقہ اراضی کی نسبت منضبط کرے گی' یہ تعین ایسی شرائط کے جو زر نقد کی ڈگری کے اجراء میں اراضی کے کسی قسم کے حقوق و موافق کو نیلام کرنے کی نسبت ہوں۔ برائے ادائیگی زر نقد' جہاں مذکورہ حقوق اپنے غیر یقینی اور بمقابل تعین ہوں کہ صوبجاتی حکومت کی رائے میں ان کی مالیت کا مقرر (تعین) کرنا ناممکن ہو۔

2- جب کسی تاریخ کو جب یہ ضابطہ کسی مقامی علاقے میں نافذ ہوا ہو اور اراضی کے اجراء ڈگری کی صورت میں نیلامی کے کوئی قواعد اس وقت رائج ہوں' صوبجاتی حکومت سرکاری گزٹ میں نوٹی فیکیشن کے ذریعے ان قواعد کو رائج الوقت قرار دے دے' یا اسی قسم کی نوٹی فیکیشن سے اس میں کچھ ترمیم کر دے۔ ان ضمنی دفعہ کے اختیارات کو استعمال کی رو سے برمجریہ نوٹی فیکیشن وہ قواعد جاری یا ترمیم کیے گئے ہیں واضح بیان ہوں گے۔

## Delegation to collection of power to execute decrees against immovable property

## کلکٹر کو اجرائے ڈگری جائیداد غیر منقولہ کے اختیارات کی تفویض

### دفعہ 68- کلکٹر کو بعض اجرائے ڈگریوں کے انتقال کی نسبت قواعد بنانے کے اختیار:

(Power to prescribe rules for transferring to

Marfat.com

(Collector execution of certain decrees)

صوبجاتی گورنمنٹ بذریعہ اشتہار مندرجہ گزٹ سرکاری اعلان کرے گی کہ
علاقہ اراضی میں اجراء ڈگریات کا ان مقدمات میں جن میں عدالت کے حکم سے
جائیداد غیر منقولہ نیلام ہونے والی ہو یا اجراء کسی خاص قسم کی ڈگری منجملہ ایسی ڈگری
کے یا اجراء ڈگریات کا جن میں حکم نیلام کسی خاص قسم کی جائیداد غیر منقولہ یا حقیقت
جائیداد غیر منقولہ کا دیا گیا ہو کلکٹر کے پاس منتقل کیا جائے۔

## شرح

پبلک نیلامی کی صوبائی حکومت زیر دفعہ 68 نوٹیفکیشن جاری نہیں کر رہی ہے۔ کلکٹر
عدالت کی نمائندگی نہیں کر رہا ہے کہ وہ سرکاری اراضی کی فروخت یا حصہ قابل اعتراض
تھا۔ ان حالات کے پیش نظر زیر دفعہ 141 پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ 1887ء قابل عمل ہے
لاہور ہائیکورٹ رولز اینڈ آرڈر۔ والیم (ا) حصہ ایم 12 آرڈر 12 ایم۔
(پی ایل جے 1978ء لاہور - صفحہ 545 (DB)

### اطلاق اور وسعت:

دفعہ ہذا کا اطلاق صرف ان معاملات میں ہوتا ہے یا صرف ان ڈگریوں پر ہوتا ہے
جن کے تحت غیر منقولہ جائیدار فروخت کی جاتی ہے۔ اگر یہ سادہ زر ڈگری ہو تو
کلکٹری کو فروخت کے لئے منتقل نہیں کی جا سکتی۔ دفعہ ہذا کا اطلاق صرف دیوانی عدالتوں
کی ڈگریوں پر ہوتا نہ کہ مالیاتی عدالتوں پر۔
(اے آئی آر 1925ء اودھ 313 = 92 آئی سی 906 (ڈی بی) + اے آئی آر 1942
الہ آباد 257 + آئی ایل آر 1942ء الہ آباد 237 + 203 انڈیا 93 (ڈی بی)

### دفعہ 69 شیڈول سوئم کی صراحتوں کا اطلاق:

(Provisions of Third Schedule to apply)

احکام مندرجہ جدول سوئم ایکٹ ہذا کا ان جملہ صورتوں سے اطلاق ہوگا' جن میں

Marfat.com

اجراء کسی ڈگری کا دفعہ ما سبق کے بموجب کلکٹر کے پاس منتقل کیا جائے۔

## شرح

سادگی اختیار کرنے والے کا مستقبل میں خرچہ کا حق۔ قابل ضبطی نہ ہے کیونکہ و ذاتی اور ناقابل منتقلی ہے' مگر ایسا حق میں کوئی استثنٰی بابت ضبطی نہ ہے۔ جب یہ حق جائیداد پر منافع کے اعتراض یا جائیداد پر قیمت کی شکل میں بنایا گیا ہے۔

(پی ایل جے 1975ء لاہور - 135 (DB)

## دفعہ 70 قواعد متعلق طریق کار:

(Rules of Procedure ; Jurisdiction of Civil Courts barred)

(1) صوبجاتی گورنمنٹ کو اختیار ہے کہ مطابق احکام مندرجہ مذکور ضمیر کو قواعد وضع کرے۔ یعنی:۔

(الف)نسبت مرحل ہونے ڈگری کے عدالت سے بخدمت کلکٹر' اور بہ تقرر اس ضابطہ کے جس کی پابندی بوقت اجرائے ڈگری کلکٹر اور اس کے ماتحتوں پر واجب ہوگی۔ اور نسبت اس کے کہ ڈگری کلکٹر کے پاس عدالت میں واپس کی جائے۔

(ب)درباب اس کے کہ کلکٹر یا کسی گزٹ شدہ ماتحت کلکٹر کو وہ جملہ یا بعض اختیارات Confert کیے جائیں جن کو عدالت اجرائے ڈگری میں نافذ کر سکتی۔ اگر ڈگری کلکٹر کے پاس منتقل نہ ہوئی ہوتی۔

(ج) نسبت اس کے کہ جو احکام از طرف کلکٹر یا کسی گزٹ شدہ ماتحت کلکٹر کے صادر کیے جائیں یا جو احکام بصیغہ اپیل احکام مذکور پر صادر کیے جائیں ان کی اپیل اور نظر ثانی اعلٰی حکام مال کے پاس جہاں تک ممکن ہو اس طریقہ پر ہوگی' جس طرح ان احکام کی اپیل اور نظر ثانی میں دائر ہوتی۔ اگر ڈگری کلکٹر کو منتقل نہ ہوئی ہوتی۔

عدالت ہائے دیوانی کے اختیارات پر پابندی:

Marfat.com

(2) جو اختیارات کہ قواعد موضوعہ تحت ضمن دفعہ (۱) کی رو سے کلکٹر یا کسی افسر شدہ ماتحت کلکٹر کو بخشے گئے ہیں یا کسی حاکم اپیل یا نظر ثانی کو عطا ہوئے ہیں ان تعمیل عدالت دیوانی یا کوئی عدالت جو احکام یا ڈگریات عدالت دیوانی مذکور کی نسبت اختیارات یا نظر ثانی کا نفاذ کرتی ہو نہیں کر سکے گی۔

## دفعہ 71-- کلکٹر بمنزلہ عدالت دیوانی سمجھا جائے گا:

(Collector deemed to be acting judicially)

کسی ایسی ڈگری کے اجراء جو کلکٹر کے پاس دفعہ 68 کے بموجب منتقل کیا جائے صاحب کلکٹر موصوف اور اس کے ماتحت کاروائی عدالت دیوانی کرتے ہوئے سمجھے جائیں گے۔

## دفعہ 72 کس حالت میں عدالت التوائے نیلام کی نسبت کلکٹر کو اختیار دیگی:

(Where Court may authorise Collector to stay public sale of land)

1- اگر علاقہ ارضی Local Area جس میں حسب منشاء دفعہ 68 کے کوئی اعلان نافذ نہ ہو جائیداد مقروقہ قسم اراضی یا حصہ اراضی سے ہو اور کلکٹر عدالت کو یہ رائے لکھ کر بھیجے کہ اراضی یا حصہ اراضی کا نیلام کرنا نامناسب ہے اور وصول کرنا زر ڈگری کا اندر معیاد معقول کے اس طرح ممکن ہے کہ اراضی یا حصہ مذکور چند روز کے لیے منتقل کیا جائے تو عدالت کلکٹر کو اجازت دے سکتی ہے کہ بجائے نیلام اراضی یا حصہ مذکور کے حسب طریقہ مجوزہ اپنے زر ڈگری کے وصول کرنے کا بندوبست کرے۔

2- ہر ایسی صورت میں دفعات 69 تا 71 اور قواعد موضوعہ تحت دفعات مذکور کا اطلاق ہوگا جہاں تک کہ وہ قابل اطلاق ہوں گے۔

Marfat.com

# تقسیم املاک (اثاثہ جات)

## Distribution of Assets

### دفعہ 73-- ڈگری داروں میں حصہ رسدی تقسیم ہونا چاہیے:

(Proceeds of execution sale to be rateably distributed among decree-holders)

1- اگر زر ثمن نیلام عدالت میں جمع ہو اور ایک سے زیادہ اشخاص نے اس کے وصول ہونے سے پہلے درخواستیں واسطے جاری ہونے اپنی ڈگریات زر نقد کے اوپر ایک ہی مدیون ڈگری کے عدالت میں داخل کی ہوں مگر ڈگریات کا روپیہ نہ پایا ہو تو روپیہ وصول شدہ بعد منہائی خرچہ وصول کرنے کے ان جملہ اشخاص کے درمیان بحساب رسدی Rateably تقسیم کیا جائے گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ:۔

(الف) جب کوئی جائیداد تابع رہن یا مواخذہ کے جو اس پر ہو نیلام کی جائے تو زر ثمن نیلام سے جو حصہ کچھ فاضل نکلے اس میں مرتہن یا مواخذہ دار Locumbrancer حصہ پانے کا مستحق نہ ہوگا۔

(ب) جب وہ جائیداد جو صیغہ اجزائے ڈگری سے نیلام ہونے کے قبل ہے کسی کے پاس رہن ہو یا اس پر کچھ مواخذہ ہو تو عدالت مجاز ہوگی کہ برضامندی مرتہن یا مواخذہ دار کے یہ حکم دے کہ جائیداد بلا یا رہن یا مواخذہ کے نیلام کی جائے اور مرتہن یا مواخذہ دار کو نیلام کے زر ثمن پر وہی استحقاق دے جو اس کو جائیداد نیلام شدہ پر حاصل تھا۔

(ج) جب جائیداد غیر منقولہ ایسی ڈگری کے اجراء میں نیلام کی جائے جس میں یہ حکم مندرج ہو کہ جائیداد کسی مواخذہ دار کی بیباقی کے لیے نیلام کی جائے تو زر ثمن نیلام حسب ترتیب مفصلہ ذیل کے صرف کیا جائے گا۔ یعنی:۔

پہلے۔ اخراجات نیلام کی بیباقی ہیں۔

دوسرے۔ اس رقم کے ادا کرنے میں جو ڈگری کی رو سے واجب ہو۔

Marfat.com

تیسرے - مواخذہ ہائے مابعد کے اصل و سود کے ادا کرنے میں (اگر ایسے ہوں)

چوتھے - تقسیم رسدی میں درمیان ان اشخاص کے جو ڈگریات زر نقد کی مدیون پر رکھتے ہوں اور جنہوں نے جائیداد کے نیلام سے پہلے درخواست جاری کرا ڈگریات کی اس عدالت میں داخل کی ہو جس نے ڈگری بجکم نیلام جائیداد مذ کی تھی، اور جن کی ڈگریاں ہنوز بے باق نہ ہوئی ہوں۔

2- اگر وہ کل روپیہ یا جزو اس کا جو اس دفعہ کی رو سے تقسیم رسدی میں صر چاہیے کسی ایسے شخص کو دیا جائے جو اس کے لیے لینے کا مستحق نہ ہو تو وہ لینے کا مستحق ہو تو اس شخص پر نالش واسطے جبراً" واپس دلانے ایسے روپیہ کے سکتا ہے۔

3- اس دفعہ کی کوئی عبارت حکومت کے کسی حق میں خلل انداز Affects ہوگی۔

## شرح

ادائیگی اجرت ایکٹ ایک سپیشل قانون ہے جو کہ اجراء حکم کا خاص طریقہ کار ایکٹ کے تحت اتھارٹی فرض کرتی ہے۔ اس لیے وہ ضابطہ طریقہ کار الگ ہوتا ہے۔ دفعہ 73 ضابطہ دیوانی تحت داد رسی نہیں لے سکتا ہے۔

(ایم ایل ڈی - 1991ء صفحہ 301

### مقصد اور وسعت:

دفعہ (73) 2 یا 2 سے زیادہ ڈگری ہولڈرز کے مابین اثاثہ جات کی تقسیم کے ایک شرط ہے۔ شرط ہذا کی غرض و غایت تمام ڈگری ہولڈرز کو بلا امتیاز مساوی مقام کرنا ہے۔ دفعہ ہذا میں وضع کردہ قاعدہ ضابطہ کا قاعدہ ہے۔ یہ مخالف ڈگری ہولڈرز اصلی حقوق میں کوئی تبدیلی یا حد بندی نہیں کرتی۔

Marfat.com

(اے آئی آر 1941ء الہ آباد 110 (ڈی بی) + 1926ء اودھ 616 (ڈی بی))

### اثاثہ جات :

لفظ "اثاثہ جات" سے مراد کسی شخص کی وہ تمام جائیداد ہے جو اس کے قرضہ جات یا اس کے خلاف کسی قسم کے مطالبے کے لئے استعمال کی جائے۔ لہٰذا لفظ "عدالت کی تحویل میں اثاثہ جات" سے مراد ایسے اثاثہ جات ہیں جنہیں رقم میں تبدیل کر لیا گیا ہو۔ حتیٰ کہ بعض حالات میں چیک بھی اثاثے میں شامل شمار کیا جاتا ہے۔ جب اثاثہ جات کو عدالت کے ذریعے تبدیل کیا جائے تو تبدیل کی جانے والی رقم اثاثہ جات کے حساب کتاب یا شمار کرتے وقت کاٹی جانی چاہئے۔ جب ڈگری کا تعلق کئی ڈگری ہولڈرز سے ہو اور ان میں سے ایک ڈگری کی تعمیل کرتا ہو تو ایسی تعمیل کے سلسلے میں وصول کی جانے والی کوئی رقم ایسا اثاثہ جانا جائے گی جو مستوجب تقسیم ہو۔

(اے آئی آر 1934ء پٹنہ 685 (ڈی بی) + اے آئی 1939ء پٹنہ 392 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1959ء ڈھاکہ 939 = 11 ڈی ایل آر 326 (ڈی بی) + اے آئی آر 1925ء ناگالینڈ 157 + اے آئی آر 1939ء کلکتہ 530 - 45 کلکتہ ڈبلیو این 674 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1959ء ڈھاکہ 939 = 11 ڈی ایل آر 326 (ڈی بی) + اے آئی آر 1940ء کراچی 481 + اے آئی آر 1940ء پی سی 173 = 67 انڈیا اے پی پی 350)

### ناظر عدالت کے قبضہ میں اثاثہ جات :

جب فریقین کے علاوہ مداخلت کرنے والا تیسرا شخص / اشخاص اثاثہ جات کی تقسیم کے لئے اپنی درخواست دائر کریں اور یہ درخواست اتنی تاخیر سے دائر کی گئی ہو کہ اس سے پہلے اثاثہ جات ناظر عدالت کے پاس جمع کرائے جا چکے ہوں اور اگر دفعہ 73 (1) میں وضع کی گئی شرائط میں سے کوئی ایک شرط کی تسلی نہ کی گئی ہو تو مداخلت کرنے والوں کی درخواست جو کہ دفعہ 73 (1) سے باہر ہو تو اس پر غور نہیں کیا جا سکتا اور مداخلت کرنے والوں کو اثاثہ جات کی تقسیم کے لئے دعویٰ کرنے کا کوئی جواز باقی نہیں رہتا۔

### دعویٰ کرنے والوں کو روپے کی ادائیگی کے لئے

Marfat.com

ڈگری ہولڈرز ہونا ضروری ہے:

مدعی کو روپے کی ادائیگی کے لئے دعویٰ کرنے کے لئے ڈگری ہولڈرز ہونا [ضروری]
ہے۔

(1991ء ایم ایل ڈی 2301 = آئی ایل آر 1991ء یو سی 521 + 1991ء ایم ا[یل ڈی]
2301 = این ایل آر 1991ء یو سی 521 + پی ایل ڈی 1959ء ڈھاکہ 939 = [آئی]
ایل آر 326 (ڈی بی) + اے آئی آر 1961ء الہ آباد [0])

## Resistance to execution

# مزاحمت اجرائے ڈگری

## دفعہ 74 تعمیل کی مزاحمت:

(Resistance to execution)

(1) جب عدالت مطمئن ہو کہ جائیداد کا قبضہ لینے کی ڈگری کا حامل یا اس جائید[اد کا]
خریدار جو ڈگری کی تعمیل میں فروخت کر دی گئی ہو۔ اس کے مدیون ڈگری یا ا[س کی]
طرف سے کسی دوسرے شخص نے مزاحمت Resisted یا رکاوٹ [ob]structed
کی ہے اور ایسی مزاحمت منصفانہ وجہ کے بغیر تھی تو عدالت حامل ڈگری یا خرید[ار کی]
ایما پر مدیون ڈگری یا ایسے دوسرے شخص کو حکم دے گی کہ وہ ایسی مدت کے [لئے]
تیس دن سے زائد نہ ہو قید بلا مشقت برداشت کرے اور وہ مزید حکم دے [گی]
کہ حامل ڈگری یا خریدار کو قبضہ دلوایا جائے۔

(2) بلا لحاظ اس کے کہ کوئی چیز جو ذیلی دفعہ (1) میں موجود ہو' جب کوئی مد[یون]
ڈگری دوسرا شخص ڈگری کی تعمیل میں مزاحم ہوتا ہے' یا رکاوٹ ڈالتا ہے تو عد[الت]
اس پولیس سٹیشن کے افسر انچارج جس کے دائرہ اختیارمیں مدیون ڈگری یا [ایسے]
شخص کی رہائش ہے یا جہاں وہ جائیداد واقع ہے جس کے متعلق ڈگری دی گئی [ہے]
ہدایت دے سکتی ہے کہ وہ ڈگری کی تعمیل کے لیے پولیس کی ضروری مدد کرے۔

Marfat.com

PAR

# Incedental Proceedings

# ناگہانی کاروائیاں

## COMMISSION

## کمیشن

### دفعہ 75 عدالت کو کمیشن جاری کرنے کا اختیار

(Power of Court to issue Commission)

بہ اتباع شرائط و ضوابط مقررہ کے عدالت اغراض ذیل کے لیے کمیشن جاری کر سکتی ہے:۔

(الف) واسطے لینے اظہار کسی شخص کے۔
(ب) واسطے کرنے تحقیقات موقع کے۔
(ج) واسطے جانچنے یا تصفیہ حسابات کے۔ یا
(د) واسطے بٹوارہ Partition کے۔

## شرح

Marfat.com

تقرری اہل کمیشن تاکہ کلیم بابت حسابات کی پڑتال کرے۔ کمشنر کے اختیارات۔ کمشنر / شہادت قلمبند تک محدود ہیں اور کاٹس بک کی اصلیت یا مدعیان کے کلیم بارے تبصرہ Findings دینے کا مجاز نہ ہے۔

(پی ایل جے 1980ء کراچی صفحہ 340)

لوکل کمشنر کو دستاویز کے اصل ہونے پر تبصرہ کرنے کا اختیار حاصل نہ ہے اور نہ ہی لوکل کمشنر کو اختیار ہے کہ وہ مواد تنصیبات کا فیصلہ کرے۔

پی ایل جے - 1977ء لاہور صفحہ 788 (DB)

### وسعت اور اطلاق:

دفعہ ہذا چار مقاصد کیلئے کمیشن جاریکرنے کے سلسلے میں عدالت کے اختیار کو محدود کرتی ہے۔ حکم 26 میں کمیشن کے اجراء کے لئے شرائط دفعہ ہذا کی وسعت کو توسیع نہیں کرتیں اور عدالت صرف اس جگہ کمیشن کا اجراء کر سکتی ہے جہاں اسے دفعہ ہذا کے تحت اختیار ہو وگرنہ نہیں۔ لہٰذا عدالت زیر دفعہ 3 الف انتقال اراضی ایکٹ آف پنجاب مجاز نہیں ہے کہ وہ کسی کمشنر کو یہ معلوم کرنے کے لئے مقرر کرے کہ شخص مذکور قرض خواہ ہے یا کہ نہیں۔

ایک کمیشن صرف ایک شخص کو جاری کیا جا سکتا ہے۔ عدالت کو دو اشخاص کے لئے ایک کمیشن کا حکم نہیں دینا چاہئے۔

(پی ایل ڈی 1949ء لاہور 1 = پی ایل آر 1948ء لاہور 94 (ڈی بی) = پی ایل آر 1948ء لاہور 94 = پی ایل ڈی 1949ء لاہور 1 (ڈی بی) + اے آئی آر 1922ء لاہور 47 (ڈی بی) 13 آئی سی 40 (ڈی بی) پی ایل ڈی 1949ء لاہور 1 = پی ایل آر 1948ء لاہور 94 (ڈی بی) + اے آئی آر 1929ء مدراس 661 (ڈی بی)

## دفعہ 76 کمیشن دوسری عدالت میں

(Commission to another Court)

کمیشن اظہار گواہ کسی عدالت میں (جو ہائی کورٹ نہ ہو) بھیجا جا سکتا ہے جو سوائے

Marfat.com

اس صوبہ کے جس میں کہ عدالت جاری کنندہ کمیشن واقع ہو کسی دوسرے صوبہ میں واقع ہو اور اس مقام میں اختیار رکھتی ہو جہاں وہ شخص کہ جس کا اظہار لیے جانے کو ہو سکونت رکھتا ہو۔

ہر عدالت جس میں ضمنی دفعہ (1) کی رو سے کمیشن واسطے لینے اظہار کسی شخص کے بھیجا جائے مطابق اس کے اس کا اظہار خود لے گی یا کسی اور سے دلوائے گی اور جب کمیشن باضابطہ تعمیل پا جاوے تو مع اس شہادت کے جو اس کی رو سے لی گئی ہو اس عدالت میں واپس بھیجا جائے گا جہاں سے کہ وہ جاری ہوا تھا۔ بشرطیکہ حکم اجرائے کمیشن کا کچھ اور مضمون نہ ہو کہ اس صورت میں وہ اسی حکم کے مطابق واپس کیا جائے گا۔

## 77-- خط استدعا: (Letter of request)

بجائے جاری کرنے کمیشن کے عدالت مجاز ہے کہ ایک چٹھی مضمون درخواست لینے اظہار ایسے گواہ کے جو پاکستان میں نہ ہو جاری کرے۔

## 78-- کمیشن جاری کردہ عدالت ہائے ممالک غیر:

(Commisions issued by foreign Cou

احکام در باب تعمیل اور واپسی کمیشن نسبت لینے اظہار گواہوں کے ان بندھائے ن سے بھی متعلق ہوں گے جو عدالت ہائے مفصلہ ذیل سے صادر ہوں یا ان کے ایماء :-

ب) وہ عدالتیں جو پاکستان کی حدود سے باہر ہوں اور بموجب فرمان اعلیٰ حضرت ملک معظم یا فیڈرل حکومت کے مقرر ہوئی ہوں یا قائم کی گئی ہوں۔ یا

ب) منسوخ بروئے فیڈرل قوانین (ترمیم و اظہار) آرڈیننس xxvii بابت 1981ء

) وہ عدالتیں جو کسی ایسی ریاست غیر میں ہوں یا ملک بیرون پاکستان ہو۔

Marfat.com

# PART 4

## Suits in particular Cases

### Suits by or against the Government or public officers in their official capacity

## نالشات بصورت ہائے خاص

### نالشات از جانب یا بنا سرکار یا افسوان سرکاری بحیثیت عہدہ سرکاری

**دفعہ 79 نالشات از طرف یا بنام سرکار:**

(Suit by or against the Government)

نالشات جو از طرف یا بنام سرکار ہوں وہ افسر مجاز جو بطور مدعی یا مدعا علیہ ہوتا ہے حسب ذیل ہوگا:۔

(الف) نالش از جانب یا برخلاف فیڈرل حکومت کی صورت میں پاکستان۔

(ب) نالش از جانب یا برخلاف صوبجاتی گورنمنٹ، صوبہ

(ج) حذف ہوا۔ (اے) او 1949ء)

Marfat.com

## شرح

### پبلک آڈر کے خلاف دعویٰ۔

### اس میں صوبائی گورنمنٹ کو فریق نہیں بنایا گیا:

زیر آرڈر 27 رول 8 (2) ضابطہ دیوانی کی درخواست نہیں دی گئی۔

دعویٰ کی کاروائی ہوئی اگر فریقین پرائیویٹ پارٹی ہوتے۔ صوبائی گورنمنٹ ضروری فریق دعویٰ ہے۔ دفعہ ضابطہ دیوانی 79 کی شق قابل توجہ ہے مگر متوجہ نہیں کرتی۔ اس لیے عدالت ما تحت نے ڈگری دعویٰ بر خلاف گورنمنٹ جو کہ آفیسرمجاز سرکاری فرائض انجام دے رہا ہے غیر قانونی اختیارات کا استعمال نہیں کیا۔ ہر صوبائی حکومت بغیر فریق دعویٰ بناتے نہیں ہو سکتا ہے۔ پبلک ادارے کے خلاف دعویٰ کرنے پر صوبائی حکومت فریق مقدمہ بنانا ضروری ہے مگر فریق نہیں بنایا۔ عدالت نے ڈگری جاری کر کے غیر قانونی اختیار کا استعمال کیا ہے۔

(پی ایل ڈی 1971ء کراچی 625 + سی ایل سی 1985ء صفحہ 1680)

حکومت کی خلاف دعویٰ کیا گیا جس میں سیکرٹری فنانس / خزانہ کو بطور مدعا علیہ بنایا گیا۔ دعویٰ کا عنوان سے گورنمنٹ پاکستان مدعا علیہ ظاہر دکھایا گیا ہے۔ اگرچہ سیکرٹری منسٹری کو بطور مدعا علیہ دکھایا گیا ہے۔ تاہم لفظ حکومت پاکستان کو عنوان میں بطور مدعا علیہ لکھا گیا ہے۔ جو کہ بنائے دعویٰ نہ ہونے پر اس وجہ سے دعویٰ خارج ہوگیا۔

(ایم ایل ڈی 1988ء صفحہ 960)

دفعات 79 تا 82 دیوانی جو کہ طریقہ کار کی حیثیت رکھتی ہیں۔ یہ دفعات کوئی حق یا ذمہ داری عائد نہیں کرتی۔

(سی ایل سی 1991ء صفحہ 563)

### دفعہ 80 -- نوٹس (Notice)

1- کوئی نالش برخلاف حکومت یا کسی سرکاری عہدہ دار کے خلاف اس کے اپنے عہدے کے فرائض کی بجا آوری کی صورت میں کسی کیے ہوئے یا کیے ہوئے کے

Marfat.com

برابر فعل کی نسبت نہیں دائر کی جاوے گی۔ تاوقتیکہ تحریری نوٹس اس کو یا اس کے دفتر کو تقسیم ہوئے دو مہینے نہ ہوگئے ہوں۔

(الف) فیڈرل حکومت کے خلاف نالش کی صورت میں اس گورنمنٹ کے سیکرٹری کے نام۔

(ب) (i) صوبجاتی حکومت کے خلاف کسی نالش کی صورت میں ماسوا اس کے جو ریلوے کے معاملات سے متعلق ہوں؛ اس حکومت کے سیکرٹری یا اس ضلع کے کلکٹر کے نام' اور

(ii) فیڈرل حکومت کے خلاف کسی نالش کی صورت میں جو ریلوے کے معاملات سے متعلق ہوں متعلقہ ریلوے کے جنرل مینجر کے نام۔

اور سرکاری ملازم کی صورت میں' اس کو (نوٹس) تقسیم کر دیا جائے یا اس کے دفتر میں دیا جائے۔ وجہ امر بیان کرتے ہوئے (اس نوٹس میں) مدعی کا نام اصل کی رہائش کی کیفیت و تفصیل اور داد رسی Relief جس کا وہ مطالبہ کرتا ہے اور عرضی نالش میں بیان کیا جائے کہ مذکورہ نوٹس مذکورہ طریقہ پر تقسیم کردیا گیا یا اس کے دفتر میں دیا گیا۔

2- اگر مذکورہ نالش بغیر نوٹس مذکورہ دیئے یا تقسیم کیے یا اس کے دفتر میں دیئے بغیر جیسا کی اوپر بیان ہوا دائر کی گئی یا پہلے بیان کردہ دو ماہ کی مدت کے ختم ہونے سے قبل یا جب کہ عرضی نالش میں یہ بیان کیا گیا ہو کہ مذکورہ نوٹس مذکورہ طریقہ پر تقسیم کر دیا گیا یا دفتر میں دیا گیا' تب مدعی مستحق نہ ہوگا خرچہ کا اگر موضوع متعلقہ کا تصفیہ کیا جائے یا حکومت یا سرکاری ملازم مدعی کے مطالبہ کو' نالش دائر ہونے کی تاریخ سے دو ماہ کی مدت کے اندر رد کرے۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر نالش مذکورہ نوٹس کے بغیر دائر کی جائے' عدالت مجاز ہے' کہ حکومت کو کم از کم تین ماہ کی مدت دے کہ وہ (یعنی حکومت) اپنا بیان تحریری پیش کرے۔

Marfat.com

## شرح

### نوٹس موجودہ اور ماضی کا جائزہ

عدالتوں کو دفعہ 80 کی تکمیل کرنے پر اصرار نہیں کرنا چاہیے۔ اسکی تکمیل صرف اتنا ہی کافی ہے کہ حکومت یا مجاز آفیسر کو معقول طور پر حالات اور دادرسی کا علم ہونا چاہیے۔

(پی ایل جے 1978ء کراچی - صفحہ نمبر 501 + پی ایل ڈی 1978ء کراچی - صفحہ 990)

حکومت کے خلاف دعویٰ - نوٹس کی ضرورت - اجراء ڈگری کاروائی۔

فیڈرل گورنمنٹ کے خلاف دفعہ 80 کا نوٹس دینے کی ضرورت نہ ہے۔ تاہم سول کورٹ جج نے فیڈرل گورنمنٹ کے خلاف یکطرفہ ڈگری صادر کر دی حتیٰ کہ تین ماہ اندر جواب دعویٰ دینے کی بھی اجازت نہ دی ہے۔ لہٰذا سول کورٹ کا فعل بالکل ہی دفعہ 80 کے شق 2 کی Provision کے برعکس ہے۔ اس لیے یکطرفہ ڈگری منسوخ ہوگئی۔

(پی ایل جے 1184ء لاہور - 335 + سی ایل سی 1984ء1535)

گورنمنٹ کے خلاف دعویٰ۔ جواب دعویٰ داخل کرنے کا عرصہ زیر دفعہ 80 ضابطہ دیوانی فیڈریشن کو نوٹس نہیں دیا گیا ہے۔ متقنیہ / قانون ساز نے خود اپنی عقل تحت حکومت کو اندر 3 ماہ جواب داخل کرنے کی اجازت دی ہے۔ لہٰذا انکار یا اپنا حق کو مدعا علیہ کے واسطے ہتھیار ڈال دینا تصور ہوگا۔ دراصل غیر حاضری دفعہ 80 کی روح منشا کے خلاف ہے۔

(پی ایل جے 1986ء لاہور - صفحہ 441 + پی ایل ڈی - 1986 نلاہور - صفحہ 407)

### حکومت کے خلاف دعویٰ کیا نوٹس دینا ضروری ہے :

حکومت کو فریق نہیں بنایا گیا - اثر

1962ء میں زیر دفعہ 80 میں ترمیم ہونے بعد صوبائی یا وفاقی حکومت کے خلاف دعویٰ بہتر نوٹس ہو سکتا ہے۔

مگر فرائض منصبی آفیسر کے خلاف دعویٰ داخل کرنا درست نہ ہے اور قابل اخراج ہے۔

Marfat.com

(پی ایل ڈی 1989ء کراچی - صفحہ 319 + سی ایل سی 1989 صفحہ - 865)

## دفعہ 81 - استثنا گرفتاری و ذاتی حاضری عدالت:

**from arrest and personal appearence) (Exemption**

اس مقدمہ میں جو بنام کسی عہدہ دار سرکار کے بابت کسی ایسے فعل کے دائر کیا جائے جو اس نے اپنے اختیار منصبی Official capacity سے کیا ہو:۔

(الف) مدعاعلیہ کی ذات لائق گرفتاری کی ہوگی نہ اس کی جائیداد قابل قرقی کے ہوگی بہ صورت دیگر بحالت جاری ہونے ڈگری کے اور

(ب) عدالت مدعا علیہ کو اصالتاً حاضر ہونے سے بری کر دے گی۔ اگر عدالت کو اطمینان ہو جائے کہ مدعا علیہ بلا ہرج سرکار، اپنے عہدہ سے غیر حاضر نہیں رہ سکتا۔

## دفعہ 82 - اجرائے ڈگری :(Execution of decree)

1- جب کہ ڈگری گورنمنٹ کے خلاف یا کسی عہدہ دار سرکار مذکورہ کے خلاف بابت کسی فعل کے ہو جو اس نے اپنے اختیار منصبی سے کیا ہو تو ڈگری میں ایک معیاد اس کے ایفا Satisfied کے لیے مندرج ہوگی اور اگر ڈگری کا ایفا اس معیاد معین کے اندر نہ ہو تو عدالت مقدمہ کی کیفیت لکھ کر واسطے صدور حکم صوبجاتی گورنمنٹ کو پیش کرے گی۔

2- کسی ایسی ڈگری کی بابت حکمنامہ اجراء صادر نہ کیا جائے گا۔ Unless اس حال میں کہ وہ تین مہینے تک جس کا شمار کیفیت مذکور کی تاریخ سے کیا جائے گا بلا ایفا رہے۔

Marfat.com

## شرح

دعویٰ بر خلاف حکومت واپسی رقم۔ فریقین کے درمیان معاہدہ برائے تعمیر کے کام کرنے کا ہوا تھا۔ ٹھیکیدار نے جتنا کام کیا ہے اسے رقم معاہدہ کے مطابق ملے گی۔ پس ٹھیکیدار کو کام کی ظاہری حالت بابت کاروائی کرنے کا پابند نہ ہے بلکہ باقی ماندہ حصہ مکمل کرنے اور ثابت کرنے میں ناکام ہوا ہے۔

(سی ایل سی 1991ء نوٹ 278 - صفحہ 215)

قانون کی نظر میں برابری مساوات اور تحفظ۔ دفعہ 82 دفعہ ضابطہ دیوانی کی شقیں قانون کی نظر برابری کی تحقیق پر پڑتال اور آزادانہ پرچار کرتی ہے۔

(سی ایل سی 1991 صفحہ 563)

موقف اختیار کیا کہ بذریعہ رٹ پٹیشن پہلی اپیلانٹ عدالت کے غیر قانونی حکم چیلنج کیا گیا مگر فیصلہ بحال نہ رہا۔

اس حکم کے خلاف دوسری اپیل کی گئی چونکہ سماعت کرنے کی مجاز ہے۔

(پی ایل جے 1980 سپریم کورٹ 50)

## درمیان حکم کے خلاف اپیل :

عدالت کے مکمل طور پر اس سوال پر نکتہ نظر جن کا فیصلہ شہادت پر کرنا چاہیے تو پھر بغیر شہادت فیصلہ نہیں کرنا چاہیے۔ بصورت دیگر عدالت ماتحت کا فیصلہ شہادت کو ترجیح درست نہ ہے۔ اگرچہ عدالت اپیل غیر آمادگی پر ہچکچاہٹ ظاہر کرے گی کہ عدالت ماتحت کی غلطی کو دور کرے لیکن قانونی غلطی کو فیصلہ اپیل کے لیے دور کرنا ضروری ہوگا۔ (پی ایل جے 1980ء سپریم کورٹ صفحہ 226)

عدالت ماتحت اجازت دے کر کورٹ فیس کی کو پورا کر سکتی ہے۔ عدالت اپیل یہ بات دیکھنے پر کہنے کے اختیارات ہیں کہ کیا صوابدیدی اختیارات باقاعدگی سے استعمال کیا گیا ہے لیکن ایسا نہیں کرنا چاہیے اگر واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ مختلف طریقہ سے صوابدیدی اختیارات کو کیس کی نوعیت کے مطابق خود بخود استعمال کیا گیا ہے۔

(پی ایل ڈی 1981 لاہور - 23 (DB) + پی ایل جے 1981ء لاہور - صفحہ نمبر 12)

Marfat.com

## اپیل۔ جواب دعویٰ میں خاص طور پر حالت مقدمہ کا ذکر نہ کیا گیا ہے۔ ایسا عدالت اپیل میں ذکر کرنا:

ریسپانڈنٹ بیان کرتا ہے کہ حقوق فیصلہ متعلق سوالات اپیلانٹ نے خاص طور جواب دعویٰ میں ذکر نہیں کیا ہے۔ اس طرح ان سوالات نکات کو پہلی مرتبہ اپیل میں اٹھانے کی اجازت نہ ہے۔ عدالت اپیل مجاز ہے کہ وہ تنازعہ امور کا فیصلہ کرے۔اگرچہ اس نکتہ کو جواب دعویٰ میں نہ بھی کیا گیا ہو۔

(پی ایل جے 1983ء پشاور - 36

## اپیل۔ ایک طرف سے دوسری طرف آدمی بدلی:

درخواست دہندہ دوران دفعہ زیر سماعت دعویٰ بیرون ملک رہا اور اپیل میں بطور Performer ریسپانڈنٹ کسی دوسرے مدعی نے بتایا۔ نتیجہ کے طور پر درخواست دہندہ درخواست داخل کرتا ہے۔ اپیل میں اپیل داخل کرنے کی معیاد گزرنے بعد بطور اپیلانٹ بدل گئیں۔

لہذا اصل میں دوسرے (ریسپانڈنٹ) کے مفاد کے خلاف نہ ہوا ہے۔ درخواست دہندہ ایسی حیثیت سے بہتر ہے کہ انصاف کے تقاضے تحت بدل ہوئی بطور اپیلانٹ۔

(پی ایل جے 1983 لاہور - صفحہ 695 = سی ایل سی - 1983ء صفحہ 1705

اپیل کرنے کا حق ختم ہوا۔ لہذا اپیل کے ختم ہونے کا حق ان لوگوں پر لاگو استعمال کیا جا سکتا ہے جن کو یہ اختیارات واضح یا مجموعی طور تحریری قانون تحت سے ہوں۔

(پی ایل جے 1984ء سپریم کورٹ (آزاد جموں کشمیر) 54 + پی ایل ڈی 1984ء سپریم کورٹ (آزاد جموں کشمیر) 13

## اپیل نگرانی کا فرق:

فریقین کے درمیان اپیل کا مضمون موضوع جس میں فریقین ایک دوسرے سے متضاد رویے اختیار کرتے ہیں جبکہ نگرانی میں عدالت اسے قانونی اختیارات کا طریقہ کار استعمال ہے۔ حالانکہ کسی کو اس میں پریشان نہیں ہونا چاہیے۔

Marfat.com

(پی ایل جے - 1984ء لاہور - صفحہ 96 = سی ایل سی - 1984 صفحہ 3270)

## بربنائے راضی بہ ڈگری کے خلاف اپیل :

لوئر کورٹ نے بقایا رقم جمع کرنے کا وقت مقرر کیا اور خود بخود بصورت عدم ادائیگی رقم اندر مقرر عرصہ جمع نہ کرنے کے نتائج کا حکم کرنا لہٰذا ڈگری عام تر بصورت راضی نامہ پر مشتمل نہ ہے اور اس کے خلاف اپیل ہو سکتی ہے۔

(پی ایل جے 1983 لاہور - صفحہ نمبر 637 - (ڈی بی)

## اپیل داخل کرنے میں ناکام۔ اثر انداز :

ہائیکورٹ میں با اختیارات نگرانی!

پٹیشنر دعویٰ میں فریق مقدمہ نہ بنایا گیا اور نہ ہی حکم متنازعہ اس کے نوٹس میں لایا گیا۔ لیکن آخری موقع پر کافی دیر بعد اپیل داخل کرنے اور ڈگری کو ختم کرنے جو کہ وقت سے باہر تھی۔ لہٰذا صوائے نگرانی کے اختیارات استعمال کرنے کے دیگر چارہ کار بغرض متبادل اور انصاف کرنے کے نہ رہا ہے۔

(پی ایل جے 1986ء سپریم کورٹ (آزاد جموں کشمیر) 86 + سی ایل سی 1986ء صفحہ نمبر (2963

کورٹ فیس کی کمی۔ اپیل کی قانونی حیثیت۔ ان کے متعلق اعتراض وکالت نام پر کورٹ فیس مبلغ 5 روپے نہ لگانا اور پکی نقل ڈگری پر کورٹ فیس کی بدنیتی یا اپیلانٹ کوتاہی ہے۔ کورٹ فیس مالیتی 1716ء سے پہلے ہی میمو آف اپیل پر چسپاں ہے اور اپیل اندر معیاد داخل ہے۔

لہٰذا بنیادی اعتراض مجاز عدالت اور اپیل کی قانونی حیثیت کو منظور نہیں کیا جاتا ہے۔

(پی ایل جے 1986 پشاور - 115 (ڈی بی) = سی ایل سی 1986ء صفحہ 3921)

## ڈگری خلاف اپیل۔ درمیان حکم کو چیلنج کیا گیا :

Marfat.com

اپیل عدالت کے آخری نتیجہ فیصلہ حکم کے خلاف داخل کی گئی۔ لہٰذا تمام کیس بمع حکم اور درست طور پر مجاز عدالت اپیل میں چیلنج کیا گیا ہے۔

(پی ایل جے - 1985ء - سپریم کورٹ - صفحہ 483 = پی ایل ڈی - 1985 سپریم کورٹ صفحہ 405)

Origional اصل ڈگری کے خلاف اپیل جس میں قانونی نقطہ اٹھایا گیا۔ لہٰذا قانونی نوعیت کا نقطہ اپیلائٹ موقعہ پر بھی اٹھایا جا سکتا ہے۔ اس نقطہ تنقید کا جاری ہونا ضروری ہے اور فریقین کو شہادت پیش کرنے درکار ہے۔ لیکن اگر موقعہ پر نقطہ نہیں اٹھایا گیا تو پھر ضروری نہیں۔

(پی ایل جے 1985ء لاہور - 383 + سی ایل سی 1985 صفحہ 657)

## اصلی ڈگری کے خلاف اپیل :

موجودہ نقطہ کو ابتدائی طور پر دعویٰ میں نہیں اٹھایا گیا۔ لہٰذا اس وقت نقطہ اٹھانے پر انکوائری کی ضرورت کہ واقعہ ہی دعویٰ میں نقطہ نہ اٹھایا گیا ہے۔ لہٰذا اب اپیلانٹ کی کاروائی پر اس نقطہ کو اٹھانے کی منظور نہیں دی جا سکتی ہے۔

(پی ایل جے 1986 لاہور - صفحہ 186 + (سی ایل سی 1986 صفحہ نمبر - 1220)

## ڈگری بر بنائے صلح۔ خلاف اپیل :

اپیل کا اطلاق پر موزرعیت ماتحت میں صلح نامہ کی بنا پر متعین کردہ۔ شہادت کو ترجیح دینا فریقین بیانات کے مطابق پابند ہیں۔ اس لیے اس کے خلاف اپیل زیر دفعہ 96 (3) تحت نہیں ہو سکتی ہے۔

(پی ایل جے 1986ء لاہور - صفحہ 395 + (سی ایل سی 1986ء - صفحہ نمبر 2270)

## راضی نامہ کی شکل ڈگری خلاف اپیل۔

اپیل کنندہ آدمی راضی نامہ میں فریق نہ تھا لہٰذا اس اپیل پر پابندی یا رکاوٹ نہ ہے۔

Marfat.com

(پی ایل جے 1986ء لاہور - صفحہ 20 + سی ایل سی 1986ء صفحہ 326)

## فروخت کرنے کی قانونی ضرورت :

قانونی ضرورت کا سوال ایک واقعاتی بات ہے اس کے متعلق دو عدالتوں کا اتفاق ہے۔ لہٰذا اس کو از سر نو دوبارہ پڑتال ملاحظہ کرنے کی دوسری اپیل میں ضرورت نہیں ہے۔

(پی ایل جے 1988ء - لاہور - 87 + سی ایل سی 1988ء - صفحہ 224)

## گیا راضی نامہ کی بنا پر ڈگری کے خلاف اپیل ہو سکتی ہے؟

عدالت ماتحت کی کاروائی ریکارڈ سے ظاہر ہوتا ہے کہ فریقین نے راضی نامہ کے لیے کیس ملتوی کرنے کی استدعا کی تھی۔ بیان دیا کہ دوسرے کے کلیم کو تائید تسلیم کرنے پر ڈگری صادر ہوگئی۔ لہٰذا دفعہ 96 تحت کوئی اپیل نہیں ہو سکتی ہے۔

(پی ایل جے 1989 سپریم کورٹ 357 + ایس سی ایم آر 1989ء صفحہ 1826)

## زیر دفعہ 96 اپیل۔ اپیل کا حق ختم ہونا ضروری ہے :

اپیل کا حق ختم ہونا ایک حق پیدا کیا گیا ہے۔

دعوئی دائر کرنے پر اطلاق کہ بوقت اپیل دائر کرنے پر تمام حقوق اپیل فریق متن کو حاصل ہوں گے اس طرح اپیل کا حق ختم کیا جا سکتا ہے مگر نتیجہ کسی ایکٹ کے لاگو ہونے پر۔

(پی ایل ڈی 1981 سپریم کورٹ 553 + پی ایل ڈی 1957ء سپریم کورٹ 448 + پی ایل ڈی 1966 سپریم کورٹ 472 + ایس سی ایم آر 1968 سپریم کورٹ 547 + ایم ایل ڈی 1991ء صفحہ 1881)

موقف اختیار کیا گیا کہ حکم متنازعہ زیر دفعہ 2 زیر آرڈر 20 رول نمبر 4 کے مطابق نہ ہے۔ وہی حکم بحال اور اپیل منظور۔

(کے ایل آر 1991ء (سول) 438)

Marfat.com

یکطرفہ ڈگری کو منسوخ کرنے اختیارات طریقہ کار جارہ جوئی ہے۔

(اے آئی آر 1960ء کلکتہ 309 + سی ایل سی 1991ء صفحہ 53)

## اپیل نگرانی:

فریق کیس اپیل کا حق استعا کرنے میں ناکام ہوگیا۔ نگرانی کا حق استعمال کیا جا سکتا ہے جہاں اپیل کا حق نہ ہو تو تاہم ناکام ہونے والا بعد میں آنے والا اس ضابطہ سے باہر ہوگیا یعنی کوئی حق باقی نہ ہے۔

(ایم ایل ڈی 1991ء 1554)

## دعویٰ حق شفعہ میں ادائیگی کورٹ فیس میں دیر ہونے پر اثر:

دیر سے کورٹ فیس لگانے سے دعویٰ خارج نہیں ہو سکتا۔ مدعی کو موقعہ دیا جاتا ہے کہ وہ کسی کورٹ فیس کو پورا کرے۔ عدالت ماتحت کا دعویٰ ڈگری پر نقطہ نظر کو بحال کیا گیا لیکن اپیل دی گئی وجوہات مختلف تھیں۔

(پی ایل ڈی 1991ء لاہور - صفحہ 278)

## Suits by aliens and by or against foreign rulers, ambassadors & envoys

## نالشات از طرف رعایائے ممالک غیر اور از طرف یا بنام غیر ملکی والیاں، سفراء اور ایلچیاں

### دفعہ 83 -- کب رعایائے ممالک غیر نالش کر سکے گی:

(When aliens may sue)

1- دشمن کے ملک کی رعایا Alien enemies جو پاکستان کے اندر رہتی ہو اور

Marfat.com

دوست کے ملک کی رعایا Alien friends اسی طرح صوبجاتی گورنمنٹ کی عدالتوں میں نالش کر سکے گی گویا وہ پاکستان کی رعایا ہے۔

2- دشمن کے ملک کی کوئی رعیت جو بلا اجازت مذکور پاکستان کی حدود کے اندر رہتی ہو یا کسی ملک غیر میں رہتی ہو۔ ایسی کسی عدالت میں نالش نہ کر سکے گی۔

**تشریح:**

ہر شخص جو کسی غیر ملک میں رہتا ہو۔ جس کی حکومت کی پاکستان سے جنگ ہو رہی ہو' اور ملک مذکور میں بلا حصول لائسنس دستخطی کسی سیکرٹری فیڈرل حکومت کے کاروبار کرتا ہو' ضمنی دفعہ (2) کی غرض کے لیے دشمن کے ملک کی رعیت ساکن ملک غیر Foreign country متصور ہو گا۔

## شرح

**مقصد اور وسعت:**

جنگ کے بارے میں قیاس کردہ مقصد دشمن کی تجارت کو مفلوج کرنا اور اس کی جائیداد پر قبضہ کرنا ہے۔ اعلان جنگ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ دشمن ملک سے یا اس کے رہاشیوں سے تجارتی لین دین یا خط وکتابت کی پابندی عائد کر دی جائے اور ایسا لین دین ریاست کی جانب سے اجازت نامہ لئے بغیر غیر قانونی ہے۔

یہ قانون ابتدائی دور میں اس نظریے کو تحت بنایا گیا کہ ملک کی تمام وفادار رعایا یا دوسرے ملک کی رعایا کے ساتھ برسرپیکار تصور ہو گی اور اس کے بعد اس قانون کی بنیاد پبلک پالیسی پر رکھی گئی جس کے تحت تمام ان افعال کے کرنے پر پابندی لگائی گئی' جن سے مخالف ریاست کو کوئی فائدہ پہنچتا ہو۔

**غیر ملکی دشمن:**

یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آیا کوئی شخص غیر ملکی دشمن ہے یا نہیں اس کی رہائشی جگہ یا اس کی کاروباری جگہ کو دیکھا جاتا ہے نہ کہ اس کی قومیت کو دیکھا جاتا ہے۔ اس

Marfat.com

ضمن میں ایک غیر ملکی دشمن کی صراحت یہ کی گئی ہے کہ نہ صرف وہ شخص جو کہ حریف ریاست کا باشندہ ہو بلکہ کسی بھی قومیت کا باشندہ ہو سکتا ہے جو کہ دشمن ملک میں مرضی سے رہ رہا ہو یا وہاں کاروبار کر رہا ہو۔

(پی ایل ڈی 1968ء کراچی 752 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1966ء کراچی 160 (ڈی بی) پی ایل ڈی 1966ء کراچی 160 (ڈی بی) + اے آئی آر 1920ء لاہور 4 (ڈی بی)۔ پی ایل ڈی 1968ء کراچی 752 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1966ء کراچی 160 (ڈی بی)

## مدعی کی بابت جوابدہی بطور غیر ملکی دشمن:

عدالت کو اس چیز کا نوٹس لینا چاہئے کہ مدعی ایک غیر ملکی دشمن ہے خواہ اس حقیقت پر پہلے بحث نہ بھی ہوئی ہو۔

## غیر ملکی دشمن کے خلاف نالش:

دفعہ ہذا نہ تو پاکستان سے باہر رہنے والے لوگوں کے خلاف نالش دائر کرنے کے مانع ہے اور نہ ہی ایسے مقدمات میں صفائی کے حق کو متاثر کرتی ہے۔ اگر کوئی غیر ملکی ابتدائی عدالت کے احکامات سے متاثر ہو تو اسے ایسے فیصلہ کے خلاف اپیل کرنے کا حق حاصل ہے۔ لیکن ان معاملات میں جہاں اپیل کے فیصلہ کے بعد کوئی غیر ملکی دشمن عناصر کوئی مالی مفاد حاصل کرے جو کہ دشمن ملک کی خوشحالی کے لئے بہتر ہو تو اسے اس میں کسی قسم کا مفاد حاصل کرنے کی اجازت نہ ہوگی اور نہ ہی وہ اس کے نفاذ کا اہل ہوگا۔

(پی ایل ڈی 1966ء کراچی 160 (ڈی بی) = پی ایل ڈی 1968ء کراچی 752 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1968ء ڈھاکہ 1 = 19 ڈی ایل آر 701 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1967ء ڈھاکہ 515 + پی ایل ڈی 1966ء کراچی 160 (ڈی بی) + اے آئی آر 1944ء الہ آباد 97 (ڈی بی) + اے آئی آر 1917ء کلکتہ 838 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1983ء کوئٹہ 84 = پی ایل جے 1983ء کوئٹہ 82 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1967ء ڈھاکہ 515 + پی ایل ڈی 1966ء کراچی 160 (ڈی بی)

## دشمن فرم:

اعلان جنگ کے بعد کوئی بھی دشمن ممالک کی فرم پاکستان میں مقدمہ دائر نہیں کر

Marfat.com

حتیٰ کہ اس فرم کا کوئی بھی نمائندہ پاکستان کا رہائشی ہی کیوں نہ ہو اور کوئی بھی عدالت جائیداد کی حفاظت کے لئے رسیور مقرر نہیں کر سکتی۔

(این ایل آر 1979ء سول 179 = پی ایل ڈی 1978ء ایس سی 159 = پی ایل جے 1978ء ایس سی 255 - 1973ء ڈھاکہ ایل آر 114 + پی ایل ڈی 1973ء کراچی 216)۔

## غیر ملکی ریاست:

ایک غیر ملکی ریاست وہ ریاست ہے جسے حکومت پاکستان نے تسلیم کر لیا ہو۔ ایسی ریاست کے خلاف مقدمہ چلانے کے لئے وفاقی حکومت کی رضا مندی ضروری نہ ہے۔ جب مدعی یہ دعویٰ کرے کہ وہ روس کے ساتھ ایک معاہدہ کر چکا ہے اور اس کا تجارتی نمائندہ پاکستان کو جیپ اور ٹرک فراہم کرے گا اور اس چیز کا الزام عائد کرے روس یا اس کے تجارتی نمائندہ نے معاہدہ کی خلاف ورزی کی ہے۔ ایک نالش دائر کرے اور ہرجانے کا دعویٰ کرے تو قرار پایا کہ پاکستانی عدالتوں کے لئے ایسا مقدمہ چلانے کے لئے کوئی چیز مانع نہیں اور مقدمہ ہائی کورٹ کو میرٹ پر تجویز کرنے کے لئے بھیج دیا گیا۔ کوئی بھی ریاست یا حکومت جو زیر حمایت ہو اور اندرونی طور پر خود مختار ہو وہ دفعہ ہذا کی غرض و غایت سے غیر ملکی ریاست نہیں ہے۔

(اے آئی آر 1960ء کلکتہ 768 + پی ایل ڈی 1981ء ایس سی 337 = این ایل 1981ء ایس سی 545 - پی ایل ڈی 1983ء کوئٹہ 84 = پی ایل جے 1983ء کوئٹہ 92 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1966ء کراچی 160 (ڈی بی)۔

زیر دفعات 3/4 تحت لفظ Enemy دشمن کی علاقائی حدود متعلق بحث کی گئی ہے۔ دوران جنگ "پاک بھارت" 1965ء میں ایک لیمٹڈ کمپنی جو انڈیا میں واقع ہے اور جس کے حصص پاکستان میں ہیں ان کو الگ enemy دشمن قرار دیا گیا۔ ان کے تمام حصص کا حقوق اور مفا کو زیر نگرانی / متروکہ دشمن جائیداد قرار پایا گیا۔

(پی ایل جے 1978 سپریم کورٹ 255 + پی ایل ڈی 1978 سپریم کورٹ 151)

Marfat.com

دشمن کے خلاف دعویٰ پر پابندیاں:

پاکستان میں ایمرجنسی ہوچکی ہے اور ڈیفنس آف پاکستان رولز 1971ء بھی ختم ہوچکے ہیں۔ پاکستان انڈیا کے درمیان جنگ جارحانہ کاروائی ختم ہوگئی ہے۔ انڈین شہریت/ قومیت کے خلاف دفعہ 83 ضابطہ دیوانی کا اطلاق ختم ہوگیا ہے۔

(پی ایل ے 1983 کوئٹہ صفحہ - 82 + پی ایل ڈی 1983ء کوئٹہ - صفحہ - 84)

## دفعہ 84 کب ریاست ہائے ملک غیر نالش کر سکیں گی

## (When foreign States may sue)

1- جائز ہے کہ کوئی ریاست ملک غیر صوبجاتی میں نالش کرے بشرطیکہ فیڈرل حکومت نے اس ریاست کو تسلیم کیا ہو۔

اور بشرطیکہ نالش کا یہ مقصود ہو کہ کوئی حق خانگی جو اس ریاست مذکور کے کسی افسر کو بہ حیثیت افسری حاصل ہو وہ دلایا جائے۔

2- ہر عدالت کو اس امر واقع پر عدالتانہ لحاظ Judicial notice کرنا ہوگا کہ ریاست غیر کو فیڈرل حکومت نے تسلیم کیا یا نہیں کیا۔

## دفعہ 85 -- گورنمنٹ کی طرف سے مخصوص مقرر کردہ اشخاص برائے دائری و جواب دہی نالشات منجانب والیان.

## (Persons specially appointed by Government to prosecute or defend for Rules of Foreign States

1- وہ اشخاص جو خاص طور پر فیڈرل حکومت کی جانب سے حسب درخواست والئی و غیر ملک مقرر کیا گیا ہو (کیے گئے ہوں) یا کسی ایک ایسے مجاز شخص کی درخواست پر مقرر کیا گیا ہو (کئے گئے ہوں) جو فیڈرل حکومت کی رائے میں' اس مذکورہ والئی غیر ملک کے ایماء پر عمل کر سکتے ہوں' نالش یا نالش کی جواب دہی کرنے کے لیے' تسلیم شدہ ایجنٹ متصور کیے جائیں گے جن کی حاضری' اعمال اور درخواستیں تحت مجموعہ ہذا کی گئیں یا مذکورہ والئی غیر ملک کے ایماء پر کی گئیں۔

2- تحت دفعہ ہذا کوئی تقرر کسی خاص نالش یا متعدد خاص نالشوں کی اغراض کے لیے کیا

Marfat.com

جائے گا یا ایسی تمام نالشوں کی غرض کے لیے جو وقتاً" فوقتاً" ضروری ہوں مذکورہ والئی ملک غیر پر نالش کرنے یا جواب دہی نالش کرنے کے لیے۔

3- تحت دفعہ ہذا مقرر شدہ شخص ایسے اشخاص کو مجاز کر سکتا ہے یا مقرر کر سکتا ہے جو حاضر عدالت ہوا کریں اور درخواستیں دیں اور کسی مقدمہ یا مقدمات میں اعمال کریں گویا کہ وہ (مقرر کرنے والا شخص) خود اس ضمن میں ایک فریق ہے۔

## دفعہ 86 نالش بنام والی یا رئیس یا سفیر یا ایلچی کے:

(Suits against Rules)

منسوخ بروئے ترمیمی آرڈیننس VI بابت 1981ء

(Omitted by Ord.1981)

## دفعہ A-86 سفارت کاروں کے خلاف نالش:

(تبدیل شدہ بروئے ضابطہ دیوانی (ترمیمی) آرڈیننس 1970ء)-

(Suits against diplomatic agents)

کسی سفارت کار کے خلاف پاکستان کی کسی عدالت میں کوئی کاروائی نہ کی جا سکے گی ماسوائے ایسے مقدمہ کے جس کا تعلق مندرجہ ذیل سے ہو:-

(ا) کوئی نجی غیر منقولہ جائیداد جو پاکستان میں واقع ہو اور سفارت کار کی نجی حیثیت سے اس کے قبضہ میں ہو نہ کہ بھیجنے والی ریاست کی طرف سے اس کے سفارت خانے کے مقاصد کی خاطر۔

(ب) وراثت Succession کے معاملہ جس میں سفارت کار بطور تعمیل کنندہ مہتمم وارث اور موصی لہ Legatee نجی فرد کی حیثیت سے شامل ہو نہ کہ اس کو بطور سفیر بھیجنے والی ریاست کی طرف سے۔

(ج) پاکستان میں تعینات کیے گئے سفارت کار کی پیشہ وارانہ اور تجارتی سرگرمیاں جو اس کی سرکاری تقریبات Official function باہر ہوں۔

Marfat.com

2- کسی سفارت کار کے خلاف تعمیل کا کوئی قدم نہ اٹھایا جائے گا ماسوائے ان معاملات کے جو شق (الف) (ب) اور (ج) ذیلی دفعہ (ا) کے تحت آتے ہیں اور جن میں اس قسم کے اقدامات سفارت کار کی جسمانی سالمیت اور اس کی رہائش کی سالمیت کی خلاف ورزی کیے بغیر اٹھائے جاسکتے ہوں۔

3- اگر سفارت کار کسی عدالت میں مقدمہ کی کاروائی کا آغاز کرے تو اس کے جواب دعویٰ کے بعد جو اصل دعویٰ کے جواب میں پیش کیا جائے گا وہ سفارت کار کی طرف سے سفارتی تحفظ کی استدعا کرنے میں حائل ہوگا۔

4- ذیلی دفعہ (1) و ذیلی دفعہ (2) کے تحت سفارت کار کو جو تحفظ حاصل ہوتا ہے سفارت کار کو بھیجنے والی ریاست اس سے دست بردار ہو سکتی ہے مگر ایسی دست برداری صریح ہوگی۔

5- کسی عدالتی دست بردار سفارتی تحفظ سے دست برداری اس بات کی دلیل نہ ٹھہرائی جائے گی کہ یہ دست برداری تعمیل کے کسی اقدام کی بابت بھی ہے۔ اس کے لیے ایک علیحدہ دست برداری درکار ہوگی۔

6- اس دفعہ سفارت کار بابت خاص ریاست کا مطلب ہے پاکستان میں اس ریاست کے سفارت خانہ (مشن) کا سربراہ اور اس میں مشن کے سٹاف کا وہ ممبر بھی شامل ہے جس کا مرتبہ سفارتی ہو۔

## شرح:

### سفارتی ایجنٹ کے خلاف دعویٰ:

سفارتی قونصل مراعات ایکٹ 1972ء ہمراہ آرٹیکل 31 شیڈول نمبر 1 مدعاعلیہ کو ملک کی سول کورٹ کی کاروائی سے نجات دلاتا ہے۔

(پی ایل جے 1986 سپریم کورٹ 337 + ایس سی ایم آر 1986ء صفحہ 907)

Marfat.com

**87-Style of Rules as parties to suits.**

دفعہ 87 - لقب والیان بطور فریق نالش: منسوخی بروئے ترمیمی آرڈیننس VI بابت 1981ء

## Suits against Rulers of Acceding & Merged States

## شامل ہونے والی اور مدغم ہونے والی ریاستوں کے حکمرانوں پر نالشیں

**87.A-Application of sections 85 and 86 to Rulers of Acceding States.**

دفعہ 87- (اے) شامل اور مدغم ہونے والی ریاستوں کے حکمرانوں پر دفعات 85 اور 86 کا اطلاق: منسوخ بروئے ضابطہ دیوانی (ترمیمی) ایکٹ 11 بابت 1972ء

## Interpleader

## نالش بمراد تصفیہ بین المتنازعین

**88-Where interpleader suit may be instituted.**

دفعہ 88- کب نالش بمراد تصفیہ بین المتنازعین دائر ہوسکتی ہے: جب دو یا کئی اشخاص دعویٰ مخالف یا دیگر ایک ہی زرقرضہ یا زرنقد یا دوسری جائداد منقولہ یا غیر منقولہ کے ملنے کا دوسرے شخص سے رکھتے ہوں اور اس دوسرے شخص کو اس میں سوائے خرچہ کے کچھ اور دعویٰ نہ ہو اور وہ صرف یہ چاہتا ہو کہ زرقرضہ یا جائیداد مذکور حقدار دعویدار کو ادا یا حوالہ کر دے تو جائز ہے کہ وہ دوسرا شخص خود نالش تصفیہ بین المتنازعین (interpleader) کی بنام ان تمام دعویداروں کے بغرض تجویز اس امر کے کرے کہ کس کو وہ زر ادا کیا جائے یا جائیداد حوالہ کی جائے اور یہ کہ اس کو بریت (indemnity) حاصل ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر کوئی ایسی نالش زیر تجویز ہو جس میں حقوق تمام فریقوں کے بطور مناسب تصفیہ پا سکتے ہوں تو ضرورت کسی نالش بمراد تصفیہ بین المتنازعین دائر کرنے کی نہ ہوگی۔

Marfat.com

# SPECIAL PROCEEDINGS

# خاص کارروائیاں

## *Arbitration*

## ثالثی

دفعہ 89- ثالثی (Arbitration): بروئے قانون ثالثی نمبر10 مجریہ 1940ء منسوخ ہوئی۔

**89.A. [1]Alternative dispute resolution.**

[1][دفعہ 89-اے :۔تنازعہ کا متبادل تصفیہ: عدالت جہاں ضروری خیال کرے مقدمہ کے واقعات و حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے، مقدمہ کا فوری فیصلہ کرنے کے مقصد کے تحت فریقین کی رضامندی کے ساتھ تنازعہ کے متبادل فیصلہ/تصفیہ کا طریق کار اختیار کرنے کی مجاز ہے جس میں ترمیم اور مصالحت بھی شامل ہوگی]

## *Special Case*

## خاص صورت

**90- Power to state case for opinion of Court.**

دفعہ 90-عدالت کی رائے طلب کرنے کے لئے مقدمہ: اگر بعض اشخاص تحریری اقرار کریں کہ کسی مقدمہ میں عدالت کی رائے لی جائے تو عدالت اس مقدمہ کی سماعت اور تصفیہ مقررہ طریقہ سے کرے گی۔

## شرح

وسعت (Scope): آرڈر نمبر36 کی دفعہ 90 کے خاص احکامات اپنے واضع قسم کی اصطلاحات کے پیش نظر قانون کمپنیات، 1913 کی دفعہ 153 کے تحت قابل اطلاق نہیں بنایا جاسکتا ہے۔

(اے آئی آر 1950ء مشرقی پنجاب 111= آئی ایل آر 1949ء ایسٹ پنجاب 421(ایف بی)۔

---

[1] آرڈیننس نمبر 34 مجریہ 2002ء کے تحت اضافہ کیا گیا۔



Marfat.com

مقرر کردہ طریق کار: فریقین ایک اقرار نامہ میں شامل ہو سکتے ہیں اور آرڈر 36 کے احکامات سے اپنے مقدمہ کے سلسلہ میں عدالت کی رائے طلب کرنے کے سلسلہ میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

(اے آئی آر 1930ء بمبئی 432+54 بمبئی 825 (ڈی بی)۔

شہادت کا لینا: دفعہ ھذا کے تحت کارروائی میں کسی شہادت کا ریکارڈ کرنا یا لینا ممنوع نہ ہے۔ لہٰذا جہاں عدالت آرڈر نمبر 18 میں مقرر کردہ ضابطہ کی پیروی کئے بغیر اور یہ قرار دیتے ہوئے کہ فریقین کے لئے یہ قابل اجازت نہ تھا کہ وہ کسی نالش میں بیان کردہ واقعات کے ثبوت میں کسی شہادت کی رہنمائی کریں، مقدمہ کو برخاست کر دیا۔ ایسے میں قرار پایا کہ برخاستگی کا آرڈر غلط تھا۔ (اے آئی آر 1964ء مدراس 185)

مقدمہ کا دوبارہ شروع کرنا: جہاں کوئی خصوصی مقدمہ کسی رضا مندی کے تحت طے کر لیا جائے تو اسے باہمی رضا مندی کے تحت دوبارہ شروع کیا جا سکتا ہے۔

(اے آئی آر 1918ء بمبئی 88= 43 بمبئی 281)

## *Suits relating to public matters*

## معاملات کے متعلق دعوے

**91- Public nuisances.**

**دفعہ 91- امور باعث تکلیف عام:** (1) درصورت کسی امر باعث تکلیف عام کے ایڈووکیٹ جنرل یا دو یا زیادہ اشخاص بعد حصول منظوری تحریری افسر مذکور کے نالش واسطے صدور حکم امتناعی یا کسی اور دادرسی کے جو حالات مقدمہ کے مناسب ہو، دائر کر سکتے ہیں۔ گو کہ کوئی ہرجہ خاص نہ ہوا ہو۔

(2) مضمون دفعہ ہذا ایسے حق نالش میں مخل نہ ہوگا جو سوا دفعہ ہذا کے کسی اور طرح حاصل ہو۔

## شرح

دفعہ ہذا کے آزادانہ حقوق: دفعہ ہذا حکم نمبر 1 قاعدہ نمبر 8 کے ان احکامات کو کنٹرول نہیں کرتی جن کے تحت کوئی شخص دوسروں کی جانب سے نالش کرنے کا مجاز ہو۔ لیکن اگر کسی مخصوص ہرجانے کے بغیر کارروائی کا کوئی حق موجود نہ ہو تو حکم 1 قاعدہ 8 کے ضابطہ کو اختیار کرنے سے ایسے ثبوت کی ضرورت ختم نہیں

Marfat.com

ہو سکتی۔

جب عرضی دعویٰ کو بادی النظر میں اس عذر کے تحت رد کر دیا جائے کہ یہ مقدمہ دفعہ ہذا کی منظوری کے بغیر دائر کیا گیا اور امر باعث تکلیف خاص کی بجائے امر باعث تکلیف عام سے متعلق ہے تو سپریم کورٹ نے اس حکم کو قائم رکھا، لیکن یہ رائے ظاہر کی کہ اگر سائلان یہ محسوس کرتے ہیں کہ یہ معاملہ ذاتی امر باعث تکلیف کا ہے یا کسی ایک علاقے یا کسی گروپ تک محدود ہے تو عرضی دعویٰ کی ایسی نامنظوری شکایت کو از سر نو تشکیل دینے سے مانع نہ ہوگی۔

یہ ضروری ہے کہ اس فعل سے جو باعث تکلیف عوام ہو اس سے عام لوگوں کو تکلیف پہنچتی ہو، اگر اس سے کسی جگہ کے چند اشخاص کو تکلیف ہوتی ہے تو ایسا فعل امور باعث تکلیف عوام میں شمار نہیں ہوگا۔

(پی ایل ڈی 1986ء لاہور 327: پی ایل ڈی 1978ء لاہور 113)

**دستوری درخواست کا آئینی فرض عائد کرنا:** دفعہ 9(1) کی ضرورت کا اطلاق ایسی رٹ درخواست پر نہ ہوگا جو قانون کے تحت آئینی نفاذ کے لئے دار کی گئی ہو۔

امر باعث تکلیف عام کے بارے میں مندرجہ ذیل دادرسی حاصل کی جاسکتی ہے:۔

(اے) فوجداری دادرسی:۔

(1) تعزیرات پاکستان کے تحت فوجداری کارروائی۔

(2) کارروائی زیر دفعات 133 تا 143، ضابطہ فوجداری 1898ء۔

(بی) دیوانی دادرسی:

(1) دعویٰ زیر دفعہ 91 ضابطہ دیوانی۔

(2) کسی پرائیویٹ شخص کی طرف سے خصوصی نقصان اٹھائے جانے پر دعویٰ برائے ہرجانہ۔

یہ تمام کارروائیاں بیک وقت کی جاسکتی ہے۔

(1992ء سی ایل سی 2540)

**دفعہ 92- اوقاف (Public charities):** (1) جو امانت صریحاً یا معنی واسطے اغراض خیرات عام یا امور مذہبی کے قرار دی گئی ہو جب اس کی خلاف ورزی بیان کی جائے یا ایسی امانت کے انتظام کے لئے عدالت کی ہدایت ضروری منصحہ ہو تو ایڈووکیٹ جنرل یا دو یا کئی اشخاص جو اس امانت میں غرض رکھتے

Marfat.com

ہوں اور ایڈووکیٹ جنرل کی رضامندی تحریری حاصل کر سکے ہوں، اصل عدالت دیوانی مرافعہ اولیٰ (Principal Civil Court of original jurisdiction) میں یا کسی اور عدالت میں صوبائی گورنمنٹ نے اس بارے میں اختیار عطا کیا ہو جس کے اختیار سماعت کی حدود اراضی کے اندر کل یا کوئی جزو شئے امانتی کا واقع ہو واسطے حصول ڈگری اور مفصلہ ذیل کے، نالش رجوع کر سکتے ہیں:۔

(اے) موقوفی (برطرفی) کسی امین (trustee) کی۔

(بی) تقرر نئے امین کا۔

(سی) حوالہ کیا جانا کسی جائیداد کا امین کو۔

(ڈی) حکم دینا تیاری حسابات اور تحقیقات کا۔

(ای) اس بات کی اجازت دینا کہ جائیداد امانتی کا کس قدر حصہ یا حق خاص غرض یا امانت کے واسطے علیحدہ کیا جائے گا۔

(ایف) اس بات کی اجازت دینا کہ کل یا کوئی جزو جائیداد امانتی کو کرایہ یا پٹہ پر دیا جائے یا بیع کیا جائے یا رہن رکھا جائے یا بدل لیا جائے۔

(جی) کسی سکیم کو ناقص قرار دینا۔

(ایچ) دادرسی (relief) مزید کسی اور طرح کی ایسی دادرسی کرنا جو بنظر نوعیت مقدمہ کے ضروری ہو۔

(2) سوائے اس کے جیسا کہ ایکٹ اوقاف مذہبی (Religious Endourments Act, 1863) میں حکم ہے کوئی نالش نسبت حصول کسی دادرسی متذکرہ ضمنی دفعہ (1) دفعہ ہذا کی کسی امانت متذکرہ ضمن مذکور کی نسبت دائر نہیں کی جائے گی، سوائے بمطابقت احکام اس ضمن کے۔

## شرح

دفعہ 92 کا مقصد یہ ہے کہ دفعہ 92 کے تحت جو مراعات حاصل ہو سکتی ہیں دعووں کی دائری کے ذریعے انہیں منضبط کیا جائے۔ (اے آئی آر 1972ء سپریم کورٹ 246)

دعویٰ زیر دفعہ 92 ایڈووکیٹ جنرل کی اجازت سے دائر کیا جا سکتا ہے۔ دعویٰ زیر دفعہ 92 اپنی

Marfat.com

نوعیت کے اعتبار سے ایک نمائندہ دعویٰ ہوتا ہے۔

(پی ایل ڈی 1969ء کراچی 644: اے آئی آر 1940ء پٹنہ...)

ایڈووکیٹ جنرل بوقت منظوری فریقین کے حقوق کے متعلق تصفیہ نہیں کرتا اور اس کے رو بر... انصاف تقاضے بروئے کار لائے جانے ضروری نہیں۔ (پی ایل ڈی 1972ء کراچی 649)

دفعہ 92 ضابطہ دیوانی کا اطلاق اس وقت ہوتا ہے جب کہ کسی قطعی یا تعبیری ٹرسٹ کی ... خلاف ورزی کی جائے۔ جب کہ ٹرسٹ عوام کے لئے خیراتی یا مذہبی نوعیت کے لئے قائم کیا گیا ہو۔ یا ... کے انتظام وانصرام کے لئے عدالت کی رہنمائی کی ضرورت ہو۔

(1993ء ایم ایل ڈی 666)

**...- Exercise of powers of Advocate-General.**

دفعہ 93- نفاذ اختیارات ایڈووکیٹ جنرل: اختیارات جو دفعات 91, 92 کی رو سے ایڈووکیٹ جنرل کو دیئے گئے ہیں جائز ہے۔ بہ حصول منظوری صوبجاتی گورنمنٹ کے کلکٹر ہی یا وہ عہدہ ... جسے صوبائی حکومت اس کام کے لئے مقرر کرے، عمل میں لائے۔

---o---

Marfat.com

# PART 6

# Supplemental Proceedings

# کاروائی ہائے ضمنی

## دفعہ 94 -- کاروائی ہائے ضمنی :

(Sulllemental proceedings)

تاکہ اغراض انصاف Edns of Justice میں کسی طرح کا ہرج و نشان نہ آنے پائے۔ عدالت امور مفصلہ ذیل کر سکتی ہے کہ ان کا کرنا جائز ہو:۔

(الف)جاری کرنا وارنٹ گرفتاری مدعا علیہ کا اور اس کو عدالت کے روبرو حاضر کرانا کہ وہ وجہ دکھائے کہ اس سے ضمانت واسطے اس کی حاضری کے کیوں نہ داخل کرائی جائے اور اگر وہ کسی حکم متضمن ادخال ضمانت کی خلاف ورزی کرے تو عدالت اس کو جیل خانہ دیوانی میں بھیجے۔

(ب)صادر کرنا حکم بنام مدعا علیہ بابت ادخال ضمانت نسبت اس کے کہ وہ کوئی جائیداد مملوکہ خود عدالت میں پیش کرے اور اس کی نسبت رائے عدالت پر کار بند ہو یا حکم قرقی نسبت کسی جائیداد کے صادر کرنا۔

(ج) صدور حکم امتناعی Temporary injunction اور درصورت نافرمانی حکم مذکور اس شخص کو جو نافرمانی کرے جیل خانہ دیوانی میں بھیجنا اور حکم دینا کہ اس کی جائیداد قرق اور نیلام کی جائے۔

Marfat.com

(د) کسی جائیداد کا ریسیور Receiver مقرر کرنا اور حکم دینا کہ اگر وہ اپنی اچھی طرح نہ انجام دے گا تو اس کی جائیداد قرق اور نیلام کی جائے۔

(ر) ایسے دیگر احکام درمیانی صادر کرنا جو عدالت کو قرین انصاف اور آسان ہوں۔

## دفعہ 95 ہرجہ بسبب گرفتاری یا قرقی یا حکم امتناعی بوجوہ ناکامی :

(Compensation for obtaining arrest, attachment or injunction on insufficient grounds)

1- اگر کسی مقدمہ میں جس میں مطابق دفعہ 94 گرفتاری یا قرقی ہوئی ہو یا کوئی حکم امتناعی چند روز صادر ہوا ہو۔

(الف) عدالت کو معلوم ہو جائے کہ درخواست گرفتاری یا قرقی یا حکم امتناعی مذکور کی بوجوہ ناکافی کی گئی تھی۔ یا

(ب) اگر مدعی کی نالش ثابت نہ ہو اور عدالت کو معلوم ہو جائے کہ نالش رجوع کرنے کی کوئی وجہ غالباً نہ تھی تو مدعا علیہ عدالت میں درخواست گزران سکتا ہے اور عدالت مجاز ہوگی کہ درخواست مذکور پر حکم صادر کر کے مدعی سے اس قدر روپیہ دلائے جو 10 ہزار سے زیادہ نہ ہو اور جو مدعا علیہ کے لیے بعوض اس خرچہ یا نقصان کے جو اس کے لاحق حال ہو اور ہرجہ معقول معلوم ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ عدالت اس دفعہ کے بموجب اس قدر روپیہ نہیں دلا سکتی جو اس کے اختیار سماعت بہ لحاظ مالیت Pecuniary jurisdiction سے بڑھ کے ہو۔

2- جس حکم سے تصفیہ کسی درخواست مذکور کا ہو جائے وہ مانع ایسی نالش ہرجہ کا ہے جو بابت اس قرقی یا حکم امتناعی کے دائر کی جائے۔

Marfat.com

# PART 7

## Appeals

## اپیل

## Appeals from original decrees

## اپیل بنا راضی ڈگریات ابتدائی

### دفعہ 96 اپیل بنا راضی ڈگریات ابتدائی :

(Appeal from original decree)

1- سوائے اس صورت خاص کے کہ خاص مجموعہ ہذا یا کسی اور قانون نافذالوقت میں کوئی حکم صریح ہو اور صورتوں میں اپیل بنا راضی ہر ڈگری عدالت ہائے ذی اختیار سماعت ابتدائی کے ان عدالتوں میں داخل ہو سکے گا جو عدالت ہائے سماعت ابتدائی کے فیصلوں کی اپیل سننے کی مجاز ہیں۔

2- ایسی ڈگری ابتدائی کا بھی اپیل ہو سکتا ہے جو یکطرفہ صادر ہو۔

3- کوئی اپیل اس ڈگری منظور شدہ سے رجوع نہ ہوگا جس کو عدالت نے برضامندی فریقین صادر کیا ہو۔

کسی عدالت مجاز کی ڈگری کے خلاف اپیل ہو سکتی ہے :

Marfat.com

خرچہ کلیم کیا گیا مگر عدالت نے نہیں دیا۔ ہدایت برائے خرچہ دینے یا خرچہ نہ دینا۔ اگرچہ خرچہ سے انکار کر دیا گیا تو قابل اپیل ہے۔ اس کے لیے اپیل برخلاف ڈگری تمام تر یکسریا ڈگری کے اس حصہ کے خلاف یہاں خرچہ سے انکار کیا گیا' جہاں سائل کو نقصان ہوا ہو سکتی ہے۔

(پی ایل جے 1980ء سپریم کورٹ صفحہ نمبر 2)

پہلی اپیل ہائیکورٹ داخل ہو سکتی ہے۔ عدالت ماتحت کا فیصلہ منسوخ ہو سکتا ہے جو کہ زیر آرڈر 32 رول 12 کے خلاف کیا گیا ہو۔

(پی ایل ڈی 1967 لاہور - صفحہ 3)

## دفعہ 97 -- اپیل بنا راضی ڈگری قطعی جب کہ ڈگری ابتدائی کی کوئی اپیل نہ ہو:

(Appeal from final decree where no appeal from preliminary decree)

اگر کوئی فریق کسی ڈگری ابتدائی سے اپنی حق تلفی سمجھے جو نفاذ مجموعہ ہذا کے صادر کی جائے اور وہ اس کی اپیل نہ کرے تو کسی ایسی اپیل میں جو قطعی ڈگری کی ناراضی سے رجوع کیا جائے وہ فریق ڈگری ابتدائی مذکور کی صحت میں کچھ تعرض Precluded نہ کر سکے گا۔

## دفعہ 98 -- فیصلہ جب کہ اپیل کی سماعت دو یا زیادہ جج کریں:

1- جب کوئی اپیل دو یا زیادہ ججوں کے اجلاس میں سماعت کیا جائے تو اپیل کی تجویز مطابق رائے ان ججوں کے یا مطابق کثرت رائے ان ججوں کے (اگر کثرت رائے ہو) صادر کی جائے گی۔

2- اگر تجویز میں کثرت رائے کا اتفاق واسطے تبدیلی یا منسوخی اس ڈگری کے نہ ہو جس کی ناراضی سے اپیل دائر ہوا ہو تو وہ ڈگری بحال رکھی جائے گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر اپیل ایسی عدالت کے دو ججوں کے اجلاس میں سماعت کیا

Marfat.com

جائے جس میں دو سے زیادہ جج ہوں اور ان دونوں کے درمیان کسی امر قانون کی بابت اختلاف رائے Differ in opinion ہو تو جس امر قانونی کی بابت اختلاف ہو وہ اس کو تحریر کریں گے اور بعد ازاں اپیل کی سماعت صرف اسی امر قانونی کی بابت اس عدالت کے دیگر ججوں میں سے ایک یا زیادہ کریں گے اور فیصلہ امر مذکور کا مطابق کثرت رائے ان سب ججوں کے ہوگا (اگر کثرت رائے ہو) جنہوں نے اپیل کی سماعت کی ہو مع ان دونوں ججوں کے جنہوں نے اس کی سماعت پہلے کی ہو۔

## دفعہ 99 -- ڈگری بسبب کسی ایسی غلطی یا بے ضابطگی کے جو روئداد مقدمہ یا حد اختیار عدالت کی مخل نہ ہو منسوخ یا بدل جائے گی

(No decree to be reserved or modified for error or irregularity not affecting merits or jurisdiction)

کوئی ڈگری اس وجہ سے منسوخ یا نفس الامر میں بدل نہ جائے گی اور نہ کوئی مقدمہ بصیغہ اپیل اس جہت سے باز بہ نمبر واپس کیا جائے گا کہ اشتمال بیجا misjoinder فریقین یا بنائے دعویٰ کا ہوا ہے یا مقدمہ کی کسی کارروائی میں کوئی ایسی خطا یا سقم یا بے ضابطگی پائی گئی ہے کہ جو روئداد مقدمہ یا حد اختیار عدالت کی مخل نہ ہو۔

## شرح

### وسعت اور مقصد:

دفعہ ہذا کا مقصد ان فنی اصطلاحوں سے تحفظ ہے جو کہ انصاف کے حصول پر غالب آئیں یا مقدمہ بازی میں بار بار استعمال ہوں۔ یہ اس چیز کا تعین کرتی ہے کہ وہ فیصلہ جو کہ میرٹ پر کیا جائے یا عدالت کے دائرہ سماعت کے عین مطابق ہو اس میں ان فنی اصطلاحات کی وجہ سے کوئی رخنا نہ پڑے۔ جب کوئی عدالت جو کہ مدعی نے منتخب کی ہو اور مدعا علیہ کے لئے متعصب نہ ہو اور زیر دفعہ 99 ملزم کے خلاف ڈگری جاری کی گئی ہو تو وہ اسے منسوخ یا تبدیل نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی مقدمہ کو دائرہ سماعت کے اعتراض کی بناء پر واپس بھیجا جا سکتا ہے۔

Marfat.com

(اے آئی آر 1937ء پی سی 233 + 8 الہ آباد 365 (ڈی بی) - پی ایل جے
لاہور 610 + 1983ء سی ایل سی 210 + پی ایل جے 1982ء ایس سی (آزاد کشمیر)
+ اے آئی آر 1954ء ایس سی 340 + اے آئی آر 1965ء میسور 110 (ڈی بی)
این ایل آر 1987ء اے سی 203)

## اشتمال بے جا اور عدم اشتمال:

جب فریقین کے خلاف عدم اشتمال کا اعتراض اٹھایا جائے یا تحریری طور پر بنائے دعویٰ کیا جائے تو بہتر ہے کہ اہم مسائل کو جتنی جلدی ہو سکے فیصلہ کیا جائے اور مدعا علیہ کو اجازت ہے کہ وہ ایسے فیصلہ کے خلاف نظر ثانی کی درخواست دے سکے۔ عدالت اپیل فریقین کا مقدمہ برائے اشتمال بے جا یا بنائے دعویٰ اس وقت تک برخاست نہیں کر سکتی جب تک یہ مقدمہ کے میرٹ یا دائرہ سماعت کو متاثر نہ کرے۔ ایک اپیل میں دفعہ ہذا منسوخی یا تبدیلی کی تائید سے انکار کرتی ہے۔ فریقین کی اشتمال بے جا یا بنائے دعویٰ کی وجہ سے ایسے مقدمہ میں عدالت اپیل دفعہ 99 کی اختتامی حکمی شرائط کے پیش نظر ابتدائی عدالت کی ججمنٹ رد کرنے کی بجائے اشتمال بے بجا یا بنائے دعویٰ کو نظر انداز کر دینا چاہئے۔ لہٰذا عدالت اپیل۔فریقین کا مقدمہ برائے اشتمال بے جا یا بنائے دعویٰ اس وقت تک برخاست نہیں کر سکتی جب تک اس سے مقدمہ کا میرٹ یا عدالت کا دائرہ اختیار متاثر نہ ہو۔

(پی یل ڈی 1952ء ڈھاکہ 214 = پی ایل آر 1951ء ڈھاکہ 518 (ڈی بی) - این ایل آر 1993ء سول 105 (ایس سی) = 192 ایس سی ایم آر 2375 = 1992ء لا نوٹس 1099 + اے آئی آر 1954ء میسور 147 (ڈی بی) - اے آئی آر 1935ء الہ آباد (ایف بی) + اے آئی آر 1937ء پی سی 42 + اے آئی آر 1926ء کلکتہ 416 (ڈی بی) 1915ء مدراس 320 (ڈی بی) - پی ایل ڈی 1963ء لاہور 23 + اے آئی آر 1964ء الہ آباد 350 - این ایل آر 1993ء سول 105 = 1992ء لا نوٹس 1099 = 1992ء ایس سی ایم آر 2375 (ایس سی) - پی ایل ڈی 1952ء لاہور 166 = پی ایل آر 1952ء لاہور 196 + اے آئی آر 1955ء الہ آباد 4 (ایف بی) + اے آئی آر 1937ء پی سی 42 + اے آئی آر 1926ء کلکتہ 416 (ڈی بی) + اے آئی آر 1915 مدراس 320 (ڈی بی) + اے آئی آر 1964ء اے پی 412 + اے آئی آر 1964ء الہ

Marfat.com

آباد 350)-

## امر تنقیح طلب قائم کرنا:

امر تنقیح طلب کا عدم قیام کاروائی میں کوئی خرابی پیدا نہیں کرتا اگر یہ مقدمہ کے میرٹ کو متاثر نہ کرے۔ لیکن جب فریقین کے ساتھ عدالت کی غلطی برائے امر تنقیح طلب سے تعصب برتا گیا ہو تو یہ زیر دفعہ 99 قابل تلافی نہ ہے۔
(پی ایل ڈی 1961ء کراچی 569 (ڈی بی) - 1985ء سی ایل سی 2028)

## قائم مقام کا قانونی کا نعم البدل:

جب جے ڈی کا قائم مقامی قانوی ڈی ایچ کے ایما پر منتقل الیہ عدالت تعمیل بغیر کسی اعتراض کے بدل دے اور اس ردوبدل سے کوئی تعصب سامنے نہ آئے تو دفعہ 99 کا اطلاق ہوگا اور عدالت اس میں مداخلت نہیں کر سکتی۔ جب مرحوم پارٹی کا قائم مقام قانونی پہلے ہی ریکارڈ میں موجود ہو اور فریق کی موت پر اس کو ریکارڈ پر لانے کا کوئی حکم جاری نہ کیا گیا ہو تو اس سے کاروائی متاثر نہ ہوگی۔

## سرپرست مقرر کرنے میں ناکامی:

سرپرست کی تقرری کے احکامات کی عدم موجودگی میں نابالغ پارٹی کے لئے سرپرست مقرر کرنے میں ناکامی جبکہ سرپرست کی نمائندگی کی جا رہی ہو تو یہ ایک ایسی بے قاعدگی ہوگی جو کہ زیر دفعہ 99 قابل اصلاح ہے۔

## عدالتی فیس کی بابت تنازعہ:

کوئی بھی تنازعہ جو عدالتی فیس سے متعلق ہو اور اس میں دائرہ سماعت کا کوئی تعلق نہ ہو اور نہ ہی مقدمہ کو متاثر کرے تو اس کا کوئی اثر جاری کردہ ڈگری پر نہ ہوگا۔ اس کے عدالت اسے مسترد نہیں کر سکتی۔
(اے آئی آر 1965ء پٹنہ 52 (ڈی بی) - پی ایل ڈی 1968ء بی جے 1 - این ایل آر 1991ء اے سی 243 + پی ایل ڈی 1986ء لاہور 223 = پی ایل جے 1986ء لاہور

Marfat.com

43 - 1986ء لا نوٹس 960 + پی ایل ڈی 1961ء ڈھاکہ 698 = 13 ڈی ایل آر 676 + 37 انڈیا اے پی پی (پی سی) + 14 کلکتہ 204 (ایف بی) + 1930ء انڈیا اے پی پی 182 (پی سی) + پی ایل جے 1987ء لاہور 107 = پی ایل ڈی 1987ء لاہور 127)۔

## ڈگری بسبب کسی ایسی غلطی یا بے ضابطگی کے جو روئداد مقدمہ یا حد اختیار عدالت کی مخل نہ ہو منسوخ یا بدل نہ جائے گی:

کوئی ڈگری اس وجہ سے منسوخ یا نفس الامر میں بدل نہ جائے گی اور نہ کوئی مقدمہ بصیغہ اپیل اس جہت سے باز بہ نمبر واپس کیا جائے گا کہ اشتمال بے جا Misjoinder فریقین یا بنائے دعویٰ کا ہوا ہے یا مقدمہ کی کسی کاروائی میں کوئی ایسی خطا یا سقم یا بے ضابطگی پائی گئی ہے کہ جو روئداد مقدمہ یا حد اختیار عدالت کی مخل نہ ہو۔

## قابل مواخذہ۔ قابل علاج نقص:

دفعہ 99 مجموعہ ضابطہ دیوانی ایسے نقائص کا احاطہ کرتا ہے (Cover) جو کہ اختیارات میں نہ ہیں۔ لیکن ایسے نقص جو صرف معمولی نوعیت کے ہوں گے۔

(پی ایل جے 1981 نلاہور - صفحہ 467)

ریسپانڈنٹ ڈسٹرکٹ جج کے پاس اپیل کرنے کی بجائے ہائیکورٹ میں براہ چارہ جوئی کر سکتا ہے۔ اپیلانٹ اپیل کے سماعت کرنے پر اعتراض داخل کرنے میں ناکام ہوا اور پیش نہ بھی ہونے کے باوجود ہائیکورٹ نے میرٹ پر فیصلہ کے علاوہ کہا کمرشل از فیصلہ برائے اختیار کرنے میں مقدمہ پر اثر نہیں پڑتا۔

(پی ایل جے 1982ء سپریم کورٹ (آزاد جموں کشمیر) 97 + سی ایل سی 1982ء صفحہ 2511)

اپیلانٹ عدالت نے کیس کو ریمانڈ کیا کہ اعتراض نمبر 3 جواب دعویٰ کے تحت غلطی سے Issue جاری نہ کرنا جو کہ کیس میرٹ پر فیصلہ ہونے ہیں اثر انداز نہ ہے۔ ہونے کے باوجود کیس ریمانڈ کیا گیا تاکہ تنقیح جاری کر کے بعد از شہادت میرٹ پر فیصلہ ہو۔

Marfat.com

(پی ایل جے 1987ء لاہور 626)

بے قاعدگی عدالت نے کیس کو میرٹ پر فیصلہ یا اختیارات پر اثر انداز ہے۔ ڈگری واپس کر کے امر متنازعہ کورٹ فیس کا ہے اختیارات کے متعلق نہ ہے۔ ایسا سوال کاروائی مقدمہ کو میرٹ پر اثر انداز نہ ہے۔ لہٰذا ریسپانڈنٹ کے حق میں ڈگری ہونے پر ہائیکورٹ مداخلت نہیں کرتی ہے۔

(پی ایل جے 1987ء لاہور 107 + پی ایل ڈی 1987ء لاہور - 127)

## باقاعدہ پارٹی کو فریق مقدمہ نہ بنانے پر اثر:

باقاعدہ پارٹی کو بطور مدعی فریق نہ بنانا یا Proforms مدعا علیہ کو فریق دعویٰ نہ بنانے کی غلطی ڈگری کو واپس لانے کے لیے کافی نہیں ہے۔ لہٰذا ڈگری برقرار رہے گی۔
(پی ایل جے 1987ء (آزاد جموں کشمیر) 34 + پی ایل ڈی 1987ء (آزاد جموں کشمیر) (62

## کاروائی دعویٰ میں بے قاعدگی ہونے پر اثر

موقف اختیار کیا گیا کہ ایک کیس میں شہادت قلمبند کی گئی اور دوسرے دعویٰ میں شہادت کی کاربن نقل لگائی گئی۔ اس لیے تمام کاروائی کالعدم تصور ہوگی۔

کسی فریق نے عدالت ماتحت کے ضابطہ پر اعتراض نہ کیا ہے۔ شہادت ختم ہونے پر کونسل فریقین نے دستخط کیے ہیں۔ اس بات سے ثابت ہوتا ہے کہ انہوں نے ضابطہ عدالت کے اختیار کرنے کو تسلیم کیا ہے۔ اس بے قاعدگی ہونے پر کوئی بدنیتی عدالت ثابت نہ ہوتی ہے۔

لہٰذا یہ محض ضابطہ کی بے قاعدگی ہے اور نہ کہ اختیاران نوعیت کی غلطی ہے۔
(پی ایل جے 1989ء لاہور - 54 + سی ایل سی 1989ء صفحہ 1651)

Marfat.com

# اپیل بناراضی ڈگریات ازاپیل

## Appeals from Appellate Decrees

دفعہ 100-اپیل ثانی(Second appeal):(1) سوائے اس صورت کے کہ خاص مجموعہ ہذایا کسی اور قانون نافذ الوقت میں کوئی اور حکم صریح ہو ہر ڈگری جو بصیغہ اپیل کسی عدالت ماتحت ہائی کورٹ سے صادر ہو اس کی اپیل عدالت ہائی کورٹ میں وجوہ عذر حسب ذیل سے کسی وجہ پر ہو سکتا ہے یعنی:۔

(اے) یہ کہ فیصلہ برخلاف کسی قانون یا ایسے رواج(usage) کے ہے جو حکم قانون رکھتا ہے۔

(بی) یہ کہ فیصلہ میں تصفیہ فلاں ضروری امر تنقیح طلب متعلق قانون یا رواج کا جو حکم قانون رکھتا ہے نہیں ہوا۔

(سی) یہ کہ کوئی غلطی عظیم یا(substantial error) سقم ضابطہ محکومہ مجموعہ دیگر ہذا یا دیگر قانون نافذ الوقت واقع ہوا جس کے سبب سے ممکن ہے کہ کوئی غلطی یا سقم مقدمہ کی تجویز روئدادی میں پیدا ہوا ہو۔

2- منسوخ بروئے ضابطہ دیوانی (ترمیمی) آرڈیننس نمبر X مجریہ 1980ء۔

## شرح

ہر دونوں عدالت ماتحت کا نقطہ نظر بر بنائے شہادت پر مشتمل شہادت ہو تو پھر مداخلت نہیں ہو سکتی ہے جب تک یہ بات ثابت نہ ہو جائے کہ شہادت کو پڑھا نہیں گیا یا شہادت پڑھنے سے رہ گئی ہے۔ یا شہادت کا تجزیہ درست طور پر نہیں کیا گیا۔

(پی ایل جے 1981ء۔(آزاد جموں کشمیر) ہائی کورٹ 129+پی ایل ڈی 1981ء(آزاد جموں کشمیر) ہائی کورٹ 42)

عدالت اپیل کو شہادت کو جانچنے کا اختیار ہے: عدالت اپیل اول کو مقدمہ میں موجود شہادت کو جانچنے کا مکمل اختیار ہے۔ اور اس پر انحصار کر کے اپنا فیصلہ دینے کا اختیار ہے۔ اپیل ثانی میں کوئی عدم قرات شہادت یا غلط قرات شہادت بیان نہ کی گئی۔ اس صورت حال میں عدالت اپیل ثانی مداخلت نہ کرے گی۔

(1995ءسی ایل سی 1321)

Marfat.com

**Second appeal- Concurrent finding of fact.**

دوسری اپیل۔ ایک جیسے حقائق کی تلاش: مقدمہ میں اپیل کورٹ نے دستور کے مطابق شہادت لی جو محض اس فیصلہ کی تصدیق تھی جو ابتدائی عدالت نے دیا۔ پہلی عدالت اپیل کی رائے یہ تھی کہ شہادت پر بحث کرتے ہوئے ابتدائی عدالت نے مکمل طور پر زبانی شہادت پر بحث کی اور اس نتیجہ پر پہنچی کہ ملزمان اپنا عذر ثابت کرنے میں ناکام رہے اور یہ بات ریکارڈ میں موجود شہادت پر بحث کئے بغیر تصدیقیات نہ ہوگی۔ (1996ء ایس سی ایم آر 1729)

**Interferenes by second Appellate Court - Scope.**

دوسری عدالت اپیل کی مداخلت، وسعت: زیر دفعہ 100 مجموعہ ضابطہ دیوانی دوسری عدالت اپیل کو اجازت نہیں کہ وہ شہادت کا دوبارہ جائزہ لے۔

(پی ایل ڈی 1955ء ایف سی 38+پی ایل ڈی 1969ء ایس سی 617+ 1986ء ایس سی ایم آر 1814 اور پی ایل ڈی 1992ء ایس سی 838 ریفر (.Ref) 1996ء ایس سی ایم آر 1729)

دوسری اپیل واقعاتی سوال: متنازعہ اراضی کو فروخت کرنے کی قانونی ضرورت۔ دونوں عدالت ہائے ماتحت کا متفقہ نقطہ نظر۔ ہائیکورٹ اراضی متنازعہ کی فروخت کو زیر دفعہ 100 کی خصوصیات شرائط تحت منسوخ کرنے کی مجاز نہ ہے۔ لہٰذا فیصلہ ہائیکورٹ قابل بحالی نہ ہے۔

(پی ایل جے 1981ء سپریم کورٹ 43)

ہائیکورٹ نے پہلی عدالت اپیل کے فیصلہ کو بحال کرتے ہوئے دونوں عدالت ہائے ماتحت کے فیصلہ جات بمطابق میرٹ مقدمہ کا موازنہ سپریم کورٹ کے اصولوں کے تحت نہ کیا۔ لہٰذا سپریم کورٹ نے (دوسری اپیل) کے فیصلہ خلاف اپیل کو منظور کر لیا۔ (پی ایل جے 1981ء سپریم کورٹ 683)

ہائی کورٹ کو اس امر کا اختیار حاصل ہے کہ وہ اپیل کو بطور نگرانی باور کرے اس کے لئے خواہ زبانی طور پر ہی متعلقہ پارٹی نے درخواست کی ہو۔ (1995ء ایس سی ایم آر 784)

دوسری اپیل صرف قانون کی غلطی کی بناء پر دائر کی جا سکتی ہے یا ضابطے میں اگر غلطی پائی جائے جس کی وجہ سے مقدمہ کے حقائق پر اثر پڑا ہو۔ (پی ایل ڈی 1967ء لاہور 336; پی ایل ڈی 1967ء لاہور 619)

دوسری اپیل میں جہاں قانونی اور واقعاتی سوالات ملے جلے ہوں۔

دستاویزات کی تیاری کا حق اور خاص طور پر ریکارڈ مال کو ہمیشہ قانونی سوال تصور کیا جاتا ہے۔

سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا فیصلہ مخالفانہ ہے یا نہیں؟

Marfat.com

مگر مجموعی طور پر قانونی سوال اور قانونی مداخلت ریکارڈ کے تحت بنایا جاتا ہے یا ثابت کیا جاتا ہے یہ تسلیم شدہ واقعاتی بات ہے۔

(پی ایل جے 1975ء - سپریم کورٹ - 202 +پی ایل ڈی 1975ء - سپریم کورٹ - 311)

## جو عذر پہلی اپیل میں نہیں اٹھایا گیا:

پہلی عدالت اپیل میں اعتراض نہیں اٹھایا گیا لیکن دوسری عدالت یہ اعتراض جواب دعویٰ میں ہی لیا گیا مگر pass نہ کیا اور نہ ہی ڈگری خارج پر احتجاج کیا لہٰذا دوسری عدالت میں اعتراض نہیں اٹھایا جا سکتا ہے۔

(پی ایل جے 1980ء لاہور 37

## دوسری اپیل میں نئے پوائنٹ:

پہلی عدالت اپیل نئے پوائنٹس کو زیر بحث نہ لایا گیا اب ختم تصور ہوں گے۔ لہٰذا اس طرح نئے پوائنٹس دوسری اپیل میں نہیں اٹھائے جا سکتے ہیں۔

(پی ایل جے - 1974ء - پشاور 36)

کیا مدعا علیہ نے جواب دعویٰ داخل کرنے کی کوشش کی تھی۔ ایک واقعاتی سوال ہے۔ اس لیے دوسری اپیل میں انکوائری ممکن نہ ہے۔

(پی ایل جے - 1980ء - لاہور - 128)

دوسری اپیل میں ہائیکورٹ زیر دفعہ 100 مجموعہ ضابطہ دیوانی تحت اختیارات استعمال کرتے وقت۔ متنازعہ ہر معاملہ کو پڑتال کرنے کی مجاز ہے۔ واقعاتی نقطہ کے علاوہ عدالت شہادت کو نہ پڑھنے کے سوال کو ملا نظر کر سکتی ہے اور شہادت کا درست موازنہ کر کے نوٹس میں لا سکتی ہے۔

(پی ایل جے 1982ء - (سپریم کورٹ آزاد جموں کشمیر) 154 +پی ایل ڈی 1982ء - سپریم کورٹ (آزاد جموں کشمیر) 85)

## دوسری اپیل اور اختیارات:

1970ء بوقت دعویٰ دائری اس کی تشخیص کردہ کورٹ فیس مبلغ 571 روپے مقرر

Marfat.com

کی گئی۔ دوسری اپیل عدالت مجاز میں جو کہ 1979ء میں داخل کی گئی اور موجودہ ترمیم بعد میں ہوئی تھی اب مجاز ہے۔
(پی ایل جے 1983ء - لاہور - 641 + سی ایل سی 1983ء صفحہ 1570)

دونوں عدالتوں کا ایک ہی نقطہ نظر۔ اس میں مداخلت لہٰذا ہائیکورٹ شہادت کو نظر انداز نہ پڑھنے کی غلطی عدالت ماتحت کو درست کرنے کی مجاز ہے۔
(پی ایل جے 1982ء - سپریم کورٹ 317 + پی ایل ڈی 1982ء - سپریم کورٹ 318)

## نگرانی میں بدل دینا:

اپیل کو نگرانی میں بدل دینا کا اثر۔ اپیلانٹ نے لوئر اپیلانٹ عدالت اور ہائیکورٹ میں لاپرواہی سے پیروی کی۔ لہٰذا اپیلانٹ کسی کا مستحق نہ ہے۔ اس کی درخواست اپیل کو نگرانی بدل دینا خارج شدہ۔
(پی ایل جے 1984ء - کوئٹہ - + پی ایل ڈی 1984ء کوئٹہ 52)

## دستاویزی شہادت:

قیاس آرائی کی توجہ کرنے پر انکاری سے ہائیکورٹ نے دستاویز ریکارڈ پر ضروری قیاس آرائی سے انکار ہونے پر مداخلت کی ہے۔
(پی ایل جے 1983ء - سپریم کورٹ (آزاد جموں کشمیر) 131 + سی ایل سی 1983ء - صفحہ نمبر 703)

واقعاتی بات پر محض ہائیکورٹ مداخلت کرنے کی مجاز نہیں ہے۔
(پی ایل جے - 1983ء - سپریم کورٹ (آزاد جموں کشمیر) 131 + سی پی سی - 1983ء - صفحہ 703)

مداخلت۔ ماتحت عدالت اپیل نے آخری فیصلہ زیر آرڈر 41 رول 1 کی روشنی میں صادر کیا۔

لہٰذا عدالت ماتحت کو بنیادی وراثتی اختیارات حاصل ہیں کہ پیش کردہ تمام واقعات کا فیصلہ کرے۔ اس لیے اس حکم میں مداخلت نہیں کی جا سکتی۔

Marfat.com

(پی ایل جے - 1984ء - کوئٹہ - صفحہ 1 + پی ایل ڈی 1984ء - کوئٹہ صفحہ 52)

## دوسری اپیل سماعت کی اہلیت :

دوسری اپیل قابل سماعت ہو سکتی ہے۔ یہاں دستاویز بیعہ نامہ ملوث ہو۔

(پی ایل جے 1986ء - پشاور - 119)

دو عدالتوں کی واقعاتی طور پر ہم آہنگی اور اس میں مداخلت لہذا دو عدالتوں کے واقعاتی طور پر متفق ہونے پر یہاں سال فریقین مقدمہ کے متعلق پیدا ہوتا ہے کیونکہ یہ فریقین کو پابند رکھتا ہے ان حالات میں ہائیکورٹ مداخلت نہیں کرتی ہے۔

(پی ایل جے - 1987ء - لاہور - 348 + سی ایل سی 1987ء - صفحہ 1582)

## دوسری اپیل نگرانی میں بدل دینا ناقابل سماعت۔ ہائیکورٹ میں دوسری اپیل کی گئی :

یہ اپیل تاہم ظاہری چند خصوصیات کی وجہ سے دلیل دینا توضیح کرنا۔ شہادت حجت پیدا کرتی ہے یہ اپیل دراصل زیر دفعہ 115 کے تحت آتی ہے۔

اس لیے ہائیکورٹ کو اس قانون کی روشنی میں دفعہ (115 نگرانی) تحت اختیارات کا استعمال کرنا چاہیے۔

قانونی طور پر عدالت ماتحت نے اختیارات سماعت اس نقطہ نظر سوال پر نہیں ہے یا عدالت ماتحت اختیارات کے تحت استعمال کرنے میں ناکام ہوئی ہے۔ یا اختیارات کا استعمال غلط غیر قانونی بے قاعدگی طور پر کیا گیا ہے۔ تاہم ہائیکورٹ اپیل کو نگرانی تصور کر کے ملاحظہ پڑتال کر سکتی ہے۔

مزید اگرچہ ہائیکورٹ کو صوابدیدی اختیارات حاصل ہیں۔ نگرانی محض ایک رعایت یا حق نہیں ہے۔

(پی ایل جے - 1987ء - سپریم کورٹ 137 + پی ایل ڈی - 1987ء - سپریم کورٹ 139)

جہاں واقعاتی قانونی سوالات ملے جلے ہوں۔

Marfat.com

اصل قانون کو دوسری اپیل میں ہائیکورٹ میں نہ اٹھایا گیا۔

لہذا معیاد کے اطلاق کے جواز کو اس کیس میں جو کہ انکوائری پر منحصر ہے جس میں واقعاتی سوال کا تعین کرنا ہوتا ہے۔ اس جواز کو دوسری اپیل کے موقعہ پر معین کوشش کی جاتی ہے۔

(پی ایل جے - 1986ء - لاہور 186 + سی ایل سی 1986ء - 1220)

عدالت ماتحت میں نئی Plea جواز کو نہیں لیا جا سکتا اپیل یا نگرانی کے موقعہ پر نئے واقعاتی جواز کو نہیں اٹھایا جاتا ہے۔

عدالتی اختیارات یا قانونی سوال جو کہ دوران کاروائی یا تسلیم شدہ بات بمطابق ریکارڈ جو کہ یہ مثل ہے۔ اسکے علاوہ غلط کاروائی ہوئی ہے یا قانونی طور پر جائز کاروائی جو کہ بغیر انکوائری واقعات تک مبنی ہے۔ تاہم ہمیشہ کے لیے نئے جواز کو اٹھایا جا سکتا ہے اور اس کی اجازت ہے تاکہ متاثرہ کیس کا فیصلہ انصاف پر ہو سکے۔

(پی ایل جے 1987ء - کوئٹہ - صفحہ نمبر 1)

## عدالت اپیل کی ڈگری خلاف اپیل۔ قانونی سوال کا اٹھایا جانا:

جو کہ پہلی اپیلائٹ عدالت میں بحث کرنے سے ناکام ہوگیا۔ اثر۔

لہذا عام طور پر پہلی عدالت اپیل سوال زر اٹھانے پر دوسری عدالت میں اٹھانے کی اجازت نہیں۔ (دعویٰ حق شفعہ) جواز سن کر پہلی عدالت اپیل ماتحت میں اٹھایا گیا لیکن بحث ٹھوس نہ کی گئی۔ اس ٹھوس بمطابق ریکارڈ نقطہ کو کسی طرف سے فیصلہ کرنا ضروری ہے۔ اس لیے ایسے ٹھوس نکات ہائیکورٹ میں اٹھائے جاتے ہیں۔

(پی ایل جے 1986ء لاہور 37 + سی ایل سی 1986ء صفحہ نمبر 420)

## دوسری اپیل شہادت کو نہ پڑھنا کہ Missreading - اثر:

فریقین کی شہادت کو ترجیح نہ دینے کی رول کی خلاف ورزی ہے اور قانونی غلطی ہے۔ اپیل منظور اور ہائیکورٹ سے مقدمہ ریمانڈ ہوا تاکہ کیس کا اصل بنیاد از سر نو فیصلہ ہو سکے۔

Marfat.com

(پی ایل جے 1988ء سپریم کورٹ (آزاد جموں کشمیر) 150+پی ایل ڈی 1988ء
سپریم کورٹ (آزاد جموں کشمیر) 203)

دفعہ 100 کے تحت دوسری اپیل صرف دفعہ میں درج محدود صورتوں میں ہی ہوسکتی ہے اس طرح غیر ضروری مقدمہ بازی کا خاتمہ ہوسکتا ہے۔

(پی ایل ڈی 1988ء سپریم کورٹ (آزاد جموں وکشمیر) 203=پی ایل جے 1988ء سپریم کورٹ (آزاد جموں وکشمیر 150)

دفعہ 100 میں دی گئی شرائط میں عدالت ردوبدل نہیں کرسکتی۔

(کے ایل آر 1983ء سی سی 96+این ایل آر 1982ء اے سی 529 + 1980ء سی ایل سی 458+ پی ایل ڈی 1966ء پشاور 126+اے آئی آر 1984ء کلکتہ 633)

خلاف قانون فیصلے کے خلاف دوسری اپیل کی اجازت ہے۔

(1991ء سی ایل سی 1616+1988ء سی ایل سی 106)

ضابطے کی ایسی غلطی جو فیصلے میں غلطی کا سبب ہو اور انصاف کے تقاضے پورے نہ ہوں تو دوسری اپیل کی اجازت ہے۔

(پی ایل ڈی 1955ء لاہور 420+ اے آئی آر 1937ء لاہور 36=اے آئی آر 1923ء لاہور 630=اے آئی آر 1940ء لاہور 245= 1991ء سی ایل سی 1616)

اگر فیصلہ قانونی وجوہات پر مبنی نہ ہو تو اس کے خلاف دوسری اپیل ہوسکتی ہے۔

(این ایل آر 1989ء اپیل کیسز 344+پی ایل ڈی 1970ء لاہور 303ء)

معیاد سماعت کا سوال قانونی مسئلہ ہے اور یہ دوسری اپیل میں اٹھایا جاسکتا ہے باوجود اس کے کہ یہ پہلی اپیل میں نہ اٹھایا گیا ہو۔ (پی ایل ڈی 1974ء آزاد جموں کشمیر 1+پی ایل ڈی 1970ء لاہور 168)

اختیار سماعت پر اعتراض کی صورت میں دوسری اپیل درست ہے۔

(پی ایل ڈی 1977ء لاہور 409+پی ایل ڈی 1974ء کراچی 10)

**فیصلہ جات میں اختلاف (Judgments at variance):** درخواست دہندہ کا اعتراض یہ تھا کہ چونکہ ماتحت عدالتوں کی ججمنٹس مختلف تھیں اور ان میں اختلاف تھا لہٰذا درخواست کو قبول کرلیا گیا۔ پریکٹس کا ایسا اصول ہوسکتا ہے درست ہو جو کہ ثانوی اپیل کے لیے ہو لیکن اسے آئین کے آرٹیکل 199 کے تحت اختیار سماعت میں قابل اطلاق نہیں کیا جاسکتا۔ (2001ء وائی ایل آر 644(اے))

**Second appeal -- Delay, condonation of.**

دوسری اپیل۔ تاخیر میں چشم پوشی: وہ اپیل جو کہ 90 دن کی مقرر کردہ مدت کے دوران دائر کی جانی تھی اسے 527 دن کے بعد دائر کیا گیا۔ اپیل گذار نے تاخیر کو نظر انداز کرنے کا مطالبہ کیا یہ عذر پیش

Marfat.com

کرتے ہوئے کہ وہ دمہ کی بیماری میں مبتلا تھا اور اپنے دعویٰ کی سپورٹ کے لیے اُس نے میڈیکل سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی بھی ساتھ لف کی۔ اپیل گذار نے یہ ثابت کرنے کے لئے کوئی دیگر دستاویز ساتھ نہ لگائی کہ وہ اپیل دائر کرنے کے لئے اپنے وکیل کے پاس جانے سے معذور تھا۔ اپیل دائر کرنے میں ہر روز کی تاخیر کی وضاحت ضروری تھی لیکن وہ ایسا کرنے میں ناکام رہا۔ اپیل گذار یہ ثابت کرنے میں ناکام ہونے کے بعد کہ کوئی معقول وجہ تھی جس نے اُسے مقرر کردہ مدت یعنی 90 دن کے اندر اپیل دائر کرنے سے باز رکھا۔ لہٰذا تاخیر کو نظرانداز کرنے کی درخواست کسی بھی فورس سے محروم تھی لہٰذا اپیل قابل برخاستگی تھی۔

(2001ء سی ایل سی 145)

**Second appeal, Concurrent findings of fact by the Courts below.**

**دوسری اپیل ۔ ماتحت عدالتوں کی متفقہ رائے ۔ فرد کی بلوغت کی عمر:** مدعی نے نالش کی پراپرٹی کے انتقال پر فراڈ کی بنیاد پر اعتراض کیا۔ ابتدائی عدالت نے مدعی کو معاملہ کے وقت نابالغ پاتے ہوئے نالش کی ڈگری جاری کر دی۔ ابتدائی عدالت کی طرف سے ججمنٹ اور ڈگری کو پہلی عدالت اپیل نے برقرار رکھا۔ جواز۔ عدالت نے نابالغ کی جائیداد اور اُس کے وجود کے لئے کوئی سرپرست مقرر نہ کیا اور اس طرح قانون بلوغت 1875ء کی دفعہ 3 کے تحت بلوغت کی عمر 18 سال تھی۔ جب کہ اس وقت مدعی نابالغ تھا لہٰذا اس طرح اُس کی جائیداد کے بارے میں اُس کی جانب سے کوئی بھی معاملہ اس پر قانونی طور پر قابل پابندی نہ تھا جب تک کہ اس کا کوئی سرپرست مقرر نہ کر دیا جاتا۔ لہٰذا مدعی کو بالغ قرار دینا فراڈ اور غلط بیانی پر منحصر تھا ایسے حالات میں اپیل کو برخاست کر دیا گیا۔ (2001ء وائی ایل آر 1419۔)

**دوسری اپیل ۔ منظوری ۔ شہادت کو ترجیح:** بیانات گواہان بابت مواد میں تضاد ہے۔ PW I کے بیان میں سودا 30,000 روپے میں ہوا جبکہ PW3 کے بیان میں 60,000 روپے میں سودا طے ہوا اور PW4 نے یہ بیان نہ دیا کہ اس کے باپ نے متوفی سے 60,000 روپے میں خریدی۔ لہٰذا شہادت عدالت ماتحت میں کی (credenee) تعین اعتبار سے نہیں دی گئی ہے۔ (پی ایل جے 1989ء لاہور صفحہ 46)

**دعویٰ استقراریہ:** دعویٰ استقراریہ میں ڈگری کو چیلنج کیا گیا۔ اپیلانٹ (Appellant) کا موقف ہے کہ حق میں Gift ہوا مگر واقعاتی نقطہ پر دونوں عدالتوں کا اتفاق ہے کہ مدعا علیہ کے حق میں ہبہ ہونے کا کوئی ثبوت نہ ہے۔ لہٰذا دونوں عدالت ماتحت نے ٹھیک طور ہی اپیلانٹ نے قانون کے خلاف کیا ہے اور اس پر کوئی رعایت نہیں کی جا سکتی۔ مزید کہا گیا دفعہ 100 ضابطہ دیوانی تحت کسی مداخلت کی ضرورت نہیں ہو سکتی۔ اپیل خارج۔ (پی ایل جے 1990ء لاہور صفحہ 104)

اپیل پیش کرنے پر ضابطہ کی شق اختیار نہ کیا ہے جو ضابطہ کی ایک نوعیت ہے اور نہ کرنا ہر کسی بڑے

Marfat.com

ہرجانے کے ساتھ خارج کرنے کی وجہ سے مبنی تھی۔ اپیل منظور کی گئی۔

(پی ایل جے 1990ء لاہور 203+پی ایل ڈی 1990ء لاہور 108)

**101-Second appeal on no other grounds.**

**دفعہ 101-اپیل ثانی کسی اور وجہ کی بناء پر دائر نہ ہو سکے گی:** کوئی اپیل ثانی بجز ان وجوہ کے جو دفعہ 100 میں مذکور ہیں کسی اور وجہ کی بناء پر دائر نہ ہو سکے گی۔

**102-No second appeal in certain suits.**

**دفعہ 102- کن مقدمات میں مرافعہ ثانی نہیں ہوگا:** دوسری اپیل رجوع نہ ہوگی:۔

(اے) کسی مقدمہ میں جو از قسم قابل سماعت عدالت ہائے مطالبہ خفیفہ ہے۔ جب تعداد یا مالیت دعویٰ جس کی بابت اصل دعویٰ دائر ہوا ہو، 25 ہزار روپے سے زیادہ نہ ہو۔

(بی) دیگر کسی مقدمہ میں، جب کہ تعداد یا مالیت شئے دعویٰ جس کی بابت اصل دعویٰ دائر ہوا ہو، 25 ہزار روپے سے زیادہ نہ ہو۔

## شرح

**وسعت:** اس دفعہ کی شرائط بہت وسیع ہیں اور ان کا اطلاق ان تمام نوعیت کے دیوانی مقدمات پر ہوتا ہے جن کی مالیت 50 ہزار سے زائد نہ ہو۔ 1992ء کی ترمیم کے بعد اس کی مالیت ایک لاکھ روپے تک کردی گئی ہے۔ ماسوائے ان معاملات کے جن کا ذکر سمال کاز کورٹ ایکٹ (Provincial Small Cause Courts Act) کے دوسرے جدول میں کیا گیا[1] ہے۔ جہاں منشائے نالش کی مالیت اس سے زیادہ ہو تو اس کے خلاف دوسری اپیل ہائی کورٹ یا ڈسٹرکٹ جج کے پاس ہو[2] اور حتیٰ کہ جب نالش دوامی حکم امتناعی کے لئے ہو[3]۔

1. (پی ایل ڈی 1984ء کوئٹہ 52=پی ایل جے 1984ء کوئٹہ 1+1982ء سی ایل سی 2397+این ایل آر 1982ء سول 480+1981ء سی ایل سی 527+پی ایل ڈی 1960ء ڈھاکہ 907=12 ڈی ایل آر 380=اے آئی آر 1939ء سندھ 35 (ایف بی)
2. 1991ء سی ایل سی 185+
3. 1990ء سی ایل سی 1703=این ایل آر 1990ء+پی ایل جے 1980ء بہاولپور 117+1979ء سی ایل سی 151)۔

ناقابل ادخال دوسری اپیل کو ریویژن اپیل تصور کیا جائے گا۔ اپیل کو ریویژن اپیل خیال کیا جائے گا۔ لہٰذا کوئی دوسری اپیل دائر نہیں کی جاسکتی جب تک اصل منشائے نالش کی مالیت 50 ہزار سے تجاوز نہ کر جائے اور 1992ء کی ترمیم کی یہ رقم ایک لاکھ روپے ہے۔ اس اپیل کو بطور ریویژن زیر غور لانے میں کوئی

Marfat.com

شے مانع نہیں ہے۔

(1992ء سی ایل سی 172=این ایل آر 1992ء اے سی 536+1990ء سی ایل سی 1703=این ایل آر 1990ء اے سی 785+پی ایل ڈی 1989ء لاہور 246)

**ریوین کی دوسری اپیل میں تبدیلی:** ہائی کورٹ کی قابل اعتراض ججمنٹ اور ڈگری کورد کیا اور سپریم کورٹ نے مقدمہ کو از سر نو سماعت و فیصلہ کے لئے دوبارہ ہائی کورٹ کو روانہ کر دیا۔

(1993ء ایس سی ایم آر 1955)

**خفیہ مقدمہ کی با قاعدہ مقدمہ کی طرف کاروائی:** ایسے مقدمات میں جن کی نوعیت خفیہ عدالت کے مقدمات جیسی ہو اور مقدمہ کی مالیت 5 ہزار سے کم ہو تو اس نوعیت کے مقدمہ میں اس قاعدہ کا طلاق نہ ہوگا جو اپیل کی سماعت کے دائر اختیارات کے لئے کیا جاتا ہے۔ (8 ڈھاکہ لاء رپورٹ 196)

**دوسری اپیل کی ممانعت۔** اپیلانٹ کے دعویٰ دائر کردہ تسلیم شدہ مالیت پچاس ہزار سے کم ہے۔ لہٰذا زیر دفعہ 102 تحت دوسری اپیل کی ممانعت ہے۔ ترمیم بروئے قوانین دیوانی (اصطلاحات) یکٹ XIV آف 1994ء۔ (پی ایل جے 198ء کوئٹہ 1+پی ایل ڈی 1984ء کوئٹہ 52)

دوسری اپیل مالیت معاملہ متنازعہ مبلغ 2000 سے زیادہ ہے۔ اگرچہ دعویٰ حکم امتناعی دوامی کا ہونے کے باوجود دوسری اپیل اور نہ ہی نگرانی قابل سماعت ہے: (پی ایل جے 1980ء، 117 بغداد الجدید)

## 103-Power of High Court to determine issue of fact.

**دفعہ 103-اختیار ہائی کورٹ نسبت تجویز تنقیحات واقعہ:** کسی اپیل ثانی میں ہائی کورٹ مجاز ہے کہ اگر شہادت مندرجہ مثل کافی ہو تو کسی ایسی تنقیح واقعہ کی تجویز کر دے جو اپیل کے فیصلے کے لئے ضروری ہو لیکن عدالت اپیل ماتحت نے اس کو غیر طے شدہ چھوڑا ہو یا مذکورہ عدالت نے اس کا غلطی سے تعین کیا ہو یا وجوہ کوئی بے قاعدگی سے ہو، غلطی یا نقص جیسا کہ دفعہ 100 کی ضمنی دفعہ (1) میں حوالہ دیا گیا۔

## شرح

**وسعت:** دفعہ ہذا ہائی کورٹ کو یہ اختیارات دیتی ہے کہ وہ ریکارڈ میں موجود شہادت کے مطابق حتمی فیصلہ کرے جبکہ دفعہ میں موجودہ تمام شرائط پوری کی گئی ہوں۔ جب دفعہ 103 میں شرائط موجود ہوں تو ہائی کورٹ کو کسی قسم کا تامل نہ ہوگا لیکن اسے دفعہ ہذا کو رجوع کر کے حتمی فیصلہ دینا ہوگا۔

(پی ایل ڈی 1952ء ڈھاکہ 44=3 ڈی ایل آر 298+6 ڈی ایل 202+اے آئی آر 1946ء سندھ 10 (ڈی بی)+اے آئی آر 1920ء پی سی 67+اے آئی آر 1928ء الہ آباد 220 (ڈی بی)+اے آئی آر 1919ء پی سی 29+اے آئی آر 1927ء بمبئی 228+1978ء ڈی ایل آر (ایس سی) 236)

Marfat.com

# اپیل بناراضی احکام

## *Appeals from Orders*

**104-Orders from which appeal lies.**

دفعہ 104- احکام جن کی ناراضی سے اپیل ہوسکتی ہے:(1) صرف احکام مندرجہ ذیل کی اپیل (appeal) دائر ہوسکتی ہے اور سوائے اس صورت کے کہ خاص مجموعہ ہذا یا کسی در قانون نافذ الوقت میں کوئی اور حکم صریح ہو کسی اور احکام کی اپیل دائر نہیں ہوگی۔

(اے تا ایف) بذریعہ ایکٹ نمبر 10 مجریہ 1940ء حذف ہوئیں۔

[1](ایف) حکم زیر دفعہ 35 الف۔

(ایف ایف) حکم زیر دفعہ 47]

(جی) حکم مصدرہ تحت دفعہ 95

(ایچ) حکم حسب شرائط مجموعہ ہذا مشعر عاید کرنے Imposing جرمانہ یا بابت گرفتاری یا قید کسی شخص کے دیوانی جیل میں سوائے اس صورت کے کہ وہ گرفتاری یا قید صیغہ اجرائے ڈگری سے ہو۔

(آئی) کوئی ایسا حکم جو قواعد کے بموجب صادر ہوا اور جس کے اپیل کی نسبت قواعد مذکور میں صراحت کے ساتھ اجازت ہو۔

شرط یہ ہے کہ کوئی اپیل بناراضی احکام مصدرہ زیر شق (ایف) دائر نہ ہو سکے گا یا سوائے اس وجہ کے کوئی حکم کم رقم کی ادائیگی کے لئے دیا جانا چاہیئے تھا۔

(2) کوئی اپیل کسی ایسے حکم کا دائر نہیں ہوگا جو اس دفعہ کے بموجب اپیل میں صادر ہو۔

## شرح

مندرجہ بالا دفعات تحت اپیلیں۔ ڈگری۔ اثر: لہٰذا اگر چہ حکم قابل اپیل کا حق بنتا ہے مگر ڈگری ہونے پر اپیل کا حق ختم ہو جاتا ہے۔ (پی ایل جے 1982ء لاہور 324+ پی ایل ڈی 1982ء لاہور 524)

وسعت: دفعہ 104 محدود نوعیت کی دفعہ ہے۔ ذیلی دفعہ (1) کے تحت یہ فریق پارٹی کے حقوق اپیل کو محدود کرتی ہے۔

---

1 کلا زز تا (ایف اور ایف ایف) لا ریفارم آرڈیننس 1972ء کے تحت شامل ہوئیں۔ دفعہ 2 اور جدول۔

Marfat.com

(33 الہ آباد 479 (ڈی بی)

## ڈگری کا اجراء مقدام حکم ناقابل اپیل:

جب کسی مقدمہ میں ڈگری جاری کر دی گئی ہو اور مقدم کاروائی کے تحت حکم قابل اپیل بھی ہو تو اپیل نہیں کر جا سکتی ماسوائے ڈگری کے خلاف اپیل کے۔

## اپیل کون کر سکتا ہے:

کوئی بھی غیر متعلقہ یا اجنبی شخص اپیل دائر کر سکتا ہے۔ اگر وہ ایسے مقدمہ کے فیصلہ سے بری طرح متاثر ہو۔ یہ اصول متروکہ قوانین کے مقدمات میں بھی قابل اطلاق ہے۔
(پی ایل جے 1982ء لاہور 324 = پی ایل ڈی 1982ء لاہور 584)

## سپریم کورٹ میں اپیل:

دفعہ ہذا سپریم کروٹ میں اپیلوں سے متعلق نہ ہے۔ کیونکہ ایسی اپیلوں کا تعلق آئین پاکستان سے۔

کلاز (ایف ایف) زیر دفعہ 35 اے کے تحت جاری کرتا حکم قابل اپیل ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ایسا حکم جہاں کسی ڈگری کا حصہ ہو تو وہ دفعہ (2) 2 کے تحت ڈگری نہیں ہو سکتی۔
(اے آئی آر 1924ء پی سی 95 + اے آئی آر 1935ء اودھ 291 (ڈی بی) + 40 انڈیا اے پی پی 140 (پی سی) پی ایل ڈی 1966ء آزاد کشمیر 10 (آزاد کشمیر 10 (ڈی بی) + اے آئی آر ناگ پور 272 = آئی ایل آر 1954ء ناگ پور 418 (ڈی بی)

جب ڈگری کے خلاف اپیل ہو تو ہائی کورٹ دوسری اپیل میں ان ضروری حقائق کا تعین کرنے کی مجاز ہوگی جو کہ زیریں عدالت نے نہ کئے ہوں۔ اگر ریکارڈ میں درج شہادت ضرورت کے مطابق کافی ہو۔

(پی ایل ڈی 1985 لاہور 11)

دفعہ ہذا میں متعین اصول کا اطاق نہ صرف ڈگری یا سابقہ احکامات پر ہوگا بلکہ ان

Marfat.com

حاکمات پر بھی ہوگا جو اثنائے نالش میں دیا گیا ہو یا جس سے حتمی فیصلہ اخذ کیا جا سکے۔
(پی ایل ڈی 1982ء لاہور 584 = پی ایل جے 1982ء لاہور 324 + پی ایل ڈی 1964ء کراچی 61 + اے آئی آر 1917ء مدراس 404 + اے آئی آر 1936ء مدراس 936 (ڈی بی)

## ابتدائی امور پر فیصلہ:

ابتدائی امور پر کیا گیا فیصلہ مجموعہ ہذا کی دفعہ 105 کے تحت قابل اپیل نہ ہوگا۔ فریقین صرف اس صورت میں چیلنج کر سکتے ہیں۔ جب ان کے خلاف ججمنٹ یا ڈگری جاری کی جا چکی ہو۔

(پی ایل ڈی 1990ء ایس سی ایم آر 1699)

## مقدمہ کے فیصلے پر اثر:

مقدمہ کے فیصلہ میں کسی قسم کی غلطی، نقص یا بے قاعدگی صرف فیصلہ کو میرٹ پر متاثر کرے گی، وگرنہ یہ فیصلہ دفعہ ہذا کے تحت نہ آئے گا۔
(1984ء سی ایل سی 2284 + این ایل آر 1984ء اے سی 305 (ڈی بی) + اے آئی آر 1925ء لاہور 460 (ڈی بی) + اے آئی آر 1943ء اودھ 288 (ڈی بی) + اے آئی آر 1929ء پٹنہ 609 (ڈی بی) + اے آئی آر 1962ء الہ آباد 107 (ڈی بی)

## ذیلی دفعہ:

دفعہ ہذا حکم ریمانڈ کو حتمی شکل دیتی ہے۔ اگر کسی حکم ریمانڈ کے خلاف اپیل نہ کی جائے تو اس کی درستی و صحت کو ڈگری کی اپیل میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔
(این ایل آر 1988ء سول 272 = 1987ء سی ایل سی 1994ء + پی ایل ڈی 1970ء ایس سی 63 + پی ایل ڈی 1971ء لاہور 89 + پی ایل ڈی 1973ء لاہور 878 = پی ایل جے 1973ء لاہور 499 = 1973ء لا نوٹس 886 + پی ایل ڈی 1968ء لاہور 433 + پی ایل ڈی 1982ء لاہور 584 = پی ایل جے 1980ء لاہور 324)

Marfat.com

## دفعہ 105 احکام دیگر (Other orders)

1- سوائے اس صورت کے کہ کوئی حکم صریح خلاف اس کے پایا جائے کوئی اپیل بنا راضی ایسی حکم کے سموع نہ Lie ہوگا جو کسی عدالت نے بہ تعمیل اپنے اختیار سماعت ابتدائی یا اپیل کے صادر کیا ہو لیکن جس حال میں کہ ڈگری کی اپیل ہو تو جائز ہے کہ جو غلطی یا سقم Defect یا بے ضابطگی کسی حکم کی ایسی ہو کہ مقدمہ کی تجویز پر موثر ہو وہ یادداشت اپیل میں بطور ایک وجہ ناراضی کے بیان کی جائے۔

2- قطع نظر مضمون مندرجہ ضمن دفعہ (1) کے اگر کوئی فریق کسی ایسے حکم واپسی مقدمہ سے ناراضی ہو جو بعد نفاذ ایکٹ ہذا صادر کیا جائے اور جس کا اپیل دائر ہو سکتا ہو اور فریق مذکور اپیل دائر نہ کرے تو وہ بعد ازاں اس کی صحت میں تعرض نہ Precluded کر سکے گا۔

## شرح

### ریمانڈ حکم کے خلاف اپیل:

چونکہ پارٹی فریق نے میرٹ پر پہلا موقع کا فائدہ اٹھا لیا ہے از سر نو کاروائی کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ بابت کاروائی منسوخی ڈگری اس لیے درمیانی حکم کے خلاف اپیل قابل ترجیح ہے۔

مزید کہا گیا کہ اپیل کا حق اس بنا پر ختم یا ساکت ہو جاتا ہے کہ ریمانڈ حکم کو تسلیم کیا گیا کہ دوسری ریمانڈ کاروائی میں شامل ہو گیا۔

(پی ایل جے 182ء - لاہور - 324 + پی ایل ڈی 182ء - لاہور - 584)

### غیر قانونی:

مستقل اور اصل نقطہ کو ریمانڈ آرڈر میں چیلنج نہیں کیا گیا ہے اور وہی نقطہ کو دوسری اپیل میں چیلنج کیا گیا ہے۔ اصول ممانعت کے تحت پابندی ہے۔ اس مستقل غیر قانونی کی طرف سے نا انصافی ہوئی ہے۔ دفعہ 105 کی شق یا دفعہ 151 تحت کوئی داد رسی

Marfat.com

حاصل نہیں کی جا سکتی ہے۔

(پی ایل جے 173- لاہور- 499+ پی ایل ڈی 178- لاہور 878)

## دفعہ 106 اپیل کس عدالت میں سنا جائے گا:

(What Court to hear appeals)

اگر اپیل کسی حکم کا جائز ہو تو وہ اس عدالت میں سنا جائے گا جس میں اپیل بناراضی ڈگری مصدرہ اس مقدمہ کے سنا جاتا جس مقدمہ کی بابت وہ حکم صادر ہوا ہو یا اگر ایسا حکم کسی نے (جو ہائی کورٹ نہ ہو) بہ تعمیل اختیار سماعت اپیل کے صادر کیا ہو تو ہائی کورٹ میں دائر ہوگا۔

## شرح

وسعت:

مغربی پاکستان کے آرڈی نینس 110' 1962ء نے اپیل کورٹ کے مالیاتی دائرہ سماعت کو تبدیل کر دیا ہے۔ لہٰذا اب اپیل ضلعی جج کو اس صورت میں دائر کی جائے گی جب اس کی مالیت 25 ہزار سے زیادہ نہ ہو اور اگر یہ مالیت اس سے تجاوز کر جائے تو اپیل ہائی کورٹ میں دائر کی جائے گی۔

### ایک جیسی مالیت یا مقدار کی جائیداد کے سلسلے میں دعویٰ:

ہر ایسی اپیل سپریم کورٹ میں دائر کی جائے گی جس کی جائیداد کی مالیت بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر 50 ہزار یا اس سے زائد ہو۔

(8 ڈی ایل آر 425 اے آئی آر 1938ء مدراس 352 (ایس بی) + اے آئی آر 1939 مدراس 742 (ڈی بی)

کوئی دعویٰ یا امر جو فیصلہ کے متناسب یا فیصلہ کرنے کے لئے ضروری نہ ہو یا دور یا مستقبل بعید میں ہونا ہو یا بعید از قیاس و عمل ہو یا کسی تعلیمی مفاد سے وابستہ ہو تو اسے بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر امر تنقیح طلب نہیں کیا جا سکتا۔

Marfat.com

(اے آئی آر 1950ء الہ آباد 242 (ڈی بی) + اے آئی آر 1925ء پنجاب 379 (ڈی بی) + اے آئی آر 1925ء پی سی 159 + پی ایل ڈی 1958ء ایس سی 179)

## General provisions relating to appeals

## اپیلوں کے متعلق عام صراحتیں

### دفعہ 107 اختیارات عدالت اپیل:

(Powers of Appellate Court)

1- بملحوظی شرائط و ضوابط مقدمہ عدالت اپیل کو اختیار ہو گا کہ:-

(الف) مقدمہ کو قطعی طور پر فیصل کر دے۔

(ب) مقدمہ عدالت ماتحت میں واپس بھیجے Remand-

(ج) امور تنقیح طلب مرتب کر کے واسطے تحقیقات کے ارسال کرے۔

(د) مزید شہادت لے یا لینے کا حکم دے۔

2- بملحوظی شرائط مذکورہ بالا عدالت اپیل کو وہی اختیارات حاصل ہوں گے اور حتی المقدور وہی خدمات انجام دینی پڑیں گی جو اس مجموعہ کی رو سے عدالت ہائے سماعت ابتدائی کو ان مقدمات میں حاصل ہیں جو ان میں دائر ہوں۔

### شرح

### اپیلانٹ عدالت کے اختیارات:

عدالت اپیل کو عدالت ماتحت کے بعد تمام اختیارات حاصل ہیں کسی کورٹ فیس کی اپیل کی سماعت سے قبل حکم دے سکتی ہے۔

(پی ایل جے 1979ء لاہور - 486)

Marfat.com

وسعت:

دفعہ ہذا اپیل کورٹ کے اختیارات وضع کرتی ہے۔ یہ اپیل کورٹ کو ابتدا عدالت کی نسبت بعض خصوصی اختیارات تفویض کرتی ہے۔

(پی ایل ڈی 1971ء لاہور 512 (ڈی بی

## قانونِ ثالثی کے تحت اپیل:

کوئی بھی عدالت اپیل جو قانون ثالثی کے تحت ہو وہ ان تمام اختیارات کو استعمال کرنے کی مجاز ہوگی جو مجموعہ کے تحت اسے تفویض کئے گئے ہوں۔

( 820 ڈی ایل آر (ایس سی) 22

## مقدمہ کو واپس بھیجنے کے اختیارت -- کلاز (بی):

دفعہ ہذا اپیل عدالت کو اختیار دیتی ہے کہ وہ کسی بھی معاملہ کو زیریں عدالت کو واپس بھیج دے تاکہ وہ امور کا تعین از سرنو کر سکے۔ عدالت ان امور کی تشکیل کرے گی اور انہیں تجویز کے لئے پیش کرے گی اور اس سلسلہ میں وہ شہادت طلب کرے گی۔ ملاحظہ ہو آرڈی نینس 41 قاعدہ 23۔

(پی ایل ڈی 1990ء پشاور 1 (ایف بی) + اے آئی آر 1963ء کلکتہ 152 (ڈی بی)۔ پی ایل ڈی 1990ء پشاور 1 (ایف بی)

جب فریقین اس بات پر زور دیں کہ مزید شہادت عدالت کے روبرو پیش کی جائے تو ایسی صورت میں ہائی کورٹ مقدمہ کو زیریں عدالت میں واپس بھیج دے گی۔

(1982ء ایس سی ایم آر 1173)

## عدالت اپیل کے اختیارات --- ذیلی دفعہ (2):

ضابطہ میں خلا کو پر کرنے کے لئے ذیلی دفعہ (2) وضع کی گئی۔ جس کے تحت عدالت اپیل وہی اختیارات تفویض کئے گئے ہیں اور وہی فرائض سونپے گئے ہیں جو کہ ابتدائی عدالت کو کئے گئے ہیں۔ اس کی بنیادی اس عمومی اصول پر ہے کہ عدالت اپیل کو ویسے ہی اختیارات ہیں جیسے کہ کسی اصلی و حقیقی عدالت کو ہیں اور اپیل کے سلسلہ میں

Marfat.com

وہی کچھ کر سکتی ہے جو اصل عدالت کرتی ہے۔

(پی ایل ڈی 1993ء ایس سی 418 = این ایل آر 1993ء ایس سی جے 511 + 1992ء ایم ایل ڈی 856 + پی ایل جے 1983ء پشاور 21 = پی ایل ڈی 1983ء پشاور 64 + این ایل آر 1982ء سی ایل جے 155 = پی ایل جے 1982ء لاہور 18 + پی ایل جے 1979ء لاہور 486 + 1970ء ڈی ایل سی 418 = 21 ڈی ایل آر 302 + اے آئی آر 1916ء مدراس 641 (ڈی بی) + 10)

## اپیل واپس لینا / دست برداری اپیل:

عدالت اپیل اس بات کی مجاز ہے کہ وہ مقدمہ یا اپیل کی دستبرداری کی اجازت دے سکے۔

(این ایل آر 1982ء سی ایل جے 155 = پی ایل جے 1982ء لاہور 18)

## فریقین کے خلاف نالش:

اپیل عدالت کو آرڈر 1 قاعدہ 10 کے تحت فریقین کے خلاف استغاثہ کا اختیار دیا گیا ہے۔ ایسے اختیار کو قانونی طور پر درخواست دہندہ کے خلاف کسی تعصب کے بغیر استعمال کیا جائے گا۔

(پی ایل ڈی 1990ء لاہور 229 = این ایل آر 1991ء اے سی 149)

اپیل کنندہ کو اس کے وکیل کے دلائل سننے کے لئے عارضی التوا کا موقع دیا گیا جس میں ناکام رہا۔ اثر' وکیل اپیل کنندہ کو خصوصی سوالات کے جوابات کے لئے موقع دینے کے بعد اس کی عدم موجودگی یا عدالت میں پیش نہ ہونے کی وجہ سے آرڈر 17 قاعدہ 3 بمعہ دفعہ 107 سی پی سی سے رجوع کیا گیا۔ لہٰذا ہائی کورٹ نے مقدمہ کو حتمی فیصلہ کے لئے کاروائی کی۔

(پی ایل ڈی 1996ء لاہور 545)

Marfat.com

## دفعہ 108 -- ضابطہ ان اپیلوں کا جو ڈگریات و احکام اپیل کی ناراضی سے دائر کیے جائیں:

**(Procedure in appeals from appellate decrees and orders)**

احکام اس حصہ کے جو ان اپیلوں سے متعلق ہو جو ڈگریات ابتدائی کی ناراضی سے دائر کیے جائیں جہاں تک ممکن ہو گا ذیل کے اپیلوں سے بھی متعلق ہوں گے۔ یعنی:۔

(الف) متعلق اپیل ڈگریات سے۔ اور

(ب) ان احکام کے اپیل سے جو مجموعہ ہذا کی رو سے صادر ہوں یا کسی ایسے قانون خاص یا مختص المقام کی رو سے صادر ہوں جس میں کوئی مختلف ضابطہ مقرر نہ ہو۔

# Appeals to the Supreme Court

# اپیل بعدالت سپریم کورٹ

## دفعہ 109 کب اپیل سپریم کورٹ میں دائر ہو سکے گا:

**(When appeals lie to Supreme Court)**

پابندی ان قواعد کے جو وقتاً فوقتاً اس سپریم کورٹ سے درباب اپیل از عدالت ہائے پاکستان سے منضبط ہوں اور نیز پابندی ان احکام کے جو بعد ازیں مندرج ہیں۔ اپیل سپریم کورٹ بنا راضی ڈگری ہائے مفصلہ ذیل رجوع ہو گا:۔

(الف) بنا راضی ہر ڈگری یا حکم اخیر کے جو صیغہ اپیل عدالت ہائی کورٹ یا اور ایسی عدالت سے صادر ہو جسے اختیار اخیر اپیل کی سماعت کا ہے۔

(ب) بنا راضی ہر ڈگری یا حکم اخیر کے جو عدالت ہائی کورٹ سے بہ تعمیل اختیار سماعت ابتدائی صیغہ دیوانی کے صادر ہو۔ اور

(ج) بنا راضی ہر ڈگری یا حکم کے اس حال میں کہ مقدمہ جیسا کہ بعد ازیں بیان کیا ہے اس نوع کا قرار دیا جائے کہ اس کا اپیل لائق سماعت سپریم کورٹ کے ہو۔

Marfat.com

# شرح

## وسعت و اطلاق:

1975ء کے صدارتی آرڈر 4 کی ترمیم کی وجہ سے دفعہ ہذا آئین کے آرٹیکل 185 کے مساوی ہوگئی ہے اور دو شرائط تو تقریباً" ہو بہو ہیں اور سپریم کورٹ میں اپیل دائر کرنے کا حق دفعہ ہذا کے تحت ویسا ہی ہے۔ جس طرح کے آئین کے مذکورہ آرٹیکل کا۔

دفعہ ہذا کا اطلاق صرف اس وقت ہوگا جب ہائی کورٹ نے کسی مقدمے کا فیصلہ دیا ہو وگرنہ نہیں۔ اگر ہائی کورٹ کا فیصلہ غیر عدالتی نوعیت کا ہو تو اس کا اطلاق نہ ہوگا۔

(اے آئی آر 1914ء کلکتہ 557 (ڈی بی) + اے آئی آر 1922ء مدراس 440 (ایف بی) + اے آئی آر 1933ء رنگون (ڈی بی) + 6 الہ آباد 763 (ایف بی)

اپیل اس وقت دائر کی جائے گی۔ جب فریقین کے مابین کسی جھگڑے کا فیصلہ ہونا باقی ہو نہ کہ کسی ایسے معملے میں جو علمی دلچسپی سے متعلق ہو یا اس جگہ بھی نہیں سپریم کورٹ نے اپیل کی اجازت کے سلسلہ میں پہلے ہی فیصلہ دے دیا ہو۔

(پی ایل ڈی 1958ء ایس سی 179 = پی ایل آر 1958ء (2) ڈبلیو پی 34 + پی ایل ڈی 1958ء ایس سی 179 = پی ایل آر 1958 (2) ڈبلیو پی 34 + 1984ء سی ایل سی 897 (ڈی بی)

## دفعہ 110 مالیت امر متنازعہ

منسوخ بروئے صدارتی حکم نمبر 4 بابت 1975ء۔

## دفعہ 111 بعض اپیلوں کے دائر کرنے کی مخالفت:

**(Bar of certain appeals)**

باوجود کسی عبارت مندرجہ دفعہ 109 کے کوئی اپیل سپریم کورٹ میں رجوع نہ

Marfat.com

ہوگا:۔

(اے) بناراضی ایسی ڈگری یا حکم کے جو عدالت جج ہائی کورٹ کے یا کسی ڈویژن کورٹ ایک جج کی تجویز سے صادر ہوا ہو یا ہائی کورٹ مذکورہ کے دو یا کئی ججوں کی تجویز ایسے ڈویژنوں کورٹ کی دو یا کئی ججوں کی تجویز سے صادر ہوا ہو، جو مذکورہ ہائی کور کے دو یا کئی ججوں سے موضوع ہوا گروہ جج باہم تعداد مساوی الرائے ہوں اور اتنے ہوں کہ منجملہ کل حاکمان وقت عدالت ہائی کورٹ کے کثرت سے ان کی طرف ہو یا

(بی) کسی ایسی ڈگری سے ہو جس کے تحت دفعہ 102 اپیل ثانی نہ کی گئی ہو۔

**دفعہ A-111- فیڈرل کورٹ میں اپیلیں:** بروئے دفعہ نمبر 2 فیڈرل کورٹ ایکٹ نمبر 21 مجریہ 1941ء منسوخ ہوئی۔

**دفعہ 112- مستثنیات (Savings):** (1) مجموعہ ہذا کی کوئی عبارت ایسی نہ سمجھی جائے گی کہ:۔

(اے) مانع عمل to affect میں لانے اس اختیار کلی سپریم کورٹ کے آئین کی دفعہ (آرٹیکل 158) کے تحت یا اس آئین کی کسی دیگر شرط کے تحت ہو۔ یا

(بی) مخل interfere ہوتی ہو کسی ان قواعد کے جو سپریم کورٹ نے وضع کئے اور فی الوقت نافذ العمل ہیں۔ اس عدالت میں پیش کئے جانے کے لئے یا ان اپیلوں کی کاروائی کے لئے اس عدالت کے روبرو۔

(2) مجموعہ ہذا کی کوئی عبارت کسی معاملہ فوجداری یا ایڈمرلٹی یا وائس ایڈمرلٹی (admiralty or vicc-admiralty) سے متعلق نہ ہوگی نہ ان اپیلوں سے متعلق ہوگی جو پرائیز کورٹ کی ڈگریوں یا احکام کے خلاف دائر ہوں گی۔

## شرح

**امر متعلقہ واقعات:** جب دعویٰ کی مالیت ابتدائی عدالت اور سپریم کورٹ کے روبرو 50 ہزار

Marfat.com

سے تجاوز کر جائے اور ہائی کورٹ اپیل کے تحت ابتدائی عدالت کے جج کی ڈگری کو منسوخ کر دے تو اپیل کنندگان اس امر متعلقہ واقعات کو سپریم کورٹ میں پیش کر سکتے ہیں۔

(1959ء ایس سی آر 213 : اے آئی آر 1958ء ایس سی 512)

نیا نکتہ: سپریم کورٹ کے معمولات کے مطابق وہ مسئلہ یا نکتہ زیریں عدالت میں نہ اٹھایا گیا ہو، سپریم کورٹ میں بھی نہیں اٹھایا جا سکتا ماسوائے اس کے کہ جب یہ کوئی خاص اہمیت کا حامل ہو۔

(پی ایل ڈی 1947ء پی سی 150=پی ایل ڈی 1947ء پی سی 175+پی ایل ڈی 1947ء پی سی 263+اے آئی آر 1952ء ایس سی 205+اے آئی آر 1958ء ایس سی 255+اے آئی آر 1958ء ایس سی 239+اے آئی آر 1995ء ایس سی 298+اے آئی آر 1954ء ایس سی 263+اے آئی آر 1954ء ایس سی 39+اے آئی 1955ء ایس سی 817=1955ء (2) ایس سی آر 541)

Marfat.com

PART 8

# Reference, review & revisions

## استصواب و نگرانی و نظر ثانی

### دفعہ 113 -- استصواب از ہائی کورٹ:

(Reference to High Court)

بملحوظی شرائط و قیود مقررہ کے، کوئی عدالت واقعات مقدمہ کی کیفیت لکھ مقدمہ کو ہائی کورٹ میں استصواب "بھیج سکتی Refer ہے جس پر ہائی کورٹ ایسا حکم صا[در] کرے گی جو اس کو مناسب معلوم ہو۔

## شرح

وسعت:

جب کوئی قانونی پیچیدگی اٹھ کھڑی ہو جیسا کہ سپریم کورٹ کے فیصلوں کی توضیح زیریں عدالت ہائی کورٹ کی رائے طلب کرے گی۔ قانون کسی ریفرنس کے بارے یہ خیال نہیں کرتا۔ دفعہ 113 اور آرڈر نمبر 46 قاعدہ 1 سی پی سی شرائط میں مناسب ریفرنس کے لئے تقاضے، شرائط اور قانونی حدود درج ہیں۔ ضلع کے جج کا کوئی بھی مراسلہ جس میں ریفرنس کے بارے میں نکات وضع نہ کئے گئے ہوں وہ ہائی کورٹ کے لئے ریفرنس نہیں سکتا۔

(پی ایل ڈی 1968ء ڈھاکہ 197 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1987ء لاہور 558 = پی ا[یل]
[ج]ے 1987ء لاہور 582



Marfat.com

## دفعہ 114 -- نگرانی: (Review)

مذکورہ بالا پابندی کے تحت کوئی شخص جو اپنے آپ کو مظلوم سمجھتا ہو:۔

(الف) ایسی ڈگری یا حکم جس کے خلاف اس ضابطہ (ضابطہ دیوانی) کی رو سے اپیل کرنے کی اجازت ہو مگر کوئی اپیل دائر نہ کی گئی۔

(ب)ایسی ڈگری یا حکم جس کے خلاف اس ضابطہ (ضابطہ دیوانی) میں کسی اپیل کی اجازت نہیں۔

(ج) وہ فیصلہ جو عدالت خفیفہ کی طرف سے پیش کیے گئے ریفرنس پر کیا گیاہو۔ اس فیصلہ کے خلاف نظر ثانی Review کے لیے اس عدالت کو درخواست دی جا سکتی ہے جس نے فیصلہ دیا یا حکم دیا اور عدالت جو کچھ موزوں تصور کرے اس پر حکم دے۔

(2)- ذیلی دفعہ (1) میں موجود کسی چیز کا اطلاق اس فیصلے کی نظرثانی پر نہ ہوگا جو سپریم کورٹ نے سنایا یا اس حکم پر سپریم کورٹ نے دیا۔

# شرح

### ریویو کا حق کب دستیاب ہوتا ہے:

ریویو کا دعویٰ دائر کرنے کا حق اپیل کے حق کی طرح ایک اصلی اور متعلق حق ہے نہ کہ صرف کاروائی' ریویو کا حق اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کے استعمال کا حق نہ دیا گیا ہو۔

(1990ء ایم ایل ڈی 909 + پی ایل ڈی 1970ء ا پی سی 1 = 1969ء ایس سی ایم آر 268 = 21 ڈی ایل آر (ایس سی) 456 + 1985ء سی ایل سی 2885 = این ایل آر 1985ء سول 92 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1965ء لاہور 183)

### قانون کے خلاف فیصلہ:

جب ماتحت عدالت سپریم کورٹ کے اعلان کرہ قانون سے غفلت برتے تو یہ

Marfat.com

ریویو کے لئے نہایت معقول وجہ ہے بشرطیکہ ریویو کی درخواست متعین کردہ وقت کے اندر اندر دائر کر دی جائے۔

(پی ایل ڈی 1991ء ایس سی 905 + 1993ء سی ایل سی 287)

## حد بندی:

ہائی کورٹ کی ججمنٹ کے سلسلہ میں ریوی کی درخواست قانون معیاد سماعت کے آرٹیکل 173 کے تحت سماعت ہوگی جو کہ ججمنٹ کے ریویو کے لئے 90 دن کا تعین کرتی ہے۔ ماسوائے ان مقدمات کے جو آرٹیکل 161 اوز 162 کے تحت آتے ہوں۔

(1969ء سی ایل سی 2363)

کوئی بھی درخواست جس میں قانون معیاد مانع ہو سے زیر دفعہ 151 سی پی سی سماعت کیا جائے گا اور جہاں عدالت یہ تصور کرے کہ اس کے عمل کو غلط استعمال کیا گیا ہے یا اپیل کنندہ کے ساتھ کی گئی نہ انصافی کو لازمی طور پر دور کرنا ضروری ہو۔
(پی ایل ڈی 1975ء لاہور 942 = پی ایل جے 1975ء لاہور 247)

## کورٹ فیس:

جب نظر ثانی کی درخواست کے پلئے مناسب عدالتی فیس جمع نہ کروائی گئی ہو تو درخواست قانونی طور پر قابل سماعت نہ ہوگی۔

(پی ایل ڈی 1991ء ایس سی 905)

## نظر ثانی:

جب نظر ثانی کے لئے ایک مقدمہ تیار کیا جاوے اور کوئی ایسی وجہ بھی وجود نہ ہو جس کی بنیاد پر نظر ثانی سے انکار کرنے کے اختیار کو کوئی سہارا مل سکے۔ ابتدائی عدالت نے نظر ثانی کی اجازت دینے سے انکار کر دیا ہو تو ایسی صورت میں دفعہ 115 سی پی سی سے مدد لی جائے گی۔

(پی ایل ڈی 1991ء ایس سی 905)

Marfat.com

## مسل کا طلب کرنا:

نظر ثانی کی درخواست کو صرف موجودہ ریکارڈ کی بنیاد پر دلائل کے لئے پیش کیا جا سکتا ہے۔ ہائی کورٹ ماتحت عدالت سے کسی قسم کے مسل کو طلب کئے بغیر درخواست کا فیصلہ کر سکتی ہے۔ لیکن نظر ثانی کے اختیارات استعمال کرنے میں ہائی کورٹ مجموعہ کی دفعہ 115 کے تحت مسل طلب کر سکتی ہے۔ لیکن اس صوابدیدی حق کا استعمال مسل کی طلب پر مشروط نہیں ہے۔

(1990ء سی ایل سی 1154 + 1992ء سی ایل سی 505 = این ایل آر 1991ء یو سی 774 + پی ایل ڈی 1988ء لاہور 329 = این ایل آر 1988ء سول 341 + 1988ء سی ایل سی 409 + پی ایل ڈی 1971ء ایس سی 536)

## مقدمہ فیصلہ کردہ:

ہر معاملہ جس کا فیصلہ کرنا ابتدائی عدالت سے مقصود ہو اور اس میں دماغ اور عقل کی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں تو یہ مقدمہ دفعہ 115 کے تحت نظر ثانی کے اختیارات استعمال کرنے کا مقصد میں مقدمہ فیصلہ کردہ قرار دیا جائے گا۔

(این ایل آر 1992ء سول 740)

## دستاویزات کا ادخال:

ایسی دستاویزات کے ادخال کی اجازت کے ئے جو کہ لسٹ میں شامل نہ کئے گئے ہوں جاری کردہ حکم زیر دفعہ (115) مقدمہ فیصلہ کردہ کے مترادف نہ ہو گا۔

(1968ء ایس سی ایم آر 864 + 1969ء ایس سی ایم آر 965 + پی ایل ڈی 1983ء لاہور 365 لا نوٹس 279 = پی ایل جے 1983ء لاہور 307 = این ایل آر 1983ء سول 331)

## حکم اثنائے نالش:

ایسے احکامات جن کے جاری کرنے میں عدالت نے اپنے اختیارات سے ہٹ کر

Marfat.com

فیصلہ دیا ہو یا جہاں عادلت نے اپنا دائرہ سماعت استعمال کرنے سے انکار کیا ہو یا تفویض کردہ اختیارات میں بے قاعدگی برتی ہو تو ایسے احکامات کے لئے نظر ثانی ریوین کی اجازت ہے خواہ یہ اثنائے نالش کی نوعیت کے ہی کیوں نہ ہو۔

(پی ایل ڈی 1984ء کوئٹہ 101 = پی ایل جے 1984ء کوئٹہ 87)

## نیا نکتہ:

جب عدالت نظر ثانی کے دائرہ سماعت کی بابت کوئی اعتراض نمودار ہو ایسا اعتراض ہائی کورٹ کے روبرو بالل پہلی مرتبہ کسی دستوری درخواست میں نہیں اٹھایا جا سکتا۔ اصل نالش میں کوئی بھی نکتہ اگر نہ اٹھایا گیا ہو تو وہ نظر ثانی یا دوسری درخواست میں نہیں اٹھایا جا سکتا۔

(این ایل آر 1996ء سی ایل جے 148)

## تاخیر:

جب ضلعی جج کے روبرو نظر ثانی کی درخوانست دائرہ کرنے میں کوئی تاخیر کا کوئی اعتراض نہ کیا گیا ہو تو رٹ میں درخواست دہندہ ایسا اعتراض نہیں اٹھا سکتا۔

## نظر ثانی درخواست کا دستوری درخواست میں تبدیل ہونا:

ہائی کورٹ پر کوئی پابندی یا رکاوٹ نہیں کہ وہ نظر ثانی درخواست کو دستوری درخواست میں تبدیل نہ کر سکے اپنے صوابدیدی اختیارات استعمال کرتے ہوئے۔

(این ایل آر سول 353 + پی ایل ڈی 1982 لاہور 690 + 1991ء ایس سی ایم آر 1135)

## دو زیریں عدالتوں کے ایک جیسے فیصلے:

ایسے فیصلے نہ تو دائرہ سماعت کی غلطی پر مبنی ہوتے ہیں اور نہ ہی مسل کی غلط تعبیر پر۔ نظر ثانی کا دائرہ اختیار صوابدیدی ہونے کی حیثیت سے ملزم کی حمایت میں استعمال نہیں کیا جا سکتا اور وہ ملزم جو 1968ء سے کسی جائیداد پر قابض ہو محض معمولی کرایہ دینے پر

Marfat.com

ر مالک ڈاکٹر ہونے کی حیثیت سے اپنی جائیداد میں آباد ہونا چاہتا ہو۔

(1996ء سی ایل سی 788)

دو زیرین عدالتوں کے متفقہ فیصلے کسی قسم کے نظر ثانی کے دائرہ اختیار سے متاثر ہونے سے دفعہ (115) کے تحت محفوظ ہوں گے۔ نظر ثانی میں صرف قانونی نکات پر بحث کی جا سکتی ہے۔

(1986ء سی ایل جے 611 = 1997ء ایم ایل ڈی 385)

## تقسیم اراضی - تنازعہ رہ گزر:

یہ قرار دیا گیا ہے کہ جو راستہ سائل نمبر 3 کو اس کے بھائیوں کی جانب سے دیا گیا تھا وہ واقع موجود تھا۔ سائل ایک اور دو اور اس نے ریسپانڈنٹس کو فروخت کر دیا تھا اور ریسپانڈنٹس نے اپنا کیس ثابت کر دیا تھا۔ قرار دیا گیا کہ وہ ڈگری حاصل کرنے میں حق بجانب تھے۔ لہٰذا درخواست برائے نظر ثانی ٹھوس نہ ہونے کی وجہ سے برخاست کی جاتی ہے۔

(1996ء پی ایل آر 1147 = 1997ء ایم ایل ڈی 720)

## ایک جیسی ججمنٹ برائے ڈگری مقدمہ کے خلاف درخواست نظر ثانی:

ہائی کورٹ نے فیصلہ دیا کہ ایک سی متفقہ ججمنٹ میں شہادت غلط طریق پر تعبیر کی گئی ہے۔ لہٰذا ایک سی ججمنٹ کو رد کرتے ہوئے نظر ثانی درخواست قبول کر لی۔

(این ایل آر 1996ء سی ایل جے 148)

عدالت نظر ثانی ایک سے فیصلوں میں داخل اندازی کر سکتی ہے۔ حتیٰ کہ ایسے فیصلہ کو منسوخ بھی کر سکتی صرف اس بنیاد پر کہ شہادت کی غلط تعبیر کی گئی ہے۔

(این ایل آر 1996ء سی ایل جے 148)

## یک طرفہ ڈگری:

ملزم کی یکطرفہ ججمنٹ ڈگری کے خلاف درخواست نظر ثانی جو کہ اسے بیان دائر کرنے کا موقع دیئے بغیر جاری کی گئی۔ ہائی کورٹ نے ملزم کی تحریری بیان دینے کی اجازت

Marfat.com

دے دی۔ اس شرط پر کہ وہ مدعی کو مبلغ 3 ہزار روپے ادا کر دے۔
(این ایل آر 1996ء)

معیاد مدت: وہ جائیداد جو دستاویزات تبادلہ کے ذریعے فروخت کی گئی وہ سائل اور ... کی مشترکہ جائیداد تھی اور تبادلہ مدعی کے علم کے بغیر کیا گیا۔ قرار پا گیا ہے کہ میعاد مدت اس وقت سے ... جائے گی جب مدعی کو اس بات کا علم ہوا، مزید قرار دیا گیا کہ مقدمہ مقرر وقت کے دوران پیش کیا گیا۔

(1996ء پی ایل آر 1185=1997ء سی ایل سی ...)

## 90 دن کی مدت کے بعد ہائی کورٹ میں نظر ثانی کی درخواست کا دائر کیا جانا

جب 90 دن کے بعد درخواست دائر کی جائے تو درخواست دہندہ پر واجب ہوگا کہ وہ تاخیر کے بارے وضاحت کرے۔

(1996ء ایس سی ایم آر 67...)

دفعہ 115- نظر ثانی (Revision): (1) ہائی کورٹ مجاز ہے کہ مثل کسی مقدمہ کی جس کا ... ہائی کورٹ میں نہیں ہوتا ہے اور جس کو کسی عدالت ماتحت ہائی کورٹ مذکور نے فیصلہ کیا ہو، اپنے پاس طلب کرے اور اگر یہ ظاہر ہو کہ:۔

(اے) عدالت ماتحت مذکور نے وہ اختیار نافذ کیا جو اس کو قانوناً حاصل نہ تھا۔ یا

(بی) جو اختیار اس کو حاصل تھا اسے عمل میں نہیں لائی۔ یا

(سی) اپنے اختیارات کی تعمیل میں خلاف قانون کاروائی کی یا کوئی بے ضابطگی کی تو ... کورٹ ایسا حکم صادر کرے گی جو اس کے نزدیک مناسب ہو۔

[بشرطیکہ جب ایک شخص اس ذیلی دفعہ کے تحت درخواست دیتا ہے تو وہ اس کی حمایت میں پلیڈ... نقول، دستاویزات اور ماتحت عدالت کا حکم شامل کرے گا اور ہائی کورٹ ماسوائے ان وجوہات کے جن ... ضبط تحریر میں لایا جائے گا، ماتحت عدالت کا ریکارڈ منگوائے بغیر مقدمہ کا تصفیہ کر دے گی۔

[1] [مزید بشرطیکہ متذکرہ درخواست ماتحت عدالت کے فیصلہ کے 90 یوم کے اندر داخل کرنی ہوگی

[2] [جو اس فیصلہ کی نقل تین یوم کے اندر مہیا کرے گا اور ہائی کورٹ ایسی درخواست کو 6 ماہ کے اندر نپٹائے گا۔

[3] [(2) ضلع عدالت، ایسی ضلع عدالت کی کسی ماتحت عدالت کے فیصلہ کردہ کسی ایسے مقدمہ ... ضمن میں وہی اختیارات استعمال کر سکے گی جو از روئے ذیلی دفعہ (1) ہائی کورٹ کو حاصل ہیں۔ جس ... کوئی اپیل دائر نہیں کی جا سکتی ہے اور جس کے موضوع (subject-matter) کی رقم یا مالیت، ضلع عدال... کے اختیار سماعت اپیل کی حدود سے متجاوز نہیں ہے۔

[1] دوسرا فقرہ شرطیہ ضابطہ دیوانی (ترمیمی) ایکٹ VI بابت 1992ء نے شامل کیا۔

[2] ترمیم بروئے قوانین دیوانی (اصلاحات) ایکٹ XIV آف 1994ء

[3] ذیلی دفعات 2، 3، 4 سول لاز (ریفارمز) ایکٹ XIV مجریہ 1994ء کے تحت شامل ہوئیں۔

Marfat.com

(3) اگر ضلع عدالت کے اختیار سماعت کے اندر کسی مقدمہ کے سلسلے میں ذیلی دفعہ (1) کے تحت ہائی کورٹ کے یا ضلع عدالت کو کوئی درخواست پیش کی گئی ہے تو ایسی کوئی مزید درخواست ان میں سے کسی عدالت کو پیش نہیں کی جاسکے گی۔

(4) ضلع عدالت کی طرف سے ذیلی دفعہ (2) کے تحت صادر کردہ کسی حکم کے خلاف ہائی کورٹ بذریعہ نگرانی(revision) کسی مقدمہ کی سماعت نہیں کرے گی۔]

## شرح

**اطلاق اور وسعت:** مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 115 کے تحت دائرہ سماعت خالصتاً صوابدیدی نوعیت کا ہے اور اس کو ان عام اصولوں کے مطابق استعمال کیا جانا چاہیے جن کی بنیاد پر ایسے صوابدیدی احکامات جاری کئے گئے ہوں۔ صوابدیدی احکامات صرف اس وقت جاری کئے جائیں جہاں انصاف کے تقاضے پورے کرنا مقصود ہوں، وگرنہ جاری نہ کئے جائیں۔ کسی ایسے حکم کی بحالی جو غیر قانونی ہو یا بیک وقت جاری ہونے والے احکامات جو قانونی طور پر جائز ہوں، میں مداخلت یا حق شفعہ کے مقدمہ کی بحالی یا معقول وجوہات کی بناء پر کسی حکم کو رد کرنا جب نظر ثانی کی درخواست بے معانی ہو اور صرف کاروائی میں تاخیر کے لئے دائر کی گئی ہو۔ نظر ثانی میں مداخلت نہیں کر سکتے۔

(1992ء ایم ایل ڈی 1423+ پی ایل ڈی 1959ء ڈھاکہ 143=10 ڈی ایل آر 521+1991ء ایم ایل ڈی 2707= پی ایل جے 1991ء لاہور 497+1979 سی ایل سی 429 + 1979 سی ایل سی 798)

**نگرانی دیوانی کی دائری کے لئے شرائط:** دفعہ 115 ضابطہ دیوانی کے مندرجات کسی شخص کو بنیادی حق برائے دائری نگرانی نہیں دیتا بلکہ یہ ایک خاص رعایت ہے۔ دفعہ 115 ضابطہ دیوانی دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصہ میں وہ شرائط ہیں کہ جن کے تحت نگران عدالت ماتحت عدالت کے حکم میں مداخلت کرے گی اور دوسرے حصہ میں ان احکام کی تصریح کی گئی ہے جن پر نگرانی دیوانی دائر کی جاسکتی ہو۔

(1995ء سی ایل سی 525)

نگرانی کا اختیار قانون یا واقعات کی بناء پر اخذ کئے گئے نتائج کے خلاف استعمال نہیں ہوسکتا جن کی بناء پر عدالت کا اختیار سماعت متاثر نہ ہوا ہو۔

(1992ء سی ایل سی 204، 2328= پی ایل جے 1987ء ایس سی 288)

فیصلہ خواہ کتنا ہی غلط، غیر موزوں کیوں نہ ہو اور خواہ وہ کسی قانونی نکتے یا حقائق کے بارے میں ہو جب تک اس میں اختیار سماعت کا مسئلہ در پیش نہ ہو، وہ قابل نگرانی نہیں ہوگا۔

(1989ء ایم ایل ڈی 2987=1991ء سی ایل سی نوٹ (Note) 2)

اگر عدالت کو اختیار سماعت حاصل ہو تو اسے یہ اختیار بھی حاصل ہوتا ہے کہ وہ فیصلہ کسی ایک طرح یا کسی دوسری طرح کردے اور قانون و حقائق کا فیصلہ کسی طرح بھی کرے۔ جنہیں اپیل میں درست کیا جاسکتا

Marfat.com

ہے لیکن اس بارے میں نگرانی دائرہ نہیں کی جا سکتی۔ (پی ایل ڈی 1986ء لاہور 90=پی ایل ڈی 1987ء ایس سی 470)

**نگرانی دیوانی صوابدید ہے:** نگرانی ایک مکمل طور پر صوابدیدی اختیار ہے۔ اگر انصاف اصولوں کو ماتحت عدالت نے زیر نظر رکھا ہو اور قانون کے مطابق ہو تو ان حالات میں نگرانی پر کوئی حکم جاری نہیں ہوگا۔

(1995ء سی ایل سی 408)

دفعہ 115 استثنائی اور ضروری اختیار مہیا کرتی ہے جس کا مقصد ہائی کورٹ کے اختیار کا ایک مؤثر استعمال ہی جن کی رو سے وہ ماتحت عدالتوں کی کارروائی پر نظر رکھ سکتی ہے اور ان کی درستی کر سکتی ہے اور اس میں فنی نوعیت کے سوالات مداخلت نہیں کرتے۔

(1991ء ایس سی ایم آر 1971,496)

دفعہ 115 ضابطہ دیوانی 1908ء ہمراہ آئین پاکستان 1973ء کا آرٹیکل 185(3) عدالت عظمیٰ نے اجازت اپیل دیتے ہوئے قرار دیا کہ عدالت عالیہ نے ماتحت دونوں عدالتوں کے احکامات اور فیصلہ جات کو بغیر کوئی تفصیل دیئے نظر انداز فرما دیا۔ جس سے شہادت کے بارے میں Misreading non-reading ظاہر ہوتی ہے۔ لہٰذا سپریم کورٹ نے اپیل کی اجازت مرحمت فرمادی ہے۔

(پی ایل ڈی 2003ء ایس سی 128)

عدالت عالیہ نے قرار دیا کہ یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ جو (finding) متعلقہ اختیار سماعت کی عدالت میں ریکارڈ کروادی جائیں ان میں ہائی کورٹ بروئے نگرانی بھی مداخلت نہیں کر سکتی جب تک کہ ان میں کوئی اختیار سماعت کا نقص یا غیر قانونی بات نہ ہو۔

(پی ایل جے 2002ء لاہور 433)

ماتحت عدالت نے سائل کی درخواست برائے ضروری تصدیق مقدمہ بنائے جانے کے لئے مسترد کردی ہے اگرچہ وہ ضروری فریق مقدمہ تھا۔ ماتحت عدالت نے سائل کی درخواست مسترد کر کے اختیار سماعت کے استعمال میں غلطی کی ہے۔ ہائی کورٹ نے نگرانی میں فیصلہ مسترد کرتے ہوئے سائل کی درخواست منظور کر لی۔

(1991ء سی ایل سی نوٹ 333 صفحہ 255)

عدالت عظمیٰ نے قرار دیا کہ نگرانی کا معائنہ صرف اور صرف عدالت کی (discretion) ہے اس میں کسی بھی فریق کے حق کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ اس لئے عدالت نگرانی کو منظور کرنے یا نہ کرنے کے معاملہ میں انصاف کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی مرضی سے فیصلہ کر سکتی ہے۔

(2002ء ایس سی ایم آر 83)

**درخواست برائے معافی تاخیر:** دفعہ 115 ضابطہ دیوانی 1908ء ہمراہ دفعہ 5 قانون میعاد ایکٹ (IX برائے 1908ء) عدالت عالیہ نے 121 دن تاخیر کی معافی کے لئے دی گئی درخواست ہمراہ نگرانی کو خارج فرماتے ہوئے قرار دیا کہ نگرانی میں درخواست معافی تاخیر زیر دفعہ 5 میعاد ایکٹ Applicable نہیں ہوتی لہٰذا نگرانی کو زائد المعیاد قرار دیتے ہوئے خارج فرمادیا گیا۔

(پی ایل جے 2003ء لاہور 67)

Marfat.com

PART 9

# Special provisions relating to High Courts

# احکام خاص متعلقہ عدالت ہائے ہائیکورٹ

## دفعہ 116 -- اس حصے کا بعض ہائی کورٹوں پر اطلاق :

**(Part to apply only to certain High Courts)**

اس حصہ کا اطلاق صرف ہائی کورٹ پر ہوگا۔

## دفعہ 117 -- مجموعہ ہذا کا اطلاق ہائی کورٹ پر :

**(Application of Code to High Courts)**

سوائے اس کے کہ جیسا کہ حصہ ہذا یا حصہ 10 یا قواعد میں بیان ہے اس مجموعہ کے احکام کا ہائی کورٹوں پر اطلاق ہوگا۔

## دفعہ 118 -- اجرائے ڈگری قبل تعین خرچہ :

**(Execution of decree before ascertainment of costs)**

اگر کسی عدالت ہائی کورٹ مذکور کی دانست میں یہ ضروری ہو کہ ڈگری جو اس کے معمولی ابتدائی اختیار سماعت صیغہ دیوانی کی تعمیل میں صادر کی گئی ہو قبل از آنکہ تعداد اس خرچہ کی جو مقدمہ میں عائد ہوا ہو اور ازروئے تشخیص by taxation متحقق



Marfat.com

Ascertained ہو سکے جاری ہو جانی چاہیے تو عدالت موصوف یہ حکم دے سکے گی کہ وہ ڈگری فورا" جاری کی جائے بجز اس قدر ترمیم کے جو کہ خرچہ سے متعلق ہو۔

اور یہ کہ جس قدر ڈگری کا خرچہ سے تعلق ہے۔ وہ بجز اس کے کہ تعداد خرچہ کی ازروئے تشخیص مستحق ہو جاری کی جائے گی۔

## دفعہ 119 اشخاص غیر مجاز عدالت میں تقریر نہ کر سکیں گے:

(Unauthorised perons not to address Court)

اس مجموعہ کی کسی عبارت سے یہ متصور نہ ہوگا کہ کسی شخص کو دوسرے کی طرف سے یہ اجازت ہے کہ بحضور عدالت درحالیکہ وہ اپنے اختیارات سماعت ابتدائی صیغہ دیوانی کی رو سے عمل کر رہی ہو تقریر کرے یا گواہوں سے سوال و جواب کرے بجز اس صورت کے کہ عدالت یہ تعمیل اختیار مفوضہ حسب ذیل سند تقرر اپنے کے اس شخص کو اجازت اس امر کی دے اور نہ یہ متصور ہوگا کہ ہائی کورٹ کو جو اختیار ایڈووکیٹ مہر وکلاء اور اٹرنی Attorneys کے مابین قواعد منضبط کرنے کا حاصل ہے اس میں کسی طرح سے وہ عبارت مخل ہے۔

## دفعہ 120 صراحتوں کا ہائی کورٹ کے ابتدائی اختیار سماعت پر اطلاق نہیں

(Provisions not applicable to High Court in original civil jurisdiction.)

1- دفعات ذیل عدالت ہائی کورٹ سے جب کہ وہ اپنے اختیارات سماعت ابتدائی نافذ کرتی ہو متعلق نہ ہوں گے یعنی دفعات 16- 17- 20

2- منسوخ بروئے قانون 3 بابت 1909ء

Marfat.com

part X

# RULES

# قواعد

## دفعہ 121 -- قواعد کا شیڈول اول پر اثر :

(Effect of rules in First Schedule)

جو قواعد ضمیمہ اول میں درج ہیں وہ اسی طرح اثر پذیر ہوں گے گویا کہ اس مجموعہ میں داخل ہیں تاوقتیکہ اس حصے کے احکام کے بموجب منسوخ Annulled نہ ہو جائیں یا بدل نہ دیئے جائیں۔

## دفعہ 122 -- اختیارات بعض ہائی کورٹ نسبت وضع قواعد :

(Power of certain High Courts to make rules)

ہائی کورٹوں میں وقتاً" فوقتاً" گزشتہ مشتہری Pervious publication کے بعد اپنے انضباط طریق کار کے لیے اور اپنے ماتحت عدالت ہائے دیوانی کی نگرانی کے لیے قواعد مرتب کریں گی اور انہیں کے بموجب کل یا بعض قواعد مندرجہ ضمیمہ اول کو منسوخ' بدل یا اضافہ کر سکتی ہیں۔

## دفعہ 123 - قاعدہ ساز کمیٹیوں کی بعض صوبجات میں تشکیل :

(Constitution of Rule Committees in certain Provinces)

1- ایک کمیٹی جس کا نام رول کمیٹی ہوگا۔ ایسے مقام پر قائم کی جاوے گی جو کہ ہر ایک



Marfat.com

ہائی کورٹ کے اجلاس کا مقام Place of sitting ہے جیسا کہ دفعہ 122 میں مذکور ہے۔

2- ہر ایسی کمیٹی میں اشخاص ذیل شامل ہوں گے یعنی:۔

(الف) تین جج اس مقام کی ہائی کورٹ کے جہاں کہ کمیٹی قائم ہو جن میں کم سے کم ایک ایسا ہو' جس نے عہدہ ڈسٹرکٹ ججی یا عہدہ ڈویژنل ججی پر تین سال کام کیا ہو۔

(ب) منسوخ بروئے فیڈرل قوانین (ترمیم و اظہار آرڈیننس xxvii بابت 1981ء

(ج) ایڈووکیٹ جو ایک ہی ہائی کورٹ میں پریکٹس کرتے ہوں۔

(د) ایک جج کسی عدالت دیوانی کا جو ماتحت ہائی کورٹ کے ہو۔

3- اس کمیٹی کے ممبران صاحب کو چیف جسٹس مقرر کریں گے اور وہی ان میں سے ایک شخص کو پریذیڈنٹ بنائیں گے۔

بشرطیکہ جس صورت میں کہ خود چیف جسٹس کمیٹی کے ممبر ہونا چاہیں تو صرف دو اور جج مقرر کیے جائیں گے اور چیف جسٹس کمیٹی کے پریذیڈنٹ ہوں گے۔

4- ہر ممبر ایسی کمیٹی کا بہ حیثیت ممبری اتنے عرصہ تک رہے گا جو چیف جسٹس کی طرف سے اس بارہ خاص میں مقرر کر دیا جائے اور جب کبھی کوئی ممبر کنارہ کش ہو Retire ہو یا استعفادے یا فوت ہو جائے یا اس مقام سے کہ جہاں کمیٹی قائم ہو چلا جائے یا ممبری کی قابلیت اس میں باقی نہ رہے تو چیف جسٹس مذکور اس کی جگہ کسی دوسرے شخص کو مقرر کر سکتے ہیں۔

5- ہر ایسی کمیٹی کے واسطے ایک سیکرٹری بھی مقرر کیا جائے گا اور اس کا تقرر چیف جسٹس کریں گے اور اس کی تنخواہ صوبائی گورنمنٹ جیسی صراحت کرے مقرر ہوگی۔

## دفعہ 124- کمیٹی ہائی کورٹ کو رپورٹ کرے گی:

(Committee to report to High Court)

ہر رول کمیٹی ایک رپورٹ اپنی ہائی کورٹ کی خدمت میں نسبت تجویز منسوخی یا

Marfat.com

تبدیلی یا اضافہ قواعد مندرجہ ضمیمہ اول یا نسبت بنانے نئے قواعد کے پیش کرے گی اور ہائی کورٹ اس رپورٹ پر غور کرے گی قبل اس کے کہ قواعد دفعہ 122 کے بموجب بنائے جائیں۔

**دفعہ 125 -**

حذف کی گئی۔ (آرڈیننس XXI آف 1960ء)

**دفعہ 126 - قواعد تابع منظوری ہوں گے:**

(Rules to be subject to approval)

قواعد جو مندرجہ بالا قیود کی رو سے بنائے جاویں گے وہ اس صوبے کی گورنمنٹ کے تابع اولین منظوری ہوں گے، جس میں عدالت جس کے طریق کار کو اس نے انضباط کرنا ہے واقع ہو یا اگر عدالت کسی صوبے میں واقع ہو تو صدر کی اولین منظوری سے۔

**دفعہ 127 - ایسے قواعد کی مشتہری: (Publication to rules)**

جو قواعد دفعات مندرجہ بالا کے بموجب وضع اور منظور کیے جائیں وہ گزٹ سرکاری میں مشتہر ہوں گے اور تاریخ مشتہری یا دیگر تاریخ مقررہ سے جیسی کہ صراحت کی جائے گی ان کا اثر ہائی کورٹ کے علاقہ کے اندر کہ جس نے انہیں بنایا ہو ایسا ہی ہوگا گویا کہ وہ ضمیمہ اول میں داخل ہیں۔

**دفعہ 128 - امور جن کی نسبت قواعد صراحت کر سکتے ہیں:-**

(Matters for which rules may provide)

1- جو قواعد دفعات مندرجہ بالا کی رو سے بنائے جائیں وہ احکام مجموعہ ہذا کے خلاف نہ ہوں گے بلکہ برعایت انہیں احکام کے ان امور کی نسبت ہوں گے جو ضابطہ عدالت ہائے دیوانی سے متعلق ہیں۔

2- بغیر اس کے کہ ان اختیارات کی عمومیت Generality میں کچھ فرق آئے جو ضمنی دفعہ (1) کی رو سے عطا ہوئے ہیں۔ قواعد مذکور نسبت جملہ یا بعض امور ذیل

Marfat.com

کے ہوں گے۔ یعنی۔

(الف) تعمیل سمن و نوٹس و دیگر حکمناموں کی بذریعہ ڈاک یا کسی دوسرے طریقہ پر اور خواہ عام طور پر ہو یا یہ تعلق رُقبات خاص کے اور ثبوت ایسی تعمیل کا۔

(ب) کھلائی پلائی اور حفاظت بحالت قرقی جانوروں اور دیگر مال منقولہ کی فیس نسبت حفاظت اور کھلائی پلائی مذکور کے اور نیلام جانوروں اور جائیداد مذکور کا اور محاصل نیلام مذکور۔

(ج) نسبت ان کارروائیوں کے جو نالشات مقابل میں کی جائیں۔ اور انجمنیں مالیت نالشات مذکورہ کے واسطے اغراض اختیارات نقدی کے۔

(د) نسبت ضابطہ موسوم بہ گارنیشی (یعنی مدیون کا مدیون) اور چار جنگ آرڈر کے جو خواہ کے جو خواہ علاوہ قرقی و نیلام زر ہائے قرضہ کے ہو یا بجائے اس کی ہو۔

(ر) نسبت اس ضابطہ کے جب کہ مدعا علیہ دعویدار استحقاق حصہ رسدی کا ہو یا معاوضہ نقصان کا بخلاف کسی شخص کے خواہ وہ شخص فریق مقدمہ ہو یا نہ ہو۔

(ا) ان نالشات میں جن میں مدعی صرف وصولیابی زر قرضہ یا زر مطالبہ معینہ کا مدعا علیہ کے ساتھ ہمراہ سود یا بلا سود کے کسی معاہدہ صریحی یا ضمنی کے ہوتی ہو یا

ایک قانونی صورت میں جب کہ رقم جس کی وصولی مطلوب ہے یا ایک مقررہ رقم نقدی ہے یا اس کی نوعیت تاوان کے علاوہ قرضہ کی ہے۔ یا

کسی ضمانت کی بناء پر جب کہ دعویٰ مقروض اصل کے خلاف کسی قرضہ یا زر مطالبہ معینہ ہو۔ یا ٹرسٹ کی بنا پر۔ یا

بر بنا ایک ایک اقرار بتہ کے جب کہ رقم جو وصول ہونے والی ہو ایک رقم مقرر ہو یا ایسا قرضہ ہو جو از قسم تاوان کے نہ ہو۔

(اا) یا نسبت ضابطہ سرکاری کے ان نالشات میں جن کو زمیندار بابت وصولیابی جائیداد و غیر منقولہ ساتھ یا بغیر دعویٰ زر لگان (یا کرایہ) یا واصلات کے اس اسامی پر دائر کرے جس کی معیاد قبضہ گذر گئی ہو یا بذریعہ نوٹس بیدخلی ختم ہوگئی ہو یا بہ سبب نہ ادا کرنے لگان (یا کرایہ) کے لائق منسوخی ہوگئی ہو یا ان اشخاص پر دائر کرے جو اسامی مذکور کے ذریعہ سے دعویدار ہوں:۔

(ز) نسبت ضابطہ اجرائے سمن کے۔

(ح) نسبت اجتماع نالشات و اپیل و دیگر کارروائیوں کے۔

Marfat.com

(ط) نسبت تفویض خدمات جوڈیشل وہم شکل غیر جوڈیشل کے کسی رجسٹرار پر تھوتوڑی یا ماسٹر' یا دیگر افسر عدالت کو۔ اور

(ی) نسبت جملہ فارم و رجسٹر کتب و داخلجات و حسابات کے جو واسطے کاروائی عدالت ہائے دیوانی کے ضروری یا مناسب ہوں۔

## دفعہ 129 -- اختیارات ہائی کورٹ نسبت وضع قواعد متعلق اپنے ضابطہ دیوانی سماعت ابتدائی کے:

(Power of High Court to make rules as to their original civil procedure)

باوصف کسی مضمون مجموعہ ہذا کے کسی ہائی کورٹ کو اختیار ہے کہ قواعد مناسب جو لیٹرس پیٹنٹ Letters patents کی احکام کے مطابق ہوں جن کے ذریعہ سے وہ قائم ہوئی ہو بغرض انتظام ضابطہ خود تعمیل اپنے اختیار سماعت ابتدائی صیغہ دیوانی کے مرتب کرے اور اس مجموعہ کا کوئی مضمون ان قواعد کے جواز پر موثر نہ ہوگا جو بوقت نافذ ہونے مجموعہ ہذا کے جاری ہوں۔

## دفعہ 130:

حذف شدہ (صدارتی حکم 1 آف 1961ء)

## دفعہ 131 -- ایسے قواعد کی مشتہری:(publication of rules)

قواعد جو دفعہ 129 کے مطابق بنائے جائیں سرکاری گزٹ میں مشتہر ہوں گے اور تاریخ مشتہری یا کسی دیگر تاریخ مقررہ سے حکم قانون کار Force of Law کہیں گے۔

Marfat.com

# PART XI

## MISCELLANEOUS

## مراتب متفرق

### 132. Exemption of certain women from personal appearance.

دفعہ-132 استثنا بعض مستورات کا اصالتاً حاضری سے: (1) وہ مستورات جو حسب دستور و رواج ملک، لوگوں کے سامنے ہونے پر مجبور نہیں کی جاسکتیں اصالتاً حاضری عدالت سے معاف ہیں۔

(2) کسی عبارت مندرجہ دفعہ ہذا سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ مستورات مذکورہ باجرائے حکمنامہ دیوانی گرفتاری سے معاف ہیں اس صورت میں جب کہ ان کی گرفتاری کی اس مجموعہ کی رو سے ممانعت نہیں ہے۔

### 133. Exemption of other persons.

دفعہ 133۔ استثنا دیگر اشخاص کا: (1) صوبجاتی گورنمنٹ مجاز ہے کہ بذریعہ اشتہار مندرجہ گزٹ سرکاری کے کسی شخص کو جو بلحاظ مرتبہ کے گورنمنٹ مذکور کی رائے میں عدالت میں اصالتاً حاضر ہونے سے مستحق معافی کا ہو، حاضری سے معاف کردے۔

(2) صوبجاتی گورنمنٹ ان اشخاص کے نام اور سکونت جو حسب مذکور معاف ہوئے ہوں، وقتاً فوقتاً ہائی کورٹ میں ارسال کرے گی اور ایک فہرست ایسے اشخاص کی عدالت مذکورہ میں رہے گی اور ایک فہرست ان اشخاص کی جو ہائی کورٹ کی ہر عدالت ماتحت کے علاقہ میں رہتے ہوں، ہر ایسے عدالت ماتحت میں رہے گی۔

(3) جب کوئی شخص جو حسب مذکور معاف کیا گیا ہو، اس معافی کا استحقاق پیش کرے اور اس وجہ سے اس کا اظہار لینا بذریعہ کمیشن کے ضروری ہو تو اسے لازم ہے کہ کمیشن کا خرچہ ادا کرے بجز اس صورت کے کہ جو فریق اس کی شہادت دلانا چاہے خود خرچہ مذکور ادا کرے۔

### 134. Arrest other than in execution of decree.

دفعہ 134۔ گرفتاری سوائے اجرائے ڈگری کے دوسری صورتوں میں: احکام دفعات 59,57,55 جہاں تک ممکن ہوگا ان جملہ اشخاص سے متعلق ہوں گے جو مجموعہ ہذا کی رو سے گرفتار کئے جائیں۔



Marfat.com

**135. Exemption from arrest under civil process.**

**دفعہ 135۔ دیوانی کے ماتحت گرفتاری سے معافی:** (1) کوئی جج یا مجسٹریٹ یا اور عہدہ دار عدالت حکم نامہ دیوانی کے بموجب اس حالت میں گرفتار نہ ہو سکے گا جب کہ وہ اپنی عدالت کو جاتا یا اس میں اجلاس کرتا یا وہاں سے واپس آتا ہو۔

(2) جب کوئی معاملہ کسی ایسی عدالت کے روبرو پیش ہو جو اس پر اختیار رکھتی ہو یا نیک نیتی سے باور کرتی ہو کہ اس کو اختیار سماعت حاصل ہے تو فریقین اس معاملہ کے اور ان کے وکلاء اور مختاران اور ریونیو ایجنٹان و ایجنٹاں مقبولہ (Recognized agents) اور ان کے گواہ جو سمن کے مطابق طلب ہو کر حاضر ہوں، اس درمیان میں حکمنامہ دیوانی کے بموجب ہائے اس کے جس کو عدالت ٹریبونل نے نسبت توہین عدالت کے جاری کیا ہو، گرفتار ہونے سے محفوظ رہیں گے جب وہ عدالت مذکورہ میں غرض مذکورہ کیلئے جاتے ہوں یا وہاں حاضر ہوں اور مزید جب اس ٹریبونل سے واپس آتے ہوں۔

(3) اس دفعہ کی ضمنی دفعہ (2) کی رو سے مدیون ڈگری اس گرفتاری سے مستثنا نہ ہو سکے گا جو کسی حکم متضمن اجرائے فوری بموجب کی جائے یا جب کہ مدیون ڈگری اس امر کی وجہ دکھانے کیلئے حاضر ہوا ہو کہ وہ اجرائے ڈگری میں جیل کیوں نہ بھیجا جائے۔

**135.A. Exemption of members of legislative bodies from arrest and detention under civil process.**

**دفعہ 135-A۔ ممبران مجلس قانون ساز کی دیوانی کارروائی میں گرفتاری اور قید سے استثنا:** (1) کوئی شخص حسب ذیل میں سے بعلت دیوانی نالش نہ گرفتار کیا جاوے گا اور نہ دیوانی قید میں رکھا جاوے گا:۔

(اے) اگر وہ شخص مجلس قانون ساز ممبر (Legislture) ہے۔ اس مجلس قانون ساز کے اجلاس کے دوران میں۔

(بی) اور اگر وہ ایسی مجلس قانون ساز کی کسی کمیٹی کا ممبر ہے تو اس کمیٹی کے کسی اجلاس کے دوران میں اور ایسے اجلاس سے چھ روز اور مذکورہ میٹنگ کے یا اجلاس کے (چودہ دن) پہلے اور پندرہ دن بعد گرفتار یا قید نہ ہو سکے گا۔

(2) اگر کوئی ضمنی دفعہ (1) کی رو سے قید سے رہائی پاوے گا وہ مذکورہ ضمنی دفعہ کی صراحتوں کی رو سے

Marfat.com

دوبارہ گرفتاری کے لائق ہوگا اور مزید قید کا ذمہ دار ہوگا جس کا وہ مستحق ہوگا اگر وہ ضمنی دفعہ (1) کی رو سے رہا نہ ہوا ہو۔

**36. Procedure where person to be arrested or property to be attached is outside district.**

دفعہ 136۔ ضابطہ اسی صورت میں جب کہ شخص جسے گرفتار کرنا ہے یا جائیداد جس قرقی کرنی ہے ضلع سے باہر ہو:(1) اگر کوئی درخواست گزرے کہ اس مجموعہ کے کسی حکم کے بموجب اجرائے ڈگری سے تعلق نہ رکھتا ہو کوئی شخص گرفتار یا کوئی جائیداد قرق کرلی جائے اور ایسا شخص یا ایسی جائیداد اس عدالت کے علاقہ حکومت کی حدود ارضی، کے باہر رہتا یا واقع ہو کہ جس مین درخواست مذکورہ گزاری ہو تو عدالت مجاز ہے کہ حسب اقتضائے رائے اپنے کے حکمنامہ گرفتاری یا قرقی صادر کرے اور ایک نقل وارنٹ یا حکم بمعہ خرچہ تخمینی اجراء گرفتاری یا قرقی کے، اس عدالت ضلع میں بھیج دے جس کے علاقہ حکومت حدود ارضی کے اندر وہ شخص رہتا یا جائیداد واقع ہو۔

(2) عدالت ضلع کو لازم ہے کہ نقل اور تعداد خرچہ مذکور حاصل کر کے معرفت اپنے اہل کاروں کے کسی عدالت ماتحت اپنی کے گرفتاری یا قرقی عمل مین لائے اور اس عدالت کو جہاں سے وارنٹ یا حکم جاری ہوا ہو گرفتاری یا قرقی کی تعمیل کی اطلاع کرے۔

(3) وہ عدالت جو اس دفعہ کے بموجب گرفتاری کرے، شخص گرفتار شدہ کو اس عدالت میں بھیج دے جہاں سے وارنٹ گرفتاری Letter Court جاری ہوا تھا۔ الا اس صورت میں کہ شخص مذکور عدالت اول الذکر کو وجہ کافی اس بات کی کہ وہ عدالت آخر الذکر میں کیوں بھیجا جائے، دکھا دے یا کہ وہ ضمانت کا عدالت آخر الذکر میں حاضر ہونے کی داخل کرے یا ضمانت کافی واسطے ایفا اس ڈگری کے جو عدالت مذکور سے اس کے نام صادر کی جائے، داخل کر کے ان دونوں صورتوں میں وہ عدالت جس نے اس کو گرفتار کیا اس کو رہائی دے گی۔

(4) منسوخ بروئے (A.O بابت 1949ء)۔

**37. Language of subordinate Courts**

دفعہ 137۔ عدالت ہائے ماتحت:(1) جو زبان کی بوقت نافذ ہونے مجموعہ ہذا کے عدالت ماتحت ہائی کورٹ میں مروج ہو، اس عدالت کی زبان اس وقت تک رہے گی تاوقتیکہ صوبجاتی حکومت

Marfat.com

بصورت دیگر حکم دے۔

(2) صوبجاتی گورنمنٹ یہ قرار دے سکتی ہے کہ کونسی زبان کس عدالت میں مذکور کی زبان سمجھی جائے گی اور درخواستیں جو عدالت مذکور میں گزریں اور کارروائی عدالت کس خط میں ہوگی۔

(3) جبکہ احکام مجموعہ ہذا کی رو سے یہ ضروری ہو یا اس کی اجازت ہو کہ سوائے قلمبند کئے جانے شہادت کے کوئی چیز عدالت مذکورہ میں ضبط تحریر میں آئے تو یہ تحریر بزبان انگریزی ہوگی لیکن اگر کوئی فریق مقدمہ یا اس کا وکیل انگریزی نہ جانتا ہو تو اس کی درخواست پر اس کا ترجمہ بزبان عدالت اس کو دیا جائے گا اور عدالت حکم مناسب نسبت داخل کرنے خرچہ ترجمہ مذکورہ کے صادر کرے گی۔

**138. Power of High Court to require evidence to be recorded in English.**

**دفعہ 138۔ اختیار ہائی کورٹ نسبت تحریر شہادت بزبان انگریزی:** (1) ہائی کورٹ کو اختیار ہے کہ گزٹ سرکاری میں اعلان کردے کہ فلاں جج کی تصریح زبان مذکور میں ہو یا جس پر وہ تصریح صادق آتی ہو ان مقدمات میں جن میں اپیل ہوسکتی ہو شہادت بزبان انگریزی خود بطریقہ مقررہ قلم بند کرے۔

(2) اگر کوئی جج کسی وجہ کافی سے ہدایت ضمنی دفعہ (1) کی تعمیل کرنے سے معذور ہو تو اس کو چاہیے کہ وجہ مذکور لکھے اور شہادت براجلاس اپنے بیان سے لکھوادے۔

**139. Oath on affidavit by whom to be administrated**

**دفعہ 139۔ بیان حلفی میں کون اشخاص دیں:** ہر بیان حلفی کی صورت میں مجموعہ کے ماتحت:۔

(اے) ہر ایک عدالت یا مجسٹریٹ۔ یا

(بی) وہ عہدہ دار Officer یا کوئی دوسرا شخص جو اس کام کیلئے ہائی کورٹ مقرر کرے۔ یا

(سی) وہ عہدہ دار جو کسی اور عدالت سے مقرر ہوا ہو جس عدالت کو صوبجاتی گورنمنٹ نے اس غرض سے اختیار عام یا خاص دیا ہو۔ مجاز ہے کہ حلف تحریر کنندہ بیان حلفی کو دے۔

**دفعہ 140۔ انعام اسیسر مقدمات نسبت ڈوبتے ہوئے جہاز کا مال بچانے کا:** (1) جب کوئی مقدمہ بابت حق بچانے مال جہاز مغروقہ یا اجرت پہنچانے جہاز کے سمندر میں یا بابت نقصان کے جو جہاز کے ٹکر کھانے سے پہنچا ہو، کسی عدالت ایڈمرلٹی یا وائیس ایڈمرلٹی میں پیش ہو وہ عدالت عام اس سے

Marfat.com

کہ وہ اپنے اختیارات ابتدائی یا اختیارات اپیل نافذ کرتی ہو، مجاز ہوگی کہ اگر مناسب سمجھے تو خود یا فریق درخواست کرے تو اپنے لئے لازم سمجھ کر اپنی مدد کے واسطے دو اشخاص اسیسر آزمودہ ccessors کار مطابق اس قاعدہ کے جو عدالت کی ہدایت سے مقرر کیا جائے یا مطابق طریقہ مقررہ کے طلب کرے ایسے اشخاص اسیسر کو لازم ہے کہ مطابق اعانت کرنے کیلئے حاضر ہوں۔

(2) ایسے ہر اسیسر کو قدر زر فیس بعوض حاضری کے اور فریقین میں سے اس فریق کی طرف سے دلا جائے گا جس کی نسبت عدالت ہدایت کرے یا جو مقرر کر دیا جائے۔

## 141. Miscellaneous proceedigs.

دفعہ 141۔ متفرق کارروائی: عدالت دیوانی کی تمام کارروائیوں میں اتباع (Follow) ضابطہ کا جو اس مجموعہ میں نالشات کی نسبت مقرر ہو، اسے وہاں تک ہوگا جہاں تک کہ ممکن ہو۔

## 142. Orders and notices to be in writing.

دفعہ 142۔ احکام اور اطلاع نامے تحریری ہونا چاہیں: تمام احکام اور اطلاع نامے جو احکام مجموعہ ھذا کے مطابق کسی شخص کو دیئے جائیں یا اس پر تعمیل پائیں، تحریری ہوں گے۔

دفعہ 143۔ محصول ڈاک (Postage): جبکہ کسی اطلاع نامہ یا سمن یا چھٹی پر جو اس مجموعہ کے بموجب جاری ہو کر بسبیل ڈاک (Forwarded by post) روانہ کی جائے، محصول ڈاک واجب الاخذ ہو تو وہ محصول اور رجسٹری فیس اس کی روانگی سے پہلے اندر معیاد مجوزہ عدالت کے ادا کرنی ہوگی:۔

بشرطیکہ صوبجاتی گورنمنٹ کو اختیار ہے کہ بعد حصول محصول ڈاک یا فیس رجسٹری یا دونوں معاف کر دے یا کوئی شرح کورٹ فیس مقرر کرے جو اس کے بدلے کی جائے گی۔

## 144.Application for restitution.

دفعہ 144۔ درخواست نسبت بازیافت: (1) اگر کوئی ڈگری بدل دی جائے یا منسوخ کر دی جائے تو عدالت مرافعہ اولیٰ Court of first instance کسی ایسے فریق کی درخواست پر جو بازیافت سے یا کسی اور طرح نفع اٹھانے کا مستحق ہو، بازیافت مذکور اس طرح کرائے گی کہ تا بہ امکان فریقین کی وہی حیثیت ہو جائے جو اس صورت میں ہوتی اگر ڈگری یا جزو ڈگری مذکور جو بدلا یا منسوخ کیا گیا ہو، صادر نہ ہوا ہوتا اور اس غرض سے عدالت کوئی احکام صادر کر سکتی ہے جن میں احکام نسبت واپسی خرچہ، احکام نسبت ادائے سود و تاوان و معاوضہ (Mesne profits) شامل ہیں جو بوجہ تبدیلی یا منسوخی مذکور کے ہو جائیں۔

Marfat.com

(2) کوئی نالش واسطے حصول ایسی بازیافت یا چارہ جوئی دیگر کے رجوع نہ ہو سکے گی جو کہ بذریعہ درخواست تحت ضمنی دفعہ (1) ہو سکتی ہے۔

## شرح

**واپسی تلافی:** دفعہ 144 سی پی سی میں موجود اصول کی وضاحت کی گئی ہے۔

(آئی ایل آر 2 کلکتہ 385+اے آئی آر 1940ء کلکتہ 260+ ریلائی پی ایل ڈی 1996ء لاہور 582)

**استقرار اور تنسیخ:** نالش۔ کورٹ فیس۔ قلت۔ حکم نامہ۔ کمی کو پورا کرنے میں دو یوم کی تاخیر۔ چشم پوشی۔ چیلنج۔ قرار پایا کہ عدالتیں زیر دفعہ 151/149 سی پی سی معیاد بڑھانے کی مجاز ہیں۔ بشرطیکہ کمی پوری کرنے میں تاخیر کسی غفلت کا نتیجہ نہ ہو اور نہ ہی کسی غیر نیت پر مبنی ہو۔

(پی ایل ڈی 1984ء ایس سی 289 اور 1983ء سی ایل سی 1027 ریلائی پی ایل جے 1996ء لاہور 465)

زیر دفعہ 151 سی پی سی نظر ثانی کی درخواست بشمول دوسری چیزوں کے زیر کارروائی لائی جا سکتی ہے جب کہ عدالتی کارروائی کو غلط استعمال کیا گیا ہو۔ (1996ء سی ایل سی 1457)

**عدالت کے فرائض:** عدالتوں کیلئے ضروری ہے کہ تازہ ترین قوانین سے باخبر رہیں تا کہ ان کے مطابق مقدمات کے فیصلے صادر کئے جائیں۔ جب عدالت کی ڈگری قانون کی نظر میں کالعدم ہو یا غیر قانونی ہو تو ایسی ڈگری کو بیرون المعیاد ہونے کی بنیاد پر مسترد کیا جا سکتا ہے اور غیر قانونی فیصلے کے خاتمے کیلئے زیر دفعہ 151 سی پی سی نظر ثانی کی درخواست کی جا سکتی ہے حتیٰ کہ بصورت دیگر اگر کوئی ڈگری، فیصلہ یا حکم بظاہر دائرہ سماعت سے باہر جاری کیا گیا ہو تو ایسے حکم ڈگری یا ججمنٹ کیلئے کوئی معیاد نہ ہوگی اور یہ بے معانی قرار دیدی جائے گی۔ جب بھی عدالت کے علم میں یہ بات آئے۔ (1996ء ایم ایل ڈی 235 (بی))

**ہائی کورٹ کی ڈگری کی تعمیل:** مدیون کی درخواست برائے درستی زر ڈگری۔ مدیون ججمنٹ کا یہ فرض ہے کہ ڈگری میں درج رقم کی ادائیگی مقررہ وقت پر کرے۔ ایسا کرنے میں ناکامی کی وجہ سے انہیں 15 فیصد شرح سے سود ادا کرنا ہوگا جو کہ سالانہ مدت پر ہوگا اور یہ سود اس رقم پر ہوگا جو ادا نہ کی گئی ہو۔

یہ رقم مدیون ججمنٹ نے مقررہ تاریخ پر ادا نہیں کی۔ ڈگری ہولڈر نے درخواست میں یہ دعویٰ کیا کہ جو رقم مقررہ تاریخ کے بعد سود کی صورت میں پیش کی گئی ہے، وہ اصل زرڈگری کا حصہ ہے تو ایسی صورت میں مزید سود ادا کرنا ہوگا اور اس وقت تک کرنا ہوگا جب تک اصل رقم مکمل طور پر ادا نہ کر دی جائے۔ ڈگری ہولڈر کا ایسا

Marfat.com

دعویٰ جائز تھا۔

اور مدیون ججمنٹ کو یہ حق حاصل تھا کہ وہ اس بات کا دعویٰ کر سکے کہ جس رقم کا تعین بطور سود کیا وہ مناسب طریقے سے شمار نہیں کی گئی۔ مدیون ججمنٹ کو کسی قسم کی غلطی کی درستی کی درخواست دائر کرنے نہیں روکا گیا۔ مدیون ججمنٹ ڈگری ہولڈرز کی جانب سے زرڈگری کا کوئی حصہ بینک میں جمع کرانے، کو لہٰذا حق حاصل ہے کہ وہ اس رقم کو جو بینک میں جمع کروائی تھی اسے اپنے کھاتے کے متوازن کر سکیں۔

(اے آئی آر 1949ء پی سی 279 + پی ایل ڈی 1977ء کراچی 569
1996ء سی ایل سی 1331)

سول سروس، تبادلہ، محکمہ کے سیکرٹری عدم جواب طلبی جس محکمہ کے ریسپانڈنٹس کا تعلق تھا۔ اثر احکامات کو چیلنج کیا گیا، وہ ریسپانڈنٹس سے متعلق تھے جو کہ سول ملازم جس کا تبادلہ کیا گیا تھا، اس حمایت میں تھے۔ لہٰذا ہر ضروری فریق ریکارڈ میں موجود تھا۔ محکمہ کے سیکرٹری سے کسی قسم کی جوابدہی ضرورت نہ تھی۔

(1996ء پی ایل سی (سی ایس) 134 (سی))

نالش اس فریق کی عدم جوابدہی کی بناء پر باطل قرار نہیں دی جا سکتی جو کہ ضروری فریق ہو۔

(این ایل آر 1996ء سول 595)

عدالتی اجازت برائے قائم مقام نالش ایک تاکیدی قسم کی اجازت ہے۔ ایسی اجازت کی عدم موجود میں کسی بھی مقدمہ کو قائم مقام تصور نہیں کیا جا سکتا۔

(این ایل آر 1996ء یوسی 523 (سی) = 1997 سی ایل سی 15

مختار نامہ عام کے تحت مختلف جائیدادوں کی فروخت: ایک مقدمہ ہری پور میں دائر ہوا خانیوال میں فروخت شدہ جائیداد کے بارے میں نالش دائر کرنے کی اجازت کیلئے درخواست دیوانی عدالت نے ہری پور میں اجازت نامہ جاری کیا۔ چیلنج۔ قانون بنانے والے نے یہ شرط آرڈر ii قاعدہ 3 سی پی کے تحت مقرر کی، صرف امر تجویز شدہ یعنی (Res judicata) کیلئے درخواست سے گریز کرنے کیلئے قرار دیا گیا کہ آرڈر ii قاعدہ 3 سی پی سی کے تحت اختیارات کو اس جگہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے جہاں مختلف مقدمات علاقائی دائرہ سماعت میں آتے ہوں۔ مزید قرار دیا گیا کہ زیریں عدالتوں نے بھی دائرہ سماعت

Marfat.com

بغیر فیصلہ نہیں کیا۔لہٰذا درخواست برخاست کر دی گئی۔

(پی ایل جے 1996ء پشاور 248=1997ء سی ایل سی 27)

اشتعمال بے جا الزامات کو اپیل کی بنیاد نہیں بنایا جاسکتا جب کہ ملزمان نے اشتعمال بے جا الزامات کے تحت کسی تعصب یا جانبداری کا سامنا نہ کیا ہو۔ (این ایل آر 1996ء اے سی 102(بی))

**145. Enforcement of liability of surety.**

دفعہ 145 اجراء بنام ضامن:۔

(اے) جب کوئی شخص ضامن ہوا ہو۔

(بی) کسی ڈگری یا اس کے جزو کی تعمیل کیلئے۔یا

(سی) واسطے بازیاب کسی جائیداد کے جو اجرائے ڈگری میں لی گئی ہو یا۔

(ڈی) واسطے ادا کرنے کسی رقم یا ایفا کسی شرط کے جو کسی شخص پر عائد کی گئی ہو، مطابق حکم عدالت جو کسی مقدمہ یا کارروائی مابعد میں صادر ہوا ہو۔

تو جائز ہے کہ ڈگری یا حکم اس کی ذات پر اس حد تک کہ وہ اس کا ذمہ دار ہو گیا ہے، اس طریقہ پر جاری کیا جائے جو مجموعہ ہذا میں اجرائے ڈگری کے بارے میں مقرر ہے اور شخص مذکور اپیل کی غرض کے واسطے حسب مراد دفعہ 47، ایک فریق سمجھا جائے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ عدالت ضامن کو ایسا نوٹس جیسا وہ کافی خیال کرے دیا جاوے۔

**146. Proceedings by or against representative.**

دفعہ 146۔کارروائی منجانب یا بنام قائم مقام: سوائے اس کے جیسا کہ مجموعہ ہذا کسی دوسرے قانون نافذ الوقت میں خلاف اس حکم کے ہوا۔ اگر کوئی کارروائی کسی شخص کی طرف سے یا بنام اس کے کی جائے یا کوئی درخواست کسی شخص کی طرف سے یا بنام اس کے کی جائے یا کوئی درخواست کسی شخص کی طرف سے یا بنام اس کے دی جائے تو وہ کارروائی شخص مذکور کے کسی قائمقام کی طرف سے یا بنام اس کے کی جاسکتی ہے اور وہ درخواست قائم مقام مذکور کی طرف سے بنام اس کے گزاری جاسکتی ہے۔

**147. Consent or agreement by persons under disability.**

دفعہ 147 معذور اشخاص کی طرف سے اقرار یا رضامندی: جملہ مقدمات میں جن میں کوئی

Marfat.com

شخص معذور فریق ہو کوئی رضا مندی یا اقرار نسبت کسی کارروائی کے اگر عدالت کی اجازت صریح سے Next friend' یا ولی دوران مقدمہ کی طرف سے ہوا ہو، اسی طرح موثر ہوگا گویا کہ شخص مذکور میں معذوری تھی اور اس نے خود رضا مندی مذکورہ دی یا اقرار مذکور کیا۔

دفعہ 148 توسیع مدت(Enlargement of time): اگر کوئی مدت از جانب عدالت واسطے کرنے کسی فعل کے جو مجموعہ ہذا کی رو سے مقرر ہوا ہو یا جائز رکھا گیا ہو، معین کی جائے یا بخشی جائے عدالت مذکور اپنی مرضی سے وقتاً فوقتاً مدت مذکور کی توسیع کر سکتی ہے گو کہ اصل وقت جو ابتداء میں مقرر ہوا ہو گزر چکا ہو۔

**149. Power of make up deficiency of Court-fee.**

دفعہ 149 ۔کورٹ فیس کی پورا کرنے کا اختیار: اگر کورٹ فیس جو قانون نافذ الوقت متعلق کورٹ فیس کی رو سے کسی دستاویز کے مقرر کیے ہوئے یا اس کا کوئی حصہ ادا نہ ہو تو عدالت اپنی صوابدید سے مقدمہ کی کسی نوبت پر اس شخص کو جس کو فیس مذکور دینا واجب ہو، اجازت دے سکتی ہے کہ وہ کل یا جز کورٹ فیس مذکور داخل کرے جیسا موقع ہو اور جب کورٹ فیس داخل کر دی جائے تو دستاویز مذکور جس کی نسبت وہ واجب ہو، اس طرح موثر ہوگی گویا کہ فیس مذکور ابتداء ہی میں داخل کر دی گئی۔

دفعہ 150 انتقال مقدمات(Transfer of business): سوائے اس کے جیسا کہ اس کے خلاف حکم ہوا گر ایک عدالت کے مقدمات کسی دوسری عدالت میں منتقل کیے جائیں تو اس عدالت کو جس میں مقدمات منتقل کیے جائیں، وہی اختیارات حاصل ہوں گے اور وہی فرائض منصبی بجالاوے گی جو اس ایکٹ کی رو سے اس عدالت کو حاصل ہوں جہاں سے کہ مقدمات منتقل ہوئے ہوں۔

**151. Saving of inherent powers of Court.**

دفعہ 151۔ مستثنیٰ ہونا عدالت کے اختیارات ذاتی کے: اس مجموعہ کے کسی مضمون سے وہ اختیارات اصلی کسی طرح محدود یا متاثر نہ ہوں گے جو عدالت کو نسبت صادر کرنے ایسے احکام کے حاصل ہیں جو واسطے اغراض انصاف یا روکنے خرابی ضابطہ عدالت کے ضروری ہوں۔

Marfat.com

## شرح

**Extension of time-Words "sufficient" and "sufficient cause". Meanings Construction. Mode. Whether liberal or strict.**

**مدت میں توسیع' لفظ'' کافی و مناسب اور مناسب سبب'' کے معانی تعبیر، طریقہ کار، آیا لچکدار ہے یا غیر لچکدار:** مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 151 کے تحت عدالتوں کے خاص اختیارات، مقصد اور وسعت چیمبرز 20th سینچری ڈکشنری، آکسفورڈ یونیورسل ڈکشنری اور بلیک لاء ڈکشنری۔

(2061 سی ایل سی 1689 (اے))

**Inherent power of Civil Court Scope:**

**دیوانی عدالت کا خاص اختیار۔ وسعت:** نہ تو اصل پلینٹ میں ڈگری عطا کرنے کی التجا کی گئی رقم کے بارے میں اور نہ ہی نالش کے التواء کے وقت گزارش کی گئی۔ پلینٹ کو متبادل دادرسی کے شامل کرتے ہوئے ترمیم طلب کی گئی۔ ہائیکورٹ نے مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 151 کے تحت اپنے اختیارات سماعت میں رقم کی صورت میں دادرسی دیتے ہوئے تجاوز کیا اور ایک حکمنامہ جاری کیا جس کو قانون میں کوئی منظوری حاصل نہ تھی۔

(2001ء ایس سی ایم آر 19(b))

**Inherent powers of the Court.**

**عدالت کے اختیارات خاص:** عدالت مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 151 کے تحت خاص اختیارات رکھتی ہے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے کئے جاسکیں۔ معقول عذر اس عذر کو کہا جاسکتا ہے جو کہ اس فریق کے کنٹرول سے باہر ہو جو کہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 151 کے احکامات طلب کرتا ہو۔

(2001ء سی ایل سی 1689 (اے))

عدالت اپیل کو ابتدائی عدالت کی طرف سے جاری کردہ حکمنامہ کی قانونیت کا جائزہ لینا ہوتا ہے۔ عدالت اپیل کو مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 151 کے تحت ابتدائی عدالت کی طرف سے جاری کردہ حکم کی پڑتال کا اختیار سماعت حاصل ہے نہ کہ فنی وجوہات کی بناء پر اپیل کو برخاست کرنا۔

(2001ء ایم ایل ڈی 1603 (اے))

Marfat.com

**152-Amendment of judgments, decreess or orders.**

**دفعہ 152۔ فیصلہ ڈگری و حکم کی ترمیم:** الفاظ یا ہندسوں (clerical or arithmetical) کی غلطی جو فیصلہ یا ڈگری یا حکم میں واقع ہوں یا ایسی غلطیاں جو کسی بغرض یا ترک اتفاقی کی وجہ سے ان میں واقع ہوں، کسی وقت از طرف عدالت سے یا فریقین کی درخواست پر درست ہو سکتی ہیں۔

## شرح

**عدالت کے فیصلہ کی درستی:** عدالت کسی بھی مرحلہ پر مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 152 کے تحت اپنی ججمنٹ (judgment) میں کسی بھی قسم کی کتابت یا حسابی غلطی کو درست کر سکتی ہے۔ سود کی عدم عطائیگی کسی غلط یا بھول چوک کے زمرے نہ آئے گی۔

(پی ایل ڈی 2003ء پشاور 66 (سی))

دفعہ ھذا کا مقصد صرف حسابی و تحریری (clerical) غلطیوں میں تصحیح کرنا ہے جو کہ محض کسی فیصلہ ڈگری یا آرڈر میں اتفاقیہ یا سہواً واقع ہوئی ہوں۔ جب کہ مبینہ غلطی تحریری، حسابی یا محض اتفاقی نہ تھی تو عدالت کو دفعہ 151 ضابطہ دیوانی کے تحت اس کو درست کرنے کا اختیار نہ تھا، متاثرہ فریق کو اس کے خلاف اپیل یا نظر ثانی کی درخواست کرنی چاہیے۔

(پی ایل ڈی 1960ء لاہور 261)

**Amendment of judgments, decreess or orders — Application for — powers of Banking Court.**

**ججمنٹس، ڈگریوں یا احکامات کی ترمیم۔ کی درخواست۔ بینکنگ عدالتوں کے اختیارات:**

درخواست پر اس بنیاد پر اعتراض کیا کہ بینکنگ کمپنیز (ریکوری آف لونز ایڈوانسز کریڈٹ اینڈ فنانس، 1977ء ایک خاص قسم کا قانون ہونے کی صورت میں مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 152 کا اطلاق نہ ہوتا تھا اور مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 152 کے تحت درخواست قابل تائید نہ تھی۔ جواز: بینکنگ کورٹ کو مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 152 کے تحت اختیارات سے محروم نہیں کرتی۔ ڈگری میں ضروری ترامیم و درستی کرنے سے محروم نہیں کر سکتی اگر اسے فریقین کی طرف سے دائر کردہ تصفیہ شرائط کے ساتھ مطابقت نہ رکھتا ہو جو کہ کسی اتفاقی غلطی یا بھول چوک کی وجہ سے مطابقت پذیر نہ ہو۔ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 152 کے تحت بینکنگ کیس میں درخواست قابل تائید تھی اور عدالت ڈگری میں غلطی، کوتاہی وغیرہ کی درستی و ترمیم کی مجاز تھی، اگر غلطی یا بھول چوک کوئی کتابی یا حسابی غلطی کا سبب ہو لیکن کسی رضا مندی کی ڈگری میں عدالت سے توقع نہیں کی جا سکتی تھی کہ وہ باہر سے اس میں کچھ شامل کرے جس میں تصفیہ کے فریقین متفق نہ ہوں۔

(2001ء سی ایل سی 737 (اے))

Marfat.com

**ججمنٹ میں تبدیلی(Altering the judgment):** اگر ایک مرتبہ ججمنٹ پر دستخط کر دیئے گئے ہوں، تاریخ ڈال دی گئی ہو اور اعلان کر دیا گیا ہو تو بعد میں اس میں تبدیلی نہیں کی جا سکتی نہ ہی اضافہ کیا جا سکتا ہے ماسوائے اس کے کہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 152 کے تحت تجویز کیا گیا ہو یا کسی ریویو کے تحت۔ ججمنٹ پر دستخط اور اعلان کے بعد عدالت کا زوال منصبی ہو جاتا ہے۔ اس اصول میں صرف دو مثنیات موجود تھیں۔ دفعہ 114 کو آرڈر نمبر 47 اور مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 152 کے ساتھ پڑھتے ہوئے تحت کارروائی۔ (پی ایل ڈی 2001ء پشاور 47 (اے))

**Typograghical error or mistake. Application for correction.**

**ٹائپ کی غلطی یا بھول چوک۔ درستی کیلئے درخواست:** وہ غلطی جس میں باشعور ذہن کے استعمال کی ضرورت ہو، اسے مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 152 کے تحت درست نہیں کیا جا سکتا اور آرڈر یا ججمنٹ میں ایسی غلطی کو صرف ریویو یا اپیل میں درست کیا جا سکتا ہے۔ صرف جائز قسم کی غلطی اور اتفاقی بھول چوک میں دماغ کے استعمال کی کوئی ضرورت درکار نہیں ہوتی۔ جب کبھی ٹائپ کی غلطی یا بھول چوک نمودار ہوتی ہے جو کہ کسی اتفاقی بھول یا ترک فعل کی وجہ سے عدالت کی طرف سے ہو اور عدالت کے نوٹس میں ایسی غلطی یا بھول چوک آ جائے تو ایسی غلطی کو عدالت کی طرف سے اپنی جانب سے یا فریق کی درخواست کی بناء پر درست کیا جا سکتا ہے۔ یہ اصول کہ جب کسی عدالتی فیصلہ یا اعلان پر دستخط کر دیئے جائیں تو وہ حتمی اور قطعی ہوتا ہے اور فریقین پر قابل پابندی ہوتا ہے اور اس میں نہ تو تبدیلی کی جا سکتی ہے اور نہ ہی بعد میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ ایسا اصول دو مثنیات کے تابع آتا ہے، ایک تو ریویو اور دوسرا مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 152 جیسا کہ آرڈر نمبر 20 قائدہ نمبر 3 سی پی سی میں بیان کیا گیا ہے۔ (2001 وائی ایل آر 2277 (اے))

**153-General power to amend.**

**دفعہ 153۔ عام اختیار ترمیم:** عدالت کو ہر وقت اختیار ہے کہ کوئی سقم (defect) یا غلطی جو کسی کارروائی مقدمہ میں رہ گئی ہو، درست کر دے اور شرائط خرچہ متعلق اس کے عدالت کی رائے پر موقوف ہیں اور جملہ ضروری ترمیمیں اس غرض سے کی جائیں گی کہ وہ اصلی مسئلہ یا تنقیح (issue) جو کارروائی مذکور سے پیدا ہو یا کارروائی مذکور پر منحصر ہو، طے پا جائے۔

**154.Saving of present right of appeal.**

**دفعہ 154۔ استثنا موجودہ حق اپیل:** منسوخ بروئے فیڈرل قوانین (ترمیم و اظہار)

Marfat.com

آرڈیننس XXVII بابت 1981ء

**155-Amendment of certain Acts.**

دفعہ 155- **بعض ایکٹوں کی ترمیم**: منسوخ بروئے فیڈرل قوانین (ترمیم واظہار) آرڈیننس XXVII بابت 1981ء

دفعہ 156- **تنسیخ (Repeals)**: برائے قانون ترمیم و تنسیخ ثانی، 1914ء نمبر 17. کی دفعہ نمبر 3 اور جدول دوئم سے منسوخ ہوئی۔

**157-Continuance of order repealed enactments.**

دفعہ 157- **منسوخ شدہ ایکٹوں کے احکام کا جاری رہنا**: وہ تمام اشتہارات جو ایکٹ نمبر 8، 1859ء کی رو سے یا کسی مجموعہ ضابطہ دیوانی یا کسی ایکٹ ترمیم کنندہ مجموعہ مذکور کی رو سے یا کسی اور ایکٹ کی رو سے جو اس کے ذریعہ منسوخ ہوا ہو مشتہر اور تمام اعلام ناجات اور قواعد جو اس کی رو سے مشتہر اور مرتب اور اقرار مقامات اور اقرار ناجات اور شرح ناجات اور نمونہ جات جو اس کی رو سے مقرر اور داخل اور معین اور تیار کئے گئے ہوں اور تقرر کئے ہوئے ہوں اور اختیارات کے بخشے گئے ہوں جہاں تک اس مجموعہ کے مضمونوں کے موافق ہوں، اسی طرح موثر ہوں گے گویا کہ اسی مجموعہ کی رو سے اور از طرف اس حاکم کے جو مجموعہ ہذا کی رو سے ان کے واسطے با اختیار کیا گیا ہو مشتہر اور مرتب (framed) اور مقرر اور داخل اور معین تیار کئے گئے اور بخشے گئے۔

**158-Reference to Code of Civil Procedue and other repealed enactments.**

دفعہ 158- **مجموعہ ضابطہ دیوانی اور دیگر منسوخ شدہ ایکٹوں کی طرف حوالے**: اور جہاں کسی ایکٹ یا اشتہار میں جو اس مجموعہ کے نافذ ہونے کی تاریخ سے پہلے نافذ یا صادر ہوا ہو ایکٹ نمبر 8، 1859ء یا کسی مجموعہ ضابطہ دیوانی یا کسی ایکٹ ترمیم کنندہ مجموعہ مذکور یا کسی ایکٹ منسوخ شدہ کا یا اس کے کسی باب یا دفعہ کا حوالہ دیا گیا ہو تو وہ حوالہ جہاں تک ممکن ہو اس کے مناسب حصہ یا دفعہ یا قاعدہ کی طرف سمجھا جائے گا۔

Marfat.com

# THE FIRST SHEDULE

# شیڈول اوّل

## آرڈر 1

## Parties of Suits

## فریقین مقدمہ

**1. Who may be joined as plaintiff.**

**قاعدہ 1- کون اشخاص مدعیان میں شامل کئے جاسکتے ہیں:** جائز ہے کہ ایسے جملہ اشخاص مقدمہ میں بزمرہ مدعیان (Plaintiff) شامل کئے جائیں جن کو کسی دادرسی متدعویہ کے استحقاق کا ہی جو ایک ہی فعل یا معاملہ یا افعال یا معاملات کی بابت ہو یا ان سے پیدا ہوتا ہو مشترکہ یا منفرداً یا بعض کو بجائے بعض کے بیان کیا جائے جب کہ کوئی مشترک امر قانونی یا واقعاتی Fact پیدا ہوتا اگر اشخاص مذکور علیحدہ علیحدہ مقدمات دائر کرتے۔

## شرح

جو شرائط آرڈر (1) رول 1 میں دی گئی ہیں، وہ پوری نہ ہوں تو عدالت کو آرڈر (1) رول 2 کے تحت اختیار ہے کہ وہ علیحدہ سماعت کا حکم دے۔ (1982ء سی ایل سی 1234)

اس کا مقصد مقدمات کو بڑھنے سے روکنا اور بے جا مقصد اخراجات سے بچنا ہے۔ اگر ایسا کرنا فریقین کو پریشان کئے بغیر ممکن ہو سکے۔ (1993ء سی ایل سی 1606)

جب ایک شخص نے جائیداد تبادلہ میں حاصل کی اور اس کے خلاف کوئی دادرسی مطلوب نہ تھی تو اس کو فریق مقدمہ بنانا ضروری نہیں۔ (پی ایل ڈی 1986ء لاہور = 194 پی ایل جے 1986ء لاہور 275)

آرڈر (1) رول 1 تمام مدعیان کو ایک دعویٰ میں شامل ہونے کی اجازت دیتا ہے جو کسی ایک فعل / افعال (Act/Acts) یا معاملہ / معاملات سے منسلک ہوں اور بنائے دعویٰ حاصل ہونے کے بعد دادرسی درکار ہو اگر ہر فرد علیحدہ دعویٰ کرے تو قانون یا امر واقعہ (Questions of fact) سے متعلق کوئی مشترکہ سوال پیدا ہو سکتا ہے۔ (1988ء ایس سی ایم آر 1311)

**2.Power of Court to order separate trials.**

**قاعدہ 2- اختیار عدالت الگ تحقیقات کی نسبت:** جب عدالت کو معلوم ہو کہ مدعیون کے



Marfat.com

شامل کئے جانے سے مقدمہ کی تحقیقات میں دقت یا تاخیر واقع ہوگی تو عدالت اس امر کو یا تو مدعیون کی مرضی پر چھوڑ دے گی یا علیحدہ علیحدہ تجویز کا حکم دے گی یا جو حکم مناسب ہو صادر کرے گی۔

## شرح

جب مدعا علیہ کسی معاہدہ کی رو سے ذمہ دار نہ ہوں بلکہ تعلق جائیداد کی بناء پر ہوں تو ان کو لازمی طور پر فریق مقدمہ بنانے پر اصرار کرنا چاہیے۔ ایسے تمام افراد نہ صرف موزوں (proper) بلکہ ضروری فریق مقدمہ ہیں۔ ان فریقین کی غیر موجودگی میں دعویٰ کے قابل پیش رفت ہونے کے بارے میں اعتراض کو عدالت آرڈر (1) رول 10 (2) کی روشنی میں دیکھے گی۔ (پی ایل ڈی 1984ء کراچی 216)

**3.Who may be joined as defendants.**

قاعدہ 3- کون اشخاص بزمرہ مدعا علیہم شامل کئے جاسکتے ہیں: جائز ہے کہ وہ جملہ اشخاص زمرہ مدعا علیہم Defedant, میں شامل کئے جائیں جن کے مقابل کسی دادرسی کے استحقاق کا ہونا جو ایک ہی فعل یا معاملہ یا کئی افعال یا معاملات کی بابت ہو یا ان سے پیدا ہونا ہو مشترکاً یا منفرداً یا بعض پر بجائے بعض کے ہونا بیان کیا جائے جب کہ کوئی مشترک امر قانونی یا واقعاتی پیدا ہوتا اگر اشخاص مذکور پر علیحدہ علیحدہ مقدمہ دائر کیا جاتا۔

**4.Court may give judgment for or against one or more of joint parties.**

قاعدہ 4- عدالت فیصلہ بحق یا بخلاف ایک فریق یا کئی مشترک فریقوں کے صادر کرسکتی ہے: جائز ہے کہ فیصلہ بغیر کسی ترمیم (Amendment) کے صادر کیا جائے:۔

(اے) ان مدعیون میں سے کسی ایک، کئی کے حق میں جو کہ مستحق دادرسی کے پائے جائیں بابت اسی دادرسی کے جس کا استحقاق (entitlement) مدعی یا مدعیان مذکور کو پہنچتا ہو۔

(ب) ان مدعا علیہم میں سے ایک یا زیادہ مدعا علیہم پر جن کی ذمہ داری ثابت ہو، حسب مواقع ذمہ داری ہر ایک کے۔

**5.Defendant need not be interested in all the relief claimed.**

قاعدہ 5- مدعا علیہ کو تمام متدعویہ دادرسی سے غرض نہیں ہونی چاہیے: ضروری نہیں کہ ہر ایک مدعا علیہ تمام دادرسی سے غرض رکھتا ہو جس کا دعویٰ کسی مقدمہ میں خلاف اس کے کیا جائے۔

**6. Joinder of parties liable on same contract.**

قاعدہ 6- مشمولہ فریقین کے جو اسی کے ذمہ دار ہوں: مدعی کو اختیار ہے کہ اگر اس کی

Marfat.com

مرضی ہوا یک ہی مقدمہ میں ان اشخاص میں سے سب کو یا بعض کو فریقین کرے جو کہ ایک ہی معاہدہ کی بابت منفرداً یا مشترکاً اور منفرداً ذمہ دار ہوں اور ان اشخاص میں وہ لوگ بھی شامل کئے جا سکتے ہیں جو بل آف ایکسچینج اور ہنڈیات اور پرامیسری نوٹوں کے فریق ہوں۔

معاملہ بیع میں مدعیان نے علیحدہ علیحدہ دعویٰ اپنے حصہ کی حد تک دلا پانے کے لئے کیے، کوئی سقم مدعیان کے دعویٰ اور ماتحت عدالت کے حکم میں نہیں پایا جاتا۔ جس نے ان دعوؤں کو ڈگری کیا محض اس کے لئے کئی مدعیان جب کہ خود معاہدہ کو توڑنے کے مرتکب ہوتے ہیں، بیعانہ کی رقم واپس کرنے کے ذمہ دار ہیں۔

(پی ایل ڈی 1995ء لاہور 329)

**7.When plaintiff in doubt from whom redress is to be sought.**

**قاعدہ 7- جب مدعی کو شک ہو کہ کس شخص سے دادرسی ملنا چاہیے:** جب مدعی کو شک ہو کہ کس شخص سے اس کو دادرسی ملنا چاہیے تو وہ دو یا زیادہ اشخاص کو مدعا علیہم بنا سکتا ہے تاکہ امر کہ کون مدعا علیہ کس حد تک ذمہ دار ہے۔ مابین کل فریقوں کے طے ہو جائے۔

**8.One person may sue or defend on behalf of all in same interest.**

**قاعدہ 8- ایک شخص جملہ اشخاص حقدار کی طرف سے جو ایک ہی حق رکھتے ہوں نالش یا جواب دہی کر سکتا ہو:** 1- جب بہت سے اشخاص ایک ہی مقدمہ میں حق (inerest) رکھتے ہوں تو جائز ہے کہ ان میں ایک یا چند فریق باجازت عدالت جملہ اشخاص حقدار کی طرف سے یا ان کے فائدہ کے لئے نالش کریں یا ان پر نالش کی جائے یا ایسی نالش میں جواب دہی کریں لیکن عدالت ایسی صورت میں مدعی کے خرچ سے اطلاع رجوع نالش کی ان تمام اشخاص کو ان کی ذات پر اطلاع نامہ کی تعمیل کرنے سے اگر بسبب متعدد ہونے اشخاص کے یا اور کسی وجہ سے ایسی تعمیل عقلاً ممکن نہ ہو تو بذریعہ اشتہار عام پہنچائے یعنی جیسا کہ عدالت ہر صورت میں حکم دے، عمل کیا جائے گا۔

2- جس شخص کی طرف سے یا جس کے فائدہ کے لئے حسب ضمن دفعہ (1) نالش رجوع کی جائے یا جواب دہی کی جائے، وہ عدالت سے درخواست کر سکتا ہے کہ اس نالش میں وہ فریق بنایا جائے۔

## شرح

جو دعویٰ آرڈر (1) رول 8 کے تحت اپنی اور دوسروں کی طرف سے دائر کیا جائے جبکہ مفادات مشترکہ ہوں، نمائندہ دعویٰ (Representativc suit) کہلاتا ہے۔ دفعہ 11 کی تشریح VI ضابطہ دیوانی کا اطلاق ایسے دعویٰ پر ہوتا ہے۔

(1986ء سی ایل سی 2218)

Marfat.com

دعویٰ جو کہ مدعیان نے ایڈووکیٹ جنرل سے اجازت لینے کے بعد دائر کیا گیا تھا دعویٰ صرف مدعیان اور مدعا علیہ کے درمیان تھا اور یہ "نمائندہ دعویٰ" مطابق آرڈر (1) رول 8 نہ تھا۔

(1995ء سی ایل سی 846)

**9.Misjoinder and non-joinder.**

**قاعدہ 9- اشتمال بے جا اور عدم اشتمال:** کوئی نالش فریقین کے اشتمال بے جا یا عدم اشتمال کی بناء پر بے اثر نہ کردی جائے گی اور عدالت ہر نالش میں موجود معاملہ متنازعہ میں فریقین کے حقوق اور مفادات کو سامنے رکھ کر کاروائی کرے گی۔

## شرح

عدالت آرڈر (1) رول 9 کی تشریح کے مطابق ایک ضروری فریق مقدمہ کے بغیر ایک مؤثر ڈگری پاس نہیں کر سکتی جبکہ موزوں (Proper) فریق مقدمہ کی صورت میں مؤثر ڈگری پاس ہو سکتی ہے لہٰذا تمام شریک کھاتہ ضروری فریق مقدمہ میں ہیں ان کی غیر موجودگی میں مؤثر ڈگری پاس نہیں کی جا سکتی۔

(1981ء سی ایل سی 462)

ضروری فریق مقدمہ پہلے ہی ریکارڈ پر ہیں۔ صرف متوفی نے مدعی کے ساتھ معاملہ طے کیا اگر وہ زندہ ہوتا تو صرف وہی مدعا علیہ ہوتا۔ مدعا علیہ جو کہ متوفیہ کا خاوند اور بیٹے ہیں پہلے ہی فریق ہیں۔ اگر مدعا علیہ نے یہ غور کیا کہ تمام فریقین کو شامل نہیں کیا گیا۔ لیکن وہ کسی ایسے فریق کا نام ظاہر کرنے میں ناکام رہے۔ صرف مدعا علیہم خاتون متوفی کے وارثان نہیں ہاس لئے دعویٰ کو (Non-Joinder) قرار نہیں دیا جا سکتا۔

(1995ء ایس سی ایم آر 229)

**10.Suit in name of wrong plaintiff.**

**قاعدہ 10- اگر مقدمہ مدعی غلط کے نام سے دائر کیا جائے:** (1) جب مقدمہ کسی ایسے شخص کے نام سے جو مدعی صحیح نہ ہو، رجوع کیا جائے یا اشتباہ ہو کہ آیا مقدمہ مدعی صحیح کے نام سے رجوع ہوا ہے یا نہیں۔ اگر عدالت کو اطمینان ہو جائے کہ مقدمہ واقعی (bonafide mistake) سہو سے اس طور پر شروع کیا گیا ہے اور اصل امر نزاع کے تصفیہ کے لئے ضروری ہے کہ بجائے مدعی غلط کے کوئی اور شخص اپنی رضا مندی سے بطور مدعی کے قائم یا زیادہ کیا جائے تو عدالت ہر وقت حکم دے سکتی ہے کہ بقیدان شرائط کے جو اس کے نزدیک قریب انصاف ہوں، ایسا کیا جائے۔

Marfat.com

**(2).Court may strike out or add parties.**

(2) عدالت فریقین میں اضافہ یا اخراج کر سکتی ہے: عدالت کو اختیار ہے کہ کاروائی کی کسی نہج پر کسی فریق کی درخواست پر یا بدون اس کے اور ایسی شرائط سے جو عدالت کے نزدیک قرین انصاف ہوں یہ حکم دے کہ نام کسی فریق کا جو بطور بے جا مدعی یا مدعا علیہ کے زمرہ میں داخل ہوا ہو، خارج کیا جائے اور نام کسی شخص کا جس کو بطور مدعی یا مدعا علیہ شریک کرنا چاہیے تھا یا جس کا عدالت میں حاضر ہونا اس وجہ سے ضروری ہے کہ عدالت جملہ مراتب متنازعہ متعلقہ مقدمہ کو بخوبی تکمیل (adjudicate) کے ساتھ فیصلہ وار طے کر سکے، شامل کیا جائے۔

3- کوئی شخص بغیر اپنی رضامندی کے بطور مدعی کے جب کہ وہ بغیر کسی رفیق کے نالش کر دے یا بطور رفیق Next friend مدعی ناقابل کے مقدمہ میں شامل نہ کیا جائے گا۔

**(4). *Where defendant added, plaint to be amended.***

(4) جب مدعا علیہ کا اضافہ کیا جائے عرضی دعویٰ ترمیم ہوگا: جب کوئی مدعا علیہ شامل کیا جائے تو عرضی دعویٰ میں جس طور پر کہ ضروری ہو ترمیم کی جائے گی۔ الا اس صورت میں کہ عدالت ایسی ہدایت نہ کرے اور سمن اور عرضی دعویٰ کی ترمیم شدہ نقلوں کی تعمیل نئے مدعا علیہ پر اور اگر عدالت مناسب سمجھے تو ابتدائی مدعا علیہ پر بھی کی جائے گی۔

(5) برعایت احکام ***(Subject to provisions)*** دفعہ 22 قانون معیاد، 1908ء کے کسی شخص کے مقابلہ میں جو بطور مدعا علیہ شامل کیا جائے، مقدمہ کی کاروائی کا شروع ہونا اس تاریخ سے سمجھا جائے گا جب سمن کی تعمیل اس پر کی جائے۔

## شرح

آرڈر (1) رول 10 کے تحت کسی زبانی یا تحریری درخواست پر کی جا سکتی ہے۔ وہ عدالت کی طرف سے ازخود کاروائی (Sou moto) کے طور پر بغیر کسی درخواست کے بھی ہو سکتی ہے۔

(پی ایل ڈی 1992ء ایس سی 590)

آئینی درخواست کو آرڈر 1 رول (10) سائلان کی آئینی درخواست جس میں کہ ان کا دعویٰ ہے کہ وہ اس ویگن سٹینڈ کو استعمال کرنے کا استحقاق رکھتے ہیں کہ جس کے بارے میں انہوں نے N.O.C حکام سے لیا ہوا ہے۔ مخالف کاروباری فریق کی درخواست کہ ان کو بھی فریق بنایا جائے، قابل قبول

Marfat.com

نہیں ہو سکتی کیونکہ ان کی موجودگی آئینی درخواست کو ذمت طور پر نمٹانے اور عدالت کی کاروائی کے لئے فریق نہیں بن سکتی، اس لئے سائیلان فریق مقدمہ بنائے جانے کے حقدار نہیں ہیں۔

(1994ء ایم ایل ڈی 1489)

ترتیبی مسؤل علیہ کو سائل کے طور پر فریق مقدمہ بنانے کا حکم (contesting) مسؤل علیہ کو سنے بغیر فیصلہ دیا گیا۔ اس طرح یہ حکم انصاف کے اصولوں کے خلاف تھا اور صرف اس بناء پر منسوخ کرنے کے قابل ہے۔ (1995ء سی ایل سی 1529)

مدعا علیہ نے جواب دعویٰ میں عدم اشتمال ضروری فریق مقدمہ (Non-joinder of necessary party) عذر پیش کیا۔ اس بارے میں خاص تنقیح وضع کی گئی۔ مدعی نے اپنی شہادت مکمل کر لی۔ مدعا علیہ کی شہادت مکمل ہونے سے قبل مدعی نے ضروری فریق کو مقدمہ میں شامل کرنے کی درخواست دی۔ مدعا علیہ نے اس پر اعتراض کیا کہ درخواست تاخیر سے دائر کی گئی ہے جبکہ مدعا علیہ نے پہلے یہ عذر پیش کیا تھا کہ مدعی کا بیٹا ضروری فریق مقدمہ ہے اور اس کی غیر موجودگی میں دعویٰ نا مکمل ہے لیکن جب مدعی نے اس کے لئے درخواست دی تو مدعا علیہ نے تاخیر کی بنیاد پر اس کی مخالفت کی، قرار دیا کہ ایسا اعتراض قابل فہم (triable) نہیں۔ (1997ء سی ایل سی 1684)

عدالت آرڈر (1) رول 10 کے تحت اختیارات استعمال کرتے ہوئے اس امر کی مجاز ہے کہ دو قسم کے فریقین یعنی ضروری اور موزوں فریقین (Necessary, Proper parties) کے خلاف کوئی دادرسی مطلوبہ نہ تھی، وہ ضروری فریق مقدمہ نہ تھے۔ وہ افراد جن کی عدالت میں موجودگی تمام شخصیات اور متعلقہ سوالات کا فیصلہ کرنے کے لئے ضروری ہو، وہ ضروری فریق مقدمہ ہیں۔ (1996ء سی ایل سی 1009)

ایک شخص موزوں فریق مقدمہ ہے اگر اس کی موجودگی عدالت کے لئے ضروری ہو، تاکہ تمام سوالات جو کہ دعویٰ میں موجود ہیں ان پر مؤثر اور مکمل طریقے سے کاروائی عمل میں آ سکے۔ دوسرے لفظوں میں موزوں فریق وہ ہے جو دعویٰ کے نتائج کے بارے میں دلچسپی رکھتا ہو۔ (پی ایل ڈی 1956ء کراچی 391)

متروکہ وقف بورڈ کا ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر جو کہ اس کا عہدیدار ہے، دعویٰ میں بطور مدعا علیہ شامل تھا۔ اس کی اپیل اس بناء پر رد کر دی گئی کہ اسے اپیل کرنے کا کوئی حق حاصل نہ ہے اور یہ کہ وہ ڈگری اور فیصلہ سے متاثرہ فریق نہیں قرار دیا گیا کہ عدالت اپیل کا یہ فیصلہ کہ متروکہ وقف بورڈ متاثرہ فریق نہیں ہے، غلط ہے۔ عدالت کو چاہیے تھا کہ وہ فیصلہ کو رد کرتے ہوئے آرڈر (1) رول 10 کا اختیار استعمال کر کے مقدمہ کو عدالت

Marfat.com

سماعت کے پاس ان ہدایات کے ساتھ ریمانڈ کرتی کہ ضروری فریق مقدمہ کو شامل کرنے کے بعد قانون کے مطابق مزید کاروائی کرے۔ (1995ء ایس سی ایم آر 1748)

**قاعدہ 11-: پیروی مقدمہ (Conduct of suit)**: عدالت کو اختیار ہے کہ پیروی مقدمہ کی اس شخص کے حوالہ کرے جسے وہ مناسب سمجھے۔

**12.Appearance of one of several plaintiffs or defendants for others.**

**قاعدہ 12- حاضری ایک شخص کی منجملہ چند مدعیان یا مدعا علیہم کی بجائے دیگر اشخاص کے**:1- جب مقدمہ میں ایک سے زیادہ مدعی ہوں تو جائز ہے کہ ان میں سے ایک یا زیادہ مدعیوں کو کسی دوسرے مدعی کی طرف سے اجازت دی جائے کہ وہ کسی کاروائی مدعی اس کی طرف سے حاضر ہو کر سوال و جواب یا پیروی کریں اور اسی طرح جب مقدمہ میں ایک سے زیادہ مدعا علیہ ہوں، جائز ہے کہ ان میں سے ایک یا زیادہ مدعا علیہوں کو کسی دوسرے مدعا علیہ کی طرف سے اجازت دی جائے کہ قسم مذکورہ کسی کاروائی میں اس کی طرف سے جائز سوال و جواب یا عمل کریں۔

2- مذکورہ اجازت تحریری ہوگی اور اس پر اجازت دینے والے کے دستخط ہوں گے۔

**13.Objections as to non-joinder or misjoinder.**

**قاعدہ 13- عذر داری بر بنا عدم اشتمال یا اشتمال بے جا فریقین**: تمام عذرات (objections) اسباب کے کہ مقدمہ میں جو چاہیے تھا فریق نہیں ہے یا اس میں ایسے اشخاص شامل ہوئے ہیں جن کو مقدمہ سے کچھ غرض نہیں ہے۔ جس قدر جلد ممکن ہو اور جملہ صورتوں میں جہانکہ امور تنقیح طلب قرار دیے جائیں بوقت یا قبل قرارداد امور مذکور کے پیش کئے جائیں گے۔ الا اس صورت میں کہ بنائے عذر داری بعد کو پیدا ہوا اور اگر ایسا عذر نہ کیا جائے تو سمجھا جائے گا کہ وہ ترک (waived) کیا گیا۔

## شرح

آرڈر 1 رول (13) کسی دعویٰ سے متعلق جو فریقین بھی عدالت کے سامنے ہوں، اس کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔ کسی اور فرد کا اسی جائیداد متدعویہ کے بارے میں حق یا مفاد کا دعویٰ (claim) عدالت اجراء (Executing Court) میں بروقت اور قانون کے مطابق کیا جا سکتا ہے۔ (1993ء سی ایل سی 257)

Marfat.com

# FRAME OF SUIT

# ترتیب نالش

**قاعدہ 1- نالش کی ترتیب (Frame of suit):** ہر نالش جہاں تک ممکن ہو اس طور مرتب کی جائے گی کہ تمام مراتب متنازعہ کی نسبت تجویز قطعی کرنے کی اس سے وجہ پائی جائے اور مراتب مذکور بابت آئندہ پھر نزاع (Lititation) عدالت نہ ہو سکے۔

## شرح

آرڈر 2 رول (1) ضابطہ دیوانی کا مقصد یہ ہے کہ ایسے فریقین کے تمام معاملات جن کا تعلق اسی تنازعہ سے ہو اس کا فیصلہ ایک دعویٰ میں کر دیا جائے۔ مدعی کا یہ فرض ہے کہ وہ دعویٰ کو اس طرح ترتیب دے کہ اس پر فیصلہ دیا جا سکے تاکہ مزید مقدمہ بازی سے بچا جا سکے۔ مدعی نے چونکہ اپنے گزشتہ دعویٰ میں ایک خاص دادرسی کا استدعا نہیں کی تھی اس لئے بعد میں نئے دعویٰ کے ذریعہ وہ ایسا نہیں کر سکتا۔ (1990ء ایم ایل ڈی 1652)

مدعی نے پہلا دعویٰ حکم امتناعی مدعا علیہ کے خلاف کیا جبکہ وہ زمین فروخت کرنا چاہتا تھا۔ یہ دعویٰ خارج ہوا اور مدعی نے اس کے خلاف اپیل دائر کی۔ اپیل کی سماعت کے دوران ہی مدعی نے ایک اور دعویٰ تنسیخ بیع نامہ تقسیم اراضی اور حکم امتناعی دوامی مدعا علیہ کے خلاف کر دیا جبکہ بیع نامہ کی تکمیل ہو چکی تھی۔ کیا دوسرے دعویٰ پر آرڈر 2 رول (2) کا اطلاق ہوتا ہے؟ ظاہری طور پر دونوں مقدمات میں بنائے دعویٰ مختلف ہے۔ اس لئے بعد میں دائر کئے جانے والے دعویٰ پر آرڈر 2 رول (2) کا اطلاق نہیں ہوتا۔ (پی ایل ڈی 1996ء کراچی 416)

مدعی نے موجودہ دعویٰ برائے استقرار حق کیا کہ مدعا علیہ کی طرف سے اراضی متدعویہ کی فروخت اس کے حقوق پر غیر مؤثر ہے جبکہ مدعا علیہ کے خلاف پہلے دعویٰ حکم امتناعی کیا کہ وہ مالک ہے اس کے قبضہ میں مداخلت نہ کی جائے۔ قرار دیا گیا کہ اصل دادرسی استقرار کو عدالت کی اجازت کے بغیر ترک کر دیا گیا تھا۔ اس کے آرڈر 2 رول (2) کی روشنی میں نیا دعویٰ جائز نہیں۔ (1991ء ایم ایل ڈی 2369)

مدعی نے اپنے پہلے دعویٰ میں جو کہ اصل رقم (principal amount) کی وصولی کے بارے میں تھا جس میں اس نے تلافی (compensation) یا منافع کا ذکر نہیں کیا۔ مدعی نے مفاہمت کے بعد واپس لیا بعد ازاں اصل رقم پر منافع اور تلافی کے لئے دوسرا دعویٰ کر دیا۔ عدالت نے دعویٰ ڈگری کر دیا۔ ابتدائی عدالت سماعت کی ڈگری کو ان حالات میں منسوخ کر دیا گیا۔ (1995ء سی ایل سی 88)

**درخواست بیدخلی برائے کرایہ دار:** بیدخلی کی درخواست پر کرایہ دار کی طرف سے خالی کرنے کی رضامندی کی بناء پر مفاہمت ہو گئی۔ مالکہ نے جائیداد خالی ہونے کے بعد بقایا کرایہ کی وصولی کے لئے دعویٰ دائر کر دیا۔ کرایہ دار نے آرڈر 2 رول (2) اور آرڈر 7 رول (11) کے تحت دعویٰ خارج کرنے کی درخواست دی



Marfat.com

کرایہ داری کی درخواست ماتحت عدالت اور ہائی کورٹ نے بھی نگرانی میں خارج کر دی۔ درخواست برائے اپیل میں کرایہ دار کا یہ مؤقف کہ دعویٰ ہر اصول امر فیصلہ شدہ (Principle of resjudicata) کا اور آرڈر 2 رول (2) کا اطلاق ہوتا ہے۔ قرار دیا گیا کہ مفاہمت کی درخواست پر اور نہ ہی اس کے بعد عدالت کے حکم میں یہ بات موجود ہے کہ مالکہ نے سابقہ کرایہ کی وصولی کا حق ترک کر دیا ہے۔ اس لئے مالکہ کی طرف سے سابقہ کرایہ کی وصولی کا دعویٰ جائز ہے۔ درخواست برائے اپیل مسترد کر دی گئی۔ (1991 ایس سی ایم آر 1569)

مدعی نے استقرار حق اور حکم امتناعی دوامی کا دعویٰ کیا کہ وہ جائیداد متدعویہ کے مشترکہ مالک ہیں جو کہ ہائی کورٹ میں نگرانی تک مسلسل اس بناء پر خارج ہوتا رہا کہ دعویٰ تعبیری اصول اور تجویز شدہ (Principle of constructive of resjudicata) آرڈر 2 رول (2) کے تحت ممنوعہ ہے۔ درخواست برائے اپیل میں مدعی یہ ثابت نہیں کر سکا کہ جائیداد متدعویہ کے بارے میں گزشتہ دعویٰ فیصلے بطور اصول امر تجویز شدہ کیوں لاگو نہیں ہوئے؟ جو سوالات دعویٰ میں اٹھائے گئے ہیں وہ گزشتہ مقدمہ بازی میں بھی اٹھائے گئے اور ان کا فیصلہ ہوا جس کے باعث اصول امر تجویز شدہ کا اطلاق ہوتا ہے۔ اگر زیر نظر معاملہ کو گزشتہ مقدمہ بازی میں نہیں اٹھایا گیا تھا تو دوسرے زاویہ سے زیر آرڈر 2 رول (2) کے تحت بھی یہ ممنوع ہے۔ درخواست برائے اپیل رد کر دی گئی۔ (1991ء ایس سی ایم آر 398)

دعویٰ تقسیم میں گزشتہ دعویٰ ان فریقین کے مابین نہیں تھا جو کہ بعد والے مقدمہ میں فریق مقدمہ ہیں۔ اگرچہ گزشتہ مقدمہ بھی تقسیم کے متعلق ہی تھا لیکن تمام ضروری فریق مقدمہ (حصہ داران) شامل نہ کئے گئے تھے اس لئے بھی تقسیم کے لئے ڈگری صادر نہیں ہو سکتی تھی۔ بعد والے مقدمہ میں ایک مدعی وہ ہے جو پہلے دعویٰ کا فیصلہ ہونے کے بعد بذریعہ ہبہ (Gift) حصہ دار بنا، تقسیم کا دعویٰ کوئی بھی حصہ دار کسی بھی وقت دائر کر سکتا ہے۔ اس لئے آرڈر 2 رول (2) کا اطلاق نہیں ہوتا۔ (1993ء سی ایل سی 1606) سائل کا دعویٰ آرڈر 2 رول (2) کے تحت مسترد کر دیا گیا کیونکہ اس کا پہلا دعویٰ زیر آرڈر 7 رول (11) مسترد کیا گیا تھا جس کا عنوان (subject matter) بھی وہی تھا۔ سائل نے مؤقف اختیار کیا کہ پہلے مقدمہ کا فیصلہ میرٹ پر نہیں ہوا تھا بلکہ زیر آرڈر 7 رول (11) کے تحت مسترد ہوا تھا۔ اس لئے آرڈر 2 رول (2) کا اطلاق نہیں ہوتا، قرار دیا گیا کہ عنوان اور بنائے دعویٰ دو مختلف چیزیں ہیں، اس لئے اس کا اطلاق اس مقدمہ پر نہیں ہوتا۔ (1990ء ایم ایل ڈی 1019)

آرڈر 2 رول (2) کا اطلاق کرنے کے لئے ضروری ہے کہ گزشتہ دعویٰ اور موجودہ دعویٰ میں بنائے دعویٰ ایک ہو اور دونوں دعوؤں کے فریق مقدمہ یا نمائندے وہی ہوں اور یہ کہ گزشتہ مقدمہ کا فیصلہ میرٹ پر کیا گیا ہو۔

(1994ء ایم ایل ڈی 686)

آرڈر 2 رول (2) (3) کی روشنی میں کئی کلیمز کو ایک ہی دعویٰ میں شامل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

(1994ء سی ایل سی 1280)

حق شفع کے مقدمہ میں شفیع اور خریدار میں ضروری فریق مقدمہ ہیں۔ اس لئے مدعی خریدار کے خلاف کئی بنائے دعویٰ کو شامل کر سکتا ہے۔ مدعی نے درست طور پر دو معاملات بیع کو ایک دعویٰ میں شامل کیا ہے۔ اگر وہ علیحدہ طور پر دائر ہوتے تو ان کو یکجا (consolidate) کرنا پڑتا۔ آرڈر 2 رول (2) ضابطہ دیوانی مدعی کو اجازت دیتا ہے

Marfat.com

کہ وہ دونوں معاملات بیع کو ایک دعویٰ میں شامل کر دے۔ اس لئے جو ڈاسٹرا اس نے اختیار کیا ہے آرڈر 2 رول 2 کے تحت فعل یا نقص بے ضابطگی کا مرتکب نہیں ہوا۔ (1992، ایس ی ایم آر 2375)

جس شفیع (pre-emptor) کے بارے میں یہ فیصلہ دیا گیا کہ اس کا حق شفع فائق ہے رسمی کارروائی کے بعد وہ خریدار کے حق میں دستبردار ہو گیا۔ اس قسم کی دستبرداری کے خلاف مخالف شفیع کو بنائے دعویٰ حاصل ہے آرڈر 2 رول (2) کا اطلاق ان حالات میں دوسرے دعویٰ شفیع پر نہیں ہوتا۔ (1988 سی ایل سی 323)

غیر قانونی قبضے اور الاٹمنٹ کی تصبیط (regularization) کا عمل اس کے لئے وضع کردہ طریقہ کار کے بغیر کیا گیا۔ الاٹمنٹ اور تصبیط کی یہ کاروائی قانون کے نزدیک کوئی وجود نہیں رکھتی اور اس کو صرف ایک ہی آئینی درخواست کے ذریعہ چیلنج کیا جا سکتا ہے۔ الاٹمنٹ/تصبیط کی کاروائی چونکہ غیر قانونی ہے، قرار دیا گیا کہ اس کا کوئی قانونی جواز اور اثر نہیں۔ (1995 سی ایل سی 1236)

**Suit to include the whole claim.**

قاعدہ 2۔ دعویٰ میں تمام مطالبات شامل ہوں گے: (1) ہر دعویٰ میں وہ تمام کل مطالبات شامل ہوں گے جن پر مدعی بنائے دعویٰ کا حق رکھتا ہے۔ لیکن ایک مدعی اپنے دعویٰ کو عدالت کے اختیار سماعت میں لانے کی غرض سے اپنے دعویٰ کا کوئی حصہ چھوڑ سکتا ہے۔

*(2) Relinquishment of part of claim.*

(2) جزو دعویٰ سے باز آنا: اگر مدعی اپنے دعویٰ میں سے کسی جزو کی بابت نالش نہ کرے یا عمداً اس کے نالش کرنے سے باز نہ آئے تو آئندہ اس جزو کی بابت جو اس طور پر متروک رہا ہو یا جس کے دعویٰ کرنے سے مدعی باز رہا ہو، نالش نہ کر سکے گا۔

*(3) Omission to sue for one of several reliefs.*

(3) چند چارہ جوئیوں میں سے کسی ایک کو بھول کر کرنا: جس شخص کو ایک ہی بناء دعویٰ کی نسبت کئی چارہ جوئیوں کا استحقاق ہو، اسے اختیار ہے کہ ان تمام یا ان میں کسی چارہ جوئی کی نالش کرے۔ لیکن جس حال میں کہ (بجز اجازت عدالت کے) ان میں سے کسی کی نالش بھول جائے تو مابعد بابت اس چارہ جوئی کے جو ترک کی گئی ہو، مجاز نالش کا نہ ہوگا۔

تشریح (*Explanation*): اس رول کی اغراض کے لئے دستاویز معاہدہ اور کفالت نامہ (security collateral) جو اس کی تعمیل کے اطمینان کے لئے لکھا جائے اور جو دعوے یکے بعد دیگرے ان دستاویز کی رو سے پیدا ہوں بمنزلہ بنائے دعویٰ واحد کے متصور ہوں گے۔

## تمثیل (*Illustration*)

زید نے ایک مکان بارہ سو روپیہ سالانہ کرایہ پر عمرو کو دیا۔ اور کل کرایہ بابت 1905ء، 1906ء اور 1907ء کے واجب الوصول رہا اور ادا نہ ہوا۔ زید نے عمرو پر 1908ء میں صرف بابت کرایہ 1906ء کی نالش کی پس زید من بعد عمرو پر بابت کرایہ 1905ء یا 1907ء کے نالش کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

Marfat.com

## شرح

**وسعت اور مقصد (Scope and Object):** اس قاعدہ کا مقصد دعویٰ جات میں نفاق و تقسیم سے بچاؤ کرنا ہے اور نالشات کی بہتات سے بچنا ہے۔ پی ایل ڈی 1983ء ایس سی 334+ 1987ء سی ایل سی 1332- یہ قاعدہ اس اصول پر مبنی ہے کہ مدعا علیہ کو دوسری بار تنگ نہ کیا جائے یعنی ایک ہی موقف و مقصد کے لئے اسے دوبارہ زحمت نہ دی جائے۔ پی ایل ڈی 1983ء ایس سی 344+ پی ایل ڈی 1959ء آزاد کشمیر 78+اے آئی آر 1958ء اے پی 608 (ڈی بی)۔ چنانچہ جب اس کا دارومدار کارروائی کی بنیاد پر ہو جس پر سابقہ طور پر نالش کو دائر کیا گیا ہو تو ایسی صورت میں قاعدہ کا اطلاق ہوگا اور بعد کی نالش کو ممنوع قرار دے دیا جائے گا۔ پی ایل ڈی 1997ء کراچی 772+ پی ایل ڈی 1984ء پی سی 131+ 6 ڈی ایل آر 81+ پی ایل ڈی 1959ء آزاد کشمیر 78- یہ اصول/ قاعدہ دعویٰ جات اور دادرسیوں میں تقسیم و نفاق کو روکتا ہے۔ پی ایل ڈی 1959 آزاد کشمیر 78+ اے آئی آر 1949ء پی سی 78- ضمنی قاعدہ ایک کا اطلاق اس وقت ہوتا ہے جب دعویٰ تقسیم کر دیا جائے اور ضمنی دفعہ (2) کا اطلاق اس وقت ہوتا ہے جب خاص اور علیحدہ قسم کی دادرسی کا دعویٰ ایک ہی نالش میں کیا جائے۔

اے آئی آر 1961ء اے پی 157 (ڈی بی)۔

یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آیا دعویٰ جات میں اختلاف و تقسیم ہے کے لئے درست ٹیسٹ یہ ہے کہ نئی نالش واقعی کارروائی کے موقف پر مبنی ہے اور اس سے مختلف ہے جو کہ پہلے مقدمہ یا نالش کی بنیاد تھی۔

(اے آئی آر 1964ء ایم پی 129 (ڈی بی)۔

**تعبیری امر تجویز شدہ (Consructive res judicata):** تعبیری امر تجویز شدہ کا اصول علیحدہ علیحدہ یا ٹکڑوں میں مقدمہ بازی سے منع کرتا ہے اور بار بار کی مقدمہ بازی کی سختی، مشکل اور بے آرامی سے مانع ہے اور ایک ہی موقف پر مقدمہ بازی کو روکتا ہے۔ آرڈر نمبر 11 رول نمبر 2 اور مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 11 کے تحت کسی قانونی حق کو طلب کرنے میں قانون میں موجود ممانعت صرف امن وسکون کے مقصد کے تحت ہے اور فریقین کی پراپرٹی سے فائدہ اٹھانے پر منحصر ہوتا ہے جن کے جائیداد پر حقوق کو ایک مرتبہ عدالت کی طرف طے کر دیا گیا ہو اور ان حقوق میں خلل کے لئے کسی قسم کی کوئی ڈگری جاری نہ کی گئی ہو۔ لہٰذا جہاں کارروائی کے موقف پہلی نالش میں اور بعد کی نالش میں نافذ العمل ہوں تو ماتحت عدالتوں کی وہی ججمنٹ اور ڈگری جو کہ مدعی کی نالش کے بارے میں ڈگری شدہ ہو انہیں مسترد کر دیا گیا اور مدعی کی نالش کو برخاست کر دیا گیا اس وجہ سے کہ وہ آرڈر نمبر 11، رول نمبر 2 اور دفعہ 11 کے تحت امر فیصلہ شدہ کے اصول کے تحت آتا تھا۔ (1996ء ایم ایل ڈی 1409۔)

**مختلف موضوعات نالش (Different subject matter):** جہاں پہلی نالش مدعی کی طرف سے کسی مستقل حکم امتناعی کے لئے ہو کہ مدعی کو خدشہ تھا کہ اسے کسی خاص دکان سے بے دخل کر دیا جائے گا جو کہ مدعا علیہ کی طرف زبردستی بے دخل کرنے کا خدشہ ہو کیونکہ پہلے بھی اسے ساتھ والی دکان سے بے دخل کر دیا گیا تھا، پہلی نالش چنانچہ دکان سے متعلق نہ تھی جب کہ دوسری نالش کا تعلق دکان سے تھا جو کہ آرڈر نمبر 11 رول نمبر 2 کے تحت مانع نہ تھی۔ (1995ء ایس سی ایم آر 500-)

Marfat.com

تعمیلی کارروائی (Execution proceeding): اس قاعدہ کا اطلاق اس جگہ پر نہیں ہوتا جہاں پہلی نالش ناقابل جواز یا قانونی طور پر ممنوع ہو۔(این ایل آر 2001ء سول 236= 2000ء سی ایل سی 1226-) تعمیلی کارروائی۔ (این ایل آر 1979 سول 616+ اے آئی آر 1960 آسام 16) یا ازدواجی زندگی کی بحالی کی درخواستیں۔ این ایل آر 1979 سول 616+ اے آئی آر 1935 کلکتہ 206 (ڈی بی)۔ یا سرٹیفکیٹ کی کارروائی (اے آئی آر 1948 پٹنہ 313= 26 پٹنہ 312 (ڈی بی)۔ یا ثالثی قسم کی کارروائی کے لئے۔(اے آئی آر 1964 کلکتہ 545-) لیکن اس کا اطلاق مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ 141 کی وجہ رٹ کی کارروائی پر ہوتا ہے۔

(پی ایل ڈی 1979ء لاہور 564 (ڈی بی)۔

آرڈر 2 رول 2(3) مختار نامہ عام کی تکمیل بظاہر H کے مقام پر ہوئی جس کی بنیاد پر مالکان کی جائیداد بمقام K جو کہ دوسرے صوبہ میں ہے، فروخت کردی گئی۔ مالکان نے مختار نامہ عام کو چیلنج کرتے وقت جس کی مبینہ تکمیل بمقام H پر ہوئی اور فراڈ کا ارتکاب بھی وہیں کیا گیا، انہوں نے ایک درخواست زیر آرڈر 2 رول (3) دی تا کہ آرڈر 2 رول (2) کے ضرر سے بچا جاسکے، جس میں بیان کیا گیا کہ وہ اپنے دعویٰ میں جائیداد متدعویہ واقع بمقام K جائیداد متدعویہ بمقام H شامل نہیں کر سکتے تھے۔ ابتدائی عدالت نے اس کی اجازت دے دی اور اپیل میں اس کی تصدیق کی گئی۔ قرار دیا گیا کہ آرڈر 2 رول (3) ضابطہ دیوانی کو اسی لئے وضع کیا گیا ہے تا کہ اصول امر تجویز شدہ (Principle of resjudicata) کے اطلاق سے بچا جاسکے۔ مدعیان نے حقیقی کلیم کے لئے دعویٰ دائر کیا تھا اور قانون نے عدالتوں کو اس طرح کی اجازت دینے کا اختیار دیا ہے۔ ان حالات میں اتھارٹی کا استعمال بلا جواز نہیں، ماتحت عدالتوں کے احکامات کی تصدیق کی گئی۔ (1997ء سی ایل سی 27)

**3. Joinder of causes of action.**

**قاعدہ 3- چند بناہائے دعویٰ کا شامل کیا جانا:** (1) برعایت مضمون دیگر دفعات مدعی کو اختیار ہے کہ ایک مقدمہ میں چند بناہائے (cause of action) دعویٰ کو بمقابلہ ایک ہی مدعا علیہ یا چند مدعا علیہم مشترک کے شامل کرے اور جن مدعیوں کو اسی مدعا علیہ واحد یا مدعا علیہم مشترک پر چند بناہائے دعویٰ کی رو سے جن میں ان کا حق مشترک ہو دعویٰ پہنچتا ہو ان کو اختیار ہے کہ ایسے بناہائے دعویٰ کو ایک ہی نالش میں شامل کریں۔

(2) جب چند بناہائے دعویٰ شامل کی جائیں تو اختیار سماعت عدالت کا نسبت اس مقدمہ کے شئے متدعویہ کی اس تعداد یا مالیت مجموعی پر منحصر ہوگا جو تاریخ رجوع نالش ہوگا۔

**4. Only certain claims to be joined for recovery of immovable property.**

**قاعدہ 4- نالش بازیافت جائیداد غیر منقولہ میں صرف بعض دعاوی شامل کئے جا سکتے ہیں:** جو نالش واسطے بازیافت جائیداد غیر منقولہ کے ہو بغیر اجازت عدالت کے کوئی بنائے

Marfat.com

دعویٰ اس میں شامل نہ کی جائے گی۔ بجز:۔

(الف) دعاوی واصلات یا Mesne profits باقیات زر لگان یا کرایہ جائیداد متدعویہ یا اس کے کسی جزو کے۔

(ب)دعاوی ہرجہ Damages بابت انحراف کسی معاہدہ کے جس کی رو سے جائیداد یا اس کے کسی جزو پر قبضہ ہو اور۔

(ج) دعاوی جن میں کہ داد رسی مطلوبہ ایک ہی بنا مخاصمت پر مبنی ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ اس قاعدہ کی رو سے نالش بیعات Foreclosure یا انفکاک رہن Re - demption کا کوئی فریق جائیداد مرہونہ پر قبضہ دلا پانے کی درخواست کرنے سے ممنوع نہیں ہے۔

## قاعدہ 5- دعاوی از طرف یا بنام وصی یا مہتمم ترکہ یا وارث کے :

کوئی دعویٰ جو کسی وصی یا مہتمم ترکہ یا وارث کو یا اس پر اس کے اس منصب سے پہنچتا ہو اس دعویٰ میں شامل نہ کیا جائے گا جو اس کی ذات خاص کو یا ذات خاص پر پہنچتا ہو الا اس حال میں کہ دعویٰ آخر الذکر کی نسبت بیان کیاجائے کہ وہ اسی جائیداد سے پیدا ہوتا ہے جس کی بابت مدعی یا مدعا علیہ مذکور وصی یا مہتمم ترکہ یا وارث ہونے کی حیثیت سے نالش کرتا ہے یا اس پر نالش کی گئی ہے' یا کہ وہ دعویٰ ایسا ہے جس کو وہ بشرکت شخص متوفی کے جس کا وہ قائم مقام ہے دلا پانے کا مستحق یا ادا کرنے کا سزاوار Liable ہے۔

## قاعدہ 6- اختیار عدالت نسبت تجویز علیحدہ :

جب عدالت کے نزدیک چند بناء دعویٰ با آسانی Conveniently ایک مقدمہ میں ایک ساتھ تجویز یا تصفیہ نہ پا سکتی ہوں تو عدالت مجاز ہوگی کہ ایک ایک بنائے مخاصمت کی علیحدہ تجویز ہونے کا حکم دے یا جو کچھ حکم مقتضائے مصلحت Expedient سمجھے صادر کرے۔

## قاعدہ 7- عذرداری بر بنا اشتمال بے جا:

تمام عذرات اسباب کے کہ بنا ہائے دعویٰ اشتمال بے جا Mis-joinder ہوا ہے۔ جس قدر جلد ممکن ہو اور جملہ صورتوں میں جہانکہ امور تنقیح طلب قرار دیے جائیں

Marfat.com

بوقت یا قبل قرارداد امور مذکور پیش کیے جائیں گے الا اس صورت میں کہ بنائے عذر داری بعد کو پیدا ہو اور اگر ایسا عذر نہ کیا جائے تو سمجھا جائے گا کہ وہ ترک کیا گیا ہے۔

Marfat.com

/

## آرڈر 3

## Recognised Agents & pleaders

## ایجنٹاں یعنی مختاران مقبولہ اور وکلاء

### قاعدہ 1- حاضری عدالت وغیرہ اصالتاً" یا معرفت ایجنٹ مقبولہ یا وکیل کے ہو سکتی ہے۔

جب قانوناً" یہ حکم ہو یا اختیار دیا گیا ہو کہ کوئی فریق عدالت میں حاضر ہو یا درخواست دے یا کوئی اور عمل کرے تو بجز اس صورت کے کسی قانون نافذالوقت میں کچھ اور حکم صراحتاً" مندرج ہوا ہو جائز ہے کہ فریق مذکور اصالتاً" یا معرفت اپنے ایجنٹ مقبولہ یا وکیل کے جو حسب ضابطہ اس کی طرف سے پیروی کرنے کے لیے مقرر ہوا ہو حاضر ہو یا درخواست دے یا عمل کرے مگر شرط یہ ہے کہ اگر عدالت اصالتاً" حاضر ہونے کا حکم دے۔ تو فریق مذکور کو اصالتاً" حاضر ہونا پڑے گا۔

### قاعدہ 2- ایجنٹاں مقبولہ :

ایجنٹاں مقبولہ جو اہالی مقدمہ کی طرف سے عدالت میں حاضر ہوسکتے اور درخواست دے سکتے اور عمل کرسکتے ہیں:۔

(الف) اشخاص جو اہالی مقدمہ کی طرف سے اپنے نام کے مختار نامجات رکھتے ہوں اور مختار ناموں میں ان کی طرف سے حاضر ہونے اور درخواست دینے اور عمل کرنے کا اختیار دیا گیا ہو۔

(ب) اشخاص جو ان اہالی مقدمہ کی طرف سے یا ان کے نام سے کچھ تجارت یا کاروبار کرتے ہوں جو اس عدالت کے علاقہ کی حدود ارضی کے اندر نہ رہتے ہوں جس کی حدود کے اندر حاضر ہونا یا درخواست اور عمل کرنے کی اجازت

Marfat.com

بصراحت (expressly) دی گئی ہو وہاں موجود نہ ہو۔

**3. Service of process on recognized agent.**

قاعدہ 3- تسلیم شدہ ایجنٹ پر حکمنامہ کی تعمیل: (1) وہ حکمنامہ جات جن کی تعمیل کسی فریق مقدمہ کے تسلیم شدہ ایجنٹ پر کی جائے، اسی قدر موثر ہوں گے کہ گویا وہ خود فریق مقدمہ پر تعمیل کئے گئے تھے بجز اس صورت کے کہ عدالت سے کوئی اور ہدایت ہو۔

(2) وہ احکام جو فریق مقدمہ پر حکمنامہ کی تعمیل کے باب میں ہیں اس صورت میں بھی متعلق ہوں گے جب اس کے تسلیم شدہ ایجنٹ پر حکمنامہ کی تعمیل کی جائے۔

قاعدہ 4- وکیل کا تقرر (Appointment of pleader): (1) تقرر وکیل کا جو کسی شخص کی جانب سے عدالت میں حاضر ہونے یا درخواست دینے یا کوئی عمل کرنے لئے مقرر ہو، بذریعہ تحریر ہوگا جس پر شخص مذکور یا اس کے قبول کردہ ایجنٹ یا کسی دوسرے شخص کے جواز روئے مختار نامہ اس بارے میں باضابطہ مجاز گرادنا گیا ہو، دستخط ہوں گے۔

(2) تحریر مذکور جب از جانب وکیل قبول کر لی جائے، عدالت میں داخل کی جائے گی اور تاوقتیکہ وہ بذریعہ کسی تحریری دستخطی موکل یا وکیل (یعنی جیسا موقع ہو) بدغلہ عدالت کی اجازت سے منسوخ نہ کردی جائے یا تاوقتیکہ مؤکل یا وکیل فوت نہ ہو یا مقدمہ کی تمام کاروائیاں جہاں تک اس مؤکل سے علاقہ رکھتی ہوں اختتام کو نہ پہنچیں، نافذ سمجھی جائے گی۔

(3) ضمنی دفعہ (2) کے مقاصد کے لئے برائے نظر ثانی فیصلہ (Review of judgment) درخواست زیر دفعہ 144 یا 155 ضابطہ ہذا کسی نالش بہ حکم یا ڈگری کے حکم کے خلاف اپیل اور درخواست یا کوئی فعل برائے حصول نقل دستاویزات یا نالش میں پیش کردہ یا شامل کردہ دستاویزات کی واپسی یا عدالت میں جمع کنندہ رقم کی بازیابی یا تعلق نالش بہ سبب ایک نالش کی کاروائیاں متصور ہوں گی۔

(4) ہائی کورٹ بذریعہ حکم عام ہدایت کرے گی کہ ایک شخص جس نے ایک وکیل کو مقرر کیا ہے اپنا نام لکھنے سے معذور ہے، وہ اپنا نشان دستاویز جس پر کہ اس نے وکیل مقرر کیا ہے، لگائے گا جس پر شہادت (تصدیق) ایسے شخص کی ہوگی جس کی حکم میں طریقہ کی وضاحت ہوگی۔

(5) کوئی وکیل جو کہ صرف پیروی کے لئے مقرر کیا گیا ہے کسی فریق کی جانب سے پیروی نہ کر سکے گا تاوقتیکہ اس نے عدالت میں حاضری کی یادداشت اس کی دستخطی شامل نہ کی ہو، جس میں یہ درج

Marfat.com

ہوگا:۔

(اے) نام فریقین مقدمہ۔

(بی) نام اس فریق کا جس کی طرف سے وہ پیش ہو رہا ہے۔

(سی) اس شخص کا نام جس نے حاضر عدالت ہونے کا اختیار دیا ہے۔

شرط یہ ہے کہ اس ضمنی دفعہ کا اطلاق ایسے پلیڈر پر نہ ہوگا جسے اس طریق کے لئے دوسرے پلیڈر نے مقرر کیا ہے جو کہ بضابطہ طور پر عدالت میں پیروی کرنے کے لئے اس ضمن میں اس فریق نے مقرر کیا ہے۔

## شرح

**وکیل اپیل دائر کرسکتا ہے:** وکیل نے اپیل دائر کی مگر اس تاریخ پر اس کے پاس مختار نامہ نہ تھا بعدازاں داخل کئے گئے مختار نامہ پر وہی دستخط موجود تھے جو کہ اپیل پر تھے۔ اس صورتحال میں قرار پایا کہ اگر اپیل کی دائری میں کوئی بے قاعدگی ہوئی ہو تو وہ قابل معافی ہے۔ (1995ء سی ایل سی 531)

**5.Service of process on pleader.**

**قاعدہ 5-وکیل پر حکمنامہ کی تعمیل:** حکم نامہ جات عام اس سے کہ ان میں فریق مقدمہ کے اصالتاً حاضر ہونے کا حکم ہو یا نہ ہو جو کسی حکمنامہ کی تعمیل وکیل پر فریق کے وکیل پر تعمیل کئے جائیں یا وکیل کے دفتر یا مسکن معمولی پر چھوڑ دیئے جائیں ایسے متصور ہوں گے کہ گویا خود موکل کو پہنچا دیئے گئے اور موکل کو ان کی اطلاع ہوگئی اور بجز اس صورت کے کہ عدالت دیگر طرح پر حکم دے ویسے ہی موثر ہوں گے کہ گویا وہ اصالتاً فریق مذکور کو دیئے گئے یا خود اس پر ان کی تعمیل کی گئی۔

**6. Agent to accept service.**

**قاعدہ 6-ایجنٹ حکمنامے کی تعمیل قبول کرے:** (1) علاوہ تسلیم شدہ ایجنٹ کے جن کا ذکر قاعدہ 2 میں ہوا ہے ہر شخص جو عدالت کے علاقہ کے اندر رہتا ہو، حکمنامہ کی تعمیل کو قبول کرنے کے لئے ایجنٹ مقرر ہو سکتا ہے۔

*(2) Appointment to be in writing and to be filed in Court.*

**(2) تقرری تحریری طور پر ہو اور عدالت میں داخل کی جائے:** 2- جائز ہے کہ ایسا تقرر خاص ہو یا عام مگر تحریری ہونا لازم ہے اور اس پر مقرر ہونے والے کے دستخط ہوں گے اور وہ تحریر یا اگر تقرر عام ہو تو اس کی نقل مصدقہ عدالت میں داخل کی جائے گی۔

Marfat.com

## آرڈر 4[1]

## INSTITUTION OF SUITS

# ارجاع نالشات

**1. Suits to be commenced by plaint.**

قاعدہ 1- دعویٰ کی ابتداء عرضی دعویٰ سے ہوگی: (1) ہر دعویٰ اس طرح دائر ہوگا کہ عرضی دعویٰ عدالت میں یا اس عہدہ دار کے پاس جو عدالت سے اس کام کے لئے مقرر ہو، داخل کیا جائے۔

(2) ہر عرضی دعویٰ کے مطابق قواعد مندرجہ آرڈر نمبر 6 و 7 کے ہوگا جہاں تک کہ قواعد مذکور قابل اطلاق ہیں۔

قاعدہ 2- رجسٹر مقدمات دیوانی (Register of suits): عدالت ہر دعویٰ کی تفصیلات ایک رجسٹر نامہ درج کرائے گی، جسے اس مقصد کیلئے رکھا جائے گا جس کا نام رجسٹر مقدمات دیوانی ہوگا۔ ایسے اندراج ہر سال بالترتیب نمبروار اس ترتیب سے درج ہوں گے جس ترتیب سے وہ دائر (admitted) کئے گئے ہیں۔



Marfat.com

# آرڈر 5

## Issue & Service of Summons

## اجراو تعمیل سمن

### Issue of Summons

### اجرائے سمن

**قاعدہ 1- سمن:۔**

1- جب نالش باضابطہ رجوع ہو جائے جائز ہے کہ سمن مدعا علیہ کے نام اس حکم سے جاری کیا جائے کہ وہ تاریخ مندرجہ سمن پر عدالت میں حاضر ہو کر دعویٰ کی جواب دہی کرے۔
مگر شرط یہ ہے کہ اگر عرض دعویٰ داخل ہونے کے وقت مدعا علیہ عدالت میں حاضر ہو کر مدعی کے دعویٰ سے اقبال کر چکا ہو تو سمن اس کے نام جاری نہ کیا جائے گا۔

2- مدعا علیہ جس کے نام سمن حسب مضمون ضمنی قاعدہ (1) جاری کیا جائے۔
(الف) خواہ اصالتاً "In person"-
(ب) معرفت کسی وکیل کے جس کو بخوبی ہدایت کر دی گئی ہو اور جو تمام سوالات ضروری متعلقہ مقدمہ کا جواب دے سکے یا۔
(ج) معرفت کسی وکیل کے جس کے ہمراہ ایسا کوئی شخص ہو جو تمام سوالات مذکور کا جواب دے سکے حاضر ہو سکتا ہے۔

3- ایسے ہر سمن پر جج یا اس عہدہ دار کے دستخط ثبت ہوں گے جس کو جج اس کام پر مقرر کرے اور اس پر عدالت کی مہر ثبت کی جائے۔



Marfat.com

## قاعدہ 2- سمن کے ساتھ عرضی دعویٰ کی نقل یا بیان مختصر رہنا چاہیے:

ہر سمن کے ساتھ عرضی دعویٰ کی ایک نقل یا بشرط اجازت عدالت ایک بیان مختصر بھیجا جائے گا۔

## قاعدہ 3- عدالت مدعا علیہ یا مدعی کو اصالتاً حاضر ہونے کا حکم دے سکتی ہے

1- اگر عدالت کے نزدیک مدعا علیہ کا اصالتاً حاضر ہونا ضرور ہو تو سمن میں اس کی نسبت یہ حکم ہو گا کہ مدعا علیہ عدالت میں بتاریخ مصرحہ سمن اصالتاً In person حاضر ہونے کا حکم دے۔

## قاعدہ 4- کسی فریق کو اصالتاً حاضر ہونے کا حکم نہ دیا جائے گا اور باشندگان بعض حدود کے:

کسی فریق کی نسبت اصالتاً حاضر ہونے کا حکم نہ دیا جائے گا اور اس صورت میں کہ اس کی سکونت!

(الف) عدالت کے معمولی اختیار سماعت ابتدائی Original jurisdiction کی حدود ارضی کے اندر ہو۔ یا

(ب) حدود مذکور کے باہر ہو مگر عدالت سے پچاس میل سے کم فاصلہ پر ہو یا اگر ریل یا اسٹیمر یا کوئی اور مقرر عام سواری Public conveyance اس کی سکونت سے مقام عدالت تک کہ چھٹے حصے کے پانچ گونہ فاصلہ پر چلتی ہو تو مقام عدالت سے دو سو میل سے کم فاصلہ پر ہو۔

## قاعدہ 5- سمن واسطے قرارداد امور تنقیح طلب یا انفصال قطعی کے ہو گا:

عدالت سمن جاری کرتے وقت اس امر کا تصفیہ کرے گی کہ آیا سمن صرف تنقیحات کے فیصلے کے لیے ہوں گے یا برائے قطعی انفصال Disposal of suits

Marfat.com

مقدمہ کے ہوں گے۔ سمنوں میں اس قسم کی ہدایت ہوگی۔

مگر شرط یہ ہے کہ ہر مقدمہ مسموعہ Suit heard عدالت مطالبہ جات خفیفہ Court of small causes میں سمن واسطے تصفیہ قطعی مقدمہ کے جاری کیا جائے گا۔

## قاعدہ 6- تقرر تاریخ واسطے حاضری مدعا علیہ :

مدعا علیہ کی حاضری کے لیے تاریخ مقرر کرنے کے وقت عدالت مراتب مندرجہ ذیل کا خیال رکھے گی یعنی قلت یا کثرت کا مرجوعہ کا اور مدعا علیہ کی سکونت کا مقام اور مدت جو سمن کی تعمیل کی لیے ضروری ہے اور وہ تاریخ ایسی مقرر کی جائے گی کہ مدعا علیہ کو تاریخ مقررہ تک حاضر ہو کر مقدمہ کی جواب دہی کرنے کی مہلت کافی ملے۔

## قاعدہ 7- سمن میں حکم ہوگا کہ مدعا علیہ وہ جملہ دستاویزات پیش کرے جن پر وہ استدلال کرنا چاہتا ہو :

سمن میں جس کی رو سے حاضر ہونے اور جواب دہی کرنے کا حکم ہو مدعا علیہ کے نام یہ حکم مندرج ہوگا کہ تمام دستاویزات جو اس کے قبضہ یا اختیار میں ہوں جن پر مدعا علیہ کو اپنی جواب دہی کی تائید کے لیے استدلال کرنا منظور ہو پیش کرے۔

## قاعدہ 8- جب سمن واسطے انفصال قطعی کے ہو تو مدعا علیہ کو ہدایت ہوگی کہ اپنے گواہ پیش کرے :

جب سمن واسطے انفصال قطعی مقدمہ کے ہو اس میں مدعا علیہ کو ہدایت کی جائے گی کہ جو تاریخ اس کی حاضری کے لیے مقرر ہوئی ہو اس پر جملہ گواہ جن کی گواہی پر اپنی جواب دہی کی تائید میں اس کو استدلال کرنا منظور ہو پیش کرے۔

## Services of Summons

## تعمیل سمن

## قاعدہ 9 حوالگی یا ارسال سمن واسطے تعمیل کے :

Marfat.com

(1) اگر مدعا علیہ اس عدالت کے علاقہ کے اندر رہتا ہو جہاں نالش رجوع ہوئی ہو یا وہاں کوئی اس کا ایجنٹ رہتا ہو جو سمن لینے کا مجاز ہو تو اگر عدالت کوئی خاص حکم نہ دے سمن اہل کار مناسب کو اس غرض سے حوالہ کیا جائے گا یا اس کے نام بھیجا جائے گا کہ وہ خود یا معرفت اپنے کسی ماتحت کے اس کی تعمیل کرے۔

(2) اہل کار مذکور ایسی عدالت کا بھی اہل کار ہو سکتا ہے جو وہ نہ ہو کہ جہاں نالش رجوع ہوئی ہو اگر وہ ایسا اہل کار ہو تو سمن بسبیل ڈاک یا اور طرح جیسا کہ عدالت ہدایت کرے اس کے پاس بھیجا جائے گا۔

[(3) بجز اس کے کہ عدالت بصورت دیگر ہدایت کرے، متعلقہ افسر یا اس ضمن میں اس کی طرف سے مجاز کردہ کوئی افسر سمن کی تعمیل کرائے گا اور سمن کے اجراء کے پندرہ یوم کے اندر اسے عدالت کو واپس کرے گا۔]

**قاعدہ 10۔ طریقہ تعمیل (Mode of Service):** تعمیل سمن کی اس طرح ہوگی کہ اس کی ایک پرت دستخطی جج یا دستخطی ان عہدہ دار کے جس کو جج اس غرض سے مقرر کرے اور ثبت مہر عدالت حوالہ یا پیش کی جائے گی۔

**قاعدہ 10 اے۔ تعمیل بذریعہ ڈاک (Service by post):** (1) قاعدہ نمبر 9 کے تحت جاری کردہ سمن کے ساتھ ساتھ بھیجی جائے گی بجز اس کے کہ عدالت کی جانب سے یہ صورت دیگر حکم نہ دیا گیا ہو۔

مدعا علیہ کے نام [1][بذریعہ کوریئر سروس] اور رجسٹری ڈاک مع رسید واپسی، سمن کی ایک نقل جس پر اسی طریقہ سے دستخط اور مہر ثبت ہوگی جیسا کہ قاعدہ 10 میں مشروط کیا گیا۔

(2) ایک رسید جس پر اُس مدعا علیہ کے دستخط ہونا ضروری ہوں جو کہ کسی رجسٹر شدہ مراسلے یا کسی انڈورسمنٹ کو [2][کوریئر کے پیغام] رساں یا ڈاک خانہ کے ملازم کی طرف سے وصول کرے اور یہ کہ مدعا علیہ اُسے وصول کرنے سے انکار کرنے، اُسے عدالت کی طرف سے بادی النظر میں سمن جاری کرنے کے مترادف تصور کیا جائے گا۔

**قاعدہ 11۔ تعمیل کئی مدعا علیہم پر (Service on several defendants)**

برعایت مضمون دیگر دفعات جب ایک سے زیادہ مدعا علیہم (defendants) ہوں تو لازم ہے کہ ہر ایک مدعا علیہ کے سمن کی تعمیل کی جائے۔

---

[1] الفاظ ''کوریئر سروس'' کا اضافہ۔ نوٹیفکیشن نمبر 300 رولز نمبر 11 / وائی-26، مورخہ 2 اکتوبر 2001ء کے ذریعے کیا گیا۔

[2] الفاظ ''کوریئر پیامبر'' کا اضافہ نوٹیفکیشن نمبر 300 رولز نمبر 11 / وائی 26 مورخہ 2 اکتوبر 2001ء کے ذریعے کیا گیا۔ پی ایل ڈی 2001ء فیڈرل سٹیچو 1046۔

Marfat.com

## قاعدہ 12- تابہ امکان تعمیل مدعا علیہ کی ذات پر ورنہ اس کے کارندہ پر ہوگی:

جب ممکن ہو سمن کی تعمیل مدعا علیہ کی ذات پر کی جائے گی الا اس عالمین کہ اس کا کوئی کارندہ سمن لینے کا مجاز ہو کہ اس وقت کارندہ کو سمن دینا کافی ہوگا۔

## قاعدہ 13- تعمیل کارندہ پر جس کے ذریعہ سے مدعا علیہ کاروبار کرتا ہو:

1- اگر نالش کسی کاروبار یا کام کی بابت ایسے شخص کے نام ہو تو عدالت جاری کنندہ سمن کے اختیار سماعت کی حدود ارضی کے اندر سکونت نہ رکھتا ہو تو تعمیل سمن کی کسی سربراہ کار یا کارندہ پر جو بروقت تعمیل سمن بذات خود اس کاروبار یا کام کو اس شخص کی طرف سے حدود مذکور کے اندر کرتا ہو تعمیل کافی متصور ہوگی۔

2- اسی قاعدہ کی غرض کے لیے ناخدا کسی جہاز کے مالک یا کرایہ کرنے والے کا کارندہ سمجھا جائے گا۔

## قاعدہ 14- تعمیل مہتمم انچارج جائیداد متدعویہ پر:

اس نالش میں جو کہ واسطے داد رسی کے نسبت جائیداد غیر منقولہ یا معاوضہ نقصان جائیداد و غیر منقولہ کے ہو اگر سمن کی تعمیل مدعا علیہ کی ذات پر نہ ہو سکے اور مدعا علیہ کا کوئی ایسا ایجنٹ نہ ہو جس کو سمن لینے کا اختیار ہو تو جائز ہے کہ سمن کی تعمیل مدعا علیہ کے کسی ایجنٹ مہتمم Incharge جائیداد مزکور پر کی جائے۔

## قاعدہ 15- تعمیل مدعا علیہ کے اہل خاندان بالغ مذکور پر کب کی جائے:

اگر کسی مقدمہ میں مدعا علیہ دستیاب نہ ہوسکے اور کوئی ایجنٹ بھی اس کا نہ ہو جو اس کی طرف سے سمن لینے کا مجاز ہو تو جائز ہے کہ تعمیل سمن مذکور کی مدعاعلیہ کے کسی خاندان بالغ از مذکر پر جو اس کے ساتھ رہتا ہو کی جائے۔

**تشریح:**

Marfat.com

ملازم حسب معنی اس قاعدہ کو اہل خاندان میں داخل نہیں ہے۔

## قاعدہ 16- جس شخص پر تعمیل کی جائے اس کو رسید پر دستخط کرنا ہوں گے

جب سمن لے جانے والا سمن کی نقل مدعا علیہ کو اصالتاً" یا مدعا علیہ کے لیے کے کسی ایجنٹ اور شخص کو حوالہ یا اس کے پاس حاضر کرے تو سمن لے جانے والے ضروری ہے کہ اس شخص سے جس کو نقل سمن حوالہ ہو یا جس کے روبرو نقل مذکور کی جائے سمن کی تعمیل کے اقبال پر اصل سمن کی پشت پر دستخط کرا لے۔

## قاعدہ 17- طریق کار جب مدعا علیہ تعمیل سے انکار کرے یا دستیاب نہ سکتا ہو:

اگر مدعا علیہ یا اس کا ایجنٹ یا دیگر شخص مذکورہ بالا دستخط کرنے سے انکار کرے اگر اہل کار تعمیل کنندہ کو بعد کوشش بلیغ Reasonable diligence کے مدعا علیہ مل سکے اور کوئی ایجنٹ اس کا نہ ہو جو اس کی طرف سے سمن لینے کا مجاز ہو اور کوئی دوسر شخص بھی نہ ہو جس پر سمن کی تعمیل ہو سکے تو اہل کار تعمیل کنندہ سمن کی ایک نقل اس مکان کے صدر دروازہ یا کسی اور منظر عام پر چسپاں کر دے گا جس میں مدعا علیہ عموماً" رہتا ہو یا کاروبار کرتا ہو یا حصول منفعت بذات خاص کوئی کام کرتا ہو اور بعد ازاں اصل سمن جاری کرنے والی عدالت کو واپس کر دے گا اور اس کی پشت پر یا کسی پرچہ منسلکہ پر یہ لکھ دے گا کہ اس طور پر نقل چسپاں کی گئی اور چسپاں کرنے کے حالات اور نام اور پتہ اس شخص کا (اگر کوئی ایسا شخص ہو) کہ جس کے ذریعہ سے مکان مذکور کی شناخت ہوئی ہو اور جس کے سامنے نقل چسپاں کی گئی ہو اس تحریر میں درج کرے گا۔

## قاعدہ 18- سمن کی پشت وقت اور طریقہ تعمیل لکھنا چاہیے:

جملہ صورتوں میں جب سمن کی تعمیل بموجب قاعدہ 16 کے کی جائے۔ اہل کار تعمیل کنندہ کو لازم ہے کہ اصل سمن کی پشت پر یا کسی پرچہ منسلکہ پر یہ حال خود لکھے یا کسی اور سے لکھائے کہ سمن کی تعمیل کس وقت اور کس طور پر کی گئی۔ نیز نام اور پتہ اس شخص کا درج کرنا چاہیے (اگر کوئی ایسا شخص ہو) جس نے اس کی شناخت پر سمن کی تعمیل ہوئی اور جس نے یہ بھی دیکھا ہو کہ سمن اس کے حوالے یا پیش کیا گیا۔

Marfat.com

## قاعدہ 19- اہل کار تعمیل کنندہ کا اظہار:

جب کوئی سمن بموجب قاعدہ کے واپس آئے تو عدالت کو اگر واپس متعلقہ قاعدہ مذکور کی تصدیق اہل کار تعمیل کنندہ کے حلف نامہ سے نہ ہوئی ہو لازم ہوگا اور اگر واپس کی تصدیق حسب مذکور ہوئی ہو تو عدالت کو اختیار ہوگا کہ اہل کار تعمیل کنندہ کو حلف دے کر حال کاروائی کا جو اس نے کی ہو' وہ دریافت کرے یا کسی دوسری عدالت کی معرفت دریافت کرائے اور جائز ہے کہ اس باب میں تحقیقات مزید جو اس کی دانست میں مناسب ہو عمل میں لائے اور خواہ یہ قرار دے گی کہ تعمیل حسب ضابطہ ہوگئی یا جس طور پر کہ اس کی دانست میں مناسب ہو اس کے تعمیل کرنے کا حکم دے گی۔

## قاعدہ 20- تعمیل بدل:

1- جہاں عدالت مطمئن ہو کہ یہ یقین کرنے کی وجہ موجود ہے کہ مدعا علیہ Defendent سمن کی تعمیل سے گریز کرنے کی غرض سے (موقع پر) دستیاب نہیں ہوتا ہے یا یہ کہ کسی دیگر وجہ سے بطریق معمول سمن کی تعمیل نہیں کرائی جا سکتی ہے تو عدالت سمن کی تعمیل کا طریق ذیل حکم دے گی:۔

(الف) اس مکان کے اگر کوئی ہو کسی نمایاں حصے پر سمن کی نقل چسپاں کر کے جس کی بابت معلوم ہو کہ وہ مدعاعلیہ کی آخری جائے سکونت تھی یا وہ وہاں کاروبار کرتا تھا یا نفع کے لیے ذاتی طور پر کام کرتا تھا' یا

(ب) کسی برقی ذریعہ اطلاع (Electronic device of communication) سے جس میں ٹیلیگرام' ٹیلیفونی پیام یا اطلاع (Phonogram) ٹیلیکس (Telex) فیکس (Fax) ریڈیو اور ٹیلی وژن شامل ہیں' یا

(ج) ارجنٹ میل سروس یا پبلک کوریئر سروسز' یا

(د) اس علاقے میں جہاں مدعا علیہ رہتا ہے' ببانگ دہل (by beat of drum) یا

(ہ) پریس میں مشتہر کر کے' یا

(ر) کسی اور طریقے یا ذریعے سے جسے عدالت مناسب خیال کرے۔

Marfat.com

لیکن شرط یہ ہے کہ عدالت تعمیل (سروس) کے متذکرہ بالا تمام طریقوں اور ذرائع کو یک د
ان میں سے کسی ایک کو استعمال کرنے کا حکم دے سکے گی۔

(2) اثر تعمیل بدل: سمن کی تعمیل اس طریقہ پر جو بجائے طریقہ معمول کے عدالت کے حکم
مستعمل کیا جائے اسی طرح موثر (effectual) ہوگی کہ گویا سمن کی تعمیل مدعا علیہ پر اصالتاً کی گئی تھی۔

(3) تعمیل بدل کی صورت میں حاضری کے لئے وقت مقرر ہونا چاہیے: جب
سمن کی تعمیل اس طریقہ سے ہو جیسا حکم عدالت کے کی جائے تو عدالت مدعا علیہ کی حاضری کے لئے اس قد
معیاد مقرر کرے گی جو یہ حالت اس صورت کے مناسب معلوم ہو۔ [''جو عام طور پر پندرہ یوم سے متجاوز نہیں
ہوگی۔'']

**21-Service of summons where defendant resides within jurisdiction of another Court.**

قاعدہ 21- تعمیل جب مدعا علیہ کسی دوسری عدالت کے علاقہ میں سکونت رکھتا
ہو۔: جب سمن کسی عدالت کی طرف سے جاری ہو تو جائز ہے کہ عدالت جاری کنندہ اس کو بذریعہ ڈاک یا
اپنے کسی اہل کار کے ساتھ کسی عدالت میں (سوائے ہائی کورٹ کے) جس کے علاقہ میں مدعا علیہ رہتا ہو
ارسال کرے خواہ یہ عدالت اسی صوبہ میں واقع ہو جہاں عدالت جاری کنندہ ہو یا کسی دوسرے صوبہ میں۔

قاعدہ 22-: حذف ہوا۔ [Omitted by the A.O., 1949]

**23-Duty of Court to which summons is sent.**

قاعدہ 23- فرض اس عدالت کا جس میں سمن بغرض تعمیل بھیجا جائے: جس عدالت
میں سمن بموجب قاعدہ 21 بھیجا جائے وہ اس کے وصول ہونے پر اسی طرح کاروائی کرے گی گویا خود اس
نے سمن جاری کیا تھا۔ بعد ازاں اس سمن کو اس کاروائی کے ساتھ جو اس کے متعلق کی گئی ہو (اگر کچھ کاروائی
ہو) عدالت جاری کنندہ کے پاس مرسل (return) کرے گی۔

Marfat.com

## قاعدہ 24- تعمیل مدعا علیہ جیل میں:

اگر مدعا علیہ قید میں ہو تو لازم ہے کہ سمن بذریعہ ڈاک یا اور کسی طریق سے افسر مہتمم Incharge جیل خانہ کے پاس بھیجا جائے کہ مدعا علیہ پر اس کی تعمیل کرائے۔

## قاعدہ 25- تعمیل جب مدعا علیہ پاکستان کے باہر رہتا ہو اور کوئی ایجنٹ نہ رکھتا ہو:

اگر مدعا علیہ پاکستان کے باہر رہتا ہو اور پاکستان میں ایسا کوئی ایجنٹ نہ رکھتا ہو جو سمن لینے کا مجاز ہو تو سمن لفافہ میں بند ہو کر مدعا علیہ کے پاس (ماسوائے ان صورتوں کے جو قاعدہ 26 الف میں مذکور ہوئیں) اس کے گھر کے پتہ سے بذریعہ ڈاک مرسل کیا جائے گا اگر اس کے مکان سے اس مقام تک جہاں عدالت واقع ہے ڈاک جاری ہو۔

## قاعدہ 26- تعمیل غیر علاقوں میں معرفت پولیٹکل ایجنٹ یا عدالت کے:

(الف) یہ تعمیل اختیارات صیغہ غیر ممالک (یا زائد صوبجاتی اختیار سماعت مرکزی حکومت) کو تفویض ہوں ایک پولیٹکل ایجنٹ مقرر ہوا یا کوئی عدالت مقرر ہوئی یا قائم رکھی گئی ہو جس کو اس امر کا اختیار حاصل ہو کہ کسی سمن مجازیہ عدالت تحت ایکٹ ہذا کی تعمیل کسی غیر علاقہ میں جہاں مدعا علیہ سکونت رکھتا ہو کرائے یا

(ب) صوبجاتی گورنمنٹ نے بذریعہ نوٹیفکیشن بذریعہ سرکاری گزٹ میں اعلان کر دیا ہو کہ کسی عدالت کے متعلق جو کسی علاقے میں واقع ہو اور وہ کسی ایسی مذکورہ اختیار سماعت نہ ہو تو قائم ہوئی ہو یا جاری ہے۔ ایسی عدالت کی سمنوں کی تعمیل جو اس ضابطے کے تحت کسی صوبجاتی عدالت نے جاری کیے ہوں جائز تصور کی جاوے گی۔

تو جائز ہے کہ سمن مدعا علیہ پر تعمیل پانے کی غرض سے پولیٹکل ایجنٹ کے پاس یا عدالت میں بذریعہ ڈاک یا اور طرح پر بھیجا جائے اور اگر پولیٹکل ایجنٹ یا عدالت سمن کو ساتھ عبارت ظہری Endorsement دستخطی پولیٹکل ایجنٹ مذکور یا جج دیگر افسر عدالت کے واپس کرے کہ سمن کی تعمیل حسب طریقہ مقرر مدعا علیہ پر کر دی گئی تو وہ عبارت ظہری سمن کی تعمیل کا ثبوت سمجھی جائے گی۔

Marfat.com

**26-A. Service on civil public officer or on servant of railway company or local authority, in India.**

قاعدہ 26 (اے)۔ ہندوستان میں ماسوائے فوجی، بحری یا ہوائی فوج کے ملازمین کے ریلوے یا مقامی جماعت کے ملازمین پر سمنوں کی تعمیل: جب کہ مدعاعلیہ گورنمنٹ آف انڈیا کی (ماسوائے محکمہ فوج، بحری، ہوائی فوج) کسی ریلوے کمپنی، کسی مقامی جماعت ہندوستان میں ملازم ہے سمن ایک نقل جو کہ مدعاعلیہ کو اپنے لئے رکھتی ہو اس درخواست کے ساتھ بھیجی جائے کہ اس کی تعمیل مدعاعلیہ پر کی جائے:۔

(اے) ایسی صورت میں کہ مدعاعلیہ گورنمنٹ آف انڈیا کے معاملات کے متعلق ملازم ہے یا ہندوستان میں کسی ریلوے کا ملازم ہے سمن بنام سیکرٹری، گورنمنٹ آف انڈیا کے معاملات وزارت معاملات اندرونی (ہوم) بھیجے جائیں گے۔

(بی) اگر مدعاعلیہ گورنمنٹ آف انڈیا کے کسی اور معاملات میں ملازمت کر رہا ہے یا کسی مقامی جماعت کے ملازم کی صورت میں ہندوستان میں ہے، بنام ہوم سیکرٹری اس گورنمنٹ کی یا جیسی بھی صورت ہو گورنمنٹ کے اس ہوم سیکرٹری کے نام کہ جس کے علاقے میں مقامی جماعت اپنے حدود سماعت رکھتی ہے، بھیجے جائیں گے۔

**27-Service on civil public officer or on servant of railway company or local authority.**

قاعدہ 27- تعمیل سول افسر سرکاری یا ملازم ریلوے کمپنی یا مقامی جماعت: اگر مدعاعلیہ افسر سرکاری ہو (مگر پاکستان کی افواج بری یا بحری سروس سے تعلق نہ رکھتا ہو) یا کسی ریلوے کمپنی یا مقامی جماعت کا ملازم ہو تو عدالت کو اگر یہ محسوس ہو کہ سمن بہت آسانی سے مدعاعلیہ پر اس طریقہ سے تعمیل ہو سکیں گے، سمن کو مدعاعلیہ پر تعمیل ہونے کے لئے اس دفتر کے صدر دفتر کے پاس ارسال کرے گی جس میں مدعاعلیہ ملازم ہو اور سمن کی ایک نقل مدعاعلیہ کو دی جائے گی۔

**28-Service on soldiers, sailors or airmen.**

قاعدہ 28- تعمیل سپاہی، جہازی یا ہوا باز پر: اگر مدعاعلیہ سپاہی یا جہازی Sailor یا ہوا باز ہے تو عدالت سمن تعمیل کے لئے سمن مع ایک نقل جو کہ مدعاعلیہ کو دینی ہو اس کے کمانڈنگ افسر کے پاس بھیجے گی۔

**29- Duty of person to whom summons is delivered or sent for service.**

قاعدہ 29- فرض اس شخص کا جس کے حوالہ سمن تعمیل کے لئے کیا جائے:

Marfat.com

1- جب سمن حسب قاعدہ 24 یا 27 یا 28 تعمیل کے لیے کسی شخص کے حوالہ کیا جائے یا اس کے پاس بذریعہ ڈاک بھیجا جائے تو اس کو لازم ہوگا کہ حتی الامکان اس کی تعمیل کرائے اور بعد اپنے دستخط کے اور مدعاعلیہ سے رسید لکھوا کے اس کو واپس کرے اور یہ دستخط تعمیل کا ثبوت سمجھا جائے گا۔

2- اگر کسی وجہ سے تعمیل ممکن نہ ہو تو سمن عدالت میں مع پوری کیفیت وجہ عدم تعمیل اور ان تدابیر کے جو تعمیل کی نسبت عمل میں آئیں واپس بھیجا جائے گا اور یہ کیفیت سمن کی عدم تعمیل Non-Servici کا ثبوت متصور ہوگی۔

## قاعدہ 30- خط بجائے سمن۔

1- عدالت کو اختیار ہے کہ باوجود کسی عبارت مندرجہ دفعات ماسبق کے سمن کے عوض ایک خط جس پر جج کے دستخط یا کسی اور عہدہ دار کے دستخط ثبت ہوں جس کو جج اس کام کے لیے مقرر کرے۔ مدعا علیہ کے نام بھیجے جب کہ اس کا رتبہ عدالت کی دانست میں ایسی مراعات کے لائق ہو۔

2- اس خط میں جو ضمن قاعدہ (1) کی رو سے بھیجا جائے وہ تمام مراتب درج ہوں گے جو سمن میں درج ہونا چاہیے اور یہ مطابق احکام مندرجہ ضمن قاعدہ (2) وہ بہمہ وجوہ ایک سمن سمجھا جائے گا۔

3- جو خط بجائے سمن لکھا گیا ہو وہ بذریعہ ڈاک یا معرفت قاصد منتخب کیے ہوئے عدالت کے یا اور کسی طریقہ سے جو عدالت کے نزدیک مناسب ہو مدعا علیہ کے پاس بھیجا جائے گا اور جب کہ مدعا علیہ ایسا کوئی ایجنٹ رکھتا ہو جو سمن لینے کا مجاز ہو تو جائز ہے کہ وہ اس ایجنٹ کے حوالہ کیا جائے یا بذریعہ ڈاک اس کے پاس بھیجا جائے۔

Marfat.com

آرڈر 6
# Pleadings Generally
## پلیڈنگ عام طور پر

دستور العمل دیوانی: جب مطابقت رکھنے والے احکامات وشرط موجود ہوں کسی مجموعہ ضابطہ دیوانی میں تو ایسے موضوع سے متعلق احکامات وشرائط جو کہ دستور العمل دیوانی میں موجود ہوں تو وہ منسوخ تصور ہوں گے جو کہ فیڈرل لاز (سٹیچویٹ ریفارم) آرڈیننس (نمبر 21 مجریہ 1960) کی دفعہ (4) کے تحت منسوخ تصور ہوں گے۔

(پی ایل ڈی 1983ء کوئٹہ 114+پی ایل ڈی 1977ء کوئٹہ 79-)

**قاعدہ 1 - پلیڈنگ (pleading)**: پلیڈنگ سے عرضی دعویٰ (plaint) یا بیان تحریری (written statement) مراد ہے۔

## شرح

**پلیڈنگ کیا ہے؟**: کسی بھی دیوانی مقدمہ میں فریقین پلیڈنگز ہی کی بنیاد پر کامیاب یا ناکام ہوتے ہیں جنہیں ابتدائی طور پر مدنظر رکھا جاتا ہے جو کہ شہادت کے وقت زیرغور رکھا جاتا ہے۔ (پی ایل ڈی 1994ء پشاور 209= پی ایل جے 1994ء پشاور 84= این ایل آر 1994 سی ایل جے 707-بہت کڑا قسم کا نظریہ جو کہ فنی بنیاد پر ہو جو کہ پلیڈنگز کے بارے میں کسی مواد کے اصل کے لحاظ کے بغیر ہو اور اس کا نتیجہ انصاف کے تقاضوں کو مات دیتا ہو اور اسی اصل مقدمہ بازی کی طرف مائل ہو تو ایسی صورت میں اس کی حمایت نہیں کی جاسکتی۔

(پی ایل جے 1984ء ایس سی 1= 1984ء پی ایس سی 276)

**تحریری بیان**: پلیڈنگز بذات خود شہادت نہیں ہوتی اور مدعا علیہ کا بیان جو کہ تحریری بیان کی صورت میں ہوا سے شہادت کے طور پر استعمال نہیں کیا جاسکتا جب مدعی کے عذرات کی قبولیت کے مترادف ہو کسی متعلقہ فریق کی جرح و جانچ پڑتال کے بغیر ہوں اس کی سپورٹ میں۔ (2000ء ایس سی ایم آر 1391-)

**2. Pleading to state material facts and not evidence.**

**قاعدہ 2- پلیڈنگ سے واقعات نفس مقدمہ ظاہر ہونا چاہیے نہ کہ ثبوت**: پلیڈنگ میں صرف ایک مختصر بیان ان واقعات نفس مقدمہ کا درج ہوگا جس پر کسی فریق کو اپنے دعویٰ یا جواب دہی میں استدلال کرنا منظور ہو۔ کوئی شہادت جن سے واقعات مذکور کو ثابت کیے جائیں، درج نہ ہوگا۔ ہر پلیڈنگ میں دفعات نمبروار درج ہوں گی اور تاریخ اور رقوم اور نمبر ہندسہ لکھے جائیں گے۔

## شرح

**اہم واقعہ (matarial fact)**: اتھارٹی کا عرضی دعویٰ پر دستخط کرنا مجموعہ ضابطہ دیوانی کے آرڈر



Marfat.com

کے نمبر 6 قاعدہ نمبر 2 کے تحت ایک اہم امر واقعہ ہے۔ امر دریافت طلب کہ آیا وہ شخص جس نے عرضی دعویٰ پر دستخط کیے تھے کیا وہ باضابطہ طور پر مجاز تھا یا نہ، یہ ایک اہم امر واقعہ تھا۔ وہ تمام واقعات جو کہ اگرچہ ضروری نہ ہوں جو کہ بنائے دعویٰ یا دفاع کو ثابت کرنے کے لئے ضروری نہ ہوں لیکن جواب دہی کرنے والے فریق کے لئے ثابت کرنا ضروری ہوں، وہ بھی مجموعہ ضابطہ دیوانی کے آرڈر نمبر 6 قاعدہ نمبر 2 کے تحت اہم واقعات کہلاتے ہیں۔

(پی ایل ڈی 2003ء کراچی 156 (اے))

**قاعدہ 3- پلیڈنگ کے فارم (Forms of pleading):** جملہ پلیڈنگ کے واسطے جو فارم ضمیمہ (الف) میں دیئے ہوئے ہیں اگر کارآمد ہوں ورنہ دوسرے فارم قریب قریب اسی طرح کے استعمال ہوں گے۔

**4. Particulars to be given where necessary.**

**قاعدہ 4- کون سی تفصیلات بشرط ضرورت درج ہونی چاہئیں:** جملہ صورتوں میں جن میں پلیڈنگ پیش کرنے والے کو کسی خلاف بیانی (misrepresentation) یا فریب (fraud) یا نقص امانت یا قصور یا دباؤ ناجائز پر استحصال کرنا منظور ہو اور جملہ دیگر صورتوں میں جن سوائے مراتب مندرجہ فارم مذکور کے مراتب دیگر کا بھی لکھنا جس کی تشریح ضروری ہو، مراتب دیگر بھی (معہ تفصیل تاریخ وغیرہ کے اگر ضرورت ہو)، درج ہوں گے۔

**5. Further and better statement, or particulars.**

**قاعدہ 5- مزید اور بہتر بیان یا تفصیلات:** ایک مزید اور بہتر بیان دعویٰ یا جواب دہی کی نوعیت کا، یا پلیڈنگ میں بیان کردہ تفصیلات مزید اور بہتر تمام مقدمات میں ایسی شرائط اور خرچہ یا بصورت دیگر پیش کرنے کا جو حق بجانب ہو، حکم دیا جائے گا۔

**قاعدہ 6- شرط لازمی (Condition precedent):** مدعی اور مدعا علیہ کو لازم ہے کہ وہ شرط لازمی جس کے ایفا یا وقوع کی نسبت جیسی بھی صورت ہو، پر بحث ہو اپنے پلیڈنگ میں صاف طور پر بیان کریں اور اس کے مطابق جو بیان کیا جانا جملہ شرائط لازمی کے ایفا یا وقوع کا جو مدعی یا مدعا علیہ کے مقدمہ کے واسطے ضروری ہو، اس کے پلیڈنگ سے سمجھ لیا جائے گا۔

**قاعدہ 7- تجاوز (Departure):** کسی پلیڈنگ میں کوئی نئی بنائے دعویٰ درج نہیں کی جائے گی سوائے بطور ترمیم کے نہ کوئی امر واقعہ سابق پیش کردہ پلیڈنگ سے متصادم اسی فریق کا بیان کیا جائے گا۔

**قاعدہ 8- معاہدہ سے انکار (Denial of contract):** جب کسی پلیڈنگ میں کسی معاہدہ پر عذر کیا جائے اور فریق ثانی اس سے انکار کرے تو اس انکار سے اس خاص معاہدہ یا ان امور واقعہ سے انکار سمجھا جائے گا جن سے معاہدہ ثابت ہوتا ہو نہ کہ معاہدہ مذکور کے جواز یا اس کے قانوناً کامل ہونے سے انکار سمجھا جائے گا۔

**9. Effect of document to be stated.**

**قاعدہ 9- دستاویز کا اثر بیان ہونا چاہیے:** جب کسی دستاویز (document) کے مضامین نفس مقدمہ (material) ہوں تو پلیڈنگ (pleading) میں دستاویز کے اثر (effect) کا بیان

Marfat.com

نہایت اختصار کے ساتھ کافی ہوگا پوری دستاویز یا اسکے کسی جزو کی نقل کی ضرورت نہیں ہے۔ الا جب کہ الفاظ دستاویز یا اس کے کسی جزو کے الفاظ ہی نفس مقدمہ Material ہوں۔

## قاعدہ 10- عداوت کا علم:

جب کسی شخص کی عداوت یا ارادہ فریب آمیز Fraudulent یا علم یا دیگر عداوت کا اظہار ضروری ہو تو کیفیات کا بطور واقعہ بیان کرنا کافی ہے۔ ان حالات کے بیان کی کچھ ضرورت نہیں جن سے وہ ثابت ہوتی ہوں۔

## قاعدہ 11- نوٹس:

اگر یہ ظاہر کرنا ہو کہ کسی شخص کو کسی واقعہ یا معاملہ یا چیز کی اطلاع تھی اس اطلاع کو بطور واقعہ بیان کرنا کافی ہوگا۔ الا جب کہ طریقہ اطلاع یا اس کے ٹھیک الفاظ یا وہ حالات جن سے اطلاع ثابت ہوتی ہے نفس مقدمہ ہوں۔

## قاعدہ 12- مفہومی معاہدہ یا تعلق:

اگر کوئی معاہدہ یا تعلق درمیان اشخاص سلسلہ وار خطوط یا گفتگو یا اس کے علاوہ دیگر واقعات سے پایا جائے تو معاہدہ یا تعلق مذکور کو بطور واقعہ بیان کرنا اور خطوط یا گفتگو یا واقعات کا حوالہ دینا کافی ہوگا بغیر اس کے کہ ان کی تفصیل دی جائے اور اگر ایسی صورت میں وہ شخص جو پلیڈنگ پیش کرے ایک سے زیادہ معاہدات یا تعلق کو واقعات مذکور سے پائے جاتے ہوں بطور بدل Alternative بیان کرنا ضروری سمجھے تو اس کو اختیار ہے کہ ان کو اس طور سے بیان کرے۔

## قاعدہ 13- قیاس قانون:

ضروری نہیں کہ کوئی فریق پلیڈنگ میں ایسا امر واقعہ بیان کرے جس کا قیاس قانوناً اس کی طرفداری میں ہو سکتا ہو یا جس کا بار ثبوت فریق ثانی پر ہو الا جب کہ پہلے صراحت کے ساتھ اس سے انکار کیا جائے (مثلاً قیمت بل ایکسچینج کی جب کہ مدعی صرف بل پر نالش کرے نہ کہ واسطے قیمت کے جو دعویٰ کی اصل بنیاد ہے)

Marfat.com

## قاعدہ 14- پلیڈنگ پر دستخط ہونا چاہیے:

لازم ہوگا کہ ہر پلیڈنگ پر فریق اور س کا وکیل (اگر کوئی وکیل ہو) دستخط کرے بشرطیکہ جب پلیڈنگ پیش کرنے والا فریق بوجہ غیر حاضری یا کسی اور وجہ معقول کے دستخط نہ کر سکے تو جائز ہے کہ وہ شخص اس پر دستخط کرے جو اس کی طرف سے اس پر دستخط کرنے یا نالش یا جواب دہی کرنے کے واسطے مختار ذی اختیار دیا گیا ہو۔

## قاعدہ 15- پلیڈنگ کی تصدیق:

1- برعایت مضمون دیگر قانون نافذالوقت کے ہر پلیڈنگ کے نیچے پلیڈنگ پیش کرنے والا فریق یا منجملہ چند فریق کے ایک یا کوئی اور شخص جس کا مقدمہ کے واقعات سے واقف ہونا حسب اطمینان عدالت ثابت ہوا ہو اس کی تصدیق کرے گا۔

2- تصدیق کنندہ پلیڈنگ کی دفعات کی نسبت بالتصریح Specify لکھے گا کہ کس کی تصدیق وہ اپنے علم سے کرتا ہے اور کس کی تصدیق اور لوگوں کے بیان سے کرتا ہے اور اس کو صحیح باور کرتا ہے۔

3- عبارت تصدیق پر تصدیق کرنے والے کے دستخط ہوں گے اور تاریخ اور مقام کا نام بھی لکھا جائے گا جس جگہ اس نے دستخط کیے ہوں گے۔

## قاعدہ 16- اخراج پلیڈنگ:

عدالت کو اختیار ہے کہ مقدمہ کے کسی مرحلے پر کوئی چیز غیر ضروری یا لغو Scandalous ہو یا جس سے تجویز مقدمہ میں طرفداری یا وقت یا تاخیر ہونے کا احتمال ہو پلیڈنگ نکال ڈالے Stuck out یا اس کی ترمیم کر دے۔

## قاعدہ 17- پلیڈنگ کی ترمیم:

عدالت مقدمہ کے ہر مرحلہ پر اجازت دے سکتی ہے کہ کوئی فریق بطرز مناسب اپنے پلیڈنگ بدل دے یا ترمیم کر دے۔ ایسی شرائط اور طریق پر جو مناسب ہوں اور ترمیمات صرف وہی کی جائیں گی جو واسطے تصفیہ اصل متنازعہ مابین فریقین کے ضروری ہوں۔

Marfat.com

### قاعدہ 18- اگر بعد ملنے حکم ترمیم کے ترمیم نہ کی جائے:

اگر کوئی فریق جس کو ترمیم کی اجازت ازروئے حکم مل گئی ہو اندر مدت معینہ حکم مذکور یا اگر کوئی مدت حکم میں معین نہ ہو تو تاریخ اصدار حکم سے چند روز کے اندر بمطابق حکم مذکور کے ترمیم نہ کرے تو وہ بعد گزر جانے مدت معینہ یا چودہ روز مذکور کے یعنی جیسا موقع ہو کوئی ترمیم نہ کر سکے گا۔ الا جب کہ مذکور کو عدالت بڑھا Extend کر دے۔

Marfat.com

# آرڈر 7

## Plaint

## عرضی دعویٰ:

### قاعدہ 1- تفصیلات عرضی دعویٰ میں شامل ہوں گی:

عرضی دعویٰ میں تفصیلات مفصلہ ذیل درج ہوں گے:۔

(الف) نام اس عدالت کا جس میں نالش رجوع کی جائے۔
(ب) نام' ولدیت اور قوم و پیشہ وغیرہ اور جائے سکونت مدعی Plaintiff کی۔
(ج) نام اور ولدیت اور قوم اور پیشہ اور جائے سکونت مدعا علیہ Defendant کی جہاں تک کہ دریافت ہو سکے۔
(د) اگر مدعی یا مدعا علیہ نابالغ یا فاترالعقل Unsound mind ہو تو اس امر کے متعلق بیان ہوگا کہ وہ ایسا ہے۔
(ر) وہ واقعات جو مقدمہ کی بنائے دعویٰ ہوں اور یہ کہ بنائے دعویٰ کب پیدا ہوئی۔
(و) وہ واقعات جن سے معلوم ہو کہ عدالت کو اختیار سماعت حاصل ہے۔
(ر) استدعا دادرسی Relief کی جو مدعی چاہتا ہو۔

(ب) اگر مدعی نے دعویٰ میں کچھ مجراہ Set-off دیا ہو یا دعویٰ کے کسی جزو کو ترک کیا ہو تو مجراہ دیئے ہوئے یا ترک Relinquish کیے ہوئے جزو کی رقم۔ اور
(ط) بیان مالیت سے شئے متدعویہ کا بغرض اختیار سماعت فیس عدالت جہاں تک کہ ممکن ہو۔

### قاعدہ 2- عرضی دعویٰ نالشات نقدی میں:

اگر مدعی زر نقد پانے کا دعویدار ہو تو عرضی دعویٰ کی صحیح رقم لکھی جائے گی۔



Marfat.com

مگر جو نالش زر دواصلات کی ہو اور جو نالش اس طرح کی ہو کہ زر یافتنی مدعی اس کے اور مدعا علیہ کے درمیان حسابات غیر طے شدہ کے لئے جانے پر معلوم ہوگا اس میں عرضی دعویٰ کے اندر زر متدعویہ کی صرف تعداد تخمینی لکھنی کافی ہوگی۔

**3-Where the subject-matter of the suit is immovable property.**

**قاعدہ 3- جب کہ شئے متدعویہ جائیداد غیر منقولہ ہو:** جب کہ شئے متدعویہ جائیداد غیر منقولہ ہو تو عرضی دعویٰ میں اس قدر کیفیت جائیداد کی کہ جس سے اس کی شناخت ہو سکے، درج ہونا چاہیے اور اگر جائیداد مذکور کی حدود یا نمبر کاغذات بندوبست یا پیائش میں درج ہوں تو عرضی دعویٰ میں ان کی صراحت ہونا چاہیے۔

**4-When plaintiff sues as representative.**

**قاعدہ 4- جب مدعی بہ حیثیت قائم مقام نالش کرے:** جب کہ مدعی بہ حیثیت قائم مقامی کے نالش کرے تو عرضی دعویٰ میں نہ صرف یہ ظاہر کیا جائے گا کہ مدعی شئے مدعا بہا میں ایک واقعی غرض موجود رکھتا ہے بلکہ یہ بھی لکھا جائے گا کہ اس کے دلا پانے کے نالش کرنے کے لئے جو کاروائی ضروری تھی اس کو مدعی عمل میں لا چکا ہے۔

**5-Defendant's interest and liability to be shown.**

**قاعدہ 5- مدعا علیہ کی غرض ذمہ داری ظاہر ہونے چاہیے:** عرضی دعویٰ میں یہ ظاہر کرنا چاہیے کہ مدعا علیہ شئے مدعا بہا میں غرض رکھتا ہے یا غرض رکھنے کا دعویٰ کرتا ہے اور ذمہ دار اس بات کا ہے کہ مدعی کے مطالبہ جواب دہی اس سے کرائی جائے۔

**6-Grounds of exemption from limitation law.**

**قاعدہ 6- وجوہ استثنا قانون معیاد بیان ہونا چاہیے:** اگر نالش اس مدت کے بعد رجوع کی جائے جو قانون حد سماعت میں مقرر ہے تو عرضی دعویٰ میں یہ لکھا جائے گا کہ مدعی اپنے دعویٰ کو کیوں قانون مذکور کی تاثیر سے مستثنیٰ سمجھتا ہے۔

**7-Relief to be specifically stated.**

**قاعدہ 7- دادرسی کی خاص طور پر صراحت ہونا چاہیے:** دعویٰ میں دادرسی متدعویہ خواہ ایک ہی یا ایک کی بجائے دوسرے کے صراحت کے ساتھ بیان ہونا چاہیے۔ یہ لکھنا ضروری نہیں کہ دادرسی عام طور پر یا دیگر نہج سے کی جائے کیونکہ اس کی نسبت عدالت ہمیشہ جو حق سمجھے گی وہی فیصلہ کرے گی۔ اسی طرح گویا کہ اس کی صراحت کر دی گئی تھی اور یہی قاعدہ مدعا علیہ کی دادرسی (relief) سے بھی متعلق ہوگا۔

☆.....آرڈر 7 رول 11 نیز دفعہ 115 ضابطہ دیوانی 1908ء عدالت عالیہ نے قرار دیا کہ عدالت اپیل جب کبھی عدالت ماتحت کے فیصلہ کے خلاف دائر کردہ اپیل کی کاروائی کی سماعت کر رہی ہو تو trial court کی تمام پاور استعمال کر سکتی ہے اور عرضی دعویٰ کو زیر آرڈر 7 رول 11 ضابطہ دیوانی کے تحت خارج بھی کر سکتی ہے۔ بشرطیکہ وہ دعویٰ قانوناً زائد المیعاد/ممنوع یعنی (Barred by Law) ہو۔ لہٰذا عدالت عالیہ نے بھی

Marfat.com

عدالت اپیل کے فیصلے کو درست قرار دیتے ہوئے نگرانی خارج فرمادی۔ (پی ایل جے 2003ء لاہور 148)

## شرح

دادرسی: آرڈر 2 رول 2 کے مطابق مدعی کو ان تمام دادرسیوں کے متعلق دعویٰ کرنا چاہیے جن کا وہ حقدار ہے اور جو اسی بنائے دعویٰ سے اسے حاصل ہوں اور جب وہ ایسا نہیں کرتا تو اسے ماسوائے عدالت کی اجازت کے دعویٰ دائر کرنے کا حق نہیں پہنچتا خصوصاً اس دادرسی کے بارے میں جسے اس نے ترک کر دیا تھا۔ مدعی ہرجانہ کا مطالبہ کرسکتا ہے یا رقم یا تکمیل معاہدہ مختص یا حکم امتناعی یا استقرار حق کا یا اسی طرح کے کئی اور دعویٰ جات کرسکتا ہے، اسی طرح دادرسی میں ترمیم زیر آرڈر 6 رول 17 حاصل کی جاسکتی ہے۔ (1989ء ایس سی ایم آر 787)

اس دادرسی کے علاوہ جو عدالت کے اختیار میں ہے کہ وہ مہیا کرے اور بھی ایسی دادرسی جو انصاف کے تقاضوں کے مطابق ہو، عدالت مہیا کرسکتی ہے۔ (پی ایل ڈی 1993ء سپریم کورٹ 109)

تاہم کچھ پابندیاں اور استثنائی صورتیں ہیں اس رول کے تحت ان حدود کو نظر انداز کر کے دادرسی نہیں دی جاسکتی جو عدالت نے مقرر کی ہیں۔ (1993ء ایس سی ایم آر 2397)

مدعی ایسی صورت میں ان حقائق اور دستاویزات کی بناء پر دادرسی حاصل کرنے کا حقدار نہیں جنہیں نہ ہی اس نے پلیڈنگز میں بیان کیا اور نہ ہی ان کا حوالہ دیا ہے۔ (1991ء ایم ایل ڈی 1523)

**8-Relief founded on separate grounds.**

**قاعدہ 8- جو دادرسی علیحدہ وجوہ پر مبنی ہو:** جب مدعی نسبت چند متعدد دعاوی یا بناہائے دعویٰ کے جو علیحدہ علیحدہ وجوہ پر مبنی ہوں، دادرسی چاہے تو وہ سب حتی الامکان علیحدہ علیحدہ بیان چاہیے۔

[1] **قاعدہ 9- کاروائی بعد منظور عرضی دعویٰ:** 1- مدعی کو لازم ہے کہ عرضی دعویٰ پر تحریر ظہری لکھے، یا اس کے ساتھ ملفوف کرے ان دستاویزات (اگر کوئی) ہوں، کی ایک فہرست جو اس نے اس (یعنی عرضی) کے ساتھ پیش کی ہیں۔

(1-A) لازم ہے کہ مدعی اپنے عرضی دعویٰ کے ساتھ پیش کرے۔

(اے) عرضی دعویٰ کی اتنی ہی نقول سادہ کاغذ پر جتنی کی مدعا علیہان کی تعداد علاوہ ازیں دو زاید نقول، بجز اس کے کہ عدالت، عرضی دعویٰ کی طول طویل عبارت کی وجہ سے مدعا علیہان کی تعداد کی وجہ سے، یا کسی دیگر معقول وجہ پر اسے اجازت دے کہ اتنی ہی تعداد میں مختصر بیان دعویٰ کی نوعیت کے بارے میں پیش کرے جو اس نے کیا ہے، یا اس دادرسی کی جو نالش میں چاہی گئی ہے۔ اس صورت میں اسے لازم ہے کہ ایسا بیان پیش کرے اور۔

(بی) سمنوں کے فارموں کا مسودہ اور ان کے تعمیل کروانے کے لئے فیس پیش کرے۔

(2) اگر مدعی بہ حیثیت قائم مقامی Representative نالش کرے یا مدعا علیہ پر یا مدعا

[1] تبدیل شدہ اور داخل شدہ بروئے لا ریفارمز آرڈیننس 1972ء دفعہ 2 اُردو جدول۔

Marfat.com

علیہم میں سے کسی پر بہ حیثیت قائم مقامی نالش کی جائے تو بیانات مذکور سے واضح ہونا چاہیے کہ مدعی کس حیثیت سے نالش کرتا ہے یا مدعا علیہ پر کس حیثیت سے نالش ہوئی ہے۔

(3) مدعی کو اختیار ہے کہ باجازت عدالت بیانات مذکور کو اس غرض سے درست کرے کہ وہ عرضی مضمون کے مطابق ہو جائیں۔

(4) عدالت کا اعلیٰ اہل کار (Chief Ministerial Officer) احکام کی تعمیل کرنے والا اس یادداشت اور نقلوں یا بیانات متذکرہ پر اس صورت میں دستخط کرے گا جب وہ ان کا معائنہ (examination) کرنے کے وقت ان کو صحیح پائے۔

قاعدہ 10- واپسی عرضی دعویٰ **(Retun of plaint)**: (1) عرضی دعویٰ مقدمہ کی کسی نوبت پر (at any stage) اس عدالت میں داخل ہونے کے لئے جس میں مقدمہ دائر ہونا چاہیے، واپس کیا جائے گا۔

(2) عرضی دعویٰ واپس کرنے کے وقت جج عرضی دعویٰ کی پشت پر اس کے ادخال کی تاریخ اور نیز تاریخ واپسی کی اور نام شخص پیش کنندہ کا اور مختصر حال اس امر کا کہ کس وجہ سے واپس کیا گیا، لکھ دے گا۔

قاعدہ 11- نامنظوری عرضی دعویٰ **(Rejection of plaint)**: نیچے لکھی ہوئی صورتوں میں عرضی دعویٰ نامنظور کیا جائے گا:

(اے) اگر عرضی دعویٰ سے کوئی بنائے دعویٰ ظاہر نہ ہوتی ہو۔

(بی) اگر دادرسی متدعویہ (relief claimed) کا تعین مالیت کم کیا گیا ہو اور مدعی اس معیاد کے اندر جو عدالت مقرر کرے گی، عدالت کے حکم کے بموجب کی مالیت کی اصلاح نہ کرے۔

(سی) اگر دادرسی متدعویہ کا تعین واجبی کیا گیا ہو لیکن عرضی دعوے کی قیمت کے اسٹامپ پر تحریر ہوا ہو اور جب مدعی کو عدالت حکم دے کہ وہ اندر معیاد معینہ عدالت کے اسٹامپ مطلوبہ کو پورا کر دے اور وہ اس میں قاصر رہے۔

(ڈی) اگر عرضی دعویٰ کے بیان سے نالش کسی قانون کی رو سے ممنوع السماعت (barred by any law) ہو۔

## شرح

استرداد عرضی دعویٰ میں مدعی کے مقدمہ کی کمزوری یا مضبوطی نہیں دیکھی جاتی بلکہ اگر بنائے دعویٰ یا ممنوع بروئے قانون زائد المیعاد ہو تو ہی دعویٰ خارج کیا جانا چاہیے۔ (2003ء ایم ایل ڈی 9)

Marfat.com

آرڈر 7 رول 11 ضابطہ دیوانی ہمراہ دفعہ 7 (v) آرٹیکل 1 شیڈول II,I کورٹ فیس ایکٹ، 1870ء۔ دعویٰ عدم چسپا عدگی کورٹ فیس کی بناء پر خارج فرمادیا گیا جس کی اپیل بھی اس بناء پر خارج ہوئی، ہائی کورٹ کے بعد جب معاملہ سپریم کورٹ پہنچا تو عدالت عظمیٰ نے قرار دیا کہ فنی وجوہ کی بناء پر حق سے محروم نہیں کرنا چاہیے۔ لہٰذا اجازت اپیل کو اپیل میں تبدیل کرتے ہوئے کیس کو ریمانڈ فرمادیا گیا کہ میرٹ پر فیصلہ کریں۔

(2003ء ایس سی ایم آر 157)

**12-Procedure on rejecting plaint.**

**قاعدہ 12- کارروائی بعد نامنظوری عرضی دعویٰ:** جب عرضی دعویٰ یا نامنظور کیا جائے تو جج کو لازم ہے کہ حکم نامنظوری کا معہ وجہ اس حکم کے تحریر کرے۔

**13-Where rejection of plaint does not preclude presentation of fresh plaint.**

**قاعدہ 13 - نامنظوری عرضی دعویٰ تازہ عرضی دعویٰ پیش کرنے میں مانع ہیں:** نامنظور ہونا عرضی دعویٰ کا بربنا کسی وجہ منجملہ وجوہ مرقومہ بالا بطور مانع (preclude) اس کا نہ ہوگا کہ مدعی اس بنائے دعویٰ کی بابت عرضی دعویٰ نہ گزارے۔

## عرضی دعویٰ میں استدلال شدہ دستاویزات

### *Documents Relied on in Plaint*

**14-Production of document on which plaintiff sues.**

**قاعدہ 14- ایسی دستاویزات کا پیش کرنا جن کی بناء پر مدعی نالش کرتا ہے:** 1- اگر مدعی کسی دستاویزات کی رو سے نالش کرے جو اس کے پاس یا اس کے اختیار میں ہو، اس کو لازم ہے کہ دستاویز مذکور عرضی دعویٰ داخل کرنے کے وقت عدالت میں پیش کرے اور دستاویز یا اس کی ایک نقل عرضی دعویٰ کے ساتھ منسلک ہونے کے لئے اسی وقت عدالت کے حوالے کرے۔

**فہرست دستاویزات:** 2- اگر مدعی کسی اور دستاویزات پر اپنے دعویٰ کی تائید میں بطور ثبوت کے استدلال کرے عام اس سے کہ وہ اس کے پاس یا اس کے اختیار میں ہوں یا نہ ہوں تو اس کو لازم ہے کہ دستاویزات مذکور کو ایک فہرست میں درج کرے جو عرضی دعویٰ میں شامل یا اس کے ساتھ منسلک (annexed) کی جائے۔

Marfat.com

## قاعدہ 15- بیان اس صورت میں کہ دستاویزات اس کے اختیار اور قبضہ میں نہیں ہیں!

اگر کوئی ایسی دستاویزات مدعی کے پاس یا اس کے اختیار میں نہ ہو تو جہاں تک ممکن ہو مدعی یہ ظاہر کرے گا کہ وہ کس کے قبضہ یا اختیار میں ہے۔

## قاعدہ 16- قابل انتقال دستاویزات گمشدہ کی بنا پر نالشیں:

جب کوئی مقدمہ کسی کاغذ قابل انتقال پر مبنی ہو اور کاغذ مذکور کا گم ہو جانا ثابت ہو اور مدعی اس بات کا اقرار نامہ حسب اطمینان عدالت لکھ دے کہ آئندہ اگر کوئی اور شخص اس کاغذ کی رو سے دعویٰ کرے اس کی جواب دہی کے سر رہے گی تو عدالت اسی طرح ڈگری صادر کرے سکے گی جس طرح اس صورت میں صادر کرتی جب کہ مدعی کاغذ مذکور کو اپنے عرضی دعویٰ کے ساتھ عدالت میں پیش کرتا اور معاً کاغذ کی ایک نقل عرضی دعویٰ کے ساتھ منتھی ہونے کے لیے داخل کر دیتا۔

## قاعدہ 17- بہی کھاتہ پیش کیا جانا:

1- برعایت صورت ہائے متذکرہ ایکٹ شہادت متعلق بہی کھاتہ مہاجنی مصدرہ 1891ء Bankers Books Evidence Act, 1891ء اگر دستاویز جس کی رو سے مدعی نالشی ہو کسی کھاتہ یا دوسری بہی کی رقم ہو جو اس کے پاس یا اس کے اختیار میں ہو تو مدعی کو لازم ہے کہ عرضی دعوے داخل کرنے کے وقت وہ اصلی بہی اور نقل رقم کی جس پر اس کو استدلال Relies ہے پیش کرے۔

2- عدالت یا وہ اہل کار جس کو عدالت اس کام کے لیے مقرر کرے فوراً with Forth اس دستاویز شناخت کے لیے کچھ نشان لگائے گا اور نقل کو معائنہ اور اصل کے ساتھ مقابلہ کر کے اور اگر نقل صحیح پائی جائے اس کی صحت کی تصدیق لکھ کر اصل بہی مدعی کو واپس کرے گا اور اس کی نقل کو شامل مسل کرے گا۔

## قاعدہ 18- جو دستاویز بروقت گزرنے عرضی دعویٰ کے پیش نہ کی جائے وہ بعد میں نہ لی جائے گی:-

Marfat.com

1- جو دستاویز کہ مدعی کو بروقت گزارنے عرضی دعوے کے عدالت میں پیش کرنے یا جو فہرست مندرجہ یا منسلکہ عرضی دعوئی میں داخل کرنی ضروری ہو اگر وہ اسی طور پر پیش نہ کی جائے یا داخل نہ کی جائے تو مقدمہ کی سماعت کے وقت بغیر اجازت عدالت کے اس کی طرف سے وجہ ثبوت نہ کی جائے گی۔

2- اس دفعہ کی کوئی عبارت ان دستاویزات سے متعلق نہیں ہے جو مدعا علیہ کے گواہوں سے جرح کے سوالات Cross-examination کرنے کے لیے یا بجواب کسی مقدمہ کے جو مدعا علیہ نے قائم کیا ہو عدالت میں پیش ہوں یا جو کسی گواہ کو محض اس کی یاد دہی کے لیے دی جائیں۔

## قاعدہ 19- عرضی دعوئی کے ساتھ پتہ شامل کیا جائے!

1- ہر عرضی دعوے یا عرضی کے ساتھ لازم ہے کہ کارروائی دی جائے اور اس پتے کو بتایا جائے جس پر نوٹس' سمن یا دیگر قانونی کاروائی مدعی کو یا عرضی دہندہ کو بھیجی جائے۔

2- مدعیان یا عرضی دہندگان کے شامل کرنے کے بعد لازم ہے کہ اس طور پر شامل ہوتے ہی اس نوعیت کی کارروائی Proceedings شامل مسل کریں۔

3- جو پتے قاعدہ ہذا کے تحت شامل مسل کیے جائیں گے ان کو اس رجسٹر میں درج کیا جائے گا جو (رجسٹر) ایسی نالشات کے لیے ہو جو آرڈر چہارم قاعدہ 2 کے تحت بنایا گیا ہو۔

## قاعدہ 20- پتوں کی نوعیت جو داخل مسل ہوں گے:

تعمیل کروانے کے لیے پتہ جو کارروائی قاعدہ کے تحت شامل مسل کیا جائے ایسے ڈسٹرکٹ کورٹ کی مقامی حدود کے اندر ہونا چاہیے جس کے اندر نالش یا عرضی شامل مسل کی گئی ہو' یا اس ڈسٹرکٹ کورٹ کے حدود کے اندر جس میں فریق عام طور پر رہائش رکھتا ہو۔

## قاعدہ 21- پتہ داخل مسل نہ کرنے کے نتائج:

Marfat.com

جہاں کوئی مدعی یا عرضی دہندہ پتہ واسطے تعمیل کرانے کے داخل مسل کرنے سے قاصر رہے وہ مستوجب Filed ہوگا اس امر کا کہ اس کی نالش خارج کر دی جائے یا اس کی نامنظور کر دی جائے اس عدالت کی جانب سے یا کوئی فریق ایسے حکم کے لیے درخواست کر سکتا ہے جو اسی نوعیت کا ہو اور عدالت ایسا حکم دے سکتی ہے جیسا کہ وہ مناسب سمجھے۔

## قاعدہ 22- ضابطہ کار جب کہ فریق اپنے پتہ پر نہ پایا جائے!

-1 اگر فریق اس پتہ پر نہ پایا جائے جو اس نے تعمیل کے لیے دیا تھا اور کوئی ایجنٹ یا بالغ مرد رکن اس کے خاندان کا جس پر نوٹس' سمن یا دیگر قانونی کاروائی کی تعمیل کروائی جا سکتی ہو موجود نہ ہو (تب) نوٹس' سمن یا دیگر قانونی کارروائی کی ایک نقل کو اس کے گھر کے بیرونی دروازے پر چسپاں کر دیا جائے گا۔

-2 اگر اس تاریخ کو جو مقرر ہو ایسا فریق حاضر نہ ہو' دوسری تاریخ مقرر کی جائے گی. اور نوٹس سمن یا دیگر قانونی کارروائی کی ایک نقل مذکورہ بالا کے پتے پر بذریعہ ڈاک رجسٹری شدہ بھیجی جائے گی اور ایسا بھیجا جانا متصور ہوگا کہ اتنا ہی موثر Effectual ہے جتنا کہ گویا نوٹس سمن یا دیگر قانونی کارروائی اسے دستی تعمیل کروائی کی گئی تھی۔

## قاعدہ 23- پلیڈر پر تعمیل!

جہاں ایک فریق کسی وکیل (پلیڈر) کو مقرر کر لے' اس پر نوٹس یا سمن یا دیگر قانونی کاروائیاں برائے تعمیل اسی طور پر تعمیل کروائی جائیں گی جو آرڈر سوئم' قاعدہ 5 میں مروجہ Prescribbed کیا گیا بجز اس کے کہ عدالت ہدایت کرے کہ اس پتے پر بھیجی جائے تو اس فریق نے تعمیل کے لئے دیا ہے۔

## قاعدہ 24- پتے میں تبدیلی!

ایک فریق جو خواہاں ہو کہ اس کو تعمیل کروانے کے لے پتہ تبدیل کیا جائے اسے پہلے بیان کردہ طریقے پر ایک عرضی تصدیق شدہ داخل مسل کرنی ہوگی اور عدالت ریکارڈ میں حسبہ ترمیم کرنے کا حکم دے گی۔ ایسی عرضی کا نوٹس دیگر فریقین نالش کو اس طرح دیا

Marfat.com

جائے گا جیسا کہ عدالت مطلع کرنے کے لیے ضروری سمجھے اور یا تو وہ وکیلوں پر تعمیل کروایا جائے گا جو ایسے فریقین کے ہوں یا ان کو بذریعہ ڈاک رجسٹری شدہ بھیجا جائے گا' جیسا کہ عدالت مناسب سمجھے۔

## قاعدہ 25- دیگر طریقوں سے تعمیل کروانا!

ان قواعد میں کوئی امر عدالت کے مانع نہ ہوگا۔ نوٹس' سمن اور دیگر قانونی کارروائی کی تعمیل کروانے کی ہدایت دینے میں کسی دیگر طریقے پر' اگر کسی بھی وجہ سے اسے مناسب معلوم ہو کہ ایسا کرنا چاہیے۔

## قاعدہ 26- مدعی کے قانونی قائم مقاموں کی فہرست !-

1- ہر نالش میں اس نوعیت کی جس کا حوالہ قاعدہ 3 آرڈر بائیسواں میں دیا گیا' عرضی دعویٰ کے ساتھ بیان شامل ہوگا جس میں تفصیل ہوگی۔

(الف) ان اشخاص کے نام اور پتے جو' مدعی کی موت واقع ہونے کی صورت میں' اس کے قائمقامان قانونی کے بطور فریق بنائے جاسکیں۔

(ب) نام اور پتہ اس شخص کا جو' مدعی کی موت واقع ہونے کی صورت میں ایسے واقعہ کو عدالت کو بتائے۔ مدعی کے قانونی نمائندگان کے نام' پتے اور تفصیلات عدالت کو پیش کرے اور قائمقامان قانونی کے فریق بنانے کے بارے میں عرضی دے۔

2- مدعی کسی بھی وقت پر:۔

(الف) عدالت میں ترمیم شدہ فہرست' اپنے قیاسی قائمقامان قانونی کی داخل مسل کر سکتا ہے۔

(ب) کسی دوسرے شخص کو نامزد کر سکتا ہے اس شخص کی جگہ جسے ضمنی قاعدہ (1) کی شق (ب) کے تحت نامزد کیا ہو' اسی شق کے مقاصد کے لیے۔

3- ضمنی قاعدہ (1) کی شق (ب) کے تحت جو نامزدگی کی گئی ہوں' جب تک کہ ضمنی قاعدہ (2) کی شق (ب) کے تحت ترمیم نہ کروائی گئی ہو' نافذالعمل رہے گی نالش کے دوران پوری مدت تک اور کسی کارروائیوں تک جو اس کی وجہ سے پیدا ہوں' بشمول اپیل' نگرانی اور نظر ثانی۔

Marfat.com

# WRITTEN STATEMENT & SET-OFF

## بیان تحریری اور مجرا

**قاعدہ 1۔ بیان تحریری (Written statement):** مدعاعلیہ [1][××××] پہلی سماعت پر یا اس سے قبل یا ایسے وقت کے اندر جس کی عدالت اجازت دے، اپنی صفائی کے لئے ایک تحریری بیان پیش کرے گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ تحریری بیان داخل مسل کرنے کے لئے جو مدت دی گئی ہے وہ (30 دن) سے زائد نہ ہو۔

[2][مگر شرط یہ ہے کہ تحریری بیان پیش کرنے کے لئے دو سے زائد تاریخیں نہ دی جائیں گی]

**تحریری بیان کا دائر کیا جانا:** تحریری بیان عرضی دعویٰ سے متعلق عذرات کا ایک جواب تصور کیا جاتا ہے۔ تحریری بیان کو ایک تسلیم شدہ صورت میں اور بعض قواعد کے تابع تصور کیا جاتا ہے اور اسے حلف یا بیان حلفی پر لیا جاتا ہے۔ (1989ء سی ایل سی 1949 = این ایل آر 1991ء یو سی 459) کسی حکم امتناعی میں کسی درخواست کا جواب ایک تحریری بیان نہ ہے۔ (پی ایل ڈی 1970ء لاہور 184 = 22 ڈی ایل آر ڈبلیو پی 331)) ایک تحریری بیان کو لازمی طور پر مدعاعلیہ ہی کی طرف سے دائر کیا جانا چاہیئے۔ مدعاعلیہ کی طرف سے تحریری بیان کا دائر کرنا مجموعہ کے مطابق قابل منظور نہ ہے۔ (اے آئی آر 1931ء الہ آباد 333 = 53 الہ آباد 466 (ڈی بی))۔ تحریری بیان کو دائر کرنے کا اختیار، قواعد کے مطابق صرف مدعاعلیہ کو دیا جاتا ہے، جس کو کسی بھی وقت استعمال کیا جا سکتا ہے یا تو اسے سماعت سے قبل دائر کیا جائے گا یا اُس تاریخ کو جس کو عدالت نے مقرر کیا ہو۔

(1990ء ایم ایل ڈی 171 = پی ایل جے 1990ء آزاد کشمیر 1)

جہاں تحریری بیان کو مجموعہ ضابطہ دیوانی کے آرڈر نمبر 8 قاعدہ نمبر 1 کے تحت دائر کیا جائے تو آرڈر نمبر 8، قاعدہ نمبر 10 سی پی سی کا اطلاق نہ ہوگا۔

(پی ایل ڈی 2001ء لاہور 143 (ڈی بی))

**تحریری بیان کی اقسام:** دوسری اقسام کے مابین مدعاعلیہ کی طرف سے تین قسم کے تحریری بیانات دائر کئے جا سکتے ہیں یعنی (اے) حق کے طور پر جس میں عدالت کی کوئی باضابطہ یا رسمی اجازت نہیں ہوتی (رول نمبر 1) (بی) جب عدالت کی طرف سے کسی تحریری بیان کو دائر کرنا مطلوب ہو (قاعدہ نمبر 1 اور قاعدہ نمبر 9) (سی) جب کچھ حالات کے تحت یہ عدالت کی اجازت کے بعد دائر کرنا ہوں (قاعدہ نمبر 1 اور

---

1۔ لفظ "may, and, if so required by Court" کو نوٹیفکیشن نمبر 300 رولز نمبر 11۔ وائی۔ 26، مورخہ 2 اکتوبر، 2001ء کے ذریعے حذف کر دیا گیا۔ (پی ایل جے 2001ء فیڈرل سٹیچو 1046)

2۔ جملہ شرطیہ کو نوٹیفکیشن نمبر 300 رول نمبر 11۔ وائی۔ 26، مورخہ 12 اکتوبر، 2001ء کے ذریعے شامل کیا گیا۔ (پی ایل جے 2001ء فیڈرل سٹیچو 1046)۔



Marfat.com

10 کو اکٹھا پڑھتے ہوئے)۔

پی ایل ڈی 2001ء لاہور 143 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1997ء لاہور 722 (ڈی بی) 1987ء ایس سی ایم آر 1365= پی ایل جے 1987ء ایس سی 537= این ایل آر ایس سی جے 516= 1987ء پی ایس سی 912۔

**2-New facts must be specially pleaded.**

قاعدہ 2- بیان تحریری میں جدید واقعات صراحت کے ساتھ درج ہونا چاہیے: مدعا علیہ کو لازم ہے کہ اپنے بیان تحریری میں جملہ ایسے امور کے ساتھ بیان کردے جن سے ظاہر ہوتا ہو کہ مقدمہ نہیں چل سکتا (not to be maintainable) تا کہ معاملہ از روئے قانون باطل (void) یا قابل ابطال (voidable) ہے اور جملہ ایسی بنائے جواب دینے پر دعوے بھی تحریر کردے جو اگر اس میں نہ لکھی جائیں اور بعد کو پیش کی جائیں تو فریق مخالف کو یک بہ یک جواب دینے میں دقت واقع ہو یا ایسی تنقیحات واقعاتی پیدا ہو جائیں جو عرضی دعویٰ سے نہ پیدا ہوتی ہوں۔ مثلاً فریب یا عدم ساعت یا دستبرداری (release) یا آدائیگی یا تعمیل معاہدہ یا ایسے واقعات جن سے جواز نہ ظاہر ہوتا ہو۔

قاعدہ 3- انکار واضح ہونا چاہیے (Denial to be specific): مدعا علیہ کے لئے صرف اس قدر کافی ہوگا کہ بیان تحریری میں انکاران وجوہات سے جو مدعی کی طرف سے کی جائیں عام طور پر کردے بلکہ اس کو لازم ہے کہ ہر واقعہ کی نسبت جس کو وہ صحیح تسلیم نہ کرتا ہو اسے ہرجہ (damages) کے صراحت کے ساتھ لکھے کہ اس کو تسلیم نہیں ہے۔

قاعدہ 4- انکار مذبذب (Exasive denial): اگر مدعا علیہ کسی واقعہ مندرجہ عرضی دعویٰ سے انکار (denies) کرے تو اس کو چاہیے کہ مذبذب (denial) طور سے نہ کرے بلکہ جواب ٹھیک دے مثلاً اگر عرضی دعویٰ میں بیان کیا جائے کہ اس کو فلاں رقم وصول ہوئی تو جواب اس قدر کافی نہ ہوگا کہ وہ رقم نہیں وصول ہوئی بلکہ انکار صریح اس کل یا جزو رقم سے ہونا چاہیے ورنہ یہ لکھنا چاہیے کہ کس قدر روپیہ وصول پایا اور اگر کوئی واقعہ مع مختلف حالات کے ساتھ اس سے انکار کافی نہ ہوگا۔

قاعدہ 5- انکار صریح (Specific denial): ہر واقعہ متذکرہ عرضی دعویٰ جس سے انکار صراحت کے ساتھ نہ کیا جائے یا سمجھا نہ جائے یا بیان کیا جائے کہ مدعا علیہ کی پلیڈنگ میں تسلیم نہیں کیا گیا، تسلیم شدہ سمجھا جائے گا سوائے بخلاف شخص نا قابل Disability کے مگر عدالت کو اختیار ہے کہ ایسے تسلیم شدہ واقعہ کو سوائے اس کے کسی اور طرح ثابت کرنے کا حکم دے۔

**6-Particulars of set off to be given in written statement.**

قاعدہ 6- بیان تحریری میں مطالبہ مجرا طلب کی تفصیل ہونا چاہیے: 1- اگر کسی مقدمہ میں جو واسطے پانے زر نقد کے ہو، مدعا علیہ کو یہ دعویٰ ہو کہ اس کا کوئی مطالبہ معین زر نقد کا جو اس کو قانوناً مدعی سے پانا ہے اور جو عدالت کے اختیارات نقدی سے بڑھ کر نہ ہو اور دونوں فریقوں کو وہی حیثیت حاصل ہو جو مدعی کے دعویٰ میں ان کو حاصل ہے تو یہ بات جائز ہوگی کہ مدعا علیہ مقدمہ کے اول روبکار کے وقت ایک بیان تحریری جس میں اس کے مطالبہ مجرا طلب کی تفصیل ہو، داخل کرے۔

Marfat.com

## 2- اثر مجرا!

2- ایسا بیان تحریری اس قدر موثر ہوگا کہ گویا مدعا علیہ کی طرف سے عرضی دعوی دائر ہوا تھا حتیٰ کہ عدالت کو اختیار ہوگا کہ اصل دعوے اور اس کے مقابل مدعاعلیہ کے دعوے دونوں کی نسبت ایک ہی مقدمہ میں فیصلہ قطعی صادر کرے۔ لیکن تعداد ڈگری شدہ پر جو حق کسی وکیل کا بابت اس خرچہ کے ہو جو ڈگری کے بموجب اس کو پانا ہو اس پر وہ فیصلہ موثر نہ ہوگا۔

3- قواعد متعلق بیان تحریری پیش کردہ مدعا علیہ اس بیان تحریری سے بھی تعلق ہوں گے جو مجرا طلبی Set-off کے دعوے کے جواب میں گزارا جائے۔

## Illustrations

## تمثیلات

الف) زید نے دو ہزار روپے واسطے عمرو کے چھوڑے اور بکر کو اپنا وصی Executor اور موصی لہ باقی ماندہ Residuary legatee کا قرار دیا۔ عمرو فوت ہوا اور خالد نے چٹھیات مہتممی ترکہ عمرو کے حاصل کیں اور بکر نے ایک ہزار روپیہ بابت ضمانت خالد کے ادا کیے بعد ازاں خالد نے بکر پر بابت زر وصیتی کے نالش کی' بکر زر وصیتی میں سے ایک ہزار روپیہ بابت قرضہ کے مجرا نہیں پا سکتا ہے کیونکہ بکر اور خالد کی جو حیثیت نسبت ادائے مبلغ ایک ہزار روپیہ کے ہے وہی نسبت مال وصیتی کے نہیں ہے۔

(ب) زید بلا وصیت اور عمرو کا مقروض مر گیا بکر نے چٹھیات مہتممی ترکہ زید کے حاصل کیں اور عمرو نے جزو اس جائیداد کا بکر سے خرید کیا پس جو نالش بابت زر ثمن Purchase-money منجانب بکر بنام عمرو ہو اسمیں عمرو اس قیمت میں سے اپنا قرضہ مجرا نہیں پا سکتا کیونکہ یہاں بکر کی دو حیثیت مختلف ہیں ایک حیثیت بائع قائم مقامی Vendor ہونے کی بمقابلہ عمرو کے جس میں کہ وہ عمرو پر نالش کرتا ہے اور دوسری حیثیت قائم مقامی Representative زید کی ہے۔

(ج) زید نے عمرو پر بذریعہ بل آف ایکسچینج نالش کی عمرو بیان کرتا ہے کہ زید نے عمرو کے بیمہ کرانے میں بے جا غفلت Wrongfully neglected کی اور ذمہ دار

Marfat.com

معاوضہ کا ہے جو مجرا ہونا چاہیے چونکہ اس معاملہ میں تعداد رقم مجرائی متحق Ascertained نہیں ہے۔ اس لیے مجرائی ملائی جا سکتی ہے۔

(ذ) زید نے عمرو پر پانچ سو روپیہ کے بل آف ایکسچنج کے ذریعہ سے نالش کی عمرو کے پاس ایک ڈگری بنام زید بابت مبلغ ایک ہزار روپیہ کے ہے چونکہ یہ دونوں دعاوی رقوم معین زر نقد کے ہیں اس لیے ایک بمقابلہ دوسرے کے مجرا دیا جا سکتا ہے۔

(ر) زید نے عمرو پر بابت ہرجہ ایک مداخلت بیجا کے نالش کی۔ عمرو کے پاس ایک پرامیسری نوٹ ایک ہزار روپے زید کا لکھا ہوا ہے اور وہ یہ دعویٰ کرتا ہے کہ جو روپیہ زید کو اس نالش میں دلایا جائے اس میں سے یہ رقم مجرا کی جائے عمرو ایسا کر سکتا ہے' اس واسطے کہ جب زید کو روپیہ دلایا جائے گا تب دونوں رقمیں زر نقد کی معین ہو جائیں گی۔

(و) زید اور بکر نے مل کر ایک ہزار روپیہ کی نالش عمرو پر کی۔ عمرو ایسا قرضہ جو تنہا یا فتتی اس کا زید کے ذمہ ہے۔ مجرا نہیں پا سکتا ہے۔

(ز) زید نے بکر اور عمرو پر ایک ہزار روپیہ کی نالش کی۔ بکر ایسا قرضہ جو تنہا فتی اس کا زید کے ذمہ ہے مجرا نہیں پا سکتا ہے۔

(ح) زید بکر اور عمرو کی کوٹھی شراکتی بقدر ایک ہزار روپیہ کے دیندار ہے۔ بکر عمرو کو چھوڑ کر فوت ہو گیا زید نے عمرو پر بابت قرضہ تعدادی پندرہ سو روپیہ کے جس کا عمرو بذات خاص دیندار تھا نالش کی عمرو کو اختیار ہے کہ قرضہ ایک ہزار روپیہ کا مجرا لے Set-off-

## قاعدہ 7- اگر جواب دعویٰ یا مطالبہ مجرا طلب علیحدہ وجود پر مبنی ہو!

اگر مدعا علیہ متعدد اور علیحدہ بناہائے جواب دعویٰ یا مطالبہ مجرا طلب پر جو واقعات جداگانہ پر مبنی ہوں استدلال Relies کرے تو وہ سب جہاں تک ممکن ہو علیحدہ بیان ہونا چاہیے۔

## قاعدہ 8- جدید بنائے جواب دعویٰ!

کوئی بنائے جواب دعویٰ جو بعد رجوع نالش یا ادخال Presentation بیان تحریری جس میں کوئی رقم مجرا مانگی جائے پیدا ہوئی ہو اس کو مدعا علیہ یا مدعی جیسی کہ صورت ہو' اپنے بیان تحریری میں درج کر سکتا ہے۔

Marfat.com

**قاعدہ 9- مابعد کی پلیڈنگ:**

سوائے اس کے جو مطالبہ مجرا طلب کے جواب میں داخل کیا جائے کوئی بیان تحریری بعد مدعاعلیہ کے بیان تحریری کے داخل نہیں کیا جائے گا مگر باجازت عدالت اور ان شرائط پر جن کو عدالت تجویز کردے مگر عدالت کو اختیار ہے کہ جس وقت چاہے کسی فریق سے بیان تحریری یا تتمہ بیان Additional Written Statement تحریری کا طلب کرے اور اس کے داخل ہونے کے لیے ایک معیاد مقرر کرے۔

**قاعدہ 10- اگر فریق بعد حکم عدالت بیان تحریری داخل نہ کرے ا**

اگر کوئی فریق جس سے بیان تحریری طلب ہوا ہو اس معیاد کے اندر بیان تحریری داخل نہ کرے جو عدالت سے مقرر ہوئی ہو تو عدالت مجاز ہوگی کہ اس فریق کے خلاف فیصلہ کرے یا مقدمہ کی نسبت کوئی حکم دے جو مناسب معلوم ہو۔

**قاعدہ 11- تعمیل کے لیے پتہ ا**

1- ہر پارٹی خواہ وہ ابتدائی ہو شامل کی گئی ہو یا متبادل ہو جو کسی نالش کے دوران (عدالت) میں حاضر آتی ہے۔ وہ سمن، نوٹسوں یا دوسری طرح کے طلب ناموں میں جن کی تعمیل اس سے کرائی گئی ہے ان میں درج تاریخ مقررہ یا اس سے پیشتر عدالت میں ایسی تجویز پیش کرے گی جس میں اس کا قابل تعمیل پتہ درج ہوگا۔

2- ایسا پتہ رجسٹر مقدمات میں درج کیا جائے گا جسے آرڈر نمبر IV قاعدہ نمبر 2 کے تحت رکھا جاتا ہے۔

3- جہاں تک ہو سکے گا اس قاعدہ کے تحت جو پتے تعمیل کے لیے درج کیے جاتے ہیں ان پر آرڈر نمبر VIII کے قواعد نمبر 20'23'24' 35 کا اطلاق ہوگا۔

**قاعدہ 12- پتہ درج کرانے کا انجام ا**

1- جب ایک فریق گزشتہ قاعدہ کے تحت پتہ درج کرانے میں ناکام رہتا ہے تو وہ اس بات کا مستوجب ہو جاتا ہے کہ اپنے آپ کو حق جواب دہی سے محروم کردے (اگر یہ حق موجود تھا) اس طرح وہ اپنے آپ کو ایسی پوزیشن میں لے آتا ہے جیسے اس

Marfat.com

نے صفائی پیش نہیں کی Not defended-
2- عدالت ذیلی قاعدہ (1) کے تحت از خود یا کسی پارٹی کی درخواست پر حکم دے سکتی ہے۔

## قاعدہ 13- مدعا علیہ کے قائم مقامان قانونی کی فہرست !

1- ہر مقدمہ میں جس کی کیفیت کا اظہار آرڈر نمبر xxII قاعدہ نمبر 4 میں کیا گیا ہے تحریری بیان کے ساتھ ایسی فہرست شامل ہوگی جو مندرجہ ذیل ظاہر کرے گی:۔
(الف) ان اشخاص کے نام اور پتے جن کو مدعا علیہ کی فوتیگی پر قائم مقامان قانونی بنائے جاسکتے ہیں۔
(ب)ایسے شخص کا نام و پتہ جو مدعا علیہ کی فوتگی پر اس واقعہ کی اطلاع عدالت کو دے گا اور مدعا علیہ کے Defendant قائم مقامان قانونی کے نام ان کی تفصیلات اور پتے عدالت میں پیش کرے گا اور درخواست دے گا کہ مدعا علیہ کے قائم مقامان قانونی کو فریق مقدمہ بنایا جائے۔
2- مدعا علیہ کسی وقت:۔
1- عدالت میں قائم مقامان قیاسی Presumptive کی ترمیم شدہ صورت پیش کرے گا۔
2- اس شخص کی بجائے جسے ذیلی شق ب ذیلی قاعدہ (1) اسی شق کی خاطر نام زد کیا گیا ہو اس کے بدل میں دوسرا شخص نام زد کرے گا۔
3- نام زدگی جو ذیلی دفعہ (1) کی شق (ب) کے تحت کی گئی ہو جب تک اسے ذیلی دفعہ 2 شق (ب) کے تحت بدل نہ دیا جائے وہ سماعت مقدمہ کے پورے دورانیہ میں اور مزید کوئی کارروائی جو اس مقدمہ سے پیدا ہو اور جس میں اپیل نگرانی اور نظرثانی بھی شامل ہے جاری رہے گی۔

Marfat.com

آرڈر 9

# Appearance of parties & Consequence of Non-appeanance

# حاضری فریقین و انجام غیر حاضری

**قاعدہ 1- جو دن سمن میں مدعا علیہ کی حاضری اور جواب دہی کے لیے مقرر ہو اس دن فریقین کو حاضر ہونا چاہیے:**

1- جو تاریخ سمن میں مدعا علیہ کی حاضری اور جواب دہی کے لیے مقرر ہو چاہیے کہ فریقین اصالتاً" خواہ معرفت اپنے وکلاء کے اسی تاریخ عدالت میں حاضر ہوں تو مقدمہ سماعت کیا جائے گا بشرطیکہ سماعت کسی تاریخ آئندہ پر جو عدالت مقرر کرے منسوخ نہ کی جائے۔

**قاعدہ 2- اخراج مقدمہ جب سمن کی تعمیل اس وجہ سے نہ ہوئی ہو کہ مدعی نے خرچہ نہ داخل کیا ہو:**

اگر بتاریخ مقررہ پر معلوم ہو کہ سمن مرسومہ مدعا علیہ کی تعمیل اس وجہ سے نہیں کی گئی کہ مدعی نے اس کی تعمیل کی فیس عدالت یا محصول ڈاک (اگر کچھ محصول ڈاک دینا چاہیے تھا) ادا نہیں کیا تو عدالت مجاز ہوگی کہ مقدمہ کے اخراج کا حکم دے۔
مگر شرط یہ ہے کہ گو سمن کی تعمیل مدعا علیہ پر نہ ہوئی ہو حکم متذکرہ بالا اس صورت میں صادر نہ کیا جائے گا کہ مدعا علیہ اس روز جو اس کے حاضر ہونے اور جواب دہی کے لیے مقرر ہو عدالت میں اصالتاً" یا معرفت کسی ایجنٹ کے جب وہ ایجنٹ کی معرفت حاضر ہونے کا مجاز ہو حاضر ہو جائے۔

**قاعدہ 3- اگر فریقین میں سے کوئی بھی حاضر نہ ہو تو مقدمہ خارج ہو جائے گا**



Marfat.com

اگر پیشی مقدمہ کے وقت فریقین میں سے کوئی بھی عدالت میں حاضر نہ ہو تو عدالت اخراج (dismiss) مقدمہ کا حکم صادر کرے گی۔

## شرح

مدعی مقدمہ کو ہوشیار رہنا ہوگا: مدعی کا موقف یہ تھا کہ عدالت کو مقدمہ مزید کسی تاریخ تک بعد وضع تنقیحات موخر کرنا چاہیے تھا جب کہ وضع تنقیحات والے دن وہ غیر حاضر تھا۔ اسی طرح حکم 17 قاعدہ 2 لاگو نہ ہوتا ہے۔ قرار پایا کہ مدعی کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ اپنے مقدمہ کی پیروی پوری توجہ اور ہوشیاری کے ساتھ کرے۔ اگر مدعی اس میں ناکام ہوتا ہے تو حکم 9 قاعدہ 3 کے احکامات عمل میں لائے جائیں گے۔ مقدمہ جائز طور پر خارج کیا گیا۔ (1995ءسی ایل سی 461)

**4.Plaintiff may bring fresh suit or Court may restore suit to file.**

قاعدہ 4- مدعی کو اختیار ہے کہ دوسری نالش دائر کرے یا عدالت نالش اول کو باز بہ نمبر قائم کر سکتی ہے: جب کوئی مقدمہ قاعدہ 2 یا 3 کے بموجب خارج کیا جائے مدعی کو اختیار ہوگا کہ بہ لحوظی قانون سماعت (subject of law to limitation) کے نئی نالش کرے یا تنسیخ حکم اخراج کی درخواست دے اور اگر مدعی عدالت کو اس بات سے مطمئن (satisfied) کر دے کہ فیس عدالت اور محصول ڈاک (اگر محصول ڈاک ہو) معیاد مقررہ (fixed time) تعمیل سمن کے اندر داخل نہ کرے یا اس کے نہ حاضر ہونے کی وجہ کافی تھی یعنی جیسی صورت ہو تو عدالت اس حکم اخراج کو منسوخ کر کے ایک تاریخ واسطے کاروائی مقدمہ کے مقرر کرے گی۔

**5. Dismissal of suit where plaintiff, after summons returned unserved, fails for three monthts to apply for fresh summons.**

قاعدہ 5- آرڈر مقدمہ جب مدعی واپسی سمن غیر تعمیل شدہ کے سمن جدید کی درخواست تین ماہ تک نہ گزارنے: (1) اگر بعد جاری ہونے سمن بنام مدعا علیہ یا بنام ایک شخص منجملہ مدعا علیہم کے اور بعد واپس آنے سمن معہ کیفیت اس کی عدم تعمیل (returned unserved) کے، مدعی تین ماہ تک تاریخ واپسی سے جب کہ وہ عہدہ دار سمن کو عدالت میں واپس کرے جو اہل کاران تعمیل کنندہ کی رپورٹ کی تصدیق عدالت میں کرتا ہے۔ جدید سمن جاری کرنے کی درخواست کرنے سے قاصر رہتا ہے اور جب تک عدالت کی حسب ذیل امور کی نسبت تسلی نہ کر دے، عدالت مقدمہ خارج کر دے گی:۔

Marfat.com

(اے) یہ کہ اس نے اپنی بہترین کوشش (best endeavours) مدعا علیہ کی [illegible]
کرنے میں صرف کردی جس پر تعمیل نہیں ہوئی ہے۔ یا

(بی) یہ کہ مدعا علیہ تعمیل احکام سے گریز کرتا ہے۔ یا

(سی) جہاں کہ دیگر وجوہات توسیع عرصے کے لئے موجود ہوں، عدالت ایسی میعاد کی توسیع کی درخواست کرنے پر اگر مناسب خیال کرے، کرسکتی ہے۔

2- ایسی صورت میں مدعی کو اختیار رہے گا کہ (بہ ملحوظی قانون میعاد سماعت) نالش جدید دائر کرے۔

**6.Procedure when only plaintiff appears.**

قاعدہ 6- کاروائی جب کہ صرف مدعی حاضر ہو: (1) اگر پیشی مقدمہ کے وقت مدعی حاضر ہو اور مدعا علیہ حاضر نہ ہو تو کاروائی مندرجہ ذیل عمل میں آئے گی یعنی:۔

*(a) When summons duly served.*

(اے) اگر سمن کی تعمیل باضابطہ ہوئی ہو: اگر یہ ثابت ہو جائے کہ سمن کی تعمیل حسب ضابطہ کی گئی تھی تو عدالت مجاز ہوگی کہ مقدمہ میں یکطرفہ کاروائی کرے اور کوئی شہادت قلمبند (record) کئے بغیر ڈگری جاری کرے۔

*(b) When summons not duly served.*

(بی) اگر سمن کی تعمیل باضابطہ نہ ہوئی ہو: اگر سمن کا حسب ضابطہ تعمیل پانا ثابت نہ کیا جائے تو عدالت حکم دے گی کہ ایک دوسرا سمن جاری کیا جائے اور مدعا علیہ پر اس کی تعمیل کی جائے۔

*(c) When summons served but not in due time.*

(سی) اگر سمن کی تعمیل ہوئی ہو مگر مدت کافی کے اندر نہ ہوئی ہو: (سی) اگر یہ ثابت ہو کہ سمن کی تعمیل مدعا علیہ پر ہوگئی مگر اس قدر مدت پیشتر سے نہیں ہوئی کہ وہ تاریخ مندرجہ ذیل سمن تک حاضر ہو کر مقدمہ کی جواب دہی کر سکے تو عدالت مقدمہ کی سماعت کسی اور تاریخ آئندہ پر جو عدالت کی تجویز سے مقرر ہو، ملتوی رکھے گی اور یہ ہدایت کرے گی کہ تاریخ آخر الذکر کی اطلاع مدعا علیہ کو دی جائے۔

(2) اگر اس میں مدعی کا قصور ہو کہ سمن باضابطہ طور پر یا مدت کافی (sufficient time) کے اندر

Marfat.com

...ل پایا ہو تو عدالت اس کا حکم دے گی کہ التواء سے جو خرچہ عائد ہوا ہو وہ ادا کرے۔

## شرح

**یک طرفہ فیصلہ کب نفس معاملہ کے مطابق ہوگا:** یک طرفہ فیصلہ کب نفس معاملہ کے مطابق ہوگا اور کب نہیں۔ اگر فیصلہ محض اس بناء پر ہو کہ دعاعلیہ غیر حاضر تھا تو یہ فیصلہ نفس معاملہ کے مطابق (on merit) نہ ہوگا۔ جب کہ فیصلہ مقدمہ میں موجود شہادت پر غور کرنے کے بعد ہو ہر چند کہ وہ ایک طرفہ ہو یہ فیصلہ نفس معاملہ کے مطابق سمجھا جائے گا۔ (1995ء سی ایل سی 1102)

**7.Procedure where defendant appears on day of adjourned hearing and assigns good cause for previous non-appearance.**

**قاعدہ 7- کاروائی جب کہ مدعاعلیہ سماعت ملتوی شدہ پر حاضر ہو اور غیر حاضری سابقہ کی کافی وجہ بیان کرے:** اگر عدالت نے کسی تاریخ آئندہ پر مقدمہ کی سماعت یکطرفہ ملتوی رکھی ہو اور مدعاعلیہ تاریخ مذکور کو یا اس سے پہلے حاضر ہو کر اپنی غیر حاضری سابق کی وجہ کافی ظاہر کرے تو جائز ہے کہ مدعاعلیہ کی جواب دہی ایسی شرائط پر جن کی عدالت درباب ادائے خرچہ یا عدم ادائے خرچہ (Cost of otherwise) ہدایت کرے، مقدمہ میں اسی طرح مسموع ہوگا کہ گویا وہ اسی تاریخ کو حاضر ہوا تھا جو ابتداء اس کی حاضری کے لئے مقرر ہوئی تھی۔

## شرح

**منسوخی کاروائی یک طرفہ:** اگر کسی شخص کے خلاف کاروائی یک طرفہ ہو رہی ہو تو وہ کسی بھی موقع پر کاروائی میں شامل ہو سکتا ہے۔ (2002ء ایم ایل ڈی 1673 (بی))

**8. Procedure where defendant only appears.**

**قاعدہ 8- کاروائی جب کہ صرف مدعاعلیہ حاضر ہو:** اگر پیشی مقدمہ کے وقت مدعاعلیہ حاضر ہو اور مدعی حاضر نہ ہو تو عدالت مقدمہ کو خارج کردے گی الا اس صورت میں کہ مدعاعلیہ دعویٰ یا جزو دعویٰ کو قبول کرے کہ اس صورت میں عدالت مدعاعلیہ کے اقبال کے بموجب اس پر ڈگری صادر کرے گی اور جب صرف دعویٰ کا اقبال ہوا اور اس قدر مقدمہ خارج کرے گی جو جزو غیر اقبالی سے متعلق ہو۔

**9. Decree against plaintiff by default bars fresh suit.**

**قاعدہ 9 -ڈگری بخلاف مدعی بسبب عدم پیروی مانع نالش جدید کے**

Marfat.com

ہے:(1) جب قاعدہ 8 کے بموجب کوئی مقدمہ کلاً Wholly یا جزواً Partly خارج کیا جائے تو مدعی کو اختیار نہ ہوگا کہ اسی بنائے دعوے پر نئی نالش کرے لیکن اس کو اختیار رہے گا کہ حکم اخراج کی منسوخی کی درخواست دے اور اگر عدالت کا اطمینان اس امر کی نسبت ہو جائے کہ بوقت سماعت مقدمہ وہ کسی وجہ کافی کے باعث حاضر ہونے سے معذور تھا تو عدالت حکم اخراج کو ان شرائط پر درباب دلانے یا نہ دلانے خرچہ وغیرہ کرکے جو مناسب سمجھے، منسوخ کر دے گی اور مقدمہ میں کاروائی ہونے کے لئے ایک تاریخ مقرر کرے گی۔

(2) اگر مدعی نے اپنی درخواست کی اطلاع تحریری فریق ثانی پر تعمیل نہ کرائی ہو تو کوئی حکم اس قاعدہ کے بموجب صادر نہ کیا جائے گا۔

## شرح

برآمدگی مقدمہ: اگر دعویٰ عدم پیروی کی وجہ سے خارج کر دیا گیا ہو تو اس کی بحالی کے لئے فریق یا اس کے وکیل کی طرف سے عدم حاضری کی معقول وجہ یا ایسے حالات ثابت کرنا ہوں گے جو ان کے کنٹرول یا اختیار میں نہ ہوں اپیل یا دعویٰ کی بحالی کے لئے معقول وجہ ثابت کرنا ضروری ہے۔

(2002ء ایم ایل ڈی 1662 (اے))

**10. Procedure in case of non-attendance of one or more of serveral plaintiffs.**

قاعدہ 10- کاروائی جب کہ چند مدعیوں میں سے ایک یا زیادہ غیر حاضر ہوں: اگر ایک سے زیادہ مدعی ہوں اور ان میں سے ایک یا چند حاضر ہوں اور باقی غیر حاضر ہوں تو عدالت کو اختیار ہے کہ بموجب درخواست اس مدعی یا مدعیان حاضر کے مقدمہ میں اسی طرح پیروی ہونے کی اجازت دے کہ گویا سب مدعی حاضر ہوئے تھے یا جو حکم مناسب سمجھے صادر کرے۔

قاعدہ 11- کاروائی جب کہ چند مدعا علیہم میں سے ایک یا زیادہ غیر حاضر ہوں: اگر ایک سے زیادہ مدعا علیہم ہوں اور ایک یا چند ان میں سے حاضر ہوں اور باقی حاضر نہ ہوں تو مقدمہ میں کاروائی جاری رہے گی اور بروقت صادر کرنے فیصلہ کے عدالت ان مدعا علیہوں کی نسبت جو حاضر نہ ہوں ایسا حکم صادر کرے گی جو مناسب معلوم ہو۔

قاعدہ 12- انجام غیر حاضری کا جب کہ کوئی فریق جس کو اصالتاً حاضر ہونے کا حکم ہوا ہو بلا وجہ کافی غیر حاضر ہو: اگر کوئی مدعی یا مدعا علیہ جس کو اصالتاً حاضر ہونے کا حکم دیا گیا ہو اصالتاً

Marfat.com

...ضر نہ ہو یا اصالتاً نہ حاضر ہونے کی وجہ کافی حسب اطمینان عدالت ظاہر نہ کرے تو وہ قواعد سابق (Foregoing) کے ان جملہ احکام کا پابند رہے گا جو ان مدعیان اور مدعا علیہم سے متعلق ہیں جو حاضر نہ ہوں۔

## منسوخی ڈگریات یکطرفہ

## *Setting aside Decrees Ex parte*

**قاعدہ 13- مدعا علیہ کے خلاف یک طرفہ ڈگری کی منسوخی:** (1) کسی مقدمہ جس میں مدعا علیہ کے خلاف یک طرفہ ڈگری صادر کی جائے تو وہ اس عدالت کو درخواست دے سکتا ہے جس نے ڈگری صادر کی تھی کہ ایسا حکم صادر کیا جائے کہ ڈگری منسوخ (Set aside) کر دی جائے۔ اگر وہ عدالت کو مطمئن کر دیتا ہے کہ سمنوں کی تعمیل درست نہ تھی یا جب نالش کی سماعت کے لئے رکھا گیا تھا تو اسے عدالت میں حاضر آنے سے کافی بناء پر روکا گیا تھا تو عدالت ایسی شرائط بابت خرچہ جو عدالت میں داخل کیا جائے گا یا کسی دوسری طرح ادا کیا جائے گا اور ان میں جو عدالت صحیح تصور کرے، مدعا علیہ کے خلاف ڈگری منسوخ کر دے گی اور مقدمہ کی کاروائی شروع کرنے کے لئے دن مقرر کرے گی۔

بشرطیکہ جہاں ڈگری کی کیفیت ایسی ہے کہ وہ صرف مدعا علیہ کے خلاف منسوخ نہیں کی جاسکتی تو عدالت تمام مدعا علیہم یا دوسرے مدعا علیہم میں سے کسی ایک کے خلاف منسوخ کر دے۔

(2) مزید بشرطیکہ کوئی یکطرفہ ڈگری بعض سمنوں کی تعمیل میں بے قاعدگی کی بنیاد پر منسوخ نہ کی جائے گی۔ اگر عدالت مطمئن ہو کہ ایسی وجوہات کی بناء پر جن کو عدالت ضبط تحریر (To be recorded) میں لائے گی کہ مدعا علیہ کو تاریخ سماعت کا اس وقت علم تھا جب کافی وقت موجود تھا کہ وہ عدالت حاضر ہو کر دعویٰ کا جواب دے سکتا تھا۔

(3) کوئی درخواست جو ذیلی دفعہ (1) کے تحت گزاری جائے گی اس پر قانون معیاد سماعت نمبر IX مجریہ بابت 1908ء کے احکام کا اطلاق ہوگا۔

**14. No decree to be set aside without notice to opposite party.**

**قاعدہ 14- کوئی بھی ڈگری بغیر دوسری پارٹی کو نوٹس دیئے منسوخ نہ کی جائے**

کوئی بھی ڈگری ایسی درخواست پر جس کا پہلے ذکر کیا گیا ہے، منسوخ نہیں کی جائے گی جب تک اس کا نوٹس دوسری پارٹی پر تعمیل نہ ہو جائے۔

Marfat.com

## [1][ آرڈر 9 اے

## INTERMEDIATE DATES

## بیچ کی یا درمیانی تاریخیں

**1. Fixation of intermediate dates.**

**1-درمیانی تاریخوں کا مقرر کرنا:** عرضی دعویٰ/ جواب دعویٰ کے خاتمہ پر عدالت مقرر کرے گی:۔

(اے) ایک ایسا دن/ تاریخ جس پر فریقین مندرجہ ذیل معاملات کے ضمن میں عدالتی احکامات کے لئے درخواست دائر کرسکتے ہیں، یعنی:۔

پلیڈنگ (pleadings)، مزید اور بہتر کوائف، داخلہ، دریافت (discoveries) دستاویزات کا معائنہ یا منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد کا معائنہ اور وہ طریقہ کار جس کے تحت کوئی خاص واقعات (facts) کو ثابت کیا جائے:۔

(بی) ایک اور دن یا تاریخ جس پر فریقین (parties) ایسی درخواستوں کا جواب دے سکتے ہیں، اور

(سی) ایک تیسرا دن جس پر جب تک سماعت کو ملتوی نہ کر دیا جائے درخواستوں کا فیصلہ کیا جائے گا۔

**2. Applications regarding pleadings, etc., Their replies and disposal.**

**2-پلیڈنگز سے متعلق درخواستیں وغیرہ اُن کے جوابات اور فیصلہ:** کسی بھی فریق کو کسی ایسی درخواست دینے کا موقع نہ دیا جائے گا جس کا پہلے ذکر آچکا ہے یا اُس کا جواب پیش کرنے کا موقع مقررہ کردہ تاریخ کے گزر جانے کے بعد نہ دیا جائے گا۔ اُس وقت تک مجموعہ ھذا کے تحت وقت میں اضافہ نہ کر دیا جائے لیکن اس میں کوئی بھی شئے ایسے فریقین کے حق (right) کو متاثر نہ کرے گی جو کہ پلیڈنگ کے خاتمہ (closing) سے قبل دائر کی جائیں۔]

---

1 آرڈر نمبر 9۔اے کا اضافہ نوٹیفکیشن نمبر 9-اے مورخہ 21 اکتوبر، 2001ء کے ذریعے کیا گیا۔



Marfat.com

# آرڈر 10

## EXAMINATION OF PARTIES BY THE COURT

## اظہار فریقین بذریعہ عدالت

**1. Ascertainment whether allegations in pleadings are admitted or denied.**

**قاعدہ 1۔ تحقیقات عذر ہائے عرضی دعویٰ مسلمہ میں یا انکاری میں:** مقدمہ کی سماعت اول کے وقت عدالت ہر فریق یا اس کے وکیل سے نسبت عذرات مقدمہ کے جو عرضی دعویٰ یا فریق ثانی کے بیان تحریری میں (اگر کوئی بیان تحریری) لکھے گئے ہوں اور جن کو صراحتاً یا از روئے مفہوم لازمی کے اس فریق نے جس کے مقابل وہ لکھے گئے تھے، نہ تسلیم کیا اور ان سے انکار کیا ہو اور اس تعلیم یا انکار کو عدالت قلم بند کرے گی۔

## شرح

**فریقین کا عدالت میں استفسار:** فریقین دعویٰ کی طرف سے عرضی دعویٰ و جواب دعویٰ موصول ہو جانے اور ان کا مطالعہ کرنے کے بعد عدالت مقدمہ کی پہلی تاریخ سماعت پر ہر فریق یا اس کے وکیل سے دریافت کرے گی کہ آیا وہ عرضی دعویٰ یا جواب دعویٰ میں لئے گئے واقعاتی عذرات یا الزامات منجانب فریق مخالف کو جن کا وضاحت سے یا کنیتاً اقرار یا انکار نہیں کیا گیا، کو تسلیم کرتا ہے یا نہیں۔ عدالت ایسی تسلیمگی یا انکار کو ضابطہ تحریر میں لائے گی۔ یہ طریقہ کار ضابطہ دیوانی کے آرڈر نمبر 10 رول 1 میں دیا گیا ہے۔

آرڈر نمبر 10 رول 1 ضابطہ دیوانی کے تحت عدالت فریقین کی رضا مندی یعنی ان کے خلاف لگائے گئے ان الزامات کے متعلق رائے نسبت تسلیمگی یا انکار دریافت کرے گی جن کا عرضی دعویٰ یا جواب دعویٰ میں وضاحت سے یا کنیتاً اقرار یا انکار نہیں کیا گیا جو نقاط عرضی دعویٰ اور جواب دعویٰ میں واضح ہوں اور کسی وضاحت کے محتاج نہ ہوں، ان سے متعلق عدالت فریقین سے استفسار نہیں کرے گی۔ عدالت فریقین کی صرف ایسی تسلیمگی یا انکار کو ضابطہ تحریر میں لائے گی جو عرضی دعویٰ اور جواب دعویٰ میں وضاحت سے نہیں پائے جاتے۔ عدالت فریقین کو دوران استفسار جو سوال کرے گی وہ سوال دعویٰ میں براہ راست زیر تنازعہ امور سے متعلق ہونا چاہیے۔ جواب ضابطہ تحریر میں آنا چاہیے اور عدالت کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ امور متنازعہ کی تسلیمگی کی بناء پر دعویٰ میں ڈگری صادر کر دے۔

فریقین یا ان کے ساتھی کا زبانی استفسار آرڈر نمبر 10 (ض۔د) کے رول نمبر 2 میں عدالت کو



Marfat.com

اختیار دیا گیا ہے کہ وہ دعویٰ کی پہلی تاریخ سماعت پر یا مابعد کی کسی تاریخ سماعت پر کسی فریق جو عدالت میں اصالتاً پیش ہو یا حاضر ہو یا کوئی دوسرا شخص جو ایسے فریق یا اس کے وکیل کے ساتھ ہو اور دعویٰ سے متعلق سوال کا جواب دے سکتا ہو، کا زبانی استفسار کے دوران کسی فریق کی طرف سے تجویز کیا گیا ہو، کوئی سوال اسے کر سکتی ہے آرڈر نمبر 10 رول نمبر 1 کے تحت کسی فریق کا مبہم معاملات سے متعلق جو عرضی دعویٰ یا جواب دعویٰ سے واضح نہ ہونا وضاحت کے لئے استفسار کر سکتی ہے اور جواب ضابطہ تحریر میں لائے گی اور کسی فریق کو دوران استفسار کوئی سوال تجویز کرنے یا جرح کرنے کا حق حاصل نہیں ہے مگر قاعدہ نمبر 1 میں عدالت صرف پہلی تاریخ سماعت پر بلکہ دوران سماعت دعویٰ کسی وقت کسی فریق جو عدالت میں اصالتاً پیش ہو یا حاضر ہو یا کوئی دوسرا شخص جو کسی فریق یا اس کے وکیل کے ساتھ ہو اور دعویٰ میں متعلق اہم سوال کا جواب دے سکتا ہو، کا زبانی استفسار کرے گی اور کسی فریق کو جرح کا حق تو حاصل نہیں ہوگا بلکہ اگر وہ ایسے شخص پر جس سے استفسار ہو رہا ہو کوئی سوال کرنا چاہے تو وہ ایسا سوال عدالت کو تجویز کرے گا اور اگر عدالت مناسب سمجھے تو ایسے شخص کو وہ سوال برائے جواب کر سکتی ہے۔ آرڈر نمبر 10 رول نمبر 1 میں اگر عدالت مناسب سمجھے تو ابہام یا تضاد دور کرنے کے لئے مدعا علیہ پر جرح کی اجازت دے سکتی ہے۔ (ملاحظہ ہو 1996ء سی ایل سی 1758) آرڈر نمبر 10 رول نمبر 1 کے تحت استفسار منجانب عدالت صرف کسی فریق کی تسلیمگی یا انکار تحریر کرنے تک محدود ہے اور رول نمبر 2 کے تحت زبانی استفسار اصل امر متنازعہ کے تعین کے لئے کیا جاتا ہے۔ ایسا استفسار اصل امر متنازعہ کے تعین کے لئے کیا جاتا ہے۔ ایسا استفسار برحلف نہیں ہوتا لیکن دوران استفسار دیا گیا بیان فریقین پر قابل پابندی ہوتا ہے۔ کسی فریق کا بیان دوسرے فریق کے خلاف تسلیمگی تصور نہیں کیا جائے گا جب تک اس فریق کو جرح کا موقع نہ دیا جائے۔ کسی فریق کے وکیل کا بیان یا استفسار صرف آرڈر نمبر 10 رول نمبر 1 میں ہو سکتا ہے کہ رول نمبر 2 کے تحت استفسار کا خلاصہ عدالت ضابطہ تحریر میں لائے گی اور وہ مثل کا حصہ سمجھا جائے گا۔

**وکیل کا بیان دینے سے انکار یا قاصر ہونے کا نتیجہ:** یہ ضروری نہیں کہ اگر عدالت آرڈر نمبر 10 رول نمبر 1 کے تحت کسی فریق کے وکیل کا استفسار کرنا چاہیے تو وکیل ضرور بیان دے۔ وکیل ایسا کرنے سے انکار بھی کر سکتا ہے یا بوجہ لاعلمی کہہ سکتا ہے کہ وہ کوئی بیان دینے سے قاصر ہے۔ اسی طرح اگر آرڈر نمبر 10 رول 2 کے تحت عدالت کسی ایسے شخص کا زبانی استفسار کرنا چاہیے جو وکیل کے ساتھ اور وہ بھی بیان دینے سے انکار کرے یا کسی اہم سوال متعلقہ دعویٰ کا جواب دینے سے قاصر رہے اور عدالت کی رائے میں کہ جس فریق کی وہ نمائندگی کرتا ہے اسے اس سوال کا جواب دینا چاہیے اگر اس کا ذاتی طور پر استفسار کیا جائے تو وہ اس سوال کا جواب دینے کے قابل ہو سکتا ہے تو عدالت دعویٰ کی سماعت کو کسی دوسری تاریخ کے

Marfat.com

لئے ملتوی کر سکتی ہے اور حکم دے گی کہ وہ فریق جس سے استفسار کرنا ہے، آئندہ تاریخ پر اصالتاً پیش ہو۔

اور اگر ایسا فریق کسی قانونی جواز کے بغیر عدالت میں اس تاریخ پر جو عدالت نے مقرر کی ہوا اصالتاً حاضر ہونے سے قاصر رہے تو عدالت اس کے خلاف فیصلہ سنا سکتی ہے یا ایسا حکم کرے گی جو دعویٰ سے متعلق مناسب سمجھے۔

اس رول کا مقصد تنازعہ کی وضاحت اور تسلیمگی حاصل کرنا ہوتا ہے کسی فریق کی اصالتاً حاضری کا حکم عدالت صرف اس وقت دے سکتی ہے اگر اس کا وکیل اہم سوال متعلقہ دعویٰ کا جواب دینے سے قاصر رہے۔(پی ایل ڈی 1982ء لاہور 63)اور ایسی صورت میں دعویٰ کو لازمی طور پر ملتوی کر دینا چاہیے اور اس سوال کا بھی تعین ہونا چاہیے جس کا استفسار کسی فریق سے کیا جانا مقصود ہو، اس اصول کی خلاف ورزی عدالت کے اختیار میں بے قاعدگی سمجھی جائے گی۔(پی ایل ڈی 1981ء لاہور 128)جہاں کوئی فریق معقول قانونی جواز کے بغیر عدالت میں حاضر نہ ہو تو عدالت اس کے خلاف فیصلہ دے سکتی ہے یا دعویٰ کی مناسبت کے لحاظ سے کوئی دیگر حکم صادر فرما سکتی ہے۔ (پی ایل ڈی 1996ء لاہور 423: پی ایل ڈی 1997ء لاہور 730)

یعنی اگر مدعی عدالت کے حکم کے مطابق عدالت سے غیر حاضر ہو تو اس کا دعویٰ خارج کر دیا جائے گا اور اگر مدعا علیہ کو اصالتاً حاضر ہونے کا حکم دیا گیا ہو اور وہ تاریخ مقررہ پر حاضر نہ ہو تو عدالت مدعی کا دعویٰ اس کے حق میں ڈگری کر سکتی ہے۔ اس قاعدہ کی تعمیل عدالت کو لازمی طور پر کرنی چاہیے اور دعویٰ میں کسی فریق کی غیر حاضری کی وجہ سے اس کے خلاف کوئی حکم صادر کرنے سے قبل یعنی اگر غیر حاضر ہونے والا شخص مدعی ہے تو دعویٰ خارج کرکے اور اگر حاضر ہونے والا شخص مدعا علیہ ہے تو اس کے خلاف مدعی کا دعویٰ ڈگری کرنے سے قبل عدالت کو غیر حاضری کے سبب کا تعین کر لینا چاہیے اور عدالت کے حکم کی عدولی واضح طور پر ثابت ہونی چاہیے آرڈر نمبر 10 رول نمبر 2 کے تحت عدالت کے اختیارات اپنی نوعیت کے لحاظ سے صوابدیدی ہوتے ہیں۔ (1991ء ایس سی ایم آر 2530)

تاہم عدالت کا فیصلہ مثل پر موجود ریکارڈ قانونی تقاضوں کے مطابق ہونا چاہیے۔

(1991ء سی ایل سی 1830)

اور اگر مثل پر کوئی شہادت موجود نہ ہو تو آرڈر نمبر 9 رول نمبر 6 (ض۔د) میں دیے گئے اصول کے مطابق فیصلہ کرنے میں کوئی وجہ درج کرنے کی ضرورت نہیں۔ (پی ایل ڈی 1991ء ایس سی 363)

**2.Oral examination of party or compainion of party.**

قاعدہ 2 -اظہار فریق یا ہمراہی فریق کا: مقدمہ کی سماعت اول یا کسی سماعت مابعد (Subsequent) کے وقت عدالت کو اختیار ہے کہ زبان بندی کسی فریق کی جو عدالت میں حاضر

Marfat.com

آئے یا موجود ہو یا کسی شخص کی جو مقدمہ کے مراتب ضروری (Material question) کا جواب دے سکے اور جس کو فریق مذکور یا اس کا وکیل اپنے ساتھ عدالت میں لایا ہو، عدالت کی طرف سے زبانی طور پر اظہار لیا جائے ا[ گا]۔ اور اگر عدالت مناسب سمجھے، دوران اظہار ایسے سوالات کرے جنہیں کوئی فریق تجویز کرے۔

## شرح

**وسعت اور مقصد:** آرڈر نمبر X رول نمبر 2 ایک عدالت کو سماعت کے مرحلہ کے وقت اختیار عطا کرتا ہے یا کسی بعد کے مرحلہ پر کہ وہ زبانی طور پر کسی پارٹی کو جانچ پڑتال کر سکے جو کہ ذاتی طور پر حاضر ہو عدالت میں موجود ہو یا کوئی بھی دیگر شخص جو کہ نالش سے متعلق سوال کا جواب دے سکے۔ عدالت کو ایسی جرح کے دوران اُس سے سوالات کرنے کا بھی اختیار حاصل ہوتا ہے۔

(1996ء سی ایل سی 1758 = پی ایل جے 1996ء کراچی 801۔)

رول ہذا کے تحت جرح کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہوتا ہے یعنی اُن تنازعات کا تعین کرنا جو کہ زیر تنازعہ ہوں اور شہادت کا لینا وغیرہ۔

(اے آئی آر 1926ء الہ آباد 411 (ڈی بی))۔

**فریق کا عدالت میں پیش نہ ہونا:** کسی امر تنقیح کے سلسلہ میں تصفیہ کے لئے مقرر کردہ تاریخ وہ تاریخ ہوتی ہے جو کہ سماعت کی تاریخ ہو۔ ایک بامعنی سماعت۔ مدعی کی عدم موجودگی جو کہ ضروری تاریخ پر ہونا ضروری تھی وہ نالش کی برخاستگی کا باعث بنی۔

(پی ایل ڈی 1991ء ایس سی 443)

**مخالف/ جوابی حلف نامہ/ بیان حلفی پر مدعا علیہ کی جرح/ جانچ پڑتال:** جہاں مدعی نے خاص طور پر اپنی درخواست میں یہ بیان نہ کیا ہو کہ اہم سوالات کونسے ہیں جس پر مدعا علیہ کی جرح درکار تھی جو کہ تکرار میں معاملہ کے تعین کے لئے انتہائی ضروری تھی نہ تو مدعی نے کسی خاص قسم کی تردید کو واضع کیا اور نہ ہی مدعا علیہ کے بیان حلفی میں کسی ابہام کو واضع کیا اور نہ ہی مدعا علیہ مالک کے بیان حلفی میں جو کہ اسے درخواست کی، منظوری کے لئے حقدار ثابت کرتا۔ اگر ایسی درخواستوں کی منظوری دے دی جائے تو وہ منی ٹرائل کرنے کے مترادف ہوں گی جو کہ پورے ٹرائل کے اندر ہوں گی مدعی (مشتری) کو لہٰذا مدعا علیہ کو جرح یا سوال جواب کرنے کی کوئی اجازت نہ تھی اُس کے جوابی بیان حلفی پر جب کہ ذاتی پیشی کا ایک آرڈر جاری کیا جا چکا ہو تو اس کے بعد۔

(1996ء سی ایل سی 1758 = پی ایل جے 1996ء کراچی 801)

### 3. Substance of examination to be written.

**قاعدہ 3- خلاصہ اظہار تحریر ہونا چاہیے:** اظہار کا خلاصہ جج کے ہاتھ سے لکھا جائے گا اور شامل مسل رہے گا۔

---

لفظ "may" کی جگہ ایکٹ نمبر 14 مجریہ 1994ء کے تحت شامل ہوا۔ دفعہ 11(3)۔

Marfat.com

## 4- وکیل کا جواب دینے سے انکار یا نا اہلیت جواب دینے کے نتائج !

اگر وکیل کسی فریق کا خود کالتاً" حاضر ہو یا وہ شخص جو وکیل کے ساتھ ہو جیسا کہ قاعدہ 2 میں بیان کیا گیا کسی سوال ضروری متعلقہ مقدمہ کے جواب دینے سے منکر Refuses معذور ہو' اور عدالت کے نزدیک اس فریق پر جس کا وہ قائم مقام ہے اس کا جواب دینا واجب ہو اور بدانست Opinion عدالت ممکن ہو کہ اگر اس سے اصالتاً" استفسار کیا جائے تو وہ جواب اس کا دے سکے گا تو عدالت مجاز ہو گی کہ مقدمہ کو کسی تاریخ آیندہ تک ملتوی کر کے حکم دے کہ وہ فریق بتاریخ مذکور اصالتاً" حاضر ہو۔

اگر فریق مذکورہ بتاریخ معینہ پر بلا عذر اصالتاً" حاضر نہ ہو تو عدالت کو اختیار ہوگا کہ اس کے خلاف فیصلہ سنا دے یا ایسا حکم مقدمہ کی نسبت جو اس کے نزدیک مناسب ہو صادر کرے۔

Marfat.com

آرڈر 11

# Discovery & Inspection

# انکشاف حال و معائنہ دستاویزات

## قاعدہ 1- انکشاف حال بذریعہ بند سوالات !

کسی مقدمہ میں مدعی یا مدعا علیہ کو اختیار ہے کہ بحصول اجازت عدالت ourt By leave of the تحریری بند سوالات جن کے جوابات طرف ثانی سے یا جبکہ طر ثانی ایک سے زیادہ ہوں تو اسے ایک یا زیادہ سے لینے منظور ہوں عدالت کی معرفت حوا کرے اور سوالات کے ذیل میں یہ صراحت کر دے کہ ہر شخص سے کس کس سوال جواب طلب ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ بلا اجازت عدالت کے کسی فریق کو اختیار نہ ہوگا ایک ہی شخص کو ایک سے بند سوالات حوالہ کرے۔ مزید شرط یہ بھی ہے کہ جو سوالا امور متنازعہ فیہ سے متعلق نہ ہوں وہ غیر متعلق سمجھے جائیں گے گو کہ وہ اگر کہ وہ گواہ سے رجوع کے وقت پوچھے جا سکتے ہیں۔

## قاعدہ 2- سوالات خاص پیش کرنے چاہئیں !

بعد گزرنے درخواست حوالگی بند سوالات Deliver interrogatories خاص مذکورہ سوالات خاص جن کا دینا منظور ہو عدالت میں داخل کیے جائیں گے درخواس مذکور کے تصفیہ میں عدالت اس بات کا لحاظ رکھے گی کہ وہ فریق جس سے سوالات پوچھے گئے تفصیل بتانے یا اقبال کرنے یا جملہ یا بعض دستاویزات متعلق مقدمہ پیش کرنے کے لیے کس قدر تیار ہے اور سوالات پیش شدہ میں سے اجازت صرف ان کی نسبت ملے گی جو عدالت کے نزدیک واسطے انصاف یا بچاؤ خرچہ کے ضروری ہوں۔

## قاعدہ 3- بند سوالات کا خرچہ !



Marfat.com

مقدمہ کا خرچہ طے کرنے کے وقت فریق کی درخواست پر تحقیقات اس امر کی جائے گی کہ بند سوالات جاری کرنا مناسب تھا یا نہیں اور اگر افسر تشخیص کنندہ خرچہ یا عدالت کے نزدیک عام اس سے کہ درخواست تحقیقات کی دی جائے یا نہ دی جائے بند سوالات بلا وجہ یا براہ ایذا رسانی Vexatiously یا طوالت بے جا کے ساتھ حوالہ کیا گیا ہو تو خرچہ جو بند سوالات مذکور اور اس کے جواب لینے میں پڑا ہو بہر صورت فریق قصور وار پر عائد کیا جائے گا۔

## قاعدہ 4- بند سوالات کا فارم !

بند سوالات مطابق فارم نمبر 2 مندرجہ اپنڈکس (ج) کے ہوگا اور اس میں حسب ضرورت تغیر و تبدیل ہو سکے گا۔

## قاعدہ 5- کارپوریشن جماعت ہائے سند یافتہ:

اگر مقدمہ میں احد الفریقین Party کوئی کارپوریشن یعنی جماعت سند یافتہ یا جماعت مشترک ہو (عام اس سے کہ اس کو کارپوریشن کی سند ملی ہو یا نہیں) جس کو قانوناً اپنے نام سے یا اپنے کسی عہدہ دار یا دیگر شخص کے نام سے نالش یا جواب دہی کرنے کا اختیار حاصل ہو تو فریق ثانی کو اس مضمون کی درخواست دینے کا اختیار ہے کہ اس کو اجازت ملے کہ ایسے کارپوریشن یا جماعت کے کسی ممبر یا عہدہ دار کو بند سوالات حوالہ کرے پس جائز ہے کہ حکم حسب دیا جائے۔

## قاعدہ 6- عذر نسبت جواب بند سوالات !

اگر کوئی سوال ہتک آمیز یا غیر متعلق مقدمہ ہو یا نیک نیتی سے مقدمہ کا مقصود حاصل کرنے کے لیے نہ پوچھا گیا ہو یا اگر وہ امر جس کی بابت استفسار ہوا ہو مقدمہ کی اس نوبت پر مقدمہ میں بقدر کافی موثر نہ ہو یا اس کے سوا کوئی اور وجہ جواب نہ دینے کی ہو تو جملہ ایسے عذرات جوابی بیان حلفی میں پیش کیے جائیں گے۔

## قاعدہ 7- بند سوال کا ترک کرنا یا خارج کیا جانا !

کوئی بند سوال ترک کیا جا سکتا ہے کہ وہ نا مناسب ہے یا محض پریشان کرنے کی

Marfat.com

غرض سے پوچھا گیا یا نکالا جا سکتا ہے کہ وہ طول طویل یا تکلیف دہ یا غیر ضروری یا لغو Scandalous ہے اور جو درخواست اس غرض سے گزرے وہ جوابی بند سوالات سے سات دن کے اندر گزرنا چاہیے۔

## قاعدہ 8- بیان حلفی بجواب بند سوالات داخل کرنا!

بند سوالات کے جوابات بذریعہ تحریر حلفی کے دیے جائیں گے اور اس تاریخ سے جب کہ بند سوالات حوالہ ہوا ہو دس روز کے اندر یا کسی اور معیاد کے اندر جس کی اجازت عدالت سے حاصل ہو عدالت میں داخل کیے جائیں گے۔

## قاعدہ 9- فارم جواب بیان حلفی کا!

جو بیان حلفی بند سوالات کے جواب میں دیا جائے وہ مطابق فارم نمبر 3 مندرجہ اینڈکس (ج) کے ہوگا اور اس میں تغیر و تبدیل حسب ضرورت ہو سکے گا۔

## قاعدہ 10- بیان حلفی پر اعتراض نہیں ہوگا!

کسی بیان حلفی پر اعتراض نہیں کیا جائے گا مگر بیان حلفی مذکور کا جو ناقص بتایا جائے پورا یا ناقص ہونا عدالت کی تجویز پر موقوف ہے۔

## قاعدہ 11- جواب دینے یا مزید جواب دینے کا حکم!

اگر کوئی شخص جس کے پاس بند سوالات پہنچا ہو کہ کسی کا جواب نہ دے یا جواب غیر مکمل دے تو سوال کرنے والا عدالت میں درخواست اس مضمون کو دے سکتا ہے کہ شخص مذکور کے نام حکم بھیجا جائے کہ وہ سوال کا جواب لکھے یا جواب پورا دے جیسی ضرورت ہو اور اس کے نام حکم صادر ہو سکتا ہے کہ وہ بذریعہ تحریر حلفی یا بیان زبانی کے جس طرح عدالت ہدایت کرے سوال کا جواب دے یا جواب پورا کرے۔

## قاعدہ 12- درخواست نسبت اظہار دستاویزات

کوئی فریق بغیر داخل کرنے تحریر حلفی کے عدالت میں درخواست اس مضمون کی

Marfat.com

دے سکتا ہے کہ کسی دوسرے فریق کو حکم دیا جائے کہ تمام دستاویزات جو اس کے قبضہ یااختیار میں ہوں یا رہی ہوں اور مقدمہ کے کسی امر نزاعی سے متعلق ہوں بذریعہ تحریر حلفی ظاہر کر دے اور بوقت سماعت ایسی درخواست اظہار دستاویزات کی ضرورت نہیں ہے۔ یا مقدمہ کی اس نوبت پر ضرورت نہیں ہے تو عدالت درخواست نامنظور یا ملتوی کرسکتی ہے یا جو حکم مناسب سمجھے خواہ عام طور پر یا مخصوص بہ دستاویزات خاص صادر کر سکتی ہے مگر شرط یہ ہے کہ ظاہر کرتے دستاویز کا حکم نہ دیا جائے گا اگر عدالت کے نزدیک خواہ از راہ انصاف یا بچاؤ خرچہ کے اس کی ضرورت نہ ہو۔

## قاعدہ 13- بیان حلفی نسبت دستاویزات:

بیان حلفی میں جو کوئی فریق کسی ایسے کے خلاف دے جس پر علم متذکرہ قاعدہ (12) میں دیا گیا ہو اس کی صراحت ہوگی کہ کس دستاویزات کے پیش کرنے میں اس کو عذر Objects ہے اور بیان حلفی مذکور مطابق فارم نمبر 5 مندرجہ اپنڈکس (ج) کے ہوگا جس میں حسب ضرورت تغیر و تبدیل ہو سکتا ہے۔

## قاعدہ 14- دستاویزات کا پیش کرنا

مقدمہ کے دوران میں ہر وقت عدالت کو اختیار ہے کہ کسی فریق کو منجملہ ان دستاویزات کے جو نالش کے کسی امر نزاع سے متعلق اس کے قبضہ Possession یا اختیار Power میں ہوں جس قدر دستاویزات کا پیش کرنا عدالت کی دانست میں مناسب ہو ان کے حلفاً پیش کرنے کا حکم دے اور جب وہ دستاویزات پیش ہو جائیں عدالت ان کی مناسب حسب مقتضائے انصاف عمل کرے گی۔

## قاعدہ 15- معائینہ دستاویز مذکورہ عرضی دعویٰ بیان حلفی میں ہو

ہر فریق مقدمہ کو اختیار ہے کہ کسی وقت اور فریق کو جس کی پلیڈنگ یا بیان حلفی میں کسی دستاویزات کا حوالہ اس مضمون کی اطلاع دے کہ وہ دستاویز مذکور کو واسطے معائنہ فریق اطلاع دہندہ یا اس کے وکیل کے پیش کرے اور فریق مذکور یا اس کے وکیل کو اس دستاویز کی نقل لینے دے۔ کوئی فریق جو ایسی اطلاع کی تعمیل نہ کرے دستاویز مذکور کو اس مقدمہ میں آئندہ اپنی طرف سے بطور ثبوت کے داخل نہ کرسکے گا۔ الا اس صورت میں

Marfat.com

کہ وہ عدالت کا اطمینان کردے کہ دستاویز مذکور صرف اسی کے حق سے متعلق تھی کیونکہ وہ اس مقدمہ میں مدعا علیہ تھا یا کہ اس کو اطلاع کی تعمیل نہ کرنے کی کوئی اور وجہ کافی حاصل تھی جس کا کافی سمجھا جانا عدالت کی رائے پر موقوف ہوگا کہ اس صورت میں عدالت اجازت دے گی کہ بقید شرائط مناسب درباب خرچہ وغیرہ کے دستاویز مذکور بطور وجہ ثبوت داخل کی جائے۔

## قاعدہ 16- اطلاع نامہ نسبت ادخال دستاویزات:

جو نوٹس کسی فریق کو واسطے داخل کرنے دستاویزات محولہ پلیڈنگ یا بیان حلفی کے دیا جائے وہ مطابق فارم نمبر 7 مندرجہ اپنڈکس (ج) کے ہوگا جس میں حسب ضرورت تغیر و تبدل Variations ہو سکے گا۔

## قاعدہ 17- وقت معائینہ جب کہ نوٹس دیا گیا ہو:

جس فریق کو ایسا نوٹس دیا جائے اس کو لازم ہے کہ نوٹس پانے کے دس روز کے اندر اس فریق کو جس نے نوٹس دیا ہو اپنی طرف سے اس مضمون کا نوٹس دے کہ فلاں وقت پر جو اس نوٹس دینے کی تاریخ سے تین روز کے اندر ہو دستاویزات مطلوبہ یا ان میں سے اس قدر دستاویزات جن کے پیش کرنے میں اس کو عذر نہ ہو اس کے وکیل کے دفتر میں معائینہ ہو سکے گی اور اگر مہاجنی بہی کھاتہ یادیگر کتب حساب ہوں یا ایسی کتابیں ہوں جو تجارت یا کاروبار میں برابر استعمال میں رہتی ہیں تو جہاں یہ کتابیں معمولاً" رہتی ہوں اور یہ بھی لکھا جائے گا کہ کس دستاویزات کے پیش کرنے میں اگر ایسی ہوں اس کو عذر ہے اور کن وجوہ سے عذر ہے اطلاع نامہ مذکور مطابق فارم نمبر 8 مندرجہ اپنڈکس (ج) کے ہوگا جس میں حسب ضرورت تغیر تبدیل Variation ہو سکے گا۔

## قاعدہ 18- حکم معائنہ

1- اگر فریق جس پر قاعدہ 15 کے بموجب نوٹس کی تعمیل ہو نوٹس اس بات کا کہ دستاویزات کس وقت معائنہ ہو سکے گی نہ بھیجے یا معائنہ کراتے سے انکار کرے یا معائنہ کے لیے کوئی اور مقام سوائے دفتر اپنے وکیل کے مقرر کرے تو عدالت درخواست فریق معائنہ چاہنے والے پر حکم صادر کر سکتی ہے کہ معائنہ اس جگہ اور

Marfat.com

ایسے طریقے سے کیا جائے جو عدالت کے نزدیک مناسب ہو مگر شرط یہ ہے کہ جس حال میں کہ عدالت کی یہ رائے ہو کہ حکم مذکور واسطے اغراض انصاف یا کمی خرچہ کے ضروری نہیں ہے تو ایسا حکم صادر نہیں ہوگا۔

2- جب دستاویزات معائنہ طلب ان دستاویزات میں سے نہ ہوں جن کا حوالہ عرضی دعویٰ یا بیان تحریری یا اس فریق کے بیان حلفی میں ہو جس پر درخواست گزری ہو یا جو اس کے بیان حلفی متعلقہ دستاویزات سے ظاہر ہوں تو درخواست مذکور کی تائید میں بیان حلفی بہ تفصیل ان مراتب کے داخل کیا جائے گا کہ کس کس دستاویز کا معائنہ منظور ہے یہ کہ فریق درخواست کنندہ معائنہ کرنے کا مستحق ہے اور یہ کہ وہ دستاویزات اس فریق کے قبضہ یا اختیار میں ہیں (جس پر درخواست گزری ہے) مگر جس حال میں کہ عدالت کی یہ رائے ہو کہ حکم مذکور کے واسطے اغراض انصاف یا کمی خرچہ کے لیے ضروری نہیں ہے تو ایسا حکم صادر نہیں ہوگا۔

## قاعدہ 19- نقول تصدیق شدہ:-

1- اگر کتب کاروبار کے معائنہ کے درخواست دی جائے تو عدالت بشرط کہ مناسب سمجھے حکم دے سکتی ہے کہ بجائے معائنہ اصل کتاب ایک نقل کسی اندراج کتاب مذکور کی داخل کی جائے جس کی تصدیق بیان حلفی کے ذریعے سے ایسے شخص نے کر دی ہو جس نے نقل کو اصل سے ملا لیا ہو۔ ایسے بیان حلفی میں اس بات کا بھی ذکر ہوگا کہ آیا کتاب میں کچھ الفاظ کیے Erasures یا بدلے ہوئے یا بڑھائے گئے ہیں یا نہیں مگر شرط یہ ہے کہ عدالت کو باوصف نقل داخل کئے جانے اصل کتاب کے معائنہ کا بھی اختیار ہے۔

2- اگر کوئی درخواست واسطے معائنہ دستاویزات کے گزرے' تو عدالت اس دستاویز کو واسطے تصفیہ ایسے حق کے معائنہ کرنے کا اختیار ہے۔

3- عدالت کو اختیار ہے کہ درخواست پر کسی فریق کے عام اس سے کہ ادخال بیان حلفی کی نسبت حکم ہوا ہو یا بیان حلفی داخل ہوا ہو یا نہ ہو کسی وقت کسی دیگر فریق کو حکم دے کہ وہ اپنے بیان حلفی کی رو سے ظاہر کرے کہ آیا ایک یا زیادہ دستاویزات خاص Specific documents مصرحہ درخواست مذکور اسکے قبضہ یا اختیار میں

Marfat.com

بالفعل ہیں یا کبھی تھیں یا نہ تھیں اور اگر بالفعل موجود نہیں ہیں تو ان کے پاس سے کب گئیں اور کیا ہوئیں۔ درخواست مذکور بر بنا ایک بیان حلفی کے ہوگی جس میں درج ہوگا کہ درخواست کنندہ کے یقین میں فریق مذکور کے قبضہ یا اختیار میں دستاویز یا دستاویز مصرصہ درخواست بالفعل موجود ہیں یا کسی زمانہ میں تھیں اور کہ کہ وہ امور متنازعہ فیہ یا ان میں سے بعض سے متعلق ہیں۔

## قاعدہ 20- قبل از وقت انکشاف:

اگر وہ فریق جس سے کسی قسم کا افشائے حال Discovery یا کسی شئے کا معائنہ کرانا مطلوب ہو اس کے یا اس کے کسی جزو کے افشا یا معائنہ کرانے سے انکار کرے اور عدالت کو اطمینان ہو کہ استحقاق ایسے افشا یا معائنہ کرانے کا مقدمہ کے کسی امر تنقیحی یا باعث طلب کی تجویز پر منحصر ہے یا کسی اور وجہ سے ایسے افشا یا معائنہ کرانے کا استحقاق طے کرنے سے پہلے اس امر تنقیحی یا بحث طلب کی تنقیح کرنی ضرور ہے تو عدالت یہ حکم صادر کر سکے گی کہ اس امر تنقیحی یا بحث طلب کی تجویز پہلے ہو جائے اور افشا یا Discovery معائنہ کرانے کا مسئلہ محفوظ Reserve رکھے گی۔

## قاعدہ 21- عدم تعمیل حکم برائے انکشاف:

اگر کوئی حکم کسی فریق پر اس مضمون کا جاری کیاجائے کہ وہ کسی بند سوالات کا جواب دے یا کوئی دستاویز ظاہر کرے یا معائنہ کرائے اور باوجود اس کے وہ اس حکم کی تعمیل نہ کرے تو وہ مستوجب Liable ہوگا اگر مدعی ہو تو اس کی نالش عدم پیروی Want of prosecution میں ڈسمس کی جائے اور اگر مدعا علیہ ہو تو اس کا جواب اگر گزرا خارج کیا جائے اور اس کی نسبت ایسا عمل کیا جائے کہ گویا اس نے جواب دہی نہیں کی اور وہ فریق جس نے بند سوالات داخل کیا ہو یا دستاویز ظاہر یا معائنہ کرانے کی درخواست دی ہو مجاز ہوگا کہ وہ اس مضمون کا حکم صادر کرانے کے لیے عدالت میں درخواست کرے اور عدالت حسب حکم صادر کرنے کی مجاز نہ ہوگی۔

## قاعدہ 22- بند سوالات کے جواب تحقیقات کے وقت استعمال کرنا

کسی فریق کو اختیار ہے کہ بوقت تحقیقات مقدمہ فریق ثانی کی ایک یا زیادہ جوابات

Marfat.com

یا جرم جواب کو بغیر پیش کرنے یا دیگر یا کل جواب کے بطور وجہ ثبوت کے پیش کرے۔ مگر ایسی صورت میں عدالت کل جوابوں کو دیکھ سکتی ہے اور اگر وہ اس کی رائے میں دیگر جواب جو پیش نہ ہوئے ہوں جوابات پیش شدہ کے ساتھ ایسا ربط رکھتے ہوں کہ یہ بغیر ان کے کام نہ آ سکتے ہوں تو عدالت ان کے بھی پیش کیے جانے کا حکم دے سکتی ہے۔

## قاعدہ 23- اس آرڈر کا تعلق اشخاص نابالغ پر:

آرڈر ہذا نا بالغ مدعیان *Minor Plaintiffs* اور مدعا علیہم اور اشخاص نا قابل کے رفیق *Friends* اور ولی *Guardians* دوران مقدمہ سے بھی متعلق ہوگا۔

Marfat.com

## آرڈر 12

# ADMISSION

## اقبال

**1. Notice of admission of case.**

قاعدہ 1۔ نوٹس نسبت اقبال دعویٰ: کوئی فریق بذریعہ اپنی پلیڈنگ یا کسی اور طرح اطلاع تحریری اس مضمون کو دے سکتا ہے کہ وہ فریق ثانی کے کل یا جزو دعویٰ کو تسلیم کرتا ہے۔

## شرح

اعتراف وانکشاف (Admission and discovery): ضابطہ دیوانی کے حکم بارہ کے تحت ہر فریق مقدمہ کو حق دیا گیا ہے کہ وہ فریق مخالف سے دریافت کرے کہ:-

وہ پلیڈنگ میں درج کن امور کو تسلیم کرتا ہے اور وہ کن باتوں سے اختلاف رکھتا ہے۔

اسے فریق کا اعتراف کہتے ہیں۔ وہ جن سوالات کا جواب حاصل کرنا چاہتا ہے ان کو عدالت میں پیش کرتا ہے اور عدالت ان سوالات کو فریق مخالف کے حوالہ کر کے حکم دیتی ہے کہ اس کے جوابات دیئے جائیں۔ اگر فریق اول فریق مخالف کے قبضہ میں دستاویز عدالت میں پیش کرانا چاہے تو وہ عدالت سے استدعا کرتا ہے کہ فریق مخالف کو ہدایت کی جائے کہ فلاں دستاویز کا انکشاف کرے۔ جس فریق کے قبضہ میں دستاویز بتائی گئی ہو وہ حلف نامہ کی صورت میں انکشاف کرے۔ جس فریق کے قبضہ میں دستاویز بتائی گئی ہو وہ حلف نامہ کی صورت میں اس کا انکشاف کرتا ہے۔

**2.Notice to admit documents.**

قاعدہ۔ 2۔ نوٹس نسبت اقبال دستاویزات: ہر فریق مقدمہ کو اختیار ہے کہ فریق ثانی سے چاہیے کہ وہ کسی دستاویز کو (بحفظ ان تمام اعتراضات واجبی کے جو نسبت قابل قبول ہونے دستاویز کے پیش ہو سکتے ہوں) تسلیم کرے اور اگر دستاویز کے تسلیم کرنے سے انکار کیا جائے یا اس میں غفلت (neglecting) کی جائے بعد ایسے نوٹس کے تو دستاویز ثابت کرنے کا خرچہ بلالحاظ نتیجہ مقدمہ کے فریق منکر یا قصوروار کے ذمہ عائد کیا جائے گا۔ الا (unless) اس صورت میں کہ عدالت کوئی دیگر حکم دے۔ اگر اطلاع نامہ جاری نہ کیا جائے یا اس میں غفلت کی جائے تو دستاویز ثابت کرنے کی بابت کچھ خرچہ نہ دلایا جائے گا



Marfat.com

بجز اس صورت کے کہ جب عدالت کے نزدیک عدم اطلاع (omission) دہی سے خرچہ کا بچاؤ ہوتا ہے۔

**قاعدہ۔ 3۔ نوٹس کا فارم (Form of notice):** اطلاع نامہ نسبت اقبال دستاویزات مطابق فارم نمبر 9، اپنڈکس (ج) کے ہوگا جس میں حسب ضرورت تغیر و تبدل (variations) ہو سکے گا۔

**قاعدہ۔ 4۔ نوٹس نسبت اقبال واقعات (Notice to admit facts):** کسی فریق مقدمہ کو اختیار ہے کہ نوٹس کسی وقت پیشی کی تاریخ سے 9 دن قبل فریق ثانی سے چاہیے کہ وہ مقدمہ کی اغراض کے واسطے کسی خاص واقعہ یا واقعات مندرجہ نوٹس کو تسلیم کرے۔ اگر 6 دن کے اندر بعد تعمیل نوٹس مذکور کے یا اس مدت مذکور کے اندر جو عدالت مقرر کرے، واقعات مذکور کے تسلیم کرنے سے انکار کیا جائے یا اس میں غفلت کی جائے تو واقعہ یا واقعات مذکور کے ثابت کرنے کا خرچہ بلالحاظ نتیجہ مقدمہ کے فریق منکر یا قصوروار (neglect or refusing) کے ذمہ عائد کیا جائے گا الا اس صورت میں کہ عدالت اور طرح کا حکم دے مگر شرط یہ ہے کہ جو اقبال بموجب ایسے اطلاع نامہ کے کیا جائے، وہ صرف کسی مقدمہ خاص کی اغراض کے متصور ہوگا۔ دیگر موقعہ پر بمقابلہ فریق اقبال کنندہ کے پیش نہ ہو سکے گا نہ اور کسی شخص کے حق میں مفید ہوگا سوائے اس فریق کے جس نے اطلاع نامہ جاری کیا ہو، مزید شرط یہ ہے کہ عدالت ہر وقت بشرائط مناسب کسی فریق کو اپنے اقبال کی ترمیم کرنے یا واپس لینے کی اجازت دے سکتی ہے۔

**4-A. Power of Court to record admission of documents and facts.**

**[1][4-اے۔ دستاویزات اور واقعات کی قبولیت کے ریکارڈ کے لئے عدالت کا اختیار:** قواعد نمبر 2 اور 4 کے تحت دستاویزات یا واقعات کو قبول و منظور کرنے کے کسی نوٹس کے نہ دیئے جانے کے باوجود عدالت کسی بھی کارروائی کے کسی بھی مرحلہ پر اپنی ہی تحریک پر کسی بھی فریق کو دستاویز یا کسی واقعہ کی قبولیت کے لئے طلب کر سکتی ہے اور اس صورت میں یہ ریکارڈ کرے گی کہ آیا فریق ایسی دستاویزات یا واقعات منظور کرتا ہے یا انکار کرتا ہے یا منظور و قبول کرنے سے غفلت برتتا ہے۔

**قاعدہ۔ 5۔ فارم اقبال (Form of admission):** نوٹس نسبت اقبال واقعات فارم نمبر 10 اور اقبال واقعات مطابق فارم نمبر 11، اپنڈکس (ج) کے ہوگا جس میں حسب ضرورت تغیر و تبدیل

---

1۔ قاعدہ نمبر 4 کو نوٹیفکیشن نمبر 300 رولز نمبر 11 وائی 26 مورخہ 2 اکتوبر 2001ء کے ذریعے اضافہ کیا گیا۔

پی ایل جے 2001ء فیڈرل سیٹجو 1046-

Marfat.com

ہو سکے گا۔

قاعدہ 6- فیصلہ متعلق اقبال (Judgment on admission): اگر بذریعہ پلیڈنگ کسی اور طرح واقعات تسلیم کئے جا چکے ہوں تو کوئی فریق کسی نوبت مقدمہ (at any stage) پر عدالت سے درخواست کر سکتا ہے کہ ایک تجویز یا حکم پر بنیاد اقبال واقعات مذکور کے بدون تصفیہ کسی دیگر امر نزاع درمیان فریقین کے صادر کیا جائے اور عدالت ایسی درخواست پر جو حکم تحریر مناسب سمجھے گی، صادر کرے گی۔

قاعدہ 7- بیان حلفی متعلق دستخط (Affidavit of signature): بیان حلفی وکیل یا اس کے کلرک (clerk) بانسبت دستخط (due signatures) کسی اقبال کے جو بموجب نوٹس اقبال دستاویزات یا واقعات کے کیا گیا ہو، اقبال مذکور کا ثبوت کافی سمجھا جائے گا اگر ثبوت کی ضرورت ہو۔

قاعدہ 8- نوٹس نسبت پیشی دستاویزات (Notice to produce documents): نوٹس نسبت درپیشی دستاویزات مطابق فارم 12، اپنڈکس (ج) کے ہوگا جس میں حسب ضرورت تغیر و تبدیل ہو سکے گا اور بیان حلفی وکیل یا اس کے کلرک کا نسبت تعمیل نوٹس مذکور اور نسبت وقت تعمیل (service) کے معہ نقل نوٹس مذکور جملہ صورتوں میں تعمیل اور وقت تعمیل نوٹس مذکور کا ثبوت کافی ہوگا۔

قاعدہ 9- خرچہ (Cost): اگر نوٹس اقبال یا پیشی دستاویزات میں ایسی دستاویزات درج ہوں جن کی ضرورت نہ ہو تو خرچہ جو اس سبب سے عائد ہو، اس فریق کو دینا ہوگا جو فریق مذکورہ نوٹس دے گا۔

-----O-----

Marfat.com

# آرڈر 13

# Production, Impounding & Return of Documents

# پیشی وضبطی وواپسی دستاویزات

**1.Documentary evidence to be produced at first hearing.**

قاعدہ 1- دستاویزی شہادت پہلی پیشی کے وقت پیش ہونا چاہیے:(1) فریقین مقدمہ یا ان کے وکلاء کو لازم ہے کہ مقدمہ کی ساعت اول کے وقت دستاویزات پر ذیل کی تفصیل پیش کریں (یعنی ہر قسم کی دستاویزات وجہ ثبوت) جوان کے قبضہ یا اختیار میں ہوں جو استدلال (intended to rely) کے ہوں اور جو اس کے پیشتر عدالت میں داخل نہ ہو چکی ہوں اور ایسی کل دستاویزات جن کی نسبت عدالت نے پیش کرنے کا حکم دیا ہو۔

(2) جو دستاویزات اس طرح پیش کی جائیں، عدالت ان کو لے لے گی بشرطیکہ ان کے ساتھ ان کی ایک صحیح فہرست (accurate list) اس نمونے کی جو ہائی کورٹ کی طرف سے مقرر ہو جائے، منسلک رہے۔

[1] [(3) قاعدہ ہذا کے تحت دستاویزات کی پیش گزاری پر عدالت، فریقین سے عدالت میں پیش کردہ دستاویز کا اقبال کرنے (admit) یا ان کی تردید کرنے (deny) کا مطالبہ کرسکتی ہے۔ ان کے اقبال یا تردید کو، جیسی صورت ہو، قلمبند کرسکتی ہے۔]

## شرح

**اضافی شہادت کا پیش کرنا:** اگر کوئی فریق اضافی شہادت پیش کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو ایسی صورت میں خلا کا پر کرنا۔ جواز۔ ماہر کی رپورٹ کو اضافی شہادت کے طور پر پیش کرنا، فریق جو کہ خلا کو پُر کرنے کا ارادہ رکھتا ہو جو کہ اجازت نہیں دی جاسکتی کیونکہ اس طرح وہ فریق کو اس بات کی اجازت دینے کے مترادف ہوگا کہ وہ اپنی بیوقوفیوں سے فائدہ حاصل کرے۔ ایسے حالات میں اضافی شہادت کی اجازت نہ دی گئی۔ (پی ایل ڈی 2003ء (ڈی) کراچی 148 (ڈی))

**شہادت میں دستاویز کو پیش نہ کیا گیا لیکن وہ ریکارڈ پر موجود تھی:** شہادتی اہمیت۔ ایسی دستاویز پر عدالت کی طرف سے انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے لئے غور کیا جاسکتا تھا۔ خاص طور پر

[1] ایکٹ نمبر 14 مجریہ 1994ء ضابطہ دیوانی کے تحت شامل ہوئی۔ (پی ایل ڈی 1995 سنٹرل سیچو 3)



Marfat.com

اُس وقت جب اُس کا حوالہ کسی گواہ کی جانب سے دیا گیا ہو اور اُس کے بیان حلفی کو زیر جرح نہ لایا گیا ہو۔
(پی ایل ڈی 2003ء (اے) لاہور 255 (اے))

2. Effect of non-production of documents.

**قاعدہ 2- دستاویزات نہ پیش کرنے کا نتیجہ:** کوئی دستاویزی ثبوت جو کسی فریق کے قبضہ یا اختیار میں ہو اور جس کو مطابق شرائط قاعدہ پیش کرنا ضرورت پر تھا مگر جو پیش نہ ہوا مقدمہ کی کاروائی کی نوبت آئندہ پر شامل مثل نہ کیا جائے گا جب تک کہ اس کے پیش نہ کرنے کی وجہ موجہ حسب اطمینان عدالت ظاہر کی نہ جائے اور اگر عدالت اس کو شامل کرے تو اس کو اس کی وجہ لکھنا ضروری ہوگا۔

3. Rejection of irrelevant or inadmissiable documents.

**قاعدہ 3- نامنظوری دستاویزات جو غیر متعلق ہوں یا ناقابل ادخال ہوں:** عدالت مجاز ہے کہ مقدمہ کی کسی نوبت پر کسی دستاویز کو نامنظور کرے جو بدانست اس کے مقدمہ کے غیر متعلق ہو یا بصورت دیگر لینے کے لائق نہ ہو اور عدالت اس کی نامنظوری کی وجہ لکھے گی۔

4. Endorsements on documents admitted in evidence.

**قاعدہ 4- شہادت میں قبول کردہ دستاویزات پر اندراجات:** (1) آگے بیان ہونے والے ضمنی قاعدہ کی شرائط کے مطابق ہر دستاویز پر جو ثبوت کے لئے پیش کی گئی ہو، تصدیق ظہری ہوگی مندرجہ ذیل کوائف کی، یعنی:-

(اے) مقدمہ کا نمبر اور فریقین کے نام وغیرہ۔

(بی) داخل کرنے والے کا نام۔

(سی) وہ تاریخ جب کہ یہ پیش کیا گیا۔

(ڈی) بیان ان کے منظور ہو جانے کا۔

اور اس پر جج اپنے دستخط کرے گا یا مختصر دستخط کرے گا۔

(2) اگر دستاویز مذکور کوئی کھاتہ یا دیگر کتاب یا کاغذات سرکاری کی رقم یا عبارت ہو اور اس کی ایک نقل ذیل کے قاعدہ کے مطابق اصل کی جگہ داخل کی جائے تو تفصیل مذکور بالا نقل کی تصدیق ظہری ہوگی جس پر جج اپنے دستخط کرے گا یا مختصر دستخط کرے گا۔

## شرح

عدالت عالیہ نے قرار دیا کہ جو دستاویزات بغیر کسی عذر کے داخل ہو گئی ہوں تو ان دستاویزات پر

Marfat.com

کسی قسم کا کوئی معاملہ نہیں اٹھایا جاسکتا کہ دستاویز کے لکھنے والے کو (examined) نہیں کیا گیا۔ وغیرہ وغیرہ۔ (پی ایل جے 2002ء لاہور 425)

عدالت عالیہ نے قرار دیا کہ جن دستاویز کو (exhibit) نمبر نہیں لگایا گیا بلکہ مارک پی کر دیا گیا، وہ قانون کی نظر میں ثابت شدہ نہیں ہوگی۔ لہٰذا عدالت کی شہادت میں بھی اسے نہیں پڑھا جاسکتا۔

(2003 ایم ایل ڈی 67)

## 5. Endorsements on copies of amitted entries in books, accounts and records.

**قاعدہ 5- کھاتہ، حسابات اور ریکارڈ کی تسلیم کردہ نقول پر اندراجات:** (1) بحفظ احکام ایکٹ شہادت متعلق کھاتہ مہاجنی 1891ء اگر کوئی دستاویز بطرز ثبوت پیش ہونے والی ہو، کسی ڈاک بہی یا کھاتہ یا دیگر حساب روزمرہ کی عبارت یا رقم ہو تو وہ فریق جس کی جانب سے کتاب یا کھاتہ مذکور پیش ہونے کو ہو، مجاز ہے کہ ایک نقل اس عبارت یا رقم کی داخل کرے۔

(2) اگر دستاویز مذکور کسی ایسے کاغذ سرکاری (public record) کا اندراج ہو جو دفتر سرکاری سے یا بذریعہ عہدہ دار سرکاری کے پیش کیا جائے یا اندراج کسی کتاب یا کھاتہ کا ہو جو ایسے شخص کی ملک ہو جو فریق پیش کنندہ نہ ہو تو عدالت اندراج مذکور کی نقل کی نسبت ذیل کا حکم دے سکتی ہے:۔

(اے) اگر کاغذ یا کتاب یا کھاتہ کسی فریق کی جانب سے پیش ہونے والا ہو تو یہ کہ فریق مذکور داخل کرے۔

(بی) اور اگر بہ تحریک خود (own motion) حکم عدالت پیش ہونے کو ہو تو کوئی فریق داخل کرے۔

(3) اگر نقل کسی اندراج کی احکام مذکورہ بالا قاعدہ ہذا کی رو سے داخل کیا جائے تو عدالت اسی طرح جیسا کہ رول 17- آرڈر 7 بیان کر دیا گیا ہے نقل مذکور کو اصل کے ساتھ ملا کے (compared) اور اس پر تصدیق اور نشان کر کے اصل کتاب یا کھاتہ یا کاغذ سرکاری کو جس میں اندراج مذکور ہو، پیش کرنے والے کو واپس کر دے گی۔

## 6. Endorsement on documents rejected as inadmissible in evidence.

**قاعدہ 6- دستاویزات نا قابل ادخال شہادت پر اندراج:** جب کسی دستاویز پر کوئی فریق استدلال کرے لیکن عدالت اس کو قابل داخل (inadmissible) ہونے کے نہ سمجھے تو اس پر عبارت

Marfat.com

مندرجہ ضمنی قواعد 4 کی ضمنی قواعد (1) کے کلاز (الف)، (ب)، (ج) پر لفظ نامنظور شدہ لکھ دیا جائے گا۔ وجہ نامنظور (Rejected) اور جج اس پر دستخط کر دے گا۔

**7. Recording of admitted and return of rejected documents.**

**قاعدہ 7-دستاویزات منظور شدہ شامل مثل ہوں گی اور نامنظور شدہ واپس کی جائے گی:** (1) ہر دستاویز جو ثبوت میں پیش ہو کر لے لی گئی ہو یا اس کی نقل اگر قاعدہ 5 کی رو سے نقل بجائے اصل کے داخل ہو مثل مقدمہ میں شامل ہوگی۔

(2) اور دستاویز نامنظور شدہ مثل کے ساتھ نہ ہوں گی بلکہ پیش کرنے والوں کو واپس دی جائے۔

**8. Court may order any document to be impounded.**

**قاعدہ 8-عدالت کسی دستاویز کی ضبطی کا حکم دے سکتی ہے:** باوجود کسی حکم بموجب آرڈر ہذا کے یا آرڈر 7 کے قاعدہ 5 یا 7 یا قاعدہ 17، عدالت کو اختیار ہے کہ اگر وجہ کافی (sufficient cause) دیکھے تو ہدایت کرے کہ کوئی دستاویز یا کتاب جو اس کی روبرو مقدمہ میں پیش کی گئی ہو، ضبط (impounde) ہو کر عدالت کسی عہدیدار کو تحویل میں اس مدت تک اور ان شرائط کے ساتھ رکھی جائے جو عدالت کو مناسب معلوم ہوں۔

**9. Return of admitted documents.**

**قاعدہ 9-واپسی دستاویزات منظور شدہ:** (1) جو شخص عام اس سے کہ وہ فریق مقدمہ ہو یا نہ ہو کسی دستاویز کو جو اس کی طرف سے مقدمہ میں داخل اور شامل مثل ہوئی ہو، واپس لینا چاہتا ہو، اس کے واپس پانے کا مستحق ہوگا۔ الا (unless) اس صورت میں وہ دستاویز قاعدہ 8 کے بموجب ضبط نہ کی گئی ہو:

(اے) اگر مقدمہ کا اپیل نہ ہو سکتا ہو تو بعد تصفیہ (disposed) مقدمہ کے اور۔

(بی) اگر اپیل ہو سکتا ہو تو حسب اطمینان عدالت بعد گزر جانے معیاد اپیل کے یا اگر داخل ہو گیا ہو تو بعد تصفیہ اپیل۔

مگر شرط یہ ہے کہ دستاویز وقت مقررہ قاعدہ ہذا سے پہلے بھی کسی وقت واپس ہو سکتی ہے اگر وہ جو اس کی واپسی کی درخواست کرے دستاویز مذکور کی، ایک نقل مصدقہ اصل جگہ رکھے جانے کے لئے عدالت کے اہل کار مناسب کے حوالے کر دے اور اصل کے پیش کرنے کا اقرار کرے اگر اس کو ایسا حکم دیا جائے:۔

(1) اور یہ بھی شرط ہے کہ کوئی دستاویز جو ڈگری کی رو سے بالکل بیکار (void) ہوگئی یا ناجائز (useless) ہوگئی واپس نہ کی جائے گی۔



Marfat.com

(2) جب کوئی دستاویز جو وجہ ثبوت میں مل گئی ہو، واپس کی جائے تو دستاویز کا لینے والا اس کی واپس پانے کی رسید دے گا۔

**10. Court may send for papers from its own records or from other Courts.**

**قاعدہ10-عدالت کسی دوسرے مقدمہ کی مثل کو اپنے یا کسی دوسری عدالت کے دفتر سے طلب کرسکتی ہے:** (1) عدالت مجاز ہے کہ اپنی خوشی سے اگر فریقین میں سے کسی فریق کی طرف سے درخواست گزرے تو بہ بشرط مناسب سمجھنے کے کسی اور مقدمہ یا کاروائی کی مثل کو اپنے یا کسی اور عدالت کے دفتر سے طلب کر کے اس کا معائنہ کرے۔

(2) بتائید ہر درخواست کے جو اس قاعدہ کے بموجب گزرے اگر عدالت اور طرح کا حکم نہ دے تو لازم ہے کہ ایک تحریری بیان حلفی بصراحت اس امر کے داخل کیا جائے کہ مثل مطلوبہ اس مقدمہ میں جس میں درخواست گزری ہو کیونکر موثر (material) ہے اور یہ کہ نقل مصدقہ حسب ضابطہ کاغذات مشمول مثل کی یا اس جزو کی جو سائل کو درکار ہے بلا توقف (unreasonable) یا بلا صرف نامناسب کے نہیں مل سکتی ہے یا یہ کہ پیش ہونا اصل کاغذات کے واسطے اغراض انصاف (purpose of justice) کے ضروری ہے۔

(3) اس قاعدہ کی کسی عبارت سے یہ نہ سمجھا جائے گا کہ عدالت کسی ایسے کاغذ کو شہادت میں مستعمل کرسکتی ہے جو تحت قانونی شہادت اس مقدمہ میں داخل نہ ہوسکتا ہو (inadmissible)۔

**11. Provisions as to documents applied to material objects.**

**قاعدہ11-ضابطے نسبت دستاویزات متعلقہ اہم عذرات:** احکام جو اس مجموعہ میں ان دستاویزات کی نسبت درج ہیں جہاں تک ہوسکے وہ تمام اہم عذرات All other material قابل ادخال شہادت Objects producible قابل اطلاق ہوں گے۔

Marfat.com

# آرڈر 14

## SETTLEMENT OF ISSUES AND DETERMINATION OF SUIT ON ISSUES OF LAW OR ON ISSUES AGREED UPON

## قرارداد امور تنقیح طلب وتصفیہ مقدمہ بر بنیاد تنقیحات قانونی یا تنقیحات طے شدہ

قاعدہ 1- ترتیب تنقیحات(Framing of issue):(1) امور تنقیح (issues) اس وقت پیدا(arises) ہوتی ہے جب کہ کوئی فریق کسی امر نفس مقدمہ متعلقہ (material propositions of fact) واقعات یا قانون کو بیان کرے اور فریق ثانی اس سے انکار کرے۔

(2) امور نفس مقدمہ وہ امور قانونی یا واقعاتی ہیں جو مدعی کو واسطے ظاہر کرنے حق نالش کے یا مدعا علیہ کو واسطے قائم کرنے جواب دہی کے بیان کرنے میں لازم ہیں۔

(3) ہر امر نفس مقدمہ جسے ایک فریق بیان کرے اور دوسرا اس سے انکار کرے، ایک علیحدہ امر تنقیح طلب قرار دیا جائے گا۔

(4) امور(issues) مذکورہ دو قسم کے ہیں ۔

(اے) امور تنقیح طلب(issues of facts) واقعات۔

(بی) امور تنقیح طلب متعلق قانون(issues of law)

(5) مقدمہ کی اول سماعت پر عدالت کو لازم ہے کہ بعد پڑھنے عرضی دعویٰ اور بیانات تحریری کے (اگر ہوں) اور فریقین کے ایسے بیانات کے بعد جو ضروری معلوم ہو یہ دریافت کرے کہ کسی امر واقعاتی یا قانونی نفس مقدمہ کی بابت فریقین کے درمیان نزاع(variance) ہے۔ اس کے بعد عدالت ان امر تنقیح طلب کو جو بدانست عدالت مقدمہ کی صحیح تجویز کا مدار ہو، قرار دے کہ قلمبند کرے گی۔

(6) عدالت اس قاعدہ کی کسی عبارت سے اس حالت میں امور تنقیح طلب کا قرار دینا اور قلمبند کرنا لازم نہیں ہے جب کہ مقدمہ کی سماعت اول کے وقت مدعا علیہ کی طرف سے جو کچھ جواب دہی نہ ہو۔

## شرح

امور تنقیح طلب کا قیام۔ قیام تنقیحات: اگر کسی امر واقعہ پر ایک خاص قسم کا امر تنقیح قائم کرنا ضروری ہو جو کہ فریقین کے مقدمہ کی روشنی میں قائم کیا جانا ہو لیکن قائم نہ کیا گیا ہو بلکہ فریقین نے متنازعہ امر



Marfat.com

الحہ پر شہادت پیش کر دی ہو تو ایسی صورت میں ایسے امر دریافت طلب رسوال پر قانونی طور پر امر تنقیح قائم کیے بغیر فیصلہ دیا جا سکتا ہے۔ (پی ایل ڈی 2003ء ایس سی 271(اے))

ذمہ داری مدعی مقدمہ پیروی: مدعی کا موقف یہ تھا کہ عدالت کو مقدمہ مزید کسی تاریخ تک بعد وضع تنقیحات موخر کرنا چاہیے تھا جب کہ وضع تنقیحات والے دن وہ غیر حاضر تھا۔ اسی طرح حکم 17 قاعدہ 2 لاگو نہ ہوتا ہے۔ قرار پایا کہ مدعی کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ اپنے مقدمہ کی پیروی پوری توجہ اور ہوشیاری کے ساتھ کرے۔ اگر مدعی اس میں ناکام ہوتا ہے تو حکم 9 قاعدہ 80 کے احکامات عمل میں لائے جائیں گے۔ مقدمہ جائز طور پر خارج کیا گیا۔ (1995ء سی ایل سی 461)

مدعا علیہ نے زیر آرڈر 14 درخواست دی کہ عدالت کے اختیار سماعت کو بطور ابتدائی تنقیح قرار دیا جائے عدالت نے درخواست مسترد کر دی۔ ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ عدالت کا فرض تھا کہ اختیار سماعت کے متعلق پہلے فیصلہ کرتی۔ (1994ء ایم ایل ڈی 940)

**2.Issues of law and of fact.**

قاعدہ 2- تنقیحات قانونی و واقعاتی: جبکہ امور تنقیح طلب قانونی اور واقعاتی دونوں ایک ہی مقدمہ میں پیدا ہوں اور عدالت کی رائے میں صرف امور قانونی (Issues of law) کی بناء پر مقدمہ یا جز و مقدمہ طے ہو سکتا ہو تو عدالت کو لازم ہے کہ پہلے انہیں امور کی تجویز کرے اور اس غرض کے لئے اگر مناسب جانے تو وہ مجاز ہے کہ قرار دینا امور واقعات کا اس وقت تک ملتوی (Postpone) رکھے کہ امور قانونی تجویز ہو جائیں۔

**3.Materials, from which issues may be framed.**

قاعدہ 3- کس مواد سے تنقیحات مرتب ہوں گی: عدالت کو اختیار ہے کہ امور تنقیح طلب تمام یا بعض امور مفصلہ ذیلی مواد سے مرتب (frame) کرے:۔

(اے) ان بیانات حلفی سے جو فریقین نے یا کسی شخص نے ان کی طرف سے حاضر ہو کر یا ان فریق کے وکلاء نے کیے ہوں۔

(بی) بیانات مندرجہ عرضی دعوے یا بیان تحریری سے یا ان بیانات سے جو ان بند سوالات کے جواب میں کیے گئے ہوں جو مقدمہ میں دیئے جائیں۔

(سی) ان دستاویزات کے مضمون سے جو فریقین میں سے کسی نے پیش کیے ہوں۔

**4.Court may examine witnesses or documents before framing issues.**

قاعدہ 4- عدالت قبل ترتیب تنقیحات کے گواہوں کا اظہار لے سکتی ہے یا دستاویزات معائنہ کر سکتی ہے: (1) اگر عدالت کی یہ رائے ہو کہ بلا اظہار کسی شخص کے جو عدالت میں حاضر نہ ہو یا بلا معائنہ (examination) کسی دستاویز کے جو مقدمہ میں پیش نہ ہوتی ہو امور تنقیح

Marfat.com

طلب قرار واقعی قائم نہیں ہو سکتے تو اسے اختیار ہوگا کہ قائم کرنا امور کا کسی تاریخ آئندہ پر ملتوی رکھے اور (برعایت قانون مجریہ وقت) بذریعہ حکمنامہ کے کسی شخص کو جبراً حاضر کرائے یا کسی دستاویز کو اس شخص سے جس پاس وہ ہو بذریعہ سمن یا دیگر ذرائع سے جبراً پیش کرائے۔

## قاعدہ 5- اختیار نسبت ترمیم۔ اخراج تنقیحات:

-1 عدالت کو اختیار ہے کہ ڈگری صادر Passing کرنے سے پہلے کسی وقت امور تنقیح طلب کہ ان شرائط سے جو مناسب معلوم ہوں ترمیم کرے یا ان میں اور امور تنقیح طلب شامل کرے اور اسی واسطے مقیفہ نزاع مابین Controversy فریقین کے جو ترمیم بلا اضافہ امور تنقیح طلب کا ضروری ہو عمل میں آئے گا۔

-2 عدالت کو یہ بھی اختیار ہے کہ ڈگری صادر کرنے سے پہلے کسی امور تنقیح طلب کو جو اسے غلط معلوم ہوں یا بڑھائے گئے معلوم ہوتے ہوں خارج کر دے۔ Strike Out

## قاعدہ 6- امورات واقعاتی یا قانونی فریقین کی رضا مندی سے تنقیحات میں بیان ہوسکتے ہیں:

جب فریقین مقدمہ باہم اتفاق کریں کہ فلاں امر واقعاتی یا قانونی کا تصفیہ مابین ان کے ہونا چاہیے تو ان کو اختیار ہے کہ امر مذکور بطور تنقیح طلب کے قلمبند کر کے ایک اقرار نامہ باندراج شرائط مفصلہ ذیل کے لکھ دیں کہ جب عدالت نسبت امر تنقیح طلب مذکور اپنی رائے اثبات Affirmative یا نفی Negative میں قائم کرے۔

(الف) تو اس وقت مبلغ مندرجہ اقرار نامہ یا جس قدر کہ عدالت تحقیق Ascertained کرے یا جس طور سے عدالت ہدایت کرے ایک فریق دوسرے فریق کو ادا کرے یا کوئی فریق کسی ایسے حق کا مستحق یا ایسی ذمہ داری کا پابند قرار دیا جائے جس کی صراحت اقرار نامہ میں مندرج ہو۔

(ب) کوئی جائیداد جو اقرار نامہ میں مندرج اور مقدمہ میں متنازعہ فیہ Indispute ہو

Marfat.com

ایک فریق دوسرے فریق کے حوالہ کرے یا جس طرح دوسرا فریق ہدایت کرے اسی طرح عمل کیا جائے یا۔

(ج) فریقین میں سے ایک یا زیادہ فریق کوئی خاص جو اقرار نامہ میں مذکور ہو اور امر نزاع سے متعلق ہو عمل میں لائیں یا اس سے باز Abstain رہیں۔

**قاعدہ 7- اگر عدالت کا اطمینان ہو جائے کہ اقرار نامہ باضابطہ عمل ہوا تو فیصلہ صادر کر سکتی ہے:**

اگر بعد کرنے اس قدر تحقیقات کے جو مناسب معلوم ہو عدالت کو اس امر کا اطمینان ہو:۔

(الف) کہ اقرار نامہ فریقین کی طرف سے باضابطہ مکمل ہوا۔

(ب) ان کو امر تصفیہ مذکور کے انفصال میں حقیقی غرض Substantial interest ہے اور۔

(ج) امر مذکور قابل فیصلہ Decided و انفصال ہے۔

تو اس کو لازم ہے کہ امر تنقیحی کو قلمبند کر کے اس کا فیصلہ کرے اور اپنا فیصلہ یا رائے نسبت اس کے اسی طرح لکھے کہ گویا عدالت نے خود اس کو امر تنقیح طلب قرار دیا تھا۔

اور عدالت مذکور اپنے فیصلہ یا رائے نسبت امر مذکور کے لکھ کر بموجب شرائط اقرار نامہ کے فیصلہ صادر کرے گی اور اسی طرح فیصلہ سنانے کے بعد ڈگری صادر ہوگی۔

Marfat.com

## آرڈر 15

## Disposal of the suit at the first hearing

## نالش کا پہلی سماعت پر فیصلہ

### قاعدہ 1- فریقین میں مخالفت نہ ہو!

اگر مقدمہ کی سماعت اول کے وقت معلوم ہو کہ فریقین میں نسبت کسی مسئلہ قانونی یا Question of Law امر واقعہ Fact کے بحث نہیں ہے تو عدالت مجاز ہوگی فیصلہ اسی وقت صادر Pronounce کرے۔

### قاعدہ 2- کئی مدعا علیہم میں سے ایک کو اختلاف ہو

جب کہ کئی مدعا علیہ ہوں اور ان میں سے کسی ایک کو کسی امر قانونی یا واقعاتی میں کے ساتھ اختلاف نہ ہو تو عدالت کو اختیار ہے کہ اس مدعا علیہ کے حق میں یا اس کے خلاف فوراً" فیصلہ صادر کرنے اور مقدمہ کی کارروائی صرف دیگر مدعا علیہم کے خلاف جاری رہے گی۔

### قاعدہ 3- فریقین میں مخالفت

- جب فی ما بین فتخاصمین کے بحث کسی امر قانونی واقعاتی کی ہو اور امور تنقیح طلب حسب طریقہ متذکرہ بالا عدالت نے مقرر کیے ہوں اور عدالت کو اطمینان ہو کہ نسبت کسی امور تنقیح طلب کے جو مقدمہ کے فیصلے کے لیے کافی ہوں کوئی اور دلیل یا ثبوت سوائے اسکے جو فریقین فی الفور پیش کر سکتے ہیں ضروری نہیں ہے اور مقدمہ میں فوراً" کارروائی کرنے سے کچھ بے انصافی پیدا نہ ہو گی تو عدالت کو اختیار ہو

Marfat.com

کہ امور تنقیح طلب کی تجویز شروع کرے۔

اور اگر تجویز امور مذکور کے واسطے انفصال مقدمہ کے کافی ہو تو مطابق اس کے مقدمہ کو فیصل کر دے عام اس سے کہ سمن صرف بغرض قرار دینے امور تنقیح طلب یا انفصال قطعی Final کے جاری ہوا ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ جب سمن صرف بغرض قراردینے امور تنقیح طلب کے صادر ہو تو فریقین مقدمہ یا ان کے وکیل حاضر ہوں اور کوئی ان میں سے اعتراض نہ کرے۔

2- جب کہ تجویز واسطے انفصال مقدمہ کے کافی نہ ہو تو عدالت مقدمہ کی سماعت مزید ملتوی کر کے کوئی تاریخ واسطے پیش کرنے ثبوت مزید یا اور دلائل کے جیسا کہ موقع ہو معین کرے گی۔

## قاعدہ 4- شہادت پیش کرنے سے قاصر رہنا!

اگر سمن بغرض انفصال قطعی کے جاری ہوا ہو اور کوئی بلا وجہ کافی اس ثبوت کو جس پر اس کو استدلال ہو پیش کرنے سے قاصر رہے تو عدالت کو اختیار ہے کہ فورا" مقدمہ کو فیصل کر دے یا اگر اس کی دانست میں مناسب ہو تو تنقیحات قرار دینے اور ان کو قلم بند کرنے کے بعد مقدمہ کو واسطے پیش ہوئے اس شہادت کے جو بر بنا تنقیحات مذکور اس کو فیصل کرنے کے لے ضروری ہو ملتوی Adjurn رکھے۔

Marfat.com

# آرڈر 16

# SUMMONING AND ATTENDANCE OF WITNESSES

# طلبی و حاضری گواہان

**Summons to attend to give evidence or produce documents.**

**قاعدہ 1- سمن برائے شہادت یا پیشی دستاویز:** (1) امور تنقیح طلب کے تصفیہ کے 7 یوم کے اندر اندر فریقین عدالت کے اندر[1] [شہادت پیش کرنے کا ایک سرٹیفکیٹ جس میں گواہان کی لسٹ موجود ہو جنہیں وہ طلب کر سکیں پیش کریں گے۔[2] [شہادت پیش کرنے یا دستاویزات پیش کرنے کے لیے پیش کریں گے۔

(2) کسی فریق کو ایسے گواہ کے علاوہ تذکرہ فہرست میں درج ہو بلا اجازت عدالت کے اور ایسے گواہ کے فہرست میں رہ جانے کی معقول وجہ ظاہر کرنے کے، طلب کرانے کی اجازت نہ دی جائے گی۔

(3) عدالت کو یا ایسے افسر کو جو وہ اس بارے میں مقرر کرے، درخواست کرنے پر فریقین ایسے اشخاص کے سمنات حاصل کر سکیں گے جن کی عدالت میں حاضری مطلوب ہو:۔

بشرطیکہ قاعدہ 8 کے تحت کسی ایسے شخص کی تعمیل کے لیے کوئی سمن جاری نہ کیا جائے گا جب تک کہ مقدمہ کی سماعت کے لئے مقرر کردہ تاریخ سے زیادہ سے زیادہ چودہ دن قبل تک اس بارے میں درخواست نہ گزاری گئی ہو اور ایسے شخص کی طلبی کے لئے ضروری اخراجات جمع نہ کر دیے گئے ہوں۔

**2. Expenses of witness to be paid into Court on applying for summons.**

**قاعدہ 2- بوقت درخواست اجرائے سمن خرچہ عدالت میں داخل ہونا چاہیے:۔**

---

1۔ الفاظ ایکٹ نمبر 14 مجریہ 1994ء کے ذریعے شامل کیا گیا۔ (پی ایل ڈی سنٹرل ایس ٹی صفحہ نمبر 3)۔

2۔ الفاظ کو نوٹیفکیشن نمبر 300 رولز نمبر 11 و ائی 26، مورخہ 2 اکتوبر، 2001ء کے ذریعے اضافہ کیا گیا۔

(پی ایل جے 2001ء فیڈرل شریعت 1016)۔



Marfat.com

جو شخص اجرائے سمن کی درخواست کرے اس کو لازم ہے کہ سمن کے دیئے جانے سے پہلے اور اس میعاد کے اندر جو عدالت نے مقرر کی ہو بابت زادوراہ وغیرہ اخراجات اس شخص کے جس پر سمن بھیجا جائے جس قدر روپیہ اس عدالت کی آمدورفت کے لیے جس میں طلبی اس کی کی گئی اور نیز بابت ایک روز حاضری عدالت کے کافی Sufficient سمجھے عدالت میں داخل کرے۔

## اکسپرٹ یعنی ماہر:

2- عدالت کو اختیار ہے کہ اشخاص اکسپرٹ یعنی ماہران فن کو شہادت دینے کے لیے طلب کئے جائیں ایک معقول معاوضہ ولائے بلحاظ وقت کے جو ادائے شہادت اور کوئی تجربہ کرنے میں صرف ہوا ہو جو اس مقدمہ میں ضروری ہو۔

## شرح خرچہ:

3- اگر وہ عدالت محکمہ ہائی کورٹ کے ماتحت ہو تو شرح اخراجات مذکور کے مقرر کرنے میں ان قواعد کی پابند ہوگی جو اس باب میں مقرر ہو گئے ہوں۔

## قاعدہ 3- خرچہ گواہ کو دیا جائے گا:

روپیہ جو بابت خرچہ مذکور کے عدالت میں جمع کیا جائے بروقت تعمیل ہونے سمن کے اس شخص کو دیا جائے گا جس کے نام کا وہ سمن ہو اگر اس کی تعمیل اس کی ذات Personally پر ممکن ہو۔

## قاعدہ 4- اگر پورا خرچہ نہ داخل کیا جائے:۔

1- اگر عدالت کو یا اس عہدہ دار کو جو اس کام کے لیے عدالت سے مقرر ہوا ہو یہ معلوم ہو کہ جو روپیہ عدالت میں داخل کیا گیا وہ اخراجات یا معاوضہ Remuneration مذکور کے لیے کافی نہیں ہے تو عدالت یہ ہدایت کر سکتی ہے کہ اتنی زائد رقم جس قدر روپیہ شخص موسومہ سمن ضابطہ کو دینا بابت اخراجات مذکور کے ضروری معلوم ہو دیا جائے اور اگر زر مذکور ادا نہ کیا جائے تو عدالت حکم دے

Marfat.com

سکتی ہے۔ زر مزید مطلوبہ اس شخص کی جائیداد منقولہ کی قرقی اور نیلام سے وصول کیا جائے جس نے سمن حاصل کیا ہو یا عدالت شخص طلب شدہ کو بغیر لینے اس کے اظہار کے رخصت کرے یا زر مذکور کے وصول کرنے اور اس شخص کو رخصت کرنے دونوں باتوں کا جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا حکم دے۔

## اگر گواہ ایک دن سے زیادہ روکا جاوے:

2- اگر شخص طلب شدہ کو ایک روز سے زیادہ عرصہ تک ٹھہرانا ضروری ہو تو عدالت مجاز ہو گی کہ وقتاً" فوقتاً" واسطے ادخال اس قدر روپیہ کے جو واسطے ادائے اخراجات اس کے قیام مزید کے کافی ہو طلب کرنے والے کو حکم دے اور اگر زر مذکور داخل نہ کیا جاوے تو یہ حکم صادر کرے کہ زر مذکور اس شخص کے مال منقولہ کی قرقی اور نیلام سے وصول کیا جائے جس کی درخواست پر وہ شخص طلب ہوا تھا یا عدالت بغیر لیتے اظہار کے اس شخص کو رخصت کرے زرمذکور کے وصول کرنے اور اس شخص کو رخصت کرنے یعنی دونوں باتوں کا جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے' حکم دے۔

## قاعدہ 5- سمن میں حاضری کا وقت اور مقام اور غرض کی صراحت ہوگی:

ہر سمن میں جو با حکم حاضر ہونے شخص طلب شدہ کے واسطے ادائے شہادت یا پیش کرنے دستاویز کے ہو صراحت Specify اس وقت اور موقع کی ہوگی جس وقت اور جہاں اس کو حاضر ہونا ضرور ہو اور اس میں یہ بھی لکھا جائے گا کہ حاضری بغرض ادائے شہادت یا پیش دستاویز یا دونوں امر کے لیے مطلوب ہے اور اگر شخص طلب شدہ کو کسی دستاویز خاص کے پیش کرنے کا حکم ہوا ہو تو کیفیت اس دستاویز کی صحت مناسب کے ساتھ سمن میں لکھی جائے گی۔

## قاعدہ 6- سمن نسبت پیش دستاویز:

ہر شخص دستاویز کے پیش کرنے کے لیے بغیر اس کے کہ واسطے دینے اظہار کے طلب ہو سکتا ہے اور کوئی شخص جو صرف واسطے درپیش دستاویز a document To produce کے طلب ہوا ہو دستاویز پیش کرنے کے لیے اصالتاً" حاضر نہ ہو بلکہ کسی اور شخص سے دستاویز پیش کرائے تو اس کی نسبت یہ سمجھا جائے گا کہ اس نے حکم سمن کی

Marfat.com

**7-Power to requir persons present in Court to give evidence or produce document.**

**قاعدہ7- جو شخص عدالت میں حاضر ہو اس کو شہادت دینے یا دستاویزات پیش کرنے کا حکم ہوسکتا ہے۔**: عدالت کو اختیار ہے کہ کسی شخص حاضر عدالت کو حکم دے کہ وہ ادائے شہادت کرے یا ایسی کوئی دستاویز پیش کرے جو اس وقت وہیں اس کے قبضہ یا اختیار میں ہو:۔

**7.A-Service of summons by parties.**

1[ **قاعدہ7-(اے) فریقین کی طرف سے سمن کی تعمیل**:(1) ماسوائے ان واقعات کے جب عدالت کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس آرڈر کے تحت عدالت سمنوں کی اسی طرح تعمیل کرے جس طرح مدعا علیہ کے نام تعمیل کرائی ہے۔عدالت درخواست دہندہ فریق کے سمن اس طرح حوالہ کرے گی۔

(2) ایسی پارٹی یا اس کی جانب سے تعمیل اس طرح کی جائے گی کہ گواہ کو ذاتی طور پر ایک نقل دستخط شدہ جس پر جج یا ایسا افسر جسے وہ اس ضمن میں مقرر کرتا ہے، حوالہ کی جائے گی۔اس نقل پر عدالت کی مہر لگائی جائے گی۔

(3) وہ سمن جن کی تعمیل ذاتی طور پر کرائی جاتی ہے ان پر آرڈر V کے رولز 16 اور 18 کا اس طرح اطلاق ہوتا ہے۔ جس طرح کہ سمن کی تعمیل کرانے والا ملازمت کرنے (serving) والا افسر (officer) ہو۔]

**قاعدہ8- طریقہ تعمیل سمن(Service of summons by Court)**: جو سمن اس آرڈر کے بموجب جاری کیا جائے اس کی تعمیل حتی الامکان قریب قریب اسی طور کی جائے گی جس طرح مدعا علیہ پر سمن کے تعمیل کرنے کا حکم ہے اور وہ قواعد جو آرڈر 5 میں درباب ثبوت تعمیل سمن کے مندرج ہیں ہر سمن سے متعلق ہوں گے جس کی اس قاعدہ کے بموجب تعمیل کی جائے۔

**قاعدہ9- وقت تعمیل سمن(Time for serving summons)**: ہر ایک صورت میں سمن کی تعمیل اتنے عرصہ پہلے اسی وقت کے جو شخص مطلوب کی حاضری کے لئے سمن میں مندرجہ ہو، کی جائے گی کہ اس کو سفر کی تیاری اور سفر کرنے کے واسطے اس مقام تک جہاں اس کا حاضر ہونا ضرور ہے مہلت کافی ملے۔

---

1- رول 7(اے) کا بروئے لاریفارمز آرڈیننس XII آف 1972ء اضافہ ہوا۔

Marfat.com

## قاعدہ 10- طریقہ کار اگر گواہ احکام سمن کی تعمیل کرنے سے قاصر رہے:

1- اگر وہ شخص جس کے نام سمن بغیرض ادائے شہادت یا درپیشی دستاویز کے جاری ہوا ہو مطابق سمن مذکور کے حاضر نہ ہو یا دستاویز پیش نہ کرنے اور اگر اہل کار تعمیل کنندہ سمن نے تعمیل کی Service کی کیفیت ازروئے حلف تحریر نہ کی ہو تو عدالت کو لازم ہے ورنہ درصورت یہ کہ تعمیل کی تصدیق ازروئے حلف ہو گئی ہو اختیار ہے کہ اظہار حلفی تعمیل کنندہ کا درباب تعمیل یا عدم تعمیل کے خود لے یا معرفت کسی دوسری عدالت کے دلوائے۔

2- اگر عدالت اس بات کے باور کرنے کی وجہ رکھتی ہو کہ ایسی شہادت کا ادا ہونا دستاویز پیش ہونا ضروری ہے اور شخص مذکور بغیر عذر جائز Lawful excuse کے مطابق سمن مذکور حاضر نہ ہوا ہو یا دستاویز پیش نہ کی ہو یا قصداً" تعمیل اپنے اوپر نہ ہونے دی ہو تو عدالت مجاز ہوگی کہ اشتہار Proclamation اس حکم کے ساتھ مشتہر کرائے کہ وہ اس وقت اور موقع پر جو اشتہار میں مندرج ہو حاضر ہو کر ادائے شہادت کرے یا دستاویز پیش کرے اور ایک نقل اس اشتہار کی اس مکان کے دروازہ بیرونی یا اس کے کسی نمایاں مقام پر آویزاں کی جائے گی جس میں شخص مذکور معمولاً" رہتا ہو۔

3- بعوض In lieu اشتہار کے یا بوقت جاری کرنے اشتہار کے یا کسی وقت بعد اس کے عدالت اپنی صوابدید سے ایک وارنٹ ساتھ یا بغیر ضمانت کے واسطے گرفتاری شخص مذکور کے جاری کر سکتی ہے اور حکم دے سکتی ہے کہ جائیداد اس شخص کی اس مقدار تک جو عدالت مناسب سمجھے اور جو قرقی کے کل خرچہ اور اس جرمانہ کی تعداد سے زیادہ نہ ہو جو قاعدہ 12 کے بموجب اس پر عائد ہو سکتا ہے قرقی کی جائے۔ مگر شرط یہ ہے کہ کوئی عدالت مطالبہ خفیفہ Court of Small Causes جائیداد غیر منقولہ کی قرقی کا حکم نہ دے سکے گی۔

## قاعدہ 11- اگر گواہ حاضر ہو جائے تو قرقی اٹھ سکتی ہے:

اگر شخص مطلوب بعد قرقی اپنی جائیداد کے کسی وقت حاضر ہو کر عدالت کو اس بات سے مطمئن کر دے:-

Marfat.com

(الف) کہ وہ فلاں عذر جائز کی وجہ سے سمن کی تعمیل نہ کر سکا یا کہ قصداً" اس نے تعمیل سے گریز نہیں کیا اور۔

(ب) اگر وہ بوقت وہ مقام مندرجہ اشتہار مجریہ قاعدہ 10 حاضر نہ ہوا ہو یہ کہ اس کو اس قدر مدت پیشتر سے اشتہار کی اطلاع نہیں ہوئی تھی کہ حاضر ہو سکتا۔

تو عدالت یہ حکم دے گی کہ جائیداد قرقی سے واگذاشت کی جائے اور قرقی کے اخرجات کی نسبت جو حکم مناسب سمجھے صادر کرے گی۔

## قاعدہ 12- اگر گواہ حاضر نہ ہو:

اگر شخص مطلوب حاضر نہ ہو یا حاضر آئے مگر عدالت کو حسب مذکورہ بالا مطمئن نہ کرے تو عدالت مجاز ہو گی کہ اس پر اس کی حیثیت کے مطابق اور جملہ حالات مقدمہ کا لحاظ کر کے اپنی رائے سے کسی قدر جرمانہ جو (2 ہزار) روپیہ سے زیادہ نہ ہو عائد کرے اور حکم دے کہ اس کی جائیداد یا جزو اس کا قرق ہو کر نیلام کیا جائے یا اگر قاعدہ 10 کے بموجب پہلے سے قرق ہو گیا ہو تو واسطے ادائے جملہ اخراجات قرقی اور زر جرمانہ ہوا ہو نیلام کیا جائے۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر وہ شخص جس کی حاضری مطلوب ہے خرچہ اور جرمانہ مذکورہ بالا عدالت میں ادا کر دے تو عدالت جائیداد کی نسبت قرقی سے واگذشت ہونے کا حکم صادر کرے گی۔

## قاعدہ 13- طریقہ قرقی:

جو احکام اجرائے ڈگری کے قرقی اور نیلام سے متعلق ہیں جہاں تک متعلق ہو سکیں اس قرقی اور نیلام سی بھی متعلق سمجھے جائیں گے جو اس آرڈر کے بموجب کیا جائے گا گویا کہ وہ شخص جس کی جائیداد اس آرڈر کی بموجب قرقی کی جائے مدیون ڈگری Judgment debtor ہے۔

## قاعدہ 14- عدالت اپنی مرضی سے اجنبی نالش کے نام بطور گواہ سمن جاری کر سکتی ہے:

Marfat.com

پابندی احکام اس مجموعہ کے جو عدالت میں حاضر رہنے اور حاضر ہونے کی بابت ہیں اور احکام مندرجہ کسی قانون نافذالوقت کے اگر عدالت کو کسی وقت ایسے شخص کا اظہار ضروری معلوم ہو جو فریق مقدمہ نہ ہوا ور جس کو کسی فریق نے بطور گواہ کے نامزد نہ کیا ہو تو عدالت مجاز ہوگی کہ وہ خود اپنی مرضی سے شخص مذکور کے نام سمن اس حکم کے جاری کرے کہ وہ تاریخ مقررہ پر بطور گواہ کے شہادت دے یا کوئی دستاویز مقبوضہ اپنی پیش کرے اور عدالت مجاز ہوگی کہ اس کا اظہار بطور گواہ کے لیے یا اس سے دستاویز مطلوبہ پیش کرائے۔

## قاعدہ 15- فرض ان لوگوں کا جن کے نام سمن ادائے شہادت یا پیشی دستاویز کے لیے جاری ہو:

پابندی متذکرہ قاعدہ ملحقہ بالا کے جس شخص کے نام سمن مقدمہ میں حاضر ہو کر شہادت دینے کے لیے جاری ہوا ہو اس کو لازم ہے کہ اس وقت اور موقع پر حاضر ہو جو سمن میں اس غرض سے مقرر ہوا ہو اور جس شخص کے نام سمن دستاویز پیش کرنے کے لئے جاری ہوا ہو اس کو لازم ہے کہ اسی وقت اور موقع پر حاضر ہو کر دستاویز پیش یا دوسرے سے پیش کرائے۔

## قاعدہ 16- گواہ کب رخصت ہو سکتا ہے:۔

1- کوئی شخص جو سمن کے حکم کے بموجب حاضر ہو ہر پیشی Each hearing میں حاضر ہو گا تا وقت یہ کہ مقدمہ فیصل نہ ہو جائے۔ الا اس صورت میں کہ عدالت میں کچھ اور حکم دے۔

2- اگر کوئی فریق درخواست دے اور عدالت میں کل اخراجات ضروری داخل کر دے تو عدالت حکم دے سکتی ہے کہ وہ شخص جو سمن کے بموجب حاضر ہوا ہو ضمانت واسطے ہونے کے دوسری پیشی یا کسی پیشی میں تا وقت یہ کہ مقام فیصل نہ ہو جائے داخل کرے اور اگر ایسی ضمانت داخل نہ کر دے تو وہ جیل بھیجا جائے۔

## قاعدہ 17- قاعدہ 10 تا 13 کا اطلاق:

احکام قواعد 10 تا 13 جہاں تک متعلق ہو سکیں اس شخص سے بھی متعلق سمجھے جائیں

Marfat.com

گے جو سمن کے حکم کے بموجب حاضر ہو کر بلا وجہ جائز خلاف احکام (contravention in) قاعدہ 16، کے عدالت سے چلا جائے۔

**18. Procedure where witness apprehended cannot give evidence or produce documents.**

**قاعدہ 18- اگر گرفتار شدہ گواہ شہادت نہ دے سکے یا دستاویز پیش نہ کر سکے:** اگر کوئی شخص جو وارنٹ کے بموجب گرفتار ہو کر عدالت کے روبرو بحراست (custody) حاضر کیا جائے، فریقین مقدمہ یا ان میں سے کسی کی غیر حاضری کے سبب سے وہ شہادت ادا نہ کر سکے یا وہ دستاویز پیش نہ کر سکے جس کے ادا یا پیش کرنے کے لئے اس کی طلبی ہوئی تھی تو عدالت مجاز ہوگی کہ اس سے حاضر ضامنی یا زر ضمانت (reasonable bail) اس وقت اور موقع پر حاضر ہونے کے لئے جو مناسب متصور ہو، طلب کرے اور بعد داخل ہونے ایسی حاضر ضامنی یا ضمانت اس کو رہا کرے اور اگر وہ حاضر ضامنی یا ضمانت مذکور داخل نہ کرے تو عدالت اس کی نسبت حکم دے سکتی ہے کہ وہ جیل بھیجا جائے۔

**19. No witness to be ordered to attend in person uless resident within certain limits.**

**قاعدہ 19- گواہ کی اصالتاً حاضری کا حکم نہیں دیا جائے گا تاوقتیکہ حدود دفعہ ہذا کے اندر نہ رہتا ہو:** کسی شخص کو ادائے شہادت کے لئے عدالت میں اصالتاً حاضر ہونے کا حکم نہیں دیا جائے گا جب تک اس کی رہائش پاکستان کے اندر نہ ہو۔

**20. Consequence of refusal of party to give evidence when called on by Court.**

**قاعدہ 20- انجام اس فریق کا جو عدالت کی طلبی کے باوجود گواہی سے انکار کرے:** اگر کوئی فریق مقدمہ جو عدالت میں حاضر ہو، عدالت سے حکم ہونے پر شہادت دینے یا کسی ایسی دستاویز پیش کرنے سے جو اس وقت اور وہیں اس کے قبضہ یا اختیار میں ہو، بلا وجہ جائز انکار کرے، عدالت مجاز ہوگی کہ اسکے خلاف فیصلہ کرے یا مقدمہ کی نسبت ایسا حکم دے جو عدالت کو مناسب معلوم ہو۔

**21. Rules as to witnesses to apply to parties summoned.**

**قاعدہ 21- قواعد نسبت گواہان فریق طلب شدہ سے بھی متعلق ہوں گے:** جب کسی فریق مقدمہ کو حکم دیا جائے کہ وہ شہادت دے یا دستاویز پیش کرے تو قواعد جو گواہوں سے متعلق ہیں جہاں تک ہو سکیں فریق مذکور سے بھی متعلق سمجھے جائیں گے۔

Marfat.com

## شرح

**...rty as his own witness.**

**فریق جو کہ اپنا آپ گواہ ہو/فریق اپنے گواہ کے طور پر:** یہ فریق کا فرض ہے جس کے ذاتی علم میں بعض واقعات موجود ہوں کہ وہ عدالت کے روبرو پیش ہو مقدمہ کے ابتداء میں گواہ کے طور پر پیش ہو اور ان واقعات کے بارے میں اپنی شہادت کو پیش کرے اور دوسری جانب اپنے آپ کو جرح کے لئے پیش کرے۔ 1982ء سی ایل سی 12۔ لہٰذا جب ایک مالک مکان اپنے کرایہ دار کی بے دخلی طلب کرتا ہے جو کہ اپنے ذاتی استعمال کی بنیاد پر طلب کرتا ہے تو اسے بیان حلفی پر اپنی جائز ضرورت کو بیان کرنے کے لئے آگے آنا چاہیئے۔ تاہم ایسے مقدمات معاملات بھی ہو سکتے ہیں جن میں مالک مکان اپنے آپ کو جرح کے لئے پیش نہ کر سکتا ہو جس کی وجہ اُس کے کنٹرول سے باہر ہو۔ مثال کے طور پر ایسی جسمانی یا ذہنی عذرداری یا معذوری جو کہ اُسے بیان نہ دینے دے حتیٰ کہ کمیشن کے طور پر بھی تو ایسی صورت میں غلط نتیجہ اخذ نہیں کرنا چاہیئے اگر وہ کٹہرے میں داخل ہونے سے گریز کرتا ہے بغیر کسی ایسی وجہ کے تو ایسی صورت میں لازمی طور پر صورت حال اپنی نیک نیتی سے منحرف ہوتا ہے جو کہ دیگر حالات کے ساتھ ذاتی استعمال کے فیصلہ پر غور کرنے کے لئے زیر غور رکھا جائے گا۔ (1979ء سی ایل سی 367=پی ایل جے 1979ء لاہور 499) جہاں کسی معاملہ میں جس میں فروخت جائیداد کی بناء پر بے دخلی مطلوب ہو، کرایہ دار نے عذر پیش کیا کہ فروخت کا معاملہ جعلی وجھوٹا ہے۔ لیکن جرح کے لئے کٹہرے میں داخل نہ ہوا، حالانکہ وہ شہر میں موجود تھا۔ لہٰذا اُس کا عذر میرٹ کے لئے قابل غور نہ تھا۔

(1983ء سی ایل سی 1512)

**Attorney appearing for party.**

**فریق کی جانب سے اٹارنی کا پیش ہونا:** جب ایک اٹارنی جو کہ کسی فریق کی جانب سے پیش ہونے کے لئے مکمل مجاز بنایا گیا ہو اور وہ اس کی جانب سے گواہ کے طور پر کٹہرے میں پیش ہو تو ایسی صورت میں اس کی گواہی کو مناسب وزن دیا جانا چاہیئے، ایسے معاملات میں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ فریق کٹہرے میں پیش نہیں ہوا۔

37 انڈین اپیل نمبر 1 (پی سی)+36 انڈین اپیل 9 (پی سی)

**Party as witness of opposite party.**

**فریق جو کہ مخالف فریق کا گواہ ہو:** اسی فریق کو گواہ کے طور پر اپنے آپ کو جرح کے لئے پیش نہ کرنے کا عمل اور مخالف فریق کو اسے سمن بھیجنے کے لئے مجبور کرنا اور اس پر یہ امید رکھنا کہ اسے اپنے وکیل کی جانب سے جرح کا موقع دیا جائے گا۔ (اے آئی آر 1928ء لاہور 868+ 3 انڈین کیس 45 (ڈی بی)+ اے آئی آر 1951 آزاد کشمیر 5= اور کسی مخالف پارٹی کو گواہ کے طور پر طلب کرنے کی مشق قابل اعتراض ہے۔ اے آئی آر 1929ء لاہور 868+3 انڈین کیس 45 (ڈی بی)+اے آئی آر 1951ء آزاد کشمیر 5)۔

**کمیشن پر سوال جواب (Examination on commission):** کمیشن پر گواہان کی پوچھ گچھ کے قاعدہ کا اطلاق فریقین پر ہوتا ہے۔

(اے آئی آر 1962ء اے پی 435 (ڈی بی)+اے آئی آر 1960ء اے پی 459)

Marfat.com

# آرڈر 17

# ADJOURNMENTS

# التواء

**1. Court may grant time and adjourn hearing.**

قاعدہ 1-عدالت مہلت دے سکتی ہے اور پیشی بڑھا سکتی ہے: (1) عدالت مجاز ہے کہ بحالت پیش ہونے معقول وجہ (sufficient cause) کے اثنائے دوران مقدمہ میں کسی وقت فریقین یا کسی فریق کو مہلت دے اور مقدمہ کی سماعت کو وقتاً فوقتاً ملتوی (adjourn) کرتی رہے۔

(2) التواء کا خرچہ (**Cost of adjournment**): تمام ایسی صورتوں میں عدالت کوئی اور روز واسطے سماعت آئندہ مقدمہ کے لئے مقرر کرے گی اور نسبت خرچہ کے جو التواء کے باعث سے عائد ہو جو حکم مناسب سمجھے صادر کرے گی:-

مگر شرط یہ ہے کہ جب شہادت کی سماعت شروع ہو جائے، چاہئے کہ سماعت مقدمہ روز بروز جاری رہے جب تک کہ کل گواہان حاضر کے اظہارات قلمبند نہ ہولیں۔ بجز (unless) اس صورت کے عدالت کے دانست میں سماعت کو ملتوی کرنا بوجوہ ضروری ہو اور یہ وجوہ قلمبند کی جائے گی۔

## شرح

**Adjournment without sufficient cause.**

بغیر کسی مناسب وجہ کے التواء: نالش کی برخاستگی مدعی کو شہادت پیش کرنے کے بہت سے مواقع فراہم کئے گئے لیکن وہ اسے پیش کرنے میں ناکام رہا اس بات کے باوجود کہ اُس نے 17 مرتبہ التواء طلب کیا۔ ابتدائی عدالت نے مدعی کو تنبیہہ کی اور نالش کو مجموعہ ضابطہ دیوانی کے آرڈر نمبر 17 قاعدہ نمبر 3 کے تحت برخاست کردیا۔ مدعی کا اعتراض یہ تھا کہ ابتدائی عدالت کو مجموعہ ضابطہ دیوانی کے آرڈر نمبر 17 قاعدہ نمبر ( 3 ) کے تحت کارروائی کرنی تھی۔ جواز۔ ابتدائی عدالت کو مجموعہ ضابطہ دیوانی کے آرڈر نمبر 17 نمبر (3) کے تحت نالش کو برخاست کرنے میں کوئی رکاوٹ نہ تھی جب یہ عدالت کے لئے فریق کی طرف سے کارروائی کو جاری رکھنا اس وجہ سے ناممکن ہو جائے کہ وہ ریکارڈ پر مواد پیش کرنے میں ناکام



Marfat.com

رہے۔لہٰذا ابتدائی عدالت نے حالات کے تحت نالش کو برخاست کرتے ہوئے درست کیا۔

(پی ایل ڈی 2003ء پشاور 60(ای))

**2. Procedure if parties fail to appear on day fixed.**

**قاعدہ 2۔ اگر فریقین بروز مقررہ حاضر نہ ہوں:** اگر اس تاریخ پر جو التواء کے سماعت کے لئے مقرر ہوئی ہو فریقین یا ان میں سے کوئی حاضر ہونے سے قاصر رہے تو عدالت کو اختیار ہوگا کہ مقدمہ کو ان طریقوں (modes) میں سے کسی ایک کے بموجب فیصل کرے جو از روئے آرڈر نمبر 9 کے مقرر ہوئے ہیں یا ایسا اور حکم صادر کرے جو اس کے نزدیک مناسب ہو۔

## شرح

**شہادت پیش کرنے میں ناکامی:** مدعیان نا صرف اپنی شہادت پیش کرنے میں غافل تھے بلکہ انہوں نے آخری وحتمی دیئے گئے مواقع کی بھی پرواہ نہ کی اور نہ ہی انہوں نے اس وارننگ کی پرواہ کی جو کہ انہیں مجموعہ ضابطہ دیوانی کے آرڈر نمبر 17 قاعدہ نمبر 3 کے تحت کارروائی کرنے کے لیے دی گئی تھی۔ لہٰذا ابتدائی عدالت نے حالات کے پیش نظر مدعیان کی شہادت کے بند کرنے کا صحیح فیصلہ کیا۔

(پی ایل ڈی 2003ء پشاور 60(اے)۔

شہادت پیش کرنے کے لئے 17 تاریخیں لا التواء دینے کے باوجود مدعیان چار سال سے زائد عرصہ تک بھی اپنی شہادت پیش نہ کر سکے۔ ابتدائی عدالت نے شہادت کی عدم پیش کش پر نالش کو برخاست کر دیا اور اپیل کو بھی عدالت اپیل کی طرف سے برخاست کر دیا گیا۔ جواز۔ مدعیان نے ابتدائی عدالت کے لیے نالش میں مزید کارروائی کو ناممکن بنا دیا۔ اب ابتدائی عدالت کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہ تھا کہ وہ ان کی شہادت کو بند کر دے اور نالش کو برخاست کر دے۔ با اختیار عدالتوں کے متفقہ فیصلہ وتجویز کی بابت ہائی کورٹ نے کسی قسم کی بے ضابطگی نہ دیکھی۔ لہٰذا ریوین کو ابتداء ہیں برخاست کر دیا گیا۔

(پی ایل ڈی 2003ء پشاور 60(سی)۔

مدعی کا موقف یہ تھا کہ عدالت کو مقدمہ مزید کسی تاریخ تک بعد وضع تنقیحات موخر کرنا چاہیے تھا جب کہ وضع تنقیحات والے دن وہ غیر حاضر تھا۔ اسی طرح حکم 17 قاعدہ 2 لاگو نہ ہوتا ہے۔ قرار پایا کہ مدعی کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ اپنے مقدمہ کی پیروی پوری توجہ اور ہوشیاری کے ساتھ کرے۔ اگر مدعی اس میں ناکام ہوتا ہے تو حکم 9 قاعدہ 3 کے احکامات عمل میں لائے جائیں گے۔ مقدمہ جائز طور پر خارج کیا گیا۔

(1995ء سی ایل سی 461)

Marfat.com

**3. Court may proceed notwithstanding either party fails to produce evidece, etc.**

قاعدہ 3- عدالت کارروائی جاری رکھ سکتی ہے خواہ کوئی فریق شہادت پیش کرنے سے قاصر رہے: اگر فریق مقدمہ جس کو مہلت ملی ہو اپنی وجہ ثبوت پیش نہ کرے یا اپنے گواہوں کو حاضر نہ کرائے یا اور کوئی امر جو واسطے جاری رہنے کارروائی مقدمہ کے ضروری ہو اور جس کے لئے مہلت ملتی ہو بجا نہ لائے تو عدالت باوصف اس عدم پیروی (default) کے مقدمہ کو اسی وقت فیصل کرے گی۔

**4. Appearance of parties on the day next after holiday.**

قاعدہ 4- فریقین کا تعطیلات کے بعد آئندہ دن حاضر عدالت ہونا: جب کسی مقدمہ کی کارروائی اس دن مقرر کر دی جائے جو تعطیل ہو تو فریقین مقدمہ عدالت میں اس دن حاضر آئیں گے جو تعطیل والے دن سے آئندہ دن پڑتا ہو گا اور جب دو یا یکے بعد دیگرے آنے والے مزید دن تعطیلات ہوں تو وہ دن جو یکے بعد دیگرے آنے والے دنوں کے ساتھ پڑتا ہو، عدالت اس دن مقدمہ کی کارروائی کر سکتی ہے یا بعد میں آنے والا کوئی دن مقرر کر سکتی ہے۔

**5. Appearance of parties on the day when the presiding officer is absent.**

قاعدہ 5- فریقین کا اس دن حاضر عدالت ہونا جب صدارتی افسر عدالت غیر حاضر ہو: جب کسی دن صدارتی افسر عدالت بیماری یا کسی اور وجہ سے غیر حاضر ہو تو مقدمہ کی کارروائی ان فریقین جن کو اس دن کے لئے معین (set down) کر دیا گیا تھا (بلا لحاظ اس علم کے کہ صدارتی افسر غیر حاضر ہو گا) اس دن کمرہ عدالت میں حاضر ہوں گے اور عدالت کا دفتر افسر (ministerial officer) جسے اس ضمن میں اختیار دیا گیا ہو، فریقین کا کاغذ کے پرزے (slips of paper) دیگا جن پر اس تاریخ کی صراحت کی جائے گی جو مقدمہ کی کارروائی کے لئے مقرر کی جائے گی اور پرزے اس کی طرف سے دستخط شدہ ہوں گے۔

-----O-----

Marfat.com

آرڈر 18

# سماعت و اظہار گواہان

## Hearing of the Suit & Examination of Witnesses

### قاعدہ 1- شروع کرنے کا حق :

شروع کرنے کا استحقاق Right مدعی کو ہے الا اس صورت میں کہ مدعا علیہ مدعی کے بیان کئے ہوئے واقعات کو تسلیم کر کے یہ اصرار کرتا ہو کہ ازروئے قانون یا بربناء ان واقعات مزید کے جو خود مدعا علیہ بیان کرے مدعی اس دادرسی کے کسی جزو کا مستحق نہیں ہے جس کا وہ دعویٰ کرتا ہے۔ ایسی صورت میں شروع کرنے کا استحقاق مدعا علیہ کو ہو گا۔

### قاعدہ 2- حالت مقدمہ کا بیان اور شہادت پیش کرنا:-

1- مقدمہ کی سماعت کے لیے جو روز مقرر ہوا ہو اس روز یا جس روز پر مقدمہ کی سماعت ملتوی کی گئی ہو اس روز وہ فریق جو شروع کرنے کا استحقاق رکھتا ہے اپنے مقدمہ کی حالت بیان کرنی شروع کرے گا اور بتائید ان امور تنقیحی کے جن کا ثابت کرنا اس کے ذمہ Bound ہے اپنی شہادت پیش کرے گا۔

2- تب فریق ثانی اپنے مقدمہ کی حالت بیان کر کے اپنی شہادت پیش کرے گا۔ اگر کوئی ہو، بعد ازاں کل مقدمہ کی نسبت عام طور پر عدالت میں تقریر Address کرے گا۔

3- بعد اس کے جس فریق نے شروع کیا ہو وہ کل مقدمہ کی نسبت عام طور پر جواب دینے کا مستحق ہو گا۔



Marfat.com

## قاعدہ 3- شہادت جب کئی تنقیحات ہوں:

جب کئی امور تنقیح طلب ہوں اور ان میں سے بعض امور کا بار ثبوت فریق ثانی پر ہو تو شروع کرنے والے فریق کو اختیار ہے کہ اگر چاہے ان امور کا ثبوت اسی وقت داخل کرے یا محفوظ Reserve رکھے اسے بطور جواب ثبوت گذارندہ فریق ثانی کے' اور موخر الذکر صورت میں پیش کرنے والا فریق مجاز ہو گا کہ جب فریق ثانی اپنا کل ثبوت داخل کر چکے اپنی طرف سے ان بعض امور کی بابت ثبوت دے اور اس وقت فریق ثانی کو اختیار ہو گا کہ شروع کرنے والے فریق نے جو شہادت اس طور پر پیش کی ہو خاص اسی کا جواب دے لیکن اس وقت شروع کرنے والا فریق تمام مقدمہ کی نسبت ایک جواب عام دینے کا مستحق ہو گا۔

## قاعدہ 4- شہادتیں سر اجلاس ہوں گی:

شہادت گواہان حاضر کی زبان سر اجلاس Open Courts جج کے روبرو اور زیر ہدایت اور زیر اہتمام Superintendence ذاتی جج کے لی جائے گی۔

## قاعدہ 5- طریقہ تحریر شہادت مقدمات قابل اپیل:

جن مقدمات میں اپیل کی اجازت ہو اظہار ہر گواہ کا عدالتی زبان میں جج کے ہاتھ سے یا جج کے روبرو اور زیر اہتمام اور زیر ہدایت ذاتی جج کے لکھا جائے گا اور بالعموم بطور سوال جواب کے نہیں بلکہ بطور ایک سلسلہ Narrativeبیان کے ہو گا اور جب اظہار تمام ہو جائے تو وہ روبرو جج اور گواہ کے پڑھا جائے گا اور اگر ضرورت اصلاح کی ہو تو جج اس کی اصلاح کر کے اس پر دستخط کرے گا۔

## قاعدہ 6- اظہار کا ترجمہ کب کیا جاوے گا:

اگر اظہار اس زبان میں جس میں گواہ بیان کرے تحریر نہ ہوا بلکہ دوسری زبان میں لکھا جائے جس کو گواہ نہ سمجھتا ہو تو وہ اظہار جو قلم بند کیا جائے گا گواہ کو اس زبان میں ترجمہ ہو کر سمجھا Interpreted دیا جائے گا جس زبان میں اس نے اظہار دیا ہو۔

Marfat.com

قاعدہ 7- شہادت زیر دفعہ 138:

جو اظہار مطابق دفعہ 138 قلم بند کیا جائے وہ بطریق مقررہ قاعدہ 5 کے ہو گا پڑھ کر سنا دیا جائے گا اور اس پر دستخط ہوں گے اور اگر ضرورت ہو تو اس کا ترجمہ سنا جائے گا اور اصلاح بھی ہو گی یا کہ وہ مطابق قاعدہ مذکور قلم بند ہوا۔

قاعدہ 8- خلاصہ یادداشت جب کہ جج پوری شہادت قلم بند کرے:

اگر اظہار گواہ کا جج کے ہاتھ سے نہ لکھا جائے Taken down جج کو لازم ہے کہ گواہ جو اظہار دے اس کا خلاصہ بطور یادداشت کے لکھے جائے اور لازم ہے کہ جج اس کی یادداشت اپنے ہاتھ سے لکھے اور اس پر دستخط کرے اور وہ مثل میں شامل کی جائے گی۔

قاعدہ 9- شہادت کب انگریزی زبان میں لکھی جاوے گی:

جہاں کہ انگریزی عدالتی زبان نہیں ہے لیکن تمام فریق مقدمہ جو اصالتاً" حاضر ہوں اور وکلا ان کے جو وکالتاً" حاضر ہوں اس شہادت کو جو انگریزی میں ادا کی جائے انگریزی لکھنے پر اعتراض نہ کرے تو جج اس کو انگریزی میں لکھے گا۔

قاعدہ 10- کوئی خاص سوال و جواب قلم بند ہو سکتا ہے:

عدالت کو اختیار ہے کہ خود اپنی خوشی سے یا کسی فریق یا اس کے وکیل کی درخواست پر کسی سوال اور اس کے جواب کو یا کسی اعتراض کو جو کسی سوال پر کیا جائے قلم بند کرے بشرطیکہ اس بات کی کوئی خاص وجہ پائی جائے۔

قاعدہ 11- سوالات پر اعتراض ہوں مگر عدالت سوالات کو جائز رکھے:

اگر کسی سوال پر جو کسی گواہ سے کیا جائے۔ کسی فریق یا اس کے وکیل کو اعتراض ہو اگر عدالت اس کے سوال کا پوچھنا جائز رکھے تو جج کو لازم ہے کہ سوال اور اس کا جواب اور اعتراض اور اعتراض کرنے والے کا نام اور اس کی بابت فیصلہ قلم بند کر دے۔

Marfat.com

**قاعدہ 12- وضع گواہ پر ریمارک:**

عدالت کو اختیار ہے کہ کسی گواہ کی وضع Demeanour پر جو اظہار دینے کے وقت پائی جائے ایسے ریمارک لکھے جو نفس مضمون کے متعلق ہوں۔

**قاعدہ 13- خلاصہ اظہار مقدمات ناقابل اپیل میں:**

جن مقدمات میں کہ اپیل جائز نہ ہو یہ بات ضروری نہ ہوگی کہ اظہار گواہوں کے لفظ بلفظ At length لکھے جائیں بلکہ جج کو لازم ہو گا کہ ہر گواہ کے بیان کا خلاصہ بطور یادداشت جیسا وہ بولتا جائے لکھ کر اس پر اپنے دستخط کرے اور وہ یادداشت Memorandum مثل میں شامل کی جائے گی۔

**قاعدہ 14- اگر جج خلاصہ اظہار نہ لکھ سکے تو معذوری کی وجہ لکھے:**

1- اگر جج اس یادداشت کے لکھنے سے جو اس آرڈر کے بموجب لکھنی چاہیے معذور ہو تو وہ اپنی معذوری کی وجہ قلم بند کرائے گا اور یادداشت اپنی زبان سے سراجلاس لکھوائے گا Open Court-

2- ایسی ہر یادداشت شامل مثل کی جائے گی۔

**قاعدہ 15- جو اظہار کسی دوسرے جج کے سامنے کیا جائے:**

1- اگر کوئی جج بانسبت فوت ہونے یا بدل جانے کے یا کسی اور سبب سے مقدمہ ختم نہ کر سکے تو اس حاکم کو جو اس کی جگہ مقرر ہوا اختیار ہے کہ اس اظہار یا یادداشت کی نسبت اسی طرح عمل کرے کہ گویا خود اسی نے اس کو لکھایا' یا لکھوایا تھا اور مقدمہ میں کارروائی اس مقام سے شروع کرے جہاں پر پہلے حاکم نے اس کو چھوڑا تھا۔

2- ضمنی قاعدہ (1) کے احکامات' اس حد تک جس تک کہ وہ قابل اطلاق ہیں' کوئی اظہار جو دیا گیا ہو کسی مقدمہ میں جو تحت دفعہ 24 منتقل (ٹرانسفر) کیا گیا ہو قابل اطلاق منصور ہو گا۔

**قاعدہ 16- شہادت فوراً لینے کا اختیار:**

Marfat.com

(1) اگر کوئی گواہ عنقریب عدالت کے علاقہ اختیار سے باہر جانے والا ہو یا اور کسی وجہ سے عدالت کا اطمینان کیا جائے کہ اس کا فوراً اظہار لینا ضروری ہے تو عدالت کو اختیار ہے کہ کسی فریق یا خود گواہ کی درخواست پر بعد رجوع ہونے مقدمہ کے کسی وقت گواہ مذکور کا اظہار اسی طرح لے جس طرح اوپر حکم ہو چکا ہے۔

(2) اگر ایسے گواہ کا اظہار فوراً روبرو فریقین کے نہ لیا جائے تو اس کا اظہار لینے کے لئے جو تاریخ مقرر ہو اس کی ایسی اطلاع جو عدالت کافی سمجھے فریقین کو دی جائے گی۔

(3) اظہار جو اس طور سے لیا جائے گواہ کو پڑھ کر سنا دیا جائے گا اور اگر وہ اس کی صحت (correct) قبول کرے تو اس پر اس کے دستخط کئے جائیں گے اور اگر ضرورت ہو تو جج اس کی اصلاح کر کے اس پر دستخط کرے گا اور وہ اظہار مقدمہ کی کسی سماعت کے وقت پڑھے جانے کے لائق ہوگا۔

**17. Court may recall and examine witness.**

**قاعدہ 17- عدالت گواہ کو دوبارہ طلب کر کے اظہار لے سکتی ہے:** عدالت کو اختیار ہے کہ مقدمہ کی کسی نوبت پر کسی گواہ کو جس کا اظہار ہو چکا ہے پھر طلب کرے اور برعایت احکام مندرجہ قانون شہادت نافذ الوقت اس سے ایسے سوالات کرے جو عدالت کو مناسب معلوم ہوں۔

## شرح

**Inspection of site by Court-Object and scope.**

**عدالت کی طرف سے مقام، جگہ کا معائنہ مقصد اور وسعت:** کسی جائیداد کے معائنہ کا اختیار ایک صوابدیدی اختیار ہے اور خاص حالات میں کسی جگہ کا معائنہ ضروری و لازمی ہو سکتا ہے اور مقدمہ کے فیصلہ میں معاون ہو سکتا ہے لیکن اسے شہادت سے تبدیل نہیں کیا جا سکتا جو کہ فریق کی طرف سے پیش کرنا مطلوب ہوتی ہے۔ (پی ایل ڈی 2003 کراچی 148 (ای))

**18. Power of Court inspection.**

**قاعدہ 18- اختیار عدالت نسبت معائنہ:** عدالت کسی نوبت مقدمہ (at any stage) پر معائنہ کسی جائیداد یا شئے کا کر سکتی ہے جس کے متعلق کوئی بحث پیدا ہو سکتی ہے۔

Marfat.com

آرڈر 19

# بیان حلفی

## Affidavits

### قاعدہ 1- کسی امر کو بذریعہ بیان حلفی ثابت کرانے کا اختیار:

1- ہر عدالت ہر وقت مجاز ہے کہ اگر وجہ کافی Sufficient reason پائی جائے تو حکم دے کہ ان شرائط پر جو بدانست عدالت معقول ہوں کوئی خاص امر یا امور واقعاتی بیان حلفی کے رو سے ثابت کئے جائیں یا کسی گواہ کا بیان حلفی مقدمہ کی سماعت کے واسطے پڑھا جائے۔
مگر شرط یہ ہے کہ اگر عدالت کو معلوم ہو کہ کوئی فریق براہ نیک نیتی کسی گواہ کو اس غرض سے اظہار کے لیے حاضر کرانا چاہتا ہے کہ اس سے جرح کے سوالات کئے جائیں اور اس گواہ کا حاضر کرنا ممکن ہو تو حکم اس مضمون کا نہ دیا جائے گا کہ ایسے گواہ کا اظہار بذریعہ بیان حلفی لیا جائے۔

### قاعدہ 2- حلفی بیان تحریر کنندہ کو جرح کے لیے حاضری کا حکم دینے کا اختیار:-

1- جائز ہے کہ کسی درخواست پر شہادت بذریعہ بیان حلفی کے لی جائے لیکن عدالت مجاز ہے کہ فریقین میں سے کسی فریق کی درخواست پر تحریر کنندہ بیان حلفی کو جرح کے سوالات کے لیے حاضر ہونے کا حکم دے۔

2- ایسی حاضری عدالت میں ہونی چاہیے الا اس حال میں کہ تحریر کنندہ بیان حلفی عدالت میں اصالتاً" حاضر ہونے سے معاف ہو یا عدالت اور طرح کی ہدایت کرے۔



Marfat.com

## قاعدہ 3- بیان حلفی کن واقعات تک محدود ہوگا:۔

1- بیانات حلفی میں صرف وہی واقعات ظاہر کیے جائیں گے جن کو تحریر کنندہ اپنے علم خاص سے ثابت کر سکتا ہو بجز اس صورت کے کہ درخواست ہائے گفتگو کے متعلق ہوں کہ اس نامیردہ کے بیانات پر جن پر وہ یقین رکھتا ہو مقبول ہو سکتے ہیں۔ بشرطیکہ یقین کی وجوہ معقول ظاہر کی جائیں۔

2- خرچہ ہر بیان حلفی کا جس میں بلا ضرورت مراتب سمعی یا دلائل of hearsy Matter داخل ہوئے ہوں یا جس میں دستاویزات کی نقل یا انتخاب مندرج ہو اس فریق کے ذمہ عائد ہوگا جو اس کو پیش کرے الا اس صورت میں کہ عدالت اور طرح کا حکم دے۔

Marfat.com

## آرڈر 20

# Judgment & Degree

# فیصلہ و ڈگری

### قاعدہ 1- فیصلہ کب سنایا جاوے:-

شہادت کی تکمیل پر عدالت، فریقین کے دلائل کی سماعت کرنے کے لیے کوئی تاریخ مقرر کرے گی جو پندرہ یوم سے متجاوز نہیں ہو گی۔

- عدالت مقدمہ کی سماعت مکمل ہو جانے کے بعد کھلی کچہری میں فوری طور پر یا کسی آئندہ تاریخ پر جو تیس یوم سے متجاوز نہیں ہو گی اور جس کے لیے فریقین یا ان کے وکلا کو نوٹس دیا جائے گا، فیصلہ سنائے گی۔

### قاعدہ 2- سابق جج کا لکھا ہوا فیصلہ سنانے کا اختیار

جائز ہے کہ جج ایسا فیصلہ جو جج سابق نے جس کا وہ قائم مقام ہے لکھا ہو مگر سنایا نہ ہو پڑھ کر سنائے۔

### قاعدہ 3- فیصلہ پر دستخط !

جب فیصلہ سنایا جائے اسی وقت جج سراجلاس اپنے دستخط اور تاریخ لکھے گا اور فیصلہ میں پھر کچھ بدلایا بڑھایا Altered or added نہ جائے گا الا حسب شرائط دفعہ 152 یا بروقت تجویز ثانی Review کے۔

### قاعدہ 4- فیصلہ عدالت خفیفہ کا:



Marfat.com

1- عدالت مطالبہ کے خفیفہ میں سوائے امور تصفیہ طلب اور تجویز بابت امور کے کچھ اور لکھنا ضرور نہیں ہے۔

## فیصلہ دیگر عدالتوں کا:

2- باقی جملہ عدالتوں کے فیصلے میں بیان مختصر مقدمہ کا اور امور تصفیہ طلب Points for determination اور تجویز ہر مذکور کی اور تجویز کی وجوہ لکھنی ضرور ہیں۔

## قاعدہ 5- عدالت اپنا فیصلہ ہر تنقیح کی نسبت لکھے گی

جن مقدمات میں امور تنقیح Issues طلب قرار دیئے گئے ہوں عدالت اپنا فیصلہ یا تصفیہ ہر تنقیح جداگانہ کی نسبت معہ وجوہ لکھے گی الا اس صورت میں کہ منجملہ امور تنقیح طلب کے ایک یا چند امور کی تجویز واسطے فیصلہ مقدمہ کے کافی ہو۔

## قاعدہ 6- مضمون ڈگری

1- ڈگری مطابق فیصلہ کے ہوگی اور اس میں نمبر مقدمہ اور فریقین کے نام اور ولدیت قومیت وغیرہ اور دعوی کی تفصیل اور بیان صاف اس داد رسی کا جو کی گئی ہو یا اور انفصال مقدمہ کا لکھا جائے گا۔

2- نیز اس میں تصریح مقدار خرچہ کی جو مقدمہ میں پڑا ہو اور یہ کہ کس قدر کس حساب Proportions سے کس کس فریق کے ذمہ ہوگا اور کس جائیداد سے ملے گا لکھنا چاہیے۔

3- عدالت حکم دے سکتی ہے کہ جو روپیہ ایک فریق کو دوسرے سے بطور خرچہ پانا ہو اس روپیہ میں مجرا دیا جائے جو فریق اول الذکر اپنے ذمہ قبول کرے یا جو کہ اس سے دلایا جاوے۔

## قاعدہ 7- تاریخ ڈگری:

ڈگری پر تاریخ فیصلہ سنانے کی لکھی جائے گی اور جب جج کو اطمینان ہو جائے کہ ڈگری

Marfat.com

مطابق فیصلہ کے لکھی گئی ہے تو وہ ڈگری پر دستخط کرے گا۔

**قاعدہ 8- اگر جج ڈگری پر دستخط کرنے سے پہلے علیحدہ ہو جائے:**

اگر جج فیصلہ سنانے کے بعد مگر ڈگری پر دستخط کرنے سے پہلے اپنی جگہ خالی کرے تو دوسرا جج جو بعد کو آئے اور اگر اس عدالت کا وجود Existence ہی نہ رہے تو جج کسی عدالت کا جس کے ماتحت عدالت مذکور ہی ہو اس ڈگری پر جو فیصلہ مذکور کے مطابق مرتب کی جائے دستخط کر سکتا ہے۔

**قاعدہ 9- ڈگری بازیافت جائیداد غیر منقولہ:**

جب شئے متدعویہ جائیداد غیر منقولہ ہو تو ڈگری میں جائیداد مذکور کی ایسی تفصیل ہولی جس سے اس کی شناخت اچھی طرح کی جاسکے اور اگر جائیداد مذکور کی حدود یا اس کی اراضی کے نمبر کسی کاغذ بندوبست یا نقشہ پیائش میں مندرج ہوں تو ڈگری میں وہ حدود یا نمبرہائے اراضی تفصیل دار لکھی جائیں گے۔

**قاعدہ 10- ڈگری برائے حوالگی جائیداد منقولہ!**

اگر مقدمہ بابت مال منقولہ کے ہوا اور ڈگری واسطے دلانے اس مال کے ہو تو اس میں تعداد اس روپیہ کی بھی جو درصورت عدم امکان دلانے مال مذکور کے بالعوض اس کے واجب الادا ہوگا لکھی جائے گی۔

**قاعدہ 11- ڈگری اقساط سے ادائیگی کا حکم دے سکتی ہے:۔**

1- اگر ڈگری ادائے زر کی ہو تو عدالت کو اختیار ہے کہ درصورت ہونے وجہ موجہ کے بروقت صادر کرنے ڈگری کے حکم دے کہ زر ڈگری شدہ کی ادائیگی ملتوی کی جائے یا کہ وہ بسبیل قسط بندی Instalment معہ سود یا بلا سود ادا کیا جائے گو اس اقرار نامہ میں جس کی رو سے روپیہ واجب ہو کچھ ہی کیوں نہ لکھا ہو۔

**احکام بعد ڈگری برائے ادائیگی بذریعہ اقساط:**

2- بعد صادر ہونے ایسی ڈگری کے اگر مدیون ڈگری درخواست کرے اور ڈگری دار

Marfat.com

راضی ہو تو عدالت یہ حکم صادر کر سکتی ہے کہ بشرائط ادائے جو یا قرقی جائیداد مدیون ڈگری Judgment debtor یا لیتے ضمانت کے Security مدیون ڈگری سے اور طور کے جو عدالت مناسب سمجھے تعداد زر ڈگری ادائے ملتوی کی جائے یا کہ باالقساط ادا کی جائے۔

## قاعدہ 12- ڈگری حصول قبضہ زر واصلات:

1- اگر مقدمہ واسطے حصول قبضہ اوپر جائیداد غیر منقولہ اور زرگان یا واصلات کے ہو تو عدالت ڈگری صادر کر سکتی ہے:۔

(الف) واسطے قبضہ جائیداد مذکور کے۔

(ب) واسطے زرگان یا واصلات کے جو جائیداد سے قبل رجوع نالش وصول کیا گیا ہو یا واسطے ہونے تحقیقات نسبت لگان یا واصلات مذکور کے۔

(ج)-واسطے ہونے تحقیقات بابت زرگان یا واصلات کے تاریخ رجوع نالش سے اس تاریخ تک:۔

i- جب تک ڈگری دار کو قبضہ نہ ملے۔ یا

ii- جب تک مدیون ڈگری قبضہ نہ چھوڑے اور اس کی اطلاع بذریعہ ڈگری دار کو نہ ملے۔

iii- جب تک کہ تاریخ ڈگری سے تین برس نہ گزر جائیں۔ ان میں سے جو امر بھی پہلے واقع First occurs ہو۔

2- اگر بموجب فقرہ (ب) یا (ج) کے تحقیقات کا حکم دیا جائے تو قطعی ڈگری بابت زرگان یا واصلات کے ان تحقیقات کے نتیجہ کے مطابق صادر ہو گی۔

## قاعدہ 13- ڈگری نالش انتظام جائیداد:۔

1- جب نالش اس لیے ہو کہ جائیداد کا حساب لیا جائے اور اس کا انتظام قرار واقعی عدالت کی ڈگری کے بموجب کیا جائے تو عدالت کو لازم ہے کہ ڈگری قطعی صادر کرنے سے پہلے ایک ابتدائی ڈگری واسطے لیے جانے حساب اور ہونے تحقیقات کے صادر کرے اور اس کے علاوہ ایسی اور ہدایت کرے جو مناسب معلوم ہو۔

Marfat.com

2- جب کسی شخص متوفی Deceased کی جائیداد کا انتظام عدالت کی معرفت ہو تو اگر وہ جائیداد اس قدر گنجائش Sufficient نہ رکھتی ہو کہ اس کے تمام دیوان واجب اور ذمہ داریاں اس سے بیباق ہو جائیں تو نسبت استحقاق وائنان کفالت دار کے اور نسبت ان دیون اور ذمہ داریاں کے جو قابل ثبوت کے ہوں اور نسبت تعین مالیت زرہائے سالانہ اور ذمہ داری ہائے آئندہ اور لاحقہ Annuities کے وہی قواعد مدنظر رہیں گے جو اس عدالت کی حدود اختیارات کے اندر کہ جس میں نالش مذکور زیر تجویز ہو نسبت ترکہ ہائے اشخاص انسالومینٹ یعنی دیوالیہ مجوزہ یا قرار یافتہ کے اس کی اس وقت نفاذ پذیر ہوں اور جملہ اشخاص جو ایسی صورت میں جائیداد سے وصول کرنے کے مستحق ہوتے مجاز ہوں گے کہ ڈگری ابتدائی کے بموجب دعویٰ دار ہوں اوز جائیداد پر ایسا دعوی کریں جو اس مجموعہ کے رو سے By virue of ان کو استحقاقاً" پہنچتا ہو۔

## قاعدہ 14- ڈگری نالش حق شفہ میں:۔

1- جب مقدمہ حق شفہ کا کسی بیع جائیداد کی بابت ہو اور عدالت ڈگری بحق مدعی صادر کرے اور زرثمن عدالت Purchase money میں داخل نہ کر دیا گیا ہو تو ڈگری میں صراحت امور ذیل کی ہو گی۔ یعنی

(الف) عدالت یہ حکم دے گی کہ بروقت داخل ہونے عدالت میں بتاریخ متذکرہ وغیرہ۔ (الف) یا اس سے پہلے زرثمن Purchase money مذکور کے معہ خرچہ جو ڈگری میں مدعی پر عائد کیا گیا ہو (اگر کچھ خرچہ پڑا ہو) مدعا علیہ مدعی کی جائیداد کا قبضہ دے اور مدعی کا حق Title تاریخ ادائے زرثمن سے سمجھا جائے گا۔ لیکن جس حال میں کہ زرثمن اور خرچہ (اگر کچھ ہو) اس طور پر داخل نہ کیا جائے تو نالش معہ خرچہ ڈسمس ہو جائے گی۔

2- اگر عدالت نے دو مقابل کے دعوؤں کو فیصل کیا ہو تو ڈگری کی رو سے قرار دیا جائے گا۔

(الف) اگر دونوں ڈگری شدہ دعوی درجہ میں مساوی ہوں تو دعویٰ ہر شفیع Pre-emptor کا جو شرائط ضمن (1) کی پیروی کرے جائیداد کے ایک جزو

Marfat.com

متناسب کی نسبت اثر پذیر ہوگا جس میں کوئی ایسا جزو متناسب داخل ہے جس کی نسبت کسی ایسی شفیع کا دعوے جو کہ شرائط مذکور پیروی میں قصور Default کرے موثر ہو تا مگر سبب قصور مذکور کے موثر نہ ہو۔

## قاعدہ 15- ڈگری نالش برائے انفساخ شراکت:

جب مقدمہ واسطے انفساخ شراکت یا لیے جانے حساب شراکت کے ہو تو عدالت مجاز ہے کہ قطعی ڈگری صادر کرنے سے پہلے ایک ابتدائی ڈگری صادر کرے جس میں فریقین کے علیحدہ علیحدہ حصے قائم کرے،اور ایسی تاریخ مقرر کرے جس تاریخ کو شراکت فسخ ہو جائے گی یا سمجھی جائے گی کہ فسخ ہو گئی ہے اور واسطے لینے ایسے حساب اور عمل میں آنے ایسے فعلوں کے جو مناسب معلوم ہوں ہدایت کرے۔

## قاعدہ 16- ڈگری نالش حساب فہمی جو درمیان مالک اور ایجنٹ کے ہو:

جب مقدمہ واسطے سمجھا پانے حساب وادو نقدی Pecuniary Jurisdiction مابین مالک اور ایجنٹ کے ہو اور باقی کل مقدمات میں جن کی بابت دفعات بالا میں کچھ احکام صادر نہیں ہوئے ہیں جب واسطے دریافت اس امر کے کہ کسی فریق کو کس قدر مبلغ لینا یا دینا ہے یہ امر ضرور ہو کہ حساب داخل کرایا جائے تو عدالت کو لازم ہے کہ ڈگری قطعی صادر کرنے سے پہلے ایک ابتدائی ڈگری درباب لینے حساب کے جس طور سے مناسب سمجھے صادر کرے۔

## قاعدہ 17- ہدایات خاص نسبت حسابات:

عدالت کو اختیار ہے کہ اس ڈگری میں جس میں حساب فہمی کا حکم ہو یا بذریعہ کسی حکم بعد ہدایت خاص نسبت طریقہ لینے یا تصدیق حساب کے کرے خاص کر نسبت اس کے حساب لینے میں وہ کھاتہ جس میں حساب درج ہو ثبوت مسلمہ اور باتوں کی صحت کا سمجھا جائے گا جو کہ اس میں درج ہوں اور یہ کہ فریقین ذی واسطہ اس کی نسبت ایسا عذر کرنے کے مجاز ہیں جو ان کو بتایا جائے۔

## قاعدہ 18- ڈگری نالش تقسیم جائیداد یا علیحدگی حصہ جائیداد منقسمہ میں:

Marfat.com

ر عدالت ڈگری نسبت تقسیم جائیداد یا نسبت علیحدگی حصہ جائیداد منقسمہ کے صادر کرے۔

1- تو ڈگری اگر کسی جائیداد مال گزار Revenue سرکار سے متعلق ہو تو اس میں حقوق فریق پائے حقدار کے قرار دیئے جائیں گے لیکن حکم ہو گا کہ تقسیم جائیداد علیحدگی حصہ مطابق استقرار حق مذکور اور احکام دفعہ 54 کے بذریعہ کلکٹر کے یا کسی گزٹ شدہ ماتحت کلکٹر کے جس کو کلکٹر نے اس بارہ خاص میں مقرر کیا ہو عمل میں آئے۔

2- اور اگر ڈگری کسی دیگر جائیداد غیر منقولہ سے یا جائیداد منقولہ سے متعلق ہو تو عدالت کو اختیار ہے کہ اگر تقسیم یا علیحدگی بغیر تحقیقات مزید کے آسانی سے نہ ہو سکتی ہو تو ایک ابتدائی ڈگری منفر استقرار حقوق Right ان متعدد فریقوں کے جو جائیداد میں حق رکھتے ہوں صادر کرے نیز ڈگری میں ایسی ہدایات کرے جو ضروری معلوم ہوں۔

## قاعدہ 19- ڈگری اگر کچھ مجرا دلایا جائے:

1- اگر مدعا علیہ نے کوئی مطالبہ اپنا مدعی کے دعوے میں مجرا Set-off ہونے کے لیے پیش کیا ہو اور عدالت نے اس کا مجرا ہونا منظور کیا ہو تو ڈگری میں یہ لکھا جائے گا کہ کس قدر تعداد یا فتنی مدعی ہے اور کس قدر یا فتنی مدعا علیہ پس ڈگری کے رو سے وہ تعداد دلائی جائے گی جو ایک فریق کو دوسرے فریق سے یا فتنی معلوم ہو۔

## ایسی ڈگری کا اپیل:

2- جو ڈگری کسی ایسے مقدمہ میں صادر ہو جس میں مجرا کا دعویٰ کیا جائے نسبت اپیل کے انہیں شرائط کی پابندی ہو گی جن کی پابندی درصورت نہ پیش کئے جانے دعوے مذکور کے لازم ہوتی۔

3- احکام قاعدہ ہذا اطلاق کریں گے عام اس سے کہ مجرا قاعدہ 6- آرڈر 8 کی رو سے یا کسی اور طرح جائزہ۔

Marfat.com

## قاعدہ 20- مصدقہ نقول فیصلہ و ڈگری:

فیصلہ اور ڈگری کی نقول مصدقہ فریقین کو عدالت میں درخواست کرنے پر اور [illegible] خرچہ سے مل جائے گی۔

Marfat.com

## آرڈر 21

## EXECUTION OF DECREES AND ORDERS

## اجرائے ڈگری واحکام ڈگری کی ادائیگی

### *Payment under decree*

### ڈگری کی ادائیگی

**1.Modes of paying money under decree.**

**قاعدہ 1-طریقہ ادائیگی زرڈگری:** (1) کل روپیہ جو ڈگری کے بموجب واجب الادا ہو حسب تفصیل مندرجہ ذیل ادا کیا جائے یعنی:-

(اے) اس عدالت میں جس سے ڈگری جاری کرنا متعلق ہو۔یا

(بی) ڈگریدار کو عدالت سے باہر۔یا

(سی) جس طرح عدالت صادر کنندہ ڈگری ہدایت کرے۔

(2) جب ادائے زرفقرہ (الف) ضمنی دفعہ (1) کے بموجب کی جائے تو اس کی اطلاع ڈگری دار کو دی جائے گی۔

**2. Payment out of Court to decree-holder.**

**قاعدہ 2-بیرون عدالت ڈگری دار کو ادائیگی:** (1) اگر کوئی رقم جو کسی قسم کی ڈگری کی رو سے واجب الادا ہو عدالت سے باہر ادا کی جائے یا شئے ڈگری شدہ کل یا جزو کا تصفیہ حسب رضا مندی ڈگری دار کے اور طور پر ہو جائے تو ڈگری دار کو لازم ہے کہ ایسی رقم کے ادا ہونے یا ایسے تصفیہ کے وقوع میں آنے کی اطلاع اس عدالت میں کردے جس سے ڈگری کا اجراء متعلق ہو اور عدالت اس کو قلم بند کر لے گی۔

(2) مدیون ڈگری (Judgment-debtor) کو بھی اختیار ہے کہ ایسی ادائیگی (payment) کے ادا یا تصفیہ کے وقوع سے عدالت کو مطلع (information) کرے اور عدالت سے درخواست واسطے جاری



Marfat.com

ہونے نوٹس بنام ڈگری دار بدیں مضمون کرے کہ نامیوہ ایک تاریخ مقررہ عدالت میں حاضر ہو کر اس بات کی وجہ ظاہر کرے کہ ایسا ادا یا تصفیہ کیوں بلفظ تصدیق شدہ قلم بند نہ کیا جائے اور اگر بعد تعمیل باضابطہ ایسے نوٹس کے ڈگری دار وجہ اس کی ظاہر نہ کرے کہ ایسا ادا یا تصفیہ کیوں بلفظ تصدیق شدہ قلبند نہ کیا جاوے تو عدالت اس کو قلم بند کر لے گی۔

3- کوئی ادائے زر یا تصفیہ دین جس کی تصدیق یا اندراج حسب متذکرہ بالا نہ ہوا ہو عدالت جاری کنندہ ڈگری میں تسلیم Recognised نہ کیا جائے گا۔

## COURTS EXECUTING DECREES

## عدالت اجرائے کنندہ

### قاعدہ 3- اگر اراضیات کئی عدالتوں کے علاقہ میں ہوں:

اگر جائیداد غیر منقولہ کوئی واحد ملکیت ہو جو کئی عدالتوں کے علاقہ Jurisdiction میں واقع ہو تو ان میں سے کوئی عدالت کل جائیداد قرق اور نیلام کرا سکتی ہے۔

### قاعدہ 4- انتقال مقدمہ بعدالت خفیفہ !

بذریعہ ایڈیشن آف سنٹرل ایکٹس آرڈی نینس آرڈر مجریہ 1948ء حذف ہوئی۔

### قاعدہ 5- طریقہ انتقال:

اگر وہ عدالت جس میں ڈگری واسطے اجراء کے بھیجی جائے اسی ضلع میں واقع ہو جس میں کہ عدالت صادر کنندہ ڈگری ہے تو یہ عدالت ڈگری کو بلا وساطت Directly عدالت اول الذکر میں بھیج دے گی لیکن جب کہ وہ غیر ضلع میں ہو تو عدالت صادر کنندہ ڈگری کو اس ضلع کے توسط سے بھیجے گی جس میں اس کا اجرا ہونے والا ہو۔

### قاعدہ 6- طریق کار جب کہ عدالت اپنی ڈگری کی اجراء دوسری عدالت سے چاہے:

Marfat.com

عدالت کہ ڈگری کو اجرا کے لیے بھیجے اسے لازم ہے کہ کاغذات مفصلہ ذیل بھی مرسل کرے:-

الف) ڈگری کی نقل۔

ب) سرٹیفکیٹ اس مضمون کا کہ عدالت صادر کنندہ کے علاقہ کے اندر صیغہ اجراء سے ڈگری کا ایفا نہیں ہوا ہے یا اگر ڈگری کا اجراء ہوا ہو تو یہ لکھا جائے گا کہ کس قدر ایفا ہوا اور ڈگری کا کس قدر جزو بلا اجراء باقی ہے اور

ج)۔نقل کسی حکم کی جو واسطے جاری ہونے ڈگری کے صادر ہوا ہو اور اگر صادر نہ ہوا ہو تو سرٹیفکیٹ اس مضمون کا کہ صادر نہیں ہوا۔

## قاعدہ 7- جس عدالت میں ڈگری بھیجی جائے وہ ڈگری وغیرہ کو بلا ثبوت طلب کئے شامل مثل کر لے گی:

عدالت جس میں ڈگری اجراء کے لیے بھیجی جائے نقول اور سرٹیفکیٹ مذکور کو بلا ثبوت مزید صحت ڈگری یا حکم اجراء کے یا ان کی نقول کے منتھی کرا لے گی الا اس صورت میں عدالت کسی خاص وجہ سے جنہیں جج کو اپنے ہاتھ سے لکھنا چاہیے ایسا ثبوت طلب کرے۔

## قاعدہ 8- ایسی ڈگری یا حکم کا اجراء دوسری عدالت سے:

جب وہ نقول اس طرح منتھی کی جائیں تو وہ ڈگری یا ایسا حکم جس عدالت میں کہ بھیجا گیا ہو اگر وہ خود عدالت ضلع ہے تو وہی عدالت جاری کر دے گی یا جس عدالت ماتحت Subordinate Court ذی اختیار کو وہ حکم دے اس کی معرفت اجراء پائے گا۔

## قاعدہ 9- ہائی کورٹ کا دوسری عدالت سے متعلقہ ڈگری کا اجراء:

اگر وہ عدالت جس میں ڈگری اجراء کے لیے بھیجی جائے عدالت ہائی کورٹ ہو تو وہ اس ڈگری کا اجراء اسی طور پر کرے گی کہ گویا خود اس نے اپنے معمول اختیار سماعت ابتدائی صیغہ دیوانی کے نافذ کرنے میں وہ ڈگری صادر کی تھی۔

Marfat.com

# APPLICATION FOR EXECUTION

## درخواست اجرائے ڈگری

### قاعدہ 10- درخواست برائے اجراء:

جب ڈگری دار اپنی ڈگری جاری کرانا چاہیے تو وہ اس عدالت میں درخواست دے گا جس نے ڈگری صادر کی ہو یا اس عہدہ دار کے پاس دے گا (اگر ایسا عہدہ دار ہو) جو اس کام پر مقرر ہو یا اگر ڈگری حسب احکام مندرجہ صدر کسی اور عدالت میں بھیجی گئی ہو تو درخواست اس عدالت کو یا اس کے عہدہ دار مناسب کو دی جائے گی۔

### قاعدہ 11- درخواست زبانی:

1- اگر ڈگری ایک تعداد نقد کے صادر ہوئی ہو تو عدالت مجاز ہے کہ ڈگری صادر کرنے کے وقت ڈگری دار کی زبانی درخواست پر فوراً" ڈگری جاری ہونے کا حکم دے اور مدیوان کو اگر وہ عدالت کے الفاظ Precincts کے اندر ہو قبل تیاری وارنٹ گرفتار کرلے۔

### (2)- درخواست تحریر:

برعایت مضمون ضمن دفعہ (1) ہر درخواست اجرائے ڈگری تحریری ہو گی اور اس پر دستخط اور تصدیق طرف سے درخواست کنندہ کے یا کسی اور شخص کی طرف سے لکھی جائے گی جس کی نسبت عدالت کو ثبوت کافی گزارے کہ وہ حالات مقدمہ سے بخوبی واقف ہے اور اس میں تفصیل مراتب ذیل مقدمہ نقشہ درج ہو گی:۔

(الف نمبر مقدمہ۔

(ب)نام فریقین کے۔

(ج)-تاریخ ڈگری۔

(د)- کیفیت اس امر کی کہ بنا راضی ڈگری کے اپیل ہوا یا نہیں۔

(ر)- یہ کہ شے' متنازعہ کی بابت کوئی ادائی یا کسی طرح کا تصفیہ درمیان فریقین بعد

Marfat.com

صدور ڈگری کے عمل میں آیا نہیں اور اگر عمل میں آیا تو کیا نتیجہ ہوا۔

(و)- آیا اس پہلے ڈگری کے اجراء کے لیے کوئی درخواستیں گذریں یا نہیں اور گذریں تو کس مضمون کی اور کس تاریخ پر اور ان کا کیا نتیجہ ہو۔

(ز)- تعداد زر ڈگری شدہ کی معہ سود کے (اگر کچھ ہو) یا اور داد رسی Relief جو ڈگری کی رو سے ہوئی ہو۔ مع تفصیل کسی ڈگری مقابل کے' عام اس سے کہ وہ قبل یا بعد تاریخ اس ڈگری کے صادر ہوئی ہو جس کو جاری کرانا منظور ہو۔

(ح)-تعداد زر خرچہ اگر کچھ دلایا گیا ہو۔

(ط)- نام اس شخص کا جس کے اوپر ڈگری جاری کرانا منظور ہو۔ اور۔

(ی)-یہ کہ کس طرح سے عدالت کی اعانت Assistance مطلوب ہے۔ یعنی:۔

1- بذریعہ دلائے جانے اس خاص مال کے جس کی ڈگری ہوئی ہو۔
2- بذریعہ قرقی و نیلام بلا قرقی کسی جائیداد کے۔
3- بذریعہ گرفتاری اور قید کسی شخص کے۔
4- بذریعہ تقرر رسیور کے۔
5- اور طرح پر جیسا کہ بانظر نوعیت Nature دادرسی مطلوبہ کے ضروری ہو۔
6- جس عدالت میں درخواست ضمنی دفعہ۔ (2) کی رو سے گذرے وہ سائل کو ڈگری کی نقل مصدقہ پیش کرنے کا حکم دے سکتی ہے۔

## قاعدہ 12- درخواست قرقی جائیداد منقولہ جو مدیون کے قبضہ میں نہ ہو:

جب درخواست ایسی قرقی کسی مال منقولہ کے واسطے ازاں مدیون ڈگری کے گزرے اور وہ اس کے قبضہ میں نہ ہو تو ڈگری دار کو لازم ہے کہ اس کے ساتھ ایک فرد متعلقہ اس مال کی جو قرق کرانا ہو مشعراس کے ایسے بیان کے جو بوجہ معقول صحیح ہو منسلک کرے۔

## قاعدہ 13- درخواست قرقی جائیداد غیر منقولہ میں بعض باتوں کی صراحت میں ہونا چاہیے:

جب درخواست واسطے قرقی کسی جائیداد غیر منقولہ ازاں مدیون ڈگری کے گزرے اس کے نیچے میں امور ذیل کی صراحت Contain ہو گی۔

Marfat.com

(الف) بیان جائیداد کا جس سے اس کی قرار واقعی شناخت ہو سکے اور اگر حدیں یا نمبر کسی کاغذ بندوبست یا نقشہ پیمائش میں درج ہوں تو صراحت ان نمبروں کی۔ اور

(ب) صراحت یا استحقاق مدیون ڈگری کی جہاں تک کہ سائل کو تا حد یقین معلوم اور سائل تحقیق کر سکا ہو۔

## قاعدہ 14- اختیار بعض صورتوں میں دفتر کلکٹری کے رجسٹر کا انتخاب مصدقہ پیش کرانے کا:

درخواست واسطے فریق کرنے کسی ایسی اراضی کے گزرے جو دفتر کلکٹری میں درج رجسٹر تو عدالت سائل کو حکم دے سکتی ہے کہ دفتر مذکور رجسٹر کا انتخاب مصدقہ بہ تفصیل اس کے کون اشخاص رجسٹر میں اراضی یا اس کی مال گذاری کے مالک یا اس اراضی یا اس کی مال گذاری کی کسی حقیت میں قابل انتقال کے قابض یا اس اراضی کی مال گذاری ادا کرنے کے ذمہ دار مندرج ہیں اور با تفصیل حصص مالکان مندرجہ رجسٹر کے پیش کرے۔

## قاعدہ 15- درخواست اجراء از طرف شریک ڈگری دار:

1- اگر ڈگری ایک سے زیادہ اشخاص کے حق میں بالا شتراک صادر ہوئی ہو تو ان میں سے کوئی ایک یا زیادہ اشخاص سب کے فائدے کے لیے کل ڈگری کے اجراء کی درخواست کر سکتے ہیں۔ الا اس صورت میں کہ ڈگری میں اس کے خلاف کوئی شرط ہو یا اس صورت میں کہ ان میں سے کوئی مر گیا ہو تو باقی ماندوں Survivors اور متوفی کے قائم مقامان Legal Representatives جائز کے فائدہ کے لیے اور متوفی کے نمائیدگان قانونی کے لیے درخواست کر سکتے ہیں۔

2- اگر عدالت کہ ازروئے وجہ بوجہ کے مناسب مقصود ہو کہ اس قاعدہ کے مطابق درخواست گزرنے پر اجرائے ڈگری منظور کیا جائے تو وہ ایسا حکم صادر کرے گی جو واسطے تحفظ حقوق ان اشخاص کے کہ اس درخواست میں شریک نہ ہوئے ہوں ضروری ہو۔

Marfat.com

## قاعدہ 16- درخواست اجراء از طرف منتقل الیہ

اگر انتقال کسی ڈگری کا یا اگر ڈگری دو یا زیادہ اشخاص کے حق میں بالا شتراک صادر ہو انتقال استحقاق کسی ڈگری دار کا بذریعہ انتقال تحریری یا بوجہ اثر قانون کے عمل میں آئے تو منتقل الیہ مجاز ہو گا کہ اس کے اجراء کی درخواست اس عدالت میں کرے جس نے ڈگری صادر کی ہو اور ڈگری کا اجراء اسی طور پر اور بقیدان شرائط کے عمل میں آئے گا کہ گویا درخواست ڈگری دار کی طرف سے گذاری تھی۔

مگر شرط یہ ہے کہ جب ڈگری یا استحقاق Interest متذکرہ صدر بذریعہ انتقال کے منتقل ہوا ہو تو درخواست مذکور کی اطلاع تحریری انتقال کرنے والے اور بیان ڈگری دونوں کو دی جائے گی اور جب تک کہ عدالت ان کے عذرات کو اگر وہ اجرائے ڈگری کی نسبت کچھ زر رکھتے ہوں نہ سن لے تب تک ڈگری جاری کی جائے گی۔

نیز شرط یہ ہے کہ جب ڈگری زر نقد کی دو یا زیادہ اشخاص پر ہو اور ان میں سے ایک شخص کے نام منتقل کی گئی ہو تو وہ ڈگری ان باقی اشخاص پر جاری نہ کی جائے گی۔

## قاعدہ 17- اجراء ڈگری کی درخواست دینے پر کارروائی:-

1- بوقت گزرنے درخواست اجرائے ڈگری موافق قاعدہ (ضمن) کے عدالت کو یہ دریافت کرنا چاہیے کہ آیا تعمیل ان احکام قواعد 11 لغایت 14 کی جو مقدمہ سے متعلق ہیں ہوئی ہے یا نہیں اور اگر ان کی تعمیل نہ ہوئی ہو تو عدالت کو اختیار ہے کہ درخواست اجرائے ڈگری نا منظور کرے یا اسی وقت خواہ اندر کسی میعاد مقرر کے اس کی تصحیح ہونے کی اجازت دے۔

2- اگر ضمنی قاعدہ (2) کی رو سے ترمیم کی جائے تو وہ قانون کے مطابق اور اسی تاریخ پر گزری سمجھی جائے گی جب کہ وہ پہلے پیش کی گئی تھی۔

3- ہر تصحیح پر جو قاعدہ کے بموجب کی جائے جج کے دستخط ثبت ہوں گے یا مختصر دستخط ثبت ہوں گے۔

4- جب درخواست منظم کی جائے تو عدالت کو لازم ہے کہ رجسٹر میں ایک یادداشت درخواست کی معہ تاریخ کے جب کہ درخواست گزاری تھی درج کرے اور بقید شرائط مندرجہ دفعات مابعد درخواست کے مضمون کے مطابق ڈگری جاری ہونے کا

Marfat.com

حکم دے۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر ڈگری بابت زر نقد کے ہو تو اسی قدر مالیت کی جائیداد قرق Attached کی جائے گی جو قریب قریب Correspondence اس تعداد کے برابر ہو جو ڈگری کی رو سے دلائی گئی ہو۔

## قاعدہ 18- اجرائے ڈگری بامقابل ڈگری کی صورت میں:۔

1- اگر درخواستیں عدالت میں واسطے اجراء کرانے ایسی ڈگریوں کے اندریں جو الگ الگ مقدموں میں بابت کرنے دو رقموں کے مابین انہیں فریقین کے اور ہوئی ہوں اور جن کا اجراء ایک ہی وقت میں عدالت مذکور کر سکتی ہو۔ تب:۔

(الف) اگر دونوں رقمیں برابر ہوں تو دونوں ڈگریوں پر ایفا ان کا درج کیا جائے گا اور

(ب)اگر دونوں رقمیں برابر نہ ہوں تو اجراء صرف ان ڈگری دار کی ڈگری کا عمل آئے گا جس کا زر ڈگری کثیر Large sum ہو اور صرف اس قدر زر کی بابت جو بعد مجرا دینے زر قلیل کی ڈگری کے باقی رہے اور زر کثیر کی ڈگری پر ایفا زر قلیل کا درج ہو گا۔ نیز زر قلیل کی ڈگری پر ایفا زر قلیل Smaller sum کا مندرج ہو گا۔

2- یہ قاعدہ اس صورت سے بھی متعلق ہے جس میں کہ کوئی فریق ان ڈگریوں میں سے ایک ڈگری کا منتقل الیہ ہو اور نیز بابت قرضہ ڈگری شدہ کے جو اصل منتقل کرنے والے سے پانا ہو اسی طرح متعلق ہو گا جس طرح کہ خود منتقل الیہ کے ذمہ قرضہ ڈگری شدہ سے متعلق ہے۔

3- یہ قاعدہ بجز صورت ہائے مفصلہ ذیل کے اور صورتوں سے متعلق ہے:۔

(الف) جب کہ ڈگری دار ایک مقدمہ کا ان مقدموں میں سے جن میں ڈگریاں صادر ہوئی ہوں مدیون ڈگری دوسرے مقدمہ کا ہو اور ہر فریق ایک ہی حیثیت دونوں مقدموں میں رکھتا ہو اور

(ب)جب کہ زر یافتنی Sums due ڈگریوں کا معین تو راد کا ہو۔

Marfat.com

ڈگری دار کسی ایسی ڈگری کا جو چند اشخاص پر مشترکاً" Jointly اور منفرداً" صادر ہو ہوئی ہو اس ڈگری میں مجرا دے سکتا ہے جو صرف اسی کے نام ایک یا زیادہ اشخاص مذکور کے حق میں صادر ہو۔

## ILLUSTRATIONS

## تمثیلات

(الف) زید کے پاس ڈگری بنام عمرو ایک ہزار روپیہ کی ہے اور عمرو کے پاس ایک ڈگری بنام زید برائے ادائے یک ہزار روپیہ کے اس شرط سے ہے کہ اگر زید ایک زمانہ آئندہ میں فلاں مال حوالہ نہ کرے تو وہ روپیہ دیا جائے عمرو۔ حسب قاعدہ ہذا اپنی ڈگری کو قابل مجرا Cross-decree نہیں قرار دے سکتا ہے۔

(ب)زید اور عمرو شراکتی مدعیان نے ایک ڈگری ایک ہزار روپیہ کی بکر پہ حاصل کی اور بکر نے ایک ڈگری ہزار روپیہ کی عمر پر حاصل کی بکر اپنی ڈگری حسب قاعدہ ہذا مجرائی نہیں قرار دے سکتا ہے۔

(ج)-زید نے ایک ڈگری عمرو پر ہزار روپیہ کی پائی اور بکر نے جو کہ عمرو کا دیانت دار ہے رسید پر ایک ڈگری ہزار روپیہ کی عمرو کی طرف سے حاصل کی۔ عمرو حسب ہذا بکر کی ڈگری کو قابل مجرائی نہیں قرار دے سکتا ہے۔

(د)- روپیہ عمرو بکر' خالد اور احمد مشترکاً" اور منفرداً" ایک ڈگری کی رو سے جو محمود نے پائی ہزار روپیہ کے دیندار ہیں۔ زید نے ایک ڈگری سو روپیہ کی تنہا محمود پر حاصل کی اور عدالت جاری کنندہ ڈگری مشترک میں درخواست اجرائے ڈگری کی گزرانی' حسب ہذا محمود اپنی ڈگری مشترکہ کو قابل مجرائے دے سکتا ہے۔

### قاعدہ 19- اجراء باصورت با مقابل مطالبات ایک ہی ڈگری میں:

اگر درخواست عدالت میں واسطے اجراء کرنے ایسی ڈگری کے گزرے جس کے بموجب

Marfat.com

دونوں فریق میں سے ہر ایک دوسرے سے زر نقد پانے کا مستحق ہو۔ تب:۔

(الف) اگر دونوں رقمیں برابر نہ ہوں تو ڈگری ایفا Satisfaction دونوں درج کیا جائے گا۔ اور

(ب) اگر دونوں رقمیں برابر نہ ہوں تو اجراء صرف وہ فریق کرا سکے گا جس کو زیادہ روپیہ پانا اور صرف اسی قدر روپیہ کی بابت جو بعد مجرا دینے رقم قلیل کے باقی رہے اور ڈگری پر ایفا زر قلیل کا درج ہو گا۔

## قاعدہ 20- بالمقابل ڈگریاں بامقابل مطالبات نالش ہائے رہن میں !

احکام مندرجہ قاعدہ 19'18 ایسی ڈگریوں سے بھی متعلق ہوں گے جو رہن کے مقدموں میں صادر ہوں گے۔

## قاعدہ 21- بیک وقت اجراء:

عدالت اپنی مرضی سے مدیون کی ذات اور اس کی جائیداد دونوں پر ایک ہی وقت ڈگری کے اجراء کے انکار کرے۔

## قاعدہ 22- اجراء کے خلاف بعض حالتوں کی وجہ ظاہر کرنے کی نسبت نوٹس:

1- اگر درخواست برائے اجرائے ڈگری دی جائے:۔

(الف) تاریخ ڈگری سے عرصہ ایک سال گزر جانے کے بعد۔ یا

(ب) بخلاف قائم مقام جائز Legal representative کسی فریق ڈگری کے گزرے یا جہاں درخواست اجراء دفعہ 44 الف کی صراحتوں کے بموجب داخل دفتر ہو گی ہو۔

تو عدالت جاری کنندہ ڈگری اس شخص کے نام جس پر درخواست گزرے ایک نوٹس جاری کرے گی کہ وہ تاریخ مقررہ پر اس بات کی وجہ دکھائے کہ اس پر ڈگری کیوں نہ جاری کی جائے۔

مگر شرط یہ ہے کہ اس نوٹس کی ضرورت نہ ہو گی جب تاریخ ڈگری اور

Marfat.com

درخواست اجرائے ڈگری کے مابین گو کہ عرصہ زیادہ ایک سال سے زیادہ گزر گیا ہو لیکن اس حکم اخیر کی تاریخ سے جو خلاف مراد اس فریق کے جس پر اجراء کرنے کی درخواست ہے کسی پہلی درخواست اجرائے ڈگری مذکور پر صادر ہوا ہو ایک سال کے اندر درخواست گزرے یا جب کہ درخواست اگرچہ با مقابلہ قائم مقام جائز Legal representative اس فریق کے گزرے جس پر ڈگری صادر کی گئی ہو لیکن اسی شخص پر اس سے پیشتر درخواست اجراء کی گزر چکی ہو اور اس پر ڈگری جاری ہونے کا حکم عدالت نے دیا ہے۔

-2 مضمون ضمن (1) سے اس امر کی ممانعت Preclude نہیں سمجھی جائے گی کہ عدالت بغیر جاری کرنے نوٹس مذکرر کے حکم نامہ اجرائے ڈگری نہ جاری کرے وہ ایسا کر سکتی ہے اگر بوجوہ تحریری اس کی دانست میں نوٹس جاری کرنے سے تاخیر نامناسب یا بے انصافی Ends of Justice واقع ہونے کا اندیشہ ہو۔

## قاعدہ 23- کاروائی بعد اجرائے نوٹس:۔

-1 اگر وہ شخص جس کے نام نوٹس حسب قاعدہ ملحقہ بالا جاری کیا جائے حاضر نہ آئے یا وجہ موجہ حسب اطمینان عدالت واسطے جاری نہ کئے جانے ڈگری کے پیش نہ کرے تو عدالت حکم اجرائے ڈگری کا صادر کرے گی۔

-2 اگر وہ نسبت اجرائے ڈگری کے کچھ عذر پیش کرے تو عدالت عذر پر غور کر کے مناسب حکم صادر کرے گی۔

# اجرائے ڈگری پر اعتراضات

# OBJECTIONS TO EXECUTION

## قاعدہ 23- الف۔ زر ڈگری وغیرہ کا جمع کرانا:

مدیون ڈگری کی طرف سے ڈگری کی تعمیل عدالت اس وقت تک توجہ مبذول (Considered) نہ کرے گی جب تک:۔

(الف) اگر ڈگری رقم کی ادائیگی کے متعلق ہو تو اول تو وہ زر ڈگری

Marfat.com

(Decretal amount) عدالت میں جمع کررا دے یا اس کی ادائیگی کی ضمانت دے۔

(ب) اگر ڈگری رقم کی ادائیگی کے متعلق ہو تو وہ ڈگری کی صحیح بجا آوری کے لیے ضمانت دے دے۔

## حکم نامہ اجرائے ڈگری

### قاعدہ 24- حکم نامہ اجرائے ڈگری:

-1 بعد تکمیل مراتب ابتدائی Preliminary measures کے اگر کچھ ہوں جو ازروئے قواعد مرقومہ بالا کے مطلوب ہوں عدالت کو لازم ہو گا کہ پروسیس (حکم نامہ) واسطے اجرائے ڈگری کی صادر کرے تاوقت یہ کہ عدالت کوئی سبب اس کے متضاد نہ پائے۔

-2 اجرائے ڈگری کے حکم نامہ پر حکم نامہ کے صادر ہونے کی تاریخ اور دستخط جج یا عہدہ دار کے جس کو عدالت اس کام کے لیے مقرر کرے ثبت ہوں گے اور مہر عدالت ثبت ہو کر حکم نامہ مذکور مناسب عہدہ دار کو اجراء کے لیے حوالہ کیا جائے گا۔

-3 اس حکم نامہ میں خاص تاریخ لکھی جائے گی جس تاریخ کو یا جس سے پہلے اس کا اجراء ہونا چاہیے۔

### قاعدہ 25- اندراج کیفیت تعمیل حکم نامہ پر:

-1 عہدہ دار جس کو حکم نامہ تعمیل کے لیے سپرد ہوا ہو اسی کی پشت پر لکھے گا کہ اس کی تعمیل کس تاریخ اور کیوں کر ہوئی۔ اگر تعمیل اس روز کے بعد ہوئی جو تعمیل کا آخر روز مقرر کیا گیا تھا تو توقف کی وجہ Reason of delay اگر تعمیل نہ ہوئی ہو تو تعمیل نہ ہونے کی وجہ لکھی جائے گی اور عہدہ دار مذکور ایسی عبارت ظہری Endorsement لکھ کر حکم نامہ کو عدالت میں واپس کرے گا۔

-2 اگر کیفیت ظہری Endorsement اس مضمون کی ہو کہ عہدہ دار مذکور، حکم

Marfat.com

نامہ کی تعمیل نہ کرا سکا تو عدالت اس کی وجہ معزوری Inability کی بابت اس کا اظہار لے گی اگر مناسب سمجھے گی تو اس کی معذوری کی نسبت گواہوں کو طلب کر کے ان کے اظہار لے اور نتیجہ تحقیقات قلم بند Record کرے۔

## STAY OF EXECUTION

## التوا اجراء ڈگری

### قاعدہ 26- عدالت اجراء کس صورت میں ملتوی کر سکتی ہے:-

1- اس عدالت کو جس میں ڈگری اجراء کے لیے مرسل کی جائے لازم ہے کہ اگر وجہ کافی ظاہر کی جائے ڈگری کی اجراء کو ایک میعاد معقول کے لیے اس غرض سے ملتوی رکھے کہ مدیون ڈگری اس عدالت میں جس نے ڈگری صادر کی ہو یا کسی اور عدالت میں جو اختیار سماعت اپیل نسبت ڈگری مذکور یا اس کے اجراء کی رکھتی ہو اس امر کی درخواست کرے کہ حکم واسطے التوائے اجرائے ڈگری کی صادر ہو یا کوئی اور حکم متعلقہ ڈگری یا اجرائے ڈگری صادر ہو جو عدالت مرافعہ اولیٰ مذکور یا عدالت اس حال میں صادر کرنے کی مجاز ہوتی جب کہ ڈگری اسی عدالت سے جاری کی جاتی یا جب کہ درخواست اجراء کی اسی عدالت میں گزرتی۔

2- اگر جائیداد یا ذات مدیون ڈگری کی صیغہ اجراء ڈگری سے قرقی یا Seized گرفتار ہو گئی ہو تو وہ عدالت جس نے حکم نامہ اجراء کا جاری کیا ہو اس حکم کے صادر کرنے کی مجاز ہوگی تاکہ دریافت ہونے نتیجہ درخواست کے واسطے جائیداد مقروقہ واپس دی جائے یا ذات مدیون Discharge رہا کی جائے۔

3- حذف شدہ بروئے لا ریفارمز آرڈیننس 1972ء-

### قاعدہ 27- مدیون ڈگری رہا شدہ کی ذمہ داریض

مدیون ڈگری کی جائیداد یا ذات کی رہائی جو قاعدہ نمبر 26 کے بموجب عمل میں آئے مانع اس بات کے نہ ہو گی کہ وہ جائیداد یا ذات مدیون کی پھر بعلت ڈگری کی جو اجراء کے لیے بھیجی گئی ہو قرقی یا گرفتار نہ کی جائے۔

Marfat.com

**قاعدہ 28- عدالت جسے درخواست دی جائے وہ عدالت ڈگری صادر کنندہ کی یا عدالت اپیل کے احکام کی پابند ہوگی:۔**

ہر حکم اس عدالت کا جس نے ڈگری صادر کی ہو یا اس عدالت اپیل کا حکم جس مذکور ہوا ہے درباب اجرائے ڈگری Execution مذکور کے اس عدالت پر واجب التعمیل ہوگا جس میں ڈگری اجراء کے لیے بھیجی جائے۔

**قاعدہ 29- التوائے اجرائے ڈگری تا انفصال نالش مابین ڈگری دار اور مدیون ڈگری:**

اگر کسی عدالت میں کوئی نالش اس شخص کی طرف سے جس پر اس عدالت کی ڈگری ہوئی ہو ڈگری دار کے نام دائر تو عدالت کو اختیار ہے کہ پابندی شرائط متعلق ضمانت Terms of Security وغیرہ یا با صورت دیگر جو مناسب معلوم ہوں نالش یا با صورت دیگز کے فیصل ہونے تک ڈگری مذکور کا اجراء ملتوی رکھے۔

## MODES OF EXECUTION

## اجراءٔ کا طریقہ

**قاعدہ 30- ڈگری برائے ادائیگی زر نقد**

ہر ڈگری واسطے ادائے زر نقد کی جس میں وہ ڈگری بھی داخل ہے جس کی رو سے زر نقد بطور بدل کسی اور طرح کی دادرسی کے دلایا جائے اس طرح اجراء پا سکتی ہے کہ مدیون ڈگری قید کیا جائے یا اس کی جائیداد قرق یا نیلام کی جائے یا قید اور قرقی دونوں صورتیں ہو سکتی ہیں۔

**قاعدہ 31- ڈگری باب کسی محصوص جائیداد منقولہ کے لیے!**

1- اگر ڈگری کسی خاص جائیداد منقولہ کے لیے ہو یا اس کے کسی حصے کے لیے ہو تو اس کا اجراء بصورت قید ہو گا' اگر قابل عمل ہو' اس جائیداد یا اس کے حصے کا اور

Marfat.com

اس فریق کے سپرد Deliver کیا جائے گا کہ جس کے حق میں ڈگری ہوئی ہو یا اس شخص کو دیا جائے گا جس کو ڈگری دار نے اپنی طرف سے اس کے لینے کے واسطے مقرر کیا ہو یا مدیون ڈگری کو قید کیا جائے گا یا اس کی جائیداد قرق کی جائے گی یا قید اور قرقی دونوں عمل میں آئیں گی۔

2- جب کوئی قرقی جو ضمن دفعہ (1) کے بموجب ہوتی ہو چھ مہینے تک قائم رہی ہو اگر مدیون ڈگری نے اس وقت تک ڈگری کی تعمیل نہ کی ہو اور ڈگری دار واسطے نیلام کرانے جائیداد مقروقہ Attached property کے درخواست دی ہو تو جائز ہے کہ جائیداد نیلام کی جائے اور عدالت کو اختیار ہے کہ زر ثمن نیلام سے ڈگری دار کو اس قدر مبلغ دلائے جو ڈگری کی رو سے بطور بدل کسی شئے منقولہ کے مقرر ہوا اور دیگر صورتوں میں اس قدر ہرجانہ دلائے جو عدالت کو مناسب معلوم ہو اور باقی روپیہ اگر کچھ باقی رہے۔ مدیون Judgment debtor کی درخواست پر حوالہ کرے۔

3- اگر مدیون نے ڈگری کی تعمیل کی ہو اور تعمیل کا کل خرچ ادا کر دیا ہو جو اس کے ذمہ دینا واجب تھا یا اگر وقت انقضائے Ends چھ مہینے کی تاریخ قرقی سے کوئی درخواست واسطے نیلام کرانے جائیداد کے نہ گزری ہو یا اگر درخواست دی گئی ہو تو قرقی باقی نہ رہے گی۔

## قاعدہ 32- ڈگری واسطے تعمیل خاص کسی معاہدہ دلائے جانے یا حقوق ازدواج یا صدور حکم امتناعی کے لیے:۔

1- اگر وہ فریق جس کے نام ڈگری واسطے تعمیل خاص کسی معاہدہ کے یا واسطے دلائے جانے حقوق ازواج Conjugal rights کے یا واسطے حکم امتناعی کے صادر ہوئی ہو ڈگری کی تعمیل کرنے کا موقع پا چکا ہو اور عمداً" اس کی تعمیل کرنے سے باز رہا ہو تو جائز ہے کہ اس پر ڈگری کی تعمیل بالجبر کی جائے۔ ایسی ڈگری کی صورت میں جو حقوق ازدواج کے لیے بذریعہ قرق کئے جانے جائیداد یا' ایسی صورت میں کہ ڈگری کسی خاص معاہدہ کی تعمیل کے لیے ہو یا حکم امتناعی کے لیے ہو بذریعہ قید کیے جانے یا بذریعہ قرق کرانے اس کی جائیداد یا بذریعہ دونوں (سزائیں) عمل میں آئیں۔

2- اگر وہ فریق جس کے نام ڈگری واسطے تعمیل خاص یا واسطے حکم امتناعی کے صادر ہوئی ہو کوئی کارپوریشن ہو تو تعمیل اس طور سے کی جائے کہ جائیداد کارپوریشن قرق

Marfat.com

کی جائے یا بااجازت عدالت اس کے ڈائریکٹران یا دیگر اعلیٰ افسر قید کیے جائیں یا اور قرقی دونوں عمل میں آئیں۔

3- جب کوئی قرقی حسب قاعدہ ہذا ایک برس تک قائم رہی ہو اگر مدیون ڈگری تعمیل نہ کی ہو اور ڈگری دار نے جائیداد مقروقہ کے نیلام ہونے کی درخواست دی تو جائز ہے کہ وہ جائیداد نیلام کی جائے اور عدالت کو اختیار ہے کہ زر Proceeds نیلام سے اس قدر خرچہ جو عدالت کو مناسب معلوم ہو ڈگری دار دلائے اور زر فاضل اگر کچھ ہو مدیون ڈگری کو اس کی درخواست پر دے دے۔

4- اگر مدیون نے ڈگری کی تعمیل کر دی ہو اور تعمیل کا کل خرچ ادا کر دیا ہو جو اس کے ذمہ دینا واجب تھا یا اگر وقت انقضائے ایک سال تاریخ قرقی سے کوئی درخواست واسطے نیلام کرانے جائیداد کے نہ گزری ہو یا اگر درخواست دی گئی ہو اور نامنظور کر دی گئی ہو تو قرقی باقی نہ رہے گی۔

5- اگر کوئی ڈگری واسطے تعمیل کسی خاص معاہدے of contract Specific performance یا حکم امتناعی کے لیے ہو اور تعمیل اس کی نہ کی گئی ہو تب عدالت اس امر کے باعث یا جتذکرہ (تعمیل) حکم نامہ یا حکم ناموں کے علاوہ حکم دے سکتی ہے کہ وہ عمل جو کیا جانا چاہیے تھا کیا جانا چاہیے۔ اس طور پر جو قابل عمل ہو ڈگری دار کی جانب سے یا کسی دیگر شخص کی جانب سے جسے عدالت مقرر کرے جس کا خرچہ مدیون ڈگری دار کو ادا کرنا ہو گا اور جب وہ عمل ہو جائے تو اس کے اخراجات عدالت اس طور پر تجویز کرے گی جیسا کہ وہ حکم دے اور وہ (رقم) اس طور پر وصول کی جائے گی گویا کہ وہ ڈگری میں شامل تھی۔

## ILLUSTRATION

## تمثیل

زید ایک غریب آدمی Person of little substance نے ایک ایسا مکان بنایا جس سے عمرو کی ایک خاندانی عمارت قابل رہنے Uninhabitable کے نہ رہی زید

Marfat.com

نے باوصف قید اور قرقی جائیداد کے اس ڈگری کی تعمیل نہ کی جو عمرو نے زید کا مکان گرا دینے کی نسبت زید پر حاصل کی تھی۔ عدالت کے نزدیک زید کی جائیداد کی فروخت سے عمرو کی عمارات کی کمی مالیت کا پورا معاوضہ نہیں ہو سکتا۔ پس عمرو عدالت میں درخواست دے سکتا ہے کہ زید کا مکان گرا دیا Remove جائے اور زید سے بصیغہ اجرائے ڈگری خرچہ مکان گرانے کا پا سکتا ہے۔ Executon proceedings

## قاعدہ 33- عدالت کی مرضی ایسی ڈگری کے اجراء میں جو واسطے ولانے حقوق ازواج کے ہو:-

1- باوصف مضمون قاعدہ 33 کے عدالت بوقت صادر کرنے پر خلاف خاوند ڈگری نسبت ولانے حقوق ازواج Conjugal rights کے مابعد اس کے کس وقت حکم دے سکتی ہے کہ ڈگری کا اجراء اس طرح ہو جیسا کہ قاعدہ ہذا میں محکوم کیا گیا ہے۔

2- اگر عدالت نے ضمن دفعہ (1) کے بموجب حکم دیا ہو اور عدالت حکم دے سکتی ہے کہ اگر مدیون ایک مدت مقررہ کے اندر جو اس بارے میں مقرر کی جائے ڈگری کی تعمیل نہ کرے تو مدیون ڈگری دار کو وقت معینہ پر ایک مناسب رقم دیا کرے اور مناسب سمجھے تو یہ حکم بھی دے سکتی ہے کہ مدیون حسب اطمینان ڈگری دار کو ایسی مفید اوقات کی ادائیگی کی ضمانت دے۔

3- عدالت کو اختیار ہے کہ وقتاً فوقتاً تبدیل یا ترمیم کرے کسی ایسے حکم میں جو ضمنی دفعہ (2) کے تحت دیا گیا برائے ادائیگی اوقات خواہ اوقات میں تبدیل کرے یا رقم میں اضافہ کرے یا تخفیف کرے یا اسے عارضی طور پر ملتوی کر دے اس رقم کی جزو کو یا کل کو جو ادائیگی کے لیے محکوم کیا گیا ہے تھا اور اس کی دوبارہ Revive تجدید کر سکتی ہے خواہ کل کو یا جیسا (یعنی عدالت) مناسب سمجھے۔

4- جو روپیہ اس قاعدہ کے بموجب دلایا جائے اسی طرح وصول Recovered ہو سکتا ہے۔ گویا کہ ڈگری کی رو سے واجب ہے۔

## قاعدہ 34- ڈگری واسطے تکمیل دستاویز یا تحریر عبارت قابل انتقال دستاویز:

1- اگر ڈگری واسطے کسی تکمیل دستاویز یا واسطے تحریر عبارت فروخت اوپر پشت کسی

Marfat.com

دستاویز قابل انتقال کے ہو اور مدیون ڈگری کی تعمیل نہ کرے یا تعمیل کرنے سے انکار کرے تو ڈگری دار مجاز ہو گا کہ ڈگری کی شرائط کے مطابق مسودہ دستاویز یا فروخت کی عبارت کا مسودہ تیار کر کے عدالت کے حوالے کرے۔

2- اس وقت عدالت مسودہ مذکور کو مدیون کی ڈگری پر تعمیل کرائے گی اور اس کے ساتھ ایک اطلاع تحریری Notice مشعر اس امر کے جاری کرے گا کہ اگر مدیون کو کچھ عذر ہو تو اپنے عذرات اس مدت کے اندر پیش کرے جو عدالت اس غرض کے لیے مقرر کر دے۔

3- اگر مدیون ڈگری اس مسودہ پر اعتراض Objection رکھتا ہو تو لازم ہے کہ اس کے عذرات تحریری مقررہ کے اندر پیش ہوں بعد ازاں عدالت جو حکم مناسب سمجھے اس کی منظوری یا ترمیم کی نسبت صادر کرے گی۔

4- ڈگری دار ایک نقل اس مسودہ کی جس کو عدالت نے ترمیم کیا ہو (اگر کچھ ترمیم کیا ہو) پورے اسٹامپ کے کاغذ پر Stamp paper اگر اسٹامپ paper Stamp میں ضروری ہو عدالت میں پیش کرے گا اور جج یا وہ جج یا وہ عہدہ دار جو اس کام کے لیے مقرر ہوا ہو اس دستاویز کی تکمیل کر دے گا۔

5- جائز ہے کہ کسی دستاویز کی تکمیل یا کسی دستاویز قابل انتقال کی عبارت فروخت کی تحریر جو حسب شرائط قاعدہ ہذا ہو اس نمونہ سے کی جائے۔ یعنی (ج د) جج عدالت مقام ________ (یا جیسی صورت ہو) طرف سے (اب) کے مقدمہ (ہ و) بنام (اب) ________ اور اس کاغذات کا طرف سے تکمیل کیا جانا وہی اثر رکھے گا کہ اسی فریق نے جس کو دستاویز یا عبارت فروخت کی تکمیل کا حکم ہوا تھا دستاویز قابل انتقال کی ظہر پر فروخت کی تکمیل کی۔

6- عدالت یا وہ عہدہ دار جس کو عدالت اس کام کے لیے مقرر کرے دستاویز کی رجسٹری کرائے گا۔ اگر اس کی رجسٹری قانونا" ضروری Required by law ہو یا اگر ڈگری دار رجسٹری کرانے کی درخواست دے اور عدالت جو حکم مناسب سمجھے خرچہ رجسٹری کے صادر کرے گی۔

قاعدہ 35- ڈگری نسبت جائیداد غیر منقولہ :-

Marfat.com

1- اگر ڈگری واسطے جائیداد غیر منقولہ کے ہو تو اس پر اس فریق کو قبضہ دلایا جائے گا جس کے حق میں ڈگری ہوئی ہو یا جس شخص کو وہ اپنی طرف سے قبضہ لینے کے واسطے مقرر کرے اس کو قبضہ دلایا جائے گا اور اگر کوئی شخص جس پر ڈگری کی پابندی لازم ہے جائیداد کو خالی کرنے سے انکار کرے تو بشرط ضرورت وہ نکال دیا جائے گا۔

2- اگر ڈگری واسطے قبضہ مشترک جائیداد غیر منقولہ کے ہو تو قبضہ اس طرح دلایا جائے گا کہ نقل وارنٹ کی اس جائیداد کے کسی منظر عام Conspicious Place پر چسپاں کی جائے اور مضمون ڈگری کا بذریعہ منادی بضرب دہل by beat of drum Proclaiming موقع مناسب یا اور طور پر حسب رواج مشتہر کرا دیا جائے۔

3- اگر قبضہ کسی عمارت یا احاطہ کا دلایا ہو اور قابض جائیداد جو ڈگری کی رو سے قبضہ دینے پر مجبور ہو اندر جانے نہ دیتا ہو تو عدالت مجاز ہے کہ اپنے اہل کاروں کی معرفت بعد میں دینے اطلاع اور معقول سہولیت کسی عورت کو جو مطابق رواج ملک کے پردہ کرتی ہو کہ وہ وہاں سے نکل جائے کہ کوئی قفل یا Bolt کھولے یا توڑ ڈالے یا کوئی دروازہ توڑ ڈالے یا کوئی ایسا فعل کرے جو ڈگری دار کو قبضہ دلانے کے واسطے ضروری ہو۔

## قاعدہ 36- ڈگری برائے جالگی جائیداد غیر منقولہ جب کہ .قبضہ کرایہ دار ہو

اگر ڈگری واسطے دلانے کسی ایسی جائیداد غیر منقولہ کی ہو جو کرایہ دار کے قبضے میں ہو یا دیگر مستحق شخص داخل کے قبضے میں ہو اور ڈگری کی وجہ رو سے اس پر واجب نہ ہو جو کہ وہ دخل چھوڑ دے تو عدالت کو لازم ہو گا کہ جائیداد مذکور کے کسی منظر عام پر نقل وارنٹ کی آویزاں کرا کے دخل دلائے اور بذریعہ منادی .بضرب دہل بموقع Beat of drum ہائے مناسب یا اور طور پر حسب رواج مروجہ کے مضمون ڈگری کا نسبت جائیداد مذکور کے دخیل کو آگاہی کے لیے مشتہر کرا دے۔

## Arrest & detention in Prison

Marfat.com

# گرفتاری اور قید

## قاعدہ 37- اختیار تمیزی کا اختیار نسبت مدیون ڈگری کہ وجہ دکھائے کہ کیوں قید نہ کیا جائے:۔

1- باوصف قواعد ہذا کے اگر درخواست واسطے اجرائے ڈگری زر نقد کے اس مضمون سے گزرے کہ مدیون جو درخواست مذکور کے بموجب گرفتار ہو سکتا ہو گرفتار کیا جائے تو عدالت کو لازم ہے کہ بجائے جاری کرنے وارنٹ گرفتاری کے ایک اطلاع نامہ بنام مدیون اس مضمون سے جاری کرے کہ وہ بتاریخ مقررہ اطلاع نامہ عدالت میں حاضر ہو کر وجہ اس بات کی دکھائے کہ قید کیوں نہ کیا جائے۔

مگر شرط یہ ہے کہ مذکور اطلاع نامہ ضروری نہ ہوگا اگر عدالت مطمئن ہو۔ بذریعہ بیان حلفی' یا باصورت دیگر کہ ڈگری کے اجراء میں دیر لگانا اس مقصد سے ہو یا اس کا یہ اثر ہو کہ مدیون ڈگری بھاگنے والا Abscond ہے یا عدالت کے اختیارات کی حدود کو چھوڑ کر جانے والا ہے۔

2- اگر مدیون اطلاع نامہ کے بموجب حاضر نہ ہو تو اگر ڈگری دار درخواست کرے عدالت واسطے اس کی گرفتاری کے جاری کرے گی۔

## قاعدہ 38- وارنٹ گرفتاری برائے حاضری مدیون:

ہر وارنٹ میں جو مدیون ڈگری کی گرفتاری کے لیے ہو اس عہدہ دار کو جو اس کی تعمیل کے لیے مقرر ہو یہ ہدایت ہو گی کہ وہ مدیون کو عدالت کے روبرو جس قدر جلد با سہولت ہو سکے حاضر کرے الا Unless اس میں کہ روپیہ جس کے ادا کرنے کو حکم دیا گیا ہو معہ سود اور خرچہ کے اگر اس پر عائد ہوا ہو گرفتاری سے پہلے ادا ہو جائے۔

## قاعدہ 39- زر خوراک:

(یہ قاعدہ بروئے دیوانی "اصلاحات" ایکٹ XIV آف 1994 حذف ہوا۔)

## قاعدہ 40- کارروائی جب کہ مدیون بہ تعمیل نوٹس ما بعد گرفتاری عدالت میں حاضر ہوا ہو:۔

Marfat.com

1- جب مدیون زیر قاعدہ (37) جاری ہوتے نوٹس کی تعمیل میں حاضر عدالت ہو وے یا برائے ادائیگی نقدی کی ڈگری کی اجراء میں گرفتار کر کے لایا جائے عدالت ڈگری دار کے مقدمات کی سماعت شروع کرے گی اور اس کی تمام پیش کردہ شہادت نسبت ثبوت Support درخواست اجراء لے گی اور مدیون کو وجہ ظاہر کرنے کا موقع دے گی کہ کیوں اسے دیوانی جیل میں قید نہ کیا جاوے۔

2- تحت ضمنی دفعہ (1) کی تحقیقات کے نتیجے کے دوران میں عدالت اپنی مرضی سے مدیون کو کسی افسر عدالت کی تحویل میں محبوس رکھے گی یا عدالت کی تسلی کے مطابق اپنی حاضری عدالت دینے پر رہا کر دے گی۔

3- تحت ضمنی دفعہ (1) کی تحقیقات کے نتیجے پر دفعہ (51) کی تصریحات کے تابع اور اس مجموعہ کی دیگر تصریحات کے تابع مدیون کا جیل میں قید کرنے کا حکم دے گی اور اسی صورت میں اسے گرفتار کرائے گی اگر وہ پہلے سے گرفتار نہ ہو۔

شرط یہ ہے کہ مدیون کو ڈگری کی ادائیگی کا موقع دینے کے لیے عدالت قبل از حکم گرفتاری مدیون کو افسر عدالت کی تحویل مقرر میعاد تک جو پندرہ دن سے زیادہ ہو رہنے دے گی یا عدالت کی تسلی کے Satisfaction of Court کے مطابق اسے اس میعاد کے خاتمے پر حاضری کے لیے اگر ڈگری کی ادائیگی نہ ہوئی ہو ضمانت پر رہا کرے گی۔

4- ایک مدیون اس قاعدہ کے ماتحت رہا شدہ دوبارہ پھر گرفتار ہو سکتا ہے۔

5- اگر عدالت قاعدہ (3) کے تحت قید کی نسبت حکم نہ دے وہ درخواست کو خارج کر دے گی اور اگر مدیون زیر حراست ہو اسے رہا کر دے گی۔

Marfat.com

Attachment of property

# قرقی

## قاعدہ 41- اظہار مدیون ڈگری کا جائیداد کی نسبت !

اگر ڈگری واسطے ادائے زر نقد کے ہو تو ڈگری دار عدالت میں درخواست واسطے صدور Apply اس حکم کے دے سکتا ہے کہ (الف) مدیون ڈگری یا (ب) ذر صورت کارپوریشن اس کا کوئی عہدہ دار یا (ج) کسی شخص دیگر کا اظہار زبانی اس امر کی نسبت لیا جائے کہ آیا اس نے اسے کچھ قرضہ دینا ہے تو کتنا۔ اور اس کے پاس کوئی دوسری جائیداد یا ذریعہ ڈگری ادا کرنے کا ہے تب عدالت حکم صادر کرے گی کہ مذکورہ مدیون ڈگری حاضر ہو اور اظہار دے' یا (کارپوریشن کا کوئی) عہدیدار یا دیگر شخص (حاضر ہو اور اظہار دے) اور اپنے کھاتے یا دستاویزات پیش کرے۔

## قاعدہ 42- قرقی بصورت ڈگری زر لگان یا زر واصلات یا دیگر معاملہ جس کی رقم طے ہونی ہو !

اگر ڈگری میں حکم تحقیقات نسبت زر لگان یا زر واصلات Mesne Profit یا کسی اور معاملہ کے ہو تو جائیداد مدیون ڈگری کی قبل ازانکہ وہ تعداد زر جو اس کے ذمہ دادنی ہو متحقق کی جائے اسی طرح قرقی کی جا سکتی ہے جس طرح کی ذرصورت معمولی ڈگری زر نقد کی قرقی کی جاتی ہے۔

## قاعدہ 43- قرقی جائیداد منقولہ کی سوائے پیداوار زراعت کے جو مدیون ڈگری کے قبضے میں ہو:

اگر شئے قرقی طلب ایسی جائیداد منقولہ ہو جو پیداوار زراعت produce Agricultural نہ ہو اور جس پر مدیون ڈگری قابض ہو تو اس کی قرقی بذریعہ گرفتاری واقعی جائیداد مذکور کے ہوگی اور اہل کار قرقی اس جائیداد کو اپنی حراست میں رکھے گا اور اس کی حفاظت قرار واقعی کا ذمہ دار ہوگا۔

مگر شرط یہ ہے کہ جب شئے مقروضہ اس قسم کی ہو جو جلد از خراب ہو جاتا ہے یا

Marfat.com

جس کی حفاظت کا خرچ اس کی مالیت سے زیادہ ہو جائے تو اہل کار قرقی کو اختیار ہوگا کہ اس کو فوراً" فروخت کر ڈالے۔

## قاعدہ 44- قرقی پیداوار زراعت کی!

اگر قرق ہونے والی جائیداد پیداوار زراعت Agricultural Produce ہو تو اس کی قرقی بذریعہ چسپاں کرنے ایک نقل وارنٹ قرقی کے ہوگی:۔

(الف) اگر پیداوار مذکور فصل استادہ ہو تو اس اراضی پر جہاں پر وہ فصل ہو۔

(ب)اگر پیداوار مذکور کاٹی یا جمع کی گئی ہو تو کھایاں یا کھانے کی جگہ floor Threshing پر جس جگہ دانہ نکالا جاتا ہو یا اسی نوعیت کی جگہ پر' یا چارے کے ڈھیر پر یا جہاں وہ جمع ہو اور دوسری نقل اس مکان کے دروازہ بیرونی یا کسی اور منظر عام پر چسپاں کر کے جس میں مدیون ڈگری معمولاً" رہتا ہو یا باجازت عدالت اس مکان کے دروازہ بیرونی یا کسی اور منظر عام پر جس میں وہ کاروبار کرتا یا منفعت کے لیے بذات خاص کام کرتا ہو یا جس میں اس کا آخری مرتبہ رہنا یا کاروبار کرنا یا منفعت کے لیے بذات خاص کام کرنا معلوم ہوا ہو اور بعد ان کے پیداوار مذکور پر عدالت کا قبضہ سمجھا جائے گا۔

## قاعدہ 45- احکام نسبت پیداوار زراعت مقروقہ کے:۔

1- جب پیداوار زراعت قرقی کر لی جائے تو عدالت اس کی نگہبانی کے لیے انتظام کرے گی اور تاکہ عدالت ایسا انتظام بخوبی کر سکے ہر درخواست قرقی فصل استادہ Growing crop میں اس وقت کی صراحت ہونا چاہیے جب فصل کاٹنے یا جمع کرنے کے لائق ہو جائے۔

2- پابندی ان شرائط کے جو عدالت اس بارے میں حکم قرقی یا کسی حکم ما بعد کی رو سے مقرر کرے' مدیون ڈگری کو اختیار ہے کہ پیداوار مذکور کی دیکھ بھال کرے۔ نیز اس کو کاٹے اور جمع کرے اور دوسرا فعل کرے جو اس کی پختگی Maturing یا حفاظت کے لیے ضروری ہو اور اگر مدیون ایسا نہ کرے تو ڈگری دار عدالت کی اجازت لے کر اور پابندی شرائط مذکورہ بالا جملہ یا بعض افعال خود کر سکتا ہے یا کسی اور شخص کے ذریعہ سے جس کو وہ مقرر کرے کروا سکتا ہے اور جو خرچہ ڈگری دار

Marfat.com

کا پڑے وہ مدیون سے مثل زر ڈگری شدہ کے یا اس کے حصے کے مثل وصول کر لیا جائے گا۔

3- اگر کوئی فصل استادہ Growing group قرقی کی جائے تو محض اس وجہ سے کہ وہ کاٹ لی جائے وہ قرقی سے الگ نہ ہو جائیں گی اور نہ دوبارہ اس کو قرقی کرنے کی ضرورت ہوگی۔

4- اگر حکم قرقی فصل استادہ Growing crop کا بہت دن قبل اس کے کاٹنے یا جمع کیے جانے کے صادر کیا جائے تو عدالت حکم مذکورہ کا اجراء ایک وقت مناسب تک ملتوی کر سکتی ہے نیز اس کو اختیار ہے کہ اپنی صوابدید پر ایک اور حکم صادر کرے کہ تا اجرائے حکم قرقی بٹائی نہ جائے۔

5- جو فصل استادہ Growing crop اس طرح کی ہو کہ جمع نہ ہو سکتی ہو وہ اس قاعدہ کے بموجب بیس دن سے کم قبل اس وقت کے وہ کٹنے یا جمع ہونے کے لائق ہو قرقی نہیں کی جائے گی۔

## قاعدہ 46- قرقی قرضہ یا حصہ یا دیگر جائیداد کی جو مدیون کے قبضے میں نہ ہو

1- اس صورت میں کہ۔

(الف) ایسے قرضے جس کی بابت اطمینان کے لیے کوئی دستاویز قابل انتقال نہ لکھی گئی ہو۔

(ب) کسی جماعت سند یافتہ کے سرمایہ کے حصے کے۔

(ج) کسی اور جائیداد منقولہ کے جو مدیون ڈگری کے قبضہ میں نہ ہو بجز ایسی جائیداد کے جو کسی عدالت میں اصالتاً جمع یا عدالت کی حفاظت میں ہو۔

قرقی بذریعہ حکم تحریری ممانعت ان امور کے ہوگی۔

(i) قرضہ کی صورت میں قرض خواہ کو یہ ممانعت ہوگی کہ تا صدور حکم ثانی عدالت وہ قرضہ وصول نہ کرے اور قرضدار کو یہ کہ وہ قاصد در حکم مذکور قرضہ ادا نہ کرے۔

(ii) زر صورت حصہ جس کے نام سے حصہ درج رجسٹر ہو اس کو یہ ممانعت ہوگی اس کو منتقل اور اس کا منافع وصول نہ کرے۔

(iii) درصورت دیگر جائیداد منقولہ کے سوائے اس کے جو اوپر مستثنیٰ ہوئی ہے شخص قابض جائیداد کو یہ ممانعت ہوگی کہ وہ اس کو مدیون ڈگری کے حوالہ نہ کرے۔

Marfat.com

2- حکم مذکور کی ایک نقل کچہری کے منظر عام Conspicious place پر آویزاں کی جائے گی اور ایک نقل قرضدار کو درصورت قرضہ کے باجماعت سند یافتہ کے عہدہ دار مناسب کو ذر صورت حصہ سرمایہ کے یا شخص قابض جائیداد کو درصورت کسی اور جائیداد منقولہ کے سوائے اس کے جو اوپر مستثنیٰ ہوئی ہے مرسل کی جائے گی۔

3- قرضدار کو جس کو ضمنی دفعہ (ا) فقرہ (ا) کے بموجب ممانعت Prohibited ہوئی ہو اختیار ہے کہ زر قرضہ ذمہ خود اپنا عدالت میں جمع کر دے اور اس کے جمع کرنے سے وہ اس قدر بری الذمہ ہو گا کہ گویا اس نے شخص مستحق وصولی قرضہ کو ادا کر دیا۔

## قاعدہ 47- قرقی حصہ جائیداد منقولہ کی !

اگر قرق ہونے والی جائیداد کا کوئی حصہ یا حق ہو جو مدیون ڈگری ایسی جائیداد منقولہ میں رکھتا ہو جس کا مالک مدیون مع دیگر اشخاص کے ہو تو اس طرح ہوگی کہ ایک اطلاع نامہ مدیون کے نام بھیجا جائے گا کہ وہ اس حصہ یا حق کو منتقل یا کسی طرح سے زیر بار نہ کرے۔

## قاعدہ 48- قرقی تنخواہ' الاؤنس ملازم سرکاری کی یا ملازم ریلوے کی یا ملازم لوکل اتھارٹی کی:-

1- اگر قرق ہونے والی جائیداد تنخواہ یا الاؤنس کسی ملازم مملکت یا ملازم ریلوے کمپنی یا ملازم لوکل اتھارٹی کا ہو تو عام اس سے کہ مدیون یا افسر تقسیم کنندہ تنخواہ عدالت کے علاقہ میں ہو یا نہ ہو عدالت حکم دے سکتی ہے کہ تعداد ڈگری شدہ بقید شرائط دفعہ 60 اس کی تنخواہ یا الاؤنس سے خواہ ایک ہی مرتبہ یا قسط بندی Instalments کر کے وضع کر لی جائے یعنی جس طرح عدالت حکم دے اور جب اس حکم کی اطلاع اس عہدہ دار کو ملے جس کو گورنمنٹ گزٹ سرکاری میں اشتہار دے کر اس کام کے لیے مقرر کرے:-

(الف) جہاں کہ تنخواہ اور الاؤنس ان مقامی حدود کے اندر تقسیم Disbursed ہوتی ہو جہاں کہ یہ ضابطہ رائج الوقت ہو افسر یا دیگر شخص جس

Marfat.com

کا فرض اس کا تقسیم کرنا ہے وہ تنخواہ کو روک کر رقم زیر حکم روانہ کرے
ماہوار اقساط جیسی بھی صورت ہو۔

(ب)جہاں تنخواہ یا الاؤنس ایسی مقامی حدود سے باہر تقسیم ہوتے ہوں افسر یا شخص اس کا یہ فرض ہوگا کہ تقسیم کنندہ حاکم کو ہدایت کرے کہ جو تنخواہ یا الاؤ تقسیم ہونے ہیں اسی حکم کے ماتحت رقم عدالت کو روانہ کرے' یا ماہوار اقساط جیسی بھی صورت ہو اور حاکم تقسیم کنندہ کو ہدایت کرے گا کہ انتہائی رقم کو رفتہ قابل تقسیم میں سے کم کر کے انتہائی قابل روانگی رقم عدالت کو روانہ کرے۔

2- اگر جزو لائق قرقی تنخواہ یا الاؤنس مذکور کا کسی اور عدالت کے حکم کے بموجب جس کی تعمیل باقی ہو پہلے سے روک لی گئی ہو اور عدالت کو روانہ کر دی گئی ہو متابعت گزشتہ اور غیر مطمئن Unsatisfied حکم قرقی' تو وہ عہدیدار جو حکومت مجاز کا اس سلسلے میں مقرر کردہ ہوگا معا" واپس کرے گا جاری کرنے والی عدالت حکم ثانی بمعہ ان تفصیلات کے جو موجودہ قرقی کی ہوں گی۔

3- ہر حکم جو اس قاعدے کی رو سے جاری ہو تاوقتیکہ ضمنی دفعہ (2) کی صراحتوں کے بموجب واپس نہ کیا جاوے بغیر کسی مزید اطلاع یا حکم کے گورنمنٹ مجاز' یا ریلوے کمپنی' یا مقامی جماعت پر واجب التعمیل ہوگا جیسی بھی صورت ہو۔ حالانکہ مدیون ان مقامی حدود کے اندر رہتا ہے جہاں پر یہ مجموعہ نافذالوقت ہے اور جب کہ ان کی حدود سے باہر رہتا ہو اگر وہ پانے والا ہے کوئی تنخواہ یا الاؤنس مرکزی یا صوبائی حکومت کے خزانے سے پاتا ہے یا ریلوے کے فنڈ سے تنخواہ وصول کرتا ہے جو ریلوے اپنا کاروبار پاکستان کے کسی حصے میں کرتی ہے یا ایسی لوکل اتھارٹی جو پاکستان میں ہو' یا لوکل اتھارٹی جیسی بھی صورت ہو اس رقم کی ذمہ دار ہوگی جو قاعدہ ہذا کی خلاف ورزی کے باعث ادا کی گئی ہو۔

## تشریح:

حق قاعدے میں حکومت مجاز کے معنے:۔

(i)- یہ تعلق کسی شخص کے جو کہ مرکزی حکومت یا ریلوے یا کنٹونمنٹ اتھارٹی یا بندرگاہ Port کی اتھارٹی کسی بڑے بندرگاہ سے فیڈرل حکومت مراد ہے۔

(ii) حذف ہوا۔

(iii)یہ تعلق کسی دیگر ملازم سرکار یا کسی دیگر ریلوے یا مقامی جماعت سے صوبجاتی

Marfat.com

گورنمنٹ مراد ہے۔

## قاعدہ 49- قرقی جائیداد شراکتی کی :-

1- ماسوا اس صورت کے جو قاعدہ ہذا میں مشروط کیا گیا' جائیداد شراکتی Partnership کسی ڈگری کے اجراء میں قرق یا نیلام نہ ہو سکے گی سوائے اس ڈگری کے جو کارخانہ پر یا کارخانہ کے شرکا پر بحیثیت شرکا صادر ہو۔

2- بعد دیئے جانے درخواست قابض ڈگری بخلاف کسی شریک کارخانہ کے عدالت حکم دے سکتی ہے کہ جو حق شریک مذکور جائیداد اور شراکتی میں رکھتا ہو اور جو منافع کہ حاصل کرتا ہو اس پر اس قدر رقم کا مطالبہ عائد کیا جائے جو ڈگری کی رو سے یافتنی Due ہو اور عدالت کو اختیار ہے کہ خواہ اس حکم یا کسی دوسرے حکم مابعد کی رو سے ایک رسیور مقرر کرے جو شریک مذکور کے منافع کا روپیہ (خواہ وہ منافع کا اعلان ہوچکا ہو یا حاصل کیا جا رہا ہو) نیز کوئی دیگر رقم جو جائیداد شراکتی سے شریک مذکور کو یافتنی ہو وصول کرے۔ عدالت یہ بھی حکم دے سکتی ہے کہ حساب لیا جائے اور تحقیقات عمل میں آئے اور شریک مذکور کا حق فروخت کر ڈالا جائے اور دیگر ہدایات کر سکتی ہے جو اس صورت مقدمہ کی مقتضی ہو۔

3- دیگر شریک Other Partner یا شرکا کہ اختیار Liberty کہ کسی وقت حق مذکورہ کو بار مطالبہ سے چھوٹا Redeem لیں یا اگر اس کے نیلام ہونے کا حکم ہوا ہو تو اسے خرید کر لیں۔

4- ہر درخواست جو واسطے صدور حکم متذکرہ ضمنی دفعہ (2) کے گزرے مدیون پر اور اس کے دیگر شرکاء یا ان میں سے ان لوگوں پر جو پاکستان میں ہوں تعمیل کی جاوے گی۔

5- ہر درخواست جو ازطرف کسی شریک مدیون ڈگری کے ضمنی دفعہ (3) کے بموجب گزرے اس کی تعمیل ڈگری دار اور مدیون پر اور نیز ان دیگر شرکاء پر ہوگی جو درخواست میں شریک نہ ہوئے ہوں اور جو پاکستان میں موجود ہوں۔

6- جو تعمیل ضمنی دفعہ (4) یا (5) کے بموجب کی جائے وہ کل شرکاء پر تعمیل کروائی جانی متصور ہوگی اور جو حکم کہ درخواست ہائے مذکورہ پر صادر ہوں ان کی تعمیل بھی اسی طرح ہوگی۔

Marfat.com

## قاعدہ 50- اجراء ڈگری بخلاف فرم:-

1- اگر ڈگری بخلافی کسی فرم کے ہو تو اس کا اجراء حسب طریقہ مفصلہ ذیل ہوگا۔
(الف) خلاف کسی جائیداد شراکتی کے۔
(ب) خلاف کسی ایسے شخص کے جو آرڈیننس دس کی دفعہ 6 یا 7 کے بموجب اپنے کام سے حاضر ہوا ہو یا جس نے اپنی پلیڈنگ میں شریک فرم ہونے کا اقبال کیا ہو جو شریک ہونا قرار دیا گیا ہو۔

2- خلاف ایسے شخص کے جس پر تنہا بطور Individuality شریک کے سمن کی تعمیل ہوئی ہو اور وہ حاضر نہ ہوا ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ ضمنی قاعدہ ہذا کسی مضمون سے قانون معاہدہ ہند 1872ء کی دفعہ 247 میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔

3- اگر ڈگری دار کسی ایسے شخص کے خلاف بحیثیت شریک فرم ڈگری جاری کرانا چاہیے جو وہ نہ ہو جس کا ذکر ضمنی دفعہ (ا) جب اور فقرہ ج مذکورہ بالا میں ہے تو وہ عدالت صادر کنندہ ڈگری سے اجازت طلب کر سکتا ہے اور اگر ذمہ داری کی نسبت کوئی بحث نہ ہو تو عدالت ایسی اجازت دے سکتی ہے ورنہ اگر بحث ہو تو حکم دے سکتی ہے کہ شخص مذکور کی ذمہ داری کا تصفیہ اسی طرح کیا جائے جس طرح کسی تنقیح Issue کا تصفیہ ہے۔

4- اگر کسی شخص کی ذمہ داری Liability کا تصفیہ ضمنی دفعہ (2) کے بموجب کیا جائے تو جو حکم اس کی نسبت صادر ہو وہ اسی طرح موثر اور اپیل وغیرہ کی نسبت موثر ہوگا جیسا کہ ڈگری کا موثر ہوتا ہے۔

5- سوائے اس صورت Save as کے کہ کسی جائیداد کے خلاف ہو جو مشترکہ ہو' ڈگری اس فرم کے خلاف صادر نہ ہوگی۔ وہ کسی شریک پر ذمہ داری نہ ڈالے گی تاوقتیکہ سمن حاضری اور جواب وہی اس پر تعمیل نہ کیا گیا ہو۔

## قاعدہ 51- قرقی دستاویز قابل انتقال!

اگر شئے قرقی طلب کوئی دستاویز قابل انتقال ہو جو عدالت میں داخل نہ ہوئی ہو اور نہ کسی عہدہ دار سرکاری کی حفاظت میں ہو تو اس کی قرقی بذریعہ اس کی گرفتاری واقعی کی ہوگی اور دستاویز مذکور عدالت میں حاضر کی جائے گی اور تاحکم ثانی Further order

Marfat.com

عدالت میں رہے گی۔

## قاعدہ 52- قرقی ایسی جائیداد کی جو عدالت یا عہدہ دار سرکاری کی حراست میں:

اگر مال قرقی طلب عدالت یا عہدہ دار سرکاری کی حفاظت میں ہو تو اس کی قرقی اس طرح ہوگی کہ عدالت یا عہدہ دار مذکور کے پاس اطلاع نامہ اس درخواست کے ساتھ بھیجا جائے تاکہ صدور حکم ثانی اس عدالت کے جہاں سے اطلاع نامہ صادر ہوا ہو مال مذکور اور اس کا سود یا حصہ منافع جو واجب الادا ہو کسی کو نہ دیا جائے۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر مال مذکور کسی عدالت کی حفاظت اور نگرانی میں ہو تو انزاع استحقاق ملکیت Question of title یا وصول مقدم کی جو ما بین ڈگری داری اور کسی ایسے شخص غیر کے پیدا ہو جو مدیون ڈگری نہیں ہے اور جو بذریعہ کسی انتقال یا قرقی کے یا اور طریق سے مال مذکور میں حق رکھنے کا دعویدار ہو عدالت مذکور سے طے کی جائے گی۔

## قاعدہ 53- ڈگریوں کی قرقی

1- اگر شئ قرقی طلب ڈگری زر نقد یا ڈگری بابت سوثر گردانتے ہیں یا مطالبہ دیگر کے ہو تو:۔

(الف) اگر ڈگری ایک ہی عدالت نے صادر کی ہو تو اس کی قرقی اس طرح ہوگی کہ اطلاع نامہ اس عدالت کا جس نے ڈگری اجراء طلب صادر کی ہو اس درخواست کے ساتھ عدالت دیگر میں بھیجا جائے گا کہ وہ اپنی ڈگری کا اجراء ملتوی رکھے اس وقت تک کہ۔

(i) وہ عدالت جس نے ڈگری صادر کی ہو اجراء کرنا چاہتی ہو اس اطلاع نامہ Notice کو منسوخ کر دے۔

(ii) اگر ڈگری کا قابض اجراء کرانا چاہے یا اس کا مدیون ڈگری عدالت سے درخواست کرے ایسے اطلاع نامہ لینے پر کہ اس کی اپنی ڈگری کا اجراء کرایا جائے۔

2- اگر عدالت ضمنی قاعدہ (ا) کے فقرہ (الف) کے تحت حکم صادر کرے' یا مذکورہ ضمنی قاعدہ' 7 فقرہ (ب) کی شق (ii) کے تحت درخواست وصول کرے تو بروقت

Marfat.com

وصول ہونے درخواست اس شخص کے جس نے ڈگری قرق کرائی ہو یا اس کے مدیون کی عدالت ڈگری قرق شدہ کو جاری کرے گی اور زر وصول شدہ کو ڈگری اجراء طلب کے ایفا میں لگا دے گی۔

3- ڈگری دار ایسی ڈگری کا اجراء بذریعہ قرقی کسی دوسری ڈگری از قسم متذکرہ ضمنی دفعہ (ا) کے ہو قرق شدہ ڈگری دار کا قائم مقام سمجھا جائے گا اور مستحق اس کا ہو گا کہ ڈگری قرقی شدہ مذکور کو اس طرح اجراء کرائے جس طرح اس کا قابض خود قانوناً" اس کا اجراء کرا سکتا۔

4- اگر شئے قرقی طلب بحالت اجرائے ڈگری کوئی کوئی ایسی ڈگری ہو جو اس قسم کی نہ ہو جس کا ذکر ضمنی دفعہ (ا) میں ہے تو قرقی اس طرح ہوگی کہ عدالت صادر کنندہ ڈگری اجرا طلب ایک اطلاع نامہ ڈگری قرقی طلب کے ڈگری دار کے نام اس امتناع سے بھیجے گی کہ وہ اس ڈگری کو منتقل یا کسی نوع کے مطالبہ کا زیر بار نہ کرے' اور جس حال میں کہ یہ ڈگری کسی اور عدالت کی صادر ہوئی ہو تو اس عدالت کے پاس بھی اسی طرح کا اطلاع نامہ اس مضمون سے بھیجنا ہوگا کہ وہ ڈگری قرقی طلب کا اجراء نہ کرے تاوقتیکہ یہ اطلاع نامہ بحکم عدالت ارسال کنندہ کے فسخ نہ کیا جائے۔

5- جو ڈگری کہ اس دفعہ کے بموجب قرق ہو اس کے قابض کو لازم ہے کہ عدالت اجراء کنندہ ڈگری مذکور کو وہ اطلاع اور مدد دے جو بوجہ معقول Reasonably طلب کی جائے۔

6- ڈگری دار کے درخواست دینے پر ایسی ڈگری کے لیے جس کا اجراء بذریعہ قرقی دوسری ڈگری کے کرانا منظور ہو وہ عدالت جو اس دفعہ کی رو سے حکم قرقی صادر کرے حکم مذکور اطلاع ڈگری قرق شدہ کے مدیون کو دے گی اور کوئی ادائی یا تصفیہ ڈگری قرق شدہ کا جواز طرف مدیوں بخلاف ورزی حکم مذکور بعد وصول ہونے اطلاع مذکور کے عمل میں آئے۔ خواہ وہ ادائے بذریعہ عدالت کے ہو یا اور طرح پر کوئی عدالت اس کو تسلیم نہ کرے گی جب تک کہ قرقی قائم رہے۔

## قاعدہ 54- قرقی جائیداد غیر منقولہ کی :-

1- اگر شئے قرقی طلب Property جائیداد غیر منقولہ ہو تو اس کی قرقی اس طرح ہوگی کہ حکم کے ذریعہ سے مدیون کی ڈگری کو امتناع کی جائے گی کہ وہ جائیداد مذکور کو کسی طور سے منتقل یا کسی نوع سے زیر بار مطالبہ نہ کرے اور امتناع عام ہوگی کہ

Marfat.com

کوئی شخص اس انتقال یا زیر باری سے فائدہ نہ اٹھائے۔
وہ حکم کسی جگہ جائیداد مذکور کے اوپر یا اسکے متصل Adjacent بذریعہ منادی یا کسی اور طریقہ معقول سے مشتہر کیا جائے گا اور اس حکم کی ایک ایک پرت جائیداد نیز مکان عدالت کے منظر عام Conspicious پر آویزاں کی جائے گی اور جب کہ جائیداد اراضی مالگزار سرکار Land paying revenue ہو تو اس حکم کی ایک نقل اس ضلع کے کلکٹر کی کچہری میں بھی چسپاں ہوگی جس میں وہ اراضی واقع ہو۔

## قاعدہ 55 موقوف ہو جانا قرقی کا بعد ایفائے ڈگری کے:۔ اگر

(الف) رقم ڈگری شدہ معہ خرچہ اور جملہ مطالبہ جات اور مصارف کے جو کسی جائیداد کی قرقی میں عائد ہوئے ہوں عدالت میں داخل کر دی جائے۔ یا
(ب)ڈگری کا ایفا عدالت کی معرفت بہ صورت دیگر ہو جائے یا اس کی تصدیق عدالت میں کی جائے۔
(ج) ڈگری مسترد یا منسوخ کی جائے۔

تو سمجھا جائے گا کہ قرقی موقوف Postpone ہوگئی اور درصورت جائیداد غیر منقولہ اگر مدیون خواہش کرے تو موقوفی قرقی کی منادی خود اسی کے صرف سے دیا جائے گا نیز ایک نقل منادی Proclamation مذکور کی حسب طریقہ مقررہ دفعہ ماقبل چسپاں کی جائے گی۔

## قاعدہ 56- حکم برائے ادائیگی کے یا کرنسی نوٹ فریق حق دار ڈگری کو:

اگر جائیداد مقروقہ سکہ یا کرنسی نوٹ ہو تو عدالت کو اختیار ہے کہ کسی وقت ایام قرقی میں یہ ہدایت کرے کہ وہ سکہ یا نوٹ یا کوئی جزو اس کا جو ڈگری کے ایفا کے لیے کافی ہو اس فریق کو ادا کیا جائے جو ڈگری کی رو سے اس کے پانے کا مستحق ہو۔

## قاعدہ 57- تصفیہ:۔

اگر کوئی جائیداد اجرائے ڈگری میں قرق کی جائے مگر بوجہ عدم پیروی ڈگری دار کے عدالت درخواست اجراء میں کوئی کارروائی نہ کر سکے تو عدالت خواہ درخواست نامنظور کرے گی یا کسی کافی وجہ سے کارروائی اجراء کسی تاریخ آیندہ پر ملتوی کرے گی اور اگر

Marfat.com

درخواست نامنظور Dismiss ہو تو قرقی موقوف ہو جائے گی۔

## تحقیقات متعلق دعویٰ و عذر داری

## Investigation of claims & objections

### قاعدہ 58- دعویٰ اور عذر داری جائیداد مقروقہ کی نسبت تحقیقات:۔

1- اگر کوئی جائیداد صیغہ اجراء ڈگری سے قرقی کی جائے اور کوئی دعویٰ نسبت اس جائیداد کے یا اعتراض نسبت قرقی اس بنیاد پر کیا جائے کہ وہ جائیداد قرقی کے لائق نہیں ہے تو عدالت کو لازم ہے کہ دعویٰ یا اعتراض کی تحقیقات Investigation کرے اور درباب لینے اظہار شخص دعویدار معترض کے اور نیز جملہ دیگر امور میں وہی اختیارات عمل میں لائے کہ گویا وہ فریق مقدمہ تھا۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر عدالت کے نزدیک ایسے دعویدار یا اعتراض کے پیش کرنے میں قصدا" یا بلاضرورت توقف ہوا ہے تو اس کی تحقیقات نہ کی جائے گی۔

### التوائے نیلام

2- اگر وہ جائیداد جس سے دعویٰ یا اعتراض متعلق ہو مشتہر بہ نیلام ہوچکی ہو تو جائز ہے کہ عدالت آمر نیلام تا دوران تحقیقات دعویٰ یا اعتراض کے نیلام کو ملتوی رکھے۔

### قاعدہ 59- دعویدار کو شہادت پیش کرنا چاہیے:

دعویدار یا اعتراض کنندہ کو اس بات کا ثبوت دینا لازم ہے کہ قرقی کی تاریخ پر وہ جائیداد میں کچھ حق رکھتا تھا یا اس پر قابض تھا۔

### قاعدہ 60- واگذاری جائیداد از قرقی:

اگر ایسی تحقیقات کے وقت عدالت کو اطمینان ہو جائے کہ باعتبار وجہ مندرجہ دعویٰ یا اعتراض کے جائیداد مذکور قرقی کے وقت مدیون ڈگری کے قبضہ میں یا اس کی

Marfat.com

طرف سے امانتاً" کسی اور شخص کے قبضہ میں تھی یا کسی کاشت کار یا اور شخص کے دخل میں نہ تھی جو مدیون ڈگری کو لگان دیتا ہو یا یہ کہ گو وہ جائیداد قرقی کے وقت مدیون ڈگری کے قبضہ میں ہی ہو یا یہ کہ وہ اپنے لیے یا بطور اپنی ملکیت کے اس پر قابض نہ تھا بلکہ کسی غیر شخص کے لیے یا بطور امانت دار دوسرے شخص کے یا جزواً" Partly اپنے لیے اور جزاً" دوسرے شخص کی طرف سے قبضہ رکھتا تھا تو عدالت کو اس حکم کا صادر کرنا لازم ہوگا کہ جائیداد مذکور کلاً" یا جزاً" Wholly جس قدر مناسب معلوم ہو قرقی سے واگزاشت کی جائے۔

## قاعدہ 61- جائیداد مقروضہ کے دعویٰ کی نامنظوری

اگر عدالت کو اطمینان ہو کہ مدیون ڈگری جائیداد مقروقہ پر قرقی کے وقت بطور مالک کے قابض تھا کہ کسی دوسرے شخص کی طرف ئے یا کوئی اور شخص اس پر مدیون ڈگری کی طرف سے امانتاً" قابض تھا یا کہ وہ کسی کاشت کار یا دیگر شخص کے دخل میں تھی جو مدیون ڈگری کو لگان دیتا تھا تو عدالت کو لازم ہے کہ اس دعویٰ کو نامنظور کر دے۔

## قاعدہ 62- بحفظ حقوق مطالبہ دار قرقی قائم رہ سکتی ہے:

اگر عدالت کو اطمینان ہو کہ جائیداد مقروقہ کسی ایسے شخص کے پاس رہن یا زیر مطالبہ ہے جو اس پر قبضہ نہیں رکھتا ہے اور عدالت کے نزدیک قرقی کا قائم رکھنا مناسب ہو تو عدالت مجاز ہوگی کہ بحفظ رہن یا مطالبہ کے قرقی قائم رکھے۔

## قاعدہ 63- حذف شدہ بروئے لا ریفارمز آرڈیننس xII آف 1972

## نیلام عام طور پر

## Sale Generally

## قاعدہ 64- جائیداد مقروقہ کو نیلامی اور زر ثمن حقدار کو ادائیگی کے حکم کا اختیار:

Marfat.com

ہر عدالت اجراء کنندہ ڈگری اس حکم صادر کرنے کی مجاز ہوگی کہ جائیداد متروقہ قابل نیلام یا اس قدر جزو اس کا جو ڈگری کے ایفا کے لیے ضروری معلوم ہو نیلام کیا جائے اور زر ثمن مذکور کا یا اس کا جزو کافی اس فریق کو دیا جائے جو ڈگری کی رو سے اس کے پانے کا مستحق ہو۔

## قاعدہ 65- نیلام کس کے ذریعہ سے اور کس طریق سے ہوگا:

برعایت صورت ہائے خاص ہر نیلام بصیغہ اجراء ڈگری of decree In execution معرفت کسی اہل کار عدالت یا اور شخص کے جس کو عدالت مقرر کرے عمل میں آئے گا اور نیلام حسب طریقہ متعینہ Prescribed manner ہوا کرے گا۔

## قاعدہ 66- منادی نیلام بذریعہ عام نیلامی

-1 جب صیغہ اجرائے ڈگری کے نیلام ہونے کا حکم دیا جائے تو عدالت کو لازم ہے کہ نیلام کا اشتہار عدالت کی زبان میں مشتہر کرائے۔

-2 اشتہار Proclamation مذکور ڈگری دار اور مدیون ڈگری کو نوٹس دیئے جانے کے بعد دیا جائے گا اور اس میں نیلام کی تاریخ اور مقام مندرج ہوگا اور مراتب مفصلہ ذیل بھی حتی المقدور صحت اور صداقت Fairly and accurately کے ساتھ لکھے جائیں گے:۔

(الف) جائیداد جو نیلام ہونے والی ہو۔

(ب)تعداد مال گزاری مشخصہ محال کی یا جائیداد کے حصے کی جب کہ وہ نیلام ہونے والی ہو حقوق و مرافق محال گزاری سرکار یا جزو محال مال گزاری سرکار کے ہوں۔

(ج) کوئی بار کفالت Incumbrance جو اس جائیداد پر ہو۔

(د) رقم جس کے وصول کے لیے نیلام کا حکم دیا گیا ہو اور۔

(ر) دیگر ہر امر جس سے بدانست عدالت خریدار کو اس غرض سے واقف ہونا ضروری ہو کہ وہ جائیداد زیر نیلام کی نوعیت و مالیت تجویز کر سکے۔

-3 ہر درخواست صدور حکم نیلام حسب دفعہ ہذا کے ساتھ شامل ہونا لازم ہے کہ ایک بیان دستخط شدہ اور اس طریقہ پر تصدیق شدہ جو یہاں پہلے درج کیے جا چکے ہیں۔

Marfat.com

دستخط کرنے اور تصدیق کرنے کے بارے میں پلیڈ نگس کے اور ان میں درج ہونا چاہیے' اس حد تک جہاں تک کہ وہ معلوم ہوں یا وہ شخص کہ جو تصدیق کرتا ہے' دریافت کر سکتا ہے' وہ معاملات جن کی ضمنی قاعدہ (2) میں ضرورت ہے وہ (معاملات) اشتہار میں دیئے جانے چاہئیں۔

-بغرض تحقیق Ascertaining کرنے ان معاملات کے جو اشتہار میں لکھے جائیں گے عدالت مجاز ہے کہ جس شخص کی ضرورت ہو اسے طلب کرے اور ان میں سے کسی کی بابت اس سے اظہار لے اور دستاویزان کے متعلق نہیں اس کے قبضہ یا اختیار میں ہو وہ اس سے حاضر کرائے۔

## قاعدہ 67- اشتہار دینے کا طریقہ:۔

1- جہاں تک ممکن ہو مطابق طریقہ معینہ قاعدہ 54 ضمنی قاعدہ 12 مشتہر کیا جائے گا۔

2- اگر عدالت ہدایت کرے تو ایسا اشتہار گزٹ سرکاری یا وہاں کے کسی اخبار میں یا دونوں میں مشتہر کیا جائے گا اور خرچہ اس مشتہری کا من جملہ خرچہ فروخت کے متصور ہوگا۔

3- اگر علیحدہ علیحدہ نیلام ہونے کی غرض سے جائیداد کو پلاٹ بندی کی جائے تو ضروری نہیں کہ ہر لاٹ کے واسطے علیحدہ علیحدہ اشتہار دیئے جائیں الا اس صورت میں کہ نیلام کی مناسب اطلاع عدالت کی رائے میں کسی دوسرے طریق سے نہ دی جاسکے۔

## قاعدہ 68- وقت نیلام :۔

بجز صورت Save in case جائیداد متذکرہ عبارت شرطی قاعدہ 43 کے کوئی نیلام محکومہ باب ہذا بلا رضامندی تحریری مدیون ڈگری کے اس وقت تک نہ ہونا چاہیے کہ جس تاریخ کو نقل اشتہار کی جج آمر نیلام کی عدالت میں آویزاں کی گئی ہو اس سے در صورت جائیداد غیر منقولہ کے عرصہ کم از کم 30 یوم کا اور درصورت جائیداد منقولہ کے کم از کم عرصہ پندرہ روز کا نہ گزر جائے۔

## قاعدہ 69- التوایا بندش نیلام:۔

1- عدالت مجاز ہے کہ اگر مناسب سمجھے تو اس آرڈر کے مطابق نیلام کو کسی اور

Marfat.com

تاریخ اور ساعت تک ملتوی کر دے اور عامل نیلام اگر مناسب ... کے التوا کی وجوہ قلم بند کرے گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ جب نیلام مکان عدالت کے احاطہ Precincts of ہو یا احاطہ عدالت کے ملحقہ ہو تو بغیر اجازت عدالت کے التوا نہ کرنا چاہیے۔

2- جب کبھی نیلام ضمن قاعدہ (1) کے بموجب سات روز سے زیادہ عرصہ تک ... کیا جائے تو ایک تازہ اشتہار مطابق قاعدہ 67 مشتہر کیا جائے گا الا اس صورت کہ مدیون ڈگری اس سے درگذر کرنے پر راضی ہو۔

3- اگر لاٹ کی بولی ختم ہونے سے پہلے کل روپیہ مطالبہ اور خرچہ کا (مع نیلام) دار مذکور کے روبرو حاضر کیا جائے یا ثبوت اس بات کا حسب اس کے اطمینان دیا جائے کہ وہ مطالبہ معہ خرچہ ہائے مذکور اس عدالت میں داخل ہو چکا ہے جس نیلام کا حکم دیا تھا تو لازم ہے کہ نیلام موقوف کیا جائے۔

## قاعدہ 70- کون نیلام مستثنیٰ ہیں :-

قواعد 66 لغایت 69 ان صورتوں سے متعلق نہ ہوں گے جن میں ڈگری کا اجرا کلکٹر کے پاس منتقل کیا جائے۔

## قاعدہ 71- خلاف ورزی کرنے والا خریدار دوبارہ نیلامی کے نقصان کا ذمہ دار:

عہدہ دار یا دیگر عامل نیلام کو لازم ہے کہ کمی قیمت کو جو نیلام کو مکرر re-sale ہونے کے باعث بوجہ قصور خریدار نیلام واقع ہو اور جملہ اخراجات کے جو ایسے نیلام مکرر سے متعلق ہو عدالت میں، یا صاحب کلکٹر یا کسی ماتحت صاحب کلکٹر کے پاس لکھ کر گزارے اور وہ کمی قیمت اور اخراجات ڈگری دار یا مدیون ڈگری کی درخواست پر شخص ناصر ان قواعد کے بموجب وصول کیے جائیں گے جو واسطے اجرا ڈگری زر نقد کی مندرج ہیں۔

## قاعدہ 72- ڈگری دار بلا اجازت بولی نہیں بول سکتا:۔

1- وہ ڈگری دار جس کی ڈگری کے اجزاء کے لیے جائیداد نیلام کی جائے مجاز نہیں ہے کہ بلاحصول اجازت صریح عدالت کے جائیداد نیلامی کے لیے یا بولی بولے یا اس

Marfat.com

کو خرید کرے۔

2- جب ڈگری دار عدالت کی اجازت صریح حاصل کر کے جائیداد خرید کرے تو جائز ہے کہ برعایت احکام دفعہ 73 وہ مطالبہ جو ڈگری کی رو سے واجب الادا ہو اور زر ثمن نیلام بمقابلہ ایک دوسرے کے مجرا Set-off ہو جائے اور عدالت اجراء کنندہ ڈگری کل یا جزو ایفا ڈگری کا اس کے مطابق اس پر لکھ دے۔

3- جب ڈگری دار خود یا معرفت کسی شخص کے ماحصول ایسی اجازت کے جائیداد کو خرید کرے تو عدالت مجاز ہے کہ اگر مناسب سمجھے مدیون یا کسی اور شخص کی درخواست پر جو نیلام سے واسطہ رکھتا ہو حکم واسطے انفساخ Set aside کے صادر کرے اور خرچہ ایسی درخواست اور حکم کا اور کی قیمت of price Deficiency کی جو نیلام ثانی کے باعث وقوع میں آئے اور کل اخراجات متعلقہ نیلام ثانی ڈگری دار سے ادا کرائے جائیں گے۔

## قاعدہ 73- عہدہ داران سرکاری کو بولی دینے اور خریدنے کی ممانعت

کوئی عہدہ دار یا کوئی اور شخص جو کسی نیلام کے متعلق کوئی خدمت انجام دیتا ہو اسے لازم ہے کہ حیلتاً" یا صراحتاً" Directly or indirectly کسی جائیداد کے لیے جو نیلام پر چڑھائی جائے بطور خریدار کے بولی نہ بولے اور حیلتاً" یا صراحتاً" ایسی جائیداد میں کوئی استحقاق حاصل نہ کرے اور نہ حاصل کرنے کا اقدام کرے۔

## نیلام جائیداد منقولہ

## Sale of Moveable Property

## قاعدہ 74- نیلام پیداوار زراعت

اگر نیلام ہونے والی جائیداد از قسم پیداوار زراعت ہو تو۔

(الف) درصورت فصل استادہ Growing crops نیلام اس اراضی پر یا قریب اس کے کیا جائے گا جہاں وہ فصل ہو۔ یا

(ب) اگر پیداوار مذکور کٹ گئی ہو یا جمع کر لی گئی ہو تو قریب کھلیان floor

Marfat.com

Threshing وغیرہ یا چارہ کے ڈھیر کے جہاں وہ جمع ہوں۔
مگر شرط یہ ہے کہ اگر عدالت کی رائے میں زیادہ نفع سے بکنے کی امید ہو
کسی پاس کے گنج Place میں کرا سکتی ہے۔
2۔ اگر پیداوار زراعت نیلام کے لیے رکھی جائے۔
(الف) نیلام کرنے والے کے اندازہ میں اس کی مناسب قیمت نہ لگے اور
(ب) مالک فصل یا من جانب اس کے کوئی شخص مجاز درخواست کرے کہ
دوسرے دن تک یا اگر نیلام کے مقام پر کوئی بازار لگتا ہو تو بازار کے دن تک
کیا جائے تو نیلام بنا برآں ملتوی کیا جائے گا اور دوسرے دن جو بولی اٹھے اس
کر دیا جائے گا۔

## قاعدہ 75- شرائط خاص نسبت فصل استادہ

1- اگر نیلام ہونے والی جائیداد ایسی فصل استادہ Growing crops ہو کر جمع
سکتی ہو جمع نہ کی گئی ہو تو اس کے نیلام کے واسطے کوئی تاریخ ایسی معین کی جائے
کہ اس سے قبل وہ جمع کرنے کے لائق ہو جائے اور جب تک وہ کاٹی یا جمع
جائے اور جمع کرنے کے لائق نہ ہو جائے اس وقت تک نیلام نہ کی جائے گی۔
2- اگر فصل اس قسم کی ہو کہ جمع نہ کی جا سکتی ہو تو وہ تو کٹنے اور جمع ہونے سے
نیلام ہو سکتی ہے اور خریدار کو اختیار ہے کہ اراضی پر جائے اور جو باتیں فصل
دیکھ بھال اور اس کے کاٹنے اور جمع کرنے کے لیے متعلق ضروری ہوں ان سب
انجام دے۔

## قاعدہ 76- دستاویزات قابل انتقال اور حصص کارپوریشن

اگر جائیداد نیلام ہونے والی از قسم دستاویز قابل بیع و شریٰ ہو Instruments
Negotiable یا حصص کارپوریشن ہو تو عدالت مجاز ہوگی کہ بجائے صادر کرنے حکم نیلام
عام کے ایسی دستاویز یا حصہ مذکورہ بالا کو معرفت دلال کے فروخت کرنے کی اجازت دے۔

## قاعدہ 77- نیلامی بذریعہ عام نیلام:۔

1- اگر جائیداد منقولہ نیلام کی جائے قیمت ہر لاٹ کی وقت نیلام یا جس قدر جلد بعد

Marfat.com

نیلام کے اہل کار یا شخص دیگر عامل نیلام حکم دے داخل کرنی ہوگی اور درصورت نہ داخل کرنے کے وہ شئے فورا" پھر نیلام کی جائے گی۔

2- بعد ادائے زر ثمن اہل کار یا شخص دیگر عامل نیلام ایک رسید اسکی بابت دے گا اور نیلام قطعی ہو جائے گا۔

3- اگر نیلام ہونے والی جائیداد اور مدیون ڈگری اور کسی شخص کی مشترک ملک ہو اور دو یا زیادہ اشخاص جن میں ایک وہی شریک ہو جائیداد مذکور یا اس کی کسی لاٹ کے لیے ایک ہی تعداد (رقم) کی بولی بولیں تو شریک کی بولی سمجھی جائے گی۔

## قاعدہ 78- بے ضابطگی سے نیلام ناجائز نہیں ہو جائے گا لیکن جس شخص کا نقصان ہو نالش کر سکتا ہے

جائیداد منقولہ کا نیلام اس کی مشتہری Publishing یا تعمیل میں بے ضابطگی ہونے کے سبب سے ناجائز ہو جائے گا لیکن اگر کسی شخص کو ایسی بے ضابطگی سے جو کسی دیگر شخص کی جانب سے واقع ہوئی ہو ضرر پہنچے تو اس کو اختیار ہے کہ وہ واسطے وصولیابی ہرجہ یا (اگر دیگر شخص خریدار) بابت ملنے اس خاص جائیداد اور بابت اس ہرجہ کے جو اس کے نہ ملنے کے باعث عائد ہوا ہو اس کے نام نالش دائر کرے۔

## قاعدہ 79- حوالگی جائیداد منقولہ اور قرضہ حصص کی

1- اگر جائیداد نیلامی کوئی جائیداد منقولہ ہو اور ضبطی واقعی Actual seizer اس کی عمل میں آئی ہو تو ایسی جائیداد خریدار کے حوالہ کرنی ہوگی۔

2- اگر جائیداد نیلام از قسم جائیداد منقولہ کے ہو جس پر سوائے مدیون ڈگری کے کسی اور شخص کا قبضہ ہو تو خریدار کو جائیداد مذکور اس طور سے دلائی جائے گی کہ شخص قابض جائیداد مذکور کو اطلاع دی جائے کہ جائیداد پر کسی شخص کو سوائے خریدار نیلام کے دخل نہ دے۔

3- اگر جائیداد نیلامی از قسم دین کے ہو جس کے اطمینان کے لیے کوئی دستاویز قابل بیع و شری Negotiable instruments نہ لکھی گئی ہو یا حصص ی کارپوریشن کے ہوں تو سپردگی اس کے بذریعہ حکم تحریری عدالت مشعر اس امتناع ـ عمل میں آئے گی کہ دائن زر قرضہ یا اس کا سود وصول نہ کرے اور مدیون بجز

Marfat.com

خریدار کے اور کسی شخص کو زر قرضہ مذکور ادا نہ کرے یا یہ کہ وہ شخص نام سے حصص مذکور ہوں وہ حصص مذکور کو بجز خریدار کے کسی اور شخص کے منتقل نہ کرے اور نہ کچھ حصہ منافع یا اس کے سود کا بابت اس کے لیے یا اس کو جس کے نام پر حصص ہوں کو منع کر دے کہ ان حصص کو سوائے خریدار مذ کے کسی دیگر شخص کے نام پر منتقل نہ کرے' یا ان حصص کا منافع یا سود وصول کرے' اور مینجر یا سیکرٹری یا کوئی اور مناسب عہدیدار کارپوریشن مذکور کا کسی اور شخص کے ہاتھ بجز خریدار کے ایسا انتقال نہ ہونے دے اور نہ اور کسی کو منافع ادا ہونے دے۔

## قاعدہ 80- انتقال دستاویز قابل انتقال اور حصص

1- اگر تکمیل دستاویز یا لکھنا عبارت انتقال کا منجانب اس فریق کے جس کے نام کوئی دستاویز قابل بیع و شریٰ یا کسی کارپوریشن میں حصص موجود ہوں اور منتقل کیے جانا اس دستاویز قابل بیع و شریٰ Negotiable instruments کا یا کارپوریشن کے حصص کا مطلوب ہو تو جائز ہے کہ جج یا وہ عہدہ دار جس کو وہ اس کام کے لیے مقرر کرے دستاویز مذکور کی تکمیل کرے اور اس کی پشت پر ایسی عبارت انتقال لکھ دے جو ضروری ہو اور یہ تکمیل دستاویز یا تحریر عبارت انتقال اسی طرح موثر ہوگی گویا کہ خود فریق کی جانب سے عمل میں آئی۔

2- نمونہ عبارت انتقال یا تکمیل کا حسب مندرجہ ذیل ہوگا۔ یعنی زید کے دستخط معرفت خاص عدالت فلاں کا جج (یا جیسی صورت ہو) مقدمہ بکر بنام زید۔
جب تک کہ دستاویز یا حصہ مذکور منتقل نہ کیا گیا ہو عدالت کو اختیار ہوگا کہ کسی شخص کو واسطے وصولی سود یا منافع کے جو بابت اس کے یافتنی ہو اور اس کی رسید پر دستخط کر دینے لیے بذریعہ حکم مقرر کرے اور اس طرح کی رسید دستخطی کل اور کی نسبت تمام اغراض کے لیے مثل دستخطی خود اسی فریق کے جائز Valid اور ناطق Effectual ہوگی۔

## قاعدہ 81- جوالگی درصورت جائیداد دیگر

درصورت کسی ایسی جائیداد منقولہ کے جس کا ذکر اوپر Hereinbefore نہیں کیا

Marfat.com

کیا عدالت مجاز ہے کہ خریدار کو یا جسے وہ بتلائے جائیداد کے ملنے کا حکم دے اور اس کے مطابق وہ جائیداد ملے گی۔

## نیلام جائیداد غیر منقولہ

## Sale of Immovable Property

### قاعدہ 82- کون عدالتیں ایسے نیلام کا حکم دے سکتی ہیں!

نیلام جائیداد غیر منقولہ کا بصیغہ اجرائے ڈگری بجز عدالت مطالبہ جات خفیفہ کے ہر عدالت کے حکم سے ہو سکتا ہے۔

### قاعدہ 83- التوائے نیلام تاکہ مدیون زر ڈگری فراہم کر سکے

1- جب حکم واسطے نیلام جائیداد و غیر منقولہ کے صادر ہو اگر مدیون ڈگری عدالت کو مطمئن کر سکے کہ وجہ اس امر کے باور کرنے کی ہے۔ ڈگری کا مطالبہ بذریعہ رہن Mortgage یا ستاجری Lease یا بیع خانگی جائیداد Private sale مذکور یا اس کے جزو کے یا مدیون ڈگری کے کسی اور جائیداد غیر منقولہ کے وصول ہو سکتا ہے تو عدالت مجاز ہے کہ بعد دیئے جانے درخواست مدیون ڈگری کی اس جائیداد کے نیلام کو جو نیلام کے حکم میں مندرجہ ہو برعایت شرائط مناسب اور کسی عرصہ تک جو عدالت کو مناسب معلوم ہوں ملتوی رکھے تاکہ مدیون ڈگری روپیہ کی سبیل کر سکے۔

2- ایسی صورت میں مدیون ڈگری کو ایک سرٹیفکیٹ عدالت سے ملے گا جس میں اس کو اختیار دیا جائے گا۔ کہ وہ باوصف مندرج ہونے کسی اور حکم کے دفعہ 64 میں ایک معیاد معین کے اندر جو سرٹیفکیٹ میں درج ہوگی رہن یا متاجری یا بیع حسب درخواست عمل میں لائے۔

لیکن شرط یہ ہے کہ جو روپیہ ایسے رہن یا متاخری یا بیع کی بابت واجب الادا ہو وہ عدالت میں داخل کیا جائے گا مدیون ڈگری کو نہ ملے گا۔ باستثناء اس رقم کے جس کی مجرائی کا ازروئے قاعدہ 72 ڈگری دار مستحق ہو۔

یہ بھی شرط ہے کہ کوئی رہن یا متاجری یا بیع جو حسب دفعہ ہذا عمل میں آئے

Marfat.com

ناطق نہ ہوگا کہ تاوقتیکہ عدالت سے اس کی منظوری نہ ہو۔

3- دفعہ ہذا ایسی جائیداد کے نیلام سے متعلق نہیں ہے جو اجرائے ڈگری زر رہن زر مطالبہ میں نیلام کرائی جانے والی ہے۔

## قاعدہ 84- خریدار کی طرف سے جمع اور خلاف ورزی پر دوبارہ نیلام

1- جب جائیداد متنازعہ نیلام کی جاوے تو اس شخص کو جو خریدار نیلام قرار دیا جائے فی الفور خریدار اقرار پانے کے اپنی بولی کی تعداد پر پچیس روپیہ سینکڑہ عہدہ دار یا دیگر شخص نیلام کنندہ کے پاس اسی وقت جمع کرنا ہوگا اور یہ جمع کرنے پر جائیداد فوراً پھر نیلام کی جائے گی۔

2- اگر خود ڈگری دار نیلام ہو اور مستحق مجرائی زر ثمن Set-off کا ازروئے قاعدہ 72 کے ہو تو عدالت اس دفعہ کی شرائط سے درگزر کر سکتی ہے۔

## قاعدہ 85- زر خرید کی پوری ادائیگی کے لیے مہلت

خریدار نیلام کو لازم ہے کہ روز نیلام سے پندرھویں دن قبل برخاست عدالت کل زر ثمن واجب الادا عدالت میں داخل کرے۔

مگر شرط یہ ہے کہ تعداد مذکور کے شمار کرنے میں خریدار کسی مجرائی Set-off سے فائدہ اٹھا سکے گا وہ ازروئے قاعدہ 72 مستحق ہو۔

## قاعدہ 86- کارروائی بصورت خلاف ورزی ادائیگی

اگر روپیہ معیاد مندرجہ دفعہ ملحقہ بالا کے اندر داخل نہ کیا جائے تو زر امانت بعد ادا کرنے خرچہ نیلام کے بشرط صوابدید عدالت سرکار میں ضبط Forfeiture ہو سکتا ہے اور وہ جائیداد دوبارہ نیلام کی جائے اور خریدار قاصر Defaulting purchaser کا استحقاق نسبت جائیداد یا کسی جزو زر ثمن نیلام مابعد کے باقی نہ رہے گا۔

## قاعدہ 87- دوسرے نیلام کا اشتہار

جب کہ زر ثمن اس معیاد کے اندر جو اس کے ادا کرنے کے لیے مقرر ہے ادا نہ ہو تو لازم ہے کہ ہر نیلام مکرر جائیداد غیر منقولہ کا بعد صدور اشتہار جدید

Marfat.com

Fresh proclamati کے بموجب اسی طریقہ اور تبصرہ اسی معیاد کے ہوگا۔ دفعات سابق میں نیلام کے لیے مقرر ہے عمل میں آئے۔

## قاعدہ 88- شریک کی بولی کو ترجیح ہوگی

اگر نیلام ہونے والی جائیداد حصہ کسی جائیداد غیر منقولہ منقسمہ Undivided کا ہو اور دو یا کئی اشخاص جن میں سے ایک حصہ دار اس جائیداد کا ہو جائیداد مذکور یا اس کے کسی الاٹ کے لیے ایک ہی تعداد کی بولی بولیں تو وہ حصہ دار کی بولی سمجھی جائے گی۔

## قاعدہ 89- جمع کرنے پر درخواست انفساخ نیلام

1- اگر کوئی جائیداد غیر منقولہ اجرائے ڈگری میں نیلام کی جائے تو مالک جائیداد یا کوئی شخص جو ازروئے کسی حق کے جو نیلام مذکور سے قبل حاصل کیا گیا ہو اس میں کچھ استحقاق رکھتا ہو انفساخ نیلام Set-aside کی درخواست دے سکتا ہے بشرطیکہ وہ عدالت میں رقم مندرجہ ذیل داخل کر دے۔

(الف) پانچ روپیہ سینکڑہ زر ثمن Purchase-money برائے ادائیگی خریدار کو اور۔

(ب) تعداد مصرحہ اشتہار Proclamation نیلام جس کی بابت نیلام کا حکم ہوا بعد منہائی اس رقم کے جو ڈگری دار کو بعد تاریخ اشتہار مذکور وصول ہوچکی ہو ڈگری دار کے دینے کے لیے۔

2- اگر کوئی شخص قاعدہ 90 کی رو سے درخواست انفساخ Set aside نیلام دے چکا ہو تو وہ قاعدہ ہذا کے بموجب کوئی درخواست نہ دے سکے گا نہ اس کی پیروی کر سکے گا تاوقتیکہ درخواست سابق واپس نہ لے۔

3- اس قاعدہ کی رو سے مدیون اس خرچہ اور سود کی ذمہ داری سے بری نہ ہوگا جس کا ذکر اشتہار نیلام میں نہ ہو۔

## قاعدہ 90- درخواست انفساخ نیلام بر بنیاد بے ضابطگی یا فریب

اگر کوئی جائیداد غیر منقولہ اجرا ڈگری In execution میں نیلام کی جائے تو ڈگری دار یا کوئی شخص جو جائیداد کی تقسیم رسدی میں حصہ پانے کا مستحق ہو یا جس کے

Marfat.com

حقوق پر نیلام سے کچھ اثر پڑا ہو انفساخ نیلام کی درخواست دے سکتا ہے بربنائے ضابطگی الامری Material irregularity یا فریب کے جو نیلام کے مشتہر یا عمل میں لانے میں واقع ہوئی ہو۔ مگر شرط یہ ہے کہ کوئی نیلام بوجہ ضابطگی فریب کے فسخ نہ ہوگا الا اس حال میں کہ واقعات ثابت شدہ سے عدالت کو اطمینان جائے کہ سائل کو اس بے ضابطگی یا فریب سے ضرر واقعی پہنچا ہے۔ (بشرطیکہ کسی درخواست پر غور نہ کیا جائے گا اس وقت تک کہ درخواست کنندہ اس رقم کا فیصد جمع کرا دیتا ہے جو فروخت پر وصول ہوئی تھی اور ایسی ضمانت پیش کرتا ہے جیسی عدالت ہدایت کرتی ہے)۔

## قاعدہ 91- درخواست خریدار برائے انفساخ نیلام بدیں وجہ کہ مدیون جائیداد میں کوئی حق فروخت نہ رکھتا تھا

خریدار نیلام اجرائے ڈگری کو اختیار ہے کہ عدالت میں درخواست استرداد نیلام اس بنیاد پر گزرانے کے مدیون جائیداد نیلام شدہ میں کوئی حق نیلام نہیں رکھتا تھا۔

## قاعدہ 92- کب نیلام قطعی یا منسوخ ہو سکتا ہے

1- ازروئے قاعدہ 89 یا 90 یا 91 کوئی درخواست نہ گزرے یا اگر گزرے مگر نامنظور کی جائے تو عدالت حکم نیلام منظور کرے گی جس کے بعد نیلام ناطق Absolute ہو جائے گا۔

2- اگر ایسی درخواست گزرائی گئی ہو اور وہ منظور ہو جائے اور کسی درخواست تحت قاعدہ 89 کی صورت میں اگر وہ رقم جو قاعدہ مذکور کی رو سے عدالت میں داخل کرنا چاہیے تاریخ نیلام سے تیس دن کے اندر داخل کر دی جائے تو عدالت حکم منسوخی نیلام کا صادر کرے گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ کوئی حکم صادر نہ ہوگا تاوقتیکہ درخواست کی اطلاع جملہ ایسے اشخاص کو نہ دی جائے کہ جن کے حقوق پر اس درخواست کا اثر پڑے۔

3- کوئی شخص جس کے خلاف کوئی حکم اس دفعہ کی رو سے صادر ہو اس کی منسوخی کی نسبت کوئی نالش دائر نہ کر سکے گا۔

Marfat.com

## قاعدہ 93- زر ثمن کس صورت میں واپس ملے گا

اگر نیلام کسی جائیداد غیر منقولہ کا قاعدہ 92 کے بموجب مسترد ہو جائے تو خریدار کو حق ہو گا کہ اپنا زر ثمن ساتھ یا بلا سود کے جس طرح عدالت ہدایت کرے اس شخص سے واپس پائے جس کو زر ثمن مذکور ادا کر دیا گیا ہو۔

## قاعدہ 94- سرٹیفکیٹ خریداری

جب نیلام جائیداد غیر منقولہ کا ناطق Absolute ہو جائے تو عدالت کو لازم ہے کہ قطعہ سرٹیفکیٹ مشعر تفصیل جائیداد نیلام شدہ اور نام اس شخص کے جو وقت نیلام اس کا خریدار قرار پایا تھا عطا کرے۔ اور اس سرٹیفکیٹ میں تاریخ بحالی نیلام کی بھی درج ہوگی۔

## قاعدہ 95- حوالگی ایسی جائیداد کی جو خود مدیون کے قبضہ میں ہو

اگر نیلام شدہ جائیداد غیر منقولہ مدیون ڈگری یا منجانب اس کے کسی اور شخص کے قبضہ میں یا بقبضہ شخص دیگر کے ہو جو بذریعہ ایسے استحقاق Title کے اس جائیداد کی نسبت دعویدار ہو کہ بعد قرقی جائیداد مذکور کے مدیون ڈگری سے حاصل ہوا ہو اور قاعدہ 94 کے بموجب اس جائیداد کی بابت سرٹیفکیٹ دیا گیا ہو تو عدالت خریدار کی درخواست پر یہ حکم دے گی کہ خریدار کو یا اور شخص کو جس کو کہ اس نے اپنی طرف سے قبضہ لینے کے لیے مقرر کیا ہو جائیداد مذکور پر قبضہ دلایا جائے اور اگر ضرورت ہو تو جو شخص دخل دینے سے انکار کرے وہ اس میں سے نکال دیا جائے۔

## قاعدہ 96- حوالگی ایسی جائیداد کی جو کسی مزارع کے قبضہ میں ہو

اگر جائیداد نیلام شدہ اسامی یا کسی اور شخص کے دخل میں ہو جس کو اس کے دخل کا استحقاق حاصل ہو اور اس جائیداد کی نسبت سرٹیفکیٹ حسب قاعدہ 94 دیا گیا ہو تو عدالت خریدار کی درخواست پر وہ جائیداد اس طرح سے لانے کا حکم دے گی کہ نقل سرٹیفکیٹ نیلام کو جائیداد مذکور کے کسی منظر عام پر آویزاں کرائے گی اور بضرب دہل Beat of drum یا بذریعہ دیگر طریقہ مروجہ کے مناسب مقام میں واسطے اطلاع قابض جائیداد کے یہ مشتہر کرائے گی کہ اس میں حقیقت مدیون ڈگری کی خریدار نیلام کے ہاتھ

Marfat.com

منتقل کی گئی۔

## Resistance to delevery of Possession to degree Holders or purchaser

## ڈگری دار یا خریدار کو قبضہ دینے میں مزاحمت

### قاعدہ 97- تعرض مزاحمت غیر منقولہ جائیداد کے قبضہ دینے میں:

1- اگر ڈگری دار قبضہ جائیداد غیر منقولہ یا خریدار نیلام جائیداد مذکور کے ساتھ بعلت اجرائے ڈگری نیلام ہوئی ہو۔ نسبت دخلیابی کے کوئی شخص مقابل یا مزاحم ہو ڈگری دار یا خریدار مذکور کو اختیار ہے کہ اس مقابلہ Resistance یا مزاحمت Obstructed کی نسبت عدالت میں درخواست گزارنے۔

2- عدالت اس معاملہ کی تحقیقات کے لیے ایک دن مقرر کرے گی اور اس شخص جس کی نسبت درخواست شکایت دی گئی ہو اس کا جواب دینے کے لیے طلب کرے گی۔

### قاعدہ 98- مدیون کی طرف سے مزاحمت یا رکاوٹ

اگر عدالت کو اطمینان ہو کہ مقابلہ یا مزاحمت از جانب مدیون یا کسی دوسرے شخص کی ترغیب سے ہوا تھا اور وہ بلاوجہ ہوا تو حکم ہوگا کہ سائل کو جائیداد کا قبضہ دلایا جائے اور اگر مدیون ڈگری یا دیگر شخص اس کے اغوا سے جائیداد کا قبضہ ملنے میں مقابلہ یا مزاحمت اب تک کر رہا ہے تو عدالت مجاز ہے کہ حسب استدعا سائل کے مدیون ڈگری یا دیگر شخص مذکور کو واسطے اس قدر معیاد کے جو تیس 30 دن تک ہو سکتی ہے جیل خانہ بھیج دے۔

### قاعدہ 99- اگر کوئی دعویدار حقیقی مزاحمت کرے

اگر عدالت کو اطمینان ہو کہ مقابلہ یا مزاحمت از جانب کسی اور شخص کے علاوہ مدیون ڈگری سرزد ہوئی اور وہ نیک نیتی یہ دعویٰ کرتا ہو کہ وہ اپنی طرف سے یا منجانب

Marfat.com

سی اور شخص علاوہ مدیون ڈگری کے جائیداد مذکور پر قابض ہے تو عدالت درخواست خارج کر دے گی۔

## قاعدہ 100- اگر ڈگری دار یا خریدار کسی شخص کو جائیداد سے بے دخل کر دے

1- اگر کوئی شخص سوائے مدیون ڈگری کے کسی جائیداد سے از طرف ڈگری دار قبضہ جائیداد مذکور یا اگر وہ بعلت اجرائے ڈگری Execution of Decree نیلام ہوئی ہو تو از طرف خریدار نیلام بے دخل کیا جائے۔تو وہ مجاز ہے کہ اپنی بیدخلی کی نسبت عدالت میں درخواست گزرانے۔

2- عدالت استغاثہ کی تحقیقات کے لیے ایک دن مقرر کرے گی اور اس شخص کو جس کی نسبت استغاثہ ہوا ہو اس کا جواب دینے کے لیے طلب کرے گی۔

## قاعدہ 101- دعویدار جائز کو قبضہ دلایا جائے گا

اگر عدالت کو اطمینان ہو جائے کہ سائل اپنی طرف سے یا دیگر شخص کی جانب سے جو مدیون ڈگری نہ ہو جائیداد مذکور پر بہ نیک نیتی قابض تھا تو حکم ہو گا کہ اس کو جائیداد کا قبضہ دلایا جائے۔

## قاعدہ 102- قواعد جائیداد کے منتقل الیہ سے متعلق نہیں ہیں

قاعدہ 99' 101 ایسے مقابلہ یا مزاحمت اجرائے ڈگری سے متعلق نہیں ہیں جو اس شخص کی طرف سے وقوع میں آئے جس کے نام مدیون نے بعد رجوع ہونے اس نالش کے جس میں ڈگری ہوئی ہو اپنی جائیداد منتقل کر دی ہو اور نہ قواعد مذکور ایسے شخص کی بے دخلی سے متعلق ہیں۔

## قاعدہ 103- نالش نمبری داخل ہو سکتی ہے

سوائے مدیون ڈگری کے جس شخص کے خلاف قاعدہ 98'99 یا 101 کے بموجب حکم صادر کیا جائے اس کو اختیار ہے کہ نالش نمبری واسطے ثابت کرانے اپنے استحقاق قبضہ Possession جائیداد کے جس پر وہ اپنے تئیں دخیل ظاہر کرتا ہے دائر کرے Adjucate لیکن حکم مذکور پابندی نتیجہ نالش مذکور کے (اگر کوئی دائر ہو) ناطق ہو گا۔

Marfat.com

# آرڈر 22

# وفات اور شادی اور دیوالہ نکلنا فریق ہائے

## Death, Marriage & Insolvency of Parties

### مقدمہ کا

### قاعدہ 1- کسی فریق کے فوت ہو جانے سے مقدمہ ساقط نہ ہو جائے گا:

بشرط قائم رہنے استحقاق نالش کے کوئی مقدمہ مدعی یا مدعا علیہ کے فوت ہونے سے ساقط Abate نہ ہو جائے گا۔

### قاعدہ 2- طریق کار چند مدعیان یا مدعا علیہم میں سے کوئی مر جائے پسماندگان پر حق نالش!

اگر مقدمہ میں چند مدعیان یا مدعا علیہم ہوں اور من جملہ ان کے کوئی مر جائے اور استحقاق نالش صرف مدعی زندہ کے لیے یا صرف مدعا علیہ یا مدعا علیہم زندہ کے نام پر قائم رہے تو عدالت کو لازم ہوگا کہ اس مضمون کی ایک عبارت مقدمہ کی مثل میں لکھوائے اور مقدمہ کی کاررواء مدعی یا مدعیان زندہ کی طرف سے یا بمقابلہ مدعا علیہ یا مدعا علیہم زندہ کے بدستور قائم رہے گی۔

### قاعدہ 3- طریق کار چند مدعیان میں سے ایک یا تنہا مدعی فوت ہو جائے!

1- اگر مقدمہ میں ایک سے زیادہ مدعی ہوں اور کوئی ان میں سے فوت ہو اور استحقاق نالش صرف مدعی یا مدعیان زندہ کے لیے قائم نہ رہے یا اگر تنہا مدعی یا تنہا بچا ہوا



Marfat.com

مدعی مرجائے اور استحقاق نالش قائم رہے تو درخواست گزرنے پر عدالت مدعی متوفی کے قائم مقام جائز کو فریق مقدمہ قرار دے گی اور مقدمہ کی کارروائی قائم رہے گی۔

2- اگر اندر مدت معینہ Time allowed قانونی کوئی درخواست ضمنی قاعدہ (۱) کے بموجب نہ گزرے Intimation is given تو مقدمہ بحد تعلق مدعی متوفی ساقط ہو جائے گا عدالت کو اختیار ہے کہ مدعا علیہ کو اس کی درخواست پر وہ خرچہ دلائے جو جوابدہی میں اس پر عائد ہوا ہو اور یہ خرچہ مدعی متوفی مذکور کی جائیداد متروکہ سے وصول کیا جائے گا۔

## قاعدہ 4- بہت سے مدعا علیہم میں سے ایک مدعا علیہ یا اکیلے مدعا علیہ کی وفات پر طریق کار:۔

1- جب دو یا زاید مدعا علیہم Defendants میں سے ایک فوت ہو جاتا ہے اور زندہ رہ جانے والے مدعا علیہم یا اکیلے مدعا علیہ کے خلاف استحقاق نالش باقی نہیں رہتا (یا اگر مدعا علیہ کی موت کی اطلاع دینے پر جو ایسے شخص نے دی ہو جسے آرڈر نمبر VII قاعدہ نمبر 13 کے تحت اس ضمن میں نام رد کیا گیا ہو) یا اگر اکیلا مدعا علیہ یا اکیلا رہ جانے والا مدعاعلیہ Defendant مرجاتا ہے مگر استحقاق نالش باقی رہ جاتا ہے تو عدالت اس ضمن میں درخواست پیش ہونے پر متوفی مدعا علیہ کے قائم مقام قانونی کو فریق مقدمہ بنا کر مقدمہ کی کارروائی جاری رکھے گی۔

2- جو شخص اس طور پر مدعا علیہ گردانا جائے وہ کسی طرح کی عذر داری defence Any مناسب حال اپنی حیثیت قائم مقامی Legal representative کے پیش کر سکتا ہے۔

3- اگر اندر مدت معینہ قانون کوئی درخواست ضمنی قاعدہ (۱) کے بموجب گزرے تو مقدمہ بمقابلہ مدعاعلیہ متوفی ساقط ہو جائے گا۔

4- یہ ضروری نہ ہوگا کہ مدعا علیہ کے قائم مقامان قانونی representative Legal جو تحریری بیان نہ داخل کر سکے ہوں یا سماعت مقدمہ کے دوران میں عدالت میں حاضر ہونے اور مقدمہ لڑنے میں ناکام رہے ہوں ان کی بجائے متبادل قائم مقامان مقرر کیے جائیں اور ایسے مقدمہ میں مذکورہ مدعا علیہ کے خلاف اس کی موت کا لحاظ نہ کرتے ہوئے فیصلہ سنا دیا جائے اور اس فیصلہ میں وہی قوت اور اثر

Marfat.com

(Force and effect) ہوگا جیسے اگر یہ فیصلہ اس کی موت سے پیشتر سنادیا جاتا۔

## شرح

**مدعا علیہ کی وفات کی صورت میں فیصلہ صادر ہوگا:** ایسا مدعا علیہ جو کہ حاضر عدالت ہو جواب دعویٰ نہ داخل کیا ہو اس کی موت کی صورت میں اس کے وارثان قانونی کو فریق مقدمہ بنائے بغیر اس کے خلاف فیصلہ صادر کیا جا سکتا ہے۔

(1995ء سی ایل سی 946)

**5.Determination of question as to legal representative.**

قاعدہ 5- تصفیہ نسبت قائم مقام جائز کی: اگر نزاع (question) اس امر کی پیداوار ہو کہ آیا فلاں شخص مدعی متوفی یا مدعا علیہ متوفی کا قائم مقام جائز ہے یا نہیں ہے تو اس کا تصفیہ عدالت کرے گی۔

**6. No abatement by reason of death after hearing.**

قاعدہ 6 - مقدمہ ساقط نہیں ہوگا اگر کوئی فریق بعد سماعت مقدمہ فوت ہو جائے: باوصف احکام مذکورہ بالا عام اس سے کہ بنائے دعویٰ قائم رہے یا نہ رہے کوئی مقدمہ بسبب وفات کسی فریق کے جو درمیان اختتام سماعت اور اصدار فیصلہ واقع ہو، ساقط (abatement) نہ ہوگا مگر اس صورت میں فیصلہ باوصف وفات فریق کے سنایا جائے گا اور اسی طرح موثر ہوگا گویا کہ قبل وفات سنایا گیا۔

**7.Suit not abated by marriage of female party.**

قاعدہ 7- مقدمہ بسبب شادی کر لینے کسی فریق عورت کے ساقط نہ ہوگا: (1) باعث شادی کرنے عورت مدعیہ یا مدعا علیہ کے مقدمہ ساقط نہ ہوگا بلکہ باوجود شادی کے مقدمہ کی کاروائی تا صدور فیصلہ جاری رہے گی اور جب کہ ڈگری عورت مدعا علیہا کے اوپر ہو تو اس کا اجراء صرف اسی کے اوپر کیا جائے گا۔

(2) اگر ایسا مقدمہ ہو جس میں قانون کی رو سے شوہر اپنی زوجہ کے قرضہ کی ادائیگی کا ذمہ دار (liable) ہو تو باجازت عدالت ڈگری کو شوہر پر جاری کرنا جائز ہوگا اور اگر فیصلہ زوجہ کے حق میں صادر ہو تو بشرطیکہ شوہر قانون کے بموجب شئے ڈگری شدہ کے پانے کا مستحق ہو وہ ڈگری باجازت عدالت شوہر کی درخواست گزرنے پر جاری ہو سکتی ہے۔

**8.When plaintiff's insolvency bars suit.**

قاعدہ 8- کسی صورت میں مدعی کا دیوالیہ ہونا مانع نالش ہوگا: (1) جس مدعی کے مقدمہ کو اس کا اسائنی Assignee یعنی تفریق دار یا رسیور یعنی مہتمم بغرض فائدہ اس کے قرض خواہوں کے قائم رکھ سکتا ہو اس کا دیوالیہ

Marfat.com

Insolvent نکلنا بارج اس مقدمہ کا نہ ہوگا الا اس حالت میں کہ تفریضدار یا مہتمم مقدمہ کی پیروی کرنے یا ضمانت خرچہ اندر اس معیاد کے جس کا عدالت حکم دے داخل کرنے سے انکار کرے (تاوقتیکہ عدالت کسی خاص وجہ سے اس کے خلاف حکم نہ دے)

## طریق کار جب کہ تفریضدار نالش جاری رکھنے سے قاصر رہے یا ضمانت نہ دے سکے

2- اگر تعریف دار یا مہتمم اس مقدمہ کی پیروی اور اندر معیاد معینہ حکم کے ادخال ضمانت میں تغافل Neglects یا انکار کرے تو مدعا علیہ مجاز ہے کہ بغرض خارج ہونے مقدمہ مدعی کے دیوالیہ نکلنے کی بنا پر درخواست دے اور عدالت مجاز ہوگی کہ مقدمہ خارج کر کے مدعا علیہ کو اس قدر خرچہ دلائے جو جواب دہی میں اس پر عاید ہوا ہو اور خرچہ مذکور کو بطور قرضہ جائیداد مدعی ثابت کرنا ہوگا۔

## قاعدہ 9- مقدمہ کے ساقط ہونے یا خارج کیے جانے کا اثر:۔

1- جب کوئی مقدمہ اس آرڈر کے بموجب ساقط ہوجائے یا خارج کیا جائے تو کوئی نالش جدید اسی بنائے دعویٰ پر دائر نہ ہوسکے گی۔

2- مدعی یا وہ شخص جو مدعی متوفی کا قائم مقام جائز ہونے کا دعویٰ کرتا ہو یا مدعی دیوالیہ کا اسائنی Assignee یا رسیور مجاز ہے کہ واسطے صدور حکم سقوط یا خارج کیے جانے مقدمہ کے درخواست دے اور اگر ثابت کیا جائے کہ وہ کسی وجہ کافی کے سبب سے مقدمہ میں پیروی نہ کرسکا تو عدالت حکم سقوط مقدمہ یا حکم خارج کیے جانے جو منسوخ کرے گی ایسی شرائط پر جو اس کو خرچہ دلانے کی نسبت مناسب معلوم ہوں۔

3- قانون معیاد 1908ء کی دفعہ 5 کی شرائط ان درخواستوں سے متعلق ہوں گی جو ضمنی قاعدہ (2) کی رو سے گزرانی چاہیں۔

## قاعدہ 10- طریق کار تفویض مقدمہ قبل از حکم قطعی:۔

1- دیگر صورتوں میں جو مقدمہ کے دوران میں کسی حق کے منتقل یا پیدا ہوں یا در اثنا

Marfat.com

حاصل ہونے کی ہوں جائز ہے کہ عدالت کی جانب سے مقدمہ مذکور اس شخص کی طرف سے یا اس کے مقابلہ میں جس کو حق مذکور پہنچا ہو یا حاصل ہوا ہو جاری رہے گا۔

2- کسی ڈگری کا در اثنائے اپیل Pending appeal اسی ڈگری کے فرق کیا جاتا ایک حق سمجھا جائے گا جس کی رو سے وہ شخص جو قرقی مذکور کرائے احکام ضمنی قاعدہ (ا) سے فائدہ اٹھانے کا مستحق ہو سکتا ہے۔

## قاعدہ 11- اس آرڈر کا تعلق اپیلوں سے !

جہاں اس آرڈر کا تعلق اپیل سے ہو تو لفظ مدعی سے اپیلانٹ اور مدعا علیہ سے رسپانڈنٹ اور لفظ نالش سے اپیل سمجھے جائیں گے۔

## قاعدہ 12- اس آرڈر کا تعلق کارروائی سے:

قواعد 2' 4' اور 8 ان کارروائیوں پر جو اجراء ڈگری یا حکم کی کارروائیوں کے ہوں اطلاق نہ کریں گے۔

Marfat.com

# آرڈر 23

# باز دعویٰ اور تصفیہ مقدمہ

## Withdrawal & Adjustment of Suits

**قاعدہ 1- باز دعویٰ یا ترک جزو دعویٰ:۔**

1- بعد دائر ہو جانے نالش کے مدعی کو ہر وقت اختیار ہے کہ اپنے دعویٰ بمقابلہ کل یا بعض مدعا علیہم کے باز آئے یا اپنے دعوے کا جزو ترک Abandon کر دے۔

2- اگر عدالت کو اطمینان ہو کہ:۔

(الف) مقدمہ بوجہ کسی سقم ضابطہ کے ساقط ہو جائے گا۔

(ب)اس بات کی دیگر وجوہ کافی ہیں کہ مدعی کو اجازت ایک جدید نالش دائر کرنے کی بابت شئے دعویٰ مقدمہ کے باوجود دعویٰ مذکور کے دی جائے تو عدالت مجاز ہے کہ بقید ایسی شرائط کے جو مناسب معلوم ہوں مدعی کو مقدمہ مذکور میں باز دعویٰ دینے کی یا جزو دعویٰ مذکور سے باز آنے کی اجازت یا اختیار ایک جدید نالش دائر کرنے کے باعث شئے دعویٰ مقدمہ کے یا جزو دعویٰ مذکور کے دے۔

3- اگر مدعی بلا حصول اجازت متذکرہ ضمن (2) مقدمہ سے دست بردار ہو یاجزو دعویٰ سے باز Abandon آئے تو وہ اس خرچہ کا زمہ دار ہوگا جو عدالت ولائے اور اس کو بابت شئے دعویٰ یا اس کے جزو مذکور کے کوئی جدید نالش کرنے کا اختیار نہ رہے گا۔

4- اس دفعہ کی کسی عبارت سے عدالت کو یہ اجازت دینے کا اختیار نہیں ہے کہ چند مدعیوں میں سے ایک بلا مرضی دوسروں کے باز دعویٰ دے۔

**قاعدہ 2- لمی ٹیشن کا قانون سابق نالش پر اثر انداز نہ ہوگا!**



Marfat.com

ہر نالش جدید میں جو باجازت قاعدہ ملحقہ بالا کے دائر ہو مدعی پابند قانون میعاد Limitation اسی طرح ہو گا کہ گویا نالش سابق دائر ہوئی تھی۔

قاعدہ 3- مصالحت

اگر حسب اطمینان عدالت یہ ثابت کر دیا جائے کہ تصفیہ کسی مقدمہ کا جائز طور پر بذریعہ مصالحت Compromise یا معاہدہ Agreement کلا" یا جزاء" ہوگیا ہے یا مدعا علیہ نے مدعی کو نسبت کل یا جزو شئے متنازعہ کے راضی کر دیا ہے تو عدالت اس طرح کی مصالحت یا معاہدہ کے راضی نامہ کو شامل مثل کرائے گی اور مطابق اس کے ڈگری صادر کرے گی جہاں تک کہ اس مقدمہ سے تعلق ہو۔

قاعدہ 4- کارروائیاں اجرا متاثر نہ ہوں گی

رڈر ہذا کا کسی کارروائیوں متعلق اجرائے ڈگری یا حکم پر اطلاق نہ ہوگا۔

Marfat.com

# آرڈر 24

# عدالت میں روپیہ کا داخل کرنا

## Payment into Court

### قاعدہ 1- مدعا علیہ دعویٰ کی بیباقی میں روپیہ داخل کرنا:

جس نالش میں کہ دعویٰ قرضہ Debt یا خسارہ Demages کا ہو مدعا علیہ مقدمہ کی کسی نوبت پر مجاز ہے کہ عدالت میں اس قدر روپیہ داخل کرے جو پورے دعویٰ کے ایفا کے لیے اس کی دانست میں متصور ہو۔

### قاعدہ 2- روپیہ داخل کرنے کی اطلاع !

لازم ہے کہ مدعا علیہ اس روپیہ کی اطلاع عدالت کی معرفت مدعی کو دے اور زر امانت مدعی کی درخواست پر مدعی کو دیا جائے الا اس صورت میں کہ عدالت اور طرح پر ہدایت کرے۔

### قاعدہ 3- مدعی کو اس روپیہ کا سود بعد اطلاع کے نہ ملے گا:۔

جو روپیہ کہ مدعا علیہ نے داخل کیا ہو اس کا سود مدعی کو اطلاع مذکور کے پہنچنے کی تاریخ سے نہ دلایا جائے گا خواہ زر امانت بقدر کل دعویٰ کے ہو یا اس سے کم۔

### قاعدہ 4- اگر مدعی یہ روپیہ بطور ایفاء جزوی کے قبول کرے:

1- اگر مدعی زر امانت کو صرف بطور ایفا جزوی دعویٰ کے قبول کرے تو وہ مجاز ہے کہ باقی کی بابت نالش میں پیروی Presecute کرے اور اگر عدالت یہ تجویز کرے کہ روپیہ داخل کیا ہوا مدعا علیہ کا بقدر کل دعویٰ کے ہے تو مدعی کو اس قدر خرچہ نالش

Marfat.com

کا جو بعد داخل ہونے زر امانت کے پڑا ہو اور خرچہ ما قبل ادخال امانت کا جس کہ بوجہ زیادتی مطالبہ مدعی کے لازم آیا ہو ادا کرنا ہوگا۔

## اگر وہ بطور ایفا کل دعویٰ کے قبول کرے۔

2- اگر مدعی زر امانت کو بایفا اپنے کل دعویٰ کے منظور کر لے تو اس کو لازم ہوگا کہ یہ بیان اس مضمون کا عدالت میں گزرانے اور وہ بیان شامل مثل کیا جائے گا اور عدالت کو لازم ہے کہ ان کے مطابق فیصلہ صادر Pronounce کرے اور یہ تجویز اس امر کے کہ خرچہ ہر فریق کا کس پر عائد ہونا چاہیے عدالت اس امر پر غور کرے گی کہ فریق پر نزاع Blame عدالت کا الزام زیادہ عائد ہوتا ہے۔

## تمثیلات

## Illustrations

(الف) زید پر عمرو کے سو روپے آتے ہیں عمرو نے زید پر اس روپیہ کی نالش کی اور پہلے کچھ تقاضا نہیں کیا اور کوئی وجہ اس امر کے یقین کرنے کی بھی نہ تھی کہ تقاضا سے جو دیر ہوگی وہ کسی نہج سے اس کے حق میں مضر Disadvantage پڑے گی اور عرضی دعویٰ گزرنے پر زید نے عدالت میں روپیہ داخل کیا اور عمرو نے اپنے کل دعویٰ کے ایفا میں اس کو منظور کر لیا تو عدالت کو لازم ہے کہ اس کو خرچہ نہ دلائے اس واسطے کہ نزاع عدالت اس کی طرف سے قیاساً" بے بنیاد Presumably groundless تھی۔

(ب) عمرو نے زید پر بحالت متذکرہ تمثیل (الف) نالش کی اور جب عرضی دعویٰ کیا گیا تو زید نے دعویٰ کی جواب دہی کی بعد ازاں زید نے عدالت میں روپیہ داخل کیا اور عمرو نے با ایفائے اپنے کل دعویٰ کے اس کو منظور کر لیا تو اسی صورت میں عدالت کو لازم ہے کہ عمرو کو خرچہ مقدمہ کا بھی دلائے کیونکہ زید کے عمل Cnduct سے ثابت ہے کہ نزاع Litigation عدالت ضروری تھی۔

(ج) زید پر عمرو کے سو روپیہ آتے ہیں اور زید چاہتا ہے کہ بغیر رجوع نالش روپیہ ادا کرے عمرو ڈیڑھ سو روپیہ کا دعویٰ رکھتا ہے اور اس روپیہ کی نالش اس نے زید

Marfat.com

پر کی جب عرضی دعویٰ گزرا تو سو روپیہ اس نے عدالت میں داخل کر کے باقی پچاس روپیہ کی نسبت جواب دہی کی بعد ازاں عمرو نے سو روپیہ باایفاء اپنے کل دعویٰ کے منظور کر لیے عدالت کو لازم ہے کہ اسے زید کا خرچہ ادا کرنے کا حکم دے۔

Marfat.com

# آرڈر 25

## Security for Costs

## ضمانت خرچہ

### قاعدہ 1- کس صورت میں مدعی سے ضمانت خرچہ طلب کی جاسکتی ہے:۔

1- اگر کسی نوبت Any stage مقدمہ پر عدالت کو معلوم ہو کہ مدعی واحد یا تمام مدعی (جس حال میں کہ کئی مدعی ہوں) پاکستان سے باہر سکونت رکھتے ہیں اور مدعی یا مدعیان مذکور پاکستان کے اندر علاوہ جائیداد متنازعہ کے کافی جائیداد غیر منقولہ نہ رکھتے ہوں تو عدالت مجاز ہوگی خواہ اپنی مرضی سے خواہ کسی مدعا علیہ کی درخواست پر مدعی یا مدعیوں کو حکم دے کہ اس عرصہ کے اندر جو حکم مذکور کی رو سے معین کیا جاوے ضمانت ادائے کل خرچہ کی جو کسی مدعا علیہ پر عائد ہوا ہو اور قیاساً "Likely" عائد ہونے والا ہو داخل کریں۔

## سکونت بیرون پاکستان:

2- جو شخص ایسے حالات میں پاکستان سے چلا جائے کہ اس امر کے گمان کی قوی Probability وجہ ہو کہ جب اس سے خرچہ طلب کیا جائے گا وہ پاکستان میں موجود نہ ہوگا تو حسب مسی ضمنی قاعدہ (ا) پاکستان سے باہر کا ساکن تصور کیا جائے گا۔

3- کسی نالش زر نقد میں جس میں مدعی کوئی عورت ہو عدالت مدعا علیہ کی درخواست پر کسی نوبت مقدمہ پر حکم مذکور صادر کر سکتی ہے بشرطیکہ عدالت میں یقین دلایا جائے کہ مدعیہ کوئی کافی جائیداد پاکستان میں نہیں رکھتی۔



Marfat.com

## قاعدہ 2- ضمانت نہ داخل کرنے کا نتیجہ

1- اگر ضمانت مذکور معیاد معینہ Time fixed کے اندر نہ داخل ہو تو عدالت مقدمہ کو خارج کر دے گی الا اس صورت میں کہ مدعی یا مدعیوں کو مقدمہ سے دست بردار ہونے کی اجازت دی جائے۔

2- اگر کوئی مقدمہ اس قاعدہ کی رو سے خارج کیا جائے تو مدعی واسطے صدور حکم مشعر منسوخی Dismissal حکم اخراج کے درخواست دے سکتا ہے' اور اگر حسب اطمینان عدالت ثابت کر دیا جائے کہ وہ معیاد مقررہ کے اندر کسی کافی وجہ سے ضمانت نہ داخل کر سکا تو عدالت بلحاظ شرائط درباب ضمانت یا خرچہ وغیرہ کے جو اس کو مناسب معلوم ہوں' حکم اخراج منسوخ کر کے پیشی مقدمہ کے واسطے ایک دن مقرر کرے گی۔

3- حکم اخراج منسوخ نہیں کیا جائے گا تاوقتیکہ درخواست مذکور کی اطلاع مدعا علیہ کو نہ دی جائے۔

Marfat.com

# آرڈر 26

## Commission

## کمیشن

## Commissions to Examine Witnesses

## کمیشن کا اظہار گواہاں لینا

### قاعدہ 1- کن صورتوں میں عدالت کمیشن برائے لینے اظہار گواہان جاری کر سکتی ہے:

ہر عدالت کو ہر نالش میں اختیار ہے کہ واسطے لینے اظہار Interrogatories ان اشخاص کے جو عدالت کے علاقہ اختیار کی حدود ارضی کے اندر رہتے ہوں مگر اس مجموعہ کے احکام کے بموجب عدالت میں حاضر ہونے سے معاف Exempted ہوں یا جو کسی بیماری یا ضعف جسمانی کی وجہ سے حاضر نہ ہو سکتے ہوں کمیشن صادر کرے کہ بموجب سوالات کے یا اور طور پر اظہار لیا جائے۔

### قاعدہ 2- حکم نسبت برائے کمیشن:

جائز ہے کہ عدالت ایسا حکم اپنی مرضی سے یا بعد گزرنے درخواست تحریری معہ بیان حلفی یا بصورت دیگر من جانب کسی فریق مقدمہ کے یا از طرف اس گواہ کے جس کی شہادت مطلوب ہے صادر کرے۔

### قاعدہ 3- اگر گواہ علاقہ عدالت میں رہتا ہو!



Marfat.com

اگر کمیشن واسطے لینے اظہار ایسے شخص کے ہو جو اندر حدود ارضی علاقہ عدالت صادر کنندہ کمیشن کے رہتا ہو تو جائز ہے کہ کمیشن کسی ایسے شخص کے نام صادر کیا جائے جسے عدالت اس کے اجراء کے لائق سمجھے۔

## قاعدہ 4- کن لوگوں کے واسطے کمیشن جاری ہوں گے:۔

1- ہر عدالت کو ہر نالش میں اختیار ہے کہ کمیشن واسطے لینے اظہار اشخاص مفصلہ ذیل کے صادر کرے۔

(الف) کوئی شخص جو عدالت کے علاقہ حکومت کی حدود ارضی سے باہر رہتا ہو۔

(ب) اشخاص جو اس تاریخ سے پہلے حدود ارضی مذکور سے باہر جانے والے ہوں جو ان کے واسطے عدالت میں اظہار لیے جانے کے لیے مقرر ہوئی ہو اور۔

(ج) سرکاری عہدہ دار مملکت جس کا عدالت میں حاضر ہونا جج کی دانست میں موجب ہرج Detriment کار سرکار ہوگا۔

2- جائز ہے کہ ایسا کمیشن کسی عدالت میں بھیجا جائے جو عدالت ہائی کورٹ نہ ہو جس کے علاقہ حکومت کی حدود ارضی کے اندر وہ شخص رہتا ہو یا کسی وکیل یا شخص دیگر کے نام بھیجا جائے جس کو عدالت صادر کنندہ کمیشن مقرر کرے۔

3- جب عدالت اس قاعدہ کے بموجب کوئی کمیشن صادر کرے تو ہدایت کی جائے گی کہ آیا کمیشن اسی عدالت میں واپس آ جائے یا کسی عدالت ماتحت میں جائے۔

## قاعدہ 5- کمیشن یا درخواست برائے لینے اظہار گواہان جو پاکستان سے باہر رہتے ہیں:

جب کسی عدالت میں درخواست واسطے صادر کرنے کمیشن کے بغرض لیے جانے اظہار کسی ایسے شخص کے دی جائے جو پاکستان سے باہر کسی جگہ کا رہنے والا ہو اور اس عدالت کو اطمینان ہو کہ اس کی شہادت ضروری ہے تو وہ مجاز ہے کہ کمیشن ایک خط استدعا Letter of request جاری کرے۔

## قاعدہ 6- عدالت کمیشن کے تابع اظہار گواہان لے گی!

ہر عدالت کو جس میں کمیشن بغرض لینے اظہار کسی شخص کا پہلے پہنچے لازم ہے کہ

Marfat.com

کمیشن کے مطابق اس کا اظہار خود لے یا کسی اور سے تحریر کرائے۔

**7. Return of commission with depositions of witnesses.**

**قاعدہ 7- واپس کمیشن معہ بیان گواہ:** جب کمیشن کی تعمیل جسب ضابطہ ہو جائے تو وہ بمع شہادت کے جو کے بموجب لی گئی ہو، عدالت صادر کنندہ کمیشن واپس کیا جائے گا۔ مگر جس حال میں حکم اصدار کمیشن میں اور طرح کی ہدایت ہو تو مطابق اس کے کمیشن واپس کیا جائے گا اور کمیشن اور کیفیت اس کی تعمیل کی اور شہادت جو کمیشن کی بموجب لی گئی ہو، بر عایت احکام دفعہ ملحقہ الذیل (next following rules) شامل مثل رہے گی۔

**8. When deposition may be read in evidence.**

**قاعدہ 8- کس صورت میں گواہ کا بیان شہادت میں پڑھا جا سکتا ہے:** شہادت جو بذریعہ کمیشن لی گئی ہو وہ اس مقدمہ میں بطور شہادت بلا رضامندی اس فریق کے جس کے خلاف وہ دی گئی ہو، پڑھی نہ جائے گی الا (unless):-

(اے) جب کہ وہ شخص جس نے شہادت دی ہو، عدالت کے علاقہ سے باہر رہتا ہو یا مر گیا ہو یا بسبب بیماری یا ضعیفی کے اصالتاً اظہار دینے کے واسطے حاضر نہ ہو سکتا ہو یا عدالت میں اصالتاً حاضر ہونے سے معاف ہو یا کوئی سرکاری عہدہ دار مملکت ہو جس کی حاضری عدالت کی دانست میں موجب حرج کار سرکار ہو۔ یا

(بی) جب کہ عدالت اپنی رائے کے موافق (in its descretion) مراتب مندرجہ فقرہ (a) میں سے کسی کے ثبوت کے لینے سے درگزر کرے (dispense with) اور مقدمہ میں کسی شخص کی شہادت کو بطور شہادت پڑھے جانے کی اجازت دے باوصف ثبوت اس بات کے کہ بروقت اس کے لحاظ سے شہادت بذریعہ کمیشن لی گئی تھی، باقی نہیں رہی۔

## کمیشن بغرض تحقیقات مقامی!

## *Commission of Local Investigation*

**9. Commission to make local investigations.**

**قاعدہ 9- کمیشن بغرض تحقیقات مقامی:** اگر کسی مقدمہ میں واسطے انکشاف اصلیت کسی

Marfat.com

(dispute) امر مابہ النزاع (elucidating) یا دریافت (ascertaining) مالیت بحسب نرخ بازار کسی مال کے یا تعداد واصلات یا خسارہ یا سالانہ خالص منافع کے تحقیقات موقع ضرور یا مناسب سمجھے تو عدالت کو اختیار ہوگا کہ کسی شخص کے نام جس کو وہ لائق سمجھے، کمیشن صادر کرے اور حکم دے کہ تحقیقات مذکور کر کے ایک رپورٹ اس کی عدالت میں دے۔

مگر شرط یہ ہے کہ جس حال میں صوبجاتی گورنمنٹ نے اس بات میں قواعد مرتب کئے ہوں کہ کمیشن کن اشخاص کے نام صادر کرنا چاہیے تو عدالت کو ان قواعد کی پابندی لازم ہوگی۔

**لوکل کمشنر معائینہ سے قبل نوٹس دے گا:** لوکل کمشنر نے موقع معائینہ سے قبل محض اعلان کیا کہ وہ فلاں وقت اور تاریخ کو موقع معائینہ کرے گا۔ اس صورت حال میں قرار پایا کہ لوکل کمشنر نے اپنی ذمہ داری پوری نہ کی۔ موقع معائینہ سے قبل لوکل کمشنر جائز وقت کا نوٹس ہر دو فریقین کو دے گا۔ بدون نوٹس موقع معائینہ اور رپورٹ کالعدم قرار دی گئی۔ (1995ء سی ایل سی 1012)

**10. Procedure of commissioner.**

**قاعدہ 10- کاروائی کمیشن:** (1) اہل کمیشن بعد معائینہ موقع کے جو ضروری متصور (deem) (necessary) ہو اور قلمبند کرنے شہادت کے جو اس کی معرفت لی جائے اور شہادت کو معہ اپنی رپورٹ کے جس پر وہ اپنے دستخط بھی ثبت کرے، عدالت میں بھیج دے گا۔

***(2) Report and depositions to be evidence in suit, commissioner may be examined in person.***

(2) رپورٹ اور اظہار نالش میں شہادت ہوگی اہل کمیشن کو اصالتاً گواہی ہوسکتی ہے: (2) رپورٹ اہل کمیشن اور جو شہادت کہ اس نے لی ہو (لیکن نہ وہ شہادت جس کے ساتھ رپورٹ نہ ہو) مقدمہ کی شہادت ہوگی اور شامل مثل رہے گی لیکن عدالت یا متخاصمین (parties) مقدمہ میں کوئی فریق باجازت عدالت مجاز ہوگا کہ خود اہل کمیشن سے نسبت کسی مراتب کے جن کی تحقیقات کے واسطے وہ مامور ہوا ہو یا جس کا تذکرہ اس کی رپورٹ میں ہو یا نسبت طرز تحقیقات (investigation) کے سر اجلاس استفسار کرے۔

(3) اگر کمیشن کی کاروائی کسی وجہ سے عدالت کی تسلی کے مطابق (dessatisfied) نہ ہوئی ہو تو عدالت کو اختیار ہے کہ جو مزید تحقیقات (inquiry) مناسب سمجھے اس کی نسبت حکم صادر کرے۔

Marfat.com

## Commissions to Examine Account

## کمیشن واسطے جانچ حسابات کے

### قاعدہ 11- کمیشن بغرض جانچ یا تصفیہ حسابات:

ہر مقدمہ میں جس میں جانچ Examination یا تصفیہ Adjustment حساب ضروری ہو عدالت کو اختیار ہوگا کہ جس شخص کو مناسب سمجھے اس کے نام کمیشن اس ہدایت سے صادر کرے کہ وہ جانچ یا تصفیہ حساب کا کردے۔

### قاعدہ 12- عدالت کی طرف سے ہدایات ضروری بنام کمشنر:

1- عدالت کو لازم ہوگا کہ اہل کمشن کے پاس اس قدر کاغذات مثل اور ہدایات شرح جو ضروری ہوں بھیج دے اور بصراحت Distinctly Specify حکم میں لکھے کہ اہل کمیشن صرف اپنی روبکارات Transmission جو بابت تحقیقات کے تحریر ہوں عدالت میں بھیج دے یا اپنی رائے بھی نسبت اس امر کے جس کی جانچ کا اس کو حکم ہے تحریر کرے۔

## کمیشن کی روبکارات کی شہادت ہوگی عدالت مزید تحقیقات کرا سکتی ہے

2- اہل کمیشن کی روبکارات اور کیفیت بمنزلہ شہادت کے مقدمہ میں لی جائیں گی۔ الا اس صورت میں کہ عدالت کے نزدیک کوئی وجہ ان کی نسبت بے اطمینانی کی پائی جائے ایسی صورت میں عدالت ایسی تحقیقات مزید کا حکم دے گی جو اس کے نزدیک مناسب ہو۔

## Commissions to Make Partitions

## کمیشن برائے بٹوارہ

Marfat.com

## قاعدہ 13- کمیشن غیر منقولہ جائیداد کی تقسیم کرے گی

اگر کوئی ڈگری ابتدائی نسبت بٹوارہ کے صادر ہوئی ہو تو اس صورت میں جس کا ذکر دفعہ 54 میں نہیں ہے عدالت مجاز ہے کہ کمیشن بنام ایسے شخص کے جس کو مناسب جانے ان حقوق کے موافق تقسیم یا علیحدہ Separation کر دینے کے لیے جو ڈگری مذکور کی رو سے قرار پایا گئے ہوں صادر کرے۔

## قاعدہ 14- کارروائی کمیشن:-

1- لازم ہے کہ اہالی کمیشن تحقیقات ضروری جائیداد کو اتنے حصوں میں جن کی ہدایت اس حکم میں ہو جس کے بموجب کمیشن صادر کیا گیاہو تقسیم کر دیں اور ان حصوں کو ان اشخاص کے واسطے مقرر کریں اور اگر اس حکم میں ایسی اجازت ہو تو حصص کی مالیت کے مساوی کرنے کے لیے جو روپیہ دینا واجب ہو اس کی بھی تجویز کر دیں۔

2- بعد ازاں اہالی کمیشن ایک ہدایت مرتب کر کے اس پر دستخط کریں یا (جب کہ کمیشن کئی اشخاص کے نام جاری کیا جائے اور ان میں اتفاق رائے نہ ہو سکے تو) علیحدہ علیحدہ رپورٹیں مرتب کریں اور اس رپورٹ میں ہر شخص کا حصہ مقرر کر دیں اور (اگر اس حکم میں ہدایت ہو تو) ہر حصہ کی شناخت پیائش اور حدود سے قائم Distinguish کر دیں اور وہ رپورٹ یا رپورٹیں کمیشن کے ساتھ منسلک کر کے عدالت میں بھیج دی جائے گی اور عدالت کو لازم ہے کہ ان کے عذرات کو جو فریقین ان کی نسبت کریں سماعت کر کے ان کو بحال رکھے Confirm یا بدل دے Varied یا مسترد Set aside کر دے۔

3- اگر عدالت رپورٹ مذکور بحال رکھے یا اس میں کچھ تغیر و تبدل کرے تو وہ اسی بحال یا ترمیم شدہ رپورٹ کے موافق ایک ڈگری صادر کرے گی لیکن اگر رپورٹ یا رپورٹیں مسترد کر دی جائیں تو عدالت خود ایک کمیشن جاری کرے گی یا جو حکم مناسب سمجھے صادر کرے گی۔

## General Provisions

Marfat.com

## عام احکام

### قاعدہ 15- خرچہ کمیشن عدالت میں جمع کیا جائے

جب کوئی کمیشن بموجب آرڈر ہذا صادر ہو تو قبل اصدار کمیشن عدالت مجاز ہوگی کہ جس قدر روپیہ واسطے اخراجات کمیشن کے مناسب سمجھے اس قدر کے داخل کرنے کے لیے اندر میعاد مجوزہ عدالت اس فریق کو جس کی درخواست کے مواقف Instance یا جس کے فائدہ کے واسطے کمیشن صادر ہو حکم دے دے۔

### قاعدہ 16- اختیارات کمشنران:

ہر اہل کمیشن جو اس آرڈر کے بموجب مقرر ہوا ہو اگر اس کو حکم تقرر کی رو سے اور نہج Otherwise کی ہدایت نہ ہو تو مجاز ہوگا کہ۔

(الف) اظہار خود Themselves فریقین اور کسی گواہ کا جس کو وہ یا ان میں سے کوئی پیش کرے اور کسی دیگر اور شخص کا لے جسے اہل کمیشن مذکور کو اس معاملہ میں جو اس کو سپرد ہوا ہو شہادت دینے کے لیے طلب کرنا مناسب Thinks proper سمجھے۔

(ب) دستاویزات اور دیگر اشیاء جو امر تحقیقات Subject of Inquiry طلب سے متعلق ہوں ان کو طلب کر کے معائنہ کرے۔

(ج) کسی وقت مناسب میں اس اراضی یا عمارت کے اندر جس کا ذکر اس حکم میں ہو داخل ہو۔

### قاعدہ 17- حاضری و اظہار گواہان روبرو اہالی کمیشن

احکام مجموعہ ہذا درباب طلب کرنے اور حاضر ہونے اور لینے اظہارات گواہان کے اور نسبت خرچہ Remuneration گواہوں اور ان تاوانات Penalties کے جو گواہوں پر ہو سکتے ہیں ان اشخاص سے بھی متعلق ہوں گے جن کو اس آرڈر کے بموجب شہادت دینے یا دستاویز پیش کرنے کا حکم دیا گیا ہو عام اس سے کہ وہ کمیشن جس کو ایسا کرنے کا حکم جاری کیا گیا ہو ایسی عدالت کی جانب حکم صادر ہوا ہو جو پاکستان کی حدود میں واقع ہو یا ایسی عدالت کی جانب سے حکم صادر ہوا ہو جو حدود پاکستان کے باہر واقع ہو۔

Marfat.com

ر اس قاعدہ کی اغراض کے لیے اہل کمیشن بمنزلہ عدالت دیوانی سمجھا جائے گا۔
اہل کمیشن کو اختیار ہے کہ کسی عدالت میں (جو ہائی کورٹ نہ ہو) جس کے علاقہ میں گواہ رہتا ہو اس مضمون کی درخواست دے کہ ایک حکمنامہ جو اس کی رائے میں ضروری ہو بنام گواہ جاری کیا جائے یا مذکورہ عدالت کو اختیار ہے کہ اپنی رائے کے بموجب حکم نامہ مذکور اگر معقول و مناسب Reasonable and proper سمجھے جاری کرے۔

## قاعدہ 18- حاضری فریقین روبروئے کمیشن

1- جب کمیشن اس آرڈر کے مطابق جاری کیا جائے عدالت ہدایت Direct کرے گی کہ فریقین مقدمہ روبرو اہل کمیشن کے اصالتاً" یا بذریعہ مختاران یا وکلاء کے حاضر ہوں۔
2- اگر فریقین یا کوئی فریق حاضر نہ ہو تو اہل کمیشن کو اختیار ہے کہ اس کی غیر حاضری میں کارروائی کرے۔

## <u>Commissions Issued at the Instance of Foreign Tribunals</u>

## کمیشن جو غیر ملکی ٹریبونلوں کی استدعا پر جاری ہوئے ہوں

## قاعدہ 19- کن صورتوں میں ہائی کورٹ اظہار گواہان کے لیے کمیشن جاری کر سکتی ہے:-

1- اگر ایک ہائی کورٹ مطمئن ہے:-
(الف) کہ کوئی غیر ملکی عدالت جو کہ غیر ملک میں واقع ہے اپنے روبرو کسی کارروائی میں کسی گواہ کہ شہادت چاہتی ہے۔
(ب) یہ کہ کاروائی دیوانی نوعیت کی ہے۔
(ج) یہ کہ گواہان ہائی کورٹ کی اپیل حدود سماعت Jurisdiction Appellate میں رہتا ہے۔
وہ قاعدہ نمبر 20 کی پابندیوں کے تابع ایسے گواہ کے اظہار کے لیے کمیشن جاری کر

Marfat.com

سکتی ہے۔

2- شہادت معاملات مقرر کردہ شق ہائے (الف) (ب) اور (ج) ضمنی قاعدہ (1) نسبت دی جا سکتی ہے:۔

(الف) ملک پاکستان میں اسی ملک کے ملکی کونسلر آفیسر کا دستخطی سرٹیفکیٹ جو کہ مرکزی حکومت کے ذریعہ ہائی کورٹ کو منتقل ہو۔ یا

(ب) خط استدعا منجانب غیر ملکی عدالت جو کہ ہائی کورٹ کو فیڈرل حکومت کے ذریعہ منتقل ہو۔ یا

(ج) خط استدعا منجانب غیر ملکی عدالت جو کہ ہائی کورٹ کے روبرو اسی کارروائی کا کوئی فریق پیش کرے۔

## قاعدہ 20- کمیشن کے لیے درخواست

ہائی کورٹ تحت قاعدہ نمبر 19 کمیشن جاری کرے گی:۔

(الف) غیر ملکی عدالت میں فریق مقدمہ کی درخواست پر۔ یا

(ب) منجانب افسر قانون صوبجاتی گورنمنٹ کی درخواست پر جو افسر صوبجاتی گورنمنٹ کی زیر ہدایت عمل کر رہا ہو۔

## قاعدہ 21- کس کو کمیشن جاری ہو سکتی ہے

کمیشن تحت قاعدہ نمبر 11 اس عدالت کو جاری ہو سکتی ہے جس کی مقامی حدود اختیارات سماعت کے اندر گواہ رہتا ہے یا جہاں پر گواہ ہائی کورٹ کی دیوانی اختیار سماعت کی حدود کے اندر رہتا ہے یا کسی شخص کو جسے عدالت کمیشن کی تکمیل کے لیے مناسب خیال کرے۔

## قاعدہ 22- اجراء تعمیل اور واپسی کمیشن اور شہادت کا غیر ملکی عدالت کو انتقال:

اس آرڈر کے قاعدے نمبر 6، 15، 16، 17، 18 کی شرائط جس حد تک ان کا اطلاق ہو سکتا ہے کمیشنوں کی اجراء تکمیل تعمیل اور واپسی پر قابل اطلاق ہوگا اور جب کسی ایسے کمیشن کی باضابطہ تکمیل ہوگئی ہو وہ مع شہادت کے ہائی کورٹ کو واپس ہوگی جسے لازم ہے کہ فیڈرل حکومت کو مع خط استدعا کے ارسال کرے۔

Marfat.com

# آرڈر 27

## Suits by or against the Government or Public Officers in their Official Capacity

## نالشات از جانب یا بنام سرکار یا عہدہ دار سرکار بہ حیثیت عہدہ

### قاعدہ 1- نالشات از طرف یا بنام سرکار:

کسی نالش میں جس میں سرکار مدعی یا مدعا علیہ ہوں عرضی دعویٰ یا بیان تحریری پر اس کے دستخط ہوں گے جس کو کسی حکم یا خاص کے ذریعہ سے وہ حکومت اس کام کے واسطے مقرر کر دے اور تصدیق بھی ایسے شخص کی ہوگی جس کو وہ گورنمنٹ حسب مذکور مقرر May so appoint اور جو واقعات مقدمہ سے واقف Acquainted ہو۔

### قاعدہ 2- اشخاص مجاز پیروی میں منجانب سرکار:

جو اشخاص بہ حیثیت عہدہ Ex officio یا اور نہج سے مجاز پیروی کے منجانب گورنمنٹ نسبت کسی کارروائی عدالت کے ہوں وہ ایسے ایجنٹ مقبولہ متصور ہوں گے جو حسب احکام مجموعہ ہذا مجانب سرکار حاضر ہو کر پیروی کر سکتے ہیں اور درخواستیں گزران سکتے ہیں۔

### قاعدہ 3- عرضی دعوے نالش منجانب یا برخلاف سرکار !

جو نالشات کہ منجانب یا بنام سرکار ہوں ان میں عرضی دعویٰ کے اندر بجائے لکھنے نام اور پتہ اور مقام سکونت مدعی یا مدعا علیہ کے ان الفاظ کا داخل کرنا کافی ہوگا جس کی صراحت دفعہ نمبر 79 میں کی گئی ہے۔



Marfat.com

## قاعدہ 4- سرکاری ایجنٹ برائے وصولی حکمنامہ جات!

وکیل سرکاری عدالت کا یا کوئی اور شخص جس کو سرکار اس بارہ میں کسی عدالت کے لیے مقرر کر دے واسطے حصول حکمنامہ جات Processes سرکار کے جو عدالت مذکور سے صادر ہوں سرکار کی طرف سے ایجنٹ ہوگا۔

## قاعدہ 5- تقرر تاریخ برائے حاضری منجانب سرکار

عدالت بروقت تقرر تاریخ ادخال جواب عرضی دعوئی کے منجانب سرکار مہلت معقول واسطے کرنے خط و کتابت ضروری ساتھ گورنمنٹ کے بتوسط سرشتہ ہائے مناسب Through proper channel اور صدور ہدایات Instructions کے بنام وکیل سرکار بنا بر حاضری و جواب دہی مقدمہ جانب سرکار کے دے گی اور اپنی صوابدید سے وقت مذکور بڑھا سکتی ہے۔

## قاعدہ 6- حاضری ایسے شخص کی جو مقدمہ کے مراتب ضروری کا جواب دے سکے:

جس مقدمہ میں وکیل سرکار کے ساتھ کوئی اور شخص منجانب سرکار ایسا نہ ہو جو مقدمہ کے مراتب نفس الامری Material question کا جواب دے سکے اس میں عدالت کو ایسے شخص کی حاضری کا حکم دینا بھی جائز ہے۔

## قاعدہ 7- توسیع مدت برائے استصواب از سرکار

1- اگر عندالوصول سمن مدعا علیہ کو جو عہدہ دار سرکار ہو عرضی دعوئی کا جواب داخل کرنے سے پہلے سرکار سے استصواب Reference کرنا مناسب معلوم ہو تو وہ عدالت سے استدعا کر سکتا ہے کہ معیاد معینہ سمن اس قدر بڑھا دی جائے جو استصواب کے لیے ضروری ہو اور بتوسط سرشتہ ہائے مناسب اس کی بابت حکم کے وصولی ہونے کے لیے ضروری ہو۔

2- اور عدالت کو لازم ہے کہ ایسی درخواست پر معیاد مذکور کو جس قدر اس کو ضروری معلوم ہو تو توسیع دے۔

Marfat.com

## قاعدہ 8- نالشات بنام عہدہ داران سرکار:۔

1- اگر سرکار جواب دہی نالش کی جو کسی عہدہ دار سرکار پر ہو اپنے ذمہ لے تو وکیل سرکار جب کہ اس کو اجازت حاضری و جواب دہی عرضی دعویٰ کی دی جائے عدالت میں درخواست گزرانے گا اور اس درخواست پر عدالت کو لازم ہوگا کہ ایک یادداشت Cause a note اس اجازت کی رجسٹر مقدمات دیوانی میں درج کرائے۔

2- اگر وکیل سرکار اس تاریخ پر جو اطلاع نامہ میں واسطے حاضری مدعا علیہ و جواب دہی عرضی دعویٰ کے مقرر ہو یا اس سے پہلے کوئی درخواست ضمن قاعدہ (1) کی رو سے نہ گزراتے تو مقدمہ کی ترتیب مثل ان مقدموں کے ہوگی جیسا کہ مابین عام فریقین کے ہوتی ہے۔

مگر شرط یہ ہے کہ نہ مدعا علیہ کی وفات لائق گرفتاری Liable to arrest کے نہ اس کی جائیداد قابل قرقی Attachment کے ہوگی بجز بحالت جاری ہونے ڈگری کے۔

## قاعدہ 8- الف بعض صورتوں میں سرکاری یا سرکاری ملازمین سے ضمانت نہیں لینی چاہیے:

(الف) آرڈر نمبر 41 کے قواعد نمبر 5' 6 میں مذکورہ کوئی ضمانت از سرکار یاجہاں سرکار نے نالش کی جواب دہی اپنے ذمہ لی Undertaken ہو سرکاری ملازم سے جس کے پاس متدعویہ فعل کی نسبت جو اس نے اپنی سرکاری حیثیت سے ادا کی ہو نہیں لی جاوے گی۔

## قاعدہ 8 ب۔ تعریف سرکار اور سرکاری وکیل:

اس حکم میں سرکار اور سرکاری وکیل کے بالترتیب حسب ذیل معنی ہوں گے:۔

(الف) بہ تعلق کسی نالش کی جو کہ فیڈرل حکومت کی جانب سے یا اس کے خلاف ہو یا اسی حکومت کے سرکاری ملازم کے خلاف ہو تو فیڈرل حکومت سے اور ایسا وکیل جسے وہ سکونت اس آرڈر کے مقاصد کے لیے خواہ عموماً" یا خصوصاً" مقرر کرے۔ (اس سے مراد وکیل سرکار ہے)

(ب) حذف ہوئی۔ (اے۔ او۔ 1949ء)

(ج) بہ تعلق کسی نالش منجانب صوبجاتی گورنمنٹ یا برخلاف صوبجاتی گورنمنٹ یا اس

Marfat.com

صوبے کے کسی سرکاری ملازم کے خلاف صوبجاتی گورنمنٹ ہے اور گورنمنٹ پلیڈر جسے صوبجاتی حکومت اس آرڈر کے مقاصد کے لیے خواہ عموماً یا خصوصاً مقرر کرے۔ (اس سے مراد وکیل سرکار ہے۔)

Marfat.com

# آرڈر A-27

## Suits Involving any Substantial questions as to the Interpretation Constitutional Law

## نالشات متعلق کسی حقیقی آئینی قانون کی توضیح کے بارے میں

### قاعدہ 1- ایڈوکیٹ جنرل کے نام نوٹس

کسی نالش بھی جس میں عدالت کو یہ معلوم ہو کہ کوئی ایسا سوال جو کسی حقیقی آئینی قانون کی توضیح Integration of Constitutional Law کے بارے میں ہے اس میں شامل ہے تو عدالت اس سوال کے تصفیہ Determine کی نسبت کوئی کارروائی نہیں کرے گی جب تک کہ اٹارنی جنرل حکومت پاکستان کو نوٹس نہ دیا گیا ہو' اگر وہ قانونی سوال فیڈرل حکومت سے تعلق رکھتا ہے اور جب تک کہ ایڈوکیٹ جنرل کو نوٹس نہ دے دیا ہو اگر وہ قانونی سوال صوبجاتی گورنمنٹ سے تعلق رکھتا ہے۔

### قاعدہ 2- عدالت گورنمنٹ کو بطور فریق اضافہ کر سکتی ہے !

عدالت مقدمے کے کسی مرحلے پر فیڈرل یا صوبجاتی گورنمنٹ کو بطور مدعا علیہ اضافہ کرنے کا حکم دے سکتی ہے اگر ایسی نالش ایسے سوال پر مبنی ہے جو کسی حقیقی آئینی قانون کی توضیح Interpretation کے بارے میں ہے' اگر اٹارنی جنرل پاکستان یا ایڈووکیٹ جنرل اس صوبہ کا جیسی بھی صورت ہو' خواہ نوٹس تحت قاعدہ (1) ملنے پر یا بصورت دیگر اضافہ کے لئے درخواست کریں اور عدالت کو اگر اس امر کی نسبت اطمینان ہے کہ تسلی بخش تصفیہ کے لئے مشمولہ Involved قانونی سوال کے لئے ایسا اضافہ ضروری اور احسن ہو گا۔



Marfat.com

## قاعدہ 3- خرچہ

جہاں پر زیر قاعدہ 2 گورنمنٹ کسی نالش میں بطور مدعا علیہ اضافہ کی گئی ہو تو گورنمنٹ یا ایڈووکیٹ جنرل یا اٹارنی جنرل اس عدالت میں جس نے اضافہ کا حکم دیا ہے کسی خرچہ کے حقدار یا ذمہ دار نہ ہوں گے تاوقتیکہ عدالت تمام صورت حالات کو مد نظر رکھ کر خاص وجوہ کے باعث بصورت دیگر حکم دے۔

## قاعدہ 4- اس آرڈر کا اپیل پر اطلاق

اس آرڈر کا اپیل کے متعلق اطلاق کرتے وقت لفظ مدعا علیہ میں لفظ رسپانڈنٹ ایسا شامل ہوگا اور لفظ نالش میں اپیل۔

Marfat.com

# آرڈر 28

## Suits by or against Military or Navalmen or Airmen

## نالشات از طرف اور بنام ملازمان فوج یا بحری یا ہوائی

**قاعدہ 1- جس افسر یا سپاہی یا بحری سپاہی یا ہوا باز کو چھٹی نہ مل سکے وہ دوسرے شخص کو نالش دائر کرنے یا جواب دہی کرنے کے لئے مقرر کر سکتا ہے۔**

1- اگر کوئی افسر یا سپاہی یا بحری سپاہی Sailors یا ہوا باز جو حقیقتاً" ملازم مملکت ہو اور اس حیثیت میں کسی مقدمہ کا فریق ہو اور مقدمہ کی پیروی یا جواب دہی اصالتاً" کرنے کے لئے رخصت نہ پا سکتا ہو تو وہ مجاز ہو گا کہ کسی شخص کو مقدمہ کی پیروی یا جواب دہی کرنے کے لئے اپنی طرف سے مختار مقرر کرے۔

2- تقرر شخص مذکور کا تحریری ہو گا اور افسر یا سپاہی یا بحری سپاہی یا ہوا باز اُن کی موجودگی میں اس پر اپنے دستخط کرے گا۔ (الف) اپنے کمان افسر Officer Commanding کے یا اگر دستخط کرنے والا خود کمان افسر ہو تو روبرو اس افسر کے جو عین اس کا ماتحت ہو یا (ب) اگر افسر یا سپاہی یا بحری سپاہی یا ہوا باز مذکور فوج کے صیغہ اسٹاف کا ملازم ہو تو روبرو سر دفتر یا کسی افسر بالادست اس دفتر کے جس میں وہ ملازم ہو پس ایسا کمان افسر یا دیگر افسر اس مختار نامہ پر اپنے دستخط کرے گا اور وہ مختار نامہ عدالت میں داخل کیا جائے گا۔

3- جب وہ مختار نامہ عدالت میں داخل ہو جائے تو کمان افسر وغیرہ کے دستخط ثبت ہونے سے یہ بات ثابت ہو گی کہ مختار نامہ حسب ضابطہ تحریر پایا ہے اور یہ کہ وہ افسر یا سپاہی یا ہوا باز جس کی طرف سے وہ مختار نامہ لکھا گیا مقدمہ کی پیروی یا جواب



Marfat.com

دہی اصالتاً" کرنے کے لئے رخصت حاصل نہ کر سکتا تھا۔

### تشریح:

اس آرڈر میں لفظ کمان افسر سے وہ افسر مراد ہے جو فی الوقت کسی ایسی رجمنٹ یا پلٹن یا جزو پلٹن یا ڈپو یا جہاز (بحری) کا افسر کمان ہو جس سے افسر یا سپاہی یا بحری سپاہی یا ہوا باز مذکور متعلق ہو۔

## قاعدہ 2- شخص مذکور مقدمہ میں خود پیروی کر سکتا ہے یا کسی وکیل کو مقرر کر سکتا ہے:

جس شخص کو کوئی افسر یا سپاہی یا بحری سپاہی یا ہوا باز واسطے کرنے پیروی یا جواب دہی مقدمہ کے Prosecute or defend مختار کرے اسے اختیار ہوگا کہ اسی طرح مقدمہ میں اصالتاً" پیروی جواب دہی کرے جیسا کہ افسر یا سپاہی یا بحری سپاہی یا ہوا باز در حالت خود حاضر ہو کے کرتا یا وہ برائے پیری یا جوابدہی کسی وکیل کو مقرر کر سکتا ہے جو مذکورہ افسر یا سپاہی یا بحری سپاہی یا ہوا باز کی طرف سے پیروی کرے۔

## قاعدہ 3- تعمیل احکام شخص مذکور یا ان کے وکیل پر

حکمنامہ جات جو کسی شخص پر جس کو افسر یا سپاہی یا بحری سپاہی یا ہوا باز کی طرف سے حسب قاعدہ (1) مختارنامہ حاصل ہو یا کسی وکیل پر جسے افسر یا سپاہی یا بحری سپاہی یا ہوا باز کے مختار نے مقرر کیا ہو جاری کئے جائیں وہ اسی طرح موثر ہوں Effectual گے کہ گویا وہ اطلاع نامجات وغیرہ ذات خاص فریق مقدمہ پر جاری کئے گئے۔

Marfat.com

# آرڈر 29

## Suits by or against corporation

## نالشات از طرف اور بنام جماعت کارپوریشن

### قاعدہ 1- دستخط و تصدیق عرضی دعویٰ و بیان تحریری!

نالشات مرجوعہ کارپوریشن میں جائز ہے کہ کوئی ڈائریکٹر یا سیکرٹری یا کوئی افسر اعلیٰ جماعت مذکور کا جو نسبت واقعات مقدمہ کے ادائے شہادت کرسکے منجانب جماعت مذکور کی عرضی دعویٰ اور بیان تحریری پر دستخط اور تصدیق کرے۔

### قاعدہ 2- تعمیل احکام کارپوریشن پر:

ملحوظی Subject to احکام نسبت تعمیل حکم نامہ جات کے جو مقدمہ بنام کسی کارپوریشن کے ہو اس میں سمن کی تعمیل اس طرح ہو سکتی ہے کہ:-

(الف) کارپوریشن کے سیکرٹری یا کسی ڈائریکٹر یا اور کسی افسر اعلیٰ کو حوالہ کیا جائے۔

(ب)کارپوریشن کے نام سے اس کے دفتر رجسٹری شدہ میں اور اگر کوئی ایسا دفتر نہ ہو اس کے مقام کاروبار پر دستی یا بسبیل ڈاک By post بھیجا جائے۔

### قاعدہ 3- کارپوریشن کے افسر اعلیٰ کو اصالتاً" حاضر ہونے کا حکم:

عدالت کو اختیار ہے کہ کسی نوبت مقدمہ پر کارپوریشن کے سیکرٹری یا کسی ڈائریکٹر یا اور اعلیٰ عہدہ دار کو جو امور نفس مقدمہ Material question کا جواب دے سکتا ہو اصالتاً" حاضر ہونے کا حکم دے۔



Marfat.com

# SUITS BY OR AGAINST FIRMS & PERSONS CARRYING ON BUSINESS IN NAMES OTHER THAN THEIR OWN.

# فرم اور ایسے اشخاص کی جانب سے یا ان کے خلاف مقدمات جو اپنے نام کے سوا کسی اور نام سے کاروبار کرتے ہوں

**1. Suing of partners in name of firm..**

قاعدہ 1۔ فرم کے نام پر شرکاء کے نام مقدمہ:(1) کوئی دو یا زیادہ اشخاص بحیثیت شرکاء دعویدار یا ذمہ دار ہوسکتے ہوں جو پاکستان میں کاروبار کرتی ہوں، اس فرم کے نام سے نالش دائر کر سکتے ہیں اس کے نام سے ان پر نالش ہوسکتی ہے جس کے وہ بروقوعہ پیدا شدہ (accusing caues of action) بنائے مخاصمت کے شرکاء ہوں اور ایسی صورت میں کوئی فریق عدالت میں درخواست دے سکتا ہے کہ نام اور سکونت ان لوگوں کی جو بروقت پیدا ہوں۔ بنائے مخاصمت ایسی فرم کے شرکاء اس طریقہ پر جو عدالت حکم دے، تصدیق شدہ حوالہ کریں گے۔

(2) اگر چند اشخاص بحیثیت شرکاء (partners) کسی فرم کے نام سے ضمنی قاعدہ (1) کی رو سے نالش کریں یا اگر اس حیثیت سے ان پر نالش دائر کی جائے تو درصورت عرضی دعویٰ یا بیان تحریری یا کسی دوسرے کاغذ کے جس پر مجموعہ ہذا کی رو سے دستخط یا عبارت تصدیق شدہ کا لکھا جانا از طرف مدعی یا مدعا علیہ کے ضروری ہے، اس قدر کافی ہوگا کہ عرضی دعویٰ وغیرہ مذکور میں سے کسی کے دستخط یا عبارت تصدیق شدہ ہوں۔

## شرح

مدعی رسائل نے استدعا کی کہ فرم کے دوسرے شراکت داروں کو بطور مدعا علیہ مسئول علیہ دعویٰ بازیابی رقم (recovery of money) میں شامل کیا جائے جو کہ رہن کی بنیاد پر تھا۔ قرار دیا تھا کہ آرڈر 30 رول (1) کی واضح شرائط کی روشنی میں دوسرے شراکت داروں کو بطور فریق مقدمہ شامل نہیں کیا جاسکتا۔

(199 سی ایل سی 786)



Marfat.com

**قاعدہ 2۔ اظہار نام شرکاء:۔**

1۔ اگر کوئی نالش از طرف شرکائے فرم فرم کے نام سے دائر کی جائے تو مدعیان یا ان کے وکیل کو لازم ہے کہ اگر کوئی مدعا علیہ درخواست کرے تو جملہ شرکائے فرم کے نام اور پتے جو فرم بنانے والے ہیں اور جن کی طرف سے نالش رجوع ہوئی ہو بلا توقف تحریر کے ذریعہ سے ظاہر کردیں۔

2۔ اگر مدعیان یا ان کا وکیل درخواست متذکرہ ضمنی قاعدہ (1) کی تعمیل نہ کرے تو درخواست گزرنے پر مقدمہ کی جملہ کارروائی عدالت کی مقرر کردہ شرائط پر ملتوی ہو سکتی ہے۔

3۔ اگر شرکا کے نام مطابق ضمنی قاعدہ (1) کے ظاہر کر دیئے جائیں تو مقدمہ اسی طرح چلے گا اور جملہ امور میں وہی نتائج Consequences لازم آئیں گے کہ گویا شرکائے مذکور کے نام بھی عرضی دعویٰ میں بحیثیت مدعی درج تھے۔
مگر باوصف اس کے جملہ کارروائی فرم کے نام سے جاری رہے گی۔

**قاعدہ 3۔ تعمیل سمن**

اگر لوگوں پر بحیثیت شرکائے فرم فرم کے نام سے نالش دائر کی جائے تو سمن کی تعمیل اسی طرح ہوگی۔ یعنی:۔

(الف) خواہ ایک یا زیادہ شرکا پر۔ یا

(ب) اس صدر مقام (واقع پاکستان) کہ جہاں کاروبار کیا جاتا ہو اس شخص پر جو وقت تعمیل سمن فرم کا نگران Controller یا منتظم Manager ہو۔

جیساکہ عدالت حکم دے اور ایسی تعمیل فرم پر کاملاً تعمیل سمجھی جائے گی خواہ کل یا بعض شرکاء اس وقت پاکستان میں ہوں یا نہ ہوں۔

مگر شرط یہ ہے کہ درصورت کسی ایسی فرم کے جو مدعی کے علم میں واقع دائر ہونے نالش کے ٹوٹ چکی ہو سمن ہر شخص پر تعمیل کرانا چاہیے جو پاکستان میں ہو اور جس کو ذمہ دار بنانا منظور ہو۔

**قاعدہ 4۔ حق رجوع نالش بعد وفات شریک:۔**

1۔ باوصف Notwithstanding احکام کنٹریکٹ ایکٹ 1872ء کی دفعہ 45 کے

Marfat.com

اگر دو یا زیادہ اشخاص کسی فرم کے نام سے تحت احکام مذکور بالا نالش کریں یا ان پر نالش کی جائے اور ان میں سے کوئی شخص رجوع نالش سے پہلے یا دوران مقدمہ مر جائے تو متوفی کے قائم مقام قانونی Legal representative کو فریق بنانا ضروری ہو گا۔

2- مضمون ضمنی قاعدہ (ا) سے حقوق مفصلہ ذیل میں کسی طرح کوئی خلل واقع نہ ہو گا جو متوفی کے قائم مقام قانونی کو حاصل ہیں:۔

(الف) حق گردانتے درخواست کا کہ قائم مقام مذکور فریق بنایا جائے۔ یا

(ب) نسبت دائر کرنے کسی دعویٰ کے بنام شخص یا اشخاص باقیماندہ Survivors-

## قاعدہ 5- اطلاع کہ سمن کی تعمیل کس حیثیت سے مطلوب ہے:

اگر کوئی سمن کسی فرم کے نام جاری ہو کہ حسب طریقہ مقررہ قاعدہ 3 تعمیل پائے تو ہر شخص کو جس پر سمن کی تعمیل ہو ایک اطلاع تحریری بوقت تعمیل سمن اس مضمون کی دی جائے گی کہ سمن اس پر کس حیثیت سے مطلوب ہے یعنی بحیثیت شریک Partner یا بحیثیت ایسے شخص کے کہ جس کے اختیار یا انتظام میں وہ فرم ہے یا دونوں حیثیتوں سے اور اگر ایسی اطلاع نہ دی جائے تو سمجھا جائے گا کہ سمن کی تعمیل اس پر بحیثیت شریک ہوئی۔

## قاعدہ 6- شرکاء کی حاضری عدالت!

اگر کسی شخص کے نام بحیثیت شریک فرم کے نالش دائر کی جائے تو وہ اپنے ذاتی نام سے حاضر ہو گا مگر اس کے بعد کی کل کارروائی فرم کے نام سے جاری رہے گی۔

## قاعدہ 7- سوائے شرکاء کے کسی اور کی حاضری کی ضرورت نہیں ہے:

اگر سمن حسب طریقہ مقررہ قاعدہ 3 کسی ایسے شخص پر تعمیل کیا جائے جس کے اختیار یا انتظام میں فرم ہو تو اس کی حاضری کی ضرورت نہیں ہے تاوقتیکہ وہ خود شریک فرم نہ ہو۔

## قاعدہ 8- احتجاجی حاضری!

Marfat.com

کوئی شخص جس پر بطور شریک کے حسب طریقہ مقررہ قاعدہ 3 تعمیل کیا جائے عدالت میں احتجاجی طور Under protest پر حاضر ہو کہ شراکت سے انکار کرسکتا ہے مگر یہ حاضری مانع Preclude اس کی نہ ہوگی کہ مدعی اور اس طرح پر سمن کی تعمیل نہ کرائے اور عدم حاضری میں فرم پر ڈگری حاصل نہ کرے اگر کوئی شخص حاضر نہ ہو۔

## قاعدہ 9- نالشات مابین شرکاء

یہ آرڈر ان نالشات سے بھی متعلق ہوگا جو درمیان کسی فرم اور اس کے ایک یا زیادہ شرکا کے دائرکی جائیں نیز ایسے نالشوں سے جو درمیان ایسے فرموں کے ہوں جن کے ایک یا زیادہ شرکاء دونوں فرموں میں شریک ہوں مگر اس طرح کی نالشوں میں اجرائے ڈگری صرف عدالت کی اجازت سے ہوگی اور جب درخواست اجرائے ڈگری گزرے تو جملہ حسابات و تحقیقات Inquiries مناسب کی نسبت احکام ضروری صادر ہوں گے۔

## قاعدہ 10- نالش بنام ایسے شخص کے جو اپنے نام کے سوا کسی اور نام سے کاروبار کرتا ہو

جو شخص اپنے نام کے سوا کسی اور نام سے کاروبار کرتا ہو اس پر اسی نام سے نالش ہوگی گویا کہ وہ ایک فرم کا نام ہے اور جہاں تک بلحاظ حالات مقدمہ ممکن ہو جملہ قواعد اس آرڈر کے ایسی نالش سے بھی متعلق ہوں گے۔

Marfat.com

آرڈر 31

# SUITS BY OR AGAINST TRUSTEES, EXECUTORS AND ADMINSTRATORS

## امانت داران، وصی اور منتظمین کی جانب سے اور ان کے خلاف مقدمات

**Representation of beneficiaries in suits concerning property vested in trustess, etc.**

قاعدہ 1- جائیداد امانتی میں وظیفہ داروں کی نمائندگی: جملہ مقدمات میں جو ایسی جائیداد سے متعلق ہوں جو کسی امین (trustee) یا مہتمم (adminstrator) ترکہ کی سپردگی میں ہو جب کہ تنازعہ اس جائیداد کا مابین ان اشخاص کے جو جائیداد مذکور میں استحقاق (beneficially) رکھنے والے اشخاص اور کسی تیسرے شخص کے درمیان ہو تو ایسا امین یا وصی یا مہتمم ترکہ ایسے اشخاص مستحقین کا نمائندہ سمجھا جائے گا اور علی العموم ان اشخاص کو فریق مقدمہ کرنا ضروری نہ ہوگا۔ لیکن اگر عدالت مناسب جانے تو حکم دے سکتی ہے کہ وہ سب یا ان میں سے کوئی فریق بنایا جائے۔

**Joinder of trustees, executors and administrators.**

قاعدہ 2- تمام امانت داران، وصی اور منتظمین وغیرہ فریق بنائے جائیں گے: جب کہ کئی امانت داران، وصی (executor) مہتمم (administrator) ہوں اگر دعویٰ ان میں سے ایک یا زیادہ کے نام دائر کیا جائے تو وہ سب فریق بنائے جائیں گے۔

مگر شرط یہ ہے کہ جن وصیوں نے کہ موصی کے وصیت نامہ کو عدالت سے ثابت نہ کیا ہو اور جو ایسا وصی اور مہتمم پاکستان سے باہر ہوں، ان کو فریق بنانا ضروری نہیں ہے۔

**Husband of married executrix not to join.**

قاعدہ 3- امین عورت کا شوہر فریق نہیں بن سکتا: جب تک عدالت کوئی اور حکم نہ دے شوہر کسی عورت منکوحہ (married) امین، وصی یا مہتمم کا بحیثیت شوہر فریق اس مقدمہ کا نہ کیا جائے گا جو اس عورت کی طرف سے یا اس کے خلاف ہو۔

-------O-------



Marfat.com

# آرڈر 32

## Suits by or against Minors & Persons of unsound mind

## نالشات منجانب اور بنام اشخاص نابالغ و فاتر العقل

### قاعدہ 1- نابالغ کی طرف سے رفیق نالش دائر کر سکتا ہے ا

ہر مقدمہ کسی نابالغ کی طرف سے ہو وہ نابالغ کے نام سے کسی شخص کی معرفت جو کہ اس نالش میں رفیق نابالغ Next friend of minor کہا جائے گا رجوع ہوگی۔

### قاعدہ 2- اگر نالش بلا توسط رفیق دائر کی جائے تو عرضی دعوی خارج کر دیا جائے گا:۔

1- اگر کوئی نالش بلا توسط رفیق کے کوئی نا نابالغ Minor خود دائر کرے تو جائز ہے کہ مدعا علیہ اس امر کی درخواست پیش کرے کہ عرضی دعوی فہرست سے خارج کر دیا جائے اور اس کا خرچہ وکیل یا اور شخص جس نے کہ نالش کو پیش کیا ہو ادا کرے۔

2- اس درخواست کی اطلاع شخص پیش کنندہ نالش کو دی جائے گی اور عدالت اس کے عذرات سن کر اور اگر اس کی طرف سے کچھ عذر ہو' جو حکم مناسب سمجھے صادر کرے گی۔

### قاعدہ 3- مدعا علیہ نابالغ کا ولی عدالت کی طرف سے مقرر ہوگا:۔

1- اس صورت میں کہ مدعا علیہ نابالغ ہو عدالت کو لازم ہے کہ اس کی نابالغی کا یقین کامل ہو تو کسی شخص مناسب کو اس نابالغ کے لئے ولی Guardian دوران مقدمہ کرے۔



Marfat.com

-2 حکم واسطے تقرر ولی دوران مقدمہ کے اس سوال پر جو نابالغ کے نام یا طرف سے یا مدعی کی طرف سے گزرے صادر ہو سکتا ہے۔

-3 اس سوال کی تائید میں بذریعہ تحریری بیان حلفی اس بات کی تصدیق کی جائے کہ ولی مجوزہ کو معاملات متنازعہ فیہ نالش مذکور میں کچھ حق مخالف نابالغ کے نہیں ہے اور وہ شخص مقرر ہونے کے لائق ہے۔

-4 سوال تحت قاعدہ ہذا پر کوئی حکم صادر نہ ہوگا تاوقتیکہ نابالغ اور اس کے ولی جائز جس کو عدالت مجاز نے مقرر کیا ہو یا اگر کوئی ولی مقرر نہ ہوا ہو تو نابالغ کے باپ یا دیگر ولی حقیقی Natural guardian کو یا اگر باپ یا دیگر ولی حقیقی بھی نہ ہو تو اس شخص کو جس کی خبر گیری اور حفاظت میں نابالغ ہو اطلاع دی جائے اور ان عذرات کی سماعت نہ ہو جائے جو شخص مذکور کی طرف سے پیش کئے جائیں جس کو مذکورہ اطلاع تحت ضمنی قاعدہ ہذا ملی ہو۔

-5 جو شخص تحت ضمنی قاعدہ (1) نابالغ کا نالش کے لئے ولی مقرر کیا جاوے تاوقتیکہ اس کی تقرری بذریعہ علیحدگی Terminated دست برداری یا موت کی وجہ سے ختم نہ ہو جاوے۔ وہ نالش سے پیدا شدہ تمام کارروائیوں بشمول کارروائیوں اپیل یا نگرانی عدالت یا اجرائے ڈگری کی قسم کی کارروائی تک جاری رہے گی۔

## قاعدہ 4- کون اشخاص رفیق یا ولی دوران مقدمہ مقرر ہو سکتے ہیں:۔

-1 جو شخص کہ صحیح العقل اور بالغ ہو جائز ہے کہ وہ بطور رفیق یا ولی دوران مقدمہ کسی نابالغ کے عمل کرے۔

بشرطیکہ اس کا حق مخالف Interest اس نابالغ کے نہ ہو اور در صورت رفیق وہ اس مقدمہ میں مدعا علیہ نہ ہو اور در صورت ولی دوران مقدمہ مدعی نہ ہو۔

-2 اگر ولی کسی نابالغ کا کسی حاکم مجاز Competent authority کی طرف سے مقرر ہوگیا ہو تو سوائے اس کے کہ کوئی اور شخص بطور رفیق اس نابالغ کے کاروائی نہ کر سکے گا نہ سوائے اس کے کوئی ولی دوران مقدمہ اس کے مقرر ہوگا الا جب کہ عدالت بوجوہات تحریری مناسب سمجھے کہ کسی دوسرے شخص کو بطور رفیق کارروائی کرنے کی اجازت دینا یا ولی دوران مقدمہ مقرر کرنا نابالغ کے حق میں مفید ہوگا۔

-3 کوئی شخص بغیر اپنی رضامندی کے ولی دوران مقدمہ مقرر نہ کیا جائے گا۔

-4 جب کوئی شخص لایق اور ولی دوران مقدمہ ہونے پر راضی نہ ہو تو عدالت کو

Marfat.com

اختیار ہے کہ اپنے کسی عہدہ دار کو ولی مقرر کرے اور ہدایات کرے کہ جس قدر روپیہ اس کی خدمت کی بجا آوری میں صرف ہو اور ادا کیونکر ہونا چاہیے یعنی آیا منجانب جملہ اشخاص فریق مقدمہ یا ان میں سے کسی ایک یا زیادہ کے یا کسی سرمایہ سے جو عدالت میں جمع ہو اور جس سے نابالغ غرض رکھتا ہو نیز عدالت ہدایات متعلق ایسے خرچہ کے صادر کر سکتی ہے جو قرین انصاف اور مقدمہ کے حالات کے لئے ضروری ہو۔

## قاعدہ 5- نابالغ کا رفیق یا ولی اس کا قائم مقام ہوگا:۔

1- ہر درخواست باستثنا Except درخواست متذکرہ قاعدہ 10 کی ضمنی قاعدہ کے جو عدالت میں کسی نابالغ کی طرف گزرے لازم ہے کہ وہ اس کے رفیق یا ولی دوران مقدمہ کی طرف سے ہو۔

2- جو حکم کہ کسی نالش میں یا کسی درخواست پر جو عدالت کے حضور گزرے ہو دیا جائے اور اس میں کسی نابالغ کو کسی طور کا سروکار ہو یا کسی طور پر اس سے اثر پہنچا ہو اور اس میں اس نابالغ کی طرف سے کوئی اس کا رفیق یا ولی دوران مقدمہ (یعنی جیسی صورت ہو) قائم مقام اس کا نہ ہو تو جائز ہے کہ وہ حکم فسخ Discharged کر دیا جائے اور اگر وکیل اس فریق کا جس کی درخواست پر حکم حاصل کیا ہو نابالغی کا حال جانتا تھا یا عقلاً" قرینہ Might reasonably سے جان سکتا تھا تو خرچہ اسی وکیل کے ذمہ عائد ہوگا۔

## قاعدہ 6- زر ڈگری منجانب رفیق یا ولی نابالغ کی طرف سے:۔

1- کوئی رفیق یا ولی دوران مقدمہ بلا اجازت عدالت کوئی روپیہ یا دیگر جائیداد منقولہ نابالغ کی طرف سے وصول نہ کرے گا۔

(الف) خواہ بطریق مصالحت Compromise قبل صدور ڈگری یا حکم کے۔ یا

(ب) ازروئے Under ڈگری یا حکم جو بحق نابالغ صادر ہوا ہو۔

2- اگر عدالت مجاز نے نابالغ کے رفیق یا ولی دوران مقدمہ کو اس کی جائیداد کا ولی مقرر نہ کیا ہو یا وہ مقرر ہوگیا ہو مگر کسی ناقابلیت کی وجہ سے جو عدالت کے علم میں ہو روپیہ یا دیگر جائیداد منقولہ وصول نہ کر سکتا ہو تو عدالت کو لازم ہے کہ اگر اس

Marfat.com

کو جائیداد مذکور وصول کرنے کی اجازت دے تو اس سے ایسی ضمانت لے جائے اس کو ایسی ہدایات کرے جو عدالت کو بنظر حفاظت Protect و معرف جائیداد ضروری معلوم ہو۔

## قاعدہ 7- معاہدہ یا صلح نامہ از طرف رفیق یا ولی

1- کوئی رفیق یا ولی دوران مقدمہ مجاز نہ ہوگا کہ بلا اجازت عدالت (جو صراحت کے ساتھ کارروائی میں لکھی جائے) نابالغ کی طرف سے کوئی معاہدہ Agreement یا صلح نامہ Compromise درباب اس نالش کے کرے جس مین کہ وہ بحیثیت رفیق یا ولی کار پرداز ہو۔

2- جو معاہدہ یا صلح نامہ کہ بدوں اجازت Without leave تحریری عدالت کے کیا گیا ہو وہ نابالغ کے سوائے اور جتنے فریق ہوں سب کے مقابلہ میں فسخ Voidable ہونے کے قابل ہوگا۔

## قاعدہ 8- رفیق کی درخواست برداری

1- تاوقتیکہ عدالت بصورت دیگر حکم نہ دے؛ نابالغ کا رفیق دست بردار نہیں ہو سکتا اپنا قائم مقام کسی لائق شخص کو کئے بغیراور جو خرچہ ہوچکا ہو اس کی ضمانت داخل نہ کرے۔

2- جو درخواست بغرض تقرر Appointment نئے رفیق کے گزرے اس کے ساتھ تحریری بیان حلفی Affidavit اس مضمون کا ہوگا کہ شخص مجوزہ لائق ہے نیز یہ کہ وہ حق نابالغ کے متضاد Adverse اپنا حق نہیں رکھتا ہے۔

## قاعدہ 9- رفیق کو موقوفی ۔

1- اگر نابالغ کے رفیق کا حق نابالغ سے متضاد ہو یا وہ کسی ایسے مدعا علیہ جس کا حق نابالغ کے حق سے متضاد اس قدر رکھتا ہو جس سے گمان ہو کہ وہ بطور مناسب حفاظت حقیقت اس نابالغ کی نہ کرے گا وہ اپنے کار لازمی کو ادا نہ کرے یا دوران اثنائے دوران مقدمہ پاکستان کی سکونت ترک کر دے یا کوئی اور وجہ کافی ہو تو جائز ہے کہ اس نابالغ یا مدعاعلیہ کی جانب سے درخواست اس کی موقوفی کی جائے اور عدالت مجاز

Marfat.com

ہے کہ اگر وجہ پیش شدہ کافی سمجھے تو اس درخواست کے مطابق اس رفیق کے برطرف کئے جانے کا حکم دے اور خرچہ کی نسبت جو حکم مناسب سمجھے صادر کرے۔

- اگر رفیق Next friend ولی نہ ہو جو مقرر کیا گیا ہو کسی مجاز عہدیدار Competent authority کی جانب سے اس بارے میں اور ولی کی طرف سے جو اس طرح مقرر کیا گیا ہو درخواست دی جائے کہ وہ رفیق بنایا جائے تو عدالت رفیق سابق کو موقوف کر کے سائل کو اسی جگہ پر مقرر کرے گی الا اس حال میں کہ عدالت بوجوہ تحریری مناسب سمجھے کہ اس کو نابالغ کا رفیق نہ بننا چاہیے اور شرائط درباب خرچہ وغیرہ عدالت کی رائے پر موقوف ہیں۔

## قاعدہ 10- التوا کارروائی اگر رفیق دست بردار یا موقوف ہو:۔

1- جب کہ رفیق نابالغ کا دست بردار Retirement ہو یا موقوف Removal کیا جائے یا فوت ہو جائے تو کارروائی مزید ملتوی رہے گی تاوقتیکہ اس کے بجائے تقرر دوسرے رفیق کا نہ ہو۔

2- اگر نابالغ کا وکیل ایک معیاد مناسب Reasonable time کے اندر رفیق جدید کے مقرر کرانے کی تدبیر کرنی بھول جائے تو ہر شخص جس کو نابالغ سے غرض ہو یا خود متنازعہ سے واسطہ رکھتا ہو تو عدالت سے درخواست کر سکتا ہے کہ کوئی رفیق مقرر کر دیا جائے اور عدالت جس کو مناسب تصور کرے مقرر کر دے۔

## قاعدہ 11- ولی برائے نالش کی دست برداری موقوفی یا وفات:۔

1- اگر ولی دوران مقدمہ دست بردار ہونا چاہیے یا اپنی خدمت نہ انجام دے یا اور کوئی وجہ کافی نظر آئے تو عدالت مجاز ہے کہ اسے دست بردار ہونے کی اجازت دے یا اسے موقوف کر دے اور در باب خرچہ کے جو حکم مناسب سمجھے صادر کرے۔

2- اگر ولی دوران مقدمہ بایام دوران مقدمہ دست بردار ہو یا فوت ہو جائے یا عدالت کے حکم کے موقوف کیا جائے تو عدالت کو لازم ہے کہ نیا ولی اس کی جگہ مقرر کر دے۔

Marfat.com

## قاعدہ 12- نابالغ مدعی کے بالغ ہونے یا سائل کی بلوغت حاصل کرنے پر طریق کار:۔

1- جب مدعی نابالغ یا وہ نابالغ جو کہ فریق مقدمہ نہ ہو اور جس کی طرف سے کوئی درخواست دائر ہو وہ بلوغ Majority کو پہنچے تو اس کو چاہیے کہ اپنی رائے اس باب میں قائم کرے کہ وہ مقدمہ یا درخواست کی پیروی میں خود معروف ہوگا یا نہیں۔

2- اگر وہ پیروی میں معروف رہنا پسند کرے تو اسے لازم ہے کہ حکم موقوفی اس رفیق کا اور اجازت اپنے نام سے پیروی کرنے کی حاصل کرے۔

3- بعد ازاں اس نالش یادرخواست کے فریقین کے ناموں میں اصلاح اس طور پر کی جائے گی (الف ب) سابق نابالغ معرفت (ج د) اپنے رفیق کے' بالغ حال۔

4- اگر وہ نالش یا درخواست سے دست بردار Abondon ہونا پسند کرے اس کو لازم ہے کہ اگر مدعی بذات واحد یا سائل بذات واحد ہو تو جو خرچہ مدعا علیہ یا فریق مخالف کا ہوا ہو یا جو کچھ کہ اس کے رفیق نے ادا کیا ہو داخل کر کے اس نالش یا درخواست کے خارج کئے جانے کے لئے حکم حاصل کرے۔

5- ہر درخواست حسب قاعدہ ہذا ایک طرفی گزر سکتی ہے لیکن کوئی ایسا حکم کہ جس کی رو سے رفیق موقوف کیا جائے اور مدعی نابالغ کو اپنے نام سے پیروی کرنے کی اجازت دی جائے بدوں Without اطلاع رفیق کے صادر نہ ہو۔

## قاعدہ 13- جب نابالغ شریک مدعی بعد سن بلوغ کو پہنچنے کے نالش کرنا منظور کردے:۔

1- اگر نابالغ شراکتی مدعی حد بلوغ کو پہنچ کر نالش کو نامنظور کرنا چاہے تو اس کو لازم ہے کہ زمرہ مدعیان سے اپنا نام خارج کرانے کی استدعا کرے اور عدالت کو لازم ہے کہ اگر اس کو فریق مقدمہ کرنا ضروری نہ سمجھے تو مقدمہ میں سے اس کو ایسی شرائط پر درباب دلانے خرچہ کے جو عدالت کی دانست میں مناسب ہوں خارج کر دے۔

2- اطلاع اس درخواست کی رفیق پر اور شراکتی مدعی نیز مدعا علیہ پر جاری کی جائے گی۔

Marfat.com

(3) خرچہ تمام فریقین درخواست مذکور کا اور تمام کارروائی کا یا کسی کارروائیوں کا جو قبل اس کے اس میں نالش ہوئی ہو ان اشخاص کو ادا کرنا ہوگا جن کو کہ عدالت دینے کا حکم دے۔

(4) اگر شریک ہونا سائل کا ضروری ہو تو عدالت ہدایت کر سکتی ہے کہ وہ مدعا علیہ گردانا جائے۔

**14. Unreasonable or improper suit.**

**قاعدہ۔14- نامعقول اور نامناسب نالش:** (1) اگر کوئی نابالغ حد بلوغ کو پہنچ کر حسب اطمینان عدالت یہ ثابت کرے کہ نالش جو اس کے نام سے اس کے رفیق نے رجوع کی تھی، بوجہ معقول نہ تھی یا نامناسب تھی تو اسے اختیار ہے کہ اگر وہ مدعی بذات واحد ہو اس نالش کو خارج کرانے کے لئے درخواست کرے۔

(2) اطلاع نامہ اس درخواست کا بنام فریقوں کے جن کو تعلق ہو، جاری کیا جائے گا اور جائز ہے کہ جب عدالت کو اس نالش کے نامعقول (unreasonableness) یا نامناسب (improperiety) ہونے پر اطمینان ہو تو اس کی درخواست کو منظور کرے اور حکم دے کہ وہ رفیق خرچہ تمام فریقوں کا نسبت اس درخواست کے اس پیروی کا جو اس مقدمہ میں کی گئی ہو، ادا کرے یا عدالت کوئی حکم مناسب صادر کر سکتی ہے۔

**15. Application of rule to persons of unsound mind.**

**قاعدہ 15- قواعد ہذا کا اطلاق اشخاص فاتر العقل پر:** (1) قواعد الغایت 14 جہاں تک متعلق ہو سکیں ان اشخاص سے بھی متعلق ہوں گے جو فاتر العقل قرار دیئے جائیں نیز ان سے جو گو کہ فاتر العقل نہ قرار دیئے جائیں لیکن بعد تحقیقات کے عدالت نے ان کو بوجہ ان کی فاتر العقل یا خلل دماغی کے اپنے حقوق کی حفاظت کے ناقابل پائے جب کہ وہ نالش کریں یا ان پر نالش کی جائے۔

**16. Certain laws not to be effected.**

[1][ **قاعدہ 16- بعض قوانین متاثر نہ ہوں گے:** اس حکم میں کسی چیز کی ایسی تعبیر نہ کی جائے گی کہ وہ کسی ایسے مقامی قانون کو متاثر یا کمزور کر دے جو نابالغان کی طرف سے ان کے خلاف پاگلوں (lunatics) اور فاتر العقل اشخاص کی طرف سے ان کے خلاف دائر کردہ مقدمات کے وقت نافذ تھا]۔

------O------

1. تبدیل شدہ بروئے آرڈیننس نمبر 27 مجریہ 1981، دفعہ 3 اور جدول

Marfat.com

# آرڈر 33

# SUITS BY PAUPERS

## مفلسوں کی طرف سے نالشات

**1. Suits may be instituted in forma pauperis.**

قاعدہ۔1۔ نالشات بصیغہ مفلسی: (1) بپاندی احکام مندرجہ ذیل مفلس کی طرف سے نالش ہوسکتی ہے۔

تشریح (Explanation): وہ شخص مفلس کہلائے گا جس کو اس قدر استطاعت (possessed) نہ ہو کہ وہ مقدمہ کے عرضی دعویٰ کی فیس جو قانون میں مقرر ہے ادا کر سکے یا جس حالت میں کہ عرضی دعویٰ کے لئے کوئی فیس معین نہ ہو سوائے اپنے پارچہ پوشیدہ فی (apparel wearing) ضروری اور شئے متدعویہ مقدمہ کے کسی اور جائیداد مالیتی [1] [پچیس ہزار] روپیہ استحقاق نہ رکھتا ہو۔

**2. Contents of application.**

قاعدہ۔2۔ مضمون درخواست: ہر درخواست اجازت برائے نالش مفلسانہ میں وہ مراتب درج ہوں گے جو عرضی دعویٰ میں درج ہونا چاہیں اور فہرست ہر جائیداد منقولہ یا غیر منقولہ مملوکہ سائل کی تفصیل مالیتی تخمینی درخواست کے ساتھ منسلک کرنا ہوگی اور درخواست کے ذیل میں دستخط اور عبارت تصدیق اسی طرح لکھی جائے گی جس طرح عرضی دعویٰ کے ذیل میں دستخط اور عبارت تصدیق لکھنے کا حکم ہو چکا ہے۔

---

[1] لفظ ''ایک ہزار'' کے بدل بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر 33,Rules XI-Y-26 مورخہ 20 اکتوبر 2001ء کو شامل ہوا۔ ملاحظہ ہو (ملاحظہ گزٹ آف پاکستان ایکسٹرا آرڈینری مورخہ 22 اکتوبر 2001ء صفحہ نمبر 1403)



Marfat.com

**3. Presentation of application.**

**قاعدہ۔ 3- پیشی درخواست:** گوان قواعد میں کچھ بھی حکم ہو درخواست مذکور کو سائل اصالتاً عدالت میں پیش کرے گا بجز اس صورت کے کہ وہ عدالت میں حاضر ہونے سے معاف ہو کہ اس صورت میں درخواست معرفت ایسے ایجنٹ کے پیش ہو سکتی ہے جو حسب ضابطہ مجاز ہو اور جواب ہر سوال ضروری کا جو درخواست سے متعلق ہو، دے سکتا ہے اور جو اسی طرح اظہار لئے جانے کا مستوجب ہوگا جس طرح وہ شخص جس کا وہ مختار ہو عدالت میں اصالتاً حاضر ہونے کی صورت میں اظہار دینے کے لائق ہوتا۔

**قاعدہ۔ 4- سائل کا اظہار:** اگر درخواست طریقہ مناسب پر مرتب اور حسب ضابطہ پیش کی جائے تو عدالت اظہار سائل یا اس کے ایجنٹ کا جب اس کو بطور مختار حاضر ہونے کی اجازت ہو سائل کے استحقاق دعویٰ (merits of claim) اور جائیداد کی نسبت اگر مناسب سمجھے، قلمبند کرے گی۔

**اگر درخواست ایجنٹ کے ذریعے پیش کی جائے عدالت سائل کا اظہار بذریعہ کمیشن لینے کی نسبت حکم دے سکتی ہے:** اگر سائل درخواست مختاراً گزرے تو عدالت کو اختیار ہے کہ اگر مناسب سمجھے کہ حکم دے کہ سائل کا اظہار بذریعہ کمیشن کے اس طور پر لیا جائے جیسا کہ اظہار گواہ غیر حاضر کا لیا جا سکتا ہے۔

**قاعدہ۔ 5- نامنظور درخواست:** عدالت اس درخواست کو بصیغہ مفلسی نالش دائر کرنے کی اجازت چاہنے پر نامنظور کرے گی:۔

(اے) اگر وہ حسب طریقہ مقررہ قواعد 2 اور 3 مرتب یا پیش نہ کی جائے۔

(بی) اگر سائل مفلس نہ ہو۔ یا

(سی) اگر سائل نے درخواست گزارنے سے پہلے دو مہینہ کے اندر کوئی جائیداد قریباً یا اس نیت سے کہ وہ اس قابل ہو جائے کہ بطور مفلس نالش دائر کر سکے منتقل کر دی ہو۔ یا

(ڈی) جب اس کے الزامات کارروائی کی وجوہات ظاہر نہ کرتے ہوں [1][یا جہاں بیان سے

---

1 نوٹیفکیشن نمبر 338 رولز نمبر 11 وائی 26 مورخہ 20 اکتوبر، 2001ء کے ذریعے اضافہ کیا گیا۔

Marfat.com

نالش کسی قانون کے تحت ممنوعہ ہو تو۔]

(ڈی) اگر اس کے بیان سے کوئی بنائے مخاصمت نہ پائی جاتی ہو۔ یا

(ایف) اگر اس کی نیت شئے مدعلیہا اس نالش کی جس کی اجازت چاہتا ہے کوئی ایسا قول قرار کیا ہو جس کی رو سے کسی اور شخص کو شئے مذکور میں حقیقت (interest) حاصل ہو گئی ہو۔

قاعدہ 6۔ تاریخ واسطے ثبوت مفلسی سائل کی: اگر عدالت کے نزدیک کوئی وجہ نامنظوری (reject) سوال کی منجملہ وجوہ مندرجہ قاعدہ کے نہ پائی جائے تو اس کو لازم ہے کہ ایک تاریخ جس کی اطلاع کم سے کم دس روز پہلے فریق ثانی اور وکیل سرکار کو دینی ہوگی واسطے لینے شہادت کے جو سائل بہ ثبوت اپنی مفلسی کے گزران سکے اور واسطے سماعت شہادت کے جو برخلاف مفلسی سائل کے پیش کی جائے، مقرر کرے۔

**7. Procedure at hearing.**

قاعدہ۔ 7۔ سماعت کے وقت ضابطہ: [1](1) وہ دن جو کہ مقرر کیا گیا ہو یا اُس کے فوراً بعد جیسا بھی قابل سہولت ہو، عدالت سائل کی مزید پڑتال یا جرح کرے گی یا اُس کے گماشتہ کی جرح کرے گی اور مخالف فریق کی بھی پڑتال اور جرح کرے گی اور ان کی شہادت کی یادداشت تیار کرے گی۔

(2) عدالت کسی دلیل کی بھی سماعت کرے گی جو کہ فریقین کسی امور غور طلب پر پیش کرنے کی خواہش کریں خواہ وہ درخواست پر موجود ہوں یا کسی [2][بیان حلفی پر جو کہ عدالت میں دائر کیا گیا ہو کہ آیا سائل قاعدہ نمبر 5 میں صراحت کردہ کسی امتناع کے تحت تو نہیں آتا۔

(3) بعد ازاں عدالت سائل کو مفلسی میں نالش کرنے کی اجازت دے گی یا نہ دے گی۔

قاعدہ۔8۔ اگر درخواست منظور ہو جائے گی: اگر درخواست منظور کی جائے تو اس پر نمبر ڈالا جائے گا اور داخل رجسٹر کی جائے گی اور بمنزلہ عرضی دعویٰ مقدمہ کے متصور ہوگی اور مقدمہ کی کارروائی مجمع وجوہ مثل

---

1۔ ضمنی قاعدہ (1) کو نوٹیفکیشن نمبر 338 قواعد نمبر 11 وائی 26 مورخہ 20 اکتوبر، 2001ء کے تحت بدل دیا گیا۔

2۔ الفاظ ''شہادت اگر کوئی ہو جو کہ عدالت کی طرف سے لی گئی ہو جیسا کہ عدالت کی طرف سے تجویز کیا جائے'' کو نوٹیفکیشن نمبر 338 رولز وائی آئی وائی 26 مورخہ 20 اکتوبر، 2001ء کے ذریعے بدل دیا گیا۔

Marfat.com

مقدمہ معمولی کے کی جائے گی باستثنا اس بات کے کہ مدعی بابت کسی سوال یا وکالت نامہ یا دیگر کارروائی متعلقہ مقدمہ کے مستوجب ادائے کسی رسوم عدالت کا مجاز نہ ہوگا (سوائے ان رسوم کے جو واسطے اجرائے حکمنات کے واجب الادا ہوں)۔

## قاعدہ 9- فسخ مفلسی:

عدالت کو اختیار ہے کہ مدعا علیہ یا وکیل سرکار کی درخواست پر جس کی اطلاع تحریری ایک ہفتہ پہلے مدعی کو دی گئی مدعی کو مفلسی کے فسخ ہونے کا حکم دے:۔

(الف) اگر وہ در اثناء مقدمہ قصوروار ایذا رسانی یا طریق مناسب کا ہو۔ یا

(ب)اگر یہ ظاہر ہو کہ اس کے پاس ایسے وسائل Means ہیں کہ اس کی نالش مفلسانہ کا قائم رہنا مناسب نہیں ہے۔ یا

(ج) اگر اس نے درباب شئی متنازعہ Subject-matter مقدمہ کے کوئی ایسا معاہدہ کیا ہو جس کے اعتبار سے کسی اور شخص نے اسی شئی متنازعہ میں کوئی حق حاصل کیا ہو۔

## قاعدہ 10- خرچہ اگر مدعی کامیاب ہو

اگر مدعی مقدمہ میں کامیاب ہو تو عدالت کو لازم ہے کہ تعداد رسوم عدالت کی جو بحالت نہ ملنے اجازت ارجاع نالش مفلسانہ مدعی کے ذمہ واجب الادا ہوتی محسوب کرے اور بابت اس تعداد کے شئی متدعویہ پر مطالبہ مقدمہ ہوگا اور گورنمنٹ کو اختیار ہوگا کہ تعداد مذکور اس شخص سے جس کو ڈگری کی رو سے ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہو وصول کر لے۔

## قاعدہ 11- اگر مدعی کامیاب نہ ہو:

اگر مدعی مقدمہ میں کامیاب نہ ہو یا اس کی مفلسی فسخ ہو جائے یا اگر مقدمہ میں باز دعوٰی دیا جائے یا مقدمہ واپس Withdraw لے لیا جائے یا ڈسمس ہو جائے:۔

(الف) کہ سمن واسطے حاضری اور جواب دہی نہ مدعا علیہ کے تعمیل پایا ہو بسبب اس کے کہ مدعی نے رسم عدالت یا محصول ڈاک (اگر کچھ ہو) جو ادا کرنا چاہیے تھا ادا نہیں کیا۔ یا

Marfat.com

(بی) اس وجہ سے کہ مدعی بروقت پیشی حاضر نہ ہوا ہو۔

تو عدالت کو لازم ہے کہ مدعی یا کسی اور شخص کو جو مقدمہ میں مدعی کا شریک ہوا ہو یہ حکم دے کہ وہ اس قدر کورٹ جمع کرے جو درصورت نہ ملنے اجازت ارجاع نالش Pauper کے مدعی کو ادا کرنی واجب ہوتی۔

**11-A, Procedure where pauper suit abates.**

قاعدہ 11 (اے)۔ طریق کار جب کہ مفلسی ساقط ہو جائے: الف۔ اگر نالش بوجہ فوتیدگی مدعی یا کسی شخص کے بطور شریک مدعی شامل ہونے کے ساقط ہو جائے، عدالت حکم دے گی کہ کورٹ فیس کی رقم جو کہ مدعی کو ادا کرنی تھی، اگر اسے بطور مفلسی نالش کرنے کی اجازت نہ دی گئی ہوتی تو صوبجاتی گورنمنٹ متوفی مدعی کی جائیداد سے وصول کرے گی۔

**12-Provincial Government may apply for payment of Court-fees.**

قاعدہ 12۔ صوبجاتی گورنمنٹ کا حق نسبت کورٹ فیس کے: صوبجاتی گورنمنٹ کو حق حاصل ہے کہ کسی وقت عدالت سے درخواست کرے کہ واسطے ادائیگی کورٹ فیس قاعدہ 10 یا 11 اور یا 11-اے کے بموجب حکم صادر کیا جائے۔

**13-Provincial Governemt to be deemed a party.**

قاعدہ 13۔ صوبجاتی گورنمنٹ فریق مقدمہ سمجھی جائے گی: جملہ امور جو قواعد 10، 11 اے، 12 کے بموجب مابین صوبجاتی گورنمنٹ اور کسی فریق کے پیدا ہو حسب منشاء دفعہ 47 کے امور مابین فریقین سمجھے جائیں گے۔

**14-Recovery of amount of court-fees.**

قاعدہ 14۔ وصولی رقم کورٹ فیس: جب کوئی حکم زیر قاعدہ نمبر 10 یا قاعدہ نمبر 11 اے صادر کیا جائے عدالت فوراً اس ڈگری کی نقل کلکٹر کو بھیجے گی جو بلا تعصب Without prejudice کسی دیگر طریق وصولی کے کورٹ فیس کی رقم جو اس میں مقرر کی گئی ہو قابل ادا شخص یا اس کی جائیداد سے بطور بقایا مالگزاری وصول کرے گا۔

**15-Refusal to allow applicant to sue as pauper to bar subsequent application of like nature.**

قاعدہ 15۔ نامنظوری درخواست نالش مفلسانہ مابعد کی درخواستوں کے لئے رکاوٹ ہوگی:

Marfat.com

اگر کسی سائل کی درخواست برائے اجازت ارجاع نالش مفلسی پر حکم نامنظوری کا صادر ہو تو اس کی ہر درخواست مابعد جو اسی قسم کی ہو نسبت اسی حق نالش کے بعد ازاں مسموع Bar نہ ہوگی مگر سائل کو اختیار ہوگا کہ حسب طریقہ معمولی نسبت حق مذکور کے نالش معمولی طور پر دائر کرے مگر شرط یہ ہے کہ اگر کچھ خرچہ اس کی درخواست اجازت نالش مفلسی کے نامنظور کرنے میں صوبجاتی گورنمنٹ یا فریق ثانی پر عائد ہوا ہو تو وہ پہلے ادا کرے۔

## قاعدہ 16- خرچہ

خرچہ اس درخواست کا جس میں نالش مفلسانہ دائر کرنے کی اجازت مانگی جائے اور تحقیقات مفلسی کا خرچہ Papurism سائل کے مقدمہ کے خرچہ میں داخل ہے۔

Marfat.com

# آرڈر 34

## Suits relating to Mortgages or Immovable property

## نالشات متعلق رہن جائیداد غیر منقولہ

### قاعدہ 1- فریقین برائے نالش رہن بیع بالوفا نیلام انفکاک الرہن

ملحوظی شرائط مندرجہ مجموعہ ہذا جملہ اشخاص جن کو خواہ اس جائیداد سے تعلق ہو جس کی بابت معاملہ رہن ہوا ہو یا انفکاک رہن Redemption سے تعلق ہو ہر نالش میں فریق کئے جائیں گے جو زمین مذکور کی بابت رجوع کی جائے گی۔

تشریح!

مرتہن ما بعد Puisne کو اختیار ہے کہ نالش رہن بیع بالوفا Foreclosure نیلام بغیر مرتہن سابق کو فریق بنائے ہوئے دائر کرے۔ بغیر نالش انفکاک رہن ما بعد میں مرتہن سابق کو فریق بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔

### قاعدہ 2- ڈگری ابتدائی نالش رہن بیع بالوفا میں:

جس نالش میں رہن بیع بالوفا کا دعویٰ ہو اگر مدعی کامیاب ہو جائے تو عدالت ڈگری ابتدائی اس حکم سے صادر کرے گی:۔

(الف) کہ اس تاریخ تک جو ذیل میں مذکور ہے مدعی کو رہن کی رو سے:۔

(i) بابت اصل سود۔

(ii) خرچہ مقدمہ کے (اگر کچھ خرچہ اس کو دلایا گیا ہو) جس قدر پانا ہے اس کا حساب لیا جائے اور۔



Marfat.com

(iii) دیگر اخراجات' وہ خرچے وغیرہ جو اس نے حق بجانب کئے ہوں اس تاریخ تک رہن کی ضمانت کے متعلق' اس میں خرچہ کا سود بھی شامل کیا جائے اور
(ب) جو کچھ بابت اصل و سود اور خرچہ کی تاریخ ڈگری تک مدعی کا پانا ہو ڈگری بروز صدور ڈگری ظاہر کر دے گی۔
(ج) اور اس میں یہ حکم شامل کرے گی کہ:۔
(i) اگر مدعا علیہ اس تاریخ کو عدالت میں وہ رقم ادا کر دے جو اس پر واجب ظاہر کی گئی تھی اس تاریخ کو یا اس سے قبل جسے عدالت مقرر کرے گی کے چھ ماہ کے اندر اس تاریخ سے جب کہ عدالت نے تصدیق کی ہو اور اس کے حساب پر اپنے دستخط ثبت کئے ہوں تحت فقرہ' یا (الف) یا اس تاریخ سے جب کہ یہ رقم تحت فقرہ (ب) عدالت کی طرف سے اعلان کی گئی' جیسی بھی صورت ہو' اور اس کے بعد وہ رقم ادا کرے جو تحریر کیا گیا ہو اس کے ذمہ بہ متعلق خرچہ مابعد اور اخراجات وغیرہ جیسا کہ قاعدہ 10میں محکوم کیا گیا' بمعہ مابعد کے سود ایسی رقوم پر علی الترتیب جیسا کہ قاعدہ 11 میں محکوم کیا گیا تو مدعی کو لازم ہے کہ جملہ دستاویزات متعلقہ جائیداد مرہونہ جو اس کے قبضہ یا اختیارات میں ہوں مدعا علیہ کو یا اس شخص کو جو اس کی طرف سے مقرر ہو حوالہ کرے' اور جائیداد مرہونہ کو صاف اور بری رہن اور تمام مواخذہ جات Incumbrances سے جو مدعی نے یا کسی اور شخص نے جو اس کی طرف سے دعویدار ہو اس پر قائم کئے ہوں یا اگر مدعی ان لوگوں کے ذریعہ سے دعویدار ہو تو صاف اور بری اور ان مطالبہ جات سے جو ان لوگوں نے اس پر قائم کئے ہوں مدعا علیہ کے نام منتقل کر دے اور اگر ضرورت ہو تو مدعا علیہ کو جائیداد قابض کرا دے اور۔
(ii) یہ کہ اگر اس رقم کی ادائیگی جو (رقم) واجب پائی گئی یا اعلان کی گئی تھی تحت یا بذریعہ ابتدائی ڈگری ادا نہ کی جائے اس تاریخ کو یا اس تاریخ سے قبل جو مقدمہ کی گئی ہو یا مدعا علیہ ادا کرنے سے قاصر Fails رہے' اس مدت کے اندر جسے عدالت مقرر کرے گی' تب وہ رقم جو واجب قرار دی جائے گی بہ متعلق مابعد کے خرچے اور دیگر اخراجات اور سود' مدعی کو حق ہو گا کہ حتمی ڈگری کے لئے درخواست کرے کہ مدعا علیہ کو جائیداد مذکور کے جملہ حقوق انفکاک Right to redeem سے بے حق قرار دیا جائے۔

2- عدالت مجاز ہے کہ معقول وجوہ کی بنا پر اعلان شرائط پر جو عدالت طے کرے گی'

Marfat.com

وقتاً" فوقتاً" کسی بھی وقت پر ڈگری قطعی دیئے جانے سے قبل اس رقم کی ادائیگی کر دے جو اعلان کردہ یا ظاہر کردہ رقم کے ادا کرنے کے تحت ضمنی قاعدہ (۱) ... ہوئی ہو۔ یا رقم مقرر کردہ (کی ادائیگی کی مدت) جو ما بعد کے خرچے مواخذے اخراجات اور سود کے متعلق قرار دی گئی ہو۔

3- جب کہ نالش رہن بالوفا میں' بعد کا مرتہن یا وہ شخص جو اس سے استحقاق حاصل کر رہا ہو یا اپنے حقوق کو رہن کر چکا ہو' ایسے مرتہن مشترک فریق ہوں تو' ابتدائی ڈگری حق دلائے گی ان انفصال کا علی الترتیب استحقاق اور ذمہ داریوں کا ان فریقین نالش کو اس طریقہ پر جیسا کہ ضمیمہ د کے فارم 9 یا فارم 10 میں جیسی بھی صورت ہو' مقرر کئے گئے ہیں ایسی تبدیلیوں کے ساتھ جیسا کہ حالات میں مقدمہ متقاضی Require ہوں۔

## قاعدہ 3- ڈگری قطعی نالش رہن بالوفا میں:۔

1- جب کہ ڈگری قطعی (حتمی) دی جانے سے قبل جو مدعا علیہ کو مرہونہ جائیداد کے حق انفکاک رہن سے ساقط کر دے' مدعا علیہ تمام زر یافتنی جو واجب الادا تحت قاعدہ 2 کے ضمنی قاعدہ (ا) عدالت میں ادا کر دے عدالت کو لازم ہے کہ' مدعا علیہ کی درخواست گزرنے پر اس سلسلہ میں' ڈگری قطعی صادر کرے اور حکم دے:۔

(الف) یہ کہ مدعی ایسی کل دستاویزات مدعا علیہ کو حوالہ کر دے جو مطابق ڈگری ابتدائی کے اسے حوالہ کرنا چاہیے اور۔

(ب) اگر ایسا حکم ہو جائیداد مرہونہ مطابق مضمون ڈگری مذکور کے مدعا علیہ کو واپس کر دے مدعا علیہ کے خرچہ پر۔

(ج) (اگر ضرورت ہو) اس کو جائیداد پر قبضہ دلا دے۔

2- اگر ادائیگی وقت پر نہ کی جائے تو از جانب مدعی درخواست گزرنے پر عدالت ڈگری صادر کرے گی کہ حق انفکاک رہن مدعا علیہ اور جملہ اشخاص کا جو اس کے ذریعہ سے دعویدار ہوں جائیداد مرہونہ میں ساقط ہوگیا۔ نیز اگر ضرورت ہو مدعا علیہ کو حکم دے گی کہ مدعی کی جائیداد کا قبضہ دلا دے۔

3- جب ڈگری ضمنی قاعدہ (2) کے تحت صادر ہو تو سمجھا جائے گا کہ وہ قرضہ جس کے لئے جائیداد رہن ہوئی تھی بیباق Discharged ہوگیا۔

Marfat.com

## [قاعد]ہ 4- ڈگری ابتدائی نالش نیلام ہیں:-

اگر نالش واسطے نیلام کے رجوع ہو اور مدعی کامیاب ہو جائے تو عدالت کو لازم ہے کہ ڈگری متضمن Preliminary اس حکم کے صادر کرے جو قاعدہ 2 کے ضمنی قاعدہ (1) کے فقرہ (الف) و (ب) و (ج) میں مندرج ہے اور اس میں یہ حکم بھی شامل ہے کہ درصورت نہ ادا ہونے زر یافتنی حسب مندرجہ قاعدہ مذکور منجانب مدعا علیہ کے جائیداد مرہونہ یا اس کا جزو بقدر نیلام کیا جائے اور ثمن نیلام (بعد وضع کرنے اخراجات نیلام کے) عدالت میں جمع ہو کر اس میں سے وہ مبلغ جو یافتنی مدعی قرار پایا ہو مع سود اور خرچہ مابعد کے ادا کیا جائے اور جو باقی رہے (اگر کچھ باقی رہے) وہ مدعا علیہ کو یا اور لوگوں کو دیا جائے جو اس کے پانے کے مستحق ہوں۔

2- عدالت مجاز ہے کہ معقول وجوہ کی بناء پر اور ان شرائط پر جو عدالت طے کرے گی، وقتاً" فوقتاً" کسی بھی وقت پر ڈگری قطعی Final دیئے جانے سے قبل، اس مدت میں توسیع کر دے جو ظاہر کردہ یا معلوم کردہ رقم کے ادا کرنے کے تحت ضمنی قاعدہ (ا) مقرر ہوئی ہو یا اس رقم کی (ادائیگی کی مدت) جو ما بعد کے خرچے مواخذے Charges اخراجات اور سود کے متعلق قرار دی گئی ہو۔

## قاعدہ 4- رہن بیع بالوفا نالش میں ڈگری صادر کرنے کا اختیار

رہن بیع بالوفا نالش میں خلاف قاعدہ رہن کی صورت میں اگر مدعی کامیاب ہو جاتا ہے عدالت فریق مقدمہ یا کسی دوسرے شخص جو کہ ضمانت رہن میں کوئی واسطہ رکھتا ہو یا انفکاک رہن کا حق رکھتا ہو کی درخواست پر اسی قسم کی ایک ڈگری صادر کرے گی (جو کہ رہن بیع بالوفا کی ڈگری کی بجائے ہوگی) ایسی شرائط پر جو عدالت مناسب خیال کرے بشمول عدالت میں مناسب رقم برائے اخراجات نیلام اور شرائط کی تعمیل کے حصول کے لئے جمع کرا سکے گی۔

## قاعدہ 4 الف۔ نیلام جائیداد رہن بیع بالوفا

جہاں نالش برائے نیلام یا نالش برائے رہن بیع بالوفا جس میں نیلامی کا حکم دے دیا گیا ہو ما بعد کے مرتہنان یا دیگر اشخاص جنہیں حق سے محروم کر دیا گیا ہو یا ان کو دوسرے مرتہنوں کے حقوق میں جگہ دی جاوے جو کہ بطور فریق مقدمہ شامل کئے گئے ہیں۔ ابتدائی

Marfat.com

ڈگری مذکور ضمن قاعدہ (ا) میں فریقین نالش کے حقوق اور ذمہ داریوں کی اس طریق پر تجویز کی جاوے گی جو کہ ضمیمہ د کے فارم ہائے 9 فارم نمبر 10 فارم نمبر 11 بھی صورت ہو مقرر کئے گئے ہیں اور ایسے اختلافات کے ساتھ جو اس مقدمے کے متعلق Term ہوں۔

## قاعدہ 5- ڈگری قطعی نالش نیلام:۔

1- اگر اس دن یا اس دن سے قبل جو مقرر کیا گیا ہو یا کسی وقت پر قبل توثیق نیلامی جو کی گئی ہو ڈگری قطعی کی مطابقت میں جو ڈگری تحت قاعدہ ہذا کے ضمنی قاعدہ (3) صادر کی گئی ہو' مدعا علیہ عدالت میں وہ تمام رقوم جو اس پر واجب ہوں تحت قاعدہ 4 کے ضمنی قاعدہ (ا) ادا کر دے تب عدالت اگر مدعا علیہ عدالت کو درخواست گزارنے اس سلسلے میں ڈگری قطعی صادر کرے گی' یا اگر ایسی ڈگری صادر کر دی گئی ہو' عدالت حکم دے گی:۔

(الف) یہ کہ مدعی ایسی کل دستاویزات مدعا علیہ کو حوالہ کر دے جن کا حوالہ ڈگری ابتدائی میں دیا گیا۔ اور

(ب)(اگر ایسا حکم ہو) جائیداد مرہونہ مطابق مضمون ڈگری مذکور مدعاعلیہ کو واپس کر دے۔ نیز

(ج) اگر ضرورت ہو اس کو جائیداد پر قبضہ دلایئے۔

2- اگر قاعدہ ہذا کے ضمنی قاعدہ (3) کے تحت مرہونہ Mortgaged جائیداد یا اس کا کوئی حصہ صادر کردہ ڈگری کے اتباع میں نیلام کر دیا گیا ہو' تب عدالت کوئی حکم صادر نہ کرے گی قاعدہ ہذا کے ضمنی قاعدہ (1) کے تحت تاوقتیکہ مدعا علیہ' اس رقم کے علاوہ جس کا ذکر ضمنی قاعدہ (ا) میں کیا گیا عدالت میں نہ جمع کرا دے برائے ادائیگی خریدار اتنی رقم جو قیمت خرید کے پانچ فیصدی کے مساوی ہو (اس قیمت خرید کی رقم) جو خریدار نے عدالت میں جمع کی تھی۔

جہاں ایسی رقم جمع کر دی جائے بمعہ اس رقم کے 5 فیصدی کے مساوی رقم کے۔

3- اگر ادائیگی ضمنی قاعدہ (1) کے مطابق نہ کی جائے' تب عدالت مدعی کی درخواست گزرنے پر اس بارے میں ڈگری قطعی Final صادر کرے گی کہ جائیداد مرہونہ یا اس کا جزو بقدر کافی نیلام کر دیا جائے اور یہ کہ زر ثمن کی نسبت ویسا ہی شامل کیا جائے جیسا کہ قاعدہ 4 کے ضمنی قاعدہ (1) میں دیا گیا ہے۔

Marfat.com

## قاعدہ 6- وصولی بقیہ زر رہن کی نالش نیلام میں!

جب ایسی نیلام کا خاص زر ثمن اس تعداد کے ادا کے لئے کافی نہ ہو جو مدعی کو واجب الادا ہو تو جس قدر باقی رہے اگر وہ باقی مدعا علیہ سے اور طرح پر سوائے جائیداد مرہونہ کے قانوناً وصول ہو سکتی ہو جائز ہے کہ عدالت اس کی بابت ڈگری صادر کرے۔

## قاعدہ 7- ڈگری ابتدائی نالش انفکاک رہن میں:۔

1- انفکاک رہن Redemption کی نالش میں اگر مدعی کامیاب ہو عدالت اس حکم سے ابتدائی ڈگری صادر کرے گی:۔

(الف) کہ حساب اس مبلغ کا جو بابت اصل زر رہن اور سود اور خرچہ مقدمہ اگر کچھ خرچہ اس کو دلایا گیا ہو اور اس روز تک جو دیگر اخراجات رہن کی ضمانت کے متعلق ہوں بمعہ سود یا فتنی مدعا علیہ ہو مرتب کیا جائے۔ یا

(ب) ڈگری ظاہر کرے کہ تاریخ ڈگری تک کس قدر رقم یا فتنی ہے اور

(ج) ہدایت کرے گی۔

2- اگر مدعی عدالت میں اس تاریخ سے جس تاریخ کو عدالت کل مبلغ یا فتنی مدعا علیہ معلوم کرے یا ظاہر کرے چھ ماہ کے اندر جس تاریخ کو عدالت شق الف کی رو سے اس یافتنی کی توثیق اور دستخطی تصدیق کرے عدالت میں جمع کرے یا اس تاریخ سے جس کو عدالت نے زیر شق (ب) رقم کا اعلان کیا جیسی بھی صورت ہو اور مابعد ایسی رقومات ادا کرے جو بعد کے خرچے مواخذے اخراجات اس پر واجب الادا تھے جس کی قاعدہ نمبر 10 میں صراحت کی گئی ہے۔ بمع ایسی رقومات سود جو کہ قاعدہ نمبر 11 میں صراحت کیا گیا ہے مدعا علیہ مدعی کو یا ایسے شخص کو جسے مدعی مقرر کرے تمام دستاویزات جو اس کے قبضے یا اختیار اس مرہونہ جائیداد کے متعلق ہوں حوالہ کردے اور بشرط ضرورت مدعی کے حق میں جائیداد کو دوبارہ منتقل کرے جو کہ بری از رہن Free from mortgage و جملہ بار ہائے کفالت ہو جو کہ خواہ مدعا علیہ نے قائم کئے ہوں یا کسی اور دعویدار نے اس کے ماتحت یا اگر مدعا علیہ اور لوگوں کے ذریعے دعویدار ہو اور بشرط ضرورت مدعی کو قبضہ بھی اس جائیداد کا کرادے اور

3- اگر ادائیگی رقم معلوم کردہ یا ظاہر کردہ ایسی مقررہ تاریخ پر یا اس سے پہلے ادا

Marfat.com

نہیں کی گئی ہو یا مدعی عدالت کے مقرر کردہ عرصے میں ادا کرنے سے قاصر ہو
رقم کا بلحاظ خرچہ مواخذہ اخراجات کے مقرر کرے گی مدعا علیہ پر قطعی ڈگری
لئے درخواست دینے کا مستحق ہوگا۔

(الف) ایک رہن کی صورت میں جو کہ بلا مجاز انتقال رہن ortgage
Unsufructuary ہو یا رہن بیع بالوفا ہو یا سادہ رہن ہو جس کی شر
صرف حق فک الرہن کو قطع کرنا ہو نہ کہ نیلام کرنا ہو تب جائیداد نیلام
جاوے گی۔

(ب) رہن بیع بالوفا یا سادہ رہن کی صورت میں جس کا ذکر اوپر ہوا ہے۔ مدعی کو
الرہن کے تمام حقوق سے محروم کر دیا جاوے گا۔

2- عدالت معقول وجہ پیش کرنے پر اور ایسی شرائط پر جو عدالت وقتاً" فوقتاً" مقر
کرے قطعی ڈگری برائے حق محروم فک الرہن Foreclosure یا نیلام جیسی
صورت ہو صادر کرنے سے پہلے رقم ظاہر کردہ یا معلوم کردہ (زیر ضمنی قاعدہ (1))
رقم مقرر کردہ نسبت ما بعد کے اخراجات' مواخذے' خرچ سود کی ادائیگی کی معیا
میں توسیع کر دے گی۔

## قاعدہ 8- قطعی ڈگری انفکاک رہن کی نالش میں:۔

1- جہاں مدعی کو فک الرہن جائیداد کے تمام حقوق سے محروم کرنے کی نسبت ڈگری
صادر کرنے سے پہلے یا نیلامی کی جو کہ متابعت قطعی ڈگری زیر ضمنی قاعدہ نمبر 3 قاعد
ہذا کی توثیق مدعی کی درخواست پر قطعی ڈگری صادر کرے گی یا اگر ایسی ڈگری صادر
کر دی گئی ہو ایک حکم مشیر:۔

(الف) مدعا علیہ کو ابتدائی ڈگری میں مذکورہ تمام دستاویزات حوالے کرنے کی
نسبت حکم دے گی اور اگر ضروری ہو۔

(ب) اس کو حکم دیا جاوے گا کہ مدعی کے خرچہ پر جائیداد مرہونہ جیسا کہ اس ڈگری
میں ہدایت کی گئی ہو دوبارہ منتقل کرے اور بشرط ضرورت۔

(ج) اس کو حکم دیا جاوے گا کہ مدعی کو قبضہ جائیداد کا دے دے۔

2- جہاں جائیداد مرہونہ یا اس کا کوئی حصہ اس قاعدے کے ضمنی قاعدہ (3) کی رو
سے صادر کردہ ڈگری کی اتباع In pursuance میں نیلام کر دی گئی ہو۔ عدالت
اس قاعدے کے ضمنی قاعدہ (1) کی رو سے کوئی حکم صادر نہ کرے گی تاوقتیکہ مدعی

Marfat.com

ضمنی قاعدہ نمبر1 میں مندرجہ ذیل رقم کے علاوہ خریدار کو ادائیگی کے لئے 5 فیصدی اس رقم خرید کی جمع نہ کر دے جو کہ خریدار نے عدالت میں جمع کی ہے۔ جب رقم عدالت میں جمع کر دی گئی ہو خریدار کو حق حاصل ہو گا کہ اس کی رقم خرید جو کہ اس نے عدالت میں جمع کی ہے جمع اس کے 5 فیصدی کے واپس ملنے کا حکم ملے۔

3- جب کہ ضمنی قاعدہ 1 کی رو کے مطابق رقم عدالت میں جمع نہیں کی گئی ہو۔ اس ضمن میں مدعا علیہ کی درخواست پر:-

(الف) رہن بیع بالوفا یا ایسا رہن جو مختلف اقسام نہ ہو رہن کی صورت ہو جس کی یہاں قاعدہ نمبر7 میں صراحت کی گئی ہے۔ عدالت ایک قطعی Final ڈگری صادر کرے گی جس میں کہ مدعی اور تمام اشخاص جو اس کے ماتحت دعویدار ہوں کو جائیداد مرہونہ کے فک الرہن کے تمام حقوق سے محروم کر دیا جائے گا اور بشرط ضرورت مدعی کو حکم دیا جاوے گا کہ وہ مدعا علیہ کو قبضہ دیوے۔

(ب) دوسرے کسی قسم کی رہن کی صورت میں جو کہ بلا امتیاز انتقال رہن نہ ہو ایک قطعی ڈگری صادر کرے گی کہ جائیداد مرہونہ یا اس کا کافی حصہ نیلام کر دیا جاوے اور اس کا زر ثمن (بعد منہائی اخراجات نیلام) عدالت میں جمع کر دی جاویں گی۔ جو کہ مدعا علیہ کو اس کے واجبات کی ادائیگی میں صرف ہوگی اور باقی ماندہ اگر کوئی ہو مدعی یا اس کی وصولی کے دیگر دعویداروں کو ادا کر دی جاوے۔

## قاعدہ 8- وصولی بقایا زر رہن بحالت نالش زر رہن:

جب کہ خالص رقم نیلام جو کہ سابقہ قاعدے کی رو سے نیلام ہوگی مدعاعلیہ کو واجب الادا رقم کے لئے ناکافی Insufficient ثابت ہو۔ عدالت درخواست پر اگر بقایا قانونی طور پر مدعی سے ما سوائے جائیدا نیلام شدہ کے واجب الوصول ہو بقایا رقم کے لئے ڈگری صادر کرے گی۔

## قاعدہ 9- اگر ڈگری میں مدعا علیہ کا کچھ یافتنی نہ نکلے یا ڈگری دار کو کچھ رقم زائد دی جا چکی ہو:

با وصف مضمون قواعد مذکورہ بالا کے اگر حساب متذکرہ قاعدہ 7 سے لئے جانے پر معلوم ہو کہ مدعاعلیہ کو کچھ پانا نہیں ہے یا اس کو کچھ زائد رقم دے دی گئی ہے تو عدالت

Marfat.com

ڈگری مضمون سے صادر کرے گی کہ مدعا علیہ (بشرط ضرورت) جائیداد واپس کرے اور مدعی کو اس قدر روپیہ جو اس کا یافتنی نکلے ادا کرے (اور بشرط ضرورت) مدعی کو جائیداد مرہونہ کا قبضہ دلائے۔

## قاعدہ 10- خرچہ مرتہن بعد صدور ڈگری

بر وقت تصفیہ اخیر Finally adjusting اس تعداد کے جو در صورت عمل میں آئے بیعات Foreclosure یا نیلام یا انفکاک رہن Redemption مرتہن کو ادا ہونی چاہیے۔ عدالت کو لازم ہے کہ اگر مرتہن سے کوئی ایسا فعل نہ ہوا ہو جس کے باعث اس کو خرچہ سے محروم رکھنا لازم آئے زر رہن کے ساتھ اس قدر خرچہ مقدمہ شامل کرے جو بطریق واجب تاریخ ڈگری بیعات یا نیلام یا انفکاک رہن سے ادائے واقعی کی تاریخ تک مرتہن کا ہوا ہو۔

## قاعدہ 11- ادائیگی سود

اگر کسی مصدرہ ڈگری میں جو کہ بیعات Foreclosure یا نیلامی یا فک الرہن کی نسبت ہو جہاں کہ سود قانونی طور پر واجب الوصول ہو۔ عدالت مرتہن کو سود کی ادائیگی کا حکم مندرجہ ذیل طور پر دے گی۔ یعنی:۔

(الف) سود اس تاریخ تک یا قبل جس تاریخ کو ابتدائی ڈگری کی رو سے رقم معلوم یا ظاہر کی گئی ہو کی ادائیگی رہن یا دیگر فک الرہن کرانے والے شخص کو ہونی ہو۔

(i) جب اصل رقم جو کہ رہن پر معلوم یا ظاہر کی گئی پر بشرح اصل زر پر یا کوئی شرح مقرر نہ کی گئی ہو ایسی شرح پر جو عدالت مناسب خیال کرے۔

(ii) مرتہن کو جو خرچہ نالش دلایا گیا ہے اس کی رقم پر ایسی شرح پر جو عدالت تاریخ ابتدائی ڈگری سے مناسب خیال کرے اور۔

(iii) اس زر ڈگری پر جو کہ مرتہن کو نسبت لاگت مواخذہ Cost اور اخراجات مرتہن کے جائز طور پر صرف کردہ واجب الادا تھی جو کہ ابتدائی ڈگری کی تاریخ کو ضمانت رہن کے بشمولیت زر رہن کے متعلق تھی اس شرح پر جو کہ فریقین کے درمیان طے ہوگئی ہو یا اگر ایسی شرح پر طے نہ ہو سکے تو اسی شرح پر جو اصل زر پر

Marfat.com

واجب الادا اپنے ایسی دونوں شرطوں کی عدم موجودگی میں بشرح نو فیصدی سالانہ اور۔
(ب)ما بعد Subsequent کا سود وصول کی تاریخ تک یا جو واقعی وصولی کی تاریخ اس شرح سے جو عدالت خیال کرے:۔
1- اصل زر کی انتہائی رقم جو کہ شق الف میں مقرر کی گئی ہے جو کہ اس شق سے شمار کیاگیا ہو اور۔
(ii) اس رقم ڈگری پر جو کہ مرتہن کو مزید لاگت مواخذے اور اخراجات جو کہ تحت قاعدہ 10 واجب الادا ہو۔

## قاعدہ 12- نیلام ایسی جائیداد کا جس پر رہن سابق کا بار ہو

اگر کوئی جائیداد جس کے نیلام کے لئے اس آرڈر کے مطابق حکم دیا جائے زیر مواخذہ رہن ما قبل ہو تو عدالت کو اختیار ہے کہ مرتہن ما قبل کی منظوری سے جائیداد کی بلا مواخذہ Free رہن نیلام ہونے کا حکم دے اور مرتہن ما قبل کو زر ثمن میں وہی حق دلائے جو اس کو جائیداد نیلام شدہ میں حاصل تھا۔

## قاعدہ 13- طریقہ صرف زر ثمن:

زر ثمن عدالت میں جمع ہو کر حسب مفصلہ ذیل صرف کیا جائے گا۔

اول

ان تمام اخراجات کے ادا کرنے میں جو نیلام سے متعلق ہوں یا کسی نیلام ملتوی شدہ کی کارروائی میں بطور عائد جائز عائد ہوئے ہو۔

دوسرے

اس روپیہ کے ادا کرنے میں جو رہن ما قبل کی بابت مرتہن سابق کو یافتنی ہو نیز خرچہ کی ادائیگی میں جو بطریق جائز اس کے متعلق ہوا ہو۔

تیسرے

اس زر رہن کے سود کے ادا کرنے میں جس کے وصول کے لئے نیلام کا حکم ہو اور اس مقدمہ کے خرچہ کی بیباقی میں جس میں ڈگری مشعر ہدایت نیلام صادر ہوئی تھی۔ چوتھے ادا کرنے میں اصل رقم جو کہ رہن کی وجہ سے ہو۔

۱

Marfat.com

آخری

رہن مذکور کی بابت جس قدر زر اصل واجب الوصول ہو اس کے ادا کرنے میں اور بالاخر زر باقی ماندہ (اگر کچھ باقی رہے) اس شخص کو دیا جائے گا جو جائیداد نیلامی میں ان استحقاق رکھنا ثابت کرے یا اگر ایسے چند اشخاص ہوں تو ان سب پر بلحاظ ان کے حقوق کے یا بعد لینے ان کی رسید مشترک کے تقسیم کیا جائے گا۔

2- کوئی عبارت قاعدہ ہذا قاعدہ بلا کی مخل Affect ان اختیارات کی نہ سمجھی جائے گی جو ازروئے دفعہ 57 ایکٹ انتقال جائیداد 1882ء عطا Extended ہوئی ہیں۔

## قاعدہ 14- نیلام جائیداد مرہونہ کے واسطے نالش کی ضرورت ہے:

1- اگر کوئی مرتہن کسی ایسے دعوے کی بیباقی میں جو کسی معاملہ رہن کی رو سے پیدا ہوا ایک ڈگری ادائے زر نقد کی نسبت حاصل کر لے تو وہ بغیر نالش جائیداد مرہونہ دائر کے اس جائیداد کو نیلام نہ کر سکے گا Not entitled اور جائز ہے کہ وہ نالش مذکور باوصف مضمون قاعدہ 20 آرڈر 10 کے دائر کرے۔

2- مضمون ضمن (1) ان علاقہ جات سے متعلق نہیں ہیں جن میں ایکٹ انتقال جائیداد 1882ء نفاذ پذیر نہ ہوا ہو۔

## قاعدہ 15- رہن بذریعہ حوالگی دستاویزات ملکیت اور دیگر مواخذے:

اس حکم کی تمام شرائط جن کا اطلاق سادہ رہن Institute پر ہوتا ہے ان کا اطلاق اس پر بھی ہوگا جو کہ بذریعہ حوالگی دستاویزات ملکیت جو کہ دفعہ 58 کے معنوں میں اور دیگر مواخذے Simple mortgage دفعہ 100 قانونی انتقال جائیداد 1882ء کے معنوں میں ہوں۔

Marfat.com

# آرڈر 35

## Interpleader

## نالش مخالفانہ

### قاعدہ 1- نالش مخالفانہ میں عرضی دعویٰ

ایسی ہر نالش میں جو بمراد تصفیہ بین المتازعین Interpleader ہونا ضرور ہے کہ عرضی دعویٰ سوائے دیگر بیانات کے جو عرایض دعوے کے واسطے ضروری ہیں یہ مراتب درج کئے جائیں:۔

(الف) یہ کہ مدعی کو کچھ غرض Interest شئے متدعویہ Subject-matter میں سوائے رقم مطالبہ یا خرچہ کے نہیں ہے۔

(ب)دعاوی مدعا علیہم کے جداگانہ ہیں اور۔

(ج) یہ کہ درمیان مدعی اور کسی مدعا علیہ کے سازش نہیں ہے۔

### قاعدہ 2- شئی متدعویہ کی عدالت میں ادائیگی:

جب شئی متدعویہ عدالت میں ادا کئے جانے یا عدالت کی تحویل میں رکھے جانے کے قابل ہو تو جائز ہے کہ مدعی قبل ازاں کہ استحقاق نالش Thing claimed میں کسی حکم کے ملنے کا حاصل ہو شئی مذکور کو عدالت میں ادا کر دے یا تحویل میں رکھ دے۔

### قاعدہ 3- طریق کار اگر مدعا علیہ نالش مذکور کا مدعی پر دعویٰ کرے:

اگر کسی نالش تصفیہ میں بین المتازعین Interpleader میں منجملہ مدعا علیہم کے کسی نے بابت شئے متنازعہ مقدمہ کے مدعی پر فی الواقع کوئی نالش کی ہو تو جس عدالت میں کہ وہ نالش بنام مدعی دائر ہو اسے لازم ہے کہ جب کہ اس کو اسی بات کی اطلاع منجانب



Marfat.com

اس عدالت کے دی جائے جس میں نالش تصفیہ بین المتازعین دائرہوتی کارروائی مقدمہ کی بمقابلہ مدعی مذکور موقوف رکھے اور اس مقدمہ موقوف شدہ میں جو خرچہ اس مدعی کا ہوا ہو اس کے وصول ہونے کے واسطے اسی مقدمہ موقوف شدہ میں تدبیر کر دے لیکن جس حال میں کہ اس مقدمہ میں بالکل یا کسی قدر خرچہ کی تدبیر نہ کی گئی تو وہ خرچہ نالش تصفیہ میں بین المتازعین کے خرچہ جانب مدعی مذکور میں بڑھا لیا جائے۔

## قاعدہ 4- کارروائی بوقت سماعت اول

1- بروقت سماعت اول عدالت مجاز ہے کہ۔

(الف) یہ قرار دے کہ مدعی مدعا علیہم کے تمام مواخذہ نسبت شئی متدعویہ کے بری ہے Descharge اور اس کو خرچہ دلوائے اور مقدمہ سے اس کو سبکدوش کرے یا۔

(ب) جس حال میں کہ بمقتضائے انصاف Justice یا سہولت ضروری ہو تمام اشخاص فریق مقدمہ کو تا آخیر فیصلہ مقدمہ کے قائم رکھے۔

2- اگر عدالت باعتبار اقبال فریقین Admission یا دیگر شہادت کے ایسا کرنا ممکن نہ سمجھے تو شئی متدعویہ کے استحقاق Title کا تصفیہ کر دے۔

3- اگر عدالت باعتبار اقبال فریقین کوئی فیصلہ نہ کر سکے تو وہ حکم دے سکتی ہے:۔

(الف) کہ تنقیح یا تنقیحات مابین فریقین مرتب Framed ہو کر فیصل کی جائیں اور۔

(ب) یہ کہ بجائے یا بشمول مدعی ابتدائی کے کوئی (دعویدار مدعی بنایا جائے) اور بعد ازاں مقدمہ کی کارروائی معمولی طریقہ پر جاری رہے گی۔

## قاعدہ 5- ایجنٹس اور آسامیاں مخالفانہ نالش نہیں دائر کر سکتے:

اس آرڈر کی کسی عبارت سے یہ متصور نہ ہوگا کہ ایجنٹ اپنے مالکوں پر یا آسامی اپنے زمینداروں پر اس امر پر مجبور کرنے کی نالش کریں کہ وہ کسی اشخاص کے مقابلہ میں سوائے ان کے جو ان مالکوں یا زمینداروں کے ذریعہ سے دعویٰ کرتے ہوں جوابدہی از قسم نالش تصفیہ بین المتازعین Interpleader کریں۔

Marfat.com

## Illustrations

## تمثیلات

(الف) زید نے ایک صندوقچہ زیورات کا اپنے ایجنٹ عمرو کے پاس رکھا بکر نے بیان کیا کہ زیورات بطور بیجا Wrongly مجھ سے زید نے لئے ہیں اور عمرو سے ان کے دلا پانے کا دعویٰ کیا عمرو بمقابلہ زید اور بکر کے نالش تصفیہ بین المتنازعین رجوع نہیں کر سکتا۔

(ب) زید نے ایک صندوقچہ زیورات کا اپنے ایجنٹ عمرو کے پاس رکھا بعد ازاں اس نے بکر کو لکھا کہ جو قرضہ کہ اس سے بکر کو پانا تھا اس کی ضمانت میں زیورات مذکور مکفول ہیں۔ زید نے بعد ازاں بیان کیا کہ بکر کا قرضہ ادا ہوگیا مگر بکر کا بیان اس کے خلاف ہے۔ اب دونوں عمرو سے زیورات لینے کا دعویٰ کرتے ہیں جائز ہے کہ عمرو نالش تصفیہ بین المتنازعین زید اور بکر کے نام رجوع کرے۔

### قاعدہ 6- خرچہ مدعی

جب کہ نالش بطور مناسب رجوع کی جائے تو عدالت واسطے خرچہ مدعی اصل کے یہ تدبیر کرے گی کہ اس کا مطالبہ شئی متدعویہ قائم کرے گی یا کوئی اور تدبیر موثر کرے گی۔

Marfat.com

# آرڈر 36

## Special Case

## خاص مقدمہ

**قاعدہ 1- عدالت کی رائے واسطے مقدمہ کے بیان کرنے کا اختیار:۔**

1- جن اشخاص کو کسی امر واقعہ Question of facts یا بحث قانونی کے انفصال میں غرض رکھنے کا دعویٰ ہو وہ مجاز ہوں گے کہ باہم اقرار نامہ تحریری Agreement کر کے اس میں امر مذکور کو بطور ایک مقدمہ کے واسطے عدالت کے لکھیں اور یہ شرط کریں کہ حسب تجویز عدالت نسبت اس امر کے صادر ہو تو:۔

(الف) وہ تعداد زر جو باہم فریقین مقرر کریں یا جسے عدالت تجویز کر دے ان میں سے ایک فریق دوسرے کو ادا کرے گا۔ یا

(ب)ایک فریق دوسرے فریق کو کچھ جائیداد منقولہ یا غیر منقولہ Specified اقرار نامہ حوالہ کرے گا۔ یا

(ج) منجملہ فریقین کے ایک کئی اشخاص کسی خاص امر مفصلہ اقرار نامہ کی تعمیل کریں گے یا اس کے کرنے سے باز رہیں گے۔

2- ہر مقدمہ جو بموجب اس دفعہ کے قلمبند کیا جائے چند دفعات پر منقسم ہو گا جن پر نمبر مسلسل Cost ecutively ثبت کیا جائے گا اور اس میں مختصر کیفیت ایسے واقعات اور دستاویزات کی لکھی جائے گی جو اس امر کے لئے ضروری ہوں کہ عدالت اس بحث کو جو ان سے پیدا ہوتی ہے طے کر سکے۔

**قاعدہ 2- مالیت جائیداد جان کرنا ضروری ہے!**

اگر اقرارنامہ بابت حوالگی کسی جائیداد کے ہو یا بابت کرنے یا باز رہنے کے کسی امر



Marfat.com

خاص نے سے ہو تو اس اقرار نامہ میں مالیت تخمینا" Estimated cost اس جائیداد کی جس کے حوالے کرنے کا اقرار ہے یا جس سے وہ فعل مندرجہ اقرار نامہ متعلق ہو درج کی جائے گی۔

## قاعدہ 3- اقرار نامہ مثل مقدمہ کے درج رجسٹر کیا جائے گا:۔

1- اقرار نامہ بشرطیکہ وہ مطابق قواعد مندرجہ صدر کے مرتب ہوا ہو کسی ایسی عدالت میں داخل ہو سکتا ہے جس کو اختیار سماعت اسی تعداد یامالیت کی شئی متدعویہ مقدمہ کا حاصل ہو جو تعداد یا مالیت شئی مندرجہ اقرار نامہ کی ہو۔

2- بعد ادخال کے وہ اقرار نامہ یہ ثبت نمبر داخل رجسٹر ہو کر ایک مقدمہ جس میں ایک یا چند اشخاص منجملہ دعویداران غرض کے مابین مدعیان ہوں گے اور دوسرے منجملہ ان کے مدعا علیہ یا مدعا علیہم ہوں گے قائم ہوگا اور اطلاع نامہ بنام جملہ فریق ما سوا اس فریق یا فریقین کے جنہوں نے اسے پیش کیا تھا جاری ہوگا۔

## قاعدہ 4- نویسندگان اقرار نامہ تحت اختیار سماعت عدالت ہوں گے:

بعد ادخال اقرار نامہ کے نویسندگان اقرار نامہ تحت اختیارعدالت Jurisdiction of Court کے ہوں گے اور ان پر پابندی بیانات مندرجہ اقرار نامہ کے لازم ہوگی۔

## قاعدہ 5- سماعت و انفصال مقدمہ:۔

1- ایسا مقدمہ سماعت کے واسطے مثل مقدمہ معمول کے داخل ہوگا اور احکام مجموعہ ہذا جہاں تک ممکن ہو مقدمہ مذکور سے متعلق ہوں گے۔

2- اگر بعد اظہار فریقین یا بعد لینے شہادت مناسب کے عدالت کو اطمینان ہو کہ:۔

(الف) اقرار نامہ مذکور کی تکمیل انہوں نے حسب ضابطہ کی ہے اور۔

(ب) یہ کہ ازراہ نیک نیتی Bona fide interest غرض ان فریقین کی نزاع واقعات مندرجہ اقرار نامہ سے متعلق ہے اور۔

(ج) یہ کہ نزاع فیصلہ کئے جانے کے قابل Fit ہے۔

تو عدالت ایسے امر میں اس طرح فیصلہ صادر کرے گی جیسے معمولی مقدموں میں کرتی ہے اور اس فیصلہ کے مطابق ڈگری صادر ہوگی۔

Marfat.com

# آرڈر 37

## SUMMARY PROCEDURE ON NEGOTIABLE INSTRUMENTS

## ضابطہ سرسری نسبت دستاویزات قابل انتقال یا خرید وفروخت

قاعدہ 1- اس آرڈر کا اطلاق (**Application of order**): آرڈر ہذا کا اطلاق صرف ہائی کورٹ اور ڈسٹرکٹ کورٹ پر ہوگا۔

## شرح

<u>وسعت (**Scope**)</u>: آرڈر نمبر 37 سی پی سی کے قاعدہ نمبر 1 کا ملاحظہ کرتا ہے کہ آرڈر کا اطلاق ہائی کورٹ پر ہوتا ہے۔ (پی ایل ڈی 1995ء ایس سی 362)

عدالت کا آرڈ نمبر 37 کے تحت خصوصی قسم کے مقدمات کی سماعت کا سرسری اختیار سماعت بلا شرکت غیرے ہے لیکن آرڈر نمبر 37 کے احکامات اہل کونے والے ہیں۔ ایک فریق یا تو آرڈر نمبر 37 کے احکامات کے تحت مقدمہ دائر کرسکتا ہے یا اسے عام ضابطہ کے تحت بھی دائر کرسکتا ہے۔ (1991ء سی ایل سی 1750)

پنجاب میں ایک ڈسٹرکٹ کورٹ آرڈر نمبر 37 قاعدہ نمبر 1 کے تحت کسی مقدمہ کی سماعت کرنے کی مجاز ہے۔ وہ سول کورٹ جس کے بارے میں ایسے مقدمات سماعت کرنے کے لئے ہائی کورٹ نے اشاعت نہ کی ہو، وہ اس سلسلہ میں اختیار سماعت سے محروم ہوگی۔

(پی ایل ڈی 1988ء لاہور 225 (ڈی بی) + پی ایل ڈی 1986ء لاہور 663 = پی ایل جے 1986ء لاہور 509 = 1986ء لانوٹس 1149)

آرڈر نمبر 21 مجریہ 1960ء کے قاعدہ نمبر 1 کی کلاز (2) کے اخراج کے پیش نظر، لاہور ہائی کورٹ کے زیر سماعت آنے والے مقدمات جو کہ آرڈر نمبر 37 کے تحت آتے ہوں انھیں سینئر سول جج کی عدالت میں دائر نہیں کیا جاسکتا۔

(پی ایل ڈی 1986 لاہور 663 = پی ایل جے 1986 لاہور 509 + 1969 ایس سی ایم آر 784 (ذاتی رائے قرار دیا گیا))



Marfat.com

**دستاویز بیع وشری پر نالش:** جب کوئی مقدمہ رنالش دستاویز بیع وشری پر مبنی ہو اور اُس کی رقم ہائی کورٹ کے مالی اختیار کے اندر ہو جب نالش دائر کی جائے تو ایسی صورت میں وہ نالش قابل پیش رفت ہوگی۔ (1994ء ایم ایل ڈی 656)

**عدالت کا طریقہ کار رضابط:** ڈسٹرکٹ جج ایسی نالشات کی سماعت وفیصلہ کا پورا اختیار رکھتا ہے جو کہ آرڈر نمبر 37 کے تحت آرڈر نمبر 37 کے ضابطہ کے مطابق دائر کی گئی ہوں اور ایسی نالشات کو کسی ایسے دیوانی جج کو منتقل نہیں کیا جاسکتا جو کہ اس کے ماتحت ہو اور نہ ہی ایسی نالشات کی سماعت عمومی دیوانی قانون کے تحت کی جاسکتی ہے۔ (این ایل آر 1988ء سول 356= پی ایل ڈی 1988ء لاہور 225 (ڈی بی))

**اختیارات کی تفویض:** تمام اختیارات جو کہ آرڈر نمبر 37 سی پی سی کے تحت قابل استعمال ہوں، وہ ڈسٹرکٹ جج کے اختیارات ہوتے ہیں اور مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تحت آتے ہیں اور چنانچہ اُنھیں مغربی پاکستان سول کورٹس آرڈیننس، 1962ء کی دفعات 21 اور 22 کے حوالے سے تفویض کیا جاسکتا ہے۔ جہاں مدعا علیہ کو جیل میں سمن بھیجے گئے ہوں اور اُس نے پیش ہونے کی اجازت کے لئے درخواست دائر کی ہو اور ایسی سروس کے 10 یوم کے اندر اُس نے دفاع کرنا ہو اور کیونکہ ڈسٹرکٹ جج رخصت پر تھا تو ایسی صورت میں اُسے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج کے روبرو دائر کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ جج نے اس کے عذر پر غور نہ کیا اور نتیجہ اخذ کیا کہ زیر بحث درخواست کو مقرر کردہ مدت کے اندر دائر نہ کیا گیا اور یہ کہ اسے مناسب عدالت کے سامنے دائر نہ کیا گیا۔ لہٰذا ڈگری کو مجموعہ ضابطہ دیوانی کے آرڈر نمبر 37 قاعدہ نمبر 4 کی شرائط کے تحت مسترد کر دیا گیا اور مقدمہ کو مدعا علیہ کی درخواست کی روشنی میں دوبارہ کارروائی شروع کرنے کے لئے واپس بھیج دیا گیا تا کہ اُسے مدعا علیہ کی اُس درخواست برائے پیشی ودفاع کی روشنی میں زیر غور لایا جائے جو کہ مقرر کردہ مدت کے اندر دائر کی گئی تھی۔ (1996ء ایم ایل ڈی 1167= پی ایل جے 1996 پشاور 47)

**2. Institution of summary suits upon bills of exchange, etc.**

**قاعدہ 2- نالشات سرسری بر بنیاد بل آف ایکسچینج وغیرہ:** (1) جملہ نالشات بل آف ایکسچینج یا ہنڈی یا پرامیسری نوٹ کی جن میں مدعی اس آرڈر کے بموجب کارروائی کرنا چاہے، اس طرح کی جاسکتی ہے کہ عرضی دعویٰ مطابق نمونہ مقررہ داخل کیا جائے اور سمن مطابق فارم نمبر 4، اپینڈکس (ضمیمہ) (ب) کے ہوگا یا کسی اور نمونہ پر جو وقتاً فوقتاً مقرر کیا جائے۔

(2) پس جس مقدمہ میں عرضی دعویٰ اور سمن مطابق نمونہ جات متذکرہ بالا کے ہوں، مدعا علیہ کو

Marfat.com

حاضر ہونے یا جواب دہی کرنے کا استحقاق نہ ہوگا تاوقتیکہ وہ اجازت حاضری اور جوابدہی کی حسب آئندہ کسی جج سے حاصل نہ کرے یا اجازت نہ لے کر اس کے بموجب حاضر اور جواب دہ نہ ہو تو سمجھا جائے کہ بیانات عرضی دعویٰ اس کو تسلیم ہیں اور مدعی ڈگری کا مستحق ہوگا۔

(اے) دراصل جو کہ دستاویز میں بموجب قیود دفعہ نمبر 79 یا 80 قانون دستاویزات قابل بیع شرئی، 1881ء شمار ہو۔ تاریخ دائری نالش تک یا رقم جو سمنوں میں درج کی گئی ہے ان دونوں میں جو کم ہو اور مسودہ تاریخ ڈگری تک اس شرح پر یا ایسی دیگر شرح پر جو عدالت مناسب خیال کرے اور۔

(بی) ایسا مابعد کا سود اگر کوئی ہو تو عدالت زیر دفعہ نمبر 34 ضابطہ ہذا جو حکم دیوے۔

(سی) ایسی رقم سے خرچہ پر جو کہ مقرر کی جاوے:

شرط ہے کہ اگر مدعی ایسی مقررہ رقم خرچہ (fixed sums) کے علاوہ کا مطالبہ کرے تو خرچہ کی نسبت معمولی طور پر تحقیق کی جاوے گی۔

(3) اس قاعدے کی رو سے مصدرہ ڈگری کی فوراً تعمیل کی جاوے گی۔

**3. Defendant showing defence on merits to have leave to appear.**

**قاعدہ 3- مدعا علیہ کو حاضر ہونے اور جواب دہی کرنے کی اجازت نہیں چاہیے:**

(1) عدالت کو لازم ہے کہ مدعا علیہ کی درخواست اس کو حاضر ہونے اور جواب دہی کرنے کی اجازت (leave) اس بات پر دے کہ وہ ایسے تحریری بیانات حلفی پیش کرے جن سے ایسے واقعات ظاہر ہوں کہ باعتبار ان کے شخص دارندہ بل آف ایکسچینج وغیرہ پر زر معاوضہ کے ادا کرنے کا ثبوت دینا لازم ہو یا ایسے اور واقعات ظاہر ہوں جو بدانست عدالت واسطے تائید درخواست کے کافی ہوں۔

(2) اجازت مذکورہ خواہ بلا کسی شرط کے دی جائے گی یا ایسی شرائط کے ساتھ اور باب داخل کرنے روپیہ کے عدالت میں اور ادخال ضمانت اور ترتیب اور تحریر واقعات تنقیح طلب کے یا اور ایسی شرائط کے ساتھ جو عدالت کو مناسب معلوم ہوں۔

(3) ذیلی قانون (1) کے تحت جو درخواست گزاری جائے گی اس پر قانون معیاد سماعت بابت، 1908ء (IX بابت 1908ء) کی دفعہ 5 کے احکام کا اطلاق نہ ہوگا۔

Marfat.com

**4. Power to set aside decree.**

**قاعدہ 4- اختیارات نسبت مسترد کرنے ڈگری کے:** عدالت کو اختیار ہے کہ بعد صدور ڈگری کو خاص حالات کے (special circumstances) کے باعث میں اسے مسترد کر دے اور اگر ضرورت ہو اس کے اجراء کو ملتوی رکھے یا خارج کرے اور اگر عدالت کی دانست میں ایسا کرنا معقول ہو تو مدعا علیہ کو اجازت واسطے حاضری بموجب حکم سمن اور کرنے جوابدہی مقدمہ کے بپابندی ایسی شرائط کے عطا کرے جو عدالت کو مناسب معلوم (seems reasonable) ہوں۔

**6. Power to order bill, etc., to be deposited with officer of Court.**

**قاعدہ 5- اختیار نسبت صدور حکم کہ بل آف ایکسچینج وغیرہ اہل کار عدالت کی تحویل میں رکھا جائے:** ہر کارروائی محکومہ آرڈر ہذا میں عدالت کو ایسا حکم صادر کرنا جائز ہوگا کہ بل یا ہنڈی یا نوٹ جس پر مقدمہ مبنی ہو تو فوراً عدالت کے کسی اہل کار کی تحویل میں رکھا جائے اور یہ کہ جب تک مدعی مقدمہ کے خرچہ کی بابت ضمانت داخل نہ کرے، مقدمہ کی تمام کارروائی ملتوی رکھی جائے۔

**6. Recovery of cost of noting non-acceptance of dishonoured bill or note.**

**قاعدہ 6- جو خرچہ بوجہ نہ سکارنے بل آف ایکسچینج کے عائد ہو:** قابض ہر بل آف ایکسچینج یا پرامیسری نوٹ کا جس کا سکارنے یا ادا (dishonoured) کرنے سے انکار ہوا ہو، واسطے دلا پانے ان اخراجات کے جو اس کے نہ سکارے جانے یا نہ ادا کئے جانے کو لکھ دینے میں یا اور طور پر بوجہ نہ سکارنے یا نہ اسی سبیل سے وصول کر سکے گا جس سبیل سے رقم بل کی یا نوٹ مذکور کی اس آرڈر کے مطابق وصول کر سکتا ہے۔

**قاعدہ 7- دعویٰ میں ضابطہ (Procedure in suits):** باستثنا ان شرائط کے جو آرڈر ہذا میں مندرج ہیں ان نالشات میں جو اس آرڈر کے مطابق رجوع کی جائیں، مثل نالشات معمولی کے کارروائی ہوگی۔

---O---

Marfat.com

# آرڈر 38

# ARREST & ATTACHMENT BEFORE JUDGMENT

# گرفتاری وقرقی قبل فیصلہ

## Arrest Before Judgment

## گرفتاری قبل فیصلہ

**قاعدہ 1- مدعا علیہ سے کس حال میں حاضری ضمانت طلب کی جائے:** (1) اگر مقدمہ کی کسی نوبت At any stage پر بشرطیکہ وہ از قسم مقدمات متذکرہ فقرہ (الف) بغایت (د) دفعہ 16 نہ ہو عدالت کو از روئے تحریری بیان حلفی یا بطور دیگر اس بات کا اطمینان ہو جائے کہ۔

(اے) مدعا علیہ بارادہ دیر لگانے (Intend to delay) کے یا کسی حکمنامہ عدالت کی سے گریز کرنے کے لئے بغرض ہونے مزاحمت یا توقف کے کسی ڈگری کے اجراء جو آئندہ اس پر صادرہ ہو:۔

(i) روپوش ہو گیا یا عدالت کے اختیارات مقامی کی حدود سے باہر چلا گیا ہے۔ یا

(ii) روپوش ہونے کو ہے یا عدالت کے اختیارات مقامی کی حدود سے باہر چلے جانے کو ہے۔

(iii) اس نے اپنے مال کو یا اس کے کسی جزو کو عدالت کے اختیارات مقامی کی حدود میں باہر منتقل کر ہے۔ یا

(بی) کہ مدعا علیہ پاکستان سے ایسے حالات میں چلے جانے کو ہے جن سے بوجہ معقول گمان قوی Reasonable probability ہوتا ہے کہ مدعی اس ڈگری کے اجرا میں جو کہ مدعا علیہ پر اس مقدمہ میں صادر کی جائے مزاحمت یا تاخیر واقع ہو گی۔

تو عدالت مجاز ہو گی کہ وارنٹ اس مضمون سے صادر کرے کہ مدعا علیہ گرفتار ہو کر عدالت میں حاضر لایا جائے تا کہ وہ اس بات کی وجہ ظاہر کرے مگر اس سے حاضری کی ضمانت کیوں نہ لی جائے۔ مگر شرط یہ کہ مدعا علیہ رقم مصرعہ پروارنٹ جو کہ دعویٰ کی بے باقی کے لئے کافی ہو عہدہ دار تعمیل کنندہ کو ادا کر دے تو گرفتار نہ کیا جائے گا اور جب تک کہ نالش فیصل نہ ہو جائے یا عدالت کوئی اور حکم صادر نہ کرے رقم مذکور عدالت میں جمع رہے گی۔



Marfat.com

قاعدہ2- ضمانت:(1) اگر مدعاعلیہ وجہ کافی پیش نہ کر سکے تو عدالت اس کو حکم دے گی کہ وہ عدالت میں زرنقد یا اور جائیداد اس دعویٰ کے لائق Sufficient to answer جو اس پر کیا گیا ہے داخل کرے یا ضمانت اس بابت کی دے کہ وہ کسی وقت ایام دوران مقدمہ میں تاریخ ایفاء ڈگری کے جو اس پر اس مقدمہ میں صادر ہو عندالطلب حاضر ہوگا یا عدالت اس رقم کی نسبت جو مدعا علیہ نے از روئے عبارت شرطیہ متعلقہ قاعدہ 1 ادا کی ہو حکم مناسب سمجھے صادر کرے گی۔

(2) ضامن ذمہ دار اس بات کا ہوگا کہ درصورت عدم حاضری (In default) اس کے اس قدر روپیہ داخل کرے جس قدر مقدمہ میں مدعا علیہ کو ادا کرنے کا حکم ہو۔

قاعدہ3- اگر ضامن اپنی بریت کے واسطے درخواست دے:(1) مدعا علیہ کے حاضر کرنے والے ضامن کو اختیار ہوگا کہ جس وقت چاہے اس عدالت میں جس مین اس کا ضمانت نامہ داخل ہوا ہو اپنے بری الذمہ (Obligation discharged from) ہونے کی درخواست دے۔

(2) جب ایسی درخواست گزرے عدالت کو لازم ہوگا کہ مدعا علیہ احضار (To appear) کے لئے سمن یا اگر مناسب سمجھے پہلے ہی وارنٹ گرفتاری صادر کرے۔

(3) جب مدعا علیہ سمن یا وارنٹ کے بموجب یا ازخود حاضر ہو عدالت حکم صادر کرے کی کہ ضامن ضمانت سے بری الذمہ کیا جائے اور مدعا علیہ سے ضمانت جدید طلب کی جائے۔

قاعدہ4- طریق کار جب کہ مدعا علیہ ضمانت مہیا کرنے یا تازہ ضامن پیش کرنے سے قاصر رہے: جو حکم بموجب قاعدہ 2 یا 3 کے صادر ہو اگر اس کی بجا آوری میں (Comply with) میں مدعا علیہ قاصر رہے تو عدالت مجاز ہوگی کہ مدعا علیہ کو تا انفصال مقدمہ یا اگر فیصلہ خلاف مدعا علیہ صدور پائے (Satisfied) تو ایفائے ڈگری تک جیل خانہ میں رکھے۔

مگر شرط یہ ہے کہ اس دفعہ کے تحت کوئی شخص کسی حال میں چھ مہینے سے زیادہ عرصہ کے لئے قید (detained) نہ کیا جائے گا اور نہ چھ ہفتے سے زیادہ عرصہ کے لئے اس حال میں کہ تعداد مالیت سے شئے متدعویہ کی پچاس روپیہ سے زیادہ نہ ہو۔

نیز شرط یہ ہے کہ کوئی شخص اس دفعہ کے تحت قید نہ رکھا جائے گا بعد اس کے کہ وہ مذکورہ حکم کی تعمیل کردے۔

Marfat.com

## Attachment Before Judgment

# قرقی قبل فیصلہ

**قاعدہ 5- کس صورت میں مدعا علیہ سے جائیداد پیش کرنے کی ضمانت** لی جائے گی:(1) اگر مقدمہ کی کسی نوبت پر عدالت کو بیان حلفی سے یا بہ صورت دیگر اس بات کا اطمینان ہو جائے کہ مدعا علیہ ہرج(obstruct)ڈالنے یا توقف کرنے کی نیت سے کسی ڈگری کے اجراء میں جو اس کے خلاف صادر ہو:۔

(اے) اپنی کل جائیداد یا اس کے کسی جزو کو علیحدہ کرنے کو یا ہے۔یا

(بی) اسی عدالت کے اختیارات مقامی کی حدود سے باہر ہٹا دینے کو ہے تو عدالت مدعا علیہ کو حکم دے سکتی ہے کہ اس معیاد کے اندر جسے عدالت کی جانب سے مقرر کیا جائے ضمانت اس قدر روپیہ کی داخل کرے جس کی تصریح اس حکم میں کی جائے گی اس سے مراد ہے کہ وہ جائیداد مذکور یا اس کی مالیت یا اس کا قدر جزو کہ واسطے ایفاء ڈگری کے کافی ہو عند المطلب عدالت(when required)میں حاضر کرے اور عدالت کے تصرف(custody)میں رکھے یا عدالت میں حاضر ہو کر وجہ اس بات کی پیش کرے کہ اس کو ضمانت کیوں نہ داخل کرنی چاہیے۔

(2) مدعی تفصیل جائیداد قرقی طلب اور قیمت تخمینی جائیداد مذکور کی درج کرے گا الا اس صورت میں کہ عدالت بہ صورت دیگر ہدایت کرے۔

(3) نیز عدالت اس حکم میں قرقی شرطیہ کل یا جزو جائیداد مصرحہ کی بابت ہدایت کرے سکتی ہے۔

**قاعدہ 6- قرقی جب وجہ نہ بیان کی گئی ہو یا ضمانت نہ داخل کی گئی ہو:**(1) اگر مدعا علیہ اندر معیاد معینہ عدالت کو وجہ نہ داخل کرنے ضمانت کی بیان نہ کر سکے یا ضمانت مطلوبہ داخل کرنے سے قاصر رہے تو عدالت کو اختیار ہے کہ حکم دے کہ جائیداد مصرحہ درخواست یا اس کا جزو جو واسطے ایفائے ڈگری کے جو مقدمہ میں صادر ہو کافی متصور ہو قرقی Attach کی جائے۔

(2) اگر مدعا علیہ مذکور وجہ پیش کرے یا ضمانت مطلوبہ داخل کرے اور جائیداد اور مصرعہ درخواست یا اس کا جزو قرقی ہوئی تو عدالت کو لازم ہے کہ حکم جو برخواستگی قرقی کا یا کوئی اور حکم ہو اس کے نزدیک مناسب

Marfat.com

صادر کرے۔

**قاعدہ 7- قرقی کا طریقہ حکم:** ماسوائے اس کو جو صاف طور پر مشروط کیا جائے قرقی اس طرح ہوگی جس طرح بعلت اجراء ڈگری کے جائیداد کی قرقی کے لئے حکم ہے۔

**قاعدہ 8- تحقیقات دعویٰ جائیداد مقروقہ قبل از قبلہ:** اگر کوئی دعویٰ نسبت کسی جائیداد کے جو قبل فیصلہ کے قرقی ہو پیش ہو تو تحقیقات ایسے دعویٰ کی بموجب اس قاعدہ کے جو اس مجموعہ کی دفعات گزشتہ میں بابت تحقیقات دعاوی متعلقہ جائیداد مقروضہ بعلت اجراء ڈگری زرنقد کے مقرر ہے عمل میں آئے گی۔

**قاعدہ 9- داگزاری قرقی ضمانت دینے پر یا دعویٰ خارج ہونے پر:** جب حکم قرقی کا قبل صدر و فیصلہ Before judgment صادر ہو تو عدالت کو لازم ہے کہ جب ضمانت مطلوبہ معہ ضمانت خرچہ قرقی من جانب مدعا علیہ داخل ہو یا مقدمہ ڈسمس کیا جائے قرقی برخاست کردے۔

**قاعدہ 10- قرقی اشخاص غیر فریق کے حقوق میں مخل نہ ہوگی نہ مانع گزارنے درخواست نیلام کی ہوگی:** قرقی قبل فیصلہ ان حقوق پر موثر نہ ہوگی جو قرقی سے پہلے ان اشخاص کے ہوں جو فریق مقدمہ نہیں ہیں اور نہ مانع Bar اس بات کی ہوگی کہ کوئی شخص جس کو ڈگری بنام مدعا علیہ حاصل ہوئی ہو بعلت اجراء اس ڈگری کے اس جائیداد مقروضہ کو نیلام کرانے کی درخواست کرے۔

**قاعدہ 11- جو جائیداد قبل فیصلہ قرقی ہو چکی ہو وہ پھر اجرائے ڈگری میں قرقی نہ ہو سکے گی:** جب کہ جائیداد اس آرڈر کے احکام کے بموجب زیر قرقی ہو اور بعد ازاں ڈگری مدعی کے حق میں صادر کی جائے تو بعد درخواست اجراء ڈگری مذکور اس جائیداد کو دوبارہ قرق کرنے کی درخواست کرنا ضروری نہ ہوگا۔

**قاعدہ 12- استثنا پیداوار زراعت کا:** اس آرڈر کی رو سے مدعی مجاز نہ ہوگا کہ ایسی پیداوار زرعی Agriculture produce قرقی کے لئے درخواست دے جو کاشت کار کے قبضہ میں ہو عدالت مجاز ہوگی کہ پیداوار مذکور کو قرقی کرائے یا اس کے حاضر کئے جانے کا حکم دے۔

**قاعدہ 13- عدالت خفیفہ غیر منقولہ جائیداد قرقی نہ کرے گی:** آرڈر ہذا میں مندرج کوئی امر کسی عدالت خفیفہ کو یہ اختیار نہیں دیتا کہ جائیداد غیر منقولہ کے قرق کرنے کا حکم صادر کرے۔

Marfat.com

آرڈر 39

# TEMPORARY INJUNCTIONS& INTERLOCUTORY ORDER

## احکام امتناعی عارضی واحکام درمیانی

## *Temporary Injuctions*

## احکام امتناعی عارضی

**Case in which temporary injunction may be granted.**

قاعدہ۔ 1- کن صورتوں میں عارضی حکم امتناعی جاری ہوسکتا ہے: اگر کسی مقدمہ میں ازروئے تحریری بیان حلفی یااورطور پر ثابت کیا جائے گا کہ:

(اے) کوئی جائیداد متنازعہ فیہ (dispute) مقدمہ ایسے خطرہ میں ہے کہ کوئی فریق مقدمہ اس کو ضائع کرڈالے گایا اسے نقصان پہنچائے گایا منتقل کردے گایاوہ کسی ڈگری کے اجراء میں بلا بیجا نیلام ہوجائے گی۔یا

(بی) مدعا علیہ اپنے قرض خواہوں کا روپیہ فریب (defraud) سے ہضم کرنے کے لئے اپنی جائیداد ہٹادینے یافروخت کرنے کی دھمکی (threatens) دیتا ہے یا نیت رکھتا ہے

تو عدالت مجاز ہے کہ تاانفصال مقدمہ یا تاصدور حکم عارضی حکم امتناعی (temporary injunction) واسطے باز رکھنے مدعا علیہ کے اس فعل سے صادر کرے یا جائیداد کی بربادی یا نقصان یا انتقال (alienation) یا بیع یا ہٹادینے یا علیحدگی کے انسداداور موقوف کرنے کے لئے جو حکم مناسب سمجھے، صادر کرے۔

## شرح

عارضی حکم امتناعی: حکم امتناعی رول ہذا اور رول 2 کے تحت جاری کیا جاسکتا ہے جہاں دعویٰ ازخود برائے حکم امتناعی دائر کیا گیا ہو۔حکم امتناعی دفعات 94 و 151 ضابطہ دیوانی کے تحت بھی جاری کیا جاسکتا ہے۔

(1987ء ایس سی ایم آر 1591: پی ایل ڈی 1983ء کراچی 303)

حکم امتناعی ایک عدالتی طریق کار ہے جس کی رو سے ایک فریق کو حکم دیا جاتا ہے کہ وہ کوئی خصوصی فعل کرے یا کرنے سے باز وممنوع رہے۔ (پی ایل ڈی 1975ء لاہور 126: پی ایل ڈی 1988ء لاہور 511)

حکم امتناعی دعوے کے تصفیے کے بعد جاری نہیں رہ سکتا اس کے بعد ایک اعلیٰ عدالت ہی ایسا حکم جاری کرسکتی ہے۔

(پی ایل جے 1980ء ایس سی 171)

عدالت عالیہ نے قرار دیا کہ حکم امتناعی نہ جاری کرنے سے اگر صرف رقم کا ہی نقصان ہوتا ہو تو یہ کوئی کافی وجہ برائے صدور حکم امتناعی نہ ہوگی کیونکہ اگر صرف رقم ہی (involve) ہو تو حکم امتناعی جاری نہ فرمانے سے ہرگز ناقابل تلافی نقصان نہ ہوگا۔

(پی ایل ڈی 2003ء کراچی 57)

ایک ریلوے گارڈ کو نوکری سے فارغ کردیا گیا جس کے خلاف اس نے سروس ٹریبونل میں اپیل دائر کردی اور ساتھ ہی دعویٰ استقرار حق بھی دائر کرتے ہوئے حکم امتناعی عارضی کے لئے درخواست کی کہ ریلوے گارڈ کو رہائش سے تب تک نہ نکالا جائے جب تک کہ سروس ٹریبونل میں اپیل کا فیصلہ نہ ہوجائے۔لیکن عدالت ماتحت نے حکم امتناعی



Marfat.com

صادر فرمانے سے انکار کر دیا۔ یہاں تک کہ عدالت عالیہ نے بھی اس بابت نگرانی خارج فرماتے ہوئے قرار دیا کہ سائل مکان مذکورہ کا حقدار نہ رہا ہے۔ (پی ایل جے 2003ء لاہور 31)

قاعدہ۔2۔ مدعا علیہ کو مضرت یا مسلسل عہد شکنی سے باز رکھنے کا حکم امتناعی: (1) جس مقدمہ میں کہ مدعا علیہ کو ارتکاب عہد شکنی یا اور مضرت سے استدعا ہو عام اس سے کہ معاوضہ کا دعویٰ کیا گیا ہو نہ کیا گیا ہو، اس میں جائز ہوگا کہ مدعی کسی وقت بعد شروع ہونے نالش کے عام اس سے کہ ہنوز فیصلہ صادر ہوا ہو یا جس درخواست گزارنے کہ عدالت سے حکم امتناعی عارضی شعر اس مضمون کے صادر ہو کہ مدعا علیہ ارتکاب عہد شکنی یا اس ضرر سے جس کا استغاثہ ہے یا ارتکاب کسی عہد شکنی (breach) یا ضرر اسی قسم سے جو اس معاہدہ سے پیدا ہو یا اسی جائیداد یا حقیت سے متعلق ہو، باز رکھا جائے۔

(2) عدالت مجاز ہوگی کہ حکم امتناعی مذکور ایسی قیود (such terms) کے ساتھ صادر کرے جو اس کو اس باب میں کہ حکم امتناعی کسی معیاد تک ہونا چاہیے، حساب مرتب رکھا جائے، ضمانت داخل کرائی جائے یا نہیں، جیسا کہ عدالت مناسب سمجھے۔

(3) اگر عدول حکمی (disobedience) کی جائے یا قیود مذکور کی خلاف ورزی عمل میں آئے تو عدالت صادر کنندہ حکم امتناعی دے سکتی ہے کہ شخص قاصر کی جائیداد قرق کر لی جائے نیز وہ اتنی معیاد تک قید کیا جائے جو چھ مہینے سے زیادہ نہ ہو مگر اس عرصہ میں عدالت اس کی رہائی کا حکم بھی دے سکتی ہے۔

(4) کوئی قرقی جو تحت قاعدہ ہذا ہو ایک سال سے زیادہ قائم نہ رہے گی اور اگر بعد گزرنے ایک سال خلاف ورزی کا عمل جاری رہے تو جائز ہے کہ جائیداد نیلام کی جائے اور زرثمن میں سے اتنا معاوضہ جتنا عدالت مناسب سمجھے، دلایا جائے اور اگر کچھ باقی رہے تو وہ فریق مستحق کے حوالہ کیا جائے۔

[1][(2-اے) مدعا علیہ کی غیر موجودگی میں قاعدہ 1 یا 2 کے تحت جاری کردہ عارضی حکم امتناعی (interim injunction) عام طور پندرہ یوم (days) سے متجاوز نہیں ہوگا۔

لیکن شرط یہ ہے کہ ایسے حکم امتناعی میں مدعا علیہ پر اس کی تعمیل نہ ہو سکنے کی بناء پر توسیع کی جا سکتی ہے اس صورت میں کہ ایسی عدم تعمیل مدعی سے منسوب نہ کی جا سکتی ہو یا جب مدعا علیہ، حکم امتناعی کے لئے درخواست کے دفاع کے لئے وقت طلب کرتا ہے۔

(2-بی) قواعد یا 2 کے تحت جاری کردہ حکم امتناعی، فریقین کو سننے کے بعد یا مدعا علیہ کو نوٹس دیئے جانے کے بعد [2][ایک سال] کی مدت منقضی ہونے پر غیر موثر ہو جائے گا بجز اس کے کہ عدالت نے فریقین کو دوبارہ سننے کے بعد اور ایسی توسیع کے لئے قلم بند کردہ وجوہ کی بناء پر اس میں توسیع کر دی ہو۔

لیکن شرط یہ ہے کہ ایسی توسیع کی رپورٹ ہائی کورٹ کو پیش کی جائے گی۔

[3][مگر یہ بھی شرط ہے کہ نالش یا مقدمہ کو جلد ہی فیصلہ کیا جائے گا]۔

---

[1] قانون دیوانی (اصلاحات) ''2-اے، 2-بی'' کا ایکٹ نمبر 14 مجریہ 1994 کے تحت اضافہ ہوا۔

[2] لفظ ''چھ ماہ'' کی جگہ بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر 338/Rules XI-Y-20 مورخہ 20 اکتوبر، 2001ء کے تحت شامل ہوا۔

[3] فقرہ شرطیہ کو نوٹیفکیشن نمبر 338 قواعد نمبر 11 وائی 26، مورخہ 20 اکتوبر، 2001ء کے ذریعے اضافہ کیا گیا۔ پاکستان گزٹ میں 22 اکتوبر، 2001ء کو شائع ہوا صفحہ 1403-

Marfat.com

[1][2 سی]۔ حکم امتناعی یک نافرمانی یا خلاف ورزی کا نتیجہ: (1) کسی جاری کردہ حکم امتناعی یا دیگر حکم جو کہ قاعدہ نمبر 1 یا 2 کے تحت کیا گیا ہو، کی نافرمانی کی صورت میں یا کسی حکم امتناعی یا کسی دیگر حکم کی شرائط کی خلاف ورزی کی صورت میں جس کے لئے کارروائی یا نالش کو منتقل کیا گیا ہو تو اس قسم کی نافرمانی یا خلاف ورزی کرنے والے شخص کی جائیداد کی قرقی کا حکم جاری کیا جائے گا اور ایسے شخص کو قید خانہ میں قید کرنے کا حکم بھی دیا جائے گا جو کہ تین ماہ سے زائد نہ ہوگا جب تک عدالت اس دوران میں اس کی رہائی کا حکم نامہ جاری نہ کردے۔

(2) قاعدہ ہذا کے تحت کی گئی کوئی بھی قرقی ایک سال سے زائد عرصہ تک قابل نفاذ نہ رہے گی جس کے خاتمہ پر اگر نافرمانی/حکم عدولی یا خلاف ورزی جاری رہے تو ایسی قرق کردہ جائیداد کو فروخت کردیا جائے گا اور اس کی وصول کردہ رقم میں سے عدالت ایسا معاوضہ ادا کرے گی جو کہ عدالت کے مطابق مناسب وموزوں ہو جو کہ متضرر فریق کو دیا جائے گا اور باقی رقم کو اس فریق کو ادا کردیا جائے گا جو کہ اس کی حقدار ہوگا۔

**3. Before granting injunction Court todirect notice to opposite party.**

[2][ قاعدہ۔3- حکم امتناعی صادر کرنے سے پہلے عدالت فریق مخالف کو نوٹس دے گی: عدالت کو لازم ہے کہ تمام صورتوں میں حکم امتناعی جاری کرنے سے پہلے فریق ثانی کو درخواست کی اطلاع دینے کا حکم صادر کرے۔

مگر شرط یہ ہے کہ ماسوا اس صورت کے جو مقررہ وقت پر ادائیگی نہ ہونے کے باعث اشیاء کی نیلامی کی جائے، اس قرضہ کے بارے ہیں جس کے سبب اشیاء کسی بینک میں گروی (pledged) تھیں، ایسی صورت میں حکم امتناعی حکومت کے خلاف یا حکومت کے ملازم یا کسی آئینی اتھارٹی، بورڈ یا کارپوریشن جو حکومت کی جانب سے قائم کی گئی ہو یا قائم شدہ ہو، کے خلاف دیا جانا ہو کسی ایسے مقدمہ میں جو کسی شخص کے بے دخل کیے جانے سے متعلق نہ ہو یا کسی جگہ کے انہدام کے لئے ہو، عدالت کو اختیار ہے کہ ایسی صورت میں جب کہ یہ ظاہر ہو کہ حکم امتناعی کا مقصد دیر لگانے سے باطل ہو جائے گا، مذکورہ نوٹس دیئے بغیر کام چلائے۔

مزید شرط یہ ہے کہ اس رول کے تحت حکومت یا کوئی سرکاری ملازم یا آئینی ادارہ کوئی بورڈ یا کارپوریشن جو حکومت کی طرف سے قائم کیے گئے ہوں، انہیں کم از کم دو دن یا زیادہ سے زیادہ سات دن کا نوٹس دیا جانا چاہیے۔]

**4. Order of injunction may be discharged, varied or set aside.**

قاعدہ۔4- حکم امتناعی منسوخ، تبدیل یا واپس لیا جاسکتا ہے: ہر حکم امتناعی عدالت سے منسوخ یا تبدیل (varied) یا واپس کسی بھی فریق کی درخواست پر ہوسکتا ہے جو کہ اس حکم سے غیر مطمئن ہو۔

**4.A. Injunction to be cease to be inforce after certain period.**

قاعدہ۔4۔اے۔ مقررہ مدت کے بعد حکم امتناعی نافذ نہ رہے گا: ایسا حکم امتناعی جسے عدالت نے ایسے مقدمہ کی سماعت میں دیا ہو جس میں بااختیار افسر یا شخص کی طرف سے جاری کیے گئے حکم یا کی گئی کارروائی یا کیے گئے فعل کے جواز (validity) یا اس کے قانونی اثر پر اعتراض کیا گیا ہو اور جب کسی قانون جو آئین کے پہلے شیڈول کے حصہ اول میں درج ہے، کے تحت کوئی کام کیا گیا ہے یا یہ مطلب نکالا گیا

---

1. ضمنی رول (3) کو نوٹیفکیشن نمبر 338 قواعد نمبر 11 وائی 26، مورخہ 20 اکتوبر، 2001ء کے ذریعے حذف کردیا گیا۔ پاکستان گزٹ میں 22 اکتوبر، 2001ء کو شائع ہوا صفحہ نمبر 1403۔

2. ضمنی رول (2 سی) کا اضافہ نوٹیفکیشن نمبر 338 قواعد نمبر 11 وائی 26، مورخہ 20 اکتوبر، 2001ء کے ذریعے حذف کر دیا گیا۔ پاکستان گزٹ میں 22 اکتوبر، 2001ء کو شائع ہوا صفحہ نمبر 1403۔

Marfat.com

ہے کہ وہ کیا گیا ہے یا لیا گیا ہے یا اس کا تعلق سرکاری مالیات کی تشخیص اور وصولی سے ہے یا اس سے وابستہ ہے تو وہ جس دن جاری کیا گیا تھا اس سے (چھ ماہ) مکمل ہونے کے بعد سے اثر ہو گا لیا جائے گا بجز اس کے کہ عدالت کی طرف سے اس مدت سے پیشتر مقدمہ کا حتمی فیصلہ کر دیا جائے یا حکم امتناعی خارج یا منسوخ Set aside کر دیا جائے۔

تبدیل شدہ بروئے ضابطہ دیوانی (ترمیمی) آرڈیننس 1977ء (xxv ,77)

## تشریح Explanation

اس قاعدہ میں پبلک ریونیو میں ہر وہ بینک جو فیڈرل حکومت کی ملکیت میں ہوں اور کوئی کارپوریشن یا فیکٹری جو کہ فیڈرل حکومت یا صوبائی حکومت کے کنٹرول میں ہوں کے واجبات شامل ہیں۔

## قاعدہ 5- کارپوریشن پر حکم امتناعی کی اس کے افسران پر پابندی ہے:

جو حکم امتناعی کہ بنام کسی کارپوریشن کے ہو وہ نہ صرف اسی کارپوریشن پر واجب الاتباع Binding ہو گا بلکہ اس کے تمام شرکا اور عہدہ داروں پر بھی ہو گا جن کے ذاتی فعل کی امتناع Restrain اس سے مقصود ہو۔

# 2- احکام درمیانی

## قاعدہ 6- درمیانی نیلام کے حکم کا اختیار:

عدالت مجاز ہے کہ کسی فریق مقدمہ کی درخواست پر واسطے فروخت کرنے کسی جائیداد منقولہ کے جو اس مقدمہ میں متنازعہ فیہ ہو یا جو اس میں قبل فیصلہ قرق ہو گئی ہو اور جس کی جلد از خود خراب ہو جانے کا احتمال ہو یا جس کو اس معقول اور کافی وجہ decay Natural سے فوراً" فروخت کر ڈالنا مناسب معلوم ہو بموجب اس طریقہ اور بپابندی ان شرائط کے جو مناسب معلوم ہوں کسی شخص کے نام جس کا اس حکم میں مندرج ہو حکم صادر کرے۔

## قاعدہ 7- رکاوٹ حفاظت' معائینہ جائیداد متنازعہ:-

Marfat.com

1- عدالت کو بعد گزرنے درخواست کسی فریق مقدمہ کی اور پابندی ان شرائط سے مناسب معلوم ہوں اختیار ہے کہ:۔

(الف) واسطے روکے جانے Detention یا حفاظت یا معائنہ کسی جائیداد کے جو مقدمہ میں متنازعہ فیہ ہو یا جس کی نسبت اس میں کوئی سوال پیدا ہو سکتا ہو حکم صادر کرے۔

(ب) کل اغراض متذکرہ صدر یا ان میں سے کسی غرض کے لئے کسی شخص کو اختیار دے کہ کسی اراضی میں یا مکان مقبوضہ فریق ثانی مقدمہ مذکور میں یا اس کے اندر داخل ہو۔ اور

(ج) کل اغراض متذکرہ صدر یا ان سے کسی غرض کے لئے۔نمونہ حاصل کرنے کا اختیار دے یا یہ اختیار دے کہ حالات کا مطالعہ کرے یا ثبوت کامل کے حاصل کرنے کے لئے ایسا معائنہ یا امتحان کیا جائے جو ضروری یا قرین مصلحت Expedient معلوم ہو۔

2- احکام درباب Provisions اجرائے حکمنامہ تبدیل مراتب تبدیل طلب ان اشخاص سے بھی متعلق ہوں گے جن کو اس دفعہ کے تحت داخل ہونے کی اجازت ہو۔

## قاعدہ 8- درخواست بعد مدعا علیہ کو نوٹس دیئے جانے کے دی جائے:

1- جائز ہے کہ درخواست از طرف مدعی بغرض صادر ہونے حکم تحت قاعدہ 6 یا 7 کسی وقت بعد پہنچانے اطلاع تحریری پاس مدعا علیہ کے داخل کی جائے۔

2- جائز ہے کہ مدعا علیہ کی طرف سے درخواست واسطے جاری ہونے حکم قسم مذکور کے کسی وقت بعد حاضر ہونے سائل اور بعد پہنچائے جانے اطلاع نامہ تحریری مدعی کے پاس داخل کیا جائے:

## قاعدہ 9- کس صورت میں فریق کو اراضی وغیرہ متنازعہ فیہ پر فورا" قبضہ دلایا جا سکتا ہے:۔

جب اراضی مالگزار سرکار یا کوئی حقیقت Tenure قابل نیلام مقدمہ میں متنازعہ فیہ ہو اگر وہ شخص جو اراضی یا ملکیت یا حق ملکیت مذکور پر قابض ہو مالگزاری سرکار ادا نہ

Marfat.com

کرے یا حق ملکیت کے مالکان کو لگان واجب نہ دے یعنی جیسی صورت ہو اور اس اراضی یا حق ملکیت کے نیلام کا اس سبب سے حکم ہو جائے تو جائز ہے کہ کوئی اور فریق مقدمہ جو اراضی یا حق ملکیت مذکور میں کچھ استحقاق رکھنے کا دعویدار ہو زر مالگزاری یا زر لگان جس قدر نیلام سے پہلے واجب الادا ہو ادا کر کے (بادخال یابلا ادخال ضمانت جیسا عدالت تجویز کرے) فورا" اراضی یا حق ملکیت مذکور پر قبضہ دلایا جائے۔

اور عدالت کو اختیار ہے کہ اپنی ڈگری میں رقم ادا شدہ مذکورہ باقی ادار Defaulter کے ذمہ ڈالے معہ سود بموجب اس شرح کے جو عدالت کو مناسب معلوم ہو یا تصفیہ Adjustment حساب کے وقت' جس کے تصفیہ کا حکم ڈگری میں درج ہوا ہو رقم مذکور معہ اس قدر سود کے جو عدالت کو دلانا منظور ہو حساب میں مجرا دے۔

## قاعدہ 10- نقد یا دیگر شئے قابل حوالگی عدالت میں داخل کی جائے:

اگر مقدمہ میں شئے متنازعہ فیہ از قسم زر نقد ہو یا ایسی شئے ہو جو حوالہ ہو سکتی ہے اور کسی فریق مقدمہ کو تسلیم ہو کہ وہ اس زر نقد یا شئے پر بطور امانت دار Trustee دوسرے فریق کے قابض ہے یا یہ کہ کوئی اور شخص اس نقد یا شئے کا مالک ہے یا اس کی یافتنی ہے تو عدالت یہ حکم صادر کر سکتی ہے کہ وہ نقد یا شئے مذکور عدالت میں جمع کرائے یا فریق آخرالذکر بادخال ضمانت بپاندی کسی ہدایت آئندہ مصدرہ Direction عدالت کے حوالہ کی جائے۔

Marfat.com

# آرڈر 40

## Appointment of Receiver

## تقرر رسیور

**قاعدہ 1- تقرر رسیوران:۔**

1- جب عدالت بنظر انصاف و سہولت Convenient مناسب سمجھے تو اسے اختیار ہو گا کہ بذریعہ حکم:۔

(الف) کوئی رسیور کسی جائیداد کے لئے خواہ قبل یا بعد صادر ہونے ڈگری کرے تقرر Appoint کرے۔

(ب) جس شخص کے قبضہ یا حفاظت میں جائیداد مذکور ہو اس کے قبضہ یا حفاظت سے نکال لے۔

(ج) اس کو قبضہ یا حفاظت یا انتظام کے لئے رسیور مذکور کے سپرد کرے اور

(د) وہ تمام اختیارات درباب رجوع اور جواب دہی نالشات بغرض دستیابی اور انتظام اور حراست اور حفاظت اور ترقی جائیداد اور تحصیل زر کرایہ (یا لگان) اور منافع جائیداد اور اس کے صرف کرنے اور کسی کام میں لگانے کے درباب تحریر دستاویزات کے جو خود مالک کو حاصل ہوں یا ان میں سے وہ اختیارات جو عدالت کے نزدیک مناسب معلوم ہوں اس کو عطا کرے۔

2- اس دفعہ کی کسی عبارت سے عدالت کو یہ اختیار نہیں ہے کہ جس شخص کو کوئی فریق مقدمہ یا بالفعل موقوف Remove کرنے کا حق نہ رکھتا ہو اسی جائیداد کے قبضہ یا حراست سے علیحدہ کر دے۔

**قاعدہ 2- معاوضہ**

عدالت کسی حکم عام یا خاص کے ذریعہ سے کوئی رقم مقرر کر سکتی ہے جو رسیور کو



Marfat.com

بطور معاوضہ اس کی خدمت کے دی جائے گی۔

## قاعدہ 3- فرائض:

ہر رسیور کو جو اس طور پر مقرر کیا جائے لازم ہے کہ:۔
(الف) ضمانت اس قدر تعداد کی جو عدالت مناسب سمجھے اس اقرار کے ساتھ داخل کرے کہ جائیداد کی بابت جو کچھ وصول ہو اس کا حساب ضابطہ دے گا۔
(ب) اپنا حساب ایسے اوقات پر اور موافق ایسے نمونوں Forms کے مرتب کرے جس طرح عدالت ہدایت Direct کرے۔
(ج) جو باقی حساب کی رو سے برآمد ہو حسب ہدایت حوالہ کر دے اور۔
(د) اگر کچھ نقصان جائیداد کو اس کے قصور بالعمد یا غفلت اشد سے پہنچے Occasioned اس کا ذمہ دار ہے۔

## قاعدہ 4- رسیور کے فرائض کا نفاذ

اگر رسیور:۔
(الف) اپنا حساب وقت پر اور نمونہ مقرر کردہ عدالت پیش نہ کرے۔ یا
(ب) جو روپیہ اس کے ذمہ باقی نکلے حسب ہدایت اپنا حوالہ نہ کرے - یا
(ج) جائیداد کو اپنے قصور بالعمد یا غفلت اشد سے کوئی نقصان پہنچائے۔

تو عدالت کو اختیار ہے کہ اس کی جائیداد قرق اور نیلام کرا دے اور جو روپیہ نیلام سے وصول ہو اس سے وہ روپیہ مجرا Make good کر لے جو اس کے ذمہ نکلے یا جتنے کا نقصان کہ اس نے کیا ہو اور زر باقی رسیور کے حوالہ کرے۔

## قاعدہ 5- کلکٹر کس صورت میں رسیور ہو گا:

اگر جائیداد مذکور اراضی مالگزار سرکار یا ایسی راضی ہو جس کی مالگزاری منتقل Redeemed کی گئی ہو بالعوض معاوضہ کے چھوڑ دی گئی ہو اور عدالت کے نزدیک جائیداد صاحب کلکٹر کے زیر اہتمام رہنے سے فریقین کا فائدہ متصور ہو تو عدالت مجاز ہو گی کہ صاحب کلکٹر کو ان کی رضامندی سے جائیداد مذکور کا رسیور مقرر کرے۔

Marfat.com

# آرڈر 41

## Appeal from original decrees

## اپیل از ڈگریات ابتدائی

### قاعدہ 1- یاد داشت اپیل کے ساتھ کون چیزیں داخل ہونا چاہئیں:۔

1- ہر اپیل بطور ایک میمورینڈم یعنی یاد داشت کے جس پر اپیلانٹ یا اس کے وکیل کے دستخط ہوں گے عدالت یا اس کے مقرر کردہ عہدہ دار کے سامنے پیش ہوگا اور اس کے ساتھ نقل ڈگری کی جس کی اپیل ہو اور اگر عدالت اپیل اس سے درگزر نہ کرے تو نقل فیصلہ کی جس پر وہ مبنی ہو داخل کرنی چاہیے۔

### میمورینڈم کے مندرجات !

2- اس یاد داشت Memorandum میں وجوہات ناراضی اس ڈگری جس کی نسبت اپیل ہو یہ عبارت مختصر اور دفعہ دار یا بلا کسی حجت کے لکھی جائیں گی اور وجوہات مذکور پر نمبر سلسلہ وار Consecutively ثبت ہوگا۔

### قاعدہ 2- وجوہات اپیل:

اپیلانٹ کو لازم ہے کہ بلا اجازت عدالت Leave of Court کے کوئی ایسی وجہ ناراضی کی بیان نہ کرے نہ کسی ایسی وجہ کی تائید میں اس کا بیان سماعت کیا جائے گا جو یاد داشت اپیل میں بیان نہ کی گئی ہو لیکن عدالت اپیل کے فیصل کرنے میں انہی وجوہ کی پابند نہ ہوگی جو یاد داشت اپیل میں بیان کی گئی ہوں یا جو اس قاعدہ کی رو سے عدالت کی اجازت سے پیش کی گئی ہوں مگر شرط یہ ہے کہ عدالت اپیل اپنی تجویز کسی دوسری وجہ پر قائم نہ کرے گی الا اس حال میں کہ اس فریق کو جس کے خلاف فیصلہ ہو موقع کافی مقدمہ



Marfat.com

کی نسبت اس وجہ پر جواب دینے کا مل چکا ہو۔

**قاعدہ 3- نامنظوری یا ترمیم یادداشت میں:۔**

1- اگر یادداشت اپیل اس طور پر جو کہ قبل ازیں بیان کیا گیا ہے مرتب نہ ہو تو جائز ہے کہ نامنظور کی جائے یا اپیلانٹ کو اس واسطے واپس کی جائے کہ اس کی ترمیم عدالت کی مقرر کردہ معینہ مدت کے اندر ہو یا اس جگہ اور اسی وقت اس کی ترمیم کی جائے گی۔

2- جب کہ عدالت کسی یاد داشت Memorandum کو نامنظور کرے تو اس کو وجوہ نامنظور کی قلمبند کرنی ہوگی۔

3- جب کوئی یادداشت اپیل ترمیم کی جائے توجج یا وہ عہدہ دار جس کو جج اس کام کے لئے مقرر کرے عبارت ترمیمی Amendment پر اپنے دستخط کرے گا۔

**قاعدہ 4- کئی مدعیان یا مدعا علیہم میں ایک تمام ڈگری کو منسوخ کرا سکتا ہے جب کہ موجبات تمام کے لئے مشترکہ ہوں**

اگر کسی مقدمہ میں چند مدعی یا مدعا علیہ ہوں اور ڈگری جس کا کہ اپیل ایسی وجہ پر مبنی ہو جو تمام مدعیان یا مدعا علیہم پر یکساں موثر ہو تو کوئی شخص مدعیان یا مدعا علیہم کے کل ڈگری کی نسبت اپیل کر سکتا ہے اور اس کے باعث عدالت مجاز ہوگی کہ ڈگری کو کل مدعیان یا مدعا علیہم کے حق میں جیسی کہ صورت ہو منسوخ یا ترمیم کرے۔

## Stay of proceedings & of Execution

## التوا اجرائے ڈگری اور التواء کارروائی

**قاعدہ 5- عدالت اپیل کی طرف سے التوا**

1- کارروائی کسی ڈگری یا حکم کی جس کی ناراضی سے اپیل دائر ہوا ہو اپیل کی وجہ سے ملتوی ہو جائے گی سوائے اس کے جیساکہ عدالت اپیل حکم دے نہ صرف اجرا کسی ڈگری کا صرف اس وجہ سے ملتوی کیا جائے گا کہ اس ڈگری کی عذر داری کی

Marfat.com

وجہ سے اپیل دائر ہوا گر عدالت اپیل مجاز ہوگی کہ در صورت پائے جانے معقول وجہ sufficient (cause) کے حکم التواء نسبت اجراء ڈگری مذکور کے صادر کرے۔

(2) عدالت صادر کنندہ ڈگری کی طرف سے التواء: اگر درخواست التواء اجرائے ڈگری قابل اپیل کی قبل انقضائے (expiration) معیاد کے جوار جاع اپیل کے واسطے معین ہے، گزرے عدالت صادر کنندہ ڈگری کو اختیار ہوگا کہ در صورت پیش ہونے وجہ موجہ کے اجراء کو ملتوی رکھے۔

(3) کوئی حکم ضمنی قاعدہ (1) یا (2) کے صادر نہ کیا جائے گا الا اس حال میں کہ عدالت کو اطمینان ہو کہ:۔

(اے) جو فریق التواء اجرائے ڈگری کی درخواست کرے اس کو در صورت نہ ہونے حکم التواء کے ضرر واقعی (substantial loss) پہنچے گا اور۔

(بی) درخواست بلا تاخیر نا مناسب کے گزری ہے اور۔

(سی) سائل نے واسطے تعمیل قرار واقعی اس ڈگری یا حکم کے جو بالاثر اس کے ذمہ واجب التعمیل ہوسکتا ہے، ضمانت داخل کر دی ہے۔

(4) باوصف مضمون ضمنی قاعدہ کے عدالت دوران سماعت درخواست میں حکم یکطرفہ (ex-parte) نسبت التوائے اجرائے ڈگری کے صادر کر سکتی ہے۔

شرح

ڈگری برائے تعمیل مختص: ہائیکورٹ نے مدعا علیہ کی درخواست برائے التوا کارروائی اجراء مسترد کر دی جبکہ مدعی نے یہ ذمہ داری لی کہ اپیل منظور ہونے کی صورت میں وہ مکان خالی کر دے گا اور اس کا قبضہ مدعی کے حوالہ کر دے گا۔ ایسی گارنٹی مدعا علیہ کے حق کی حفاظت ہے۔ اس لئے ہائیکورٹ کے حکم میں کوئی قانونی سقم نہیں درخواست برائے اپیل خارج کر دی گئی۔ (1994ء ایس سی ایم آر 386) سپریم کورٹ کے حکم التوا کے باوجود دعویٰ ڈگری ہوا۔ دعوی کو مسترد کرنے کے حکم کو ہائیکورٹ نے نگرانی میں منسوخ کر دیا اور مقدمہ کو دوبارہ فیصلہ کیلئے ریمانڈ کر دیا۔ سپریم کورٹ نے درخواست برائے اپیل منظور کرتے وقت مقدمہ کی سماعت کو Stay کر دیا۔ سپریم کورٹ کے حکم کی اطلاع ابتدائی عدالت کو نہیں ہوسکی۔ اور عدالت نے ہائیکورٹ کی ہدایات کی روشنی میں مدعی کے حق میں دعوی ڈگری کر دیا۔ قرار دیا گیا کہ ماتحت عدالتیں لاعلمی کی بنا پر اعلی عدالتوں کے فیصلوں کو غیر مؤثر یا کالعدم نہیں کر سکتیں۔ (1992ء ایس سی ایم آر 127)

Marfat.com

**6-Security in case of order for execution of decree appealed from.**

**قاعدہ6- اجرائے کے لئے ضمانت اگر ڈگری کے حکم کے خلاف اپیل کی گئی ہو:** (1)جب کوئی حکم واسطے اجراء ایسی ڈگری کے صادر ہو جس کی اپیل دائرہ ہو اور اپیلانٹ وجہ کافی بیان کرے تو عدالت صادر کنندہ ڈگری کو لازم ہوگا کہ بمراد اطمینان واپسی اس جائیداد کے جو صیغہ اجرائے اپنے ڈگری میں لی جائے یا لے لی گئی ہو یا اطمینان ادائے مالیت جائیداد مذکور کے اور نیز واسطے تعمیل (due performance)واقعی ڈگری یا حکم عدالت اپیل کے ضمانت طلب کرے یا عدالت اپیل مجاز ہوگی کہ ویسی ہی وجہ اس عدالت کو جس نے ڈگری صادر کی تھی ضمانت لینے کی ہدایت کرے۔

(2)اس صورت میں کہ بعلت اجرائے ڈگری کے حکم نیلام جائیداد وغیرہ منقولہ کا ہو چکا ہو اور اس ڈگری کا اپیل دائر ہو تو مدیون ڈگری کی درخواست پر جو عدالت صادر کنندہ حکم مذکور میں گزارنے تو نیلام فیصلہ اپیل ان شرائط پر ملتوی رہے گا جو درباب ادخال یا عدم ادخال ضمانت عدالت صادر کنندہ ڈگری کے دانست میں مناسب ہوں۔

**7-No security to be required from the Government or a public officer in certain cases.**

**قاعدہ7- سرکار یا عہدہ دار سرکار سے ضمانت نہ لی جائے گی:** بروئے آرڈر (اےاو) 1937ءمنسوخ ہوا۔

**8-Exercise of powers in appeal from order made in execution of decree.**

**قاعدہ8- نفاذ اختیارات اپیل مصدرہ حکم اجرائے ڈگری میں:** جو اختیارات کہ قواعد 5اور6 کی رو سے ملے ہیں ان کا عمل درآمد اس صورت میں بھی ہوسکتا ہے جب کہ اپیل مذکورہ ڈگری کے خلاف نہیں بلکہ کسی ایسے حکم کے خلاف جو مذکورہ ڈگری کے اجراء کے لئے دیا گیا ہو، کی گئی ہو۔

بشرطیکہ جب یہ اپیل مدیون ڈگری کی جانب سے کی گئی ہو اسے لازماً کرنا ہوگا تاوقتیکہ عدالت کی یہ رائے نہ کہ بادی النظر میں اپیل ایسی ہے جسے ضرور کامیاب ہونا چاہئے۔ بہ سبب ایک واضح غلطی کے جو کہ ریکارڈ سے ظاہر ہے:۔

(اے) رقم کی ادائیگی کی صورت میں ڈگری کی رقم جمع کرانا یا اس کی ادائیگی کے لئے ضمانت

Marfat.com

دینا۔اور

(بی) کسی دیگر قسم کی ڈگری کی صورت میں ڈگری کی تعمیل کے لئے موزوں ضمانت داخل

## Procedure on admission of appeal

## ادخال اپیل پر ضابطہ

**9-Registery of memorandum of appeal.**

قاعدہ 9- ادخال اپیل:(1) جب یادداشت اپیل ہو کر منظور ہو جائے تو عدالت اپیل یا عہدہ دار مجاز اس عدالت کا تاریخ داخلہ اس کی ظہر پر ثبت Endorse کرے گا اور اپیل مذکور کتاب رجسٹر میں اس امر کے واسطے مرتب رہے گی، داخل کرے گا۔

(9) اپیلوں کا رجسٹر: کتاب مذکور رجسٹر اپیل کہلائے گی۔

**10-Appellate Court may require appellant to furnish security for costs.**

قاعدہ 10- عدالت اپیل اپیلانٹوں سے خرچہ اپیل کی ضمانت طلب کرے گی:(1) عدالت اپیل کو اس بات کا اختیار ہوگا کہ اپنی رائے کے موافق قبل طلبی رسپانڈنٹ واسطے اخصار وجواب دہی کے یا بعد ازاں رسپانڈنٹ کی درخواست پر اپیلانٹ سے ضمانت واسطے ادائے خرچہ اپیل یا خرچہ مقدمہ یا دونوں کے طلب کرے۔

جہاں اپیلانٹ پاکستان سے باہر رہتا ہو: مگر شرط یہ ہے کہ عدالت مذکور ان کل مقدمات میں ضمانت طلب کرے گی جن میں اپیلانٹ ساکن پاکستان کا ہو اور کافی جائیداد غیر منقولہ پاکستان کے اندر علاوہ اس جائیداد کے جس سے وہ اپیل متعلق ہے نہ رکھتا ہو۔

(2) اگر عدالت کی مقرر کردہ معیاد میں ضمانت نہ داخل کی جائے تو عدالت اپیل کو نامنظور کرے گی۔

**11-Power to dismiss appeal without sending notice to lower Court.**

قاعدہ 11- اپیل بغیر عدالت ماتحت کو مطلع کئے خارج ہوسکتا ہے:(1) عدالت اپیل کو اختیار ہے کہ بعد طلب کرنے مثل کے اگر مناسب سمجھے اور بعد مقرر کرنے ایک تاریخ واسطے سماعت

Marfat.com

...رات اپیلانٹ یا اس کے وکیل کے اور اگر وہ اس تاریخ پر حاضر ہو تو اس کے عذرات سن کر بغیر بھیجے اپیل ...عدالت مذکور اور بغیر جاری کرنے اطلاع نامہ بنام رسپانڈنٹ یا اس کے وکیل کے اپیل خارج کر دے۔

(2) اگر بروز مقررہ یا اس تاریخ کو جس پر پیشی ملتوی کی گئی ہو، اپیلانٹ بوقت سماعت اپیل حاضر نہ ہو تو عدالت اپیل کو خارج (dismiss) کر سکتی ہے۔

(3) اطلاع اس دفعہ کے تحت اپیل خارج ہونے کی اس عدالت میں کی جائے گی جس کی ڈگری کے خلاف اپیل دائر ہوا ہو۔

**قاعدہ 12- تاریخ سماعت اپیل (Day for hearing appeal)**:(1) عدالت اپیل بجز اس صورت کے کہ اپیل حسب قاعدہ 11 خارج کیا جائے واسطے سماعت اپیل کے ایک تاریخ مقرر کرے گی۔

(2) تاریخ مذکور بلحاظ روز مرہ عدالت اور مسکین رسپانڈنٹ اور اس مدت کے جو واسطے اجرائے اطلاع نامہ اپیل کے ضرورت ہو مقرر ہوگی تاکہ رسپانڈنٹ کو بتاریخ معینہ حاضر ہونے اور اپیل کی جواب دہی کرنے کے لئے مہلت کافی (sufficient time) ملے۔

**13-Appellate Court to give notice to Court whose decree appealed from.**

**قاعدہ 13- اس عدالت کو اطلاع جس کی ڈگری کی ناراضی سے اپیل دائر ہوا ہو**:(1) اگر اپیل حسب قاعدہ 11 خارج نہ ہو تو عدالت اپیل کو لازم ہے کہ اس عدالت کو اطلاع اپیل کی کرے جس کی ڈگری ناراضی (Preferred) سے اپیل ہوا ہو۔

(2) اگر اپیل کسی ایسی عدالت کی ڈگری سے ہو جس کے کاغذات عدالت اپیل میں نہ رہے ہوں تو اس عدالت کو جس میں کہ یہ اطلاع مذکور بھیجی گئی ہو لازم ہے کہ بعد وصول اطلاع جہاں تک جلد ممکن ہو جن کاغذات ضروری مقدمہ یا ایسے کاغذات جن کی نسبت عدالت اپیل سے طلبی خاص ہوئی، عدالت اپیل میں مرسل (send) کرے۔

(3) فریقین میں سے کوئی فریق درخواست تحریری اس عدالت میں جس کی ڈگری کی ناراضی سے اپیل ہوا ہو، گزران سکتا ہے باندراج تصریح ان کاغذات مذکور کے جن کی وہ نقل چاہتا ہے اور نقول ان

Marfat.com

کاغذات کے بصرف (expenses) سائل مرتب ہو کر سائل کو دی جائیں گی۔

**14-Publication and service of notice of day for hearing appeal.**

قاعدہ 14- تشہیر اور تاریخ سماعت کے نوٹس کی تعمیل: (1) اطلاع نامہ بہ تعین اس تاریخ کے جو قاعدہ نمبر 12 کی رو سے مقرر کی گئی ہو محکمہ میں اپیل میں آویزاں کیا جائے گا اور اسی مضمون کا اطلاع نامہ محکمہ اپیل سے اس محکمہ میں مرسل ہوگا جس کی ڈگری کی ناراضی اسے اپیل ہوا ہو اور اطلاع نامہ مذکور رسپانڈنٹ یا اس کے وکیل کو متعلقہ عدالت اپیل میں بطریق دیے جانے کسی مدعا علیہ کو سمن برائے حاضری وجواب دہی جاری ہوگا اور کل قواعد جو سمن مذکور اور کارروائی متعلقہ تعمیل سمن سے متعلق ہیں اطلاع نامہ مذکور کی تعمیل سے بھی متعلق ہوں گے۔

عدالت اپیل نالش کی خود تعمیل کرا سکتی ہے: بجائے (instead) اس کے کہ اطلاع نامہ اس عدالت میں بھیجا جائے جس کی ڈگری کی ناراضی سے اپیل ہوا ہو، عدالت اپیل مجاز ہے کہ اطلاع نامہ خود رسپانڈنٹ یا اس کے وکیل پر بموجب قواعد متذکرہ بالا کے جاری کرائے۔

قاعدہ 15- اطلاع نامہ کا مضمون (Contents of notice): اطلاع نامہ بنام رسپانڈنٹ مشعر (declare) اس بات کے ہوگا کہ اگر وہ بتاریخ معینہ برائے سماعت اپیل عدالت اپیل میں حاضر نہ ہوگا تو اپیل یکطرفہ *(ex parte)* سنایا جائے گا۔

## Procedure on Hearing

## کارروائی وقت سماعت

قاعدہ 16- شروع کرنے کا حق **(Right fo begin)**: (1) تاریخ مقررہ پر یا کسی اور تاریخ کو جس پر سماعت مقدمہ ملتوی کی گئی ہو اپیلانٹ کے عذرات بتائید (In support) اپیل سنے جائیں گے۔

(2) تب عدالت اگر اس وقت اپیل ڈسمس کرنا مناسب نہ سمجھے عذرات رسپانڈنٹ کو برخلاف اپیل سماعت کرے گی اور اس صورت میں اپیلانٹ جواب دینے کا مستحق ہوگا۔

Marfat.com

**17-Dismissal of appeal for appellent's default.**

**قاعدہ 17- اخراج اپیل بعدم پیروی:** (1) اگر تاریخ مقررہ پر یا کسی دوسری تاریخ پر جب کہ مقدمہ کی سماعت ملتوی رکھی گئی ہو اپیلانٹ بوقت سماعت اپیل حاضر نہ ہو تو اپیل خارج کیا جائے گا۔

(2) **سماعت یکطرفہ:** اپیلانٹ حاضر ہو اور رسپانڈنٹ حاضر نہ ہو تو اپیل کی سماعت یکطرفہ ہوگی۔

**18-Dismissal of appeal where notice not served, in conequence of appellants's failure to deposit costs.**

**قاعدہ 18- خارج کیا جانا اپیل کا اگر اطلاع نامہ اس وجہ سے جاری نہ ہوا ہو کہ اپیلانٹ نے خرچہ نہ داخل کیا ہو:** اگر تاریخ مقررہ پر یا کسی دوسری تاریخ پر جس تک مقدمہ کی سماعت ملتوی رکھی گئی ہو یہ دریافت Found ہو کہ اطلاع نامہ بنام رسپانڈنٹ اس وجہ سے نہیں جاری کیا گیا کہ اپیلانٹ نے معیانہ معینہ Fixed عدالت کے اندر اجراء اطلاع نامہ کا خرچ مطلوبہ داخل نہیں کیا تو عدالت کو یہ حکم دینا جائز ہے کہ اپیل خارج ہو:۔

مگر شرط یہ ہے کہ باوجود (although) اس کے کہ اطلاع نامہ رسپانڈنٹ پر تعمیل نہ ہوا ہو ایسا حکم اس صورت میں صادر نہ ہوگا رسپانڈنٹ بتاریخ مذکور وقت سماعت حاضر ہوا ہو۔

**19-Re-admission of appeal dimissed for default.**

**قاعدہ 19- عدم پیروی کی بناء پر خارج کی گئی اپیل کی بحالی:** (1) اگر اپیل قاعدہ 11 ضمنی قاعدہ (2) یا قاعدہ 17 یا 18 کے بموجب ڈسمس ہوا، اپیلانٹ مجاز ہوگا کہ واسطے ادخال ثانی اپیل کے عدالت اپیل میں درخواست گزارنے اور اگر ثابت ہو کہ جب اپیل واسطے سماعت کے پیش ہوا تھا اس وقت حاضر ہونے یا جو خرچہ کہ حسب مرقومہ بالا مطلوب تھا اس کے داخل کرنے سے وہ بوجہ موجہ Sufficient cause معذور Prevented تھا تو جائز ہے کہ عدالت مذکور ادخال ثانی اپیل کا ایسی شرائط پر دربارب ادائے یا عدم ادائے خرچہ کے جو عدالت اپیلانٹ پر عائد کرنا مناسب جانے، منظور کرے۔

Marfat.com

¹ [(2) قانون معیاد سماعت، 1908ء (IX بابت 1908ء) کی دفعہ 5 کی شرائط برائے بازادخال اپیل جو قاعدہ 11 کے ذیلی قاعدہ (2) یا قاعدہ 17 کے ذیلی قاعدہ (1) کے تحت جاری کی ہو، اطلاق پذیر ہوں گی۔]

**20-Power to adjourn hearing and direct persons appearing interested to be made respondents.**

قاعدہ 20- جو اشخاص نتیجہ اپیل سے غرض رکھتے ہوں رسپانڈنٹ بنائے جاسکتے ہیں: اگر اپیل کی سماعت کے وقت عدالت کو دریافت ہو کہ کوئی شخص جو اس عدالت میں فریق مقدمہ تھا جس کی ڈگری کی ناراضی سے اپیل ہوا ہے۔ لیکن اس اپیل میں فرق نہیں کیا گیا ہے وہ اپیل کے نتیجہ میں کچھ غرض رکھتا ہے تو عدالت مجاز ہوگی کہ اپیل کی سماعت ایک تاریخ آئندہ پر ملتوی رکھے جو عدالت کی رائے سے مقرر ہوگی اور شخص مذکور کے رسپانڈنٹ کئے جانے کا حکم Direct دے۔

**21-Re-hearing on application of respondent against whom *ex parte* decree made.**

قاعدہ 21- جس مسؤل الیہ کے خلاف ڈگری یکطرفہ صادر کی گئی ہو، اس کی درخواست پر اپیل کی دوبارہ سماعت: (1) جب بغیر حاضری رسپانڈنٹ کے اپیل یکطرفہ (exparte) سماعت ہو اور فیصلہ خلاف مراد اس کے صادر کیا جائے تو وہ مجاز ہے کہ عدالت اپیل میں اپیل کے از سر نو سماعت کئے جانے کی درخواست کرے اور اگر عدالت کو مطمئن کردے کہ اطلاع نامہ اس پر حسب ضابطہ جاری نہیں ہوا تھا کہ وہ بوجہ کافی بروقت سماعت اپیل عدالت میں حاضر ہونے سے معذور تھا تو عدالت مجاز ہے کہ اپیل کی از سر نو سماعت ایسی شرائط پر کرے جو درباب دلائے یا نہ دلانے خرچہ کے رسپانڈنٹ پر عائد (impose) کرنی اس کی دانست میں مناسب ہوں۔

[(2) قانون معیاد سماعت، 1908 (IX بابت 1908ء) کی دفعہ 5 کی شرائط ذیلی قاعدہ (1) کے تحت درخواستوں پر اطلاق پذیر ہوں گی۔]

**22-Upon hearing respondent may object to decree as if he had preferred separate appeal.**

قاعدہ 22- سماعت کے بعد رسپانڈنٹ کی عذرداری مانند الگ اپیل کے بھی

---

¹ ذیلی دفعہ (2) کا ضابطہ فوجداری (ترمیمی) ایکٹ نمبر 5 مجریہ 1950ء کے تحت اضافہ ہوا۔

Marfat.com

جائے گی:(1) گو کہ رسپانڈنٹ نے ڈگری کے کسی جزو کی ناراضی سے اپیل نہ کیا ہوتا ہم وہ مجاز ہے کہ نہ صرف تائید ڈگری کی کسی عذر منجملہ ان عذرات کے کرے جن کی نسبت تجویز عدالت ماتحت نے اس کے خلاف کی ہو نسبت ڈگری کے وہ عذر بطور اپیل کر سکتا تھا، پیش کرے بشرطیکہ اس نے عذر داری ایک مہینہ کے اندر اس تاریخ سے جب کہ اس پر یا اس کے وکیل پر اطلاع نامہ پیشی اپیل ہوئی ہو یا کسی معیاد مزید کے اندر جو عدالت کی طرف سے مقرر ہوگئی ہو، عدالت اپیل میں کر دی۔

(2) اعتراضات کے فارم اور اس کے متعلق پابندیاں: مضمون (Cross-objection) بطور یادداشت (Memorandum) کے ہوگا اور احکام قاعدہ 1 جہاں تک کہ وہ یادداشت کے نمونہ اور مضمون سے متعلق ہیں ان عذرات سے بھی متعلق ہوں گے۔

(3) تاوقتیکہ رسپانڈنٹ عذرداری کے ساتھ رسید تحریری اس فریق کی جس کو عذرداری سے اثر پہنچے یا اس کے وکیل کی اس مضمون سے کہ نقل عذرداری (objection) کی اس کو پہنچ گئی نہ داخل کرے عدالت اپیل بعد ادخال عذرداری کے جس قدر جلد ممکن ہو نقل مذکور فریق مذکور یا اس کے وکیل پر رسپانڈنٹ کے خرچ سے تعمیل کرائے گی۔

(4) جس صورت میں کہ رسپانڈنٹ اس دفعہ کے بموجب عذرداری داخل کرے مگر اصل اپیل اٹھالیا جائے یا عدم پیروی (In default) میں خارج ہو جائے تو عذرداری مذکور بعد دینے اطلاع دیگر فریقوں کو اگر عدالت اس کی ضرورت دیکھے باوصف اس کے بھی سنی جائیں گی و رتصفیہ پائے گی۔

(5) جو دفعات کہ اپیل مفلسانہ (Pauper) سے متعلق ہیں جہاں تک ممکن ہوگا ایسی عذرداری سے بھی تحت قاعدہ ہذا متعلق ہوں گی۔

**23- Remand of case by Appellate Court.**

**قاعدہ 23- واپس مقدمہ از طرف عدالت اپیل:** اگر اس عدالت نے جس کی ڈگری کا اپیل ہو نالش کو کسی امر ابتدائی پر فیصل کیا ہو اور ڈگری اپیل میں منسوخ ہو جائے تو عدالت اپیل مجاز ہے کہ اگر مناسب سمجھے مقدمہ کی واپسی کا حکم صادر کرے نیز یہ کہ کس تنقیح یا تنقیحات کی تجویز مقدمہ واپس شدہ میں کی جائے گی اور عدالت اپیل ایک نقل اپنے فیصلہ اور حکم کی اس عدالت میں بھیجے گی جس کی ڈگری کی ناراضی سے اپیل ہوا ہو اس ہدایت سے کہ مقدمہ کو شامل کرکے نمبر سابق رجسٹر نالشات دیوانی میں قائم کیا جائے اور

Marfat.com

تحقیقات عمل میں آئے اور جو شہادت کہ تجویز ابتدائی میں قلمبند کی گئی ہو وہ برعایت (Subject)
مستثنیات جائز کے مقدمہ میں واپس شدہ کی شہادت سمجھی جائے گی۔

**4-Where evidence on record sufficient, Appellate Court may determine case finally.**

قاعدہ 24- مثل پر شہادت کافی ہونے پر عدالت اپیل قطعی فیصلہ کر سکتی ہے:
کہ شہادت موجودہ مثل میں اس بات کے واسطے کافی ہو کہ عدالت اپیل فیصلہ صادر کر سکے تو عدالت اپیل
از سر نو قرار دینے امور تنقیحی کے اگر ضروری ہوں مقدمہ کی نسبت تجویز ناطق صادر کر سکتی ہے گویا فیصلہ
عدالت کا جس کی ڈگری کی ناراضی سے اپیل ہوا ہو بالکل کسی اور بنیاد پر بجز اس کے جس پر کہ عدالت اپیل
نے فیصلہ کیا تھا مبنی ہو۔

**25-Where Appellate Court may frame issues and refer them for trial to Court whose decree appealied from.**

قاعدہ 25- کس حال میں عدالت اپیل تنقیحات مقرر کر کے اس عدالت میں بھیجے
گی جس کی ڈگری کی ناراضی سے اپیل ہوا ہو: اگر عدالت نے جس کی ڈگری کی ناراضی سے اپیل
ہوا ہو کسی ایسے امر کو تنقیح طلب قرار نہ دیا ہو یا تصفیہ اس کا نہ کیا ہو یا تجویز کسی ایسے امر واقعہ کی نہ کی ہو
عدالت اپیل کے نزدیک واسطے اصدار فیصلہ مناسب (essential) نسبت روئیداد مقدمہ کے ضروری ہو
عدالت اپیل مجاز ہے کہ اگر ضرورت سمجھے امور تنقیح طلب مرتب کر کے ان کو اس عدالت میں تجویز کے لئے
مرسل کرے جس کی ڈگری کی ناراضی نے اپیل ہوا ہو اور ایسی صورت میں اس عدالت کو شہادت زائد مطلوب
لینے کی ہدایت کرے گی۔

اور عدالت مذکور کو لازم ہے کہ امور تنقیح طلب کی تجویز میں مصروف ہو اور اس کی نسبت اپنی
تجویز Finding معہ وجوہ تجویز اور شہادت مذکور کو عدالت اپیل میں ارسال کرے۔

**26-Finding and evidence to be put on record-Objections to finding.**

قاعدہ 26- شہادت وتجاویز مثل میں شامل ہوں گی: (1) وہ شہادت اور تجویز مثل مقدمہ
میں شامل کی جائے گی اور فریقین میں سے ہر ایک مجاز ہے کہ مابین اس معیاد کے جو کہ عدالت اپیل نے مقرر
کی ہو ایک یاد داشت عذرات Memorandum of objection کی نسبت تجویز مذکور کے داخل

Marfat.com

کرے۔

فیصلہ اپیل:(2) بعد ختم ہونے پر اس معیاد کے جوایسی یادداشت کے داخل کرنے کے لئے مقرر ہو، عدالت اپیل کولازم ہے کہ اپیل کے فیصلے کے لئے کارروائی کرے۔

**27-Production of additional evidence in Appellate Court.**

**قاعدہ 27- شہادت مزید عدالت اپیل میں:** (1) فریقین اپیل مجاز نہ ہوں گے کہ عدالت اپیل میں شہادت جدید خواہ زبانی ہو خواہ دستاویزی پیش کریں۔لیکن:۔

(اے) اگر اس عدالت نے جس کی ڈگری کی ناراضی سے اپیل ہوا ہوایسی شہادت کے لینے سے انکار کیا ہو جو لینی چاہیے تھی۔یا

(بی) اگر عدالت اپیل واسطے صادر کرنے فیصلہ یا کسی اور وجہ موجہ (substantial cause) سے گزرنا کسی دستاویز کا پالیا جانا اظہار کسی گواہ کا ضروری سمجھے۔

تو عدالت اپیل اس بات کی مجاز ہوگی کہ شہادت مذکور کے پیش کرنے یا دستاویز کو لئے جانے یا گواہ کے اظہار لئے جانے کی اجازت دے۔

(2) جب شہادت مزید کو عدالت اپیل منظور کرے تو وجہ منظور کی قلمبند کرے گی۔

**28-Mode of taking additional evidence.**

**قاعدہ 28- مزید شہادت لینے کا طریقہ:** جب شہادت زائد پیش کرنے کی اجازت ہو تو عدالت اپیل کو اختیار ہے کہ وہ خود شہادت مذکور لے یا اس عدالت کو جس کی ڈگری کا اپیل ہوا یا کسی اور عدالت ماتحت کو حکم دے کہ وہ اس شہادت کو لے اور جب ختم ہو جائے تو عدالت اپیل میں بھیج دے۔

**29-Points to be defined and recorded.**

**قاعدہ 29- نکات کی تعریف کی جائے اور تحریر کئے جائیں:** جب شہادت مزید پیش کرنے کا حکم یا اجازت ہو تو عدالت اپیل تخصیص (Specify) امور شہادت طلب کی کردے گی اوران کو اپنی کارروائی میں مذکور تخصیص کو قلمبند کرلے گی۔

Marfat.com

# Judgment in Appeal

# فیصلہ عدالت اپیل

**Judgment when and where pronounced.**

قاعدہ 30- فیصلہ سنانے کا وقت اور مقام: عدالت اپیل کو لازم ہے کہ بعد سماعت عذرات فریقین یا ان کے وکلاء کے اور بعد بلاحظہ کسی جزو کاروائی کے جو کہ بصیغہ اپیل ہو یا اس عدالت میں ہوئی جس کی ڈگری کا اپیل کیا گیا اور جس کا ملاحظہ ضروری متصور ہو، اپنا فیصلہ سر اجلاس اسی وقت یا کسی تاریخ مابعد جس کی اطلاع فریقین یا ان کے وکلاء کو دی جائے گی، سنائے۔

**1.Contents, date and signature of judgment:**

قاعدہ 31- فیصلے کے مضامین، تاریخ اور دستخط: فیصلہ عدالت اپیل کا تحریر (writing) ہوگا اور اس میں امور ذیل مندرج ہونا چاہیے:۔

(اے) امور تجویز طلب (determination)

(بی) فیصلہ نسبت امور تجویز طلب۔

(سی) وجوہات متعلق فیصلہ اور۔

(ڈی) جس حال میں کہ ڈگری عدالت ماتحت کی اپیل میں منسوخ یا ترمیم (varied) کی جائے تو وہ دادرسی جس کا کہ اپیلانٹ (appellent) مستحق ہے۔

اور جس وقت کا فیصلہ سنایا جائے اس پر تاریخ اور دستخط جج یا ان ججوں کے دستخط جو اس میں متفق الرائے ہوں ثبت ہوں گے۔

**2. What judgment may direct.**

قاعدہ 32- فیصلہ میں کیا ہدایت ہونی چاہیے: جائز ہے کہ فیصلہ واسطے بحالی یا تبدیلی یا تنسیخ اس ڈگری کے ہو جس کا اپیل کیا گیا ہو یا جس حال میں کہ فریقین اپیل اس امر پر اتفاق کریں کہ ڈگری اپیل کی کس طور پر ہونی چاہیے یا کیا حکم بصیغہ اپیل صادر ہونا چاہیے تو عدالت اپیل اسی کے مطابق ڈگری یا حکم صادر کرے گی۔

Marfat.com

قاعدہ 33-اختیارات عدالت اپیل(Power of Court of Appeal): عدالت اپیل کو اختیار ہے کہ کوئی ڈگری یا حکم جو عدالت ابتدائی سے صادر ہونا چاہیے تھا صادر کرے نیز کوئی مزید ڈگری یا حکم صادر کرے جس کی مقدمہ میں ضرورت ہو اور اس اختیار کا نفاذ ہو سکتا ہے کہ اپیل صرف جزو ڈگری کا ہوا ہو نیز یہ بحق جملہ یا بعض رسپانڈنٹوں یا فریقوں کے نافذ ہو سکتا ہے گو انہوں نے کوئی اپیل یا عذر داری نہ کی ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ عدالت اپیل کوئی حکم تحت دفعہ 35الف صادر نہ کرے گی بہ متابعت (In pursuance) کسی عذر داری کے جو اس عدالت جس کی ڈگری کے خلاف اپیل ہوا ہے نے سہواً نر (omitted) لیا ہو یا مذکورہ حکم دینے سے انکار کر دیا ہو۔

## Illustration

## تمثیل

زید ایک تعداد زر نقد کا دعویٰ کرتا ہے جو اس کو عمرو بکر سے پانا ہے اس نے دعویٰ دونوں پر دائر کیا اور ڈگری عمرو کے نام اس کو ملی عمرو نے اپیل کی اور زید اور بکر دونوں کو رسپانڈنٹ بنایا، عدالت اپیل نے فیصلہ بحق عمرو کے کیا اس کو اختیار ہے کہ ایک ڈگری بکر کے خلاف صادر کرے۔

قاعدہ 34- مخالفت تحریر ہونی چاہیے (Dissent to be recorded): جب اپیل کی سماعت ایک سے زیادہ ججوں کے اجلاس میں ہو تو وہ جج جو عدالت کے فیصلہ پر اتفاق (dissenting) نہ کرے تو وہ تجویز یا حکم یا بدانست اس کے اپیل میں صادر ہونا چاہیے تھا، قلمبند کرے گا اور مجاز ہوگا کہ اس کی وجوہ لکھے۔

## Decree in Appeal

## ڈگری بصیغہ اپیل

**35-Date and contents of decree.**

قاعدہ 35- فیصلہ سنانے کی تاریخ اور ڈگری کا مضمون: (1) عدالت اپیل کی ڈگری میں فیصلہ سنائے جانے کی تاریخ لکھی جائے گی۔

(2) ڈگری میں نمبر اپیل کا نام ونشان وغیرہ اپیلانٹ اور رسپانڈنٹ کا مندرجہ ہوگا اور اس میں ذکر

Marfat.com

دادرسی یا دیگر تجویز (Adjudication) کا جو ہوئی ہو بصراحت لکھا جائے گا۔

(3) نیز ڈگری میں تذکرہ تعداد خرچہ اپیل درج ہوگا، اور یہ کہ کس کس نے خرچ کیا، یا کسی جائداد سے خرچ کیا گیا اور کس حساب سے خرچہ اپیل اور خرچہ نالش کا عائد ہونا چاہیے، درج ہوگا۔

(4) ڈگری پر جج یا صاحبان جج صادر کنندہ ڈگری کے دستخط ثبت ہوں گے اور تاریخ مرقوم ہوگی، جو جج سے اختلاف رکھتا ہو۔ اس کا ڈگری پر دستخط کرنا ضروری نہ ہوگا۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر کئی جج ہوں اور ان میں اختلاف رائے ہو تو اس جج کو جو فیصلہ عدالت سے اختلاف (dissenting) رکھتا ہو ڈگری پر دستخط کرنے ضروری نہ ہوں گے۔

**36-Copies of judgment and decree to be furnished to parties.**

**قاعدہ 36- فریقین کو تجویز اور ڈگری کی نقل مل سکتی ہے:** فیصلہ اور ڈگری اپیل کی نقول مصدقہ فریقین کی طرف سے عدالت اپیل میں درخواست گزرنے پر ان کے صرفہ (expenses) سے فریقین کو دی جائیں گی۔

**37-Certified copy of decree to be sent to Court whose decree appealed from.**

**قاعدہ 37- ڈگری کی نقل مصدقہ عدالت ابتدائی میں بھیجی جائے گی:** نقل فیصلہ اور ڈگری کی بعد تصدیق عدالت اپیل یا اس عہدہ دار کے جسے کو عدالت اپیل اس کام کے لئے مقرر کرے اس عدالت میں مرسل ہوگی جہاں سے پہلی ڈگری نسبت اس مقدمہ کے صادر ہوئی ہو جس کا اپیل ہوا اور اصل کاغذات مقدمہ کے ساتھ شامل کی جائے گی اور فیصلہ عدالت اپیل کا مقدمات دیوانی کے رجسٹر میں درج کیا جائے گا۔

## آرڈر 42 (XLII)

## Appeals from Appellate Degrees

## اپیلٹ ڈگری کی ناراضی سے اپیل

**قاعدہ 1- ضابطہ (Procedure):** قواعد مندرجہ آرڈر 41 جہاں تک ممکن ہوگا اپیل کی ڈگریوں سے اپیل کے متعلق بھی ہوں گے۔

Marfat.com

# آرڈر 43

## Appeals against Orders

## احکام کے خلاف اپیل

**قاعدہ 1- احکام کے خلاف اپیل:**

احکام ذیل کا اپیل دفعہ 104 کے مطابق ہو گا۔ یعنی۔

(الف) احکام بموجب قاعدہ 10 آرڈر 7 مشعر واپسی عرضی دعویٰ بغرض پیش کئے جانے روبرو عدالت مجاز کے۔

(ب)احکام بموجب قاعدہ 10 آرڈر مشعر صدور Pronouncing فیصلہ خلاف کسی فریق کے۔

(ج) احکام بموجب قاعدہ 9- آرڈر مشعر نامنظوری درخواست ( بمقدمات لائق اپیل) بغرض حصول حکم منسوخی مقدمہ۔

(د) احکام بموجب قاعدہ 13- آرڈر 9 مشعر نامنظوری سوال ( بمقدمات لایق اپیل) بہ درخواست صادر ہونے حکم متضمن منسوخی ڈگری یکطرفہ۔

(ر) احکام بموجب قاعدہ 4- آرڈر 10 مشعر صدور فیصلہ خلاف کسی فریق کے۔

(ذ) احکام بموجب قاعدہ 21- آرڈر 12-

(و) احکام بموجب قاعدہ 10- آرڈر 16 مشعر قرقی Attachment جائیداد۔

(ح) احکام بموجب قاعدہ 20 آرڈر 16 مشعر صدور فیصلہ خلاف کسی فریق کے۔

(ط) احکام حسب قاعدہ 34- آرڈر 21 اوپر عذر داری نسبت تحریر مسودہ دستاویز یا عبارت فروخت کے۔

(ی) احکام بموجب قاعدہ 72 یا قاعدہ 92 آرڈر 21 مشعر منسوخی یا انکار منسوخی نیلام۔

(ک)احکام بموجب قاعدہ 9- آرڈر 22 مشعر انکار منسوخی سقوط یا ڈسمسی مقدمہ۔



Marfat.com

(ل) احکام بموجب قاعدہ 10- آرڈر 22 نسبت دینے یا نہ دینے اجازت کے۔

(م) احکام بموجب قاعدہ 3- آرڈر 23 مشعر تحریر یا انکار تحریر مصالحت یا معاہدہ تصفیہ کے۔

(ن) احکام بموجب قاعدہ 2- آرڈر 25 متضمن نامنظوری درخواست (مقدمات لا اپیل) بغرض حصول حکم منسوخی ڈسمس مقدمہ۔

(س) احکام بموجب قاعدہ 2' 4 یا 7 آرڈر 34 مشعر انکار توسیع مدت ادائے زر رہن۔

(ع) احکام متعلقہ نالشات انٹرپلیڈر جسب قاعدہ 3 یا 4 یا 6- آرڈر 35-

(ف) احکام بموجب قاعدہ 2'3 یا 6 آرڈر 38-

(ص) احکام بموجب قاعدہ 1 یا 2 یا 4 یا 10 آرڈر 39-

(ف) احکام بموجب قاعدہ 1 یا 4- آرڈر 40-

(و) احکام نامنظوری حسب قاعدہ 19- آرڈر 4 بابت پھر منظور کرنے یا حسب قاعدہ 21 آرڈر 41 مذکور بابت پھر سماعت کرنے اپیل کے۔

(ش) احکام بموجب قاعدہ 23 آرڈر 41 مشعر باز Remanding بہ منبر بھیجنے مقدمہ کے اگر عدالت اپیل کی ڈگری کا اپیل ہو سکتا ہو۔

(ت) احکام مصدرہ عدالت ماسوائے عدالت ہائی گورنمنٹ مشعر انکار عطائے سرٹیفکیٹ حسب قاعدہ 6- آرڈر 45۔

(ث) احکام بموجب قاعدہ 4- آرڈر 47 مشعر منظوری درخواست برائے نظر ثانی -Review

### قاعدہ 2- ضابطہ

قواعد مندرجہ آرڈر 41 جہاں تک ممکن ہوگا ان اپیلوں سے بھی متعلق ہوں گے جو' احکام کے خلاف دائر ہوں۔

### قاعدہ 3- اپیل دائر کرنے سے پیشتر نوٹس دینا۔

1- جب کسی حکم کے خلاف زیر تجویز مقدمہ کی سماعت کے دوران اپیل دائر کی جاتی ہے تو اپیل کنندہ اپیل دائر کرنے سے پیشتر مسئول الیہ یا اس کے وکیل کو ایسی اپیل کا

Marfat.com

نوٹس دیتے وقت یاداشت کی نقل اور عذرات اپیل بمعہ نقل حکم جس کے خلاف اپیل دائر کی گئی ہے ذاتی طور پر یا بذریعہ ڈاک قبولیت رسید (due Acknowledgement) سے ہمراہ اور دوسری ڈاک کی رسید یاد داشت اپیل کے ساتھ عدالت مرافعہ کے ریکارڈ کے لئے پیش کرنی ہوگی۔]

2- وہ نوٹس جس کا حوالہ ذیلی قاعدہ (1) میں دیا گیا ہے وصول ہونے پر مسئول الیہ عدالت کی اجازت سے اس کے سامنے پیش ہو سکتا ہے وہ اپیل کا مقابلہ Contest کرے گا اور اگر اپیل خارج کر دی جائے تو اسے خرچہ بھی دلایا جا سکتا ہے۔

## قاعدہ 4- قاعدہ نمبر 3 کا اطلاق:

قاعدہ نمبر 3 کے احکامات کا اطلاق مناسب تبدیلیوں Mutatis mutandis کے ساتھ ان درخواستوں پر ہوتا ہے جو مقدمہ کی سماعت کے دوران عدالت اپیل میں نالش کی اتی ہیں۔

Marfat.com

# آرڈر44(XLIV)

## PAUPER APPEALS

## اپیل صیغہ مفلسی

**1-Who may appeal as pauper.**

**قاعدہ1- کون اشخاص اپیل مفلسانہ دائر کر سکتے ہیں:** جو شخص کہ مستحق اپیل رجوع کرنے کا ہو مگر فیس معینہ (Fee required) سوائے اپیل ادا نہ کر سکتا ہو، جائز ہے کہ وہ ایک درخواست مع یادداشت مع یادداشت اپیل کے گزارنے اور اس مفلسانہ کی اجازت دی جائے گی مگر جملہ امور میں (جس میں درخواست مذکور کا پیش کرنا بھی داخل ہے) پابند بنا احکام متعلقہ نالشات مفلسی کی، جہاں تک کہ وہ اس سے متعلق ہوں اس کو لازمی ہوگی۔

**درخواست گزرانے پر اپیل کے داخل کرنے کا ضابطہ:** مگر شرط یہ ہے کہ وقت ملاحظہ درخواست مفلسی اور فیصلہ ڈگری کے جس کی ناراضی سے اپیل ہوا گر عدالت کو کسی وجہ سے یقین اس بات کا نہ ہو کہ ڈگری خلاف قانون (Contrary of Law) صادر ہوئی ہے یا خلاف کسی رواج (erroneous) کے ہے جو حکم قانون کا رکھتا ہے یا اور نہج پر غلط Usage یا خلاف انصاف ہے تو عدالت کو لازم ہے کہ درخواست نامنظور کرے۔

**قاعدہ2- تحقیقات مفلسی سائل کی:** جائز ہے کہ تحقیقات مفلسی (pauperism) سائل کی عدالت اپیل خود کرے یا بحکم عدالت اپیل وہ عدالت کرے جس کی تجویز کی ناراضی سے اپیل ہو:۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر سائل کو اس عدالت میں جس کی ڈگری کی ناراضی سے اپیل ہر نالش یا اپیل مفلسانہ کی اجازت ہوئی تھی تو اس کی مفلسی کی بابت پھر تحقیقات کرنے کی ضرورت نہ ہوگی الا اس صورت میں کہ عدالت اپیل کو کوئی وجہ خاص تحقیقات کی نسبت ہدایت کرنے کی نظر آئے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# آرڈر 45

## Appeals to Supreme Court

## اپیل باجلاس سپریم کورٹ

**قاعدہ 1- ڈگری سے کیا مراد ہے**

اس آرڈر میں لفظ ڈگری میں حکم قطعی Final order بھی داخل ہے الا اس حال میں کہ یہ مفہوم اس کے کسی مضمون یا سیاق عبارت کے خلاف پایا جائے۔

**قاعدہ 2- درخواست اس عدالت میں گزارنا چاہئے جس کی ڈگری کا اپیل ہو:**

جو شخص سپریم کورٹ میں اپیل دائر کرنا چاہے اس کو لازم ہے کہ جس عدالت کی ڈگری کا اپیل کرے اس میں سوال گزارے۔

**قاعدہ 3- سرٹیفکیٹ نسبت مالیت مقدمہ یا نسبت اس کے مقدمہ لائق اپیل ہے:**

-1 ہر سوال میں موجبات اپیل اور یہ درخواست درج ہونی چاہئے کہ سرٹیفکیٹ اس مضمون کا مرحمت ہو کہ مقدمہ بلحاظ تعداد یا مالیت اور نوعیت کے حسب شرائط مندرجہ دفعہ 110 ہے یا اور نہج سے لائق اپیل سپریم کورٹ کے ہے۔

-2 جب ایسا سوال گزرانا جائے تو عدالت کو لازم ہے کہ فریق ثانی پر اطلاع نامہ کی تعمیل ہونے کا حکم بایں مراد صادر کرے کہ وہ فریق اگر کوئی وجہ سرٹیفکیٹ نہ ہونے کی رکھتا ہو پیش کرے۔



Marfat.com

قاعدہ 4- مقدمات کا باہم ملایا جانا(Consolidation of Suits)
مالیت نقدی کے جملہ نالشات جن میں امور تصفیہ طلب فی الواقع ایک ہی ہوں اور جن کا فیصلہ ایک ہی وجہ سے ہوا ہو اور باہم وگر ملائی جاسکتی ہیں، مگر وہ نالشات جن کی نسبت علیحدہ علیحدہ فیصلے صادر ہوئے آپس میں نہ ملائی جائیں گی گو ان میں امور تصفیہ طلب(Question for determination)فی الواقع ایک ہی ہوں۔

**5-Remission of dispute to Court of first instance.**

قاعدہ 5- تنازع نسبت نالشات کے: اگر کوئی تنازع فی مابین فریقین اس کی نسبت پیدا ہو کہ تعداد مالیت شیئے متنازعہ کی عدالت ابتدائی میں کس قدر تھی یا کہ بروقت اپیل سپریم کورٹ کس قدر ہے تو عدالت جس میں درخواست قاعدہ 2 کی بموجب واسطے حصول سرٹیفکیٹ کے گزرانی جائے مجاز ہے کہ اگر مناسب خیال کرے نزاع(Dispute)مذکور کو واسطے تصفیہ کے عدالت ابتدائی میں بھیج دے اور یہ عدالت اس تعداد یا مالیت کا تصفیہ کر کے مع شہادت کے عدالت اول الذکر میں ارسال کرے گی۔

قاعدہ 6- سرٹیفکیٹ نہ ملنے کا نتیجہ:۔Effect of refusal of certiticateمنسوخ ہوئی بذریعہ آرڈر نمبر 4، 1975ء۔

**7-Security and deposit required on grant of certificate.**

قاعدہ 7- درصورت عطائے سرٹیفکیٹ ضمانت دینا اور روپیہ داخل کرنا: 1- درصورت عطا ہونے سرٹیفکیٹ کے سائل کو لازم ہے کہ نوے دن کے اندر یا اس مدت میں جو ساٹھ یوم سے زائد نہ ہوگی، جسے بعد وجہ بتائے جانے عدالت سے چھ مہینے کے اندر ان دونوں معیادوں میں سے جو بعد کو ختم ہو اس کے اندر:۔

(اے) خرچہ رسپانڈنٹ کی ضمانت کا نقد میں یا گورنمنٹ سیکیورٹیز میں داخل کرے اور۔

(بی) اس قدر روپیہ داخل کرے جو کہ بجز کاغذات مفصلہ ذیل کے مقدمہ کی کل مثل کے ترجمہ اور نقل(transcribing)اور ترتیب فہرست(indexing)اور چھپائی سپریم کورٹ میں ایک صحیح نقل کے بھیجنے کے صرف کے واسطے ضروری ہو۔

Marfat.com

سوائے:۔

1- ضابطہ کے کاغذات جن کے خارج کرنے کی ہدایت ازروئے کسی حکم نافذالوقت مصدر سپریم کورٹ کے ہوئی ہو۔

2- کاغذات جن کے خارج کرنے کے لئے فریقین اتفاق کریں۔

3- حسابات یا جزو حسابات جن کو وہ عہدہ دار ہائے عدالت نے اس باب میں اختیار Powered دیا ہو غیر ضروری تصور کرے اور جن کے شامل کرنے کے لئے اہالی مقدمہ نے بالخصوص درخواست نہ کی ہو۔ اور

4- وہ دیگر کاغذات جن کے خارج کرنے کا ہائی کورٹ حکم دے۔

مگر شرط یہ ہے کہ عدالت بروقت عطا کرنے سرٹیفکیٹ' کسی مخالف فریق کی سماعت کے بعد جو (فریق) حاضر عدالت ہو حکم دے سکتی ہے' کسی خاص زحمت کی بنیاد پر کہ کسی دیگر صورت میں ضمانت داخل کی جائے۔

مزید شرط یہ ہے کہ فریق مخالف کو تاریخ سماعت مزید Adjournment نہ دی جائے گی ضمانت کی نوعیت پر بحث کرنے کی۔

## قاعدہ 8- منظوری اپیل:

جب ضمانت مذکور اور داخلہ Deposit روپیہ کا حساب اطمینان عدالت تکمیل پا چکے تو عدالت کولازم ہے کہ:۔

(الف) اپیل کا منظور ہونا ظاہر کرے۔

(ب)اس کی اطلاع رسپانڈنٹ کو پہنچائے۔

(ج) ایک نقل صحیح مثل مذکور کے سوائے کاغذات متذکرہ بالا کے مصدق بمہر عدالت سپریم کورٹ میں ارسال کرے۔

(د) مقدمہ کے کسی کاغذات کی ایک یا زیادہ نقول مصدقہ کسی فریق کو حوالہ کرے جو اس کی درخواست کرے اور اخراجات مناسب جو اس کی تیاری میں عاید ہوئے ہوں ادا کرے۔

## قاعدہ 9- ضمانت کی منظوری منسوخ ہو سکتی ہے:۔

اپیل کی منظوری سے پہلے کسی وقت عدالت مجاز ہے کہ اگر وجہ ظاہر کی جائے' تو

Marfat.com

ضمانت مذکور کی منظوری کو منسوخ کر دے اور اس باب میں ہدایات Direction صادر کرے۔

## قاعدہ 9 الف۔ متوفی فریقین پر نوٹس کی تعمیل کے ترک کرنے کا اختیار

ان قواعد میں جن کا مطلب مخالف فریق پر نوٹس کی تعمیل کرنا یا فریق مخالف رسپانڈنٹ کو نوٹس مطلوب ہے ایسا ہی متوفی فریق مخالف کے قانونی نمائندے پر نوٹس کی تعمیل یا مخالف فریق متوفی کے قانونی نمائندے یا رسپانڈنٹ متوفی کو نوٹس دینا جیسی بھی صورت ہو متصور نہ ہوگا جہاں کہ ایسی فریق مخالف یا رسپانڈنٹ عدالت مصدرہ ڈگری جس کی شکایت کی گئی ہے کہ سماعت کے دوران میں حاضر نہیں ہوا یا ما بعد ڈگری کی کسی کارروائی میں حاضر نہیں ہوا۔

شرط یہ ہے کہ قاعدہ 3 کے ضمنی قاعدہ نمبر4 اور نمبر8 کی رو سے جج یا ڈسٹرکٹ جج جس میں کہ مقدمہ ابتدائی طور پر دائر کیا گیا تھا کہ مکان عدالت کے باہر کسی نمایاں جگہ Conspicuous place چسپاں کیا جاوے گا یا اخبارات میں مشتہری Publication کے ذریعے جیسا کہ عدالت حکم دے۔

## قاعدہ 10- ضمانت مزید داخل کرائی جا سکتی ہے:

اگر کسی وقت بعد منظوری اپیل کے لیکن مثل کی نقل کو سوائے کاغذات مذکور کے سپریم کورٹ میں ارسال کرنے سے پہلے ضمانت مذکور وغیرہ کافی معلوم Inadequate ہوں۔

یا مثل کو سوائے کاغذات مذکورہ بالا کے ترجمہ کرنے یا نقل کرنے یا چھاپنے یا اس کی فہرست مرتب کرنے یا اس کی نقل ارسال کرنے کے لئے زیادہ روپیہ درکار ہو۔

تو عدالت بنام اپیلانٹ یہ حکم صادر کر سکتی ہے کہ وہ اس معیاد کے اندر جو کہ عدالت مقرر کر دے دوسری ضمانت کافی گزارنے یا اس قدر معیاد کے اندر زر مطلوبہ داخل کرے۔

## قاعدہ 11- عدم تعمیل کا نتیجہ:

اگر اپیلانٹ حکم مذکور کی تعمیل نہ کرے تو کاروائی موقوف Stayed کی جائے گی'

Marfat.com

اور بغیر اس کے اس باب میں حکم سپریم کورٹ کا صادر ہو اپیل کی کارروائی آگے نہ چلے گی اور اس عرصہ میں اجرا اس ڈگری کا جس کا اپیل کیا گیا ہو ملتوی نہ رہے گا۔

## قاعدہ 12- زر فاضل اپیلانٹ کو واپس ملے گا:

جب کہ مثل کی نقل بجز کاغذات متذکرہ بالا کے سپریم کورٹ میں بھیج دی جائے اور اس روپیہ میں سے جو کہ اپیلانٹ نے حسب قاعدہ 7 داخل کیا ہو کچھ روپیہ فاضل بچے تو وہ اس کو واپس پا سکتا ہے۔

## قاعدہ 13- اختیارات عدالت دوران اپیل میں

-1 باوجودیکہ Notwithstanding اپیل کی منظوری کا سرٹیفکیٹ مل جائے اجراء اس ڈگری کا جس کا اپیل ہو بغیر کسی شرط کے عمل میں آئے گا الا اس حال میں کہ عدالت اور نہج Otherwise کی ہدایت کرے۔

-2 اگر عدالت مناسب سمجھے تو کسی خاص وجہ سے جو کسی ایسے فریق کی طرف سے ظاہر کی جائے جو مقدمہ سے غرض رکھتا ہو یا جو اور نہج پر عدالت کو معلوم ہو عدالت امور ذیل کرنے کی مجاز ہے یعنی یہ کہ:۔

(الف) کسی جائیداد منقولہ متنازعہ فیہ اس کے کسی جزو کو ضبط Impound رکھے۔ یا

(ب) رسپانڈنٹ سے ایسی ضمانت لے کر جو عدالت کے نزدیک واسطے تعمیل قرار واقعی اس حکم کے مناسب ہو جو سپریم کورٹ سے بصیغہ اپیل صادر ہو اس ڈگری کے اجراء کی اجازت دے جس اپیل ہو۔ یا

(ج) اجراء ڈگری جس کی اپیل کی گئی کو روکے اور اپیلانٹ سے ایسی ضمانت لے جو کہ عدالت کے نزدیک واسطے تعمیل قرار واقعی اس ڈگری کے مناسب ہو جس کا اپیل کیا گیا ہو یا واسطے تعمیل اس حکم کے جو سپریم کورٹ سے بصیغہ اپیل صادر ہو۔ یا

(د) جو فریق کہ عدالت کی مدد چاہے اس کو نسبت شئے متنازعہ فیہ اپیل کے ایسی شرائط کا پابند کرے یا نسبت شئے مذکور کے ایسی دیگر نہج کی ہدایت کرے جو اس کے نزدیک مناسب ہو بذریعہ تقرر رسیور کے یا بغیر اس کے۔

Marfat.com

## قاعدہ 14- اگر ضمانت ناکافی ہو تو مزید ضمانت طلب کی جا سکتی ہے:۔

1- اگر در اثنائے دوران اپیل کسی وقت وہ ضمانت جو کسی فریق نے داخل کی ہو غیر کافی معلوم ہو تو عدالت مجاز ہے کہ دوسرے فریق کی درخواست پر مزید ضمانت طلب کرے۔

2- درصورت نہ داخل In default ہونے ضمانت مزید جو کہ عدالت طلب کرے عدالت کو اختیار ہے کہ:۔

(الف) اگر اپیلانٹ نے اصل ضمانت داخل کی ہو تو رسپانڈنٹ کی درخواست پر ڈگری اپیل شدہ کے اجراء کا حکم اسی طرح صادر کرے کہ گویا اپیلانٹ نے کوئی ضمانت داخل نہیں کی تھی۔ اور

(ب) اگر اصل ضمانت رسپانڈنٹ نے داخل کیا ہو تو عدالت کو لازم ہے کہ جہاں تک ممکن Practicable ہو ڈگری کا تمام اجراء مزید ملتوی رکھے اور فریقین کو پھر اسی حالت Restore پر لے آئے جو اس ضمانت غیر کافی کے دینے کے وقت ان دونوں کی تھی یا نسبت شئے متنازع فیہ اپیل کے ایسی ہدایت صادر کرے جو اس کی دانست میں مناسب ہو۔

## قاعدہ 15- ضابطہ نسبت اجرائے احکام مصدرہ سپریم کورٹ:۔

1- جو شخص کسی حکم مصدرہ سپریم کورٹ کا اجرا کرانا چاہے اسے لازم ہے کہ سوال معہ نقل مصدقہ اس ڈگری یا حکم کے جو کہ اپیل میں صادر ہوا ہو اور جس کا اجراء مطلوب ہو اسی عدالت میں گزارے جس کے حکم کی ناراضی سے اپیل سپریم کورٹ میں پیش کیا گیا ہو۔

2- عدالت مذکور کو لازم ہے کہ حکم مصدرہ سپریم کورٹ کو اس عدالت میں بھیج دے جس نے کہ پہلی ڈگری اپیل شدہ صادر کی ہو یا دیگر اور کسی عدالت میں بھیجے جس کی ہدایت سپریم کورٹ سے بذریعہ اس حکم کے ہوئی ہو اور فریقین میں سے کسی درخواست پر ایسی ہدایتیں صادر کرے جو کہ اس کے اجراء کے واسطے ضروری ہوں اور جس عدالت میں کہ وہ حکم س طور پر بھیجا جائے وہ اس کا اجراء Execute اسی کے مطابق اس طریق سے اور بموجب ان قواعد کے کرے گی جو کہ اس کی ابتدائی ڈگریوں کے اجراء سے متعلق ہوں۔

Marfat.com

3- حذف ہوئی بروئے آرڈی ننس 81ر27
4- تاوقتیکہ سپریم کورٹ اس کے خلاف ہدایت نہ کرے' سپریم کورٹ کا کوئی حکم اس بنا پر غیر موثر نہ ہو گا کہ کسی مقدمہ کے کسی متوفی فریق مخالف یا متوفی رسپانڈنٹ کے قانونی قائم مقام پر کوئی نوٹس تعمیل نہیں ہوا ہے یا اسے کوئی نوٹس نہیں دیا گیا ہے۔ اگر فریق مخالف یا رسپانڈنٹ مذکور اس عدالت میں مقدمہ کی سماعت کے وقت حاضر نہ ہو جو عدالت مذکور کی ڈگری کے صدور کے بعد عمل میں آئی تھی' لیکن اس قسم کے حکم کا زور اور اثر اسی طرح ہو گا گویا وہ قبل وفات کے نافذ ہوا تھا۔

## قاعدہ 16- اپیل بناراضی احکام متعلقہ اجرائی احکام سپریم کورٹ:

جو عدالت کے حکم سپریم کورٹ اجراء کرے اس کا حکم ارباب اس اجراء کے لائق اپیل اسی طور پر اور بپابندی انہیں قواعد کے ہو گا جیسے کہ اسی عدالت کی ڈگری کے اجراء کے بابت اس عدالت کے احکام ہیں۔

## قاعدہ 17- فیڈرل کورٹ میں اپیل:

بروئے دفعہ 2 فیڈرل کورٹ ایکٹ 1941ء منسوخ ہوا۔

Marfat.com

# آرڈر 46

## Reference

## استصواب رائے

### قاعدہ 1- استصواب ہائی کورٹ سے:

اگر قبل یا بروقت سماعت کسی مقدمہ یا اپیل کے جس کی ڈگری قابل اپیل نہ ہو یا در اثنائے اجرائے کسی ایسی ڈگری کے کوئی بحث قانونی یا ایسے رواج Usage کی جو قانون کا حکم رکھتا ہو جس کی نسبت عدالت مجوزہ مقدمہ یا اپیل یا عدالت مجوزہ مقدمہ یا اپیل یا عدالت اجراء کنندہ ڈگری کو شبہ معقول ہو تو عدالت مجاز ہوگی کہ خود اپنی مرضی سے یا اوپر درخواست اور المفریقین کے واقعات مقدمہ کی کیفیت اور وہ امر جس کی بابت شبہ ہو تحریر کر کے معہ اپنی رائے Opinion کے جو اس امر کی بابت ہو انفصال کے لئے ہائی کورٹ میں استصوابا" Decision مرسل کرے۔

### قاعدہ 2- صدور ڈگری مشروط بہ فیصلہ ہائی کورٹ:

باوجود استصواب مذکورہ کے عدالت کو اختیار ہوگا کہ کارروائی مقدمہ یا اپیل کی کارروائی ملتوی کرے یا جاری رکھے اور جو کچھ رائے عدالت ہائی کورٹ کی نسبت اس امر کے جس کی بابت استصواب کیا گیا ہو قرار پائے اس کی پابندی کی شرط پر ڈگری یا حکم صادر کرے۔

لیکن جس صورت میں ایسا استصواب ہوا ہو اس میں تا وصول نقل فیصلہ عدالت ہائی کورٹ کے جو اس استصواب کسی ڈگری کا عمل میں نہیں آئے گا۔

### قاعدہ 3- انفصال مقدمہ مطابق فیصلہ ہائی کورٹ:



Marfat.com

ہائی کورٹ کو لازم ہے کہ ان عذرات کی سماعت کرے جو فریقین پیش کرنا چاہیں اور تجویز اس امر کی کرے جس کی نسبت استصواب کیا گیا ہو اور اپنے فیصلہ کی نقل بہ دستخط صاحب رجسٹرار کے اس عدالت میں ارسال کرے جس نے استصواب Reference کیا ہو اور اس عدالت کو لازم ہو گا کہ عندالوصول نقل مذکورہ ہائی کورٹ کے فیصلہ کے مطابق To confirmity مقدمہ کا فیصلہ کرے۔

**قاعدہ 4- خرچہ استصواب ہائی کورٹ**

جو خرچہ بوجہ استصواب عدالت ہائی کورٹ کے پڑا ہو وہ مقدمہ کے خرچہ کا جزو سمجھا جائے گا۔

**قاعدہ 5- عدالت استصواب کنندہ کی ڈگری تبدیل کرنے کا اختیار:**

جب کوئی مقدمہ قاعدہ 1 کے بموجب ہائی کورٹ میں استصواب بھیجا جائے تو ہائی کورٹ کو اختیار ہے کہ مقدمہ کو ترمیم کے لئے واپس بھیجے اور کسی ڈگری یا حکم کی تبدیل یا تنسیخ یا تردید After کرے جو عدالت استصواب کنندہ نے اس مقدمہ میں صادر کیا ہو جس میں استصواب کی ضرورت پائی گئی اور جو کچھ حکم مناسب سمجھے صادر کرے۔

**قاعدہ 6- استصواب نسبت اختیارات سماعت عدالت خفیفہ:۔**

1- اگر کسی وقت قبل صدور فیصلہ کے عدالت کو جس میں کوئی نالش دائر ہوئی ہو یہ شبہ پیدا ہو کہ آیا وہ لائق سماعت عدالت خفیفہ کے ہے یا کہ نہیں ہے تو عدالت اول الذکر مثل مقدمہ کو معہ وجوہ اپنے شک کے ہائی کورٹ میں ارسال کر سکتی ہے کہ مقدمہ کی نوعیت طے کر دی جائے۔

2- بعد وصول ہونے مثل کے ہائی کورٹ حکم صادر کرے گی کہ یا تو وہ عدالت خود اس مقدمہ کو کرے یا عرضی دعویٰ واپس کر کے یہ ہدایت کرے کہ کسی دوسری عدالت مجاز میں پیش کیا جائے جس کو ہائی کورٹ مقرر کر دے گی۔

**قاعدہ 7- استصواب از طرف عدالت ضلع:۔**

1- اگر کسی عدالت ضلع کو دریافت ہو کہ کسی عدالت ماتحت نے بوجہ غلط فہمی

Marfat.com

Erroneously کے کسی نالش لایق سماعت عدالت خفیفہ کو ایسا نہیں خیال کیا یا کسی نالش غیر قابل سماعت عدالت خفیفہ کو ایسا خیال کیا اور بنا برآں اس نے ایسے اختیارات کا نفاذ کیا جو قانوناً" اس کو حاصل Vested نہ تھے یا کہ وہ اختیارات جو اس کو حاصل تھے نافذ نہیں کئے تو عدالت ضلع مذکور کو اختیاز ہے کہ اگر فریق درخواست دے تو لازم ہے کہ مثل مقدمہ مع اپنے وجوہ نسبت غلط فہمی عدالت ماتحت کے ہائی کورٹ میں ارسال کرے۔

2- بعد وصول ہونے مثل کے ہائی کورٹ جو حکم مناسب سمجھے مقدمہ میں صادر کرے گی۔

3- جو مقدمہ کی اس دفعہ کی رو سے ہائی کورٹ میں بھیجا جائے اس کی کسی کارروائی کی نسبت جو بعد صدور ڈگری عمل میں آئے ہائی کورٹ قرین انصاف Just سمجھے صادر کرسکتی ہے۔

4- جو حکم عدالت ضلع طلبی Requisition مثل یا دریافت حال کی نسبت کسی عدالت ماتحت کے نام اس دفعہ کی رو سے صادر کرے اس کی تعمیل اُس عدالت ماتحت پر لازم Comply ہوگی۔

Marfat.com

# آرڈر 47

# تجویز ثانی

**قاعدہ 1- تجویز ثانی کی درخواست:۔**

1- جو شخص اپنی حق تلفی سمجھے:۔
(الف) کسی ڈگری یا حکم سے جس کا اپیل ہو سکتا ہو مگر ہنوز دائر Preferred نہ ہوا ہو۔
(ب) کسی ڈگری یا حکم سے جس کا اپیل نہ ہو سکتا ہو۔ یا
(ج) کسی فیصلہ سے جو عدالت مطالبہ خفیفہ کے Reference پر صادر ہوا ہو۔

غلطی اور جو بوجہ دریافت Descovery ہونے کسی امر شہادت جدید اور اہم کے جو باوجود سعی Due diligence قرار واقعی کے بوقت صادر ہونے اس ڈگری حکم کے اس کو معلوم نہ تھی یا کہ وہ اس کو پیش نہ کرسکتا تھا یا بوجہ کسی غلط یا سہو کے جو صریحاً مثل سے ظاہر ہوتا ہو کسی اور وجہ کافی سے تجویز ثانی اس ڈگری یا حکم کی چاہتا ہو جو اس کے خلاف مراد صادر ہوا ہو تو اس کو اختیار ہے کہ اس عدالت میں جس نے ڈگری یا حکم صادر کیا ہو تجویز ثانی کی درخواست کرے۔

2- جو فریق کہ کسی ڈگری یا حکم کی ناراضی سے اپیل نہ کرے وہ باوجود دائر ہونے اپیل منجانب کسی دیگر فریق کے تجویز ثانی کی درخواست کر سکتا ہے۔ بجز اس صورت کے کہ مندرجہ اپیل سائل اور اپیلانٹ دونوں سے یکساں متعلق ہو یا جب کہ وہ رسپانڈنٹ ہو عدالت اپیل میں اس مقدمہ کو جس میں کہ درخواست تجویز ثانی کرتا ہے پیش کرے۔

**قاعدہ 2- درخواست کس کو گزرے گی:**

درخوات تجویز ثانی کسی ڈگری یا حکم مصدرہ کسی عدالت کی (جو ہائی کورٹ نہ ہو)



Marfat.com

کسی بنا پر سوائے دریافت ہونے ایسے امر یا شہادت جدید اور اہم کے جس کا ذکر ... میں ہے یا کسی غلط لفظی Clerical یا ہندسے کی غلطی Arithmetical کے جو ... النظر میں ڈگری سے ظاہر ہوتی ہو اس جج کے گزرے گی جس نے وہ ڈگری یا حکم صادر کیا ہو جس کی تجویز ثانی کی درخواست کی جائے۔ لیکن اگر اس جج نے جس نے ڈگری یا حکم صادر کیا ہو ازروئے فقرہ (الف) ضمنی قاعدہ (2) قاعدہ 4 کے اطلاع نامہ جاری کرایا تو درخواست مذکور کا فیصلہ کوئی دوسرا جج بھی کر سکتا ہے۔ جو جج مذکور کی جگہ پر کام کرنے کو آوے۔

## قاعدہ 3- درخواست کا نمونہ

قواعد جو درباب طریقہ اپیل کرنے کے بیان ہو چکے ہیں وہ بہ تبدیل الفاظ تبدیل طلب درخواست ہائے تجویز ثانی سے بھی متعلق ہوں گے۔

## قاعدہ 4- کب درخواست نامنظور ہوگی

1- اگر عدالت کو دریافت ہو کہ تجویز ثانی کی کوئی وجہ کافی نہیں ہے تو وہ درخواست کو نامنظور کرے گی۔

## کب درخواست منظور ہوگی:

2- اگر عدالت کی رائے میں تجویز ثانی کی جو درخواست منظوری کے لائق ہو تو وہ تجویز ثانی منظور کرے گی مگر شرط یہ ہے:۔

(الف) ایسی درخواست منظور نہ ہوگی۔ بغیر اس کے کہ پیشتر فریق ثانی کو اطلاع نہ دی جائے تاکہ وہ حاضر ہو کہ بتائید اس ڈگری یا حکم کے جس کی تجویز ثانی کی درخواست گزری ہو عذرات پیش کرے اور۔

(ب) ایسی درخواست پر بنا دریافت Discovery ہونے امر شہادت جدید کے جس کی نسبت مسائل بیان کرے کہ سائل کو بروقت صدور ڈگری یا حکم مذکور کے اس کا علم نہ تھا یا جس کو وہ پیش نہیں کر سکتا تھا بدوں اس کے منظور نہ کی جائے گی کہ بیان مذکورہ کا ثبوت قوی Strict proof ہو۔

Marfat.com

**5-Application for review in Court consisting of two or more Judges.**

قاعدہ 5- درخواست برائے نگرانی اس عدالت میں جو دو یا دو سے زیادہ ججوں پر مشتمل ہو: جہاں جج یا ججوں میں سے کوئی ایک جس نے یا جنہوں نے ڈگری حکم صادر کیا ہو اور جس کے حکم کے خلاف نظر ثانی کی درخواست دی گئی ہو وہ جب نظر ثانی کی درخواست دی جا رہی ہو اس عدالت سے وابستہ رہتا ہے یا وابستہ رہتے ہیں اور وہ کسی وجہ سے غیر حاضر نہ ہوں یا کسی اور وجہ سے عدالت میں موجود ہوں اور ان کی غیر عدم موجودگی عرصہ 6 ماہ تک محیط ہو تو درخواست برائے نظر ثانی اس جج یا ان ججوں کے پاس پیش کی جائے گی جنہوں نے حکم صادر کیا تھا اور کوئی اور جج یا دیگر جج اس درخواست کی سماعت نہیں کرے گا۔

قاعدہ 6- درخواست جہاں مسترد کر دی جائے (Application where rejected): (1) جہاں درخواست نظر ثانی کی ایک سے زیادہ ججوں نے سماعت کی ہو اور عدالت برابر برابر تقسیم ہو تو درخواست مسترد کر دی جائے گی۔

(2) جہاں اکثریت ہو، فیصلہ اکثریت کی رائے کے مطابق صادر کیا جائے گا۔

**7-Order of rejection not appealable objection to order for rehearing**

قاعدہ 7- حکم نامنظوری ناقابل اپیل ہے۔ منظوری درخواست کی نسبت اعتراضات: (1) حکم عدالت کا درباب نامنظوری اسی درخواست کے قطعی ہوگا لیکن جب کہ اس درخواست منظور ہو تو منظوری پر عذر بربناء وجوہ مفصلہ ذیل ہوسکتا ہے:۔

(اے) یہ کہ وہ خلاف احکام (contravention) قاعدہ 20 ہے۔ یا

(بی) یہ کہ وہ خلاف احکام قاعدہ 40 ہے۔ یا

(سی) یہ کہ بعد گزرنے معیاد کے جو ایسی درخواست کے لئے مقرر ہے داخل کی گئی ہے اور کوئی وجہ کافی اس کی نہیں ہے، جائز ہے کہ عذر مذکور اس درخواست کی منظوری کے حکم کی ناراضی سے فوراً بذریعہ اپیل گزرانا جائے، یا اس اپیل میں کیا جائے جو مقدمہ کی آخری ڈگری (final decree) یا حکم کی ناراضی سے ہو۔

(2) اگر درخواست تجویز ثانی بوجہ عدم حاضری سائل کے نامنظور ہوئی ہو سائل کو اختیار ہے کہ اس مضمون کی درخواست دے کہ درخواست نامنظور شدہ کو باز بہ نمبر سابق قائم کرنے کا حکم ہو اور اگر حسب اطمینان عدالت ہو کہ جس وقت درخواست مذکورہ واسطے سماعت کے پیش ہوئی تھی سائل کسی وجہ موجہ کے باعث حاضر ہونے سے معذور تھا (Prevented) تو عدالت یہ حکم صادر کر سکے گی کہ درخواست مذکور بپابندی قیود درباب دلانے یا نہ دلانے خرچہ کے مناسب معلوم ہوں یا زیر بہ نمبر

Marfat.com

سابق قائم کی جائے اور عدالت اس کی سماعت کے لئے ایک تاریخ مقرر کرے گی۔
3- کوئی حکم ضمنی قاعدہ (2) کے بموجب صادر نہ کیا جائے گا الا اس حال میں کہ سائل نے اپنی درخواست آخیر کی اطلاع تحریری فریق ثانی پر جاری کی ہو۔

## قاعدہ 8- اپنے جائز حصے کی مہلت منظور شدہ اور حکم نسبت سماعت مقرر کے:

جب درخواست تجویز ثانی کی منظوری کی جائے لازم ہے کہ اس کی یاد داشت کتابت رجسٹر میں لکھی جائے اور عدالت مجاز ہوگی کہ فوراً" مقدمہ کی سماعت مقرر میں معروف ہو یا نسبت سماعت مکرر Re-hearing کے جو حکم مناسب سمجھے صادر کرے۔

## قاعدہ 9- کون سی درخواستیں منظور نہ ہوں گی:

کوئی درخواست تجویز ثانی Review کسی ایسے حکم کی جو کسی سابق درخواست تجویز ثانی پر صادر ہوا ہو یا کوئی درخواست تجویز ثانی کسی ایسی ڈگری یا حکم کی جو تجویز ثانی میں صادر ہوا ہو منظور نہ ہوگی۔

Marfat.com

# آرڈر 48

## Miscellaneous

## متفرقات

### قاعدہ 1- تعمیل حکمنامہ بہ صرف فریق جاری کنندہ کے ہوگی:-

1- ہر حکمنامہ جو اس مجموعہ کی رو سے جاری کیا جائے اس کی تعمیل بصرف اسی فریق کے کی جائے گی جس کی درخواست پر وہ جاری ہوا تھا الا Unless اس صورت میں کہ عدالت اور تنج کی ہدایت کرے۔

2- کورٹ فیس بابت تعمیل حکمنامہ کے جاری ہونے سے پہلے اندر معیاد مجوزہ عدالت وصول کر لی جائے گی۔

### قاعدہ 2- طریقہ تعمیل احکام و نوٹس:

تمام اطلاع نامے اور احکام اور کاغذات جو اس مجموعہ کے مطابق کسی شخص کو دینے یا اس پر تعمیل کرنے منظور ہوں اسی طرح تعمیل کئے جائیں گے جس طرح سمن کی تعمیل ہونی چاہئے۔

### قاعدہ 3- نمونہ جات میں نمونوں کا استعمال

وہ نمونہ جات جو اپنڈکس میں مندرج ہیں معہ اس قدر تغیر اور تبدل Variation کے جو ہر مقدمہ کے حالات کے مناسب ہوں ان اغراض کے لئے مستعمل Used کئے جائیں گے جو اس میں بیان کئے گئے ہیں۔



Marfat.com

# آرڈر 49

## High Courts

## قواعد خاص متعلقہ ہائی کورٹ

### قاعدہ 1- تعمیل احکام ہائی کورٹ:

1- اطلاع نامہ جات Notice در پیشی دستاویزات اور سمن بنام گواہان اور ہر قسم کا حکمنامہ Judicial process جو ہائی کورٹ کے اختیارات سماعت ابتدائی صیغہ دیوانی اور ان اختیارات کے نفاذ سے جو نسبت معاملات ازواج اور وصیت اور ترکہ غیر وصیتی کے ہائی کورٹ کو حاصل ہیں صادر کیا جائے وہ باستثناء سمن ہائے موسومہ مدعا علیہ اور حکمنامہ اجراء ڈگری اور اطلاع نامہ جات بنام رسپانڈنٹ کے معرفت اٹارنی (یعنی وکلاء) پیروکار مقدمہ یا معرفت ان اشخاص کے جن کو اٹارنی مامور کریں یا معرفت کسی اور اشخاص کے جاری کئے جا سکتے ہیں' جن کی ہائی کورٹ بذریعہ کسی قاعدہ یا حکم کے ہدایت کرے۔

### قاعدہ 2- ضمیمہ ہذا بعض قواعد مجریہ ہائی کورٹ سے متعلق نہ ہوگا:

ضمیمہ ہذا ان قواعد پر کوئی اثر نہ ڈالے گا جو بروقت نفاذ مجموعہ ہذا کے نسبت تحریر شہادت یا فیصلہ یا احکام ہائی کورٹ مقرر کے پہلے سے جاری ہوں۔

### قاعدہ 3- قواعد کا اطلاق:

قواعد مفصلہ ذیل کسی ہائی کورٹ پر جب کہ وہ اپنے اختیارات معمولی یا غیر معمولی Extraordinary عدالت ابتدائی صیغہ دیوانی نافذ کرتی ہو متعلق نہ ہوں گے یعنی:۔

1- آرڈر 7 کے قاعدہ 10 و ضمنی قاعدہ (ب) و (ج)



Marfat.com

2- آرڈر 10 کا قاعدہ 3-

3- آرڈر 16 کا قاعدہ 2-

4- آرڈر 18 کا قواعد 5، 6، 7، 8، 9، 10، 11، 12، 13، 14، 15 اور 16 (جہاں تک اظہار لینے سے متعلق ہیں)۔

5- آرڈر 20 قاعدہ 1 لغایت 8-

6- آرڈر 33 کا قاعدہ (جہاں تک کہ تحریر خلاصہ اظہار گواہان سے متعلق ہے)۔

اور آرڈر 41 کا قاعدہ 35 کسی ہائی کورٹ مذکور سے متعلق (Related) نہ ہوگا جب کہ وہ اختیار اپیل کا نفاذ کرتی ہو۔

☆☆☆☆

Marfat.com

# آرڈر 50

# Provincial Small Cause Courts

# صوبجاتی عدالت ہائے خفیفہ

**Proviscial Small Cause Courts.**

قاعدہ 1- صوبجاتی عدالت ہائے خفیفہ: دفعات ذیل ان عدالتوں سے متعلق نہ ہوں گی جو ایکٹ عدالت ہائے خفیفہ، 1887ء کی قائم کی ہوئی ہوں نہ ایسی عدالتوں سے متعلق ہوں گی جو عدالت ہائے خفیفہ کے اختیارات (Jurisdiction) کا نفاذ قانون مذکور کی رو سے کرتی ہوں۔یعنی:۔

(اے) اس شیڈول کا اس قدر حصہ جس کا تعلق:۔

(i) جو ایسی نالشات سے متعلق ہیں جو قابل سماعت عدالت خفیفہ کے نہ ہوں یا اجرائے ڈگری نالشات مذکور سے متعلق ہوں۔

(ii) جو اجرائے ڈگری جائیداد غیر منقولہ یا حقوق شریک جائیداد شراکتی (Partnership) سے متعلق ہیں۔

(iii) جو قرارداد تنقیحات سے متعلق ہوں۔اور

(بی) قواعد و آرڈر مفصلہ ذیل یعنی:۔

آرڈر 2 قاعدہ 1 (ترتیب نالش)۔

آرڈر 10 قاعدہ 3 (تحریر اظہار فریقین)۔

آرڈر 15 سوائے قاعدہ 4 کے اتنے حصہ کے جو فیصلہ سنانے سے متعلق ہیں۔

آرڈر 18 قواعد 5 لغایت 12 (متعلق شہادت)۔

آرڈر 41 لغایت 45 (متعلق اپیل)۔

آرڈر 47 قاعدہ 2، 3، 6، 7 (متعلق تجویز ثانی)۔

# آرڈر 51

# Presidency Small Cause Courts

# پریزیڈنسی عدالت ہائے خفیفہ

بذریعہ اختیار نامہ مرکزی قوانین فرمان حکم مجریہ 1949ء حذف کی گئی۔

Marfat.com

# ضمیمہ اول

## نمونہ جات

## اپنڈکس (اے)

## پلیڈنگ

### (1) عنوان مقدمہ

بعدالت.........................

(اے بی) (یہاں ولدیت، قوم و پیشہ وغیرہ اور جائے سکونت لکھنا چاہیے)............مدعی یا مدعیان

بنام

(سی ڈی) (یہاں ولدیت، قوم، پیشہ وغیرہ اور جائے سکونت لکھنا چاہئے)............مدعا علیہ یا مدعا علیہم۔

**(2) کیفیت فریقین مقدمات خاص پاکستان یا صوبہ............جیسی صورت ہو):**

ایڈووکیٹ جنرل بہادر مقام.........................

کلکٹر ضلع.........................

ریاست.........................

(اے بی) کمپنی لمیٹڈ جس کا رجسٹری شدہ دفتر بمقام.........................

(اے بی) سرکاری افسر (سی ڈی) کمپنی کا

(اے بی) (معہ ولدیت، قوم و پیشہ و سکونت) از جانب اپنے جملہ دیگر قرض خواہان۔

(اے بی) (معہ ولدیت، قوم و پیشہ و سکونت) از جانب اپنے اور دیگر قابضات ڈبینچر کے جن کو ............کمپنی لمیٹڈ نے جاری کیا۔

افیشل ریسور.........................

(اے بی) نابالغ (مع ولدیت وسکونت وغیرہ) بذریعہ (سی ڈی) یا کورٹ آف وارڈ) اپنے رفیق کے۔

(اے بی) (مع ولدیت وسکونت وغیرہ) فاتر العقل یا مخبط بذریعہ (سی ڈی) اپنے رفیق کے۔

(اے بی) (کوٹھی جو شراکتی کاروبار بمقام کرتی ہے)۔

Marfat.com

(اے بی) (مع ولدیت وسکونت وغیرہ) بذریعہ (سی ڈی) مع ولدیت وسکونت وغیرہ اٹارنی باضابطہ کے۔

(اے بی) (مع ولدیت وسکونت وغیرہ) شبیت ٹھاکر۔

(اے بی) (مع ولدیت وسکونت وغیرہ) وصی (سی ڈی) متوفی کا۔

(اے بی) (مع ولدیت وسکونت وغیرہ) (سی ڈی) متوفی کا۔

☆☆☆☆

Marfat.com

# عرائض دعویٰ

## (1)

### بابت رُوپیہ کے جو قرض دیا گیا

### عنوان

(اے بی) مذکورہ بالا مدعی حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ......... ماہ......... 19ء مدعی نے مدعا علیہ......... کو مبلغ......... قرض دیے جو بتاریخ ......... واجب الادا تھے۔

2- مدعا علیہ نے زر مذکور نہیں ادا کیا بجز مبلغ......... کے جو بتاریخ......... ماہ 19ء دیے۔

(اگر مدعی کسی قانونی تماوی سے مقدمہ کے مستثنٰی ہونے کا مستدعی ہو تو یہ بیان کرے۔

3- مدعی تاریخ......... ماہ......... 19ء سے تا تاریخ......... ماہ......... 19ء نابالغ (یا فاترالعقل) تھا۔

4- (یہاں لکھنا چاہیے کہ بنام مخاصمت کب پیدا ہوئی اور یہ کہ عدالت کو مقدمہ کی سماعت کا اختیار حاصل ہے)۔

5- مالیت شئے مدعا علیہ بنائے نالش کی بغرض اختیار عدالت......... روپیہ ہے اور بغرض کورٹ فیس ......... روپیہ ہے۔

6- اور یہ کہ مدعی دعویدار مبلغ......... کا مع سود فی صدی......... کے تاریخ......... ماہ......... 19ء سے ہے۔

## (2)

### بابت روپیہ کے جو زائد دیا گیا

(اے بی) مذکور بالا مدعی حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ......... ماہ......... 19ء مدعی......... سلاخ چاندی کی بحساب......... از فی تولہ چاندی خالص کے خریدنے پر اور مدعا علیہ اس کے بیچنے پر راضی ہوا تھا۔

2- مدعی نے سلاخی مذکور مسمی (ایل ایم) سے جچوائیں اور اس کی اجرت مدعا علیہ نے ادا کی (ایل ایم) مذکور نے ظاہر کیا کہ ان سلاخوں میں سے ہر ایک 1500 تولہ خالص چاندی کی ہے۔ چنانچہ مدعی نے مدعا علیہ کو مبلغ......... اس بابت ادا کیا۔

Marfat.com

3- ہر ایک ان سلاخوں میں صرف 1200تولہ خالص چاندی کی ٹکلی اور جب مدعی نے روپیہ دیا تو وہ یہ بات نہیں جانتا تھا۔
4- مدعا علیہ نے وہ روپیہ جو کہ اس کو زائد دیا گیا واپس نہیں کیا ہے۔
(مضمون فقرہ - 4 : 5 نمونہ نمبر1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہئے۔

## (3)

## بابت مال جو قیمت معینہ پر فروخت اور حوالہ کیا گیا

### عنوان

(الف ب) مذکورہ بالا مدعی حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔
1- بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء مسمی (ہ - و) نے مدعا علیہ کے پاس ایک ہزار بورے آٹے کے (یا مال مندرجہ فہرست منسلکہ یا دیگر مال جو کچھ کہ ہو) فروخت کر کے اس کے حوالے کئے۔
2- مدعا علیہ نے مبلغ---- روپیہ مال مذکور کی بابت بوقت حوالگی دیا---- 19ء کی روز قبل ادخال عرضی دعویٰ ادا کرنے کا وعدہ کیا۔
3- مدعا علیہ نے مبلغ مذکور ادا نہیں کیا۔
4- (ہ و) بتاریخ ______ 19ء فوت ہو گیا ہے اور اس نے اپنی آخری وصیت سے اپنے برادر مدعی کو اپنا ایکی کیوٹر مقرر کیا ہے۔
(مضمون فقرات 4'5 نمونہ نمبر1 لکھنا چاہئے)۔
5- مدعی بحیثیت ایکی کیوٹر (ہ - و) دعویٰ کرتا ہے (داد رسی متدعویہ)

## (4)

## بابت مال جو کہ قیمت مناسب پر فروخت اور حوالہ کیا گیا

### عنوان

(الف ب) مذکورہ بالا مدعی حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

Marfat.com

1- بتاریخ ______ ماہ------ 19ء مدعی نے متفرق اسباب خانہ داری مدعا علیہ کے ہاتھ فروخت اور حوالہ کیا۔ لیکن اس کی قیمت کے بارے میں کچھ صریح قرار و مدار نہیں ہوا تھا۔
2- اسباب مذکور کی قیمت مناسب مبلغ ______ تھی۔
3- مدعا علیہ نے زر مذکور نہیں ادا کیا۔
(مضمون فقرہ 4، 5 نمونہ 1- اور داد رسی متدعویہ لکھنی چاہئے)

## (5)

## بابت اشیاء کے جو کہ مدعاعلیہ کی درخواست سے بنائی گئیں اور اس نے نہیں لیں

### عنوان

(الف ب) مذکورہ بالا مدعی حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔
1- یہ کہ بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء بمقام ______ (ہ - و) ساکن ______ نے مدعی سے یہ قرار کیاکہ مدعی اس کے واسطے (چھ میز اور پچاس کرسیاں) بنا دے اور بروقت حوالہ کرنے ان چیزوں کے (ہ - و) مذکور ان کی قیمت مبلغ ______ ادا کرے گا۔
2- یہ کہ مدعی نے وہ چیزیں بنا کر بتاریخ ______ ماہ------ 19ء (ہ - و) مذکور سے بیان کیاکہ وہ چیزیں تیار ہیں لے لو اور اس وقت سے حوالہ کرنے پر آمادہ اور راضی ہے۔
3- یہ کہ (ہ - و) مذکور نے ان اشیاء کو نہیں لیا اور نہ ان کی قیمت ادا کی۔
(مضمون فقرہ 4 و 5 نمونہ 1- اور داد رسی متدعویہ لکھنی چاہئے)

## (6)

## بابت کمی نیلام ثانی اس مال کی جو کہ نیلام میں فروخت کیاگیا تھا

Marfat.com

## عنوان

(الف ب) مذکورہ بالا مدعی حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء مدعی نے کچھ (مال سوداگری) اس شرط سے نیلام پر چڑھایا تھا کہ تمام مال جس کو خریدار نیلام کے (10 روز کے اندر) قیمت ادا کر کے نہ اٹھا لے جائے وہ اس کی طرف سے پھر نیلام کیا جائے اور اس شرط سے مدعا علیہ مطلع تھا۔

2- مدعا علیہ نے (چینی کے برتنوں کی ایک ٹوکری) نیلام میں بہ قیمت مبلغ ______ خرید کی۔

3- مدعی، مدعا علیہ کی ٹوکری مذکور بروز نیلام اور اس کے بعد (دس دن تک) حوالہ کرنے پر آمادہ اور راضی تھا۔

4- مدعا علیہ (10 دن کے اندر) بعد نیلام کے یا بعد اس کے اس خرید کئے ہوئے مال کو نہیں لے گیا نہ اس کی قیمت ادا کی۔

5- بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء مدعی نے (بوتلوں کی ٹوکری مذکور) مدعا علیہ کی طرف سے مبلغ ______ پر دوبارہ نیلام کی۔

6- خرچ نیلام ثانی کا بہ تعداد ______ ہوا۔

7- مدعا علیہ نے وہ کمی جو اس نہج پر واقع ہوئی یعنی مبلغ ______ نہیں ادا کئے۔

(مضمون فقرہ 4' 5 نمونہ نمبر 1 اور دادرسی متدعویہ لکھنی چاہئے)

## (7)

## بابت ادائے خدمت باجرت مناسب

## عنوان

(الف ب) حسب مدعی مذکور کو حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- میں تاریخ ______ ماہ ______ 19ء و تاریخ ______ ماہ ______ 19ء مدعی نے (چند تصاویر اور نقشہ جات اور اشکال) مدعا علیہ کے واسطے اس کی

Marfat.com

درخواست سے بنائیں لیکن کوئی اقرار صریح اس بات میں نہیں ہوا کہ اجرت میں کتنا روپیہ دیا جاوے گا۔

2- وہ کام بواجبی مالیتی مبلغ ______ کا تھا۔

3- مدعا علیہ نے زر مذکور ادا نہیں کیا ہے۔

(مضمون فقرہ 4، 5 نمونہ نمبر 1 از استدعا داد رسی لکھنی چاہئے۔

## (8)

## بابت اجرت خدمت اور مصالحہ بہ قیمت واجبی

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ ______ ماہ------ 19ء مدعی نے ایک مکان (جو نمبر------ سے مقام ______ میں مشہور ہے) مدعا علیہ کے واسطے اور اس کی درخواست پر تعمیر کیا اور اس کا مصالحہ بھی اپنے پاس سے لگایا۔ لیکن کوئی صریح معاہدہ اس باب میں نہیں ہوا تھا کہ اس کام اور اس مصالحہ کی کیا قیمت ادا کی جائے گی۔

2- وہ کام اور مصالحہ از روئے مالیت واجب مبلغ------ کا تھا۔

3- مدعا علیہ نے زر مذکور ادا نہیں کیا ہے۔

(مضمون فقرہ 4 و 5 نمونہ نمبر 1 اور استدعائے داد رسی لکھنی چاہئے)۔

## (9)

## بابت استعمال اور دخل

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور صدر وصی (ک - ی) متوفی کا حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- مدعا علیہ نے (مکان نمبر------ واقعہ سڑک ______ بہ اجازت (ک - ی)

Marfat.com

مذکور کے تاریخ ______ ماہ ______ 19ء اپنے دخل میں رکھا اور مکان مذکور میں رہنے کے لئے درباب کرایہ کچھ اقرار نہیں ہوا تھا۔

2- کرایہ مکان مذکور کا بابت مدت مذکور کے بقیاس معقول بہ تعداد مبلغ______ ہوتا ہے۔

3- مدعا علیہ نے مبلغ مذکور ادا نہیں کیا۔
(مضمون فقرہ 4 و 5 نمونہ نمبر1 لکھنا چاہئے)

4- مدعی بوجہ ہونے وصی (ک ی) کے دعویٰ کرتا ہے کہ (استدعائے داد رسی)۔

(10)

## بربناء فیصلہ ثالثی

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ ______ ماہ------ 19ء مدعی اور مدعا علیہ میں نزاع درباب (مطالبہ مدعی بابت قیمت دس کپیے تیل کے جس کے ادا کرنے سے مدعا علیہ انکار کیا' واقع ہوئی اور طرفین اس نزاع کو بغرض ہونے فیصلہ ثالثی معرفت (ہ-و) اور (ز-ح) کے ان کے سپرد کرنے کے لئے بذریعہ تحریر راضی ہوئے اور اصل دستاویز اس کے ساتھ (منسلک ہے)

2- بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء ثالثان مذکور نے یہ فیصلہ کیا کہ مدعا علیہ (مدعی کو مبلغ ادا کرے)۔

3- مدعا علیہ نے زر مذکور نہیں ادا کیا ہے۔
(مضمون فقرہ 4' 5 نمونہ نمبر1 اور استدعائے داد رسی لکھنی چاہئے)۔

(11)

## بربناء فیصلہ ملک غیر

Marfat.com

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ---- ماہ ______ 19ء بمقام ______ ریاست (یا عملداری) ______ میں محکمہ---- ریاست (عملداری) مذکور نے بمقدمہ مدعی اور مدعا علیہ جو محکمہ مذکور میں حسب ضابطہ دائر تھا یہ فیصلہ با ضابطہ صادر کیا کہ مدعا علیہ مبلغ ______ مدعی کو بمعہ سود تاریخ مذکور سے ادا کرے۔

2- مدعا علیہ نے زر مذکور ادا نہیں کیا ہے۔

(مضمون فقرہ 4 و 5 نمونہ نمبر1 اور استدعائے داد رسی لکھنی چاہیئے)۔

# (12)

# نالش ضامن پر بابت ادائے کرایہ

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور کو حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ ______ ماہ---- 19ء (ہ و) نے مدعی سے ایک مکان (نمبر______ واقعہ کوچہ ______) سالوں کے واسطے بہ تقرر کرایہ ______ روپیہ سالانہ کرایہ پر لیا اور کرایہ (ماہ بماہ) واجب ادا تھا۔

2- مدعا علیہ (ہ و) کو مکان مذکور کرایہ پر دینے کے بدل میں کرایہ کی باقاعدہ ادائیگی کا ذمہ دار ہوا۔

3- کرایہ بابت ماہ ______ 19ء تعدادی ______ روپیہ ادا نہیں کیا گیا۔

(اگر حسب شرائط قرار نامہ ضامن کو نوٹس دینا ضروری ہو تو یہ اضافہ کرو)

4- بتاریخ ______ 19ء مدعی نے کرایہ ادا ہونے کی بابت مدعا علیہ کو نوٹس دیا اور کرایہ مذکور کے ادا کرنے کا مطالبہ کیا۔

5- مدعا علیہ نے یہ ادا نہیں کیا۔

(مضمون فقرات 4 و 5 نمبر1 اور استدعائے داد رسی لکھنی چاہیئے)

Marfat.com

(13)

# بابت خلاف ورزی معاہدہ از خریدار اراضی

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور کو حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ _____ ماہ _____ 19ء مابین مدعی اور مدعا علیہ کے ایک اقرار نامہ ہوا جو اس کے ساتھ منسلک ہے۔

(یا بتاریخ _____ 19ء مدعی اور مدعا علیہ کے باہم یہ اقرار کیا کہ مدعی مدعا علیہ کے ہاتھ 40 بیگہ اراضی واقع موضع _____ بعوض مبلغ _____ روپیہ بیچ کرے اور مدعا علیہ اس کو مدعی سے خرید کر دے گا۔

2- یہ کہ بتاریخ _____ 19ء مدعی نے جو اس وقت مالک بلا شرکت جائیداد مذکور کا تھا (اور جائیداد مذکور تمام ذمہ داریوں سے بری تھی جیسا کہ مدعا علیہ پر ظاہر کر دیا گیا تھا) مدعا علیہ کے روبرو ایک وثیقہ کامل جائیداد کا اس شرط پر دینے کے لئے پیش کیا مدعا علیہ مبلغ مذکور ادا کرے (یا مدعا علیہ کے نام بذریعہ وثیقہ کامل کے اس کا انتقال کرنے کے لئے مستعد اور راضی ہے) اور اس امر کے واسطے اس سے کہا تھا کہ مذکورہ جائیداد منتقل کرے گا اگر مدعا علیہ اقرار کے مطابق زر نقد ادا کر دے۔

3- مدعا علیہ نے زر مذکورہ ادا نہیں کیا۔

(مضمون فقرات 4، 5 فارم 1 اور استدعا وادرسی لکھنی چاہیے)۔

(14)

# بابت نہ حوالہ کرنے خرید کئے ہوئے مال کے

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور کو حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ _____ 19ء مدعی اور مدعا علیہ نے باہم یہ اقرار کیا کہ مدعا علیہ (بتاریخ

Marfat.com

_____ 19ء) مدعی کو (ایک سو بورے آٹے کے) اور مدعی بروقت حوالگی مال کے اس کی بابت مبلغ ----- روپیہ ادا کرے۔
(بتاریخ مذکور) مدعی بروقت حوالگی مال مذکور در مذکور مدعا علیہ کو ادا کرنے پر آمادہ اور راضی تھا اور اس کے لینے کو اس سے کہا تھا۔
مدعا علیہ نے مال مذکور حوالہ نہیں کیا جس کے سبب سے مدعی اس منافع سے محروم رہا جو کہ مال مذکور کی حوالگی سے اس کو ہوتا۔
(مضمون فقرات 4' 5' فارم 1 اور استدعائے داد رسی لکھنی چاہئے)۔

## (15)

# نالش بیجا موقوفی مدعی کے

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور کو حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔
بتاریخ----- ماہ----- 19ء مابین مدعی اور مدعا علیہم باہم یہ اقرار ہوا کہ مدعی بطور (محاسب یا پیش دست کے یا جیسی کہ صورت ہو) مدعا علیہ کی ملازمت کرے اور مدعا علیہ خدمت مذکور پر مدعی کو واسطے مدت ایک سال کے ملازم رکھے اور اس کو مبلغ _____ روپیہ تنخواہ ماہانہ دیا کرے۔
بتاریخ _____ ماہ----- 19ء مدعا علیہ کا مدعی نوکر رہا۔ اور جب سے نوکر ہے اور تا اختتام سال مذکور ہنوز اسی خدمت پر مامور رہنے کے لئے آمادہ اور راضی ہے اور اس امر کی مدعا علیہ کو ہمیشہ اطلاع رہی ہے۔
بتاریخ _____ ماہ----- 19ء مدعا علیہ نے بے جا طور پر مدعی کو موقوف کر دیا اور خدمت مذکور کے ادا کرنے سے منع کیا یا نوکری کی تنخواہ دینے سے انکار کر دیا۔
(مضمون فقرات 4'5 نمونہ مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہئے)۔

## (16)

# خلاف ورزی معاہدہ ملازمت جب کہ معاہدہ ملازمت کرنے کا ہو

Marfat.com

عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ _____ ماہ----- 19ء مابین مدعی اور مدعا علیہ کے یہ اقرار ہوا کہ مدعی سالانہ مبلغ _____ روپیہ پر مدعا علیہ کو ملازم رکھے اور مدعا علیہ (بطور نقاش کے) واسطے مدت (ایک سال) کے مدعی کا ملازم رہے۔

2- مدعی ہمیشہ اقرار مذکور کی تعمیل اپنی طرف سے کرنے پر آمادہ اور راضی ہے اور بتاریخ _____ ماہ _____ 19ء اس بات کا اظہار کیا۔

3- مدعا علیہ (مدعی کی ملازمت میں) بتاریخ مذکور داخل ہوا لیکن من بعد بتاریخ _____ ماہ----- 19ء اس نے مدعی کی حسب مذکور بالا خدمت کرنے سے انکار کیا۔

(مضمون قواعد 4 و 5 نمونہ نمبر1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہئے)۔

(17)

## نالش بنام معمار خراب کام بنانے کی بابت

عنوان

(ا ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ _____ ماہ-----۔ 19ء مدعی اور مدعا علیہ کے مابین باہم ایک اقرار نامہ لکھا گیا جو اس کے ساتھ منسلک ہے۔ (یا اقرار نامہ کا مفہوم لکھنا چاہئے)۔

2- مدعی نے اپنی طرف سے اقرار نامہ کی تمام شرائط قرار واقعی پوری کی ہیں۔

3- مدعا علیہ نے مکان متذکرہ اقرار نامہ مذکور بری طرح اور کاریگری کے خلاف بنایا ہے۔

(مضمون فقرات 4، 5 نمونہ 1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہئے)۔

(18)

Marfat.com

# نالش بابت اقرار نامہ دیانت داری کلرک یعنی محرر کے۔

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ _____ ماہ _____ 19ء مدعی نے (ہ - و) کو بطور کلرک نوکر رکھا۔

2- بتاریخ _____ ماہ----- 19ء مدعا علیہ نے مدعی سے اقرار کیا کہ اگر (ہ - و) مذکور اپنا کام عہدہ کلرک کا دیانت و امانت سے نہ کرے اور تمام روپیہ کی بابت یا قرضہ کی دستاویزات یا اور مال جو کہ مدعی کے استعمال کے واسطے اس کو ملے اس کا حساب نہ دے سکے تو جو کچھ کہ مدعی کو اس کی وجہ سے نقصان ہو اس کی بابت مدعا علیہ اس قدر روپیہ جو مبلغ _____ سے زیادہ نہ ہو ادا کرے گا۔

(یا 2- مدعا علیہ نے بذریعہ اقرار نامہ مورخہ تاریخ مذکور مدعی سے بقرار داد جرمانہ مبلغ _____ کے اقرار کیا تھا کہ اگر (ہ - و) اپنی خدمات عہدہ کلرک اور خزانچی کو دیانت داری سے انجام دے اور بنام روپیہ اور دستاویزات قرضہ یا اور جائیداد جو کسی وقت اس کے قبضہ میں مدعی کے واسطے امانتاً" آ گئے اس نسب کا حساب واجبی مدعی کو دے تو اقرار نامہ مذکور فسخ ہو جائے گا۔

(یا 2- اسی تاریخ کو مدعا علیہ نے مدعی کو ایک اقرار نامہ لکھا دیا جو اس عرضی دعوے کے ساتھ منسلک ہے)۔

3- مابین تاریخ _____ ماہ----- 19ء اور تاریخ _____ ماہ----- 19ء (ہ و) نے روپیہ اور دیگر مال مالیتی مبلغ _____ واسطے استعمال مدعی کے وصول کیا اور اس کا حساب اسے نہیں دیا ہے اور وہ اب تک یافتنی اور غیر مودئی ہے۔

(مضمون فقرہ 4 و 5 نمونہ نمبر1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہئے)۔

Marfat.com

(19)

## نالش کرایہ دار کی بنام مالک مکان بابت خاص ہرجہ کے

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء مدعا علیہ نے بذریعہ ایک رجسٹری دستاویز کے مدعی کو (مکان) نمبر ________ واقع سڑک ______ واسطے ______ سال کی معیاد کے لئے کرایہ پر دیا اور مدعی سے یہ اقرار کیا کہ وہ مدعی اور اس کے قائم مقام جائز بلا تعرض میعاد مذکور تک اس پر قابض رہیں گے۔

2- تمام شرائط کا ایفاء کیا گیا اور تمام امور وقوع میں آئے جو واسطے استحقاق نالش مدعی کے ضروری تھے۔

3- بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء اندر میعاد مذکور (ہ' د) مالک جائز مکان مذکور نے مدعی کو جوازا" اس مکان سے خارج کیا اور اب تک اس کا قبضہ مدعی کو نہیں دیتا ہے۔

4- اس سبب سے مدعی با مکان مذکور پیشہ درزی کا کرنے سے ممنوع ہوا اور وہاں سے نکل جانے میں یہ تعداد مبلغ ________ خرچ پڑا اور (ر' ج) اور (ط' ی) کا کام وہاں سے نکل جانے کے سبب اس کے ہاتھ سے جاتا رہا۔

(مضمون فقرہ۔ 4' 5 نمونہ نمبر1۔ مع استدعاد اور سی لکھنا چاہیے)۔

(20)

## نالش بر بناء اقرار نامہ بریت

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء مدعی اور مدعا علیہ ایک فرم (الف ب) اور (ج - د) کے نام سے بشراکت بیوپار کرتے تھے کہ انہوں نے فسخ کر کے

Marfat.com

باہم یہ اقرار کیا کہ مدعا علیہ تمام مال شراکتی لے کر اپنے پاس رکھے اور فرم کا تمام قرضہ ادا کرے اور جو دعا دی کہ مدعی پر اس فرم کے مقروض ہونے کی بابت قائم کئے جائیں ان سب سے مدعی کو بری کر دے۔

2- یہ کہ مدعی نے تمام شرائط جو بموجب اقرار نامہ مذکور اس کی طرف سے پوری ہونی چاہئے تھیں قرار واقع پوری کیں۔

3- یہ کہ بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء ایک فیصلہ بنام مدعی اور مدعا علیہ (کا'د) نے عدالت ہائی کورٹ مقام ________ سے بابت قرضہ کے کہ (ہ' د) مذکور کو فرم مزکور سے یافتنی تھا حاصل کیا 'اور بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء مدعی نے مبلغ ________ باب مطاعہ مذکور ادا کیا۔

4- یہ کہ مبلغ مدعا علیہ نے مدعی کو نہیں ادا کیا۔

(مضمون فقرہ 4'5 نمونہ نمبر1- مع استدعائے دادرسی لکھنا چاہئے)۔

## (21)

## فریبا" لینا مال

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء مدعا علیہ نے مدعی کو کچھ مال مدعا علیہ کے ہاتھ بیچنے پر راغب کرنے کے لئے مدعی سے یہ ظاہر کیا کہ (مدعا علیہ مستطیع ہے اور اپنے تمام دیون سے زیادہ مبلغ ________ کی استطاعت رکھتا ہے)

2- مدعی اس وجہ سے (خشک مال) مالیتی مبلغ ________ مدعا علیہ کے ہاتھ بیچنے (اور حوالہ کرنے) پر راغب ہوا۔

3- اس کے بیانات مذکور غلط تھے۔ (یا دروغ گوئی کی کیفیت بیان کرنی چاہئے) اور اس وقت مدعا علیہ خود جانتا تھا کہ اس کا بیان غلط ہے۔

4- یہ کہ مدعا علیہ نے مال مذکور کی بابت روپیہ نہیں ادا کیا ہے (یا اگر مال حوالہ نہ کیا گیا ہو تو) یہ کہ مدعی پر مال مذکور کی تیاری اور اس کو جہاز پر لادنے اور پھر واپس لینے میں خرچ بقدر مبلغ ________ عائد ہوا۔

Marfat.com

(مضمون فقرہ۔ 4' 5 نمونہ نمبر1۔ مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہیے)۔

(22)

## فریبا" دوسرے شخص کو مال قرض دلانا

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء مدعا علیہ نے مدعی سے بیان کیا کہ (ہ و) متطیع اور خوب معتبر شخص ہے اور اپنے تمام دیون سے زیادہ مالیت بقدر مبلغ ______ کے رکھتا ہے یا یہ کہ (ہ'و) اس وقت ایک عمدہ ذمہ داری کا اور اچھی حیثیت رکھتا ہے اور قرض مال دینے میں کچھ اندیشہ نہیں ہے۔

2- اس وجہ سے مدعی (ہ'و) کے ہاتھ (چاول) مالیتی مبلغ ______ کا (مہینے کے وعدہ پر) بیچنے پر راضی ہوا۔

3- بیانات مذکور دروغ تھے اور مدعا علیہ خود اس دروغ سے واقف تھا اور وہ بیانات بہ نیت مغالطہ اور فریب دہی کیے گئے تھے (یا مدعی کو دھوکا دینے اور ضرر پہنچانے کے واسطے)۔

4- (الف'د) نے بابت مال مذکور کے بعد گزارنے وعدہ مرقومہ بالا روپیہ نہیں ادا کیا یا بابت اس چاول کے روپیہ نہیں دیا اور مدعی اس مال کو بالکل ہاتھ سے کھو بیٹھا۔

(مضمون فقرہ۔4' 5 نمونہ 1 استدعائے داد رسی لکھنا چاہیے)۔

(23)

## مدعی کی زمین کے نیچے پانی نجس کرنے کی بابت

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

Marfat.com

1- مدعی زمین موسومہ ______ واقع ______ پر اور ایک کنوئیں میں جو اس میں ہے اور اس پانی پر جو اس کنوئیں میں ہے قابض ہے اور ہمیشہ اس مدت تک جس کا ذیل میں ذکر کیا جائے گا قابض رہا ہے اور اس کنوئیں اور اس کے پانی کو استعمال میں لانے اور اس سے فائدہ اٹھانے کا مستحق ہے۔ نیز اس بات کا استحقاق رکھتا ہے کہ چند سوئے اور چشمے پانی کے جو اس کنوئیں میں بہہ کر آتے ہیں اور گرتے ہیں وہ اس طور سے بہہ کر آئیں اور گریں کہ پانی گندہ اور نجس نہ ہو۔

2- بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء مدعا علیہ نے بیجا اس کنوئیں اور اس کے پانی کو اور چشموں اور سوتوں کو جو اس کنوئیں میں گرتے ہیں گندہ اور نجس کیا۔

3- بوجوہ مرقومہ بالا پانی کنوئیں مذکور کا ناپاک ہو کر گھر کے خرچ اور دیگر اغراض کی استعمال کرنے کے لائق نہیں رہا اور مدعی اور اس کا خاندان اس کنوئیں اور اس کے پانی کے استعمال اور استفادہ سے محروم ہے۔

(مضمون فقرہ - 4، 5 نمونہ نمبر1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہئے)۔

## (24)

# بابت جاری رکھنے کارخانہ تکلیف دہ کے

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- مدعی اراضی موسومہ ______ واقع ______ پر قابض ہے اور اس تمام عرصہ سے جو اس عرضی نالش میں بعد ازیں مرقوم ہے قابض رہا۔

2- تاریخ ______ ماہ ______ 19ء سے مدعا علیہ کے کارخانہ سے دھواں اور دیگر بخارات بدبودار اور مضر تندرستی اور مواد فاسد مادے بکثرت نکلتا ہے اور اراضی مذکور پر پھیلتا ہے اور وہاں کی ہوا میں مل کر اس کو بگاڑتا ہے اور اراضی کی مٹی اور سطح پر بیٹھ کر جم جاتا ہے۔

3- اس وجہ سے درخت اور جھاڑی اور نباتات اور فصل زراعت کو جو اس زمین پر ہوتی ہے مضرت پہنچتی ہے اور مالیت کا نقصان ہوتا ہے۔ اور مدعی کے مویشی اور جانور جو اس زمین پر رہتے ہیں وہ اس سے ضعیف اور بیمار ہو جاتے ہیں اور چند ان

Marfat.com

میں سے بیمار ہو کر مر گئے۔

4- بوجوہ مرقومہ بالا مدعی مذکور میں اپنے مویشی اور بھیڑوں کو نہیں چرا سکتا ہے اور اگر ایسا نہ ہو تو چرا سکتا۔ اب مدعی کو اپنے مویشی اور بھیڑیں اور زراعت پیشہ تک جانور وہاں سے لے کر جانے پڑے اور اراضی مذکور کے اس فائدہ بخش اور صحت اور استعمال اور دخل سے جو کہ درصورت نہ ہونے وجہ مذکور کے حاصل ہو میں اب محروم ہو گیا ہے۔

(مضمون فقرہ۔4 '5 نمونہ 1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہئے)۔

(25)

## بابت مزاحمت راہ

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- مدعی قابض ایک مکان واقع ______ کا ہے اور اس وقت جس کا ذکر بعد ازیں مرقوم ہے قابض تھا۔

2- مدعی مستحق تھا کہ سال کے ہر موسم میں خود اور بہمراہی اپنے نوکروں کے (معہ سواری کے یا پیادہ پا) اپنے مکان مذکور سے فلاں کھیت کے اوپر ہو کر ایک شارع عام تک جایا کرے اور پھر اس شارع عام سے اسی کھیت پر ہو کر اپنے مکان کو لوٹ آئے۔

3- بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء مدعا علیہ نے اس ماہ کو بطریق ناجائز روک دیا اس وجہ سے (مدعی سواری یا پاپیادہ یا کسی طرح) آمدورفت نہیں کر سکتا اور اس وقت سے راہ کو بطریق ناجائز روک رکھا ہے۔

4- اگر کوئی نقصان ہوا ہو تو بیان کیا جاوے۔

(مضمون فقرہ - 4 '5 نمونہ نمبر1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہئے)۔

(26)

Marfat.com

## بابت مزاحمت شارع عام

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- مدعا علیہ نے بیجا طور پر ایک کھائی کھود کر مٹی اور پتھر شارع عام پر جو -------- سے -------- تک ہے اس طور پر جمع کر رکھا ہے کہ راستہ بند ہو گیا۔

2- اس وجہ سے مدعی اس وقت تک کہ جائز طور پر اس راستہ سے گزرتا تھا۔ اس مٹی اور پتھر کے ڈھیر پر (یا کھائی میں) اور مدعی کا ہاتھ ٹوٹ گیا اور بڑی تکلیف اٹھائی اور مدت تک اپنا کام نہ کر سکا اور معالجہ کرنے کا صرفہ بھی عاید ہوا۔

(مضمون فقرہ۔ 4، 5 نمینہ نمبر1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہئے)۔

(27)

## بابت پھیرنے آب یا پانی کی نالی کے

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- مدعی قابض ایک پن چکی واقعہ معروف بہ _______ واقع موضع _______ ضلع _______ کا ہے اور اس وقت جو بعد ازیں مرقوم ہے قابض تھا۔

2- بوجہ اس قبضہ کے مدعی مستحق اس کا ہے کہ نالی مذکور اس پن چکی کے چلانے کے لئے بہتی رہے۔

3- بتاریخ _______ ماہ _______ 19ء مدعا علیہ نے اس نالی کا کنارہ کاٹ کر اس کے پانی کو بطریق ناجائز اس طرح پھیر دیا ہے کہ مدعی کی پن چکی کی طرف کم آتا ہے۔

4- اس وجہ سے مدعی فی یوم _______ بورے غلہ یومیہ سے زیادہ نہیں پیس سکتا ہے حالانکہ اس پانی کے پھیر دینے سے پہلے مدعی فی یوم _______ بورے غلہ پیس سکتا تھا۔

Marfat.com

(مضمون فقرہ 4، 5 نمونہ نمبر 1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہیے)۔

(28)

## بابت مزاحمت استحقاق آب پاشی کے لئے

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- مدعی اراضی واقعہ ______ کا قابض ہے اور اس وقت جس کا ذکر بعد ازیں مرقوم ہے قابض تھا اور استحقاق رکھتا تھا کہ فلاں نہر یا ندی یا نالی کے پانی کا حصہ اراضی مذکور کی آبپاشی کے لئے استعمال کرے۔

2- بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء مدعا علیہ نے اس پانی کے حصہ مذکور کو حسب مرقومہ بالا لینے اور اس کا استعمال کرنے سے مدعی کو اس طرح باز رکھا کہ پانی کے دھارے کو بطریق ناجائز روک کر دوسری طرف پھیر دیا۔

(مضمون فقرہ۔ 4، 5 نمونہ 1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہیے)۔

(29)

## بابت ضرر جو ریل کی سڑک پر مدعا علیہ کی غفلت سے ہوا

### عنوان

(الف ب) مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء مدعا علیہم معمولاً مسافروں کو بہ سبیل ریل مابین مقام ______ اور مقام ______ کے پہنچایا کرتے تھے۔

2- بتاریخ مذکور مدعی ریل مذکور پر مدعا علیہ کی گاڑیوں میں سے جو سڑک مذکور پر تھیں ایک گاڑی پر سوار تھا۔

3- دراثنائے سفر مذکور مقام ______ یا قریب اسٹیشن ______ کے یا مابین

Marfat.com

اسٹیشن ریلوے مذکور پر انجن اڑ گیا اور یہ حادثہ بوجہ غفلت اور ناکردہ گاڑی ملازمان مدعا علیہم کے واقع ہوا جس کے سبب سے مدعی کو بہت ضرر پہنچا مدعی کی ٹانگ ٹوٹ گئی' سر پر زخم آیا (اور جو کچھ کہ خاص نقصان پہنچا ہو بیان کیا جائے) اور معالجہ میں صرف ہوا اور ہمیشہ کے واسطے اپنے روزگار سابقہ یعنی فروخت کے لئے پھیری کرنے سے معذور ہو گیا۔

یا اسی طور 2 بتاریخ مذکورہ مدعا علیہ کے نوکروں نے ایسی غفلت اور بے تمیزی سے انجن اور گاڑیوں کو جو اس سے لگی ہوئی تھیں۔ مدعا علیہم کی ریلوے پر جس سے مدعی اسوقت بطور جائز گزرتا تھا۔ ہانکا اور چلایا کہ وہ انجن اور گاڑی مدعی کی طرف آئی اور مدعی کو ٹکر لگی جس سے الیٰ آخری (جیسا کہ فقرہ 2 میں ہے)(مضمون فقرہ 4'5 نمونہ نمبر 1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہیئے)۔

## (30)

# نالش بابت اس نقصان کے جو بے احتیاطی کے ساتھ چلانے سے ہو

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- مدعی موچی ہے اور اپنا کاروبار مقام ______ میں چلاتا ہے اور مدعا علیہ مقام ______ کا سوداگر ہے۔

2- بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء کو مدعی شہر کراچی میں دوپہر تین بجنے کے عمل پر بندر روڈ کی سڑک سے ہو کر جانب دکن پیادہ جارہا تھا۔ ناگزیر مدعی کو سڑک موسومہ ووڈ سٹریٹ کے اس پار جانا پڑا۔ اس سڑک پر بند روڈ کا تقاطع زاویہ قائمہ پر ہوتا ہے۔ جب مدعی سڑک کے اس پار جاتا تھا اور قبل اس کے کہ اس پار کے راستہ گزر کر مسافران پیادہ تک پہنچنے پائے۔ ایک گاڑی مدعا علیہ کی جس میں دو گھوڑے جتے تھے اور جو بہ سپردگی اور اہتمام ملازمان مدعا علیہ کے چلتی تھی۔ دفعتہ" اور براہ غفلت اور بلا ہوشیار کرنے راگیروں کے تندی اور تیزی خطرناک کے ساتھ ووڈ اسٹریٹ سے نکل کر سڑک بند روڈ میں داخل ہو گئی۔ گاڑی مذکور کے بم سے مدعی کو چوٹ لگی اور اس نے صدمہ سے مدعی گر پڑا اور گھوڑوں کے پاؤں کے تلے بہت

Marfat.com

روندا گیا۔

3- اس صدمہ اور گر پڑنے اور روندے جانے سے مدعی کا بایاں ہاتھ ٹوٹ گیا۔ اس کے پہلوؤں اور پیٹھ میں جسم کے اندر بھی صدمہ پہنچا اور ان ضربات اور صدمات کے سبب سے مدعی چار مہینے تک بیمار اور بہت تکلیف اٹھاتا رہا اور اپنا کاروبار نہ کر سکا اور ڈاکٹروں کے حق الخدمت اور دیگر اخراجات میں مدعی کا بہت روپیہ صرف ہوا اور اس کے کاروبار اور منافع میں بہت کمی ہوئی۔

(مضمون- 4، 5 نمونہ نمبر 1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہئے)۔

(31)

## نالش فوجداری مبنی بر عداوت

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ _______ ماہ _______ 19ء مدعا علیہ نے وارنٹ گرفتاری کا _______ مجسٹریٹ شہر مذکور یا جو کچھ کہ صورت ہو اسے بہ الزام _______ جاری کرایا جس پر مدعی گرفتار کیا گیا اور تامیعاد _______ (دن یا گھنٹہ) قید رہا۔ اس کو حاضر ضامنی بہ تعداد مبلغ _______ اپنی رہائی حاصل کرنے کے لئے دینی پڑی۔

2- یہ کہ مدعا علیہ نے عداوتاً" اور بلا وجہ معقول یا قرین قیاس کے کیا۔

3- بتاریخ _______ ماہ _______ 19ء مجسٹریٹ موصوف نے نہ مدعا علیہ کی نالش کو خارج کر کے مدعی کو بری کیا۔

4- یہ کہ بہت اشخاص نے جن کے نام مدعی معلوم نہیں ہیں گرفتاری کا حال سن کر اور مدعی کو مجرم خیال کر کے مدعی کے ساتھ کاروبار کرنا چھوڑ دیا ہے یا بوجہ اسی گرفتاری کے مدعی کا عہدہ کلرک یا محرر یا ملازمت (کا،و) جاتا رہا یا کہ بوجوہ مرقومہ بالا مدعی کے جسم کو تکلیف اور دل کو رنج پہنچا اور اپنا کاروبار کرنے سے معذور رہا اور اس کے اختیار میں بھی خلل پڑا اور قید مذکور سے رہائی حاصل کرنے اور نالش کی جواب دہی میں خرچ بھی کرنا پڑا۔

Marfat.com

(مضمون فقرہ-4' 5 نمونہ نمبر1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہیے۔)

(32)

## مال منقولہ جو بیجا طور پر روک لیا گیا

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء مدعی مالک زیادہ واقعات لکھے جائیں جن سے حق قبضہ ظاہر ہوتا ہو۔ مال مصرحہ فرد منسلکہ تھا (مال کی تصریح لکھنی چاہیے) اور مالیت تخمینی اس مال کی بقدر مبلغ ______ ہے۔

2- تاریخ مذکور سے تا شروع نالش ہزا مدعا علیہ نے وہ مال مدعی کو نہیں دیا ہے۔

3- اس نالش کے شروع ہونے سے پہلے یعنی بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء مدعی نے مال مذکورہ مدعا علیہ سے طلب کیا لیکن اس نے دینے سے انکار کیا۔

4- بنا بر ان مدعی داد خواہ واسطے امور مفصلہ ذیل کے ہے:۔

اول۔ واسطے دلا پائے قبضہ مال مذکور کے یا جس حال میں کہ قبضہ اس مال کا نہ مل سکے تو واسطے دلا پانے مبلغ ______ کے۔

دوم۔ واسطے مبلغ ہرجہ روک رکھنے مال مذکور کی فہرست مال۔

(مضمون فقرہ۔ 4'5 نمونہ نمبر1 مع استدعائے داد رسی لکھنا چاہیے)۔

(33)

## نالش بنام اس شخص کے جو قریباً" خریدار ہو اور بنام اس کے جس کے نام اس نے منتقل کیا درحالیکہ منتقل الیہ کو اس فریب کا علم تھا

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

Marfat.com

1- بتاریخ _______ ماہ _______ 19ء مدعا علیہ (ج د) نے مدعی کو اس بات کی رغبت دلانے کے لئے کہ کچھ مال اس کے ہاتھ فروخت کیا جائے مدعی سے یہ ظاہر کیا کہ (مدعا علیہ مطیع اور اپنے تمام دیون سے) زیادہ مبلغ _______ رکھتا ہے۔

2- مدعی اس وجہ سے (ج د) کے ہاتھ (ایک سو صندوق چائے کے) جن کی تخمینی مالیت با تعداد مبلغ _______ ہے بیچنے اور حوالہ کر دینے پر راغب ہوا

3- بیانات مذکور دروغ تھے اور اس وقت (ج د) ان کو دروغ جانتا تھا یا بیانات مذکور کے وقت (ج د) مذکور دیوالیہ تھا اور اپنا دیوالیہ ہونا جانتا تھا۔

4- (ج د) نے من بعد وہ مال بلا قیمت (ل د) مدعا علیہ کے ہاتھ یا جس کو اس بیان کے جھوٹ ہونے کا علم تھا منتقل کیا مضمون فقرہ۔ 4'5 نمبر 1 لکھنا چاہئے۔

## (34)

## واسطے منسوخی معاہدہ کے جو غلطی کی بنا پر ہوا ہو

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ _______ ماہ _______ 19ء مدعا علیہ نے مدعی سے بیان کیا کہ ایک قطعہ اراضی ازاں مدعا علیہ واقع مقام _______ (دس بیگھ ہے)۔

2- مدعی کو اس بات سے اس اراضی کو قیمت مبلغ _______ خریدنے کے لئے اعتبار رغبت دلائی گئی کہ وہ بیان راست تھا اور مدعی نے ایک اقرار نامہ خریداری پر دستخط کر دیئے جو اس کے ساتھ منسلک ہے لیکن اس اراضی کا قبالہ مدعی کے نام نہیں لکھا گیا۔

3- بتاریخ _______ ماہ _______ 19ء مدعی نے مدعا علیہ کو مبلغ _______ زر ثمن کے ادا کر دیئے۔

4- قطعہ اراضی مذکور فی حقیقت (صرف پانچ بیگھ) ہے۔
(مضمون فقرہ۔ 4'5 نمونہ نمبر 1 لکھنا چاہئے)

5- بنا برآں مدعی داد خواہ ہے کہ -
اول۔ مبلغ _______ معہ سود تاریخ _______ ماہ _______ 19ء سے

Marfat.com

دلائے جائیں۔
دوم۔ اقرار نامہ مذکور واپس ہو کر منسوخ کیا جائے۔

(35)

## بمراد صدور حکم ممانعت زیاں

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔
1- مدعی مالک کامل (یہاں جائیداد کا بیان کرنا چاہئے) کا ہے۔
2- مدعا علیہ اس پر بموجب پٹہ کے قابض ہے جس کو مدعی نے دیا ہے۔
3- مدعا علیہ نے بلا رضامندی مدعی (چند قیمتی درخت کاٹ ڈالے ہیں اور چند اور درخت بیچنے کے لئے کاٹ ڈالنے کو کہتا ہے)۔
مضمون فقرہ 4-'5 نمونہ نمبر 1 لکھنا چاہئے۔
4- بنا برآں مدعی داد خواہ ہو کہ مستدعی ہے کہ مدعا علیہ اس اراضی میں کوئی اور زیان یا زیان کرنے کی اجازت دینے سے بذریعہ حکم امتناعی کے باز رکھا جائے۔
(جائز ہے کہ معاوضہ زر نقد دلانے کی درخواست بھی کی جائے)۔

(36)

## نالش امر تکلیف دہ کے موقوف کرنے کے لئے

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور کو حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔
1- مدعی و مکان نمبر______ واقع سڑک ______ شہر کراچی کا مالک بالملکیت کامل ہے اور ہمیشہ اس تمام وقت میں جس کا ذکر ذیل میں ہے مالک رہا۔
2- مدعا علیہ مالک با ملکیت کامل ایک قطعہ اراضی واقعہ سڑک ______ مذکور کا

Marfat.com

ہے اور تمام وقت مذکور صدر میں مالک رہا۔

3- بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء مدعا علیہ نے قطعہ اراضی مذکور پر مذبح قائم و مقرر کیا اور وہ مذبح ہنوز وہاں قائم ہے اور اس روز سے اس وقت جانوروں کو ہمیشہ وہاں منگا کر ذبح کرتا رہا ہے اور خون اور فضلہ وغیرہ سڑک مذکور مدعی کے مکان مذکور کے سامنے پھنکواتا رہتا ہے۔

4- بوجہ مرقومہ بالا مدعی کو مکان مذکور چھوڑ دینا پڑا اور اس کو کرایہ پر بھی نہیں دے سکتا۔

(مضمون فقرہ۔ 5'4 نمونہ نمبر1 لکھنا چاہئے)۔

5- بنابر آں مدعی داد خواہ ہو کر مستدعی ہے کہ مدعہ علیہ کو حکم دیا جاوے کہ فلاں امر تکلیف دہ سے باز رہے۔

## (37)

## نالش بابت امرباعث تکلیف عوام

### عنوان

(الف ب) مدعیان مذکور حسب ذیل عرض کرتے ہیں:۔

1- مدعا علیہ نے شارع عام پر جو ______ اسٹریٹ کے نام سے مشہور ہے۔ مٹی اور پتھر اس طور پر جمع کر رکھے ہیں کہ راستہ بند ہو گیا اور دھمکی دیتا ہے اور ارادہ رکھتا ہے جب تک کہ اسے اس کام سے باز نہ رکھا جائے کہ یہ فعل ناجائز جاری رکھے اور کرتا رہے گا۔

2- نالش ہذا رجوع کرنے کی بابت مدعیان نے ایڈوکیٹ جنرل (یا کلکٹر یا دیگر افسر) کی اجازت تحریری حاصل کر لی۔

(مضمون فقرہ۔ 5'4 نمونہ نمبر1 لکھنا چاہئے)۔

3- بنا برآں مدعیان داد خواہ ہیں:۔

اول۔ کہ حکم بنام مدعا علیہ صادر ہو کر ظاہر کیا جائے کہ مدعا علیہ کو کوئی حق شارع عام مذکور پر راستہ روکنے کا نہیں ہے۔

دوم۔ کہ ایک حکم امتناعی بنام مدعا علیہ صادر کر کے مدعا علیہ کو مزاحمت راہ مذکور سے

Marfat.com

باز رکھا جائے اور اس کو حکم ہو کہ مٹی اور پتھر جو اس نے ناجائز طور جمع کئے ہیں ان کو اٹھانے جائے۔

## (38)

## مجرائے آب کے کول یا نالی کے پھیر دینے کی ممانعت کا حکم حاصل کرنے کے لئے

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

(مثل نمونہ نمبر27)۔

مدعی داد خواہ ہو کر مستدعی ہے کہ مدعا علیہ بذریعہ حکم امتناعی کے اس پانی کو پھیر دینے سے باز رکھا جائے۔

## (39)

## بمراد دلا پانے مال منقولہ کے جس کے تلف کرنے کی مدعا علیہ دھمکی دیتا ہے اور بغرض صدور حکم امتناعی کے

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- مدعی (اپنے دادا کی ایک شبیہ کا جسے ایک نامی مصور نے تیار کیا تھا) مالک ہے اور تمام اوقات پر جن کا ذیل میں ذکر ہے' مالک تھا اور شبیہ کی کوئی نقل موجود نہیں (یا ایسا بیان کیا جائے جس سے ظاہر ہو کہ مال اس قسم کہ بصرف زر میسر نہیں ہو سکتا)۔

2- بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء مدعی نے اس کو با حفاظت رکھنے کے لئے مدعا علیہ کے پاس رکھوایا تھا۔

3- بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء مدعی نے وہ شبیہ مدعا علیہ سے مانگی

Marfat.com

اور جو خرچ واجبی اس کو با حفاظت رکھنے کا ہوا ہو اس کو ادا کرنے کو کہا۔

4- مدعی کو اس کے حوالے کر دینے سے مدعا علیہ نے انکار کیا اور دھمکی دیتا ہے اگر اس کے حوالے کرنے کو کہا جائے گا تو وہ اسے چھپا ڈالے گا یا کاٹ ڈالے اس کو ضرر پہنچائے گا۔

5- اگر کتنا بھی معاوضہ زرنقد دیا جائے تو وہ معاوضہ کافی واسطے مدعی کے (شبیہ مذکور کے تلف ہو جانے کا زر ہو گا)۔

(مضمون فقرہ۔ 4'5 نمونہ نمبر 1 لکھنا چاہئے)۔

# بنابراں مدعی داد خواہ ہے کہ

اول۔بذریعہ حکم امتناعی کے مدعا (شبیہ) مذکور کے بیچنے یا چھپا ڈالنے یا اس کو ضرر پہنچانے سے باز رکھا جائے۔

دوم۔مدعا علیہ سے شبیہ مذکور مدعی کو واپس دلا دی جائے۔

(40)

## نالش امین بمراد تصفیہ بین المتنازعین

### عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- قبل ان دعا دی کے جن کا ذکر ذیل میں کیا جاتا ہے (ز'ح) نے مدعی کے پاس ______ یہاں تصریح مال کی کرنی چاہئے (با حفاظت رکھنے کے لئے) امانت رکھا تھا۔

2- مدعا علیہ (ج د) اسی مال کا دعوے کرتا ہے (اس بیان سے کہ (ز'ح) نے وہ مال اس کے نام منتقل کر دیا ہے۔

3- مدعا علیہ (ج'د) اسی مال پر (بذریعہ تحریر اس مضمون کے کہ (ز'ج) نے وہ مال اس کے نام منتقل کیا ہے) دعویٰ دار ہے۔

4- مدعی ان دونوں مدعا علیہم کے حقوق کے حال سے ناواقف ہے۔

5- مدعی کو اس مال پر سوائے خرچہ کے کچھ دعویٰ نہیں ہے اور اس مال کو ان اشخاص کے ہاتھ جن کی عدالت ہدایت کرے حوالہ کر دینے پر آمادہ اور راضی ہے۔

Marfat.com

6- مدعا علیہم میں سے کسی کے ساتھ سازش کر کے یہ نالش رجوع نہیں کی گئی ہے۔
(مضمون فقرہ 4'5 نمونہ نمبر1 لکھنا چاہئے)۔

7- بنا برآں مدعی دادخواہ ہے کہ
اول۔بذریعہ حکم امتناعی کے مدعا علیہم کو ممانعت ہو کہ اس مال کی نسبت مدعی پر کوئی مقدمہ قائم نہ کریں۔
دوم۔ان کو حکم ہو کہ اس مال کی نسبت اپنے اپنے دعویٰ کا تصفیہ عدالت سے کرالیں۔
سوم۔کسی شخص کو دراثنائے نزع عدالت اس مال کے حاصل کرنے کی اجازت دی جائے۔
چہارم۔جب اس (شخص) کو مال مذکور حوالہ کیا جائے تو مدعی کو بری کر دیا جائے کہ اس مال کی نسبت مدعا علیہم میں سے کسی مواخذہ مدعی سے نہ رہے۔

(41)

# نالش بمراد اہتمام معرفت قرض خواہ از جانب خود دیگر قرض خواہاں

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- (ہ'و) متوفی ساکن ________ بروقت اپنی وفات کے قرض دار مدعی کا بقدر مبلغ ________ (یہاں نوعیت قرضہ اور حال اس کی ضمانت یا کفالت کا اگر کچھ ہو بیان کرنا چاہئے) کے تھا اور اس کی جائیداد اب تک مقروض ہے۔

2- (لا'و) مذکور بتاریخ یا قریب تاریخ ________ کے فوت ہوا اور اپنے آخری وصیت نامہ مورخہ ________ کی رو سے (ج د) کو اپنا وصی مقرر کیا۔ (یا اپنی جائیداد امانت میں رکھی یا بلا وصیت مرگیا یعنی جیسی کہ صورت ہو)۔

3- وصیت نامہ مذکور کو (ج د) نے ثابت کیا (یا چٹھیات' مہتمی ترکہ اس کو عطا ہوئی ہیں۔ جیسی صورت ہو)۔

4- مدعا علیہ نے (ہ'و) متوفی کی جائیداد منقولہ ( اور غیر منقولہ یا آمدنی جائیداد غیر منقولہ) پر قبضہ کرلیا ہے اور مدعی کو قرضہ مذکور نہیں ادا کیا۔

Marfat.com

5- یہ کہ مدعی مستدعی ہے کہ (ہ'و) متوفی کے مال منقولہ (اور غیر منقولہ) کا حساب جائے اور اس کا اہتمام مطابق ڈگری عدالت کے جو صادر ہو کیا جائے۔
(مضمون فقرہ- 4'5 نمونہ نمبر1 لکھنا چاہیئے)۔

## (42)

## براد اہتمام جائیداد متوفی معرفت خاص موصی لہ کے

### عنوان

(نمونہ 41 کو اس طور پر بدل دو)

(فقرہ اول کو متروک کرو اور فقرہ -2 سے شروع کرو اس طرح پر کہ (ہ'و) متوفی ساکن نے بتاریخ یا قریب ________ کے وفات پائی اور اپنے آخری وصیت نامہ مورخہ ________ کی رو سے (ج د) کو اپنا وصی مقرر کیا اور اس وصیت نامہ کے رو سے مدعی کے حق میں (یہاں خاص شئے جو ہو لکھنی چاہیئے) ہبہ کیا۔

بجائے فقرہ 4 کے یہ عبارت قائم کرو۔

مدعا علیہ (ہ'و) کی جائیداد منقولہ پر قابض ہے اور منجملہ دیگر اشیاء کے (یہاں نام خاص شئے موہوبہ کا لکھنا چاہیئے) شئے موہوبہ پر بھی قابض ہے۔

بجائے شروع فقرہ -7 کے یہ عبارت لکھو۔

مدعی مستدعی ہے کہ مدعا علیہ کو حکم ہو کہ (یہاں نام خاص شئے و میتی کا لکھا جائے گا) مذکور مدعی کے حوالہ کرے یا یہ کہ -وغیرہ۔

## (43)

## واسطے اہتمام جائیداد متوفی کے بزریعہ موصی لہ نقد پانے والے کے

(نمونہ نمبر41 میں اس طور پر تبدیل کرنی چاہیئے)

(فقرہ اول متروک کیا جائے اور بجائے فقرہ 2 کے یہ عبارت لکھی جائے) (ہ'و) متوفی ساکن نے بتاریخ یا قریب تاریخ ________ کے وفات پائی اور اپنے آخری

Marfat.com

وصیت نامہ مورخہ ________ کی رو سے (ج د) کو وصی مقرر کیا اور بذریعہ اس وصیت نامہ کے مدعی کے نام مال وصیتی مبلغ ________ چھوڑا۔

(فقرہ 40 میں بجائے لفظ قرضہ کے شئے موہوبہ لکھنی چاہیے)۔

## دوسرا نمونہ

(ہ و) مدعی مذکور یہ عرض کرتا ہے:۔

1- (الف ب) ساکن ________ واقع ________ نے بتاریخ یا قریب تاریخ ________ کے وفات پائی اور اپنا آخری وصیت نامہ مورخہ (19ء حسب ضابطہ اس مضمون سے لکھوایا کہ مدعا علیہ حال اور (صرف) جو موصی کی حیات میں مرگیا) وصیان ترکہ مقرر کئے جائیں اور اپنی جائیداد منقولہ یا غیر منقولہ امانتاً" اپنے اوصیاء کو اس غرض سے تفویض کی کہ وہ لوگ زرہائے کرایہ یالگان اور آمدنی جائیداد مذکور مدعی کو اس کی حیات تک دیتے رہیں اور مدعی کی وفات کے بعد اور درصورت نہ ہونے کسی ایسے پسر مدعی کے جو اکیس برس کی عمر کو پہنچے یا نہ ہونے کسی دختر کے جو اسی عمر کی ہو یا جسکی شادی ہو جائے۔ جائیداد غیر منقولہ امانتاً" ان اشخاص کے لئے رہے جو موصی کے قربت دار قریب ہوں' اس صورت میں کہ مدعی کی وفات کے وقت موصی وصیت مرگیا ہو اور کوئی اولاد کی حسب مذکورہ بالا باقی نہ رہی ہو۔

2- مدعا علیہ نے وصیت نامہ (19ء) کو ثابت کیا۔ مدعی کی شادی نہیں ہوئی۔

3- موصی اپنی وفات کے جائیداد منقولہ اور غیر منقولہ کا مستحق تھا۔ مدعا علیہ نے جائیداد غیر منقولہ کے زر کرایہ بالگان کا تحصیل کرنا شروع کیا اور جائیداد منقولہ کو بھی حاصل کرلیا اور مدعا علیہ نے جائیداد غیرہ منقولہ میں سے کچھ جائیداد بیع کی ہے۔

(مضمون فقرہ۔ 4'5 نمونہ نمبر1 لکھنا چاہیے)۔

4- لہٰذا مدعی امور مذکورہ ذیل کا دعویدار ہے۔

اول۔ یہ کہ (الف ب) کی جائیداد منقولہ اور غیر منقولہ کا اہتمام اس عدالت میں ہو اور اس مراد سے ہدایات مناسب جاری ہوں اور حساب لیا جائے۔

دوم۔ ایسی داد رسی مزید کی جائے جو بلحاظ حالات مقدمہ ضروری ہو۔



Marfat.com

# بغرض تعمیل ٹرسٹ

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- مدعی منجملہ کے ایک ٹرسٹی بموجب ایک تملیک نامہ کے ہے جو تاریخ ______ یا اس کے قریب کسی تاریخ پر بروقت شادی (ہ و) اور (ز ح) والد اور والدہ مدعا علیہ کے لکھا گیا (یا بموجب دستاویز انتقال جائیداد اور اموال (...) کے جو (ج د) مدعا علیہ اور دیگر قرض خواہاں (ہ و) کی منفعت کے واسطے لکھی گئی)

2- (الف ب) نے اپنے ذمہ کار امانت مذکور کا لیا اور مال منقولہ اور غیر منقولہ بذریعہ دستاویز مذکورہ بالا کے منتقل کیا گیا (یا مال مذکور کی آمدنی پر قابض ہے)۔

3- (ج د) مذکورہ دستاویز مذکورہ بالا کے بموجب دعویٰ انتفاع کا رکھتا ہے۔
(مضمون فقرہ۔ 4، 5 نمونہ نمبر 1 لکھنا چاہیئے)۔

4- مدعی چاہتا ہے کہ حساب تمام لگان (یا کرایہ) اور منفعت جائیداد غیر منقولہ مذکور (اور زر ثمن جائیداد غیر منقولہ یا منقولہ مذکور کا یا اس کے حصہ کا یا زر ثمن جائیداد منقولہ مذکور یا اس کے حصہ کا یا منافع کا جو کہ مدعی کو با منصب انصرام کار ٹرسٹی مذکور کے ہوا) سمجھا جاوے۔ پس مدعی مستدعی ہے کہ عدالت روبرو (ج د) مذکور اور ایسے دیگر اشخاص کے جن کو غرض ہو اور جن کو عدالت ہدایت کرے ٹرسٹ مذکورہ کا حساب لے لے اور کل جائیداد امانتی مذکور کا اہتمام واسطے منفعت (ج د) مدعا علیہ اور تمام دیگر اشخاص کے جن کو اہتمام مذکور میں غرض ہو عمل میں لائے یا (ج د) اس امر کے عمل میں نہ آنے کی وجہ معقول بیان کرے۔

### تنبیہہ

جب کہ نالش منجانب شخص مرتہن لہ کے ہو تو عرض نالش بہ تبدیلی الفاظ تبدیل طلب مثل عرضی دعوی موصی لہ کے ہو۔



Marfat.com

# بیعات یا نیلام

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- یہ کہ مدعی اراضیات مملوکہ مدعاعلیہ کا مرتہن ہے۔

2- تفصیل رہن مذکور کی یہ ہے:۔

(الف تاریخ رہن۔

(ب نام راہن اور مرتہن کے۔

(ج )حاصل کردہ رقم شرح سود

(د)-جائیداد مرہونہ۔

(ر)- رقم جو بالفعل دینا واجب ہے۔

(د)- اگر مدعی نے حق کسی اور سے حاصل کیا ہو تو مختصر لکھنا چاہئے کہ حق اس کو کیوں کر پہنچا (اگر مدعی مرتہن با قبضہ ہو تو عبارت اضافہ ہونا چاہئے)

3- بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء مدعی نے جائیداد مرہونہ کا قبضہ حاصل کیا اور تاریخ مذکور سے باحیثیت مرتہن قبضہ دینے کو تیار ہے۔

(یہاں مضمون فقرہ۔ 4'5 نمونہ نمبر1 لکھنا چاہئے)۔

4- بنا براں مدعی داد خواہ ہے:۔

اول-کہ زر یافتنی دلایا جائے۔ ورنہ جائیداد مرہونہ نیلام کی جائے یا مدعی کے حق میں اس کا بیع کامل کر دیا جائے ( اور اس پر قبضہ دلایا جائے)۔

دوم-اگر نیلام سے اس قدر کل روپیہ جو مدعی کو یافتنی ہے وصول نہ ہو تو مدعی کو اختیار ہے کہ بقیہ کی نسبت ڈگری کرانے کی درخواست دے سکے۔

(46)

# انفکاک رہن

## عنوان

(الف ب) مدعی حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

Marfat.com

1- یہ کہ مدعی راہن اس جائیداد کا ہے جس کا مدعا علیہ مرتہن ہے۔
2- تفصیل رہن مذکور کی یہ ہے:۔
(الف) تاریخ رہن۔
(ب) نام رہن اور مرتہن کے۔
(ج)-جس قدر روپیہ رہن لیا گیا۔
(د)- شرح سود۔
(ر)-جائیداد مرہونہ۔
(د)- اگر مدعی نے جو کسی اور سے حاصل کیا ہو تو مختصر لکھنا چاہیئے کہ حق اس کو کیوں کر پہنچا (اگر مدعا علیہ مرتہن با قبضہ ہو تو عبارت اضافہ ہونا چاہیئے)۔
3- مدعا علیہ جائیداد مرہونہ پر قابض ہے یا اس کا زرلگان (یا کرایہ) وصول کرتا ہے۔
(یہاں مضمون فقرہ۔ 5'4 نمونہ نمبر1 لکھنا چاہیئے)۔
4- بنابراں مدعی داد خواہ ہے کہ جائیداد مذکور انفکاک کرا لے اور بذریعہ تحریر اسے واپس لے اور اس پر قبضہ حاصل کرے۔

## (47)

# تعمیل خاص (نمبر1)

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔
1- بذریعہ تحریر ایک اقرار نامہ مورخہ تاریخ ________ ماہ ________ 19ء دستخطی (ج د) مدعا علیہ کے اس نے مدعی سے ایک جائیداد غیر منقولہ جس کا بیان اور ذکر اقرار نامہ مذکور میں ہے بعوض مبلغ خرید کرنے (یا فروخت کرنے) کا اقرار کیا۔
2- مدعی نے مدعا علیہ سے درخواست کی کہ وہ اپنی طرف اس اقرار نامہ کی تکمیل خاص کرے لیکن اس نے نہیں کی۔
3- مدعی اپنی طرف سے خاص تکمیل اقرار نامہ کی کرنے پر مستعد اور راضی ہے اور اس امر کی اطلاع مدعا علیہ کو ہے۔
(مضمون فقرہ۔ 5'4 نمونہ نمبر1 لکھنا چاہیئے)۔

Marfat.com

4- بنا براں مدعی داد خواہ بدیں مراد ہے کہ عدالت مدعا علیہ کو اقرار نامہ کی تعمیل خاص کرنے اور ان تمام افعال عمل میں لانے کا حکم دے جو کہ جائیداد مذکور پر مدعی کو قبضہ کامل دینے کے لئے ضروری ہیں۔ (یا جائیداد مذکور کا انتقال اور قبضہ کرنے کے لئے ضروری ہوں اور نیز یہ کہ خرچہ اس نالش کا ادا کرے۔

## (48)

# تعمیل خاص (نمبر2)

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- بتاریخ _______ ماہ _______ 19ء مابین مدعی اور مدعا علیہ کے ایک اقرار نامہ لکھا گیا جو اس کے ساتھ منسلک ہے یہ کہ مدعا علیہ قطعاً" مستحق جائیداد غیر منقولہ متذکرہ اقرار نامہ کا تھا۔

2- بتاریخ _______ ماہ _______ 19ء مدعی نے مبلغ _______ مدعا علیہ کو دینے کے لئے کہا اور بعوض اس کے قبالہ معتبر جائیداد مذکور کا چاہا۔

3- بتاریخ _______ ماہ _______ 19ء مدعی نے پھر تقاضا اس انتقال کا کیا (یا مدعا علیہ نے مدعی کے نام اس کا انتقال کرنے سے انکار کیا)۔

4- مدعا علیہ نے کوئی قبالہ نہیں کیا۔

5- مدعی ہنوز زر ثمن مذکور مدعا علیہ کو ادا کرنے پر آمادہ اور راضی ہے۔

(مضمون فقرہ۔ 5'4 نمونہ نمبر1 لکھنا چاہئے)۔

6- بنابراں مدعی بمراد امور مفصلہ ذیل داد خواہ ہے:۔

اول۔یہ کہ مدعا علیہ بنام مدعی قبالہ متغیر جائیداد مذکور کا (مطابق شرائط مندرجہ اقرار نامہ مذکور) لکھ دے۔

دوم۔مبلغ _______ بابت ہرجہ ہنوز نہ لکھنے قبالہ مذکور کے دلائے جائیں۔

## (49)

Marfat.com

# شراکت

## عنوان

(الف ب) مدعی مذکور حسب ذیل عرض کرتا ہے:۔

1- مدعی اور مدعا علیہ (ج د) عرصہ ________ سال سے (یا مہینے سے) باہم بموجب شرائط تحریری درباب شراکت (یا بموجب دستاویز یا اقرار زبانی) کاروبار کرتے ہیں۔

2- درباب شراکت انواع انواع کے تنازعات اور اختلافات مابین مدعی و مدعا علیہ پیدا ہوئے جن کے سبب سے اس کاروبار کو اس طور پر کہ طرفین کو فائدہ ہو جاری رکھنا ممکن نہیں ہے۔ (یا مدعا علیہ نے حسب ذیل شرائط شراکت کی خلاف ورزی کی یعنی۔

(الف)-

(ب)-

(ج)-

(مضمون فقرہ۔ 4'5 نمونہ نمبر1 لکھنا چاہئے)۔

5- بنابراں مدعی داد خواہ ہے:۔

اول یہ کہ شرائط فسخ کر دی جائیں۔

دوم۔حساب کاروبار شراکت کا لیا جائے۔

سوم۔ایک ریسور مقرر کیا جائے۔

### تنبیہہ

ان نالشات میں جو واسطے طے کرنے حساب و کتاب شراکت کے ہوں استدعائے موقوفی شراکت کی نہ لکھی جائے لیکن بجائے اس کے ایک فقرہ اس بیان کا داخل کیا جائے کہ شراکت موقوف ہو گئی ہے۔

## بیان تحریری

### جواب دعویٰ

Marfat.com

انکار۔ مدعا علیہ (فلاں امر سے) انکار کرتا ہے۔

مدعا علیہ (فلاں امر کو) تسلیم نہیں کرتا۔

مدعا علیہ (فلاں امر کو) تسلیم کرتا ہے۔ مگر یہ کہتا ہے۔

مدعا علیہ اس سے انکار کرتا ہے کہ اس نے مدعی کے ساتھ معاہدہ مذکور یا کسی قسم کا کوئی معاہدہ کیا۔

مدعا علیہ انکار کرتا ہے کہ اس نے مدعی سے کوئی مبینہ اقرار کیا تھا جیسا بیان کیا گیا ہے یا سمجھی بھی۔

مدعا علیہ ترکہ تسلیم کرتا ہے مگر مدعی کے دعویٰ کو نہیں کرتا۔

مدعا علیہ اس سے انکار کرتا ہے کہ مدعی نے مال متذکرہ عرضی دعوی یا اس میں سے کوئی مال اس کے ہاتھ فروخت کیا۔

میعاد سماعت۔ میعاد سماعت از روئے آرٹیکل ________ یا آرٹیکل ________ ضمیمہ دوم ایکٹ میعاد سماعت 1908ء عارض ہے۔

اختیار سماعت مقدمہ۔ عدالت کو مقدمہ سننے کا اختیار نہیں ہے اس وجہ سے کہ (یہاں وجہ لکھنا چاہیے)۔

دعوئی کی بیباقی۔ بتاریخ ________ مدعا علیہ نے ایک ہیرے کی انگوٹھی مدعی کو دی اور مدعی نے اپنے دعوئی کی بیباقی میں اسے قبول کر لیا۔ مدعا علیہ کو عدالت نے دیوالیہ قرار دیا ہے۔

دیوالیہ نابالغی۔ قبل رجوع نالش ہذا عدالت نے مدعی کو دیوالیہ قرار دیا تھا۔ لہٰذا نالش دائر کرنے کا حق ریسور کو تھا۔ مدعا علیہ معاہدہ بینہ کرتے وقت نابالغ تھا۔

روپیہ داخل عدالت کرنا۔ مدعا علیہ نے کل دعوئی بابت (یا مبلغ------) کی بابت (جیسی بھی صورت ہو) عدالت میں مبلغ ________ داخل کیا اور عرض کرتا ہے کہ مبلغ مذکور سے مدعی کا کل دعوے (یا جزو مذکور) بیباق ہو گیا۔

دست برداری۔ بتاریخ ________ تعمیل معاہدہ سے دست برداری کی گئی۔

فسخ معاہدہ۔ معاہدہ از روئے اقرار نامہ مابین مدعی اور مدعا علیہ کے فسخ ہو گیا تھا۔

رس جوڈیکیٹا۔ مدعی کا دعوے بسبب فلاں فیصلہ کے دائر نہیں ہو سکتا۔

امر عارض۔ مدعی فلاں امر حق (یہاں تفصیل لکھنا چاہیے جن کی بنا پر امر عارض کا عذر کیا جائے)۔

بنائے جواب دعوئی بعد دائر ہونے مقدمہ کے۔ بعد دائر ہونے مقدمہ کے یعنی بتاریخ

(ایسا ایسا ہو)۔

Marfat.com

(1)

# جواب دعویٰ با مقدمات فروخت و حوالگی مال

1- مدعا علیہ نے مال کے واسطے آرڈر نہیں دیا تھا۔
2- مال مدعا علیہ کے حوالہ نہیں کیا گیا تھا۔
3- قیمت مبلغ ________ روپیہ نہیں تھی یا
4-
5- بجز مبلغ . وہی جو
6-
7- مدعا علیہ (یا الف ب مدعا علیہ کے ایجنٹ) نے قبل مقدمہ مدعی (یا ج د مدعی کے ایجنٹ) کو بتاریخ ________ 19ء روپیہ ادا کرنے سے دعویٰ کا فیصلہ کر دیا ہے۔
8- مدعا علیہ نے بعد دائر ہونے مقدمہ کے مدعی کو بتاریخ ________ 19ء روپیہ ادا کرنے سے دعویٰ بیباق کر دیا ہے۔

(2)

# جواب دعویٰ با مقدمات تمسک

1- تمسک مدعا علیہ کا تمسک نہیں ہے۔
2- مدعا علیہ نے تاریخ پر حسب شرط تمسک روپیہ مدعی کو ادا کر دیا تھا۔
3- مدعا علیہ نے تاریخ معینہ کے بعد اور قبل ارجاع مقدمہ اصل اور سود مندرجہ تمسک مدعی کو ادا کر دیا تھا۔

Marfat.com

(3)

## جواب دعویٰ با مقدمات ضمانت

1- اصل مقروض نے قبل مقدمہ روپیہ ادا کرنے سے دعویٰ کا فیصلہ کر دیا تھا۔

2- مدعی نے ایک پابند کرنے والے اقرار نامہ سے اصل مقروض کو مہلت دینے سے مدعا علیہ کو بری الذمہ کر دیا ہے۔

(4)

## جواب دعویٰ با مقدمہ قرضہ

1- مبلغ 2 صد روپیہ نقد کے دعویٰ کی بابت مدعا علیہ مشعر اس مال کے مجرائی لینے کا مستحق ہے جو مدعا علیہ نے مدعی کے پاس فروخت کیا ور اس کے حوالہ کر دیا تھا۔ اس کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

25 جنوری 1907ء کو ------------- 150 روپیہ

یکم فروری 1907ء کو ------------- 50 روپیہ

------------------------ جملہ 200 روپیہ

2- کل رقم کی بابت (یا مبلغ ______ کی بابت) مطلوبہ رقم کے جزو (کی بابت) مدعا علیہ نے قبل نالش مبلغ ______ ادا کر دیئے تھے اور مذکور رقم عدالت میں جمع کر دی گئی ہے۔

(5)

## جواب دعویٰ مقدمات ضرر رسانی جو غفلت سے گاڑی چلانے کے باعث پہنچے

1- مدعا علیہ کو اس سے انکار رہے کہ گاڑی مندرجہ عرضی دعویٰ مدعا علیہ کی تھی اور یہ کہ مدعا علیہ کے زیر اہتمام یا زیر اقتدار تھی۔ یہ گاڑی ______ ساکن ______ سٹریٹ کراچی اصطبل داروں کی تھی جو مدعا علیہ کو گاڑی اور گھوڑے

Marfat.com

بہم پہنچاتے ہیں اور کہ وہ شخص جس کے گاڑی مذکور زیر اہتمام بازیر اقتدار تھی
_______ مذکور ملازم تھا۔

2- مدعا علیہ تسلیم نہیں کرتا کہ گاڑی مذکور روڈ سٹریٹ سے دفعتاً یا آواز دینے کے بغیر جلد یا خطرناک رفتار سے نکالی گئی تھی۔

3- مدعا علیہ عرض کرتا ہے کہ مدعی معقول عزم و احتیاط عمل میں لانے سے گاڑی کو اپنے پاس پہنچتے ہوئے دیکھ سکتا تھا اور اس کے ساتھ ٹکرانے سے بچ سکتا تھا۔

(6)

## جواب دعویٰ افعل بے جا کے مقدمات میں

1- کسی افعال (یا مراتب) سے انکار جن کی بابت استغاثہ ہو۔

(7)

## جواب دعویٰ بابت مقدمہ روک رکھنے مال کے

1- مال مدعی کی ملک میں نہ تھا۔

2- مال اس حق گرفت کی بابت روک رکھا تھا جس کا مدعا علیہ مستحق تھا۔
کیفیت حسب ذیل ہے:۔

3- مئی 1907ء بابت کرایہ مال از لاہور تا کراچی۔
45 من با حساب 2 روپیہ فی من __________ 90 روپیہ۔

(8)

## جواب دعویٰ با مقدمہ خلاف ورزی کاپی رائٹ

1- مدعی مصنف (منتقل الیہ وغیرہ) نہیں ہے۔

2- کتاب رجسٹری شدہ نہیں تھی۔

3- مدعا علیہ نے خلاف ورزی نہیں کی۔

Marfat.com

(9)

## جواب دعویٰ بامقدمات خلاف ورزی ٹریڈ مارک (تجارتی نشان)

1- ٹریڈ مارک مدعی کا نہیں ہے۔
2- ٹریڈ مارک مبینہ ٹریڈ مارک ہی نہیں۔
3- مدعا علیہ نے خلاف ورزی نہیں کی۔

(10)

## جواب دعویٰ مقدمات متعلقہ مضرت میں

1- مدعی کی روشندان پرانی نہیں (یا اس کے دیگر حقوق دیرینہ سے انکار کرنا چاہئے)۔
2- مدعی کے روشندان میں مدعا علیہم کی عمارات سے کوئی مداخلت نہیں ہو گی۔
3- مدعا علیہ کو اس سے انکار ہے کہ اس کے ملازم پانی کو گندہ کرتے ہیں (یا کہ وہ بات کرتے ہیں جس کی بابت شکایت ہے) (اگر مدعا علیہ کا حق قدیم ہو یا بنوع دیگر اس بات کے کرنے کا حق رکھتا ہو جس کی بابت استغاثہ کیا گیا ہے تو اس کی اسی طرح بیان کرنا چاہئے اور وجوہات دعویٰ کا تذکرہ کرنا چاہئے یعنی آیا یہ کہ اس کو دیرینہ یا بذریعہ عطیہ یا کس طرح حاصل ہے)
4- مدعی غفلت کا قصوروار ہے جس کی کیفیت حسب ذیل ہے:۔
1870ء مدعی کی مل نے کام کرنا شروع کیا۔
1871ء میں مدعی قابض ہوا۔
1873ء میں پہلا استغاثہ۔
5- مدعی کے ہرجہ کی بابت دعویٰ میں مدعا علیہ اپنے جواب دعویٰ کی وجوہات مذکور پر حصر کرتا ہے اور عرض کرتا ہے کہ جن افعال کی نسبت استغاثہ ہے ان سے مدعی کو کوئی ہرجہ نہیں پہنچا (اگر دیگر وجوہات پر حصر کرنا ہو تو وہ بیان کرنی چاہئیں۔ مثلاً میعاد بابت گزشتہ ہرجہ وغیرہ)۔

(11)

Marfat.com

## جواب دعویٰ با مقدمہ بیعات

1- یہ کہ مدعا علیہ نے رہن کی تکمیل نہیں کی۔
2- یہ کہ مدعی کے حق میں رہن منتقل نہیں ہوا (اگر ایک سے زیادہ انتقال بیان کئے جائیں تو یہ لکھنا چاہئے کہ کس انتقال سے انکار ہے)۔
3- نالش ازروئے آرٹیکل ضمیمہ دوم۔ ایکٹ میعاد 1908ء دائر نہیں ہو سکتی۔
4- رقوم مذکور ادا کی گئیں۔یعنی

بتاریخ 1000 روپیہ

بتاریخ 500 روپے

5- بتاریخ ________ مدعی نے جائیداد پر قبضہ حاصل کیا اور جائیداد مذکور سے اس کا زرلگان (یا کرایہ) پاتا رہا۔
6- مدعی نے بتاریخ ________ قرضہ وصول پایا۔
7- ازروئے دستاویز مورخہ ________ مدعا علیہ نے اپنا کل (الف ب) کے نام منتقل کر دیا۔

(12)

## جواب دعویٰ با مقدمہ انفکاک رہن

1- مدعی کا حق انفکاک ازروئے آرٹیکل ضمیمہ دوم ایکٹ میعاد 1908ء ساقط ہو گیا۔
2- مدعی نے اپنا کل حق متعلق جائیداد (اب) کے نام منتقل کر دیا۔
3- مدعا علیہ نے ازروئے دستاویز مورخہ ________ اپنا کل حق متعلقہ زر رہن اور متعلقہ جائیداد مرہونہ (الف ب) کے نام منتقل کر دے۔
4- مدعا علیہ نے جائیداد پر کسی وقت قبضہ حاصل نہیں کیا اور نہ اس کا زرلگان (یا کرایہ) وصول پایا (اگر مدعی صرف قبضہ چند روزہ کا اقرار کرے تو اس کو چاہئے کہ مدت لکھے اور مابعد کے قبضہ سے انکار کرے)۔

(13)

Marfat.com

# جواب دعویٰ با مقدمہ تعمیل خاص

1- مدعا علیہ نے اقرار نامہ نہیں کیا۔
2- کہ (اب) مدعا علیہ کا ایجنٹ نہیں تھا (اگر مدعی اس کا ایجنٹ ہونا بیان کرے)۔
3- مدعی نے شرائط ذیل کی تعمیل نہیں کی۔ (شرائط)
4- مدعا علیہ نے فلاں فلاں فعل نہیں کیا (افعال مبینہ نسبت جزو تعمیل)۔
5- یہ کہ مدعی کا نسبت اس جائیداد کے جس کی فروخت کا اقرار کیا گیا۔ بوجہ مندرجہ ذیل ایسا نہیں کہ مدعا علیہ کو اسے قبول کرنا لازم ہے۔ (یہاں وجوہ لکھنا چاہئے)۔
6- اقرار نامہ امور مندرجہ ذیل کی نسبت مذبذب ہے (یہاں وہ امور لکھنا چاہئے)۔
7- (یا) مدعی تاخیر کا ذمہ دار ہے۔
8- (یا) مدعی فریب (یا خلاف بیانی) کا قصور وار ہے۔
9- (یا) اقرار نامہ نا مناسب ہے۔
10- (یا) اقرار نامہ غلطی سے لکھا گیا۔
11- مندرجہ ذیل تفصیلات فقرہ 7-8-9-10 (یا جیسی کہ صورت ہو) کی ہیں)۔
12- اقرار نامہ ازروئے شرائط نیلام نمبر11 (یا باہمی) منسوخ ہو گیا۔

(جن صورتوں میں ہرجہ کا دعویٰ کیا جائے اور مدعا علیہ ہرجہ کی ذمہ داری کی نسبت عذرداری کرے تو اس کو چاہئے کہ اقرار نامہ کی شرائط سے انکار کرے جن کی خلاف ورزی بیان کی جائے یا کوئی اور بنائے جواب دعویٰ جس پر استدلال کرنا چاہتا ہو بیان کرے مثلاً" ایکٹ میعاد ہند یا بیباقی یا سبکدوشی یا فریب وغیرہ)

(14)

## جواب دعویٰ با مقدمہ اہتمام جائیداد متوفی کے بذریعہ موصی لہ نقد پانے والے کے

1- الف کی وصیت میں قرضوں کا بار شامل ہے۔ وہ دیوالیہ فوت ہوا۔ بروقت فوت ہونے کسی جائیداد غیر منقولہ کا مستحق تھا جو مدعا علیہ نے فروخت کی اور اس کا کرایہ _______ روپیہ تھا اور موصی کی کچھ جائیداد منقولہ بھی تھی جو مدعا علیہ کو ملی

Marfat.com

اور اسے خالص ________ روپیہ وصول ہوا۔

2- مدعا علیہ نے سالم رقوم مزکور اور مبلغ ________ روپیہ جو مدعا علیہ کو جائداد غیر منقولہ کے کرایوں سے وصول ہوئے مصارف تجہیز و تکفین اور وصیتی میں اور موصی کے بعض قرضوں میں ادا کی ہیں۔

3- مدعا علیہ نے اپنا حساب تیار کر کے اس کی نقل بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء مدعی کے پاس بھیجی تھی اور اس کو کہا تھا کہ حساب مذکور کی تصدیق کے واسطے رسیدات ملاحظہ کر لے۔ مگر انہوں نے مدعا علیہ کی آمادگی مذکور کا فائدہ نہ اٹھایا۔

4- مدعا علیہ عرض کرتا ہے کہ مدعی کو اس مقدمہ کا خرچہ ادا کرنا چاہئے۔

## (15)

## وصیت کی پروبیٹ با قاعدہ نمونہ ہیں

1- وصیت اور تمتہ وصیت مذکور حسب احکام ایکٹ وراثت 1925ء (یا ایکٹ ہندو وصیت 1870ء) باضابطہ تکمیل نہیں پائی۔

2- وصیت اور تمتہ وصیت جس وقت تحریر ہونی بیان کی جاتی ہیں اس وقت متوفی ... جو اس یادداشت اور سمجھ درست نہیں تھی۔

3- وصیت اور تمتہ وصیت کی تکمیل مدعی اور دیگر اشخاص کے جو اس کے ساتھ مل کر کام کرتے تھے اور ان کے نام اس وقت مدعا علیہ کو معلوم نہیں دباؤ ناجائز سے کرائی گئی۔

4- جہاں تک کہ مدعا علیہ کو اس وقت علم ہے وصیت اور تمتہ وصیت کی تکمیل مدعی کے فریب سے کرائی تھی۔ (یہاں فریب کی نوعیت بیان کرنی چاہئے)

5- متوفی کو وصیت اور تمتہ وصیت تحریر کرنے کے وقت اس کے مضمون کا علم نہ تھا اور یہ کہ اس مضمون کو منظور نہیں کرتا تھا۔ (یا مذکورہ وصیت نامہ کی بقیہ شق کا اسے علم نہ تھا جیسی بھی صورت ہو)

6- متوفی نے اپنی آخری صحیح وصیت یکم جنوری 1873ء کو لکھی تھی اور اس میں متوفی نے مدعا علیہ کو اپنا وصی ترکہ مقرر کیا تھا۔

مدعا علیہ کا دعویٰ ہے کہ:۔

Marfat.com

(الف)۔ عدالت وصیت اور تمتہ وصیت پیش کردہ مدعی کے خلاف فیصلہ کرے۔
(ب)عدالت متوفی کی وصیت مورخہ یکم جنوری 1973ء کی بابت حسب قاعدہ پروبیٹ (مصدقہ سرکاری وصیت نامہ) کی ڈگری عطا کرے۔

## (16)

## تفصیلات (آرڈر 6- قاعدہ 5)

### عنوان مقدمہ

(تفصیلات) یہ تفصیلات (یہاں امور لکھے جائیں گے) جن کی تفصیلات داخل کرنے کا حکم ہوا ہو مطابق حکم مورخہ ________ داخل کی جاتی ہیں۔
(یہاں الگ الگ فقروں میں) اگر ضرورت ہو تو تفصیلات لکھی جائیں جن کی نسبت حکم ہوا ہو)۔

Marfat.com

# اپنڈکس (ب)

## پروسیس

## (1)

## سمن بغرض انفصال مقدمہ

(آرڈر 5- قاعدہ- 5'1)

عنوان

بنام _______ ساکن _______

واضح ہو کہ _______ نے، تمہارے نام ایک نالش بابت _______ کے
دائر کی ہے لہٰذا تم کو حکم ہوتا ہے کہ تم بتاریخ _______ ماہ _______ 19ء
وقت _______ اصالتاً" یا معرفت وکیل عدالت مجاز حسب ضابطہ کے جو مقدمہ کے
حال سے قرار واقعی وقف کیا گیا ہو اور جو کل امور اہم متعلقہ مقدمہ کا جواب دے سکے یا
جس کے ساتھ کوئی اور شخص ہو کہ جواب ایسے سوالات کا دے سکے حاضر ہو اور جواب
دہی دعویٰ مذکور کی کرو اور ہرگاہ وہی تاریخ جو تمہارے احضار کے لئے مقرر ہے واسطے
انفصال قطعی مقدمہ کے تجویز ہوئی ہے۔ پس تم کو لازم ہے کہ اسی روز اپنے جملہ گواہوں
کو حاضر کرو اور تم کو چاہئے کہ اپنے ساتھ _______ کو جس کا معائینہ مدعی چاہتا ہے
اور کسی دستاویز کو جس پر تم اپنی جواب دہی کے استدلال کرنا چاہتے ہو اپنے ساتھ لاؤ۔
تم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر بروز مذکور کو تم حاضر نہ ہو گے تو مقدمہ بغیر



Marfat.com

حاضری تمہاری مسموع اور فیصل ہو گا بہ ثبت دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء جاری کیا گیا۔

دستخط جج مہر عدالت

اطلاع:

1- اگر تم کو یہ اندیشہ ہو کہ تمہارے گواہ اپنی مرضی سے حاضر نہ ہوں گے تو تم عدالت ہذا سے سمن باس مراد جاری کرا سکتے ہو کہ جو گواہ نہ حاضر کرایا جائے اور جس دستاویز کو کسی گواہ سے پیش کرانے کا تم استحقاق رکھتے ہو وہ اس سے پیش کرائی جائے۔ بشرط یہ کہ تم اس کے واسطے زر خوراک جو ضروری ہو عدالت میں داخل کر کے اس امر کی درخواست گذرا لو۔

2- اگر تم مطالبہ مدعی کو تسلیم کرتے ہو تو تم کو لازم ہے کہ روپیہ معہ خرچہ نالش عدالت میں داخل کرو تا کہ سرسری اجرء ڈگری تمہاری ذات حال یا درصورت ضرورت دونوں پر ہو' کرنا نہ پڑے۔

(2)

## سمن بغرض قرار داد امور تنقیح طلب

(آرڈر 5 - قاعدہ -او 5

### عنوان

بنام ساکن

کو حکم ہوتا ہے کہ تم بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء وقت ______ پر اصالتاً" (یا معرفت وکیل عدالت مجاز حسب ضابطہ کے جو مقدمہ کے حال سے قرار واقعی واقف کیا گیا ہو اور کل امورات اہم متعلقہ مقدمہ کا جواب دے سکے یا جس کے ساتھ کوئی اور شخص ہو کہ جواب سوالات کا دے سکے حاضر ہو اور جواب دہی استدلال کرنا چاہتے ہو اپنے ساتھ لاؤ اور اس تاریخ کو یا اس سے پہلے اپنا جواب دعویٰ

Marfat.com

داخل کرو۔

تم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ بروز مذکور تم حاضر نہ ہو گے تو مقدمہ تمہاری عدم موجودگی میں مسموع اور فیصل کیا جائے گا۔ یہ ثبت میرے دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء کو جاری کیا گیا۔

دستخط جج مہر عدالت

اطلاع:

1- اگر تم کو یہ اندیشہ ہو کہ تمہارے گواہ اپنی مرضی سے حاضر ہوں گے تو تم عدالت ہذا سے سمن بایں مراد جاری کرا سکتے ہو کہ جو گواہ حاضر نہ ہو وہ جبرا" حاضر کرایا جائے اور جس دستاویز کو کسی گواہ سے پیش کرانے کا تم استحقاق رکھتے ہو وہ اس سے پیش کرائی جائے با شرط یہ کہ تم اس کے واسطے زر خوراک جو ضروری ہو عدالت میں داخل کر کے اس امر کی درخواست گذرا لو۔

2- اگر تم مطالبہ مدعی کو تسلیم کرتے ہو تو تم کو لازم ہے کہ روپیہ مع خرچہ نالش عدالت میں داخل کرو تاکہ ضروری اجراء ڈگری کا تمہاری یا مال درصورت ضرورت دونوں پر ہ' کرنا نہ پڑے۔

(3)

## سمن اصالتا" حاضر ہونے کے لئے

آرڈر 5 - قاعدہ 3

عنوان

بنام ساکن عنوان

واضح ہو کہ ________ نے؛ تمہارے نام ایک نالش بابت ________ کے دائر کی ہے لہذا تم کو حکم ہوتا ہے کہ تم بتاریخ ________ 19ء بوقت پر اصالتا" حاضر ہو اور پیروی اپنے مقدمہ کی کرو اور تم کو چاہئے کہ وہ تمام دستاویزات اس تاریخ پر پیش

Marfat.com

کرو جن پر تم اپنے جواب دعویٰ داخل کرنا چاہتے ہو۔
تم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر بروز مذکور تم حاضر نہ ہو گے تو مقدمہ کو تمہاری عدم موجودگی میں مسموع اور فیصل کیا جائے گا۔
بہ ثبت میرے اور مہر عدالت کے آج بتاریخ ______ 19ء جاری کیا گیا۔
دستخط جج مہر عدالت

Marfat.com

(4)

# سمن با مقدمہ سرسری بر بناء دستاویز قابل انتقال

(آرڈر 37 - قاعدہ۔ 2

## عنوان

بنام ________ (یہاں مدعا علیہ کا نام اور ولدیت اور پیشہ وغیرہ اور سکونت لکھنا چاہئے)

ہرگاہ (یہاں مدعی کا نام اور ولدیت وغیرہ اور سکونت لکھنا چاہئے) نے نالش اس عدالت میں تمہارے نام بموجب آرڈر 37-قواعد مندرجہ ضمیمہ مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء بابت مبلغ ________ اصل وسود (یا مبلغ ________ بقیہ اصل سود) جو اس کو اس منصب سے کہ یافتنی ہے جس کی نقل منسلک کی جاتی ہے۔ مرجوع ہے۔ لہٰذا تمہارے نام سمن بایں مراد بھیجا جاتا ہے کہ تم اس حکم کی تعمیل کی تاریخ سے دس دن کے اندر واسطے حاضر ہونے اور کرنے جواب دہی مقدمہ کے اجازت حاصل کرو اور عرصہ مذکور کے اندر اپنے حاضر ہونے کا داخلہ کراؤ بصورت عدم تعمیل اس حکم کے مدعی منقضی ہونے میعاد دس یوم مذکور کے مستحق ہو گا کہ ڈگری اس قدر روپیہ کی جو مبلغ سے زیادہ نہ ہو (یہاں تعداد متدعویہ لکھی جائے گی اور مبلغ ________ بابت خرچہ کے بمعہ اس سود کے اگر مقدمہ دائر کرنے کی تاریخ سے جیسا کہ عدالت حکم دے گی۔

حاضر ہونے کی اجازت عدالت سے بذریعہ ایک درخواست کے حاصل ہو سکتی ہے جس کے تحریری بیان حلفی یا اقرار بایں مضمون ہونا چاہئے کہ مقدمہ ازراہ حق واجب قابل جواب دہی ہے یا کوئی وجہ معقول اس بات کی ہے کہ تم کو مقدمہ میں حاضر ہونے کی اجازت دی جائے۔

بہ ثبت دستخط میرے اور مہر عدالت کے آج بتاریخ ------- 19ء جاری کیا گیا۔

(دستخط جج)

(5)

Marfat.com

## نوٹس اس شخص کے نام جس کو عدالت شریک مدعی بنانا چاہیے

(آرڈر - قاعدہ - 10)

### عنوان

بنام ________ (نام پتہ ولدیت رہائش وغیرہ)۔

ہرگاہ کہ ________ نے مقدمہ مذکور بنام ________ بابت ________ دائر کیا ہے اور ہرگاہ کہ یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ تم مقدمہ مذکور میں بطور مدعی شامل کئے جاؤ تاکہ عدالت تمام مراتب مندرجہ ذیل مقدمہ کا موثر اور مکمل طور پر فیصلہ کرنے کے قابل ہو۔ مطلع رہو کہ بتاریخ 19 یا قبل اس کے اس عدالت میں ظاہر کرنا چاہئے کہ یا تم اس طرح پر شامل کیا جانا چاہتے ہو۔

یہ ثبت دستخط میرے اور عدالت کے آج بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء جاری کیا گیا۔

(6)

## سمن بنام جائز قائم مقام مدعا علیہ متوفی کے

(آرڈر 22 - قاعدہ - 45)

### عنوان

بنام ________________

ہرگاہ کہ مدعی نے اس عدالت میں بتاریخ ________ 19ء بنام مدعا علیہ ________ مقدمہ دائر کیا ہے جو فوت ہوگیا ہے اور ہرگاہ کہ مدعی نے اس عدالت میں بدیں بیان درخواست کی ہے کہ تم ________ متوفی مذکور کے جائز قائم مقام ہو اور تم بجائے اس کے مدعا علیہ بنائے جاؤ۔

لہٰذا تمہارے نام سمن جاری کیا جاتا ہے کہ تم بتاریخ ________ 19ء بوقت

Marfat.com

________ قبل دوپہر اس عدالت میں حاضر ہو کر جواب دہی مقدمہ کی کرو اور تاریخ مصرحہ مذکور بصورت غیر حاضری تمہاری کے مقدمہ مذکور تمہاری عدم موجودگی میں مسموع اور فیصل کیا جائے گا۔

بہ ثبت میرے اور مہر عدالت کے آج بتاریخ ________ 19ء جاری کیا گیا۔

جج

(7)

# حکم مشعر ارسال سمن بغرض تعمیل دوسری عدالت کے حدود اختیار سماعت کے اندر

(آرڈر 5 - قاعدہ 21)

## عنوان

ہرگاہ کہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ:۔

مدعا علیہ مقدمہ مندرجہ عنوان اس وقت ________ بودوباش رکھتا ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ سمن بتاریخ قابل واپسی ہے عدالت ________ کہ مدعا علیہ مذکور کے نام تعمیل کے واسطے مع نقل بھیجا جائے۔ کورٹ فیس ________ بابت تعمیل سمن اس عدالت میں بذریعہ سٹمپ وصول کیا گیا۔ مورخہ ________ 19ء

جج

(8)

# حکم ارسال سمن قیدی پر تعمیل ہونے کے لئے

(آرڈر 5 - قاعدہ - 24)

Marfat.com

## عنوان

بنام صاحب سپرنٹنڈنٹ جس واقع ____________________

بموجب آرڈر 5 قاعدہ 24 ضابطہ دیوانی 1908ء ایک سمن مثنیٰ کے اس حکم کے ساتھ مدعا علیہ موسومہ ________ پر تعمیل ہونے کے لئے جو جیل میں ہے بھیجا جاتا ہے اور آپ سے درخواست کی جاتی ہے کہ سمن مذکور کی نقل مدعا علیہ مذکور پر تعمیل کریں اور اصل کو مدعا علیہ مذکور سے دستخط کرا کے اور تعمیل کا بیان اور اپنے دستخط کرا کے اور تعمیل کا بیان اور اپنے دستخط کر کے اس عدالت میں واپس بھیج دیں۔

(9)

# حکم ارسال سمن ملازم سرکاری یا فوجی سپاہی پر تعمیل ہونے کے لئے

(آرڈر 5 - قاعدہ - 27 یا قاعدہ - 28)

## عنوان

بنام ____________________

بموجب آرڈر 5 قاعدہ 27 (یا 28 لیجئے جیسا کہ موقع) مجموعہ دیوانی 1908ء ایک سمن مثنیٰ کے اس حکم کے ساتھ مدعا علیہ موسومہ ________ پر تعمیل ہونے کے لئے جو آپ کی ماتحتی میں کام کرتا ہے بھیجا جاتا ہے اور آپ سے درخواست کی جاتی ہے کہ سمن مذکور کی نقل کی تعمیل مدعا علیہ مذکور پر کرائیں اور اصل کو مدعا علیہم مذکور سے دستخط کرا کر اور تعمیل کا بیان اور اپنے دستخط کر کے اس عدالت میں واپس کریں۔

دستخط جج

(10)

# روبکار جو دوسری عدالت کے سمن کی ساتھ مرصل ہو گی

Marfat.com

(آرڈر 5 - قاعدہ - 230)

## عنوان

روبکار مرسلہ ________ مشعر ارسال ________ بغرض تعمیل اوپر ________ بامقدمہ ________ نمبر ________ مرحومہ عدالت مذکور ملاحظہ سے گذری۔

نیز افسر تعمیل کنندہ کی تحریر ظہری بایں بیان کہ ________ ملاحظہ ہوئی اور اس کا ثبوت حسب ضابطہ ہمارے روبرو (بحلف) باقرار صالح ________ کے لیا گیا۔
لہٰذا حکم ہوا کہ ________ بعدالت ________ مع نقل روبکار ہذا واپس بھیجا جائے۔

دستخط جج

تنبیہہ:

یہ نمونہ سوائے سمن کے ہر حکم نامہ سے متعلق ہو گا جس کی تعمیل اسی طور کرانی منظور ہو۔

(11)

## بیان حلفی تعمیل کنندہ کا جو کہ سمن یا نوٹس واپس ہونے پر اس کے ساتھ شامل کیا جاوے گا

1- بیان حلفی مسمی ________ پسر ________ اس عدالت کا تعمیل کنندہ ہوں اور بیان کرتا ہے۔

2- مذکور ________ کو میں ذاتی طور پر بوقت ________ جانتا ہوں اور میں نے مذکور پر سمن جاری کردہ بعدالت مقدمہ نمبر ________ درعدالت مذکور کی تعمیل بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء ________ بذریعہ ایک نقل اس کے سپرد کر کے کی اور اس کو اپنے دستخط اصلی سمن پر کرنے کو کہا۔
(الف) یہاں یہ بیان کرو کہ شخص مذکور جس پر تعمیل کی گئی ہے نے دستخط کر

Marfat.com

دیجیے یا اس کی موجودگی میں دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔

(ب)دستخط تعمیل کنندہ۔

3- ________ مذکورہ کو میں ذاتی طور پر جانتا ہوں اور میں نے اس مرد' عورت پر سمن نوٹس مذکورہ کی تعمیل بتاریخ ماہ ________ 19ء بوقت تقریبا ________ بجے قبل از دوپہر تعمیل حوالگی ایک نقل سمن' نوٹس پر کی اور اس مرد' عورت کی اصلی سمن' نوٹس پر دستخط کرنے کو کہا۔

(الف'ب)شرح مذکور بالا۔

(الف) یہاں بیان کرو کہ اس شخص نے تعمیل دستخط کیے یا انکار کیا اور یہ کہ کس شخص کی موجودگی میں۔

(ب)تعمیل کرنے والے کے دستخط۔

یا

3- مذکورہ شخص ________ جسے میں ذاتی طور پر نہیں جانتا تھا بہ ہمراہ ________ اور ________ گیااور اس نے مجھے شخص مذکورہ کو اشارہ" بتایا اور میں نے مذکورہ سمن' نوٹس اس مرد' عورت پر مورخہ ________ بوقت تقریبا" کی نقل (شئی) دکھا کر اس مرد' عورت کے دستخط اصل سمن' نوٹس بے دستخط کروانے چاہیے۔

(الف) ________________________

(ب)- ________________________

(الف) یہاں بیان کرو کہ اس شخص نے تعمیل پر دستخط کیے یا انکار کیا اور یہ کہ شخص کی موجودگی میں۔

(ب)تعمیل کرنے والے کے دستخط۔

یا

3- مذکورہ شخص ________ کو اور وہ مکان جس میں وہ عام طور پر رہائش رکھتا ہے ذاتی طور پر میں جانتا تھا میں مذکورہ مکان واقع ________ گیا اور وہاں میں بتاریخ ________ بوقت تقریبا" ________ پہنچا ہے مذکورہ شخص ________ وہاں نہ ملا۔

(الف) ________________________

(ب)- ________________________

Marfat.com

(الف) یہاں مفصل طور پر بعینہ اس طریقہ پر جو تعمیل میں برتا گیا لکھو' آرڈر 5 قواعد 15 اور 17 کے حوالے سے خاص طور پر۔

(ب) تعمیل کروانے والے کے دستخط۔

یا

3- ایک شخص ________ نامی میرے ہمراہ ہوا اور بمقام ________ پر اشارہ" بتایا کہ وہ ________ پر عام طور پر رہائش رکھتا ہے مجھے ________ یہ شخص مذکورہ نہیں ملا۔

(الف) یہاں وہ طریقہ مفصل اور بعینہ لکھو جو تعمیل میں اختیار کیا گیا' آرڈر 5 قواعد 15 اور 17 کے حوالے سے خاص طور پر۔

(ب) تعمیل کرنے والے کے دستخط۔

یا

اگر مبدلہ تعمیل کا حکم دیا گیا ہو تو مفصل اور بعینہ طریقہ پر لکھو کہ کس طرح سمن ہائے پر تعمیل کروائی گئی جس میں حوالہ ان شرائط کا خاص طور پر دیا جائے جس کا حکم برائے تعمیل دیا گیا تھا۔

حلفیہ بیان کیا تصدیق کی گئی۔

منجانب مذکورہ ________ میرے روبرو بتاریخ ________ 19ء مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء کی دفعہ 139 کے تحت بااختیار برائے لینے بیان حلفیہ۔

Marfat.com

(12)

# نوٹس بنام مدعا علیہ

(آرڈر 9 - قاعدہ - 6)

## عنوان

بنام ________ (نام ولدیت - جائے سکونت)

ہرگاہ کہ آج تاریخ مقدمہ مذکور کی ساعت کے واسطے مقرر کی گئی تھی اور تمہارے نام سمن جاری کیا گیا تھا اور مدعی اس عدالت میں پیش ہوا ہے اور تم حاضر نہیں ہوئے اور ناظر کی رپورٹ سے، حسب اطمینان عدالت ثابت ہوا ہے کہ سمن مذکور کی تعمیل کافی عرصہ کے اندر نہیں ہوئی تھی کہ تم تاریخ معینہ مندرجہ سمن پر حاضر ہو کر جواب دہی کرنے کے قابل ہوتے۔

لہٰذا تم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ آج ساعت مقدمہ ________ 19ء پر ملتوی کی گئی ہے اور اگر تم اس آخری مندرجہ بالا تاریخ پر حاضر نہ ہو گے تو مقدمہ تمہاری عدم موجودگی میں مسموع اور فیصل کیا جائے گا۔

یہ ثبت دستخط میرے اور مہر عدالت آج بتاریخ ________ 19ء کو جاری کیا گیا۔

دستخط جج

Marfat.com

(13)

# سمن بنام گواہ

(آرڈر 16- قاعدہ نمبر 1، 5)

## عنوان

بنام ________

________________________

ہرگاہ تمہارا حاضر ہونا واسطے کے منجانب مقدمہ مذکورہ بالا میں ضروری ہے۔

لہٰذا تم کو حکم دیا جاتا ہے کہ اصالتاً اس عدالت میں حاضر ہو بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء بروقت بجے دن کے قبل دوپہر (اور) اپنے ساتھ ________ اس عدالت میں لیتے آؤ یا بھیج دو۔

مبلغ ________ بابت تمہارے سفر خرچ وغیرہ اور خوراک ایک یوم کے اس سمن کے ساتھ بھیجا جاتا ہے اگر تم اس حکم کی تعمیل میں بغیر عذر جائز تصور کرو گے تو تم پر نہ حاضر ہونے کا نتیجہ جو مجموعہ ضابطہ دیوانی کے قاعدہ 13 آرڈر 16 میں مذکور ہے۔ عائد ہو گا۔

میرے دستخط اور مہر عدالت سے آج بتاریخ ________ ماہ ________ 19ء کو جاری کیا گیا۔

دستخط جج مہر عدالت

**اطلاع:**

اگر تم صرف دستاویز پیش کرنے کے لئے طلب کئے گے ہو اور شہادت دینے کے واسطے نہیں طلب کئے گئے تو تمہاری طرف سے تعمیل سمن کی سی میں متصور ہو گی اور کہ تم دستاویز مذکور کی اس عدالت میں بتاریخ اور بروقت مرقومہ بالا پیش کرادو۔

اگر تاریخ مذکور بالا سے زیادہ تم کو ٹھہرنا پڑے تو مبلغ ________ تم کو سوائے تاریخ مذکورہ بالا کے ہر تاریخ مذکور بالا کے ہر تاریخ حاضری پر عدالت کو بابت دیا جائے گا۔

Marfat.com

(14)

# اشتہار با حکم حاضری گواہ

(آرڈر 16 - قاعدہ - 10)

## عنوان

بنام ______ ساکن ______

ہرگاہ اہل کار تعمیل کنندہ کے اظہار حلفی سے معلوم ہوا کہ سمن کی تعمیل گواہ مذکور پر حسب طریقہ مقررہ قانون نہ ہو سکی اور ہرگاہ معلوم ہوتا ہے کہ گواہ مذکور کا اظہار ضروری ہے اور تعمیل سمن سے بچنے کے لئے روپوش رہتا ہے۔ لہٰذا یہ اشتہار ازروئے قاعدہ 10 آرڈر 16 مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء جاری کیا جاتا ہے کہ گواہ مذکور اس عدالت میں بوقت ______ بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء ______ حاضر ہو اور روزانہ حاضر ہوا کرے جب تک کہ اس کو جانے کی اجازت نہ ملے اور اگر گواہ مذکور تاریخ اور وقت مذکور پر حاضر نہ ہو گا تو اس کی نسبت قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

دستخط جج مہر عدالت

Marfat.com

(15)

# اشتہار با حکم حاضری گواہ

(آرڈر 16 - قاعدہ - 10)

## عنوان

بنام ______ ساکن ______

ہرگاہ کو اہل کار تعمیل کنندہ کے اظہار سے معلوم ہوا ہے کہ تعمیل سمن کی تعمیل گواہ پر باضابطہ ہو گیا ہے اور ہرگاہ کو گواہ کی شہادت ضروری معلوم ہوتی ہے اور یہ کہ بہ تعمیل سمن حاضری نہیں ہوا۔ لہٰذا زیر قاعدہ - 10 آرڈر 16 مجموعہ دیوانی 1908ء جاری کیا جاتا ہے کہ گواہ مذکور اس عدالت میں بتاریخ ______ 19ء بوقت ______ بجے قبل دوپہر حاضر ہو اور روزانہ حاضر ہوا کرے جب تک کہ اس کو جانے کی اجازت نہ ملے اور اگر گواہ مذکور تاریخ اور وقت مذکور پر حاضر نہ ہو گا تو روزانہ حاضر ہوا کرے جب تک کہ اس کو جانے کی اجازت نہ ملے اور اگر گواہ مذکور تاریخ اور وقت مذکورہ پر حاضر نہ ہو گا تو اس کی نسبت قانون کی مطابق کاروائی کی جائے گی۔

آج بتاریخ ______ 19ء میرے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

دستخط جج

Marfat.com

(16)

# وارنٹ قرقی جائیداد گواہ

(آرڈر 16 قاعدہ - 10)

## عنوان

بنام ،بیلف عدالت۔

چونکہ ______ گواہ جو ______ کی طرف سے طلب کیا گیا تھا بعد گذر جانے مدت معینہ اشتہار کے بھی عدالت میں حاضر نہیں ہوا۔ لہٰذا تم کو حکم ہوتا ہے کہ ______ جائیداد و مملوکہ گواہ مذکور مالیتی ______ کی قرقی کر لو اور ایک کیفیت مع فہرست جائیداد قرقی شدہ کے ______ یوم کے اندر پیش کرو۔

آج بتاریخ ______ ماہ ______ 19ء میرے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

مہر عدالت دستخط

Marfat.com

(17)

# وارنٹ گرفتاری گواہ

(آرڈر 16 - قاعدہ 10)

عنوان

بنام بیلف عدالت۔

ہرگاہ _______ جس پر سمن واسطے _______ باضابطہ تعمیل پایا یا حاضر نہ ہوا (یا سمن کی تعمیل ٹالنے کے واسطے روپوش رہتا ہے) لہٰذا تم کو حکم ہوتا ہے کہ _______ جائیداد مملوکہ گواہ مذکور مالیتی _______ کی قرقی کر لو اور ایک کیفیت مع فہرست جائیداد قرق شدہ کے _______ یوم کے اندر پیش کرو۔

آج بتاریخ _______ ماہ _______ 19ء میرے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

دستخط جج　　　مہر عدالت

Marfat.com

(18)

# وارنٹ حراست میں رکھنے کا

(آرڈر 16 - قاعدہ - 16)

## عنوان

بنام افسر مہتمم جیل واقع۔

(iii)جب کہ حسب 4 (ii) مندرجہ بالا نیلام کا حکم ہوا ہو کہ زرثمن نیلام عدالت میں جمع ہو کر (بعد وضع کرنے اخراجات نیلام) واسطے ادائیگی رقم یافتنی مدعی ذریعہ ڈگری ہذا یا کسی احکام مزید مصدرہ مقدمہ ہذا و نیز اس رقم کے جو یافتنی مدعی بابت اخراجات و مصارف حسب قاعدہ 10 و سود ما بعد حسب قاعدہ 11- آرڈر 34 ضمیمہ اول مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء عدالت سے قرار پائی ہو اور یہ کہ اگر کچھ باقی رہے تو وہ رقم یافتنی مدعا علیہ نمبر2 کی ادائیگی میں صرف ہوگا اور اگر کچھ فاضل رہے تو وہ مدعا علیہ نمبر1 یا ان دیگر اشخاص کو جو اس کے پانے کے مستحق ہوں دیا جاوے گا۔ اور

(iv) کہ اگر زرثمن نیلام رقم یافتنی مدعی و مدعا علیہ نمبر2 کی بیباقی کے لئے کافی نہ ہو تو مدعی یا مدعا علیہ نمبر2 یا دونوں کو جیسی صورت ہو اختیار ہوگا (جہاں ایسی چارہ جوئی حسب شرائط رہن ناجات اپنے کر سکتے ہوں اور کوئی قانون نافذ وقت مانع نہ ہو) یہ بقیہ رقم یافتنی خود کے واسطے مدعا علیہ نمبر1 کی ذات کے خلاف ڈگری حاصل کریں۔

5- اور نیز حسب ذیل ڈگری و حکم ہوا کہ:۔

(الف) اگر مدعا علیہ نمبر2 وہ رقم جو یافتنی مدعی قرار دی گئی ہو اس مقدمہ کی مد میں عدالت میں جمع کر دے اور مدعاعلیہ نمبر1 رقم مذکور کی ادائیگی سے قاصر رہے تو مدعا علیہ نمبر2 کو اختیار ہوگا کہ وہ مدعی کے رہن کو اپنے فائدہ کے لئے

Marfat.com

قائم و برقرار رکھے جانے کے و نیز ڈگری قطعی کے لئے (اس طور پر جیسے کہ مدعی حسب مد 4 مندرجہ بالا صورت کے ہوتا) درخواست عدالت میں دے:۔

(i) اس وقت سے مدعا علیہ نمبر 1 سے جملہ حقوق انفکاک جائیداد مرہونہ متذکرہ ضمیمہ منسلکہ قطعاً" جاتے رہیں گے اور اگر ضرورت ہوگی تو وہ مدعا علیہ نمبر 1 کو قبضہ بلاخرخشہ و تنازعہ جائیداد مذکور پر دے دے گا۔

(ii) جائیداد مرہونہ یا کافی جزو اس کا نیلام کیا جاوے اور ایسے نیلام کے اغراض کے لئے مدعا علیہ نمبر 2 جملہ دستاویزات متعلقہ جائیداد مرہونہ جو اس کے قبضہ یا اختیار میں ہوں عدالت کے یا کسی ایسے افسر کے روبرو جیسے عدالت مقرر کرے پیش کرے گا۔

اور (ب) اگر مدعا علیہ نمبر 2 کی درخواست پر ایسی ڈگری بیعیات صادر ہوا کہ مدعا علیہ نمبر 1 کی جملہ ذمہ داریاں جو مدعی یا مدعا علیہ نمبر 2 کے رہن سے یا مقدمہ ہذا سے پیدا ہوئی ہوں ختم اور ساقط سمجھی جاویں گی۔

6- اور نیز یہ بھی ڈگری و حکم ہوا۔ (جب کہ بموجب مد 5 مندرجہ صدر نیلام کا حکم ہوا ہو) کہ:۔

(i) زرثمن نیلام مذکور عدالت میں جمع ہو کر (بعد وضع کرنے اخراجات نیلام) اولاً" واسطے ادائیگی اس رقم کے جسے عدالت بابت سود ما بعد بالائی رقم مذکور واجب الادا ہونا تجویز کرے یا ضابطہ صرف ہو اور اگر کچھ باقی رہے تو وہ واسطے ادائیگی اس رقم کے جو ذریعہ ڈگری ہذا یافتنی مدعا علیہ نمبر 2 متعلق اس رہن کے تجویز ہوئی ہو و نیز اس رقم کے جسے عدالت بابت اخراجات مقدمہ ہذا و اخراجات مصارف حسب قاعدہ 10 و سود ما بعد حسب قاعدہ 11- آرڈر 34 ضمیمہ اول مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء واجب الادا ہونا تجویز کرے صرف ہوگا اور اگر کچھ فاضل رہے گا تو وہ مدعا علیہ نمبر 1 یا ان دیگر اشخاص کو جو اس کے پانے کے مستحق ہوں گے دیا جائے گا اور۔

(ii) اگر زر ثمن نیلام مذکور مطالبہ رہن مدعی یا رہن مدعا علیہ نمبر 2 کی بے باقی کے لئے کافی نہ ہوگا جو مدعا علیہ نمبر 2 کو اختیار ہوگا (جہاں ایسی چارہ جوئی وہ حسب شرائط رہن موسومہ خود کر سکتا ہو اور کوئی قانون نافذ وقت مانع نہ ہو) کہ وہ بقیہ رقم کے واسطے مدعا علیہ نمبر 1 کی ذات کے خلاف ڈگری حاصل کرنے کی درخواست کرے۔

7- اور نیز یہ بھی ڈگری و حکم ہوا کہ فریقین کو اختیا ہوگا کہ وقتاً" فوقتاً" جیسی ان کو ضرورت ہو درخواست عدالت میں پیش کریں اور ایسی درخواست پر یا بلا درخواست عدالت جیسا حکم مناسب خیال کرے صادر فرمائے۔

Marfat.com

# ضمیمہ

## تفصیل جائیداد مرہونہ

(10)

## ڈگری ابتدائی واسطے انفکاک رہن سابق و بیعیات یا نیلام رہن مابعد پر

(آرڈر 34 قاعدہ 2'7)

مدعی مرتہن ثانی بنام

مدعا علیہ نمبر1 راہن
مدعا علیہ نمبر2 مرتہن اول

عنوان

یہ مقدمہ آج بتاریخ-----وغیرہ-----پیش ہوا۔

بذریعہ ڈگری ہذا یہ ظاہر کیا جاتا ہے کہ رقم یافتنی مدعا علیہ نمبر2 بابت رہن متذکرہ عرضی نالش آج بتاریخ ماہ-----ء تک مبلغ----- بابت اصل و مبلغ----- بابت سود بالائی رقم اصل مذکور و مبلغ (بابت خرچہ مقدمہ ہذا جو مدعا علیہ نمبر2 نے نسبت شے مرہونہ جائز طور پر دے دیئے ہیں معہ سود و مبلغ بابت خرچہ مقدمہ ہذا جو مدعی کو دلایا گیا ہے) یعنی جملہ مبلغ_____ہے۔

(ایسا ہی اعلان متعلق رقم ذمگی مدعا علیہ نمبر1 یافتنی مدعی نسبت اس کے رہن کے ہونا چاہئے اگر زر رہن یافتنی ذریعہ رہن مذکور تاریخ ارجاع نالش پر واجب الادا ہوگیا ہو)۔

2- نیز یہ بھی ظاہر کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ نمبر2 کو وصولیابی رقم یافتنی خود کا حق مرجح

Marfat.com

بمقابلہ مدعی حاصل ہے۔ (یا اگر کئی مرتہنان ما بعد ہوں) یہ کہ ہر فریق مقدمہ ہذا مستحق وصولیابی رقم یافتنی خود حسب ترتیب ذیل ہے)۔

3- اور نیز یہ بھی ڈگری و حکم ہوا کہ:۔

(ا) (الف) مدعی یا مدعا علیہ نمبر1 یا ان میں سے کوئی بتاریخ---- ماہ _____ ء یا اس کے قبل یا اور کسی تاریخ ما بعد تک جب تک کہ مبلغ----مذکور یافتنی مدعا علیہ نمبر2 کی ادائیگی کی میعاد عدالت سے توسیع ہوئی ہو عدالت میں جمع کر دے۔

(ب) مدعا علیہ نمبر1 بتاریخ----ماہ ء یا اس کے قبل یا اور کسی تاریخ ما بعد تک جب تک کہ مبلغ مذکور یافتنی مدعی کے ادائیگی کی معیاد عدالت سے توسیع ہوئی ہو عدالت میں جمع کر دے۔ اور

(اا) اگر ادائیگی اس رقم کی جسے عدالت نے یافتنی مدعا علیہ نمبر2 ذمہ مدعی و مدعا علیہ نمبر1 یا ان میں سے کسی ایک کے قرار دیا ہو حسب فقرہ (ا) (الف) عمل میں آئی ہو اور اگر ادائیگی اس رقم کے جسے عدالت نے بابت خرچہ مقدمہ و اخراجات و مصارف حسب قاعدہ 10 معہ اس سود ما بعد کے جو حسب قاعدہ 11- آرڈر 34 ضمیمہ اول مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء یافتنی ہو واجب الادا تجویز کیاہو بعد کو قبل تاریخ معینہ عدالت عمل میں آئی ہو تو مدعا علیہ نمبر2 جملہ دستاویزات متعلقہ جائیداد مرہونہ متذکرہ عرضی نالش جو اس کے قبضہ یا اختیار میں ہوں گے عدالت میں داخل کرے گا اور یہ کل دستاویزات مدعی کو یا مدعا علیہ نمبر1 (جس نے ادائیگی کی ہے) یا اس شخص کو جو اس کی طرف سے مقرر ہو حوالہ کر دیئے جائیں گے اور اگر ضرورت ہو گی تو مدعا علیہ نمبر2 جائیداد مذکور صاف و بری از رہن مذکور ان تمام مواخذہ جات سے جو مدعا علیہ نمبر2 نے یا اور کسی شخص نے جو اس کے ذریعہ سے دعویدار ہو یا جس کے ذریعہ سے وہ خود دعویدار ہو اس پر قائم کئے ہوں و نیز ہر قسم کے بار سے جو رہن یا مقدمہ ہذا سے پیدا ہوئے ہوں واپس کر دے گا۔ اور اگر ضرورت ہوگی تو قبضہ بلا مخرخشہ و تنازعہ جائیداد مذکور مدعی یا مدعا علیہ نمبر1 کو (جس نے ادائیگی کی ہے) دے دے گا۔

(ایسا ہی اعلان اس ردو بدل کے ساتھ جو اس کے رہن کی نوعیت کے لحاظ سے ضروری ہو استعمال ہونا چاہئے اگر مدعا علیہ نمبر1 وہ رقم جو یافتنی مدعی ثابت ہوئی ہویا قرار دی گئی ہو ادا کرے)۔

4- اور نیز یہ بھی ڈگری و حکم ہوا کہ بصورت عدم ادائیگی رقم یافتنی مدعا علیہ نمبر2

Marfat.com

بطریق صدر مدعا علیہ نمبر 2 کو اختیار ہوگا کہ وہ عدالت میں مقدمہ کے خارج ہونے کی یا ڈگری قطعی کے لئے درخواست دے۔

(i) (بصورت رہن بیع الوفا یا بے قاعدہ کے رہن نامہ میں صرف بحیثیات کی چارہ جوئی ہو اور نیلام کی نہ ہو) اس وقت سے مدعی و مدعا علیہ نمبر1 سے مشترکا" و منفردا" حق منفک کرا پانے جائیداد مرہونہ متذکرہ ضمیمہ منسلکہ قطعا" جاتا رہے گا اور اگر ضرورت ہوگی تو وہ قبضہ بلا خرخشہ و تنازعہ جائیداد مذکور پر مدعا علیہ نمبر1 کو دے دیں گے۔ یا

(ii) (بصورت کسی دوسری قسم کے رہن کے) جائیداد مرہونہ یا کافی جزو اس کا نیلام کیا جائے گا اور ایسے نیلام کے اغراض کے لئے مدعا علیہ نمبر 2 جملہ دستاویزات متعلقہ جائیداد مرہونہ جو اس کے قبضہ یا اختیار میں ہوں عدالت کے یا کسی ایسے افسر کے روبرو جسے عدالت مقرر کرے پیش کرے گا۔ اور

(iii) جب کہ حسب مد 4 (ii) مندرجہ بالا نیلام کا حکم ہوا ہو کہ زر ثمن نیلام عدالت میں جمع ہو کر (بعد وضع اخراجات نیلام) واسطے ادائیگی رقم یافتنی مدعا علیہ نمبر 2 بموجب ڈگری و احکام مزید مصدرہ مقدمہ ہذا و نیز اس رقم کے جو یافتنی مدعا علیہ نمبر 2 بابت اخراجات و مصارف حسب قاعدہ 10 و سود مابعد حسب قاعدہ 11- آرڈر 34 ضمیمہ اول مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء عدالت سے قرار پائی ہو باضابطہ صرف ہوگا اور یہ کہ اگر کچھ باقی رہے تو وہ رقم یافتنی مدعی کی ادائیگی میں صرف ہوگا اور اگر کچھ فاضل بچے گا' تو وہ مدعا علیہ نمبر1 یا ان دیگر اشخاص کو جو اس کے پانے کے مستحق ہوں دیا جاوے گا۔ اور

(iv) کہ اگر زر ثمن نیلام زر رقم یافتنی مدعا علیہ نمبر2 و مدعی کی بے باقی کے لئے کافی نہ ہو تو مدعا علیہ نمبر2 یا مدعی یا دونوں کو جیسی کہ صورت ہو۔ اختیار ہوگا (جہاں ایسی چارہ جوئی وہ حسب شرائط رہن ناجات اپنے اپنے کر سکتے ہوں اور کوئی قانون نافذ وقت مانع نہ ہو) کہ بقیہ رقم یافتنی کے واسطے مدعا علیہ نمبر1 کی ذات کے خلاف ڈگری کی درخواست دیں۔

-5 نیز حسب ذیل ڈگری و حکم ہوا کہ:۔

(الف) اگر مدعی وہ رقم جو یافتنی مدعا علیہ نمبر2 قرار دی گئی ہو اس مقدمہ کی مد میں عدالت میں جمع کر دے اور مدعا علیہ نمبر1 رقم مذکور کی ادائیگی سے قاصر رہے تو مدعی کو اختیار ہوگا کہ وہ مدعا علیہ نمبر2 کے رہن کو اپنے فائدہ کے لئے قائم و برقرار

Marfat.com

رہنے جانے کی و نیز ڈگری قطعی کے لئے۔ (اس طور پر جیسے کہ مدعا علیہ نمبر 2 حسب مد 4 مندرجہ کے لئے ہوتا درخواست عدالت میں دے۔

(i) اس وقت سے مدعا علیہ نمبر 1 سے جملہ حقوق انفکاک جائیداد مرہونہ متذکرہ ضمیمہ منسلکہ قطعاً" جاتے رہیں گے اور اگر ضرورت ہوگی تو مدعی کو قبضہ بلاخرخشہ و تنازعہ جائیداد مذکور پر دے دے گا)۔

(ii) جائیداد مرہونہ یا کافی جزو اس کا نیلام کیا جاوے اور ایسے نیلام کے اغراض کے لئے مدعی جملہ دستاویزات متعلقہ جائیداد مرہونہ جو اس کے قبضہ یا اختیار میں ہوں عدالت کے کسی ایسے افسر کے روبرو جسے عدالت مقرر کرے پیش کرے گا۔

اور (ب) اگر مدعا علیہ نمبر 2 کی درخواست پر ایسی ڈگری بیعیات صادر ہو مدعا علیہ نمبر 1 کی جملہ ذمہ داریاں جو مدعی یا مدعا علیہ نمبر 2 کے رہن سے یا مقدمہ ہذا سے پیدا ہوئی ہوں ختم اور ساقط سمجھے جائیں گے۔

6- اور نیز یہ بھی ڈگری نہ حکم ہوا کہ (جب کہ بموجب مد 5 مندرجہ صدر نیلام کا حکم ہوا ہو) کہ:-

(i) زرثمن نیلام مذکور عدالت میں جمع ہو کر (بعد وضع اخراجات نیلام) اولاً" واسطے ادائیگی رقم ادا کردہ مدعی نسبت رہن مدعا علیہ نمبر 2 و اخراجات مقدمہ متعلقہ رہن مذکور و بعدہ' واسطے ادائیگی اس رقم کے جسے عدالت بابت سود ما بعد بالائے رقم مذکور واجب الادا ہونا تجویز کرے باضابطہ صرف ہوا ہو اور اگر کچھ باقی رہے تو وہ واسطے ادائیگی اس رقم کے جو ذریعہ ڈگری ہذا یا ذریعہ کسی احکام مزید یافتنی مدعی متعلق اس کے رہن کے تجویز ہوئی ہو نیز اس قسم کے جسے عدالت بابت اخراجات مقدمہ ہذا و اخراجات و مصارف حسب قاعدہ 10 و سود ما بعد حسب قاعدہ 11- آرڈر 34 ضمیمہ اول مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء واجب الادا ہونا تجویز کرے صرف ہوگا اور اگر کچھ باقی بچے گا تو وہ مدعا علیہ نمبر 1 یا ان دیگر اشخاص کو جو اس کے پانے کے مستحق ہوں دیا جاوے گا۔ اور

(ii) اگر زرثمن نیلام مذکور مطالبہ رہن مدعا علیہ نمبر 2 یا رہن کی بے باقی کے لئے کافی نہ ہوگا تو مدعا علیہ نمبر 2 کو اختیار ہوگا (جہاں ایسی چارہ جوئی وہ حسب شرائط رہن موسومہ خود کر سکتا ہو اور کوئی قانون نافذ وقت مانع نہ ہو) کہ وہ بقیہ رقم کے واسطے مدعا علیہ نمبر 1 کی ذات کے خلاف ڈگری حاصل کرنے کی درخواست دے۔

:- اور نیز یہ بھی ڈگری و حکم ہوا کہ فریقین کو اختیار ہوگا کہ وقتاً" فوقتاً" جیسی ان کو

Marfat.com

ضرورت ہو درخواست عدالت میں پیش کریں۔ اور ایسی درخواست پر یا بلا درخواست عدالت جیسا حکم مناسب خیال کرے صادر فرما دے۔

# ضمیمہ

## تفصیل جائیداد مرہونہ

(11)

## نیلام بعلت ڈگری ابتدائی

(آرڈر 34 قاعدہ 4)

مدعی در مرتہن یا ایسا مرتہن جو دوسرے سے حق حاصل کرتا ہو

بنام مدعا علیہ نمبر 1، راہن
مدعا علیہ نمبر 2 مرتہن اصلی

### عنوان

یہ مقدمہ آج بتاریخ _____ وغیرہ _____ پیش ہوا۔
بذریعہ ڈگری ہذا یہ ظاہر کیا جاتا ہے۔کہ رقم یافتنی مدعا علیہ نمبر 2 بابت رہن موسومہ خود آج تاریخ ماہ_____ء تک مبلغ____ بابت اصل و مبلغ____ بابت سود بالائے رقم اصل مذکور مبلغ بابت اخراجات و مصارف (علاوہ خرچہ مقدمہ) نسبت شئے مرہونہ معہ سود و مبلغ _____ بابت خرچہ مقدمہ جو مدعا علیہ نمبر 2 کو دلایا گیا ہے یعنی جملہ مبلغ _____ ہے۔
(ایسا ہی اعلان اس رقم کے متعلق کیا جائے گا جو مدعا علیہ نمبر 2 کو مدعی سے یافتنی ہے بہ نسبت اس کے رہن کے)۔
2- نیز حسب ذیل ڈگری و حکم ہوا کہ۔

Marfat.com

مدعا علیہ نمبر 1 مبلغ _____ مذکور یافتنی مدعا علیہ نمبر 2 کو بتاریخ _____ماہ_____ء یا اس کے قبل یا اور کسی تاریخ مابعد تک جب تک کے لئے ادائیگی کی معیاد عدالت سے توسیع ہوئی ہو عدالت میں جمع کر دے۔

ایسا ہی اعلان متعلق رقم یافتنی مدعی ہونا چاہئے جس کو مدعا علیہ نمبر 2 اگر چاہے تو ادا کر سکتا ہے۔

(ii) اگر ادائیگی اس رقم کی جسے عدالت نے یافتنی مدعا علیہ نمبر 2 ذمہ مدعا علیہ نمبر 1 قرار دیا ہو حسب فقرہ 2 (i) عمل میں آئی اور اگر ادائیگی اس رقم کی جسے عدالت نے بابت خرچہ مقدمہ و اخراجات و مصارف حسب قاعدہ 10 معہ اس سود مابعد کے جو حسب قاعدہ 11 آرڈر 34 ضمیمہ اول مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء واجب الادا تجویز کیا ہو بعد کو قبل تاریخ معینہ عدالت عمل میں آئی ہو تو مدعی و مدعا علیہ نمبر 2 جملہ دستاویزات متعلقہ جائیداد مرہونہ متذکرہ عرضی نالش جو ان کے قبضہ یا اختیار میں ہوں گے عدالت میں داخل کریں گے اور یہ کل دستاویزات بجز ان کے جن کا تعلق صرف زر رہن سے ہو۔ مدعا علیہ نمبر 1 یا اس شخص کو جو اس کی طرف سے مقرر ہو حوالہ کر دیئے جائیں گے اور اگر ضرورت ہوگی تو مدعا علیہ نمبر 2 جائیداد مذکور صاف بری از رہن مذکور ان تمام مواخذہ جات سے جو مدعا علیہ نمبر 2 نے یا اور کسی شخص نے جو اس کے ذریعہ سے دعویدار ہو یا جس کے ذریعہ سے وہ خود دعویدار ہو اس پر قائم کئے ہوں و نیز ہر قسم کے بار سے جو رہن یا مقدمہ ہذا سے پیدا ہوئے ہوں واپس کر دے گا اور اگر ضرورت ہوگی تو قبضہ بلاخرخشہ و تنازعہ جائیداد مذکور پر مدعا علیہ نمبر 1 کو دے دے گا۔

(iii) مدعا علیہ نمبر 1 کی رقم یافتنی مدعا علیہ نمبر 2 عدالت میں داخل کرنے پر مدعی کو اختیار ہوگا کہ واسطے وصولی رقم مجوزہ یافتنی خود معہ خرچہ مقدمہ مابعد و دیگر مصارف و اخراجات جو حسب قاعدہ 10 و نیز سود مابعد حسب قاعدہ 11- آرڈر 34 ضمیمہ اول مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء واجب الادا ہوں درخواست پیش کرے اور فاضل رقم اگر کچھ ہوگی تو مدعا علیہ نمبر 2 کو دی جائے گی اور یہ کہ اگر وہ رقم داخل کردہ عدالت یافتنی مدعی کی بے باقی کے لئے کافی نہ ہو تو مدعی کو اختیار ہوگا (اگر ایسی چارہ جوئی کا وہ حسب شرائط رہن مستحق ہو اور کوئی قانون نافذ وقت مانع نہ ہو کہ وہ زر بقایا کے لئے مدعا علیہ نمبر 2 کی ذات کے خلاف ڈگری حاصل کرنے کی درخواست دے۔

Marfat.com

-3 اور نیز یہ بھی ڈگری و حکم ہوا کہ اگر مدعا علیہ نمبر 2 رقم مجوزہ یافتنی مدعی اس مقدمہ کی مد میں عدالت میں جمع کر دے تو مدعی جملہ دستاویزات متعلقہ جائیداد مرہونہ متذکرہ عرضی نالش جو اس کے قبضہ یا اختیار میں ہوں عدالت میں داخل کرے گا اور یہ کل دستاویزات وغیرہ (بمطابق مد 2 فقرہ (ii))

-4 اور نیز یہ بھی ڈگری و حکم ہوا کہ در صورت عدم ادائیگی منجانب مدعا علیہ نمبر 2 بطریق صدر مدعی عدالت میں درخواست واسطے ڈگری قطعی نیلام دے سکتا ہے اور ایسی درخواست پر جائیداد مرہونہ۔ یا اس کے کافی جزو کے نیلام ہونے کا حکم صادر کیا جائے گا اور یہ کہ ایسے نیلام کے اغراض کے لئے مدعی مدعا علیہ نمبر 2 جملہ دستاویزات متعلقہ جائیداد مرہونہ جو ان کے قبضہ یا اختیار میں ہوں عدالت کے کسی افسر کے روبرو جسے عدالت مقرر کرے پیش کریں گے۔

-5 اور نیز یہ بھی ڈگری و حکم ہوا کہ زر ثمن نیلام عدالت میں جمع ہو کر (بعد وضع اخراجات نیلام) اولاً واسطے ادائیگی رقم یافتنی مدعی مندرجہ فقرہ 1 صدرہ و خرچہ مقدمہ و دیگر اخراجات و مصارف جو حسب قاعدہ 10 معہ سود ما بعد جو حسب قاعدہ 11- آرڈر 34 ضمیمہ اول مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء واجب الادا ہو باضابطہ صرف ہو گا اور کچھ فاضل بچے گا تو وہ رقم یافتنی مدعا علیہ نمبر 2 کی ادائیگی میں صرف ہو گا اور اگر کچھ باقی بچے گا تو وہ مدعا علیہ نمبر 1 یا ان دیگر اشخاص کو جو اس کے پانے کے مستحق ہوں دیا جائے گا۔

-6 اور نیز یہ بھی ڈگری و حکم ہوا کہ زر ثمن نیلام یافتنی مدعی و مدعا علیہ نمبر 2 کی بے باقی کے لئے نہ ہو گا تو مدعی یا مدعا علیہ نمبر 2 یا دونوں کو جیسی کہ صورت ہو اختیار ہو گا (اگر ایسی چارہ جوئی جسے حسب شرائط۔ اپنے رہن کر سکتے ہوں اور کوئی قانون نافذ وقت مانع ہو) کہ مدعا علیہ نمبر 2 یا مدعا علیہ نمبر 1 (جیسی کہ صورت ہو) کی ذات کے خلاف ڈگری حاصل کرنے کی درخواست دیں۔

-7 اور نیز یہ بھی ڈگری و حکم ہوا کہ اگر مدعا علیہ نمبر 2 مجوزہ یافتنی مدعی اس مقدمہ کی مد میں عدالت میں جمع کر دے اور اگر مدعا علیہ نمبر 1 رقم یافتنی مدعا علیہ نمبر 2 جمع نہ کرے تو مدعا علیہ نمبر 2 کو اختیار ہو گا کہ وہ عدالت میں درخواست بنا بر ڈگری قطعی بیعیات نیلام (جیسی کہ صورت ہو) دے۔

(معمولی نمونے میں اعلان بمطابق نوعیت رہن مدعا علیہ نمبر 2 چارہ جوئی جو وہ اس کے رو سے کر سکتا ہو۔ استعمالی ہونا چاہئے)۔

Marfat.com

-8۔ اور نیز یہ بھی ڈگری و حکم ہوا کہ فریقین کو اختیار ہے کہ وہ حسب ضرورت عدالت میں درخواست دیں اور ایسی درخواست پر یا بلا درخواست عدالت جیسا کہ حکم مناسب سمجھے صادر فرما دے۔

## ضمیمہ

## تفصیل جائیداد مرہونہ

(12)

## ڈگری نسبت ترمیم دستاویز

### عنوان

چونکہ دستاویز_____ مورخہ تاریخ_____ سے ٹھیک منشاء فریقین کا نسبت امر کے ظاہر____ نہیں ہوتا لہذا حکم ہوا کہ _____مذکور کی ترمیم اس طرح کی جائے کہ۔

(13)

## ڈگری واسطے منسوخی ایسی دستاویز کے جو قرض خواہوں کو فریب دے کر لکھی گئی ہو

### عنوان

حکم ہوا کہ دستاویز مورخہ تاریخ _____ہوئی مابین _____ اور_____ کے لکھی گئی بمقابلہ مدعی و جملہ دیگر قرض خواہاں مدعا علیہ کے باطل قرار دیا جائے۔

(14)

Marfat.com

# حکم امتناعی نسبت امر باعث تکلیف خاص

## عنوان

اس کی رو سے مدعا علیہ ____ اور اس کے کارندوں اور ملازموں اور کاریگروں کو ہمیشہ کے لئے ممانعت کی جاتی ہے کہ مدعا علیہ کی اس اراضی پر جو نقشہ منسلکہ میں (ب) نشان کی گئی ہے اینٹیں نہ لگاویں تاکہ مدعی کو جو مالک و قابض مکان و باغ مندرجہ عرضی دعویٰ کا ہے تکلیف نہ ہونے پائے۔

(15)

# حکم امتناعی نسبت اس کے کہ عمارت قدیم بلندی سے زیادہ نہ بنائی جائے

## عنوان

اس کی رو سے مدعا علیہ ____ اور اس کے ٹھیکہ داروں اور کارندوں اور کاریگروں کو ہمیشہ کے لئے ممانعت کی جاتی ہے کہ مدعا علیہ کی اراضی واقع سڑک پر کوئی ایسا مکان تعمیر نہ کریں جو عمارت قدیم سے جو حال میں کھو گیا ہے بلندی میں زیادہ ہو تاکہ مدعی کی قدیمی کھڑکیوں میں جو اراضی پر واقع ہیں کسی طرح کی رکاوٹ یا نقصان واقع نہ ہو۔

(16)

# حکم امتناعی نسبت استعمال پرائیویٹ سڑک کے

## عنوان

اس کی رو سے مدعا علیہ---- اور اس کے کارندوں اور ملازموں اور کاریگروں کو ہمیشہ کے لئے ممانعت کی جاتی ہے کہ اراضی واقع---- کو جو نقشہ منسلکہ میں (ب)

Marfat.com

نشان کی گئی ہے اور جس کے نیچے کی مٹی مدعی کی ملکیت ہے گاڑی چھکڑوں وغیرہ کی آمد و رفت یا کسی اور کام کے لئے نہ استعمال کریں اور نہ کسی سے استعمال کرائیں۔

Marfat.com

(17)

# ڈگری ابتدائی مقدمہ اہتمام ترکہ

عنوان

حکم ہوا کہ ترتیب حساب و تحقیقات حسب مفصلہ ذیل عمل میں آئے۔ یعنی:۔

مقدمہ دائن۔

1- جو رقم کہ یافتنی مدعی اور تمام دیگر قرض خواہاں متوفی کی ہوں ان کا حساب مرتب کیا جائے۔

مقدمہ موصی لہم:

2- حساب مال وصیتی کا جو کہ موصی کی وصیت کی رو سے دیا گیا ہو مرتب کیا جائے

مقدمہ قرابتی قریب تر۔

3- تحقیقات کی جائے اور حساب مرتب ہو کہ مدعی مال وصیتی میں مجھے بطور قرابتی قریب (یا قرابتی منجملہ قرابتیاں قریب تر کے) شخص بلا وصیت کس قدر کا یا کس حصہ اگر کچھ ہے مستحق ہے۔

بعد پیراگراف اول کے ڈگری میں جہاں ضروری ہو۔ مقدمہ وابن حکم تحقیقات اور ترتیب حساب کا بحق موصی لہم اور ورثائے جائز اور قرابتیاں قریب تر کے دیا جائے گا اور مقدمہ دیگر دعویداران بجز دائنان کے تمام صورتوں میں بعد پیراگراف اول کے حکم ہو گا کہ دائناں کی بابت تحقیقات کی جائے اور ان کا حساب مرتب کیا جائے اور بعد ازاں یہ حکم لکھا جائے گا کہ دیگر اشخاص کی بابت جن کی ضرورت ہو تحقیقات ہو اور حساب مرتب کیا جائے اور شروع کی عبارت معمولی متروک کی جائے اور اس کے بعد یہ نمونہ مطابق اسی نمونہ کے ہو جو دائن کے مقدمہ کے واسطے ہے۔

4- حساب اخراجات تجہیز و تکفین اور متعلقہ وصیت مرتب کیا جائے۔

5- حساب مال منقولہ متروکہ کا جو بہ قبضہ مدعا علیہ یا کسی اور شخص کے مدعا علیہ کے حکم سے یا اس کے استعمال کے لئے ہو مرتب کیا جائے۔

6- تحقیقات اس امر کی عمل میں آئے کہ کس قدر جائیداد منقولہ متروکہ متوفی (اگر کچھ ہو) غیروں کے قبضہ میں ہے جس کی نسبت کچھ عمل نہیں کیا گیا۔

7- نیز حکم دیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ بتاریخ _____ ماقبل تاریخ----- ماہ-----

Marfat.com

و عدالت میں تمام مبلغاں جو دریافت ہو کہ اس کے قبضہ میں آئے ہیں یا اس کے حکم سے یا اس کے لئے کسی اور کے قبضہ میں آئے ہیں عدالت میں داخل کرے۔

8- نیز یہ کہ اگر کی دانست میں واسطے حصول اغراض مقدمہ کے نیلام کرنا کسی جزو جائیداد منقولہ متروکہ متوفی کا ضروری متصور ہو تو اس کو نیلام کر کے زرثمن نیلام عدالت میں داخل کرے۔

9- یہ کہ (و ہ) اس مقدمہ (یا کارروائی) میں مہتمم مقرر ہو اور متوفی کے تمام دیون اور جائیداد منقولہ کو فراہم کر کے اپنے اہتمام میں لائے اور کے حوالے کرے اور واسطے تعمیل قرار واقعی اپنی خدمات کے بہ تعداد مبلغ کا ضمانت نامہ داخل کرے۔

10- نیز حکم دیا جاتا ہے کہ اگر جائیداد منقولہ متروکہ متوفی واسطے اغراض مقدمہ کے غیر کافی پائی جائے تو تحقیقات مزید عمل میں آئے اور حسابات مرتب کئے جائیں۔ یعنی:۔

(الف) تحقیقات اس امر کی کہ کس جائیداد غیر منقولہ پر متوفی بر وقت اپنی وفات کے قابض تھا یا اس کا مستحق تھا۔

(ب) تحقیقات اس امر کی کہ متوفی کی جائیداد غیر منقولہ یا اس کے، کسی جزو پر کیا مطالبہ ہیں (اگر کچھ مطالبہ ہیں) (اگر کچھ مطالبہ ہوا جس کے باعث متوفی کی جائیداد یا جائیداد کے کسی جزو پر اثر پڑتا ہو)۔

(ج) حساب جہاں تک کہ ممکن ہو ان رقوم کا جو کہ جملہ مطالبہ جات کی بابت واجب ہوں اور اس میں تفصیلی تقدیم و تاخیر ان مطالبہ داروں کی درج کی جائے جو اس نیلام پر جس کا کہ بعد ازیں بیان کیا جائے گا اگر ہوں۔

11- یہ کہ جائیداد غیر منقولہ متروکہ متوفی یا اس میں سے جس قدر واسطے حصول غرض مقدمہ بہ اضافہ زر مدخلہ عدالت ضروری ہوں بمنظوری حاکم عدالت مبرا مطالبہ جات سے ان دعویداروں کے جو کہ نیلام پر راضی ہوں اور بقیہ مطالبہ جات ان دعویداروں کے جو کہ نیلام پر راضی نہ ہوں نیلام کی جائے۔

12- نیز حکم دیا جاتا ہے کہ (ز' ج) جائیداد منقولہ کا نیلام کرے اور جن شرائط اور مواہدوں پر نیلام ہوں ان کو واسطے منظوری کے قلمبند کرے اور در صورت واقع ہونے کسی شک یا (دشواری کاغذات کے روبرو جج واسطے تصفیہ پیش کئے جائیں)۔

13- نیز حکم دیا جاتا ہے کہ بغرض تحقیقات مذکورہ بالا اخبارات میں مطابق ضابطہ عدالت کے اشتہار چھپوا دے یا تحقیقات مذکور کو کسی اور ایسے طور پر عمل میں لائے

Marfat.com

جو کہ دانست میں اس تحقیقات کو مشتہر کرنے کے لئے نہایت مفید ہو۔

14- نیز حکم دیا جاتا ہے کہ تحقیقات اور حساب مذکور کی ترتیب اور تمام دیگر امور جن کے عمل میں آنے کا حکم دیا گیا ہو قبل تاریخ ----- ماہ ----- ء تکمیل پائیں اور ----- کیفیت تحقیقات اور حسابات کی اور اس امر کی گزارنے کہ تمام دیگر امور کی تکمیل ہوگئی جن کے عمل میں آنے کا حکم دیا گیا تھا اور اپنی کیفیت اس باب میں واسطے معائینہ فریقین کے بتاریخ _____ ماہ ----- مرتب رکھے۔

15- آخر یہ کہ یہ مقدمہ (یا معاملہ) واسطے صدور ڈگری اخیر کے تا تاریخ _____ ماہ ----- ملتوی رہے۔ اس ڈگری کا صرف وہ جز لکھا جائے جو کہ خاص صورت سے علاقہ رکھتا ہو)۔

(18)

# ڈگری قطعی بمقدمہ نالش موصی لہ' درباب اہتمام ترکہ متوفی

## عنوان

حکم ہوا کہ -----مدعا علیہ بتاریخ _____ ماہ ----- ء یا قبل اس کے عدالت میں مبلغ یعنی زر باقی جو ازروئے سرٹیفکیٹ مذکور مدعا علیہ مذکور سے بابت جائیداد ----- متروکہ موصی یافتنی پایا گیا اور نیز مبلغ ----- بابت سود بحساب فی صدی سالانہ مبلغ ----- تاریخ ----- ماہ ----- سے تا تاریخ ----- ماہ ----- ہمگی مبلغ _____ ادا کرے۔

2- عدالت مذکور کو اس مقدمہ میں خرچہ جانب مدعی و مدعا علیہ قرار دے اور اس طور پر تجویز کئے جانے کے بعد زر خرچہ مذکور منجملہ مبلغ _____ مذکور کے جس کے واسطے حسب مذکورہ بالا عدالت میں داخل کئے جانے کا حکم ہوا ہے۔ حسب تفصیل ذیل ادا کیا جائے۔

(الف) خرچہ جانب مدعی بابت مسٹر _____ اس کے اٹارنی (یا پلیڈر) کے اور خرچہ جانب مدعا علیہ _____ بابت مسٹر اس کے ایٹورنی (یا پلیڈر) کے۔

(ب)(اگر کوئی دیون یافتنی ہوں تو) مبلغ مذکور کے زر باقی ماندہ میں سے بعد ادائے خرچہ جانب مدعی و مدعا علیہ حسب مرقومہ بالا کے جتنا جتنا روپیہ کہ جملہ قرض خواہوں

Marfat.com

کا حسب مندرجہ فہرست _____ بموجب تصدیق _____ واجبی پایا جائے معہ سود ما بعد کے بابت ان دیون کے جو سودی ہیں ادا کیا جائے اور بعد ادائے رقوم مذکورہ جتنا روپیہ کہ جملہ موصی لہم مندرجہ فہرست----- کو معہ سود ما بعد کے جس کے (جس کی تصدیق حسب مذکورہ بالا کی جائے گی) بقدر حصہ رسدی واجبی ہو ادا کیا جائے۔

3- اگر بعد ازاں کچھ اور روپیہ باقی رہے تو وہ موصی لہ' باقی ماندہ کو ادا کیا جائے گا۔

(19)

# ڈگری ابتدائی بمقدمہ نالش موصی لہ' درباب اہتمام ترکہ جس حال میں کہ وصی بذات خود ذمہ دار ادائی مال وصیتی کا ہو

## عنوان

1- واضح ہو کہ مدعا علیہ بذات خود ذمہ دار اس کا ہے کہ شئے و صیتی مبلغ-----مدعی کو ادا کرے۔

2- لہٰذا حکم دیا جاتا ہے کہ حساب زر اصل و سود بابت شئے و صیتی مذکور جو کہ یافتنی ہو مرتب کیا جائے۔

3- نیز حکم ہوتا ہے کہ _____ کی تصدیق کی تاریخ سے _____ ہفتہ کے اندر مدعا علیہ مدعی کو اس قدر جو کہ _____ بابت اصل و سود یافتنی تجویز کرے ادا کرے۔

4- نیز حکم دیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ خرچہ جو مدعی پر عائد ہوا ہو مدعی کو ادا کرے اور یہ اس حال میں عائد کیا جائے گا کہ فریقین باہم اختلاف رکھتے ہوں۔

(20)

# ڈگری قطعی بمقدمہ اہتمام ترکہ بمقابلہ قرابتی قریب تر

## عنوان

Marfat.com

1- عدالت مذکور خرچہ جانب مدعی و مدعا علیہ مقدمہ ہذا اقرار دے اور [illegible]
مدعی مذکور اس طور پر قرار دیئے جانے کے بعد منجملہ مبلغ ــــــــ [illegible]
کے جو حسب تصدیق مذکور مدعا علیہ سے بابت جائیداد منقولہ (ہ و) متوفی بلا وصیت
کے یافتنی پایا جائے اندر ایک ہفتہ کے اس تاریخ سے کہ خرچہ مذکور کو ــــــ
موصوف قرار دے ادا کیا جائے اور مدعا علیہ منجملہ اس زر کے اپنا خرچہ جب کہ وہ
محسوب ہو اپنے واسطے لے لے۔

2- نیز حکم دیا جاتا ہے کہ جو روپیہ مبلغ ــــــ مذکور میں بعد ادائے خرچہ مدعی اور
مدعا علیہ مذکورہ کے باقی رہے وہ مدعا علیہ حسب ذیل ادا اور صرف کرے:۔

(الف) مدعا علیہا اس تاریخ سے کہ تعین خرچہ کا ــــــ حسب مذکورہ بالا کر دے
ایک ہفتہ کے اندر زر بقیہ مذکور کا ایک ثلث مدعیان (الف ب) اور (ج) اس کی
زوجہ کو بابت اس زوجہ کے حق کے اس وجہ سے کہ وہ (ہ و) متوفی بلا وصیت کی
بہن اور منجملہ قرابتیوں کے ایک قرابتی قریب تر ہے ادا کر دے۔

(ب) مدعا علیہا منجملہ بقیہ زر مذکور بابت اپنے حصے کے ایک ثلث لے اس وجہ
سے کہ وہ (ہ و) متوفی بلا وصیتی مذکور کی اور منجملہ دیگر قرابتیوں کے ایک قرابتی
قریب تر ہے۔

(ج) مدعا علیہا اس تاریخ سے کہ ــــــ حسب مرقومہ بالا تعین خرچہ کا کرے۔
ایک ہفتہ کے اندر منجملہ زر بقیہ مذکور کے ایک ثلث (ز ح) کو بابت اس کے
حصہ کے دے اس وجہ سے کہ وہ (ہ و) متوفی بلا وصیت مذکور کا بھائی اور باقی ماندہ
قرابتی قریب تر ہے۔

## (21)

# ڈگری ابتدائی مقدمہ فسخ شراکت اور لینے حساب شراکت کے عنوان

حکم دیا جاتا ہے کہ شراکت متذکرہ عرضی دعویٰ میں فریقین کے حصے حسب ذیل
ہیں۔
حکم دیا جاتا ہے کہ شراکت مذکور جو مابین مدعی اور مدعا علیہ کے ہے تاریخ

Marfat.com

_____ ماہ----- سے فسخ ہونی چاہیئے نیز یہ کہ انفساخ شراکت مذکور کا تاریخ مذکور سے گزٹ _____ وغیرہ میں مشتہر ہو۔

حکم دیا جاتا ہے کہ _____ رسیور یعنی مہتمم جائیداد شراکتی اور اموال متنازعہ نالش ہذا کا مقرر ہو اور جو دیوان مندرجہ بہی اور دعاوی کارخانہ شراکتی کے لوگوں کے ذمہ ہیں وہ حسب وصول کرے۔

حکم دیا جاتا ہے کہ حسابات مفصلہ ذیل لیے جائیں:۔

1- حساب دیون یافتنی و جائیداد و اموال متعلقہ کارخانہ شراکتی مذکور۔

2- حساب دیون اور مطالبہ جات ذمگی کارخانہ شراکتی۔

3- حساب تمام وادستد اور معاملات کاملہ میں مدعی و مدعا علیہ جو بعد حساب تصفیہ یافتہ مندرجہ نالش ہذا نشان (الف) کے کئے ہوئے ہوں اور کسی حسابات تصفیہ یافتہ ما بعد سے علاقہ نہ رکھتے ہوں۔

حکم دیا جاتا ہے کہ گڈ ول یعنی ساکھ اس کاروبار کی جو قبل ازیں مدعی و مدعا علیہ حسب مندرجہ عرضی دعویٰ کرتے تھے اور مال موجودہ متعلقہ کاروبار اسی مقام پر نیلام کیا جائے اور _____ کو اختیار ہے کہ فریقین میں سے کسی کی درخواست پر اس نیلام میں تمام یا کسی لاٹ کے واسطے بولی قرار دے اور فریقین میں سے ہر ایک کو اختیار ہے کہ بروقت نیلام بولی جا بولے۔

حکم دیا جاتا ہے کہ قبل تاریخ _____ ماہ----- حسابات مذکورہ بالا مرتب کئے جائیں اور تمام دیگر امور جن کا عمل میں آنا ضروری ہو تکمیل کو پہنچائے جائیں اور بابت نتیجہ حسابات کے اور اس امر کے تمام دیگر امور کی تکمیل ہوگئی تصدیق کرے اور بتاریخ _____ ماہ----- اپنا سرٹیفکیٹ اس باب میں واسطے معائنہ فریقین کے مرتب رکھے۔

بالآخر حکم دیا جاتا ہے کہ واسطے صادر کرنے ڈگری قطعی کے یہ مقدمہ تاریخ _____ ماہ _____ ملتوی رہے۔

(22)

## ڈگری قطعی بمقدمہ فسخ شراکت و لینے حسابات شراکتی کے

### عنوان

Marfat.com

حکم ہوا کہ مبلغ تعدادی _____ جو بالفعل عدالت میں جمع ہیں حسب ذیل صرف کئے جائیں:۔

1- دیوان ذگی کارخانہ، شراکتی حسب سرٹیفکیٹ _____ تعدادی مبلغ ادا کئے جائیں۔

2- خرچہ تمام اہالی مقدمہ ہذا کا تعدادی مبلغ _____ ادا ہو۔
(یہ خرچہ ڈگری کے لکھے جانے سے پہلے محقق ہونا چاہئے)۔

3- مبلغ _____ بابت حصہ مال شراکتی موجودہ مدعی کو ادا کئے جائیں اور مبلغ _____ جو کل مبلغ مذکور میں سے کہ بالفعل عدالت میں جمع ہیں باقی رہیں۔ بابت حصہ مال شراکتی موجودہ کے مدعا علیہ کو دیئے جائیں۔
یا یہ کہ منجملہ زر مذکور _____ کے باقی روپیہ مدعی یا (مدعا علیہ) مذکور کو منجملہ مبلغ _____ کے جو حساب شراکتی کی بابت اس کا یافتنی سرٹیفکیٹ مذکور میں لکھا ہے بطور جزو ادائیگی کے دیا جائے۔

4- مدعا علیہ (یا مدعی) بتاریخ _____ ماہ _____ یا قبل اس کے مدعی (یا مدعا علیہ) مذکور کو مبلغ بقیہ مبلغ _____ منجملہ کل مبلغ _____ یافتنی اس کے جو کہ اب باقی رہا ہے ادا کرے۔

(23)

# ڈگری بابت وصولیابی اراضی معہ زر واصلات

## عنوان

حسب ذیل حکم ہوا کہ:۔

1- مدعا علیہ مدعی کو جائیداد مندرجہ نقشہ پر قبضہ دے۔

2- مدعا کو مبلغ _____ معہ سود بشرح _____ روپیہ سینکڑہ سالانہ تا ر ایسے زر واصلات کے ادا کرے جو قبل رجوع نالش وصول ہوا

واصلات کے عمل میں آئے جو قبل رجوع نالش وصول ہوا

Marfat.com

4۔ تحقیقات بابت اس زر واصلات کے عمل میں آئے جو بعد رجوع نالش تا تاریخ ہائے مندرجہ ذیل وصول ہوا ہو یعنی (جب تک کہ ڈگری دار کو قبضہ نہ ملے) جب تک کہ مدیون ڈگری قبضہ نہ چھوڑے اور اس کی اطلاع عدالت کی معرفت ڈگریدار کو نہ کرے جب تک کہ تاریخ ڈگری سے تین برس نہ گزر جائیں۔ ضمیمہ۔

# اپنڈکس 5

## اجرائے ڈگری

(1)

## نوٹس وجہ پیش کرنے کی نسبت کہ کیوں ادائیگی یا تصفیہ تصدیق شدہ درج نہ کیا جائے

(آرڈر 21- قاعدہ 2)

عنوان

بنام _____

ہرگاہ کہ مقدمہ مندرجہ عنوان میں اجرائے ڈگری میں مسمی_____ اس عدالت میں درخواست گزرانی ہے کہ مبلغ _____ جو بروئے ڈگری واجب الوصول تھے ادا کئے گئے ہیں اور یہ بطور تصدیق شدہ درج ہونے چاہیں۔ لہٰذا تم کو حکم نوٹس دیا جاتا ہے کہ تم بتاریخ تصفیہ _____ 19ء عدالت میں حاضر ہو کر وجہ پیش کرو کہ ادائیگی مذکور بطور تصدیق شدہ درج نہ کیا جائے۔

بہ ثبت دستخط میرے اور مہر عدالت ہذا کے آج بتاریخ _____ 19ء جاری کیا گیا۔

دستخط جج

Marfat.com

(2)

# پریسپٹ (دفعہ 46)

## عنوان

ڈگری دار کی درخواست مسموع کرنے کے بعد حکم دیا جاتا ہے کہ یہ پریسپٹ عدالت واقعہ زیر دفعہ 46 مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء ان ہدایات کے ساتھ بھیجی جائے کہ جائیداو مندرجہ ضمیمہ منسلکہ قرق کر کے اس وقت تک قبضہ میں رکھی جائے جب تک کہ ڈگری دار کی جانب سے اجرائے ڈگری کے واسطے درخواست نہ گزرے۔

ضمیمہ

دستخط جج

مورخہ _____ یوم----- 19ء

(3)

# حکم نسبت بھیجنے ڈگری کے بغرض اجراء دوسری عدالت میں

(آرڈر نمبر21 قاعدہ 6)

## عنوان

ہر گاہ مقدمہ مندرجہ عنوان میں کہ ڈگری دار نے اس عدالت میں درخواست کی ہے کہ سرٹیفکیٹ بعدالت _____ واقعہ _____ اس ڈگری کی اجراء کے واسطے جو اس عدالت مقدمہ مذکور میں صادر کی ہے۔ بھیجا جائے اور بیان کیا ہے کہ مدیون ڈگری اور عدالت مذکور کی حدود اختیار سماعت کے اندر واقع ہے اور سرٹیفکیٹ 21 قاعدہ 6 مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء بھیجنا ضروری اور مناسب سمجھا گیا

Marfat.com

لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ۔
اس حکم کی نقل معہ نقل ڈگری اور کسی حکم کے جو اس کی اجراء کی نسبت صادر کیا گیا ہو اور عدم ایفاء کی سرٹیفکیٹ کے _____ کو حکم بھیجا جائے _____ مورخہ
_____ 19ء

(4)

## سرٹیفکیٹ نسبت عدم ایفائے ڈگری

(آرڈر 31- قاعدہ 6)

### عنوان

تصدیق کیا جاتا ہے کہ مقدمہ نمبر_____ مورخہ _____ 19ء کی ڈگری کا جو اس کے ساتھ منسلک ہے بذریعہ اجراء اس عدالت کے روبرو منقولہ ساعت کے اندر کوئی ایفا نہیں ہوا۔
مورخہ _____ 19ء

دستخط جج

(اگر جزوی ایفا ہوا ہو تو لفظ "نہیں" قلمزد کر کے لکھو کہ کہاں تک ایفاء ہوا ہے)۔

(5)

## سرٹیفکیٹ اجرائے ڈگری جو دوسری عدالت میں منتقل کر لی گئی ہو

### عنوان

| نمبر مقدمہ اور عدالت صادر کنندہ | نام فریقین | تاریخ درخواست اجراء | نمبر اجرائے ڈگری تاریخ | حکمنامہ جاری شدہ | خرچہ اجرا شدہ | رقم وصول فیصلہ ہوا | کس طرح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

Marfat.com

| ڈگری | | | | | تعمیل | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |

دستخط جج — دستخط محرر/ تحویلدار

(6)

## درخواست اجرائے ڈگری

(آرڈر 21- قاعدہ 11)

بعدالت

میں ڈگری دار ڈگری مندرجہ ذیل کی اجراء کے واسطے درخواست کرتا ہوں

| | | |
|---|---|---|
| نمبر مقدمہ | 1 | 789 1897ء |
| نام فریقین | 2 | الف ب مدعی۔ در مدعا علیہ |
| تاریخ ڈگری | 3 | 11- اکتوبر 1898ء |
| آیا اپیل ہوا یا نہیں | 4 | نہیں |
| کوئی ادائیگی یا تصفیہ ہوا ہے یا نہیں | 5 | کچھ نہیں<br>مبلغ 74 روپیہ جو درخواست مورخہ مارچ ----- 19ء پر درج ہے۔ |
| درخواست ما قبل مع تاریخ و نتیجہ | 6 | 314 روپیہ اصل و سود بحساب 6 روپیہ فیصدی تاریخ ڈگری سے ادا تک |
| رقم سود پر یا ڈگری پر یا دیگر داد رسی جو عطا کی گئی ہو مع حالات ڈگری۔ | 7 | 74 روپیہ 10 آنہ 4 پائی دلایا گیا 8 - 12 - 4 پیچھے وصول ہوا |
| خرچہ جو دلایا گیا | 8 | برخلاف مدعا علیہ ح د |

Marfat.com

9 پر اجراء ب ہے

(ب) قرقی اور نیلام جائیداد
منقولہ مطلوب ہوا استدعائے
کہ کل رقم ہو اصل رقم پر تا
تاریخ ادا

10 طریق جس طرح ادا عدالت مطلوب
ہو۔

اور خرچہ اجراء بذریعہ۔ قرقی جائیداد منقولہ مدعا علیہ مندرجہ ضمیمہ منسلکہ نیلام کر کے مجھے ادا کیا جائے (جب قرقی جائیداد غیر منقولہ مطلوب ہو) استدعائے کہ کل رقم _____ (مع سود جو اصل رقم پر تا تاریخ ادا واجب ہو) اور خرچہ اجرائے بذا مدعا علیہ کی جائیداد غیر منقولہ کو جو اس درخواست کے ذیل میں درج ہے قرق اور نیلام کر کے مجھے دلایا جائے۔

میں تصدیق کرتا ہوں کہ یہاں جو کچھ بیان کیا گیا ہے۔ میرے بہترین علم اور اعتبار سے صحیح ہے۔

العبد---- مورخہ _____ 19ء

ڈگریدار

## (جب قرقی اور نیلام جائیداد غیر منقولہ مطلوب ہو)

## تصریح اور کیفیت جائیداد

ایک مکان واقعہ موضع _____ میں تیسرا حصہ مالیتی مبلغ 40 روپیہ جس کا حدود اربعہ حسب ذیل ہیں:۔

مشرق میں مکان زید---- مغرب میں مکان عمرو _____ جنوب میں سڑک شارع عام شمال میں پرائیویٹ کوچہ اور مکان بکر۔ شخص

میں _____ تصدیق کرتا ہوں کہ جو کچھ کیفیت مذکور میں بیان کیا گیا ہے میرے علم اور اعتبار سے اور جہاں تک میں جائیداد مصرحہ میں مدعا علیہ کی حقیقت کی تحقیقات کر سکتا ہوں صحیح ہے۔ العبد۔

ڈگریدار

Marfat.com

(7)

# نوٹس واسطے ظاہر کرنے وجہ نہ جاری ہونے ڈگری کے

(آرڈر 21- قاعدہ 16)

## عنوان

بنام ______
ہرگاہ______ نے درخواست عدالت ہذا میں واسطے ______ اجرائے
عدالت دیوانی مقدمہ نمبر ______ 19ء میں بدیں وجہ گزارنی ہے کہ ڈگری مذکور اس
نام منتقل کی گئی ہے۔ للذا تم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ بتاریخ ______ 19ء حاضر
وجہ پیش کرو کہ کیوں اجراء منظور نہ کی جائے۔

بہ ثبت دستخط میرے اور مہر عدالت ہذا کے آج بتاریخ ______ 19ء جاری
گیا۔

(8)

# وارنٹ قرقی جائیداد منقولہ بصیغہ اجرائے ڈگری زر نقد

(آرڈر 21- قاعدہ 20)

بنام بیلف عدالت______
ہرگاہ______ کہ اس عدالت کی ڈگری سے جو______ یوم ______ 19
مقدمہ نمبر مورخہ صادر ہوئی تھی حکم ہوا تھا کہ مبلغ ______ مندرجہ حاشیہ ادا کرے
ہرگاہ کہ رقم مبلغ______ ادا نہیں کی گئی۔

اصل

سود ____________

Marfat.com

خرچہ ________

خرچہ اجراء ________

مزید سود ________ میزان

لہٰذا تم کو حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی ____ کی جائیداد منقولہ مندرجہ ضمیمہ منسلکہ یا جس کی مسمی نشان دہی کرے قرقی کر لو۔ الا اس حال میں کہ مسمی ____ مذکور تم کو مبلغ ____ مذکور مع سود مبلغ ____ مع خرچہ قرقی ہذا ادا کرے اور اس کو تا مزید حکم ثانی اس عدالت کی حراست میں رکھو۔

تم کو مزید حکم دیا جاتا ہے کہ یہ وارنٹ بتاریخ ____ 19ء یا قبل اس کے اس دن کی ظہری تصدیق کے ساتھ واپس بھیجو جس روز اور جس طرح اس کی تعمیل کی گئی ہو یا کہ کیوں اس کی تعمیل نہیں کی گئی۔

بہ ثبت دستخط میرے اور مہر عدالت ہذا کے بتاریخ ____ 19ء جاری کیا گیا۔

دستخط جج

## ضمیمہ

## (9)

## وارنٹ ضبطی خاص جائیداد منقولہ تصفیہ شدہ ازروئے ڈگری

### عنوان

بنام .بیلف عدالت ____

ہرگاہ کہ ____ کو اس عدالت کی ڈگری کی رو سے جو مقدمہ نمبر ____ 19ء بتاریخ 19ء صادر ہوئی تھی حکم ہوا تھا کہ جائیداد یا ____ حصہ جائیداد (منقولہ) مصرحہ فرد تصفیہ منسلکہ مدعی کے حوالہ کرے اور ہرگاہ ____ کہ جائیداد یا حصہ مذکور حوالہ نہیں کیا گیا۔

لہٰذا اس کے ذریعہ سے تم کو حکم ہوتا ہے کہ جائیداد منقولہ مذکور یا حصہ جائیداد مذکور کا ضبط کر کے مدعی کے یا اس شخص کے جس کو وہ کہے حوالہ کرو۔

بہ ثبت دستخط میرے اور اس مہر عدالت کے آج بتاریخ ____ 19ء جاری کیا

Marfat.com

گیا۔

# ضمیمہ

## (10)

## نوٹس نسبت بیان کرنے اعتراضات بابت تیاری مسودہ دستاویز

(آرڈر 21- قاعدہ 34)

عنوان

بنام _____

تم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ بتاریخ _____ 19ء مقدمہ مذکور میں ڈگری دار نے اس عدالت میں درخواست دی ہے کہ عدالت تمہاری جانب سے دستاویز _____ جس کا مسودہ منسلک کیا جاتا ہے مشعر جائیداد غیر منقولہ جس کی ذیل میں تصریح کی گئی ہے تکمیل کرے اور کہ _____ 19ء درخواست مذکور کی سماعت کے واسطے مقرر کی گئی ہے۔ تم کو اختیار ہے کہ اس روز حاضر ہو کر مسودہ مذکور کی نسبت کوئی اغراض تحریراً" پیش کرو۔

کیفیت جائیداد

بہ ثبت دستخط میرے اور مہر اس عدالت کے آج بتاریخ _____ 19ء کو جاری کیا گیا

دستخط جج

## (11)

## وارنٹ بنام بیلف بابت دلانے قبضہ اراضی وغیرہ کے

(آرڈر 21- قاعدہ 35)

Marfat.com

## عنوان

بنام .بیلف عدالت-----

ہرگاہ کہ جائیداد غیر منقولہ بقبضہ----- کی----- کو جو اس مقدمہ میں مدعی ہے ڈگری مل چکی ہے تم کو بذریعہ اس کے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی _____ کو اس کا قبضہ دلا دو----- اور تم کو اختیار دیا جاتا ہے کہ جو شخص اس ڈگری کاپابند ہو اور اس کو خالی کرنے سے انکار کرے اس کو بے دخل کر دو۔

بہ ثبت دستخط میرے اور مہر اس عدالت کے آج بتاریخ _____ 19ء کو جاری کیا گیا۔

دستخط جج

## (12)

# اطلاع نامہ نسبت وجہ پیش کرنے کہ کیوں وارنٹ گرفتاری جاری نہ کیا جاوے

## (آرڈر نمبر21- قاعدہ 37)

## عنوان

ہرگاہ کہ مسمی _____ نے اس عدالت میں درخوات دی ہے کہ مقدمہ نمبر _____ مورخہ _____ 19ء میں اجرائے ڈگری بذریعہ گرفتاری اور قید تمہاری ذات کے کی جائے۔ لہٰذا تم کو حکم دیا جاتا ہے کہ بتاریخ _____ 19ء پیش ہو کر وجہ بیان کرو کہ کیوں تم ڈگری مذکور کی اجراء میں جیل خانہ میں قید نہ کئے جاؤ۔

بہ ثبت دستخط میرے اور مہر اس عدالت کے آج بتاریخ----- 19ء کو جاری کیا گیا۔

دستخط جج

Marfat.com

(13)

# وارنٹ گرفتاری بابت اجرائے ڈگری

(آرڈر 21- قاعدہ 38)

## عنوان

بنام .بیلف عدالت

ہرگاہ بمقدمہ دیوانی نمبر_____ 19ء ازروئے ڈگری عدالت مورخہ _____ 19ء کے مسی کو حکم ہوا ہے کہ مدعی کو مبلغ _____ مندرجہ حاشیہ ادا کرے اور ہرگاہ کہ مبلغ _____ مذکور بایفائے اس ڈگری کے مدعی کو ادا نہیں کیا گیا۔ لہٰذا بذریعہ اس تحریر کے تم کو حکم دیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ مذکور کو گرفتار کرو اور اگر وہ مبلغ _____ خرچہ اجراء حکم نامہ تم کو ادا نہ کرے تو مدعا علیہ مذکور کو عالت کے روبرو جس قدر جلد سہولت ہو سکے حاضر کرو۔

زر اصل __________ روپیہ آنہ پائی

زر سود__________

خرچہ مقدمہ__________

خرچہ اجرائے ڈگری__________

میزان _______

نیز تم کو حکم دیا جاتا ہے کہ اس وارنٹ کو بتاریخ _____ یا قبل اس کے مع تحریر ظہری بتصدیق اس امر کے کہ کب تاریخ کو اور کس طور پر اس کی تعمیل ہوئی یا یہ کس وجہ سے تعمیل نہ ہو سکی واپس کرو۔

یہ دستخط میرے اور مہر اس عدالت کے آج بتاریخ _____ 19ء کو حوالہ کیا گیا۔

دستخط جج

(14)

# مدیون کو جیل خانہ میں رکھنے کا وارنٹ

Marfat.com

(آرڈر 21- قاعدہ 40)

## عنوان

بنام افسر جیل خانہ واقعہ _____

ہرگاہ کہ----- نے جو آج بتاریخ---- 19ء بروئے وارنٹ بابت اجرائے ڈگری جو اس عدالت کے پیش کیا گیا ہے جو ڈگری عدالت مذکور نے بتاریخ----- تیار کی اور سنائی تھی اور اس کے رو سے حکم دیا گیا تھا کہ _____ مذکور _____ ادا کرنا چاہیئے اور ہرگاہ کہ _____ نے اس ڈگری کی تعمیل نہیں کی اور نہ عدالت کا اطمینان ہی کیا ہے کہ یہ حراست سے رہا کئے جانے کا مستحق ہے لہٰذا تم کو اس کے ذریعہ سے _____ کے نام سے حکم دیا جاتا ہے کہ _____ کو جیل میں اس وقت تک جس کی معیاد _____ سے زیادہ نہ ہو یا جب تک کہ ڈگری مذکور کا ایفا نہ کیا جاوے یا کہ مذکور بنوع دیگر حسب اغراض دفعہ 58 مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء رہائی کا مستحق نہ ہو جیل خانہ دیوانی میں داخل کر کے محبوس رکھوں اور عدالت بذریعہ اس کے _____ یومیہ بابت خوراک بطور ریٹ ماہانہ مقرر کرتی ہے جب تک کہ یہ اس وارنٹ کی رو سے جیل خانہ میں رہے۔

بہ ثبت دستخط میرے اور مہر عدالت کے آج بتاریخ _____ 19ء میں جاری کیا گیا۔

دستخط جج

(15)

# حکم بابت رہائی اس شخص کے جو بعلت اجرائے ڈگری قید کیا گیا تھا

(دفعات 58، 59)

## عنوان

بنام مہتمم جیل خانہ جات واقعہ _____

Marfat.com

بروئے حکم جو آج صادر کیا گیا ہے تم کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ____ مدیون کو
جو اب حراست میں ہے رہا کرو ____ مورخہ ____ 19ء

دستخط جج

(16)

## قرقی بصیغہ اجرائے ڈگری

حکم امتناعی اگر جائیداد جس کو قرق کرنا مطلوب ہو' ایسی منقولہ جائیداد ہو جس کا مدعا علیہ باتباع حق گرفت خود یا حق کسی دیگر شخص کے فوراً" قبضہ کا مستحق ہو۔

(آرڈر 21- قاعدہ 46)

### عنوان

ہرگاہ کہ ____ نے اس ڈگری کا ایفاء نہیں کیا جو اس پتہ پر بتاریخ ____ مقدمہ نمبر ____ بجق ____ بابت مبلغ ____ صادر ہوئی تھی' لہٰذا حکم دیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ تا حکم ثانی اس عدالت کے جائیداد ذیل نہ لیوے جو---- کے قبضہ میں ہے۔ یعنی جس کا مدعا علیہ باتباع دعوئی---- کے مستحق ہے اور نیز ____ مذکور کو حکم دیا جاتا ہے کہ تا حکم ثانی اس عدالت کے جائیداد مذکور کسی شخص یا اشخاص کو جو کوئی ہوں حوالہ نہ کرے۔

آج بتاریخ---- 19ء دستخط میرے اور مہر اس عدالت کے جاری کیا گیا۔

دستخط جج

(17)

## قرقی بصیغہ اجرائے ڈگری

حکم امتناعی جس حال میں کہ جائیداد از قسم ایسے دیون سے ہو جس کے استحکام کے لئے دستاویزات قابل انتقال نہ لکھی گئی ہوں۔

Marfat.com

(آرڈر نمبر12- قاعدہ 46)

## عنوان

ہرگاہ----- نے زر ڈگری جو بنام _____ بتاریخ _____ 19ء مقدمہ دیوانی نمبر---- 19ء بحق---- بابت مبلغ---- کے صادر ہوئی تھی ادا نہیں کیا لہٰذا حکم دیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ بذریعہ اس حکم کے اس وقت تک کہ اس عدالت سے دوسرا حکم صادر ہو تو تم سے وہ قرضہ جو کہ بالفعل تم سے یافتنی مدعا علیہ مذکور بیان کیا گیا ہے وصول کرنے سے ممنوع اور باز رکھا جائے اور رکھا گیا ہے اور نیز تم _____ مذکور کو بذریعہ اس حکم کے اطلاع دی جاتی ہے کہ جب تک کہ اس عدالت سے اور حکم صادر نہ ہو قرضہ مذکور یا اس کا کوئی جزو کسی شخص کو گو کہ وہ کوئی ہو ادا کرنے سے ممنوع اور باز رکھے گئے ہو۔

دستخط میرے اور مہر عدالت ہذا کے آج بتاریخ _____ 19ء جاری کیا گیا۔

دستخط جج

(18)

# قرقی بصیغہ اجرائے ڈگری

## حکم امتناعی جب کہ جائیداد کسی کمپنی کے سرمایہ کے حصص کی ہو

(آرڈر 21- قاعدہ 46)

## عنوان

بنام مدعا علیہ----- سیکرٹری----- کمپنی-----

ہرگاہ کہ----- نے زر ڈگری جو بنام _____ بتاریخ _____ 19ء مقدمہ دیوانی نمبر19ء بحق _____ بابت مبلغ----- صادر کی گئی تھی ادا نہیں کیا ہے۔ لہٰذا تم

Marfat.com

کو حکم ہوتا ہے کہ تم مدعا علیہ از روئے اِس حکم کے تاوقتیکہ اس عدالت سے دوسرا صادر ہو حصص کمپنی مذکور یعنی کے منتقل کرنے سے یا اس کے کسی منافع کی بابت حصہ وصول کرنے سے ممنوع اور باز رکھے گئے ہو اور تم سیکرٹری کمپنی مذکور از روئے اس حکم کے انتقال مذکور کی اجازت دینے یا حصہ منافع مذکور کے ادا کرنے سے ممنوع اور باز رکھے گئے ہو۔

میرے دستخط اور مہر عدالت سے آج بتاریخ _____ حوالہ کیا گیا۔

دستخط جج

(19)

# حکم افسر سرکاری یا ریلوے کمپنی یا حاکم مقامی کی تنخواہ قرق کرنے کا

(آرڈر 21- قاعدہ 48)

## عنوان

بنام-----

ہرگاہ----- نے جو مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدیون ڈگری ہے (یہاں مدیون ڈگری کا عہدہ لکھنا چاہئے) اپنی تنخواہ یا الاؤنس تمہارے ذریعہ سے پاتا ہے اور ہرگاہ کہ----- نے جو مقدمہ مذکور میں ڈگری دار ہے اس عدالت میں ایک درخواست گزرانی ہے کہ----- کی تنخواہ یا الاؤنس کا----- حصہ جو از روئے ڈگری یافتنی ہے قرق کر دیا جائے۔ لہذا تم کو حکم ہوتا ہے کہ رقم مذکور کو بطور فلاں _____ شخص کی تنخواہ میں سے _____ رقم ماہ بماہ وضع کر لیا کرو اور رقم مذکور (باقساط ماہانہ اس عدالت میں ارسال کرو)

آج بتاریخ 19ء میرے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

دستخط حاکم

(20)

Marfat.com

# حکم نسبت قرقی دستاویز قابل انتقال

## (زیر آرڈر 21- قاعدہ 51)

## عنوان

بنام .بیلف عدالت

ہرگاہ کہ اس عدالت نے بتاریخ----- 19ء واسطے قرق کرنے----- کے حکم صادر کیا ہے۔ لہٰذا تم کو بذریعہ اس کے حکم دیا جاتا ہے کہ----- مذکور کو قابو کر کے عدالت میں لاؤ۔

آج بتاریخ _____ 19ء میرے دستخط اور مہر اس عدالت کے جاری کیا گیا۔

دستخط جج

## (21)

# قرقی

## حکم امتناعی جب جائیداد نقدی یا ضمانت جو عدالت کی یا گورنمنٹ کے افسر کی حراست میں ہو

## (آرڈر 21- قاعدہ 52)

## عنوان

بنام _____

صاحب----- مدعی نے زیر قاعدہ 22- آرڈر 21 مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء بعض نقدی کی قرقی کے واسطے درخواست گزرانی ہے جو آپ کے قبضہ میں ہے (یہاں یہ بیان کرنا چاہئے کہ نقدی کس طرح اس شخص کے قبضہ میں ہے جو مخاطب کیا گیا ہے اور کس کی بات وغیرہ ہے میں التماس کرتا ہوں کہ آپ باتباع اس عدالت کے مزید حکم کے اس نقدی کو اپنے قبضہ میں رکھیں۔

Marfat.com

میں ہوں آپ کا نہایت فرمانبردار ملازم۔

(22)

## نوٹس نسبت قرقی ڈگری بنام اس عدالت کے جس نے صادر کی

(آرڈر 21- قاعدہ- 53)

### عنوان

بخدمت صاحب جج عدالت-----

میں آپ کو مطلع کرنے کی عزت حاصل کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کی عدالت میں جو ڈگری بتاریخ _____ 19ء مسی _____ نے مقدمہ نمبر_____ 19ء حاصل کی ہے جس میں وہ _____ اور _____ مسی تھا اس عدالت نے مدعی کی درخواست پر قرقی کی ہے۔ لہٰذا آپ سے التماس ہے کہ آپ اپنی عدالت کی ڈگری کی اجراء کو اس وقت تک ملتوی رکھیں جب تک کہ آپ کو اس عدالت سے اطلاع نہ ملے کہ نوٹس حال منسوخ کیا گیا ہے یا کہ اس ڈگری کی اجراء کے واسطے عدالت کا ڈگریدار جواب جاری کرانا چاہتا ہے یا کہ اس مدیون کی جانب سے ڈگری مذکور کو جاری کرانے کے واسطے درخواست نہ گزرے۔

میں ہوں آپ کا وغیرہ۔

مورخہ----- 19ء　　　　　　دستخط جج

(23)

## نوٹس ڈگری کی قرقی کا بنام ڈگری دار

(آرڈر 21- قاعدہ 53)

Marfat.com

## عنوان

بنام----
ہرگاہ کہ مقدمہ مندرجہ عنوان کے ڈگری دار نے ایک درخواست اس عدالت میں اس مضمون کی گزارنی ہے کہ وہ ڈگری جو تم نے بتاریخ---- 19ء بعدالت مقدمہ نمبر---- 19ء جس میں کہ تم تھے اور---- تھے---- کی قرقی کر لی جائے۔ لہٰذا حکم ہوتا ہے کہ تم---- مذکور تا صدور احکام عدالت ہذا کسی جائیداد کو منتقل یا زیر بار کرنے سے کہ جس پر تم کو ڈگری مذکور کی رو سے استحقاق حاصل ہو منع کئے گئے اور باز رکھے گئے ہو۔
آج بتاریخ---- 19ء میرے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

دستخط جج

## (24)

## قرقی بصیغہ اجرائے ڈگری

### حکم امتناعی جب کہ جائیداد غیر منقولہ ہو

### (آرڈر 21- قاعدہ 54)

## عنوان

بنام----
ہرگاہ کہ تم نے اس ڈگری کا ایفاء نہیں کیا جو بتاریخ---- 19ء مقدمہ نمبر---- 19ء بحق---- مذکور بابت مبلغ---- صادر ہوئی تھی۔ لہٰذا حکم دیا جاتا ہے کہ تم---- مذکور تا مزید حکم اس عدالت کے جائیداد مصرحہ ضمیمہ منسلکہ کو بذریعہ بیع رہن یا بنوع دیگر منتقل کرنے سے ممنوع اور باز رکھے گئے ہو اور یہ کہ تمام اشخاص اس کو بذریعہ خرید ہبہ یا بنوع دیگر لینے سے منع کئے گئے ہیں۔
آج بتاریخ---- 19ء میرے دستخط اور مہر عدالت سے حوالہ کیا گیا۔

Marfat.com

# ضمیمہ

## (25)

## حکم نسبت ادا کرنے مدعی وغیرہ کو نقدی جو تیسرے شخص کے قبضہ میں ہو

(آرڈر 21- قاعدہ 56)

عنوان

بنام-----

ہرگاہ کہ جائیداد ذیل----- اجرائے ڈگری میں مقدمہ نمبر----- 19ء جو بتاریخ 19ء بحق----- بابت مبلغ----- صادر ہوئی قرق کی گئی ہے۔ لہٰذا حکم دیا جاتا ہے کہ جائیداد اس طرح قرق کی گئی ہے اس میں مبلغ----- نقد اور مبلغ----- کے نوٹ یا اس کا جزو ڈگری کی بے باقی کے واسطے کافی ہو تمہیں----- جو----- مذکور ہو فلاں شخص کو ادا کرنا چاہیے۔

آج بتاریخ----- 19ء میرے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

دستخط جج

## (26)

## نوٹس بنام قرق کرانے والے قرضخواہ کے

(آرڈر 21- قاعدہ 58)

عنوان

Marfat.com

بنام-----

ہرگاہ کہ----- نے اس عدالت میں درخواست کی ہے کہ وہ قرقی جو تمہاری درخواست پر مقدمہ نمبر----- 19ء ڈگری کی اجراء میں کی گئی ہے اٹھا دی جائے۔ لہٰذا بذریعہ اس کے تم کو حکم دیا جاتا ہے کہ تم بتاریخ----- 19ء اصالتاً" یا بذریعہ پلیڈر اس عدالت کے جس کو تمہارے دعویٰ کی بحیثیت قرق کرنے والے قرض خواہ کے تائید کرنے کی ہدایت مل چکی ہے۔ اس عدالت میں حاضر ہو۔

آج بتاریخ----- 19ء میرے دستخط اور مہرعدالت جاری کیا گیا۔

دستخط جج

(27)

## وارنٹ یعنی حکمنامہ نیلام جائیداد بعلت اجرائے ڈگری زر نقد

(آرڈر 21- قاعدہ 66)

### عنوان

بنام .بیلف عدالت-----

بذریعہ اس تحریر کے تم کو حکم دیا جاتا ہے کہ پیشتر اطلاع----- یوم کی اس طور پر دے کہ یعنی نیلام کا نوٹس اس کچہری میں چسپاں اور اشتہار حسب ضابطہ کرا کر جائیداد کو جو حسب وارنٹ عدالت ہذا مورخہ----- ماہ----- 19ء با اجرا ڈگری----- کے مقدمہ----- نمبری-----19ء کے قرقی کی گئی تھی یا جائیداد مذکور میں سے اس قدر کے واسطے وصول کرنے مبلغ----- کے جو ڈگری اور خرچہ مذکور میں سے ہنوز غیر مودی رہا ہے کافی ہو نیلام کرو۔

تم کو یہ بھی حکم ہوتا ہے کہ وارنٹ ہذا کی پشت پر تصدیق اس امر کی لکھ کر اس کی تعمیل کس طور پر کی گئی یااس کی تعمیل نہ کئے جانے کی وجہ تحریر کر کے اس وارنٹ کو بتاریخ----- ماہ----- 19ء یا اس کے قبل واپس کرو۔

آج بتاریخ----- 19ء میرے دستخط اور مہرعدالت سے جاری کیا گیا۔

Marfat.com

(28)

## نوٹس بابت یوم جو مقررہ نیلام کے اعلان کے تصفیہ کے واسطے مقرر کیا گیا ہو

(آرڈر 21- قاعدہ- 66)

### عنوان

بنام------مدیون-----

ہرگاہ کہ مقدمہ مندرجہ عنوان میں---- ڈگریدار نے واسطے نیلام-----
درخواست کی ہے تم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ----- 19ء تاریخ نیلام کے اعلان کی شرائط کا فیصلہ کرنے کے واسطے مقرر کی گئی ہے۔

دستخط جج

(29)

## اعلان نیلام

(آرڈر 21- قاعدہ 66)

### عنوان

اعلان کیا جاتا ہے کہ ازروئے قاعدہ 24- آرڈر 21 مجموعہ ضابطہ دیوانی 1908ء میں عدالت نے جائیداد مقروقہ مندرجہ ضمیمہ منسلکہ بغرض ایفاء دعوئی ڈگریدار بمقدمہ مندرجہ حاشیہ تعدادی مع خرچ و سود تا تاریخ مال نیلام کرنے کا حکم صادر کیا ہے۔

مقدمہ نمبر___________ 19ء

Marfat.com

منفصلہ ــــــــــــ جس میں فلاں
ــــــــــــ اور فلاں ــــــــــــ
مدعا علیہ تھا۔

فروخت بذریعہ نیلام عام کی جائے گی اور جائیداد بذریعہ لاٹ مندرجہ ضمیمہ نیلام کے واسطے رکھی جائے گی۔ جائیداد مدیون ڈگری مذکور کی اس طرح نیلام کی جائے گی جس طرح کی ضمیمہ ذیل میں درج ہے اور جائیداد مذکور کی ذمہ داریاں اور دعاوی جہاں تک کہ مستحق ہو سکی ہیں وہی ہیں جو ہر لاٹ کے مقابلہ پر ضمیمہ میں درج ہیں۔

حکم التواء کا نہ ہونے کی صورت میں نیلام ــــــ ماہانہ نیلام سے کریں گے جو ــــــ بجے تاریخ ــــــ بمقام ــــــ شروع ہوگا۔ مگر اس صورت میں جب کہ قرضہ مصرحہ مذکور اور خرچہ نیلام قبل ختم ہونے بولی کسی لاٹ کے ادا کرنے کی آمادگی ظاہر کی جائے تو نیلام بند کیا جائے گا۔

نیلام میں عوام الناس اصالتاً یا بذریعہ مختار جس کو حسب ضابطہ اختیار دیا گیا ہو آ کر بولی دیں۔ مگر مدیونان مذکور یا ان کی جانب سے کوئی بولی منظور نہیں کی جائے گی اور تاوقتیکہ عدالت کی اس بارہ میں پہلے صریح اجازت حاصل نہ کی گئی ہو ان کے نام بیع جائز نہ ہوگی۔ ذیل میں مزید شرائط نیلام ہیں:-

1- حالات مندرجہ ضمیمہ ذیل عدالت کے بہترین علم سے بیان کئے گئے ہیں۔ لیکن اعلان میں کسی سہو غلط بیانی یا فروگزاشت کے واسطے عدالت جوابدہ نہ ہوگی۔

2- وہ رقم جس سے بولیاں بڑھتی جائیں گی نیلام کرنے والے افسر تحقیق کریں گے اگر بولی کی رقم یا بولی دینے والے کی نسبت کوئی تنازعہ ہو تو لاٹ پھر نیلام کیا جائے گا۔

3- سب سے زیادہ بولی دینے والا شخص لاٹ کا مشتری قرار دیا جائے گا۔ لیکن ہمیشہ شرط یہ ہوگی کہ یہ جائز طور پر بولی دینے کے قابل ہے۔ لیکن عدالت یا افسر نیلام کنندہ کو اختیار ہوگا کہ اس سب سے زیادہ بولی کو قبول کرنے سے انکار کرے جب کہ قیمت پیش کردہ صریحاً اس قدر نامعقول ہو کہ ان کا ایسا کرنا قرین مصلحت ہو۔

4- ان وجوہات میں سے جو قلم بند کی جائیں گی نیلام کنندہ افسر کو اختیار ہوگا کہ اس کو ملتوی کرے۔ مگر یہ ہمیشہ احکام قاعدہ 69- آرڈر 21 کے تابع ہوگا۔

5- اگر جائیداد منقولہ ہو تو ہر لاٹ کی قیمت بروقت نیلام یا اس کے بعد جس طرح کہ افسر نیلام کنندہ ہدایت کرے ادا کی جائے گی اور بصورت نہ ادا ہونے قیمت کے جائیداد پھر رکھ کر نیلام کی جائے گی۔

Marfat.com

6- جائیداد غیر منقولہ کی صورت میں جو شخص مشتری قرار دیا جائے وہ بقایا 25 فیصد زر قیمت پر اس استقرار کے بعد افسر نیلام کنندہ کے پاس جمع کرے گا اور اس طرح جمع نہ کرانے کی صورت میں جائیداد مذکور پھر رکھ کر نیلام کی جائے۔

7- مشتری پوری زر قیمت بعد نیلام پندرھویں روز عدالت کے بند ہونے سے پہلے ادا کرے گا یا اگر پندرھواں روز اتوار یا دیگر تعطیل کا ہو تو پندرھویں روز کے بعد کچہری کھلنے کے دن ادا کرے گا۔

8- اس عرصہ کے اندر جو اس طرح مقرر کیا گیا ہے باقی زر قیمت ادا نہ ہونے کی صورت میں نیلام کا نیا اعلان جاری کرنے کے بعد جائیداد پھر نیلام کی جائے گی اور جو روپیہ پہلے جمع ہو چکا ہو بعد منہائی اخراجات نیلام اگر عدالت مناسب خیال کرے بحق گورنمنٹ ضبط کیا جائے گا اور جائیداد کی نسبت یا اس رقم کی کسی جزو کی نسبت جس کے واسطے جائیداد پیچھے فروخت کی گئی ہو۔ تمام دعویٰ زائل ہو جائیں گے۔

بتاریخ ــــــ 19ء دستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

دستخط جج

## ضمیمہ جائیداد

| | |
|---|---|
| کیفیت جائیداد جو نیلام کرنی ہو مع نام ہر مالک کے جہاں ایک سے زیادہ مدیون ہوں۔ | مالیہ مشخصہ محال یا جزو محال جب کہ جائیداد جس کو نیلام کرنا مطلوب ہو محال یا حصہ محال میں حقیقت ہو اور اس پر گورنمنٹ کو |

Marfat.com

معاملہ ادا ہوتا ہو۔ کیفیت ان
مواخذوں جن کی
جائیداد زیر بار ہو۔ دعاوی نسبت جائیداد یا دیگر
مطلوب حالات جو اس کی
نوعیت یا قیمت سے متعلق
ہوں

(30)

# حکم بنام ناظر نیلام کے اعلان کی تعمیل کرانے کی نسبت

## (آرڈر 21- قاعدہ 66)

## عنوان

بنام----- ناظر عدالت-----

ہرگاہ جائیداد مدیون مندرجہ ضمیمہ منسلکہ کو نیلام کرنے کا حکم ہوا ہے اور ہرگاہ کہ----- 19ء جائیداد مذکور کی----- نیلام کے واسطے مقرر کی گئی ہے۔ لہٰذا اس اعلان کی نقول بذریعہ وارنٹ ہذا تمہارے حوالہ کی جاتی ہیں اور تم کو بذریعہ اس کے حکم دیا جاتا ہے کہ ہر ایک جائیداد مندرجہ ضمیمہ منسلکہ میں ڈونڈی پٹوانے سے اس اعلان کو مشتہر کر دو اور ہر ایک جائیداد کے کسی جزو کے عام مقام پر ایک نقل چسپاں کرا دو اور پھر عدالت کے احاطہ میں اور پھر اس عدالت میں رپورٹ کرو جس سے وہ تاریخیں ظاہر ہوں جن پر ایسا کیا گیا ہو اور نیز یہ کہ اعلان مذکور کس طرح مشتہر کیا گیا۔

مورخہ----- 19ء

دستخط جج

## ضمیمہ

(31)

Marfat.com

## سرٹیفکیٹ منجانب افسر نیلام کنندہ جائیداد بابت کمی قیمت جائیداد کے مکرر فروخت کرنے پر بوجہ ادا نہ کرنے مشتری کے

(آرڈر 21- قاعدہ 71)

### عنوان

تصدیق کیا جاتا ہے کہ مقدمہ مندرجہ عنوان میں اجرائے ڈگری میں مشتری کی خلاف ورزی کے باعث جائیداد کو مکرر فروخت کرنے سے جائیداد مذکور کی قیمت میں مبلغ----- کی کمی ہوئی اور اس مکرر فروخت کے اخراجات مبلغ------ ہوئے۔ اس طرح کل رقم مبلغ----- ہے جو خلاف ورزی کرنے والے سے واجب الوصول ہے۔

مورخہ _____ 19ء

دستخط افسر نیلام کنندہ

(32)

## نوٹس بنام اس شخص کو جو اجرائے ڈگری میں جائیداد نیلام شدہ پر قابض ہو

(آرڈر 21- قاعدہ 79)

### عنوان

بنام-----

ہرگاہ----- مقدمہ مندرجہ عنوان میں اجرائے ڈگری میں عام نیلام پر جائیداد فروخت شدہ----- کا مشتری ہوا ہے جو جائیداد اس وقت تمہارے قبضہ میں ہے تم کو بذریعہ اس کے ممانعت کی جاتی ہے کہ تم----- کا بجز----- مذکور کے کسی کو قبضہ نہ دو۔

Marfat.com

آج بتاریخ----- 19ء میرے دستخط اور مہر عدالت کے جاری کیا گیا۔

دستخط جج

(33)

## حکم امتناعی نسبت ادائے قرضوں کے جو اجرائے ڈگری میں بجز مشتری کے دوسرے شخص کے پاس فروخت کئے گئے ہوں

(آرڈر 21- قاعدہ 79)

### عنوان

بنام-----

ہرگاہ----- مقدمہ عنوان میں اجرائے ڈگری میں نیلام عام میں----- کا مشتری ہے جو قرضے تم _____ سے یافتنی ہیں----- لہٰذا حکم دیا جاتا ہے کہ تم----- لینے سے منع کئے گئے ہو اور تم _____ قرضے مذکور کسی شخص یا اشخاص کو بجز----- کے ادا کرنے سے منع کئے گئے ہو۔

آج بتاریخ----- 19ء میرے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

دستخط

(34)

## حکم امتناعی نسبت انتقال حصص جو اجرائے ڈگری میں نیلام کئیے گئے

(آرڈر 21- قاعدہ 79)

### عنوان

بنام----- اور سیکرٹری----- کارپوریشن-----

Marfat.com

